> "Owing to the great influx of refugees from the Punjab (India), the Delhi Province, a number of Indian States, and other parts of India, the Punjab Government considered it necessary to raise a fund to give relief to the Muhajirs. A resolution was accordingly passed by the Punjab Legislative Assembly on the 9th January 1948, to the effect that a cess of two annas in a rupee on all land revenue and abiana as Muhajir Tax may be levied with effect from Kharif harvest 1947-48. An Act was accordingly passed to give effect to this resolution from year to year.
>
> There is a good deal yet to be done for the effective rehabilitation of the uprooted population from India and more money will be needed, for years to come, for this purpose as well as for the construction of houses in the rural areas, colonies, satellite towns and development of unattractive evacuee land by providing tube-wells or other means of irrigation, etc. to the refugees concerned.

جناب والا ۔ اس بل کے اغراض و مقاصد میں جو effective rehabilitation of the uprooted population درج ہے ان ریفیوجیز کو عام طور پر بسانے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ

کہ کسی علاقہ میں انہیں الاٹمنٹس کر دی جائیں۔ یہ cess اس مقصد کے لئے لگایا جا رہا ہے کہ ریفیوجیز کو بسایا جائے۔ اس کام کے لئے جو سٹاف رکھنا ہے اس کو تنخواہ دینا ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ اس بل کے سلسلے میں الاٹمنٹوں کے متعلق بحث کی جائے تا کہ وہ پالیسی جو حکومت follow کر رہی ہے پبلک اس کو دیکھ سکے کہ آیا وہ پالیسی جس پر حکومت یہ روپیہ خرچ کر رہی ہے درست ہے یا نہیں۔ اگر وہ سمجھینگے کہ یہ پالیسی درست ہے تو اس صورت میں وہ اس کے حق میں رائے دینگے اور اگر وہ سمجھینگے کہ یہ درست نہیں ہے تو اس کے حق میں فیصلہ نہیں دینگے۔ اس لئے جناب والا میں حکومت کی پالیسی جس کو وہ follow کر رہی ہے اس کا ذکر کر رہا ہوں اور بطور وجوہات کے بتا رہا ہوں کہ اس پالیسی کے اندر یہ نقائص موجود ہیں اور ان نقائص کی وجہ سے اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے تا کہ اس پالیسی پر نظر ثانی کی جا سکے اور یہ دیکھا جا سکے کہ آیا یہ درست بھی ہے یا نہیں۔ یہ وجوہات میں اس لئے دینے کی کوشش کر رہا ہوں کیونکہ یہ بل صرف ریفیوجیز کی relief کے لئے روپیہ اکٹھا کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔

جناب والا — میں ساتھ ہی یہ بھی عرض کر دوں کہ سرکاری ملازمین کے متعلق حکومت کی جو پالیسی رہی ہے وہ بہت ناقص ہے۔ سرکاری ملازمین کو بھی حق ہونا چاہئے کہ وہ اس بل کے متعلق رائے دے سکیں۔ حکومت کی موجودہ پالیسی ان کے متعلق بڑی غلط قسم کی ہے۔ پچاس روپے سے زیادہ آمدنی والے مہاجرین کو اراضیات الاٹ نہیں کی گئیں تھیں اور وہ اب تک بغیر اراضی کے پھر رہے ہیں۔ انکو مکانات الاٹ کرنے کے متعلق بھی کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی اور وہ بے گھر پھر رہے ہیں۔ کہا یہ جاتا ہے کہ جو پہلے بیٹھے ہوئے ہیں ان کو ہلایا نہ جائے اور دوسروں کو Provide کیا جائے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کیا پالیسی ہے۔ جناب والا اب میں یہ بتلاؤنگا کہ کس طریقہ سے یہ تمام کی تمام پالیسی غلط ہے۔

پروڈیوس انڈکس کے متعلق جو پالیسی حکومت نے وضع کی ہے وہ اتنی غلط ہے کہ آپ کو پروڈیوس انڈکس کی کتاب دیکھنے سے خود ہی معلوم ہو جائیگا۔ کیونکہ میاں عبدالعزیز کا بنایا ہوا پروڈیوس انڈکس تمام تر تبدیل ہو چکا ہے۔ اپنے آدمیوں کی پرورش کرنے کی خاطر پروڈیوس انڈکس میں کئی علاقوں کے نمبر بڑھا دئے گئے ہیں۔ مگر کوئی واضح اصول

قائم نہیں کیا گیا جس کے ماتحت ایسا کیا گیا ہو۔ جو انڈکس پہلے بنایا گیا تھا وہ آج بالکل تبدیل ہو کر رہ گیا ہے۔ اس favouritism کی پالیسی کو دیکھنے کے لئے عوام کو موقع دینا چاہئے کہ آیا وہ ایسے کاموں کے لئے روپیہ دینے کے لئے تیار ہیں یا نہیں۔

جناب والا — اتنا ہی نہیں میں یہ بھی عرض کروں کہ اس پالیسی میں اس قسم کی چیزیں موجود ہیں کہ عوام انکو سنکر حیران ہو جائینگے۔ مثلاً فیروز پور کی تحصیل کی ایک ایکڑ اراضی چاہی۔ نہری کے لئے ۱۵۲ نمبر رکھے گئے ہیں مگر وہاں کی چاہی اراضی کے ایک ایکڑ کے لئے ۶۰ نمبر رکھے گئے ہیں۔ اور نہری کے لئے ۳۷ نمبر رکھے گئے ہیں۔ اگر دو ایکڑ چاہی اور نہری کے نمبروں کو counts کیا جائے تو کل ۹۷ نمبر بنتے ہیں۔ دو ایکڑ کے لئے تو ۹۷ نمبر اور اس کے برعکس اسی علاقہ کے ایک ایکڑ کے لئے ۱۵۲ نمبر۔ کیا آج تک آنریبل منسٹر صاحب کے نوٹس میں یہ چیز نہیں آئی؟ جناب والا اس کے مقابلے میں جالندھر دوآبہ کی زمینوں کا اندازہ کریں۔ آدھ میل کے فاصلے پر دو علاقوں یعنی جالندھر کی تحصیل اور دوسری طرف ہوشیار پور کی تحصیل کو لیں تو معلوم ہوگا کہ جالندھر کی چاہی کے ۸۵ اور دوسری طرف ہوشیار پور کی چاہی کے ۹۹ نمبر رکھے گئے ہیں۔ اسی طرح آبی کے ۸۵ نمبر اور دوسری طرف ۹۳ نمبر رکھے گئے ہیں۔ اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ جالندھر والوں سے کوئی آنریبل وزیر کے پاس نہیں پہنچ سکا لیکن ہوشیار پور والوں کی طرف سے انریبل چوہدری علی اکبر صاحب نے جیسا کہ انہوں نے پچھلے سیشن میں فرمایا تھا پانچ دفعہ جا کر جھگڑا کیا اور پھر وہاں کے نمبر بڑھائے گئے۔ ان وجوہات کی بنا پر میں کہتا ہوں کہ پبلک کو موقع ملنا چاہئے تا کہ وہ پروڈیوس انڈکس کے متعلق جو پالیسی حکومت follow کر رہی ہے اس کو دیکھ سکیں اور عوام کو معلوم ہو جائے کہ ان سے روپے لیکر انہیں کا خون کس طرح کیا جا رہا ہے۔

جناب والا! میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا صرف ایک مثال اور دیتا ہوں۔ منٹگمری کے ضلع میں ۱۹۲۹ کے بندوبست کی بنا پر پانچ قسم کی اراضیات بنائی گئیں اور پانچ قسم کا معاملہ تشخیص کیا گیا۔ مگر اب وہاں کی اراضیات کے نمبر کتنے ہیں؟ پانچویں کلاس کے ۶۴ نمبر چوتھی کلاس کے بھی ۶۴ نمبر اور اسی طرح تیسری دوسری اور پہلی کلاس کے بھی ۶۴ نمبر ہیں۔ لیکن ساتھ کے ضلع لائلپور میں جس قسم کی اراضیات ہیں باقائدہ اس کے مطابق نمبر رکھے گئے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کیا وجہ ہے کہ

پروڈیوس انڈکس بناتے وقت ایک قسم کی پالیسی حکومت نے وضع نہیں کی ؟

جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے ایوان کے سامنے یہ وضاحت اس لئے کر رہا ہوں تا کہ عوام جن کے علم میں حکومت کی اس قسم کی کئی policies ہیں اس قانون کو اچھی طرح سے دیکھ لیں اور اس پر اپنی رائے دے سکیں کہ وہ ریلیف کے لئے حکومت کو روپیہ دینا چاہتے ہیں یا اپنے روپے سے خود ہی اپنی relief کرنا چاہتے ہیں۔

جناب والا ۔ یہی نہیں بلکہ اگر ان چیزوں پر غور کیا جائے تو ہمیں معلوم ہوگا کہ produce index کا تعین کرنے کے لئے جو eretirion رکھا گیا ہے وہ مشرقی پنجاب میں ۱۹۱۰-۱۱ کی settlement تھی۔ آپ اندازہ کریں کہ اس وقت سے لیکر اب تک ہم کہاں سے کہاں پہنچ گئے ہیں۔ لیکن حکومت نے creterion اسی پرانی settlement کو رکھا ہے۔ اس میں ان چیزوں کا قطعاً کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا جن کے متعلق پبلک نے واویلا کیا اور آج تک ان کی کوئی نہیں سنی گئی۔ آخر پبلک کو لازمی طور پر موقع دینا چاہئے کہ وہ اپنی آواز حکومت کے کانوں تک پہنچا سکیں۔ پبلک پروڈیوس انڈکس میں ان چیزوں کا لحاظ چاہتی ہے مثلاً پہلے یہ کہ کسی جگہ کی مقدار بارش کیا ہے لیکن produce index بناتے وقت اس امر کا کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا۔ اسی طرح اگر ایک زمین کی پیداوار زیادہ تھی اور دوسری کی کم تھی تو اس چیز پر بھی قطعی طور پر غور نہیں کیا گیا۔ میری گذارش ہے کہ ان کے پاس سارے پنجاب کی quinquennial رپورٹ موجود تھی جو ۴۶-۱۹۴۵ء میں تیار کی گئی تھی۔ اگر انہوں نے اس رپورٹ پر نظر ڈالی ہوتی تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ اس میں ہر ضلع کی پیداوار تفصیلی طور پر دی ہوئی ہوتی ہے اور زمین کو درجہ بندی کے لحاظ سے تقسیم کیا ہوتا ہے۔ اس کو پڑھنے سے فوراً پتہ چل سکتا تھا کہ کسی جگہ کی اراضی کس قسم کی تھی اور ان کو کتنے نمبر ملنے چاہئیں تھے لیکن میں کیا عرض کروں یہاں تو favouritism چلتی ہے اسکے سوا اور کوئی چیز ان کے مرغوب خاطر ہی نہیں ہے۔ اگر کوئی صاحب آ گئے تو ان کی اراضی کے نمبر بڑھ گئے اور اگر کوئی آواز دینے نہ آیا تو وہ غریب وہیں کا وہیں پڑا سڑ رہا ہے۔ اس کے علاوہ میری گذارش ہے کہ produce index بناتے وقت instensive cultivation کو جیسا کہ دوآبہ کے اندر تھی مد نظر رکھ جانا چاہئے تھا۔ مگر اس کا بھی قطعاً کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا۔ اس کے علاوہ

Mr. Speaker : It is wholly irrelevant. Kindly state something which is to the point before the House.

چودھری محمد شفیق — very well sir ! جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا جس وقت یہ بل بغرض حصول رائے عامہ مشتہر کیا جائیگا اس وقت پبلک حکومت کو روپیہ دینے کے لئے جو وجوہ دیگی میں وہی وجوہات جناب والا کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ میں حکومت کی پالیسی پر اعتراض نہیں کرتا بلکہ میں ان اعتراضات کو آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں جو کہ پبلک کرے گی یا جو پبلک کے دماغ کے اندر ہیں جو وہ اس بل پر کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے میں یہ تحریک پیش کر رہا ہوں کہ اس بل کو رائے عامہ حاصل کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے اور اپنی اس تحریک کے حق میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کے غور کے لئے وجوہات پیش کر رہا ہوں۔

جناب والا — ایک اور چیز جس کے متعلق پبلک dissatisfied ہے وہ حکومت پر صرف اسی صورت میں واضح کر سکیگی جبکہ یہ بل بغرض حصول رائے عامہ مشتہر کیا جائے گا۔ حکومت نے پالیسی بناتے وقت بعض علاقوں کو گنجان آباد اور بعض کو غیر گنجان آباد قرار دیا ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ہر ایک ضلع کے اندر گنجان اور غیر گنجان آباد علاقے موجود ہیں۔ ان کی یہ پالیسی غلط ہے۔ اس کی بجائے چاہئے یہ تھا کہ اراضی کو attractive land اور non-attractive land میں تقسیم کیا جاتا۔

Mr. Speaker : Looking at the Bill I must hold again that this discussion is wholly irrelevant. I cannot allow the honourable member to go on like that. This Bill only consists of two provisions, i. e., levy of cess and the manner of assessment and nothing else. I cannot allow the honourable member to take the time of the House by making irrelevant remarks.

چودھری محمد شفیق — میں جناب والا کے حکم کا احترام کرتے ہوئے اس امر کے متعلق اپنی وجوہ پیش کر رہا ہوں کہ effective rehabilitation کے لئے

. . . . . .

Mr. Speaker : I will not allow it. The Bill only provides for the levy of the cess and the manner of assessment.

چودھری محمد شفیق — بے شک یہ بل levy of cess کے لئے وضع کیا جا رہا ہے۔ لیکن جناب والا میری گذارش یہ ہے بل کا preamble اس کا basis ہوتا ہے اور میں صرف اس بل کے preamble پر بحث کر رہا ہوں اور کسی چیز پر نہیں کر رہا۔ preamble میں صاف الفاظ میں یہ کہ دیا گیا ہے کہ یہ cess for relief of refugees ہے۔ مگر میں یہ کہتا ہوں کہ relief of refugees کے لئے حکومت

نے جو طریقہ اختیار کر رکھا ہے وہ درست نہیں ہے۔ بنا بریں اس بل کو circulate کر کے پبلک کو موقع دینا چاہئے کہ وہ اچھی طرح سے اس کو دیکھ سکے.....

Mr. Speaker: That is alright and the honourable member has said that about 20 times.

چودھری محمد شفیق — جناب والا—میں صرف وجوہ دے رہا ہوں۔ اگر صرف ایک بات کہنی ہو تو اس کے لئے تو.....

Mr. Speaker : Relevant *wajoohaat.*

چودھری محمد شفیق — میں relevant وجوہ دے رہا ہوں اور بار بار میں اس لئے یہ کہہ رہا ہوں کہ جناب والا کے نوٹس میں یہ بات آتی رہے کہ میں اس بل کی discussion کے باہر نہیں جا رہا۔

Mr. Speaker : The repetition of this phrase will not hoodwink me.

چودھری محمد شفیق — جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس بل کو circulate کرنے کی ضرورت اس لئے بھی ہے کہ حکومت نے اپنی پالیسی کے مطابق اراضی کو گنجان اور غیر گنجان آباد علاقوں میں تقسیم کیا ہے اور اب اگر یہ بل circulate کیا جائے تو اس سے پتہ چل جائیگا کہ آیا حکومت کی یہ پالیسی غلط ہے یا صحیح ہے۔ اور اس سلسلہ میں جو خرچ کیا جا رہا ہے وہ بھی صحیح ہے یا غلط ہے۔ پبلک یہ چاہتی ہے کہ علاقوں کو گنجان اور غیر گنجان آباد میں تقسیم کرنے کی بجائے attractive lands اور non-attractive lands کی دو اقسام میں منقسم کیا جائے۔ اگر یہ کیا جاتا کہ جو attractive lands تھیں ان کو پبلک میں حصہ رسدی تقسیم کیا جاتا تو یہ کتنا اچھا ہوتا۔ لیکن ایسا نہیں کیا گیا۔ پبلک اس چیز سے بہت تنگ ہے۔ جس جگہ کی اراضی attractive ہوتی ہیں وہاں سفارش کام آتی ہے اور کوئی چیز کام نہیں آتی۔ میری گذارش یہ ہے کہ لوگوں سے جو روپیہ وصول کیا جائیگا وہ اسی پالیسی کے تفاد پر خرچ کیا جائیگا۔ حالانکہ لوگ اس پالیسی کے مخالف ہیں۔ اس بل کے اندر یہ واضح نہیں کیا گیا کہ یہ روپیہ جو اس cess کے ذریعہ اکٹھا کیا جائیگا وہ کس طرح سے خرچ کیا جائیگا۔ جناب والا۔ بجٹ کو منگوا کر دیکھ لیجئے اس کے اندر آمد کے متعلق اعداد و شمار درج ہیں اور اس روپے کے خرچ کے متعلق کچھ نہیں لکھا ہوا۔ اسی طرح یہاں بھی یہ واضح نہیں کیا گیا کہ یہ روپیہ کس طرح سے خرچ کیا جائیگا اس لئے میں یہ وجوہ پیش کر رہا ہوں کہ پبلک کو یہ تکالیف ہیں

اور اس لئے وہ اس بل پر رائے دینا چاہتی ہے اور اپنی شکایات حکومت کے کانوں تک پہنچانا چاہتی ہے اوراس کو یہ بتانا چاہتی ہے کہ اس کی پالیسی غلط ہے ۔ اگر اس بل کو circulate کیا جائے تو ممکن ہے کہ جو روپیہ اس پالیسی کے نفاذ پر خرچ کیا جا رہا ہے اس کے لئے وہ تیار ہو جائے لیکن ان کی پالیسی میں جو سب سے بڑا نقص ہے اور جس سے پبلک بہت تنگ ہے اور جس کے متعلق وہ اپنی رائے کا اظہار کریگی وہ یہ ہے کہ allottee اور non-allottee کی distniction جو انہوں نے کر دی ہے وہ ان کے نزدیک قابل قبول نہیں ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ پبلک اس سے بہت بیزار ہو چکی ہے اسلئے یہ روپیہ دینے سے پیشتر وہ اس پالیسی کو دیکھے گی ۔

Mr. Speaker: Will the honourable member kindly explain how is that relevant.

چودھری محمد شفیق — میں عرض کرتا ہوں کہ یہ کسطرح relevant ہے ۔ جناب والا یہ ٹیکس وصول کرنے میں جو کلاسز کی تفریق کی گئی ہے اس سے پبلک کو تکلیف پہنچی ہے ۔ اسلئے یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آیا پبلک یہ ٹیکس دینے کیلئے تیار ہے یا نہیں انکی رائے حاصل کرنی چاہئے ۔

Mr. Speaker : After hearieg the honourable member I must hold that it is irrelevant.

چودھری محمد شفیق — جناب والا میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ دراصل یہ مہاجر فنڈ جو اکٹھا کیا جا رہا ہے اور یہ طریق کار جو حکومت نے اختیار کیا ہوا ہے وہ غلط ہے ۔ اسلئے پبلک کو موقع دینا چاہئے کہ وہ اپنی رائے کا اظہار کر سکے کہ اس رقم کو خرچ کرنے کا جو طریق کار حکومت نے اختیار کر رکھا ہے وہ درست ہے یا غلط ہے ۔ پیشتر اسکے کہ میں بتاؤں کہ عوام اسکے متعلق کیا رائے دینگے میں مجبور ہوں کہ انکا وہ طریق کار عرض کروں جسکے باعث پبلک ان سے بیزار ہو چکی ہے ۔ وہ طریق کار یہ ہے .....

Mr. Speaker : That again is irrelevant. Please give reasons for the circulation of this Bill.

Chaudhri Muhammad Shafiq : What I am submitting is that why the opinion of the public is required on this Bill.

Mr. Speaker : Please do that.

Chaudhri Muhammad Shafiq : That is what I am submitting.

Mr. Speaker : Please say why you want the Bill to be circulated.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I am submitting why I want, and why my voters want this Bill to be circulated.

تو اسلئے کہ کیوں وہ چاہتے ہیں اسکی وجوہات میں جناب والا کے سامنے پیش کرتا ہوں اگر جناب اسکی اجازت دیں۔

Mr. Speaker : I will allow the honourable member to go on provided he does not become irrelevant.

چودھری محمد شفیق — اگر جناب والا مجھے حکم دیں تو میں اسی وقت رک جاونگا۔

Mr. Speaker : I have no desire to gag the honourable member, but I will not allow him to give irrelevant arguments.

چودھری محمد شفیق — میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ پبلک کس چیز سے نالاں ہے۔ میں اسلئے اس بل کو رائے عامہ کیلئے مشتہر کرانا چاہتا ہوں کہ حکومت کے غلط طریق کار اور غلط پالیسی پر عوام اپنی رائے دے سکیں۔

Mr. Speaker : The honourable member has advanced that argument many times. Repetition does not advance his case.

چودھری محمد شفیق — جناب والا میں آپکے سامنے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے جس طریق سے مہاجروں کو ریلیف دینا شروع کیا ہے وہ غلط ہے۔ اسلئے پبلک کو موقع دینا چاہئے کہ وہ ان فنڈز کے بارہ میں جو اکٹھے کئے جا رہے ہیں انکو خرچ کرنے کے طریق کار کے بارہ میں اپنی رائے دے سکے کیونکہ اس بل میں وہ طریقہ نہیں بتلایا گیا جسکے مطابق اس فنڈ کو خرچ کیا جائیگا۔ میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ آگے جا کر وہ اس رقم کو کہاں کہاں خرچ کرنا چاہتے ہیں۔ جناب والا حکومت نے پنجاب کے سولہ اضلاع کے اندر بیک وقت الاٹمنٹ کا کام شروع کیا لیکن جو دوسری جگہیں اور ریاستیں ہیں جہاں جہاں مہاجرین کو بھیجا گیا تھا ان میں مہاجرین کی آبادکاری کا کام شروع نہ کیا گیا۔ اسلئے دقت یہ ہوئی کہ تمام دوسری جگہوں کے مہاجرین مجتمع ہو کر پنجاب میں پہنچ گئے۔ اب یہاں مہاجرین کا اتنا زیادہ دباؤ ہے کہ حکومت کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہ روپیہ جو حاصل کیا جا رہا ہے اب ماسوائے اسکے کہ ایک غلط پالیسی پر خرچ کیا جائے وہ کسی اور چیز پر خرچ نہیں کیا جا سکیگا۔ علاوہ ازیں مہاجر بیوگان۔ یتامیٰ اور دوسرے بے وسیلہ لوگوں کو حکومت نے بالکل نظر انداز کر دیا ہے۔

جناب والا حکومت نے اس ٹیکس کے ذریعہ سے ایک کلاس وار شروع کر دی ہے۔ جیسا کہ وہ اس سے پہلے کرتی آئی ہے۔ اس بل میں صرف ایک خاص کلاس کو ٹیکس کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کیا مہاجرین

کے اخراجات چلانے کیلئے صرف زمیندار ھی باقی رہ گئے ھیں؟ شہری آبادی سے کیوں اس قسم کے ٹیکس وصول نہیں کئے جاتے؟ اگر مسجد بنانی ھو تو لگا دو دیہاتیوں پر ٹیکس۔ اگر کوئی چندہ اکٹھا کرنا ھو یا کسی کو پرس (purse) پیش کرنا ھو تو لگا دو معاملہ کے ساتھ ٹیکس۔ اگر مہاجرین کی آباد کاری کیلئے ضرورت ھو تو دیہاتیوں پر ٹیکس۔ جناب والا چونکہ صرف ایک کلاس پر ٹیکس لگایا جا رھا ھے اسلئے اس کلاس کی رائے لی جانی ضروری ھے۔ جناب والا میں یہ بھی عرض کرنا چاھتا تھا کہ حکومت کی پالیسی کسطرح ناقص ھے جسکے باعث پبلک کی رائے اس ٹیکس کے خلاف ھے۔ لیکن جناب والا نے کہا ھے کہ وہ چیز غیر موثر ھے۔

صاحب سپیکر — غیر متعلق ھے۔

چودھری محمد شفیق — غیر متعلق ھی سہی۔ میں تو اب تک اسے غیر موثر ھی سمجھتا رھا ھوں۔ اگر اس مرحلہ پر حکومت کی پالیسی کی تنقید غیر متعلقہ ھے تو پھر میں اسکی بحث کسی اور موقع کیلئے چھوڑتا ھوں۔ شاید اس بل پر بحث کے دوران میں میں اسے پیش کر سکوں۔ لیکن میں یہ ضرور عرض کرونگا کہ حکومت ھر روز زمینداروں پر ھی ٹیکس لگاتی ھے۔ شہر والوں کو کوئی نہیں پوچھتا۔ لیکن جب ان رقوم کو خرچ کرنے کا سوال آتا ھے تو پھر ان گاؤں والوں کو کوئی نہیں پوچھتا۔ اسوقت ریلیف کے حقدار سب سے زیادہ شہری ھوتے ھیں۔ حکومت کو جرات سے کام لیتے ھوئے اس بل کو رائے عامہ کیلئے مشتہر کر کے پبلک سے واضح طور پر فتویٰ حاصل کرنا چاھئے کہ آیا وہ مہاجرین کے بارہ میں حکومت کی پالیسی سے مطمئن ھیں یا نہیں۔ انہوں نے تو مہاجرین کا محکمہ محض اسلئے رکھا ھوا ھے کہ وہ وھاں اپنے آدمیوں کو بھرتی کر سکیں۔ اگر کسی کو ڈی۔آرسی بنانا ھو تو اسے اس محکمہ میں بھیج دیا۔ انہیں اس بات سے غرض نہیں کہ آیا انکے افسر مہاجرین کیلئے کام کرتے ھیں یا انکا گلا گھونٹتے ھیں۔ ان معروضات کے ساتھ جناب والا میں یہ تحریک پیش کرتا ھوں کہ اس بل کو رائے عامہ کیلئے مشتہر کیا جائے۔

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

That the Punjab Muhajir Fund Cess Bill be circulated for eleciting public opinion for a period of one month.

وزیر بحالیات (عزت مآب شیخ فضل الٰہی پراچہ) —جناب والا! میں حضور کی اجازت سے اپنے محترم دوست چودھری محمد شفیق صاحب کی اس تحریک کی مخالفت کی جسارت کرتا ھوں۔

چوہدری محمد شفیق — ذرا بلند آواز سے فرمائیے۔ پنکھوں کی آواز کی وجہ سے آپ کی آواز سنائی نہیں دیتی۔

وزیر بحالیات — جناب والا ! Rehabilitation کی پالیسی کے متعلق دو روز بحث مباحثہ اس ہاؤس کے اندر ہو چکا ہے اور ہر اس پوائنٹ کے متعلق جو آج انہوں نے اٹھائے ہیں۔ کافی حد تک وضاحت ہو چکی ہے۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order, Sir. You were pleased to give a ruling in this House that no reference should be made to any previous discussion or proceedings in this House. The Honourable Minsiter is referring to a previous discussion.

Mr. Speaker : The honourable member obviously misunderstood my ruling.

وزیر بحالیات — یہ مسئلہ ایک نہایت ہی معمولی مسئلہ تھا اور یہ بل اس لئے پیش کیا گیا تھا کہ جو مہاجر سیس ایکٹ جنوری ۱۹۴۸ء میں ایک سال کے لئے پاس ہوا تھا اور جس کی ہر سال اسی غرض سے تجدید کی جاتی رہی ہے کہ مہاجرین کو آباد کاری میں زیادہ سہولتیں دی جا سکیں اب اس بل کے ذریعہ اس ایکٹ کی معیاد ایک سال کے لئے اور بڑھا دی جائے۔ Rehabilitation کے متعلق ہماری جو پالیسی تھی اس کے متعلق میں پہلے بھی ایک مفصل بیان اس ہاؤس میں دے چکا ہوں اور میں یہ تسلیم کر چکا ہوں کہ یہ پالیسی وہی پالیسی ہے جو ۱۹۴۸ء میں شروع کی گئی تھی اور وہی اب تک قائم ہے اور جو نقائص اس میں تھے انہیں وقتاً فوقتاً دور کرنے کی کوشش بھی کی گئی ہے۔ مگر افسوس اس امر کا ہے کہ اس پالیسی میں جو اصلاح کی گئی ہے اس کے لئے گورنمنٹ کو مطعون کیا گیا ہے۔ میں دو تین کلمات صرف اس لئے عرض کرنا چاہتا ہوں تا کہ اس پالیسی کے متعلق کوئی بدگمانی نہ رہے۔ یہ کہا گیا ہے کہ یہ آباد کاری نہیں بلکہ برباد کاری ہے اور سوال اٹھایا گیا ہے کہ کیوں پہلے ہی لوگوں کو ضلع وار آباد نہیں کیا گیا۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا اور اب بھی عرض کرتا ہوں کہ نئی پالیسی میں یہ ترمیم کر دی گئی ہے کہ جو مہاجر کسی دوسری جگہ اراضی تبدیل کرانا چاہے تو اسے اس مطلب کے لئے سہولتیں مہیا کی جائینگی۔ پھر جناب والا— الاٹیز اور نان الاٹیز کا سوال اٹھایا گیا ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ جو غریب مہاجرین اراضیات پر بیٹھے ہوئے ہیں انہیں وہاں سے اٹھا دیا جاتا ہے۔ اس کے متعلق میں یہ پہلے عرض کر چکا ہوں کہ جو شخص کسی جگہ بیٹھ گیا ہو اسے وہاں سے نہیں اٹھایا جائیگا۔ اور اصول یہ ہے کہ

جہاں جہاں مہاجر زمیندار آباد ہو چکے ہوں جب تک وہ خود وہاں سے نہ جانا چاہیں اُنکو نہ اٹھایا جائے۔ تا کہ جو لوگ وہاں آباد ہو چکے ہیں وہ خانہ برباد نہ ہوں۔ پھر حضور والا۔ گورنمنٹ ملازمین کے متعلق بھی سوال اٹھایا گیا ہے۔ واقعی ان کے لئے پہلے یہ حکم تھا کہ وہ کوئی چیز الاٹ نہیں کرا سکتے کیونکہ وہ گورنمنٹ سے تنخواہ لے رہے ہیں لیکن اب جبکہ مستقل الاٹمنٹ کا کام شروع ہو گیا ہے ہم نے اس حکم میں یہ ترمیم کر دی ہے کہ گورنمنٹ ملازمین کو بھی ان جگہوں کا الاٹیز تصور کیا جائے جہاں ان کے بھائی بند پہلے آباد کئے جا چکے ہیں۔ پھر میں نے اس وقت عرض کیا تھا کہ پروڈیوس انڈکس میں جو ترمیم کی گئی ہے وہ صرف اس غرض سے کی گئی ہے کہ مہاجرین کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچ سکے۔ یہ بالکل غلط ہے کہ کسی ایک شخص کی خاطر یا کسی ایک خاندان کی خاطر یا کسی ایک ضلع کی خاطر ایسی کارروائی کی گئی ہے۔

خان افتخار حسین خان ممدوٹ — ایسی مثالیں ہیں۔

وزیر بحالیات — جہاں تک میں جانتا ہوں کوئی ایسی مثال نہیں ہے کہ ایک فرد کی خاطر ایسا کیا گیا ہو۔ میں اس بحث میں زیادہ نہیں پڑنا چاہتا کیونکہ مدعا صرف یہ ہے کہ اس ٹیکس کو جاری رکھا جائے تا کہ اس سے ہم آباد کاری میں زیادہ سے زیادہ امداد لے سکیں۔

حضور والا — آپ کو علم ہے کہ ہماری پہلی مسلم لیگی گورنمنٹ نے کروڑ ہا روپیہ مہاجرین کی آباد کاری پر خرچ کیا اور ہمیں جو روپیہ سنٹر سے ملنے کی توقع تھی وہ نہیں مل سکا۔ اس کے بعد حضور والا کو یہ بھی علم ہے کہ دن بدن کسقدر آبادی بڑھ رہی ہے اور اراضیات پر کسقدر زیادہ pressure ہے۔ اس لئے گورنمنٹ یہ محسوس کر رہی ہے کہ ہر قطعہ اراضی کو آباد کیا جائے۔ شہروں کی گنجان آبادی پر دباؤ کم کرنے کے لئے تیرہ satellite towns کی سکیمیں ہیں اور ان سکیموں پر ۱۷ کروڑ روپیہ خرچ ہو گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ مہاجرین کو تمام amenities مہیا ہوں اور اگر اس کے لئے ہمارے پاس روپیہ نہیں ہے تو ہم کہاں سے لے کر خرچ کریں۔

حضور والا — اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ یہ ٹیکس ایک خاص فرقہ پر لگایا گیا ہے۔ یعنی زمینداروں پر۔ آپ جانتے ہیں کہ صرف یہی ایک ٹیکس ہے جو پنجاب اسمبلی عائد کر سکتی ہے لیکن شہری آبادی پر بھی سنٹرل ریفوجی ٹیکس عائد ہے (قطع کلامیاں)۔ اور اس فنڈ سے ہمیں تین کروڑ روپیہ کی امداد سنٹر کی طرف سے

دی گئی ہے۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں جسقدر روپیہ مہیا ہو سکے اس سے ہم اپنے مہاجر بھائیوں کی امداد کریں۔ حضور والا۔ آپ کو علم ہے کہ دس لاکھ روپیہ کی کثیر رقم پچھلے سال مہاجر طلبا کے وظائف پر خرچ کی گئی ہے۔ اسکے علاوہ دس لاکھ کی مزید رقم مہیا کی گئی ہے۔ یہ جو ٹیکس کے جاری رکھنے کی درخواست کی گئی ہے یہ اسی مقصد کے لئے ہے تا کہ فنڈ مہیا ہو سکیں اور مہاجرین کی زیادہ سے زیادہ امداد کی جائے۔ اس لئے حضور والا میں اس تحریک کی پرزور مخالفت کرتا ہوں۔

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani, III), Mr. Speaker, Sir, I rise to support the amendment for eliciting public opinion on this Bill. One of my main reasons for doing so, is that this piece of anticipated legislation is, in the very highest degree, discriminatory; for the simple reason that this legislation tends to divide the people of the province into two separate classes; two classes which have, on more than one occasion, been amply described as the have and the have-nots. I would draw your attention to the Honourable Chief Minister's budget speech.

Sir, it is not possible for me to speak with this noise of the fan.

Mr. Speaker: I allow the honourable member to come nearer and make his speech.

Mr. C. E. Gibbon: The Honourable Chief Minister in his Budget Speech was pleased to observe that—

> "the present Government reflects the consistant policy of the Muslim League Organisation that the rehabilitation of refugees is its foremost task and duty and in many ways is the real touchstone by which its final success will have to be measured".

I am rather glad that in this very early stage in the history of the Muslim League Organisation in the Punjab, they have started with the touchstone, and that touchstone is to divide the people of the Punjab amongst themselves. To impose a tax in the name of the unfortunate muhajireen, a class of people whom we hold nearest to our hearts, is to impose a tax only on that section of the population which derives its subsistence from the land and to exempt, very clearly in this Bill, those who today are making colossal profits from factories, cinema houses and such like undertakings either allotted to them in the name of the muhajireen or allotted to the locals who claim to be muhajireen.

This discriminatory piece of legislation is calculated to remain in force for one year or till such time as any amount due as cess under this Act remains unpaid or unrealised. The period for which one intends to excercise the cess for such object is immaterial. The sum and substance of the whole Act is to collect money in some way or other for the relief of the refugees. Nevertheless, it is a consideration that it is the poor class of people who are soon going to be taxed for one year or more. For that, I suppose, we must bow our heads in gratitude to the framers of this Bill. But remember that while this class of people are being taxed for one year or more. there is a class of people who will be permitted to make as much profits and to earn as much as they possibly can at the expense of the refugees. Now who is that class of people? It is the black marketeers, the allottees of ginning and ice factories, the proprietors of cinema houses, the allottees of rolling mills; the allottees of flour mills; the shop keepers in Anarkali, the members of flour and sugar syndicates and, last but not the least, the capitalist friends of the Treasury Benches. Therefore, a discriminatory legislation of such description naturally solicits public opinion because the public would like to know, "why I must pay when my fellow citizen does not pay"? For example, if I travel in a railway carriage would I be excused from buying a ticket, or must I pay when my fellow citizen is

excused. Certainly not. Similarly, travelling in a transport bus should I be excused, while my brothr-citizen pays. Again, on the question of income-tax should I a man who can afford it, be exempt from paying income-tax and the man who is of equal status should he be made to pay. In the case of the muhajirin, the muhajirin are found everywhere and in all places in high places and in low places; but only those muhajirin who, for some reason or other are placed on the land and only those persons who derive their sustenance from land, should be taxed in order to provide funds for the relief of the refugees. This Bill envisages that funds be provided for the relief of refugees, but nowhere in the Bill is the actual relief envisaged, other than that of pounds, shillings and pence which brings in the income, rather than the form of relief provided for refugees. It is, therefore, a bad piece of legislation which shows that your Finance Department and the Finance Minister were unable to balance the budget. It also shows that they were unable to provide for that which they have so loudly voiced in the Budget speech. In another part of the Budget Speech we read :—

> "I am happy to be able to say that substantial progress has been made during the current year on the resettlement of refugees. When the present Ministry assumed office, the position was that some 40 lacs of refugees had been temporarily settled on land generally on the basis of 5 to 8 acres. The settlement of refugee land-owners on a quasi-permanent basis had not yet been started. In pursuance of the under taking given in the Muslim League Manifesto the Government took rapid stock of the situation and arrangments were soon made to begin the work of permanent settlement in right earnest and to complete it, if possible, within a year"

Nowhere in this speech does Government give the slightest indication that they will come forward in a month or two or three and impose on a class of citizens this tax. Rather, Sir, they go on to say, in this very speech, that the total cost of these schemes amounts to 15 crores, that is certain schemes which are stated in the objects of this Bill. In the last paragraph of the Statement of Objects and Reasons of this Bill we read :—

> "There is a good deal yet to be done for the effective rehabilitation of the uprooted population from India and more money will be needed for years to come for this purpose as well as for the construction of houses in the rural areas, colonies, satellite towns and development of unattractive evacuee land by providing tube-wells or other means of irrigation etc. to the refugees concerned."

This, I presume, is the relief of which we read in the preamble of this Bill and heard in the Budget Speech. We have the very same thing being repeated and are told that the total cost of these schemes of satellite towns for Lyallpur, etc., amounts to Rs. 15 crores. The Central Government have already allocated a grant of Rs. 3 crores and a loan of Rs. 1½ crores to this province, out of the Central Refugee Tax Fund, for the implementation of these schemes. I now begin to doubt the integrity and honesty of the Government when they present this bill to this House. I begin to doubt for this reason, that they have got to pay back the loan to the Central Government. Why do they not come forward with a straight-forward measure, that we have to pay back the loan to the Centre and we have no money. But, under the subterfuge of this Bill to provide relief to the refugees, they want to impose a cess on a certain class of people and ask us to support it. If my presumption is incorrect and if I have brought a charge against Government which is false, I am prepared to withdraw it; but I am to be convinced that this Bill is really for the relief of the refugees and not for paying back to the Central Government the sum of Rs. 1½ crores loaned from the Refugee Tax Fund. If it is not for paying back this loan then we would like to know why only a certain class of people of the province are being taxed ? A clause has been inserted in this Bill that, in spite of the fact that only a certain class of people are to be taxed, there is a provision in this Bill that some of this class or classes of people may be exempted from payment of this tax. As I have already observed, there can be no doubt about the manner and the extent to which we hold the muhajirin nearest to our hearts. If we are to support this Bill, the Bill must cover every son of the province. There should be no exception whatsoever and there should be no exemption clause enabling the government to use

its prerogative and favour this man or that man or this class or that class. If it is a fact that money is required for the material and factual relief of the refugees, I can assure you, Sir, that we shall open our purses and pay any amount of tax but, all will pay without exception. It is for this purpose that we would like to have the opinion of the public, for it is the poorest section of the public which is to be taxed.

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Muhajir Fund Cess Bill be circulated for eliciting Public opinion for a period of one month.

The motion was lost.

Mr. Speaker : We now proceed with the consideration of the Bill.

Mian Abdul Bari : I oppose the consideration of the Bill.

Mr. Speaker : The amendment for circulation has been lost and therefore now the motion is that the Bill be taken into consideration.

Mian Abdul Bari : We want to oppose the consideration of the Bill.

رانا عبدالحمید خان (منٹگمری نمبر ۸ مسلم) — جناب والا — میں اس بل کی Consideration کو oppose کرنا چاہتا ہوں اور وہ محض اس لئے کہ میں حضور والا کی توجہ ان امور کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جن کی غرض و غایت کے پیش نظر یہ بل شروع میں بنایا گیا تھا۔

جناب والا — ۱۹۴۸ء میں پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی نے ایک ریزولیشن پاس کیا تھا جس کا مقصد یہ تھا کہ مہاجرین کے relief کیلئے ایک فنڈ create کیا جائے چنانچہ اس ریزولیوشن کے تحت یہ قانون بن کر اس صوبے میں نافذ کیا گیا۔ میں حضور والا کو بتانا چاہتا ہوں کہ ریزولیوشن مذکور اس ہاؤس میں میرے معزز دوست چودھری عزیز دین نے پیش کیا تھا یعنی یہ ایک غیر سرکاری ممبر کی طرف سے پیش کیا گیا تھا۔ اس پر میری محترمہ بہن جہاں آرا بیگم شاہنواز نے بھی تقریر فرمائی اور اس کے بعد سابق ممبر میاں محمد نوراللہ نے بھی اس کا زبردست تجزیہ کیا۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت حکومت نے اس سلسلے میں جو وعدے کئے تھے وہ آج تک پورے نہیں کئے۔ اب یہ بل کس لئے ایوان ھذا میں پیش کیا گیا ہے۔ اب کونسی نئی ضرورتیں ہیں جنہیں پورا کرنے کیلئے اس کا پاس کیا جانا ضروری ہے۔ میں حضور والا کی خدمت میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس صوبے کی حکومت نے اپنے سابقہ وعدوں میں سے آج تک ایک بھی پورا نہیں کیا۔ روپیہ جو ایک خاص مقصد کیلئے فراہم کیا گیا تھا اسے General funds میں ڈال کر خورد برد کیا گیا اور گلچھرے اڑائے گئے۔

جناب والا — میں اس بل کی Consideration کو اس لئے بھی oppose کرتا ہوں کہ ہمیں مہاجر ٹیکس کے سلسلے میں پہلے ایک

بار تلخ تجربہ ہو چکا ہے۔ اور اب اسی چیز کو ہم دہرانے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ زیر غور بل کا مقصد یہ ہے کہ ایک Separate Fund قائم کیا جائے جو مہاجرین کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے نہ کہ اسے جنرل مالیات میں جمع کر لیا جائے اور جیسے جی چاہے خرچ کیا جائے۔ اپنی مرضی کے مطابق ڈی۔آریسی مقرر کئے جائیں۔ ان سے الاٹمنٹیں کرائی جائیں اور ان پر انعامات کی بارش کی جائے۔ میرے نزدیک اس بل کی مخالفت کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ پہلے بھی ایک فنڈ create کیا گیا تھا اور اس کے متعلق خاص طور پر یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ یہ فنڈ صرف refugees کے relief پر صرف کیا جائیگا۔ مگر اسے جنرل فنڈ میں ڈال کر خورد برد کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں میاں محمد نور اللہ صاحب نے جو تقریر کی اور چودھری عزیز دین صاحب نے جو کچھ فرمایا وہ میں آپ کو پڑھکر سناتا ہوں۔ میاں محمد نور اللہ صاحب نے جو ترمیم پیش کی تھی وہ یہ ہے۔

"Provided a special fund is created for the benefit of the muhajirin".

This was Mian Nurullah's amendment to the resolution and an assurance was given by the Government that it will be used only for the benefit of the muhajirin and nowhere else and that it will not be put in the Government treasury.

حضور والا — ہم جانتے ہیں کہ اس مہاجر فنڈ کو کسطرح بد دیانتی کے ساتھ دیگر اغراض پر استعمال کیا گیا اور اسکو صوبے کے جنرل بجٹ میں ڈال دیا گیا۔ کچھ روپیہ حکومت نے محکمہ بحالیات کے اخراجات اور اپنے منظور نظر اشخاص کو ملازم رکھکر انکی تنخواہوں پر خرچ کر لیا۔ حالانکہ یہ روپیہ بطور امانت تھا اور محض مہاجروں کی بہبودی پر صرف کرنا چاہئے تھا۔ تا کہ ان کو کوئی سہولت پہنچتی۔ ہم جانتے ہیں کہ محکمہ آباد کاری بھی مہاجروں کی دیکھ بھال کیلئے ہے مگر یہ ریلیف ایسی قسم کی ہے جسے پورا کرنا حکومت کا فرض ہے اسکے برعکس مہاجروں کو نجی کار و بار چلانے کے لئے مالی امداد کی ضرورت تھی۔

جناب والا — میں اس سلسلہ میں چودھری عزیز الدین کی اس تقریر کا حوالہ دینا چاہتا ہوں جو انہوں نے ابتداً مہاجر ٹیکس کی تجویز کے وقت ایوان میں کی تھی انہوں نے کہا تھا کہ "اس ٹیکس کا نام ہی مہاجر ٹیکس ہے یہ صرف مہاجروں کی امداد اور بہبود پر صرف کیا جائے گا اور صرف ایک سال تک وصول کیا جائیگا"۔ مگر آج پانچویں سال کے بعد حکومت پھر اس قانون کو اسمبلی میں لے آئی ہے۔ ۱۹۴۸ء میں ایوان نے ریزولیشن منظور کرتے وقت بھی یہی سفارش کی تھی اور آنریبل وزیر خزانہ نے یہی وعدہ کیا تھا اور اسوقت کے آنریبل ریونیو منسٹر صاحب نے بھی

جو اگرچہ آجکل وزیر مال کیطرح "درویش صفت" تو نہ تھے مگر (ایک آواز وہ صوفی منش تھے) انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ یہ بل مستقل نہیں ہے صرف ایک سال کے لئے عائد کیا جا رہا ہے اسکے بعد ہمارے موجودہ وزیر اعانی نے فرمایا کہ یہ ٹیکس صرف مہاجروں کو مالی امداد مہیا کرنے کے لئے لگایا جا رہا ہے اور اس سے مہاجروں کو دست کاری کی سہولت بہم پہنچائی جائیگی۔ لیکن حضور والا! ہوا کیا؟ یہ موجودہ حکومت اس حکومت کی وارث ہوتے ہوئے اپنی پیش رو حکومت کے وعدوں کو پس پشت ڈال کر آج پانچ سال کے بعد اسی ٹیکس کو بحال رکھنے کا بل پیش کر رہی ہے اور وعدہ خلافی کرتے ہوئے اس رقم کو محض مہاجروں پر صرف کرنے کی بجائے صوبے کے عام محاصل میں اس رقم کو داخل کر رہی ہے اور بد دیانتی سے اس روپے کو ہضم کر گئی ہے اور آئندہ بھی عام محاصل میں ڈال کر اسکو ہضم کرتی رہیگی۔ یہ صرف وعدہ خلافی نہیں بلکہ خیانت مجرمانہ ہے یہ اپنے قول و اقرار سے انحراف کے مرادف ہے اصل میں اس روپے کو الگ فنڈ کی صورت میں رکھکر صرف مہاجروں کی امداد پر صرف کرنا چاہئے تھا اور ظلم یہ ہے کہ جو شخص دو آنے یا ایک آنہ مالیہ بھی ادا کرتا ہے اسکو بھی یہ ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے (قطع کلامیاں اور یہ غلط ہے کی آوازیں) یہ غلط نہیں ہے۔ یہ صحیح ہے کیونکہ بل میں الفاظ یہ ہیں کہ Any portion of a rupee ۔ ذرا بل کو دوبارہ پڑھئیے اور سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ روپے کے کسی ایک حصے پر بھی خواہ وہ چار آنے ہوں یا ایک آنہ مہاجر ٹیکس لگ سکتا ہے غریبوں کے مفاد سے اس قدر بے پروائی کرتے ہوئے ہمارے درویش صفت وزیر مال کو خدا سے ڈرنا چاہئے وہ مہاجروں کی امداد کرنے کی بجائے ان کا خون چوسنے کیلئے الٹا مہاجروں پر ہی ٹیکس لگا رہے ہیں اور ٹیکس بھی شدید قسم کا لگا رہے ہیں جسکی ادائیگی کی طاقت اور استطاعت غریبوں میں نہیں ہے۔ اسی لئے میں اس بل پر غور کرنے کی تحریک کی مخالفت کرتا ہوں۔ یہ بل ایوان ہذا کے ۱۹۴۸ء میں منظور کردہ ریزولیشن کی سپرٹ کے خلاف جاتا ہے جسکی بنا پر مہاجر ٹیکس ابتدا میں عائد کیا گیا تھا اس ریزولیشن میں کہا گیا تھا کہ مہاجر ٹیکس مہاجروں کی ریلیف اور امداد کیلئے لگایا جائیگا اور مہاجروں پر ہی خرچ کیا جائیگا۔ مگر اب اسکو مہاجروں پر صرف کرنے کی بجائے اسکو عام محاصل کا حصہ بنایا جا رہا ہے دوسری خلاف ورزی اس ریزولیشن کی یہ ہے کہ وہاں ایک سال کیلئے اسکی سفارش کی گئی تھی مگر پانچ سال سے یہ غریب مہاجروں کے سر پر بوجھ بنا ہوا ہے اور اب تو آئندہ کیلئے اسکو مستقل صورت دی جا رہی ہے۔ ۱۹۴۸ء کے بعد اسمبلی

توڑ دی گئی تھی اسلئے اسکو چور دروازے کے ذریعے یعنی گورنر کے آرڈنینس کے تحت چار سال تک جاری رکھا گیا۔ اب اسی قانون کو موجودہ اسمبلی میں پیش کیا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں حکومت نے جس طریق پر اس ٹیکس کے روپے کو دوسری اغراض پر صرف کیا ہے اس سے اسکا غیر ضروری ہونا ثابت ہے۔ حکومت پر مقدمہ چلانا چاہئے۔ حکومت اس اصول پر عمل نہیں کر رہی ہے جو اصول اسمبلی نے اپنے ۱۹۴۸ء کے ریزولیشن میں طے کیا تھا۔ اسلئے گذارش ہے کہ جب تک حکومت اس فنڈ کو ایک مقدس امانت قرار دیکر اس کو محض مہاجروں کے فائدے کیلئے مخصوص نہیں کرتی اور جب تک اس بل کو نہیں بدلتی تا کہ اس فنڈ کو دیگر اغراض پر صرف نہ کیا جا سکے اس وقت تک ہم اس کی مخالفت کرینگے۔

*میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر — میں آپ کا شکریہ ادا کرنے کے بعد کہ آپ نے مجھے تقریر کرنے کیلے وقت عطا فرمایا ہے۔ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں تحریک زیر غور کی مخالفت کے سلسلے میں اپنی معروضات آپوزیشن میں ہونے کیوجہ سے پیش نہیں کر رہا ہوں بلکہ میں اسے ایک ملی فریضہ سمجھتا ہوں کہ میں اس ایوان کے سامنے اپنے حکمران آنریبل وزیر اعلی جو بد قسمتی سے اسوقت یہاں نہیں ہیں اور نوجوان وزیر مال آنریبل چٹھہ صاحب کو بتا دوں کہ جو ٹیکس وہ تجویز کر رہے ہیں اسکو منسوخ کر دینا چاہئے۔ میں اسے اپنا ملی فریضہ اسلئے سمجھتا ہوں کہ ان نوجوان حکمرانوں نے قوم کی نبض پر ہاتھ نہیں رکھا اور ملت کی نبض کو نہیں پہچانا ورنہ انگریزوں نے جو اگرچہ غیر ملکی حکمران تھے مگر عوام کے نبض شناس ضرور تھے انہوں نے حد سے زیادہ مالیہ اور ابیانہ عائد کر چکنے کے بعد اس حقیقت کو خوب پہچان لیا تھا کہ اب یہ غریب کسان اور کاشتکار زیادہ بوجھ کو برداشت نہیں کر سکیں گے۔ اسلئے انگریزوں کو کبھی یہ جرآت نہ ہوئی اور کبھی یہ حوصلہ نہ ہوا کہ وہ غریب کاشتکاروں پر مزید ٹیکس کا بار ڈالتے۔ انہوں نے اپنی ضروریات کے کسی نازک سے نازک دور میں بھی اس قسم کا ٹیکس کاشتکاروں پر عائد کرنا مناسب نہ سمجھا مگر ہماری نوجوان حکومت نے اس ٹیکس کا اعادہ کرتے وقت بڑی غلطی یہ کی ہے کہ خواہ کوئی زمیندار ایک کنال یا ایک ایکڑ اراضی کا مالک ہو اسکو بھی اپنے مالیے اور آبیانے کی رقم پر ۲ آنے فی روپیہ کے حساب سے مہاجر ٹیکس ادا کرنا پڑیگا اور غرض یہ بیان کی گئی ہے کہ نئے شہر بنائے جائیں گے نئی بستیاں آباد کی جائیں گی وغیرہ وغیرہ لیکن میں پوچھتا ہوں کہ آیا یہ ان بستیوں کی اراضیات مفت تقسیم کریں گے؟ نہیں حکومت

*Uncorrected speech

تو اسکی قیمت مع نفع کے وصول کریگی۔ پھر مہاجروں کی امداد کیونکر ہوئی ؟ حکومت کو تو اس سے ایک اور ذریعہ آمدنی حاصل ہو جائیگا۔ وہ اس روپے کو اپنے ڈیپارٹمنٹ چلانے پر خرچ کریگی۔ انگریز جانتے تھے کہ ہم نے زمینداروں پر جو مالیہ اور آبیانہ لگا دیا ہے اسکی ادائیگی کے بعد ان میں قطعاً یہ استطاعت باقی نہیں رہی کہ وہ کوئی مزید بوجھ برداشت کر سکیں۔ اس لئے وہ کاشتکاروں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھتے تھے مگر اب ہماری موجودہ حکومت کا نقطہ نگاہ اس کے برعکس ہے۔ میں نہایت ادب کے ساتھ بغیر کسی party affiliations کو اپیل کرنے کے جناب کی وساطت سے آنریبل ممبر صاحبان سے درخواست کرتا ہوں ہوں کہ خدا کے واسطے ملک کو اس منزل کی طرف نہ لے جاؤ جہاں پہنچ کر rebellions ہو جایا کرتی ہیں۔ جب لوگوں کا صبر و ضبط اس انتہا پر پہنچ جاتا ہے کہ وہ مزید غربت مزید ظلم برداشت نہیں کر سکتے۔ جناب والا ! یہاں ریلیں بنیں۔ نہریں بنیں۔ بڑے بڑے پراجکٹ بنے۔ لیکن آج تک انگریز کی حکومت میں یہ نہ ہوا کہ معاملہ اور آبیانہ پر کسی قسم کا ٹیکس لگایا جاتا۔ اور آج یہاں جو ٹیکس لگ رہا ہے اسکے متعلق چونکہ میرے دوست بیان کر چکے ہیں اسلئے میں اسکی repetition نہیں کرونگا۔ اتنا عرض کرونگا کہ اس مہاجر پر جو اپنا گھر بار چھوڑ کر آیا ہے۔ اس دیہاتی مہاجر پر جو گاؤں میں رہتا ہے۔ جسکے پاس دس یا بارہ ایکڑ زمین ہے۔ جو اپنے کنبہ کا پیٹ نہیں پال سکتا۔ میں بخدا سچ کہتا ہوں اور پوری ذمہ‌داری کے ساتھ کہتا ہوں وہ دیہاتی جو ایک زندہ قبر میں پڑا ہوا ہے جسکو دنیا کی کوئی آسائش نصیب نہیں ہے۔ آج ہماری یہ حکومت اس پر ٹیکس لگا رہی ہے۔ ۱۹۴۸ء میں اسکی کوئی وجہ ہو سکتی تھی۔ یا اسکی کوئی justification ہو سکتی تھی اگرچہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انگریز نے جو جو لڑائیاں لڑیں ان میں اسکو اس مہاجر پرابلم سے کہیں زیادہ خرچ کرنا پڑا۔ انگریز نے جو پراجکٹس بنائے وہ موجودہ پراجکٹس سے کہیں بڑے تھے۔ لیکن ان میں اس نے ایسا غیر ہمدردانہ بلکہ میں تو کہوں گا غیر عاقلانہ اقدام کبھی نہ کیا۔ کہ ایک مظلوم اور مفلوج آبادی کو اور زیر بار کر دیا جائے۔ آج حکومت ایک بڑا خطرناک اقدام کر رہی ہے اور وہ یہ ہے کہ پہلے جو معاملہ اور آبیانہ ہے اس پر دو آنے فی روپیہ بڑھانے کی تجویز پیش کر رہی ہے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ آج ہمارا فرض ہے کہ بھول جائیں اس چیز کو کہ ہم کس جماعت کے ساتھ ہیں اور اس وقت صرف ملک و ملت کے فائدے کو دیکھیں تا کہ وہ منزل

نہ آ جائے جہاں قوموں اور ملکوں پر تباہی آتی ہے ۔ میں حیران تھا کہ وجہ کیا ہے کہ یہ میرے نوجوان حکمران ایسا اقدام کر رہے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ خدانخواستہ ان کی نیت میں فطور ہے ۔ یا وہ ملک میں بد امنی دیکھنا چاہتے ہیں وہ تو خود امن کے طالب ہیں۔ تو پھر یہ کیوں ایسا کر رہے ہیں؟ ایک چیز میری سمجھ میں آئی اور وہ یہ ہے کہ آنریبل چیف منسٹر صاحب نے ایک دفعہ ایک بیان میں فرمایا تھا کہ میں ٹیکس بڑھانا نہایت مفید سمجھتا ہوں ۔ افسوس وہ اس وقت یہاں نہیں ہیں۔ لیکن میں ان کے دوستوں کی وساطت سے اور جناب وزیر مال کی وساطت سے اور جناب کی وساطت سے ان کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنا عقیدہ رکھ سکتے ہیں۔ ہر شخص کو اپنا عقیدہ رکھنے کا حق ہے ۔ مگر ہر ایک چیز کو اسطرح استعمال کرنا چاہئے کہ وہ تخریب اور تباہی کا باعث نہ ہو ٹیکس بڑھانے چاہئیں لیکن اتنے نہیں کہ جس سے مخلوق خدا اس حد پر پہنچ جائے کہ وہ بغاوت پر آمادہ ہو جائے۔ وہ تباہی پر آمادہ ہو جائے۔ اسکو تکالیف مالا یطاق نہیں پہنچانی چاہیں۔ یہی بہترین چیز ہے آجکل کی اقتصادیات کی اور اس وقت کی کہ جب صحابہ کرام ٹیکس وصول کرنے کیلئے کسی کو بھیجا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے کہ مال میں سے بہترین مال نہ لینا ۔ عشر لیتے وقت بہترین مال نہ لینا ۔ لیکن یہاں حالت یہ ہے کہ وہ طبقہ جو کما رہا ہے ۔ جو اپنے حق سے زیادہ لے رہا ہے ۔ اپنے کام سے زیادہ لے رہا ہے اس طبقہ پر مہاجر ٹیکس نہیں لگایا گیا اور اس غریب سے غریب مہاجر پر لگایا گیا ہے ۔ جس کے پاس بد قسمتی سے وہ ایک چیز آ گئی ہے جسکو میں زمین نہیں کہتا بلکہ ایک زندہ قبر کہتا ہوں ۔ کیونکہ جن لوگوں کو وہاں دیکھتا ہوں انکو دنیا کا کوئی آرام میسر نہیں ہے ۔ میں جناب والا کی وساطت سے Treasury Benches کی خدمت میں التماس کرونگا کہ وہ پھر غور کریں ۔ اگرچہ مجھے امید تو نہیں کہ وہ کریں گے ۔ آج تک انہوں نے کوئی بات مانی نہیں۔ چاہے ہم نے کتنی نیک نیتی سے کتنے خلوص کے ساتھ کہی ہو۔ انہوں نے ہمیشہ اسے ٹھکرا دیا ۔ اسکی کوئی شق بھی قبول نہیں کی اور باوجود اس چیز کے جو میں اپنے وزیر مال میں دیکھتا ہوں کہ وہ نہایت بھلے آدمی ہیں۔ ان میں ساری خوبیاں ہیں اور میں ان کا معترف ہوں ۔ اس چیز میں مجھے شک ہے کہ چونکہ ایوان میں ایک دفعہ یہ بل آ گیا ہے ۔ یہ ہماری بات پر غور نہیں کرینگے پانچ سال کے بعد اب جو چیز کی جا رہی ہے۔ پہلے اسکے لئے کوئی justification ہوگی ۔ مگر اب اسکی کیا justification ہے ؟ پانچ سال کے بعد ؟ اس طریق سے وہ دس سال

تک یہی ٹیکس لیتے جائینگے۔ مہاجرین سے وصول کرتے جائینگے۔ جن کو چھ مرلے زمین دی ہے۔ یہ ان سے بھی وصول کیا جائیگا۔ اور اپنا یہ حال ہے کہ اپنی تنخواہ میں سے ایک کوڑی کم کرنے کیلئے تیار نہیں۔ اپنے اخراجات میں سے ایک کوڑی بھی گھٹانے کیلئے تیار نہیں۔ یہ نقشہ قیامت کا نہیں؟ قیامت ہونے والی ہے۔ خدا کیلئے آنکھیں کھولو ورنہ اسکا انجام نہایت برا ہوگا۔

Mr. Speaker : The question is--

That the Punjab Muhajir Fund Cess Bill be taken into consideration at once.

On votes being counted the motion was declared carried.

Chaudhri Muhammad Shafiq : We want secret ballot.

Mr. Speaker : I am not bound to do that.

Now, the House will consider the Bill clause by clause.

I have received notice of 2 amendments from Mian Abdul Bari, who seeks to add 2 new clauses. Under Rule 102, he will have to ask for leave to introduce these new clauses.

***Mian Abdul Bari :** (Lyallpur VII, Muslim) : Sir, I beg to move --

That leave be granted to introduce the following new clauses :—

That after clause 4, the following new clauses 5 and 6 be added :—

" 5. The amount of Cess collected shall be spent on the direct welfare and help of refugees only and for no other purpose.

6. All lands whose owners possess only 50 acres of land or two square shall be exempt from the payment of the Punjab Muhajir Fund Cess and no cess shall be levied on such lands. "

جناب والا — کلاز نمبر ۴ یہ ہے۔

"4. (*a*) The cess levied on the basis of land revenue shall be assessed collected, and recovered in the manner prescribed from time to time by statute rules or orders for the assessment, collection and recovery of land revenue charged under Chapter V of the Punjab Land Revenue Act, 1887.

(*b*) The cess levied on the basis of occupier's rate shall be assessed, collected and recovered in the manner prescribed from time to time by statute, rules or orders for the assessment, collection and recovery of the occupier's rate charged under Part V of the Canal and Drainage Act, 1873;

Provided that the Provincial Government may, by notification modify any such rules and make further rules for this purpose and for carrying out the other provisions of this Act".

جناب والا — اس کلاز کے آخر میں دیگر دو ضمنیں ۵ اور ۶ شامل کرنے کے لئے یہ ترمیم پیش کی ہے۔ پہلی ترمیم یہ ہے۔

5. The amount of cess collected shall be spent on the direct welfare and help of refugees only and for no other purpose.

جناب والا — اس شق کو شامل کرنے کے لئے اور اس کے اغراض و مقاصد کے لئے زیادہ وجوہات دینا ضروری نہیں۔ اس سے پہلے میرے معزز دوست اس کی وضاحت فرما چکے ہیں اور یہ امر واضح ہے۔ مجھے امید ہے کہ آنریبل وزیر بحالیات اور آنریبل وزیر مالیات اس چیز پر مجھ سے اتفاق کرینگے کہ یہ روپیہ جو مہاجر سیس کے نام سے وصول کیا جا رہا ہے اور

*Uncorrected Speech.

اور جس کے وصول کرنے کے متعلق کافی توضیح ہو چکی ہے دوبارہ impose نہ کریں۔ یہ سیس صرف مہاجرین کے لئے مخصوص کیا جائے اور اسے کسی اور کام پر نہ لگایا جائے۔

مہاجر سیس ایک top heavy administration ہے۔ انگریز کے زمانے میں ایسے لوگ administration میں غریبوں کا خون چوس کر اپنا پیٹ پالتے تھے۔ یہ مہاجر سیس بغیر کسی تخصیص کے زرعی اخراجات پر استعمال کیا جا رہا ہے آپ اور یہ لوگ بھلائی کو چھوڑ کر برائی میں گرفتار ہیں۔ اس لئے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا مجھے یقین ہے کہ آنریبل وزیر مالیات جو دیانت کے لحاظ سے مشہور ہیں۔ جو خوبی طبع کے لئے مشہور ہیں اور اس ہاؤس کے سارے رکن جو پرانے ممبر اور رفیق رہے ہیں اس شق کو شامل کر لینگے کیونکہ اگر یہ سیس مہاجرین پر خرچ ہوگا تو اس سے بھلائی ہوگی برائی نہیں اور آج اگر آپ اس کی مخالفت کرینگے تو پھر اللہ کے حوالے۔

جناب والا — ضمن ۶ یہ ہے۔

"6. All lands whose owners possess only 50 acres of land or two squares shall be exempt from the payment of the Punjab Muhajir Fund Cess and no cess shall be levied on such lands."

اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر زمیندار جو ۵۰ ایکڑ کا مالک ہے جسکے پاس ۵۰ ایکڑ سے زیادہ اراضی نہ ہو، چاہے مہاجر ہو، چاہے مقامی۔ اس پر ٹیکس نہیں لگایا جائے گا۔ اس لئے اس کی زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔ جناب والا! میں پہلے بتلا چکا ہوں کہ land revenue اور آبیانہ انگریز کے چھوڑے ہوئے ہیں یہ اتنا بڑا ٹیکس ہے جس کے ہوتے ہوئے انگریز نے ریلیں بنائیں۔ نہریں بنائیں۔ اپنی دو لڑائیاں لڑیں جن میں اس کی زندگی اور موت کا سوال تھا۔ لیکن اس میں اتنی جرأت نہ تھی اس نے ظلم نہیں کیا تھا، ایسا قتل عام نہیں کیا تھا کہ ۵۰ ایکڑ کے مالک یا ۱۰۰ ایکڑ کے مالک یا ۱،۰۰۰ ایکڑ کے مالک کا وہ مالیہ یا آبیانہ کچھ اور بڑھا سکے۔ لیکن آج یہ اسلامی حکومت اور مسلم لیگ کا نام لینے والے اتنا بھی نہیں مانتے کہ ۵۰ ایکڑ کے مالک کو زندگی کی کوئی آسائش نصیب ہو۔ جو اپنے بچوں کو کالج میں یا کسی ہائی سکول میں پڑھا نہیں سکتے ان بچاروں کو صحت کے متعلق۔ رہائش کے متعلق دنیا کی کوئی آسائش نصیب نہیں۔ چنانچہ میری اپنے آنریبل وزیر مالیات سے، Treasury benches سے اور آپ سے عرض ہے کہ خدا کے لئے ۵۰ ایکڑ کے مالکوں کو چھوڑ دو۔ نہ چھوڑوگے تو اللہ کے دربار میں آپ پر بوجھ پڑے گا۔

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the following new clauses :—

That after clause 4, the following new clauses 5 and 6 be added :—

"5. The amount of Cess collected shall be spent on the direct welfare and help of refugees only and for no other purpose.

6. All lands whose owners possess only 50 acres of land or two squares shall be exempt from the payment of the Punjab Muhajir Fund Cess and no cess shall be levied on such lands".

ملک عبدالعزیز (پارلیمنٹری سیکریٹری) — جناب والا ! میرے معزز بزرگ کی تقریر میں جذبات کی شدت اور انتہا تھی۔ واقعات کو جس طریقہ سے انہوں نے پیش کیا ہے اس سے مجھے بھی شبہ ہو رہا تھا کہ غالباً یہ سیس جس وقت اکٹھا ہوگا تو شاید شہر میں رہنے والوں پر استعمال کیا جائے گا اور مہاجرین کے لئے اس میں سے کوئی رقم ان کے اغراض و مقاصد اور مفاد کے لئے استعمال نہیں ہوگی مگر میں یہ عرض کرونگا کہ یہ بات کہنے سے پہلے اگر میرے معزز بزرگ کو یہ یاد رہا ہوتا کہ جس وقت بجٹ پاس ہوا تھا تو مہاجرین کے لئے حکومت نے کس قدر provision رکھی تھی اگر اور کچھ نہیں، وہ اتنا تو اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ جب پہلے سال مہاجرین کا influx اس جگہ آیا اس وقت کم از کم ۸ کروڑ روپیہ بغیر کسی provision کے پنجاب گورنمنٹ نے صرف کیا اور درمیانی عرصہ کو عبور کرتے ہوئے اگر اس سال کا بجٹ دیکھیں تو صرف اس شق میں محض satellite towns کے لئے صرف ایک سال کے لئے ۱۷ کروڑ کی provision رکھی گئی ہے میں سخت حیران ہوں کہ یہ بات ان کے ذہن میں کیسے آگئی کہ ۱/۲ ۱ کروڑ روپیہ بلکہ اس سے بھی کم روپیہ جو مہاجر ٹیکس سے وصول ہوگا یعنی ایک کروڑ تیرہ لاکھ مہاجرین پر خرچ نہیں ہوگا۔ حالانکہ یہ بات صاف ظاہر ہے۔ اس میں کسی سیاست کی ضرورت نہیں کسی باریک بینی کی ضرورت نہیں صرف figures پڑھنے کی ضرورت ہے۔ بجٹ میں یہ بات دیکھنے میں آئیگی کہ جو روپیہ مہاجر سیس سے وصول کیا جائے گا وہ خرچ کئے جانے والی رقم سے کم ہے۔

ایک اپوزیشن ممبر — پہلے کم کیا ہے۔

ملک عبدالعزیز — یہ روپیہ جس وقت وصول ہو کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ ایسے ہر وصول شدہ روپیہ کے ساتھ ایک سرخ رنگ کی پٹی باندھ دی جائے۔ جس پر لکھا ہو "کہ یہ روپیہ مہاجرین کے لئے ہے" اور جب بنک سے مہاجرین کے خرچ کیلئے روپیہ منگوایا جائے تو "صرف سرخ پٹی والا روپیہ" ہی دیا جائے۔ (قطع کلامیاں)۔

میں جناب والا کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ رقم لازمی طور پر مہاجرین کے لئے استعمال ہوگی اور جو روپیہ ہم نے earmark کیا ہے یعنی مہاجرین کے اخراجات کے لئے - یہ بھی اس میں شمار ہوگا - ان الفاظ کے ساتھ میں ان معروضات کو ختم کرتا ہوں -

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the following new clauses :—

That after clause 4, the following new clauses 5 and 6 be added :—

"5. The amount of Cess collected shall be spent on the direct welfare and help of refugees only and for no other purpose.

6. All lands whose owners possess only 50 acres of land or two squares shall be exempt from the payment of the Punjab Muhajir Fund Cess and no cess shall be levied on such lands."

The motion was lost.

Clause 2.

Mr. Speaker : I have received an amendment from Chaudhri Muhammad Shafiq to the effect that in clause 2, sub-clause (*a*), after the words "means land" add 'comma' and the words "not allotted to a refugee, and".

Malik Abdul Aziz : (Parlimentary Secretary) : Sir, this amendment has not been received in time and, therefore, cannot be considered.

Mr. Speaker : The notice of this amendment was received on the 26th April 1952. Rule 99 says :—

"If notice of a new clause or a proposed amendment has not been given two clear days before the day on which the new clause is moved or consideration of the clause to which the amendment is proposed is commenced, any member may object to the moving of the new clause or the amendment, and such objection shall prevail unless the Speaker, in the exercise of his power to suspend this rule, allows the new clause or amendment to be moved".

In view of the fact that other honourable members have been able to send in their amendments in time, I see no special reason to exercise my exceptional power and according to the rule, the objection shall prevail.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Your honour has already allowed my amendment of the same date.

Mr. Speaker : Yes, I did because of the importance of the matter. I am not bound to follow that decision and also, remember, that no objection was taken to it.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Even if the objection is taken you can allow the ammendment.

Mr. Speaker : The honourable member has not listened to what I have said. I have said that I see no reason for exercising my discretion. The objection taken, according to the rule, shall prevail.

میاں عبدالباری (لائلپورنمبر ے مسلم) —جناب والا! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں :—

That in clause 2, sub-clause (b) for the word "includes" the word "excludes" be substituted.

Sub-clause (*b*) of clause 2 runs as follows :—

"land revenue" includes tirni or grazing dues lovied for grazing on Crown lands under section 48 of the Punjab Laws Act, 1872;

یعنی لینڈ ریونیو جس پر یہ ٹیکس لگتا ہے اس میں grazing dues کو بھی شامل کیا جائے۔ ان بھیڑوں اور بکریاں چرانے والے غریبوں کو بھی نہ چھوڑا جائے۔ جو بھیڑوں اور بکریوں کو چرانے کی فیس وہ ادا کرتے ہیں اور جس کو ترنی کہا جاتا ہے اس پر بھی دو آنے فی روپیہ کا ایک مزید ٹیکس لگا دیا جائے۔

جناب والا — تقدیر کے لئے تقریر بے سود ہوتی ہے۔ اس مقتدر ایوان کے سامنے میں ان غریب زمینداروں کے لئے جو دو مربع جات کے مالک ہیں ایک جائز درخواست کر چکا ہوں جس کو انہوں نے منظور نہیں کیا۔ اب میں کہتا ہوں کہ یہ غریب لوگ تو ایسے ہیں جن کے پاس ایک مرلہ زمین بھی نہیں۔ بھیڑیں اور بکریاں ہیں وہ انگریز کے وقت کی عائد کردہ فیس بھی ادا کرتے ہیں۔ ان کو تو خدا کے لئے چھوڑ دیجئے۔ ان پر تو رحم کیجئے (قطع کلامیاں) —

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجازت از در حق بہر استقبال می آید

ہنسو نہیں۔ یہاں پنکھوں کے نیچے ہنستے ہو لیکن یہ غریب گرمی کی لو اور سردی کے جھکڑ میں چند بکریاں بھیڑیں اور چند اونٹ جو ان کے پاس ہیں انہیں چراتے پھرتے ہیں۔ ان کی اور کوئی جائداد نہیں۔ خدا نے تم کو پاکستان اس لئے نہیں دیا کہ تم نئے ٹیکس لگاتے وقت ان غریبوں کو بھی نہ چھوڑو۔ اگر معاف نہیں کرتے تو ہنسو تو نہیں۔ یہ میری اپیل اور درخواست ہے (قطع کلامیاں) نہ ضد پر آؤ نہ ظلم پر کمر باندھو ورنہ اس کا انجام برا ہوگا۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That is clause 2, sub-clause (*b*) for the word "includes", the word "excludes" be substituted.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) —

جناب والا ! میں میاں صاحب کی ترمیم کی تائید میں کھڑا ہوا ہوں۔ اس سب کلاز (b) کے اندر انہوں نے لفظ "includes" کی بجائے "excludes" کروانے کی کوشش کی ہے۔ ایک ایسی غریب جماعت کو جس پر یہ بار ڈالا جا رہا ہے اور جس کو یہ بھی معلوم نہیں کہ یہ روپیہ کس جگہ پر خرچ کیا جائیگا اسے مستثنیٰ کروانے کی کوشش کی ہے۔

جناب والا — مسودہ قانون کی تمہید میں لکھا تو یہ جاتا ہے کہ Refugee relief کے لئے یہ روپیہ خرچ کیا جائیگا مگر جب ہم ایکٹ کو اور اس کی دفعات کو جن میں تعریفیں دی گئی ہیں دیکھتے

ہیں تو اس کے اندر ہمیں کہیں یہ پتہ نہیں لگتا کہ وہ کونسی ریلیف ہے جس کے لئے یہ روپیہ مانگا جا رہا ہے اور وہ کس قسم کی ریلیف مہیا کی جائیگی۔

Mr. Speaker : This is not the point before the House. I am not going to allow the honourable member to make any irrelevant speech. He should confine himself to the words "includes" and "excludes".

چودھری محمد شفیق—جناب والا : میری گذارش ہے کہ اس بات کے دیکھنے کی کوشش نہیں کی گئی کہ burden of tax کن اشخاص پر پڑ رہا ہے۔ آیا وہ امیروں پر پڑ رہا ہے یا کہ غریبوں پر پڑ رہا ہے۔ لفظ includes کو لفظ excludes کرانے کی جو کوشش کی گئی ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ غریبوں پر یہ ٹیکس نہ لگے۔

Mr. Speaker : That point has been sufficiently dealt with by the mover of the amendment and, therefore, it should not be repeated. Is there any other fresh argument ?

Chaudhri Muhammad Shafiq: If your honour, before hearing my argument think that I am going to repeat the same thing then I will sit down.

رانا عبدالحمید خان (منٹگمری نمبر ۸ مسلم) — جناب والا ! میں آنریبل وزیر مالیات کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ میاں صاحب کی ترمیم یہ ہے کہ لفظ "includes" کی بجائے لفظ "excludes" ثبت کیا جائے۔ اس کا منشا یہ ہے land revenue کے جو معنی آپ کو ڈکشنری میں ملتے ہیں اس کے مطابق آپ عمل کیجئے اور آپ اس پر نئے معنی ٹھونسنے کی کوشش نہ کیجئے۔ اگر آپ اس قسم کی کوشش کرینگے تو آپ کل کو یہ بھی کہیں گے کہ land revenue میں مکانوں کا کرایہ بھی آ جاتا ہے اور کرایہ داروں سے بھی land revenue لے لیا جائے۔ آنریبل وزیر مال ماشا اللہ بی۔اے۔ ایل۔ایل۔بی ہیں اور لیاقت اور ذہانت کے اعتبار سے آپ ایوان کے ان چند ارکان میں سے ہیں جو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔ میں آپ کی لیاقت۔ ذہانت اور دیانت سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ دیکھیں کہ کبھی land revenue میں grazing dues بھی آسکتے ہیں ۔ کیا اس میں ترنی بھی آ سکتی ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ترنی کے کیا معنی ہیں؟ میں نہیں سمجھتا کہ میرے سب دوست اس لفظ کے معنی جانتے ہوں گے۔ جو معزز ممبران اس کے معنی نہیں جانتے میں ان کی معلومات کے لئے یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ترنی ایک پنجابی لفظ ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کوئی بیل، بکری، بھیڑ۔ گائے یا اونٹ رکھتے ہوں اور وہ ان کو اس زمین میں جو حکومت کی ملکیت ہو چراتے ہوں تو ان کو

چار آنے فی بکری یا آٹھ آنے فی گائے یا ایک روپیہ فی بھینس یا دو روپیہ فی اونٹ بطور grazing dues ادا کرنے پڑتے ہیں ۔ اب آپ یہ دیکھیں کہ آپ کا جو قانون ہے اس میں لکھا ہے کہ ان سے جو فیس گھاس کے عوض لی جاتی ہے اس کو بھی Land revenue میں شمار کیا جائیگا ۔ ذرا ملاحظہ فرمائے کہ کس چیز کو Land revenue میں شامل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ یہ تو شائیلاک کی طرح pound of flesh لینے کے مترادف ہے اور آپ اپنا pound of flesh ضرور لینا چاہتے ہیں ۔ land reveune کی تعریف بالکل صاف ہے اور یہ Land Reveune Act میں اور اسی طرح دیگر ہزاروں ایکٹوں میں دی ہوئی ہے اور اس کے جو معنی کئے جاتے ہیں وہ سب کو معلوم ہیں۔ اس جگہ اسے خاص طور پر جو نئے معنی دئے جا رہے ہیں میں اُن کو سمجھنے سے قاصر ہوں ۔ مجھے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ آپ کا اندرونی بخل ہے آپ یہ چاہتے ہیں کہ کوئی زمیندار یا یوں کہئے کو کوئی دیہات میں بسنے والا اس ٹیکس سے بھی بچ نہ جائے۔ اس لئے آپ اس پر یہ نئے معانی ٹھونس رہے ہیں تا کہ کوئی ایسا زمیندار نہ رہے جو اسے ادا نہ کرتا ہو کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آپ کے خیال میں کوئی ایسا زمیندار ہو جو land Revoune ادا نہ کرتا ہو اس لئے آپ ترنی کو بھی land revenue میں شامل کر کے یہ کوشش کر رہے ہیں کہ کوئی شخص اس سے بچ نہ جائے اور سب پر یہ ٹیکس لگ جائے۔ کیا میں آپ سے پوچھ سکتا ہوں کہ آپ انگریزی زبان کی نئے سرے سے ڈکشنری بنانا چاہتے ہیں کہ آپ grazing dues کو بھی land revenue میں شامل کرنا چاہتے ہیں ۔کیا آپ نئی انگریزی بنانا چاہتے ہیں جس کے پیش نظر آپ الفاظ کی نئی نئی ترکیبیں ایجاد کر رہے ہیں اور ان کو نئے نئے معنی دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ کچھ ہوش کیجئے اور غریب لوگوں کو تنگ کرنے کی کوشش سے احتراز کیجئے ۔ یہ غریب لوگوں کا ملک ہے اور اس میں ان پر ان کی زیست تنگ نہ کیجئے ۔کم از کم غریبوں کو تو اپنے ظلم کا تختہ مشق نہ بنائیے ۔ میں آنریبل وزیر مال کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ میاں صاحب کی یہ ترمیم بہت مناسب ہے اور وہ اسے قبول فرما لیں ۔

Minister for Revenue : I accept the amendment.

Mr. Speaker : Since the amendment is accepted, sub-clause (*b*) becomes unnecessary. Therefore it should be deleted.

The question is—

That sub-clause (*b*) be deleted.

The motion was carried

Mr. Speaker : Chaudhri Muhammad Shafiq has given notice of an amendment that in clause 2, sub-clause (*d*) be deleted. Notice was received on the 26th. Again the same rule applies, and I do not see any reason to exercise my discretion in favour of the honourable member.

The question is—

That clause 2 as amended stand part of the Bill.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I want to oppose the whole clause.

Mr. Speaker : Had the honourable member given notice I would have allowed him to oppose the clause. Hon'ble mebers will remember that in the last session I pointed out that amendments which were to the effect that certain clauses be deleted were useful only in so far as they gave notice of the fact that the hon'ble member proposing the amendment wanted to oppose that clause and he had a right to make a speech in opposition of the clause. Since nobody has given notice for the deletion of the entire clause, therefore, I will not allow any speeches to be made in opposition of the clause.

(*Chaudhri Muhammad Shafiq stood up*)

Whenever I feel any difficulty or doubt on a certain point I ask hon'ble members to assist me to give a ruling on that particular point. I am quite clear in this case.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Will I be heard ?

Mr. Speaker : No.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. My point of order is that when a motion is put before the House whether that motion can be opposed ?

Mr. Speaker : Yes.

Chaudhri Muhammad Shafiq : The whole of clause 2 has been put before the House. I want to oppose the whole of the clause without giving any notice. I want to know whether it is in accordance with Parliamentary practice or not ?

Mr. Speaker : Which particular Parlimentary practice is the honourable member referring to ?

Chaudhri Muhammad Shafiq : That I will quote before your honour.

Mr. Speaker : The honourable member can bring it to my Chamber.

The question is—

That clause 2 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3.

*سید شمیم حسین قادری (کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۳ - مسلم مخصوص نشست) — جناب والا — میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں کہ - سیکشن ۳ کی سب کلاز (۱) میں سے لفظ "all" کو خارج کر دیا جائے -

جناب والا — یہ لفظ غیر ضروری ہے اور اگر یہ لفظ موجود نہ ہو تو اس سیکشن کے معنی بالکل صاف ہیں — یعنی

"A cess shall be levied upon lands at the rate of two annas on each rupee or part of a rupee of the land revenue."

مطلب یہ ہے کہ جس زمین پر معاملہ اراضی لگایا جاتا ہے اس پر آپ نے یہ ٹیکس لگانا ہے تو یہ لفظ all غیر ضروری ہو جاتا ہے - اس لحاظ سے

*Uncorrected speech.

میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔ اگر وہ اسے پسند کریں تو منظور فرما لیں۔ ایک ٹیکنیکل سی بات ہے ۔

Mr. Speaker : The question is —

That in clause 3, sub-clause (I), the word "all occuring after the words "lovied upon" be deleted."

The motion was lost.

***سید شمیم حسین قادری**(کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۳ ۔ مسلم مخصوص نشست) — حضور والا — میری ترمیم یہ ہے ۔

کہ سیکشن (۳) کی سب کلاز (۱) میں الفاظ " دو آنے ،، کی بجائے الفاظ " چھ پائیاں ،، ثبت کئے جائیں۔

جناب والا — یہ ترمیم اسلئے کی گئی ہے کہ ان لوگوں پر جن پر یہ ٹیکس لگایا جائیگا ٹیکس کا بوجھ کم ہو۔ اس بات کے حق میں کہ یہ ٹیکس لگایا جانا چاہئے یا نہیں ہاؤس میں بہت سی تقاریر ہو چکی ہیں۔ اسلئے اس بارہ میں کچھ کہ کر میں ایوان کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ لیکن جناب والا اسکا یہ پہلو بڑا ضروری ہے کہ جب محاصل کے قانون کو مد نظر رکھکر ٹیکس لگایا جاتا ہے تو یہ دیکھا جاتا ہے کہ ٹیکس کا بار اسقدر نہ بڑھ جائے کہ وہ جو ٹیکس دینے والے ہیں وہ اسکو دینے سے معذور ہو جائیں۔ یہ ٹیکس ان پر بھی عائد ہوگا جو ایک روپیہ یا اس سے کم مالیہ ادا کرینگے ۔ اگر کوئی دو آنے مالیہ ادا کرتا ہو تو اس پر بھی ٹیکس دو آنے ہی ہوگا۔ ابھی تھوڑے دن ہوئے اس ایوان نے زرعی اصلاحات پاس کی ہیں۔ اس وقت یہاں کہا گیا تھا کہ یہ اصلاحات مزارعین کی مدد کیلئے انکو زیادہ حصہ دلانے کیلئے اور انکا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے ہیں۔ مگر اس بل سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ایک ہاتھ سے تو مزارعین کو کچھ دیتی ہے اور دوسرے ہاتھ سے واپس لیتی ہے ۔ اسلئے کہ لینڈ ریونیو کا کچھ حصہ مالک ادا کرتے ہیں اور کچھ مزارعین۔ بلکہ اب مزارعین اسکا ساٹھ فیصدی حصہ ادا کرتے ہیں۔ اسلئے اس ٹیکس کا زیادہ بوجھ انہی پر پڑیگا اور یہ ان پر ایک بہت بڑا بوجھ ہوگا۔ اگر حکومت یہ ٹیکس بڑی بڑی آمدنیوں والے امیر آدمیوں سے وصول کرتی تو یہ قانون مفید ثابت ہوتا ۔ اگر میاں عبدالباری صاحب کی اس ترمیم کو مان لیا جاتا کہ دو مربعوں کے مالکان کو اس ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا جائے تو میری اس ترمیم کی ضرورت پیش نہ آتی ۔ لیکن چونکہ وہ ترمیم مسترد کر دی گئی ہے اسلئے اب یہ ترمیم بہت ضروری ہے ۔ لوئر کلاس کیلئے جن کی آمدنی بہت قلیل ہے ۔ جو چھ ایکڑ یا اس سے کم اراضی رکھتے ہیں۔ انکے لئے

*Uncorrected speech.

یہ ٹیکس اونٹ کی پیٹھ پر آخری تنکا ثابت ہوگا۔ اگر مہاجرین کی امداد ہی مقصود ہو تو انہیں میری یہ ترمیم ماننے سے احتراز نہیں کرنا چاہئے۔ چونکہ اس بل سے یہ واضح نہیں کہ یہ روپے جو اس ٹیکس سے وصول ہونگے وہ صرف مہاجرین پر ہی خرچ کئے جائینگے اسلئے یہ نہایت ضروری ہے کہ اس ٹیکس کی شرح کو کم کر دیا جائے۔ میرے فاضل دوست آنریبل وزیر مہاجرین اور انکے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرماتے ہیں کہ وہ اس رقم کو مہاجرین کو وظائف دینے کیلئے استعمال کرینگے۔ آنریبل وزیر بحالیات نے اپنی بجٹ تقریر میں بھی یہ فرمایا تھا کہ حکومت evacuee property کے کرائے اسلئے وصول کرتی ہے تا کہ اس سے مہاجرین کو الاؤنس دئے جا سکیں۔ ایک دن ایک بات کیلئے ایک دلیل دی جاتی ہے اور دوسرے دن دوسری۔ پھر جناب والا یہ کہا گیا ہے کہ مہاجرین کیلئے نئے قصبات بنانے ہیں۔ مہاجرین کیلئے تو خیر کیا ہوگا البتہ حکومت کے افسروں کیلئے گلبرگ کالونی جیسی آبادیاں بن گئی ہیں جہاں چودہ چودہ اور سولہ سولہ کنال کی کوٹھیاں بن رہی ہیں۔ سمن آباد اور مصری شاہ میں تو دو چار مکانات بنا دئے جاتے ہیں اور زیادہ رقم ادھر خرچ کی جا رہی ہے۔ میں حکومت سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ خدا کیلئے اس ٹیکس کی وصولی کیلئے ان غریب مہاجرین کا گلا نہ گھونٹیئے جو اسے ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ یہاں جو مہاجر ممبر موجود ہیں وہ پارٹی ڈسپلن کی وجہ سے بول نہیں سکتے ورنہ دل سے وہ بھی اس ترمیم کو منظور کر لئے جانے کے حق میں ہیں۔ اور اگر خفیہ رائے شماری ہو تو یقیناً اسکا نتیجہ مختلف ہوگا۔ میری مراد مہاجرین کے ان نمائندہ ممبران سے ہے جو ابھی تک اپنے حلقوں میں جاتے رہتے ہیں۔ ان ممبران سے نہیں جو ایک دفعہ منتخب ہو جانے کے بعد اپنے ووٹروں کو پوچھتے ہی نہیں اور انکا کام صرف الاٹمنٹیں کرانا یا اپنے عزیزوں کو نوکریاں دلانا ہے۔ حضور والا میں ان لوگوں کی آواز آپکے کانوں تک پہنچانا چاہتا ہوں جو معذور ہونگے اور اس قابل نہیں ہونگے کہ اس ٹیکس کا بار اٹھا سکیں۔ آنریبل وزیر مال خود اس چیز کو کئی دفعہ سوچ چکے ہیں کہ یہ ٹیکس ناجائز ہے لیکن خزانے میں روپیہ کم ہونے کی وجہ سے وہ اسطرح مہاجرین کا گلا کاٹ رہے ہیں۔ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ مہاجرین کو مکانات بنا کے دئے جائینگے اور انکو دیگر سہولتیں بہم پہنچائی جائینگی اور دوسری طرف انکی جیبیں کاٹی جاتی ہیں اور ان پر ایسے ٹیکس لگائے جاتے ہیں جن کو وہ برداشت نہیں کر سکتے۔ کہا گیا تھا کہ ہم نے آٹھ کروڑ روپیہ صوبائی خزانہ سے مہاجرین پر خرچ کیا ہے اور کچھ روپیہ سنٹر سے قرض لیا ہے۔ اور وہ روپیہ جو قرض

لیا گیا ہے وہ اس ٹیکس سے وصول کیا جائیگا۔ اگر آپ نے ظلم کرنا ہی ہے تو خدا کے لئے اتنا زیادہ نہ کیجیئے۔ ٹیکس لگانے کا یہی اصول ہے کہ ٹیکس ایسے اشخاص پر عائد کیا جائے جو اسے ادا کر سکیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس ٹیکس میں بڑے اور چھوٹے سب آ جاتے ہیں مگر وہ غریب مہاجر مزارع جو اسکے ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے حکومت کو ان کا بھی خیال ہونا چاہئیے لیکن اس ٹیکس سے بہت سے غریب لوگ پس جاتے ہیں۔ اور جناب والا۔ انکم ٹیکس کا اصول بڑا واضح ہے۔ انکم ٹیکس اسی سے وصول کیا جاتا ہے جو اسکے ادا کرنے کی استطاعت رکھتا ہو۔ اور قاعدے کے مطابق امیر آدمی سے یہ ٹیکس زیادہ وصول کیا جاتا ہے لیکن جناب والا یہاں یہ اصول استعمال کیا گیا ہے کہ جو غریب ہو جو مہاجر ہو جن کے پاس اتنے پیسے نہ ہوں کہ رات کو کھانا کھا سکیں جن کے پاس اتنے پیسے نہ ہوں کہ اپنے بچوں کے کپڑے بنا سکیں۔ جن کے پاس اتنے پیسے نہیں کہ اپنے بچوں کا علاج کر سکیں ان پر بھی ٹیکس عائد کر دیا گیا ہے اور جناب والا امیروں سے ٹیکس لیا جاتا ہے تو انکے لئے services render کی جاتی ہیں ۔ جناب والا آپ خیال فرمائینگے کہ کارگذاریوں کا اتنا بڑا طومار جو اس ہاؤس میں بیان کیا گیا ہے کہ اتنے satellite towns بنائے جا رہے ہیں اور اسقدر وظائف بچوں کو دیئے گئے ہیں وغیرہ وغیرہ یہ سب کچھ سوائے اس کے کہ امیروں کے لئے مزید سہولتیں بہم پہنچائی جائیں اور کچھ بھی نہیں۔ اور حضور والا۔ غریب مہاجرین کے لئے کیا کیا گیا ہے ۔ مکان ان کے رہنے کے لئے نہیں ہیں۔ انکے لئے دوائی نہیں ہے۔ انکے بچوں کے لئے سکول نہیں ہیں ان کے لئے کوئی اور facility نہیں ہے اور پھر ٹیکس بغیر تمیز کے لگائے جاتے ہیں اور اگر یہ ٹیکس بغیر تمیز کے لگانے ہیں تو انکی شرح اتنی کم کر دی جائے کہ غریب لوگ انہیں آسانی سے ادا کر سکیں۔ آپ امیروں پر بے شک کوئی ٹیکس لگا دیں مگر وہ لوگ جو آپ کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ ان کو آپ یہ سہولت دے رہے ہیں کہ آپ اس کی قلیل آمدن پر ایک اور بوجھ ڈال رہے ہیں۔ کہ اگر اسے کچھ تھوڑا بہت مل گیا ہو تو حساب برابر کر دیں۔ جناب والا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں استدعا کرتا ہوں کہ اگر وزیر مال کا منشاء یہ ہے کہ مہاجر کی امداد کی جائے تو پھر اس ٹیکس کی شرح کو reduce کر دیا جائے ۔ اور اگر وہ بجٹ کی کسی کمی کو پورا کرنا چاہتے ہیں تو پھر وہ یقیناً اسکی شرح کو کم نہیں کرینگے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں استدعا کرونگا کہ میری اس ترمیم کو منظور فرمایا جائے۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 3, sub-clause (1), for the words "two annas" the words "six pies" be substituted.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مخصوص نشست) — جناب والا یہ تو ہمیں معلوم ہے کہ اس ایوان کے اندر برسر اقتدار پارٹی ۸۵ فیصدی ان پڑھ اکثریت کے زور سے اس بل کو پاس کروا لیگی ۔ مگر پیشتر اسکے کہ یہ بل پاس ہو جائے میں ان کے نوٹس میں وہ سلوک لانا چاہتا ہوں جو کہ پچھلے دنوں لاہور میں ایک ریفوجی کے ساتھ گڑھی شاہو کے اندر کیا گیا ۔ جس کے متعلق میں جناب والا کی وساطت سے ان مقامات کی وہ تصویریں اس ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ جن سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ مہاجرین کی کیا کیا امداد کی جاتی ہے ۔ جناب والا ۔ کسی طرح سے ایک مہاجر نے امپرومنٹ ٹرسٹ کے رقبہ کے اندر ایک جھونپڑی بنائی اور امپرومنٹ ٹرسٹ نے اسکو اٹھوا کر دوسری جگہ ڈلوا دیا ۔ وہاں پر بارہ جھونپڑیاں اور موجود تھیں ۔ مگر اس مہاجر کی جھونپڑی کو رشوت نہ ملنے کی وجہ سے گرا دیا گیا اور اس کا مال اسباب سڑک پر پھینک دیا گیا ۔ ان واقعات کا مظاہرہ ان تصویروں سے عیاں ہے جو جناب والا کے سامنے اس لئے پیش کی ہیں کہ انہیں آنریبل وزیر مہاجرین کے سامنے پیش کر دیا جائے تا کہ انہیں پتہ لگ سکے کہ وہ کیونکر مہاجرین کو ریلیف دیتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ مہاجرین نے یہ کوشش کی کہ وہ منٹگمری میں رہنے کے لئے مکانات بنائیں اور اپنی مدد خود کریں اور اس غرض کے لئے انہوں نے ایک کوآپریٹو سوسائٹی بنائی اور ایک جگہ زمین حاصل کرنیکی کوشش کی مگر وہاں زمین انہیں نہ دی گئی پھر دوسری جگہ کے لئے انہوں نے کوشش کی مگر وہاں بھی انہیں زمین نہ ملی ۔ اب تین چار روز کا عرصہ ہوا ان کو یہ جواب ملا ہے کہ دیکھئیے ہم یہاں ایک Satellite town بنانے لگے ہیں کیا یہ دو آنے فی روپیہ کا ٹیکس جو لگایا جا رہا ہے کیا یہ اسی مطلب کے لئے ہے ؟ اور پھر جناب والا یہ ٹیکس کا ریٹ جو لگایا گیا ہے یہ اتنا زیادہ ہے کہ اگر یہ صرف لینڈ ریوینیو پر ہوتا تو ممکن ہے میں کوئی اعتراض نہ کرتا مگر یہ معاف شدہ لینڈ ریوینو پر بھی لگایا جائیگا اور پھر یہ آبیانہ پر بھی عائد ہوتا ہے جو لوگ پانی مول لیتے ہیں انکا کیا قصور ہے کہ انکے مول کے پانی پر بھی دو آنے کے حساب سے ٹیکس لگایا جائے ۔ میں عرض کرونگا کہ اگر اس پر سے ریٹ کو کم کر دیں تو اس صورت میں بھی غریبوں پر سے یہ burden ضرور کم ہو جائے گا ۔ دراصل قصور ان کا نہیں ۔ یہ انگریز کے زمانے کے لکیر کے فقیر ہو چکے ہیں ۔ انکے دماغ میں

originality نہیں رہی ہے - پرانے زمانے کا کوئی دقیانوسی ایکٹ پڑا مل جائے تو اسے اٹھا لیتے ہیں - لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اسکا burden غریب پر پڑتا ہے یا امیر پر - آج آپکے سامنے غریب پر burden پڑ رہا ہے - اور agricultural income-tax کے ذریعہ سے امیر سے burden ہٹایا جائے گا -

شیخ ظفر حسین — انشا اللہ -

چودھری محمد شفیق — جناب والا — یہ" انشا اللہ ،، زیادہ عرصہ تک قائم نہیں رہ سکے گا - اگر آپکا " انشا اللہ ،، غریبوں پر ظلم اور امیروں کے ساتھ رعائتیں کریگا تو یہ قائم نہیں رہے گا - (آوازیں - انشا اللہ) جناب والا - دراصل ارباب حکومت کے دماغوں میں originality نہیں ہے - یہ سوچنے کی کوشش نہیں کرتے کہ کس جگہ burden ہونا چاہئیے اور کس جگہ نہیں ہونا چاہیئے - انہوں نے شاید Economics نہیں پڑھی - ایک پرانا مہاجر ٹیکس اٹھا کر ایوان کے سامنے رکھ دیا ہے خدا را کچھ دماغ سوزی کرنے کی کوشش کیجیئے - جب کبھی آپ کوئی ٹیکس لگانے کی کوشش کریں تو یہ دیکھیں کہ کہیں غریب پر تو اسکا burden نہیں پڑتا جو پہلے ہی دبا ہوا ہے - میں وزیر مال سے استدعا کرتا ہوں کہ اگر وہ غریبوں کی خدمت کرنا چاہتے ہیں اور ان سے دعائیں لینا چاہتے ہیں تو اس کلاز میں دو آنے کی بجائے چھ پائی کر دیں -

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 3, sub-clause (1), for the words "two annas" the words "six pies" be substituted.

Syed Shamim Hussain Qadri : Please take the secret ballot.

Mr. Speaker : I am not bound to take secret ballot. Rule 63 says :—

"(2) If the opinion of the Speaker as to the decision of a question is challenged, he shall direct that the division bells be rung for two minutes to enable members not present in the Chamber to return to their places.

Provided that if in his opinion the division is unnecessaily claimed, the Speaker may call upon the members who support the claim for division for and those who challenge his decision to rise in their places, and he shall thereupon as he thinks fit, either declare the determination of the Assembly or proceed to the division."

I am of the opinion that the division is being unnecessarily claimed.

Mian Abdul Bari : If you permit me, I would submit.

Mr. Speaker : I am afraid I cannot allow any discussion on matters which are within my purview. The rule is quite clear. If the Speaker thinks that the division is unnecessarily claimed, he can call upon honourable members to rise in their places. (Interruptions) Order, order. I am of the opinion that the division is being unnecessarily claimed.

Syed Shamim Hussain Qadri : I made it quite clear that division is within your discretion.

Mr. Speaker : If it is not unnecessarily claimed.

The question is—

That in clause 3, sub-clause (1) for the words "two annas", the words "six pies" be substituted.

On votes being counted the motion was declared lost.

*میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم)— جناب صدر آپ کی اجازت سے میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں کہ

That in clause 3, sub-clause (1) the words "and the occupiers rate payable" be deleted

جناب والا — کلاز نمبر ۳ کی سب کلاز ۱ یہ ہے۔

"A cess shall be levied upon all lands at the rate of two annas on each rupee or part of a rupee of the land revenue assessed and the occupier's rate payable in respect of such land."

حقیقت تو یہ ہے کہ اس سارے cess کو ایک نہایت ظالمانہ فعل سمجھتے ہوئے اسکی مخالفت کرنے کے بعد ان ترامیم کو لانے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ نہایت مفلوک الحال اور ایسے فرقہ ملت کو جو غربت کی پستیوں میں گرا ہوا ہے ایک ایسے چکر والے سانپ کے چنگل سے بچا کر لے جائیں جو اسکی ہڈیوں کو توڑنا چاہتا ہے۔ بد قسمتی سے اس وقت وہ سانپ اس کیفیت میں بیٹھا ہوا ہے کہ غریب سے غریب آدمی کو بھی چھوڑنے کیلئے تیار نہیں۔ میرے معزز دوست آنریبل شمیم حسین صاحب قادری نے ایک رنگ میں وہ چیز پیش کی کہ جس سے سانپ کا چنگل تھوڑا سا کمزور ہو جائے اور غریب اسکا سر کچلنے کے قابل ہو سکے۔ لیکن افسوس کہ وہ ترمیم منظور نہ ہوئی۔ میں اس چیز کو دوسرے رنگ میں پیش کر رہا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اس بل کی شق نمبر ۳ کے مطابق دو آنے ہر روپے پر یا روپے کے کسی حصہ پر cess لگے گا۔ یعنی اگر روپے کا کوئی حصہ بھی رہ جائے گا تو اسے بھی نہ چھوڑے گا۔

یہ cess معاملے اور آبیانے دونوں پر لگایا گیا ہے۔ میں اس وقت جناب والا کی وساطت سے اپنے آنریبل دوست جناب وزیر مال سے پوچھوں گا۔ ان کی اس دیانت سے جس کیلئے وہ مشہور ہیں اور اس ارتقا سے جس کی بنا پر انہیں اپنی ذمہ داری کا احساس ہے۔ دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ آیا آپ کے نزدیک انصاف کا یہی معیار ہے کہ آپ ہر غریب کسان پر خواہ وہ ایک ایکڑ کا مالک ہو یا دس ایکڑ کا۔ ٹیکس لگا دیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طبقے پر ٹیکس لگانا جو اپنے بال بچوں کیلئے بمشکل روٹی اور کپڑے کا کفیل ہوتا ہے بہت بڑا ظلم ہے۔ براہ کرم مخلوق خدا سے تمسخر نہ کیجیئے۔ کیونکہ بالاخر آپ نے اس ٹیکس کیلئے بھی اللہ کے سامنے جانا اور جواب دینا ہے۔ اس قادر مطلق کے سامنے جانا ہے جس نے اس

* Uncorrected speech.

کائنات کو پیدا کیا ۔ جس نے آپ کو وزیر بنایا اور جسے ہر چیز کا علم ہے ۔ میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ ایسی چیزیں چھوڑ دیں جن کو ہم شروع سے نامناسب خیال کرتے ہیں۔ یہ ایک ظالمانہ فعل ہے ۔ یہ ایک شدید ظلم ہے اور اس صوبے کی مخلوق میں فرق پیدا کرنے کا موجب ہے ۔ یہ بل زمینداروں اور کاشتکاروں کو قتل کرنے والی چیز ہے ۔ میں آپ کی اس ضمیر سے جو تہجد میں اللہ کے سامنے سرنگوں ہوتی ہے ۔ پوچھنا چاہتا ہوں ۔ کیا آج بھی اس cess کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی کہ پانچ سال پہلے تھی ۔ یعنی اس وقت جب کہ مہاجرین تباہ و برباد ہو کر کس مپرسی کی حالت میں آ رہے تھے ۔ جب ایک ایک بچہ ۔ ایک ایک عورت اور ایک ایک مرد کو سنبھالنا ضروری تھا اور جن کی وقتی طور پر سب سے بڑی امداد یہی ہو سکتی تھی کہ ان زمینوں پر اور مکانات وغیرہ میں بٹھا دیا جائے اس سلسلے میں محکمہ بحالیات نے جو کچھ کیا وہ بھی سب پر عیاں ہے اس محکمے نے سوائے اس کے اور کچھ نہ کیا کہ ایک کی پگڑی دوسرے کے سر اور دوسرے کی تیسرے کے سر رکھ دی ۔ اس بل میں جو کچھ درج کیا گیا ہے اس کے مطابق آپ کو لاانتہا آمدنی ہوگی ۔ مگر اس کا مصرف جو بیان کیا گیا ہے وہ ہرگز تسلی بخش نہیں ۔ میں آنریبل وزیر مال سے پوچھتا ہوں کہ جہاں آپنے Satellite Towns بنانے کی سکیمیں مرتب کر رکھی ہیں ۔ کیا انہیں عملی جامہ پہناتے وقت اس کی زمین نیلام نہ کرینگے ۔ کیا آپ ان زمینوں کو مختلف فرقوں میں فروخت نہ کرینگے اور کیا اس فروختگی ۔ اس نیلام اور اس بندوبست سے روپیہ وصول نہ ہو گا ۔ انگریز کے عہد میں جب کسی ضلع کا بندوبست ہوتا تھا تو وہاں نیلام بھی ہوتی تھی اور دیگر لوازمات بھی ہوتے تھے ۔ وہاں جب ایک محلہ آباد کرنا ہوتا تھا تو کیا اس کے لئے لاکھوں اور کروڑوں روپے کی development کی سکیمیں نہ ہوتی تھیں ۔ کیا آپ یہ کوئی نیا کام کر رہے ہیں ۔ آپ کو ایسی سکیموں سے آمدنی بھی تو کافی ہوگی ۔ مگر اس کا کہیں ذکر ہی نہیں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ اس بل کو ترتیب دیتے وقت نہایت ہی لا پرواہی سے کام لیا گیا ہے ۔ کیونکہ اس میں خرچ کی مد کا کہیں ذکر نہیں کیا گیا میری گذارش اس سلسلے میں یہ ہے کہ جس خرچ کے پیش نظر غریبوں پر یہ دو آنے فی روپیہ ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ یعنی اگر اور کچھ نہیں مانتے ۔ اگر آپ اس سارے چکر میں جو حکومت کے سانپ نے غریبوں کی ہڈیاں توڑنے کیلئے اس وقت چلا رکھا ہے خفیف سی تبدیلی کرنے کیلئے تیار نہیں ۔ تو مجھے صرف اتنا تو بتا دو کہ حکومت کو مہاجرین کی امداد کیلئے روپے کی اتنی ہی

ضرورت ہے جتنی کہ ۱۹۴۷ء اور ۱۹۴۸ء میں تھی۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کی حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ میرا مطالبہ صرف یہ ہے کہ اگر یہ ٹیکس ضرور لگانا ہی ہے تو معاملے پر لگا لو آبیانے کو چھوڑ دو۔ ایک چیز پر لگا لو اور ایک کو چھوڑ دو۔ جناب والا۔ میں ایوان ہذا کے سامنے بالعموم Treasury Benches اور اپنے معزز دوست چٹھہ صاحب کے سامنے بالخصوص یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ ان دلائل و براہین سے متأثر ہو کر کچھ کرنا بھی چاہیں گے تو ہرگز نہ کر سکینگے۔ کیونکہ آپ کے فنانس سیکرٹری صاحب کہہ دینگے کہ اس کے بغیر بجٹ کی کمی پوری نہیں ہو سکتی۔ میں جانتا ہوں کہ فنانس سیکرٹری صاحبان کی عام طور پر یہ عادت ہوتی ہے کہ جب ان سے یہ کہا جائے کہ فلاں مد کو گھٹاؤ یا کسی قدر تخفیف کرو تو وہ اس قدر تنگ کرتے ہیں اور اس کے خلاف اس قسم کے دلائل پیش کرتے ہیں جن سے ظاہر ہو کہ ایسا کرنے سے آسمان ٹوٹ پڑیگا۔ زمین غرق ہوجائیگی اور آفتاب ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیگا۔ اس کا ثبوت یہ ہے جب مسلم لیگ نے مہاجرین کی آباد کاری کے متعلق ٹیکس کا ریزولیوشن پاس کیا تو میں نے یہ کوشش کی اور مشیروں سے کہا (جن میں سے ایک صاحب آج بھی وزیر ہیں اور میری گواہی دینگے) کہ ٹیکس بیشک لگاؤ مگر مجوزہ چالیس فیصدی ایک بڑی ایزادی ہے۔ اسے کم کرنا چاہیئے۔ مگر اس وقت جو ہمارے فنانس سیکرٹری تھے اور آج ہمارے چیف سیکرٹری ہیں۔ اپنی بات پر اڑے رہے اور یہ فرمانے لگے کہ یہ ٹیکس چالیس فیصدی رہنا چاہیئے۔ کیونکہ اس کے بغیر مہاجرین کی آباد کاری کا خاطر خواہ انتظام ناممکن ہے۔ چنانچہ اس ایزادی پر مہاجر ٹیکس لگا دیا گیا۔ اس وقت میں نے مشیروں کی موجودگی میں اصرار کیا کہ ہمارے آبیانے کی مقدار بہت زیادہ ہے۔ اس پر مزید ٹیکس عائد کرنا مناسب نہیں۔ کیونکہ میں جانتا تھا کہ آبیانے کی مقدار زیادہ ہے۔ اتنی زیادہ کہ اس سے زیادہ دنیا کے کسی ملک میں نہیں اور یہ آبیانے کی رقم تو پہلے ہی لوگوں کیلئے ناقابل برداشت ہے۔ اس کے بعد میں نے گورنر صاحب سے بھی درخواست کی کہ اس چالیس فیصدی کو ہٹا دیا جائے۔ حضور والا کی وساطت سے میں اپنے دوست کی اطلاع کیلئے یہ بھی عرض کر دوں کہ مجھے ان تمام مشکلات کا احساس ہے جو ان کے راستے میں ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ جب اس قسم کی تخفیف کی تجویز کے scope کے متعلق Secretariat اور سیکرٹری صاحبان سے رائے لی جاتی ہے تو جواب یہ موصول ہوتا ہے کہ اس چیز کو گھٹانے کا تو فی الحال کوئی scope نہیں۔ البتہ بڑھانے کا scope ہے۔

اور ساتھ ھی اربعہ وغیرہ لگا کر اسے ثابت کرنے کی کوشش کرتے ھیں۔ یہ تو وھی بنئے کے کنبے والی بات ھے جس نے دریا کو عبور کرنے سے پہلے اربعہ لگا کر اوسط گہرائی چار فٹ مقرر کی مگر اپنے کنبے کے افراد کی اوسط لمبائی ساڑھے پانچ فٹ نکالی۔ نتیجہ یہ ھوا کہ ایک گڑھا جو آیا تو سب کنبہ اس میں ڈوب گیا۔ بعد میں وہ بنیا کہنے لگا کہ اربعہ جوں کا توں۔ کنبہ ڈوبا کیوں۔ تو میری گذارش یہ ھے کہ دیہات میں جہاں چھوٹے زمینداروں اور cultivators کی اکثریت ھے اور جن کے لئے اھل و عیال کا پیٹ پالنے اور تن ڈھانپنے کے علاوہ اور کوئی آسائش نہیں ان پر یہ ٹیکس عائد کرنا بہت بڑا ظلم ھے۔ پھر میرے دوست یہ بھی مانینگے کہ میں نے Advisers سے یہ بھی کہا اور اس کے متعلق میرا اعلان موجود ھے کہ اگر آپ نے مہاجر ٹیکس کے سلسلے میں پندرہ دن کے اندر اندر کوئی ٹھوس کارروائی نہ کی تو میں آپ کو recall کر لونگا۔

جناب صدر — اب پانچ سال کے بعد میں آنریبل چٹھہ صاحب سے یہ درخواست کر رھا ھوں کہ ملک کی نبض پر بھی ھاتھ رکھیئے۔ اس چیز کو بھی محسوس کیجیئے کہ آپ کا یہ ٹیکس کہیں ان لوگوں کی تباھی کا باعث تو نہ ھوگا جو پہلے ھی ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے ھوئے ھیں۔ کیونکہ میں سمجھتا ھوں کہ جب کسی قوم پر اس کی قوت برداشت سے زیادہ بوجھ پڑنے لگے تو اس پر فوری مصیبت آیا کرتی ھے۔ آج آپ نے قوم کی نبض پر ھاتھ نہیں رکھا۔ آپ کے چیف منسٹر صاحب کا یہ کہنا ھے کہ میں اسے قوم کی بہتری اور فلاح سمجھتا ھوں۔ اخر ھر ایک چیز کی کوئی حد ھوتی ھے۔ کہیں آبیانہ ٹیکس ھے۔ کہیں مہاجر ٹیکس اور کہیں سیلاب ٹیکس ھے۔ میں آنریبل وزیر مال سے پوچھنا چاھتا ھوں کیا موصوف اب پانچ سال کے بعد بھی اپنے آپ کو اس ٹیکس کا حقدار سمجھتے ھیں۔ میں آپ سے زیادہ نیک نہیں ھوں۔ مجھے معلوم ھے کہ آپ کے دل میں قوم کا درد ھے۔ میں آپ سے پوچھتا ھوں کہ اس کرسی پر بیٹھکر وہ ملت کا درد کہاں گیا۔ آپ کو معلوم ھونا چاھیئے کہ اس کیلئے بھی اپ کو اللہ کے دربار میں جواب دینا پڑیگا۔ جس کے سامنے آپ دن رات ماتھا رگڑتے ھیں۔ میں جانتا ھوں کہ یہ قانون صدیوں سے موجود ھے۔ مگر اسے نافذ کرنے کی ضرورت کبھی پیش ھی نہیں آئی۔ علاؤ الدین خلجی جس نے یہ قانون قائم کیا تھا۔ وہ بہت بڑا ظالم تھا۔ (قطع کلامیاں)۔

Mr. Speaker : It is general. Please confine yourself to the amendment.

Mian Abdul Bari : It is not general.

جناب صدر — میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر سارا نہیں ہٹاتے تو کم از کم کچھ تو ہٹاو۔ مگر وہ جس اصول پر چل رہے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ رعایا کو غریب بنا کر خود امیر بن جاؤ۔

آج تک زمینداروں پر متحدہ ہندوستان کی تاریخ میں کبھی ایسی غیر منصفانہ زیادتی نہیں کی گئی تھی مگر افسوس ہے کہ پانچ سال کے بعد بھی آپ اس امر پر متفق نہیں کہ آبیانے پر مہاجر ٹیکس چھوڑ دیں اور صرف مالیے پر لگائیں۔ کچھ تو رعایت کیجئے۔ پھر آئندہ مزید رعایت دینے کی رسم پڑ جائیگی۔ ورنہ ممکن ہے قوم آپ کے اسی ظلم کو آپکے گلے میں پھندا بنا کر ڈال دے۔

Mr. Speaker : Clause under consideration , amendment moved is—

That in clause 3, sub-clause (1), the words "and the occupier's rate payable" be deleted.

خان عبدالستار خان نیازی (میانوالی۔نمبر ۲ مسلم) — جناب والا — اگرچہ میں اس بل کے مسلمات اور اصولوں کے خلاف ہوں اور جب اس بل کی تیسری خواندگی کا وقت آیا تو میں اس ضمن میں اپنے خیالات بھی پیش کرونگا۔ تاہم جہاں تک ترمیم زیر غور کا تعلق ہے میں یہ عرض کرونگا کہ جونقطہ نگاہ اور انداز فکر آنریبل میاں عبدالباری صاحب نے پیش کیا ہے۔ میں اسکی تائید کرتا ہوں۔ قیام پاکستان کے بعد بجائے اسکے کہ ہم آگے کیطرف قدم لے جاتے ہم عملاً اس اسلامی تصور سے ہٹ کر دور پیچھے کیطرف جا رہے ہیں جو اصول ٹیکس عائد کرنے کے سلسلے میں اسلام نے ہمارے لئے تجویز کیا تھا۔ یعنی امیروں سے لیکر غریبوں پر خرچ کرنے کا اصول وہ ہم نے پیٹھ پیچھے پھینک دیا۔ جناب صادق و مصدوق حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔

''تو خذ من اغنیاءھم و ترد الی فقراءھم،، یعنی ان دولتمندوں سے روپیہ لیکر غریبوں پر خرچ کیا جائے۔ نیز قرآن مجید میں حکم ہے :—

'' و فی اموالھم حق للسائل والمحروم ،، یعنی انکے اموال میں سائل اور محروم لوگوں کا حصہ ہوتا ہے۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت نے اسکے خلاف غریبوں پر ٹیکس لگانے کا جو نظریہ قائم کر لیا ہے وہ اس حکومت کو تباہی کیطرف لے جائیگا۔ کیونکہ اسطرح سے احکام اسلامی کی صریحاً خلاف ورزی ہو رہی ہے۔

میں اس لئے اٹھا ہوں تا کہ آپکو اس گمراہی کے خطرے سے بچاؤ کا رستہ بتاؤں۔ میاں عبدالباری نے جو اپیل کی ہے کہ یہ ٹیکس آبیانے

پر چھوڑ کر صرف مالیئے پر رہنے دیا جائے میں اس سے بھی ایک قدم آگے جانا چاہتا ہوں۔ میں کہونگا کہ یہ سود در سود کا طریقہ یعنی آبیانے کے ٹیکس پر ایک اور ٹیکس۔ مہاجر ٹیکس کے نام سے عائد کرنا شرعاً ناجائز ہے۔ ٹیکس پر ٹیکس لگانا اسلامی روح کے خلاف ہے آپ اس نقطہ نگاہ کو یک قلم چھوڑ دیں تو بہتر ہوگا ورنہ یہ کافرانہ نظریہ تمہیں کہیں کا بھی نہیں چھوڑیگا۔ یہ سب فرنگی تہذیب و تمدن کے منحوس اثرات ہیں۔ بقول حضرت علامہ رحمتہ —

من درون شیشہ ہائے عصر حاضر دیدہ ام
آنچناں زہرے کہ ازوے مارہا در پیچ و تاب
انقلاب ! انقلاب ! انقلاب ! !

یہ تصور ہماری بربادی کا آزمودہ نسخہ ہے۔

جناب والا — ان الفاظ کے ساتھ میں میاں عبدالباری صاحب کی پیش کردہ ترمیم کی تائید و حمایت کرتا ہوں۔

شیخ ظفر حسین (پارلیمنٹری سیکرٹری)— حضور والا — قبلہ مولوی عبدالباری صاحب اور مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب نے.....

Mian Abdul Bari : On a point of order. He should address the members in a proper manner. I draw your attention to the manner in which he is addressing the members of this house. What does he mean by calling me Maulvi Sahib ?

Mr. Speaker : The honourable member should make references to honourable members, if necessary, in a parlimentary manner.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. It is not for the first time that this honourable member has addressed the members by name.

Mr. Speaker : What is the point of order ?

Chaudhri Muhammad Shafiq : I am going to state it and it is this that the honourable member has named another honourable member in a way which was contemptuous.

Mr. Speaker : I do not see any contempt and therefore the point of order is over-ruled.

شیخ ظفر حسین — جناب والا — مجھے افسوس ہے کہ میں نے "قبلہ" کا لفظ استعمال کیا ہے۔

Mian Abdul Bari : On a point of order. He is again making personal insinuations.

Mr. Speaker : I will not allow any insinuation. Will the honourable member please withdraw these insinuations ?

Shaikh Zafar Hussain : I withdraw. Sir.

حضور والا — آنریبل میاں عبدالباری صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے اور خان عبدالستار خان نیازی صاحب نے جس ترمیم کی تائید و حمایت کی اس میں انہوں نے یہ نقطہ نگاہ پیش کیا ہے کہ مہاجر ٹیکس صرف

مالیے پر عاید کیا جائے اور آبیانے پر نہ لگایا جائے مجھے افسوس ہے کہ ان کو اتنا بھی علم نہیں ہے کہ جو لوگ آبیانہ ادا نہیں کرتے وہ ناقص اور غیر سیراب شدہ اراضی پر محض بارانی یا چاہی کاشت کرنے کے باعث اتنے غریب ہوتے ہیں کہ آبیانہ ادا کرنے والوں کے مقابلے میں وہ زیادہ تنگ دست ہوتے ہیں اسلئے انہوں نے یہ ترمیم پیش کر کے غریب کی حمایت نہیں کی بلکہ اس سے مقصد ان کا ذاتی لالچ ہے کہ جن نہری علاقوں میں انکی اراضیات ہیں جہاں وہ زمینوں کے مالک ہیں وہاں ان سے مہاجر ٹیکس نہ لیا جائے۔

حضور والا — میں یہ خوب سمجھتا ہوں کہ وہ اس بوجھ کو shift کر کے ان غریب کاشتکاروں پر ڈال دینا چاہتے ہیں جو مقابلتاً ناقص زمینوں پر آباد ہیں جو ہرگز ہرگز اس بوجھ کو برداشت کرنے کے قابل نہیں اگر انہوں نے کوئی discrimination کرنی ہی تھی تو پھر رعایت غریبوں کو ملنی چاہئے تھی مگر انہوں نے اپنے پیٹ پر ہی ہاتھ پھیرنے کی کوشش کی ہے اور صرف اپنی ضروریات کو ملحوظ خاطر رکھا ہے (قطع کلامیاں)۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. I have an amendment also and I want to speak in support of the amendment which has been moved.

Mr. Speaker : I am afraid, I cannot allow any more speeches. Moreover, the honourable member's amendment is time-barred and objection has been taken to it on that ground. After a reply has been given, the honourable member cannot make a speech in support of the amendment. It is only the mover of the amendment who has got a right of reply.

Chaudhri Muhammad Shafiq : But it was not a reply from Government side.

Mr. Speaker : It was a reply.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Reply is always by a Minister.

Mr. Speaker : Not necessarily.

میاں عبدالباری — جناب صدر میں .....

(The Assembly then adjourned for Asar Prayers).

(نماز عصر کے بعد اسمبلی کا اجلاس دوبارہ پانچ بجے منعقد ہوا۔ صاحب سپیکر کرسیٔ صدارت پر رونق افروز تھے)۔

*__میاں عبدالباری__ — جناب صدر میں ان اعتراضات کا جو آنریبل وزیر مال کے آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری نے میری ترمیم کے متعلق ارشاد فرمائے تھے جواب دینے کے لئے کھڑا ہوا ہوں۔ جناب والا۔ باوجود اس ذمہ داری کے جو ان کے نہایت ذمہ دار اور مقتدر منصب کے ساتھ وابستہ ہے ان کے جواب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ان دلائل کی طرف۔ ان معروضات کی طرف۔ حقیقی معروضات کی طرف قطعی

*Uncorrected speech.

کوئی توجہ نہیں کی۔ اور نہایت غیر ذمہ‌دارانہ طریقہ کے ساتھ ان کو نپٹانے کی کوشش کی ہے اور آنریبل وزیر مال کی تو یہ کیفیت رہی ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اخیر میں اپنے لب ہائے شکر فشاں سے ارشاد عالیہ ارشاد فرمائیں لیکن ابھی تک ان کی یہ کیفیت رہی ہے کہ —

دھن غنچہ کے سوا نہ ملا کوئی بھی جواب
چیختے چیختے بلبل کی زباں سوکھ گئی

(خوب۔ خوب)

جناب والا — جو جواب اس ساری آہ وفغاں۔ ان سارے دلائل اور سارے حقائق کا ملا۔ وہ یہ تھا کہ آبیانہ پر اس لئے یہ مہاجر cess نہیں ہٹانا چاہئے کہ جن زمینداروں کو یہ آبیانہ ادا نہیں کرنا پڑتا وہ ان سے بھی زیادہ غریب ہوتے ہیں۔ اور میاں عبدالباری چونکہ ایسی اراضی کے مالک ہیں جن کے بارہ میں آبیانہ دینا پڑتا ہے اس لئے وہ محض اپنی پیٹ پروری کے لئے کہتے ہیں کہ آبیانہ والوں کو چھوڑ دیا جائے۔

جناب والا — یہ دلیل اسقدر بودی اور کمزور ہے کہ اسکی تردید کی بھی ضرورت نہیں۔ کیونکہ میری اراضی دو مربعوں سے زیادہ ہے۔ اسکے بعد میرے ایک اور دوست نے یہ ترمیم پیش کی تھی کہ اس ٹیکس کی شرح دو آنے کی بجائے دو پیسے کر دی جائے۔ لیکن ان لوگوں کی رگ رحم و حمیت نہ پھڑ پھڑائی۔ اب جس وقت یہ عرض کیا گیا کہ اس ٹیکس کے ظالمانہ چنگل سے غریبوں کو رہائی دلائی جائے۔ اور ان لوگوں پر ٹیکس لگانے کی کوئی مثال ہندوستان میں موجود نہیں ہے تو اسکا جواب محکمہ کی طرف سے وزیر مال کی طرف سے انکے خاص نائب نے یوں دیا کہ ارے بھائی وہ بھی تو غریب ہیں دیگر لوگ ان سے زیادہ غریب ہیں۔ ہم رو رو کر چیخ چیخ کر کہتے رہے کہ انکو چھوڑ دو۔ یہ ایک ظالمانہ چیز ہے۔ نہ آبیانہ پر لگاؤ نہ مالیہ پر لگاؤ اور نہ ترنی پر لگاؤ۔ لیکن انہوں نے ہماری بات کو قبول نہ کیا۔ جب آبیانہ کا ذکر کیا تو یہ دلیل پیش کر دی کہ تم نے غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا ہے۔ جناب والا میں ان سے یہ اپیل کرونگا کہ وہ خیال فرمائیں آیا وہ غریب مہاجر اور لوکل زمیندار جس پر وہ یہ ٹیکس لگا رہے ہیں اسکو ادا کرنے کے قابل بھی ہے یا ایسی مثال کہیں اور بھی ہے۔ جناب والا میں آپکی وساطت سے انکی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ محض اپنی اکثریت کے ناز پر اس بے رحمانہ طریق سے صوبہ کو ٹیکسوں کی بھرمار سے نہ تیغ نہ کریں۔ یہ چیز بہت برا رنگ لائیگی۔

Mr. Speaker : The question—

That in clause 3 sub-clause (1), the words "and the occupier's rate payable" be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : I have received an amendment from Chaudhri Muhammad Shafiq to the effect that in clause 3, sub-clause (2), the words "or the occupier's rate or both, as the case may be", be deleted.

Sheikh Zafar Hussain (Parliamentary Secretary) Sir, I object to it because it is time-barred.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, I received the copies of the Bill very late and, therefore, I could not send the amendments in time.

***Syed Shamim Hussain Qadri :** (Corporation of the City of Lahore III, Muslim (Reserved Seat): Sir, I beg to move—

That in clause 3, sub-clause (2), after the words "as the case may be", the following words be added :—

"except the refugees".

حضور والا — اس بل کے اغراض و مقاصد میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ cess اسلئے لگایا گیا ہے تا کہ مہاجرین کی بہبودی کیلئے ہم روپیہ خرچ کر سکیں۔ یہ روپیہ مہاجرین کیلئے مکانات بنانے کیلئے، اور انہیں اس قسم کی دوسری مراعات دینے کیلئے گورنمنٹ کو درکار ہے۔ جناب والا۔ اسکے متعلق ہاؤس میں کافی بحث ہو چکی ہے کہ یہ ٹیکس جب لگایا گیا تھا اس وقت کے حالات اس چیز کے مقتضی تھے۔ لاکھوں کی تعداد میں خانماں برباد لوگ کیمپوں میں پڑے ہوئے تھے۔ انکو روٹی مہیا کرنی تھی۔ انکو دوائیاں مہیا کرنی تھیں۔ انکو گھر مہیا کرنے تھے۔ اور اس وقت حکومت کے پاس پیسے نہ تھے۔ اور اگر اس وقت ان لوگوں کی طرف نظر نہ کی جاتی تو وہ سرمایہ ملت تباہ ہو جاتا۔ آج جناب والا یہ حالت نہیں۔ میں آپکی وساطت سے وزیر بحالیات سے پوچھتا ہوں کہ آج وہ کونسی جگہ ہے جہاں کیمپوں میں مہاجرین بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور گورنمنٹ انکے کھانے یا کپڑے یا دوائیوں کا انتظام کر رہی ہے۔ آج گورنمنٹ کوئی ایسا بوجھ برداشت نہیں کر رہی۔ اور اس بل کے اغراض و مقاصد میں بھی اس قسم کی کسی ذمہ داری کا نام نہیں لیا گیا۔ اگرچہ یہ درست ہے کہ آج بھی شہر میں ہزاروں کی تعداد میں ایسے مہاجرین ہیں جو سڑکوں پر سوتے ہیں اور جن کے پاس آج بھی کھانے کیلئے روٹی نہیں۔ جن کیلئے دوائیوں کا انتظام نہیں۔ جن کیلئے ہسپتالوں میں کوئی جگہ نہیں۔ جو باہر سڑکوں کی پٹریوں پر مرتے ہیں۔ حضور والا۔ آپ ہر روز اخبارات میں پڑھتے ہیں کہ آج فلاں فقیر مر گیا۔ آج فلاں فقیرنی مر گئی۔ خود کشی کے واقعات ہوتے ہیں۔ محض اسلئے کہ وہ لوگ اپنا پیٹ نہیں

*Uncorrected speech

پال سکتے۔ میں حضور والا آپکی وساطت سے پوچھتا ہوں کہ وہ کونسہ کارنامہ اور کونسا فعل ہے جسکے لئے حکومت یہ مہاجر ٹیکس لگا رہی ہے۔ کیا وہ اسلئے مہاجر ٹیکس لگا رہے ہیں کہ ایک ضلع میں ایک کی بجائے دو ڈی۔ آر۔ سی لگا دئے جائیں؟ یا بڑے بڑے افسروں کو ٹی۔اے۔ الاؤنس اور تنخواہیں دی جائیں۔ یا اور ایسے کام کئے جائیں جن کا مہاجرین کی بہبودی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں؟ جیسے میں پہلے عرض کر چکا ہوں گلبرگ کالونی میں چودہ چودہ اور سولہ سولہ کنال کے بنگلے تعمیر ہو رہے ہیں اور مہاجر آج بھی سڑکوں پر پڑے ہوئے ہیں۔ حضور والا۔ بات یہ ہے کہ گھروں کی قلت اس قدر ہے کہ لوگ ہسپتالوں میں رہائش اختیار کئے ہوئے ہیں۔ مثال کے طور پر کھیوڑے کا ہسپتال پارٹیشن سے پہلے ایک بہت بڑا ہسپتال تھا۔ لیکن آج اس عمارت میں کئی سو آدمی محض رہائش پناہ لئے ہوئے ہیں۔ کیونکہ انہیں اور کوئی جگہ نہیں دی گئی۔ جناب والا۔ اگر انہیں مہاجرین کی بحالی کا کام کرنا تھا تو یہ چھوٹے چھوٹے گھر بناتے اور لوگوں کو وہاں بساتے تا کہ یہ بلڈنگیں جن کاموں کیلئے تھیں انکے لئے استعمال ہو سکتیں آج کئی ایسے ادارے ہیں جن کیلئے جگہ نہیں ملتی۔ کئی کالجز ہیں۔ مثلاً طبیہ کالج ہے جسکے لئے بارہا لوگوں نے کوشش کی ہے کہ کوئی جگہ مل جائے تا کہ اسے چلایا جا سکے۔ لاکھوں بار سر مارا مگر ابھی تک کچھ نہیں ہوا۔ جناب والا۔ یہ جو کہتے ہیں کہ یہ روپیہ مہاجرین کیلئے لیا جا رہا ہے کیا یہ واقعی مہاجرین کی بہبودی کیلئے لے رہے ہیں؟ اگر یہ بات درست ہوتی تو وہ یقیناً میری اس ترمیم کو جسکے متعلق میں نے ایوان کے سامنے تقریر کی تھی منظور کر لیتے۔ مجھے یقین تھا کہ آنریبل وزیر مال اپنے خیالات کا اظہار فرمائینگے اور میری اس allegation کو contradict کریں گے کہ حکومت یہ روپیہ اپنے بجٹ کو متوازن کرنے کیلئے لے رہی ہے۔ مہاجرین کی بہبودی کیلئے نہیں لے رہی۔ انکی خاموشی سے صاف ظاہر ہے کہ یہ روپیہ مہاجرین کی بحالی اور بہبودی کیلئے نہیں لیا جا رہا بلکہ وزرائے کرام کے دوروں کیلئے اور انکی کوٹھیوں کو سجانے کیلئے لیا جا رہا ہے۔ اگر یہ روپیہ واقعی مہاجرین کی بہبودی کیلئے لیا جا رہا ہے تو ان مہاجرین سے کیوں روپیہ مانگا جاتا ہے جنہیں خود اس روپے کی ضرورت ہے۔ جو پائی پائی کے محتاج ہیں۔ اور جو اس قابل نہیں کہ اپنے اخراجات پورے کر سکیں۔ جو اس کے کفیل نہیں کہ رات کو روٹی کھا سکیں۔ جو اسکے کفیل نہیں کہ بچوں کو تعلیم دلا سکیں۔ ان کو صرف چھ چھ آٹھ آٹھ ایکڑ زمین دی جاتی ہے اور ان سے سہ گنا معاملہ وصول کیا جاتا

ھے ۔ پھر جناب والا ۔ وہ حصہ' بٹائی دیتا ھے اور یہ حصہ' بٹائی دینے کے بعد جناب والا ۔ خیال فرمائیں کہ چھ ایکڑ والے زمیندار کے پاس گذارے کے لئے کیا بچ سکتا ھے ۔ اس کا نتیجہ یہ ھے کہ آج خون خرابے ھو رھے ھیں۔ آپ اگر اخبارات دیکھیں یا اضلاع سے رپوٹیں منگوائیں تو آپ کو اسکا یقیناً ثبوت ملیگا کہ گاؤں گاؤں میں مہاجرین مزارع اور مالکان اراضی کے درمیان لڑائیاں ھو رھی ھیں۔ جناب والا ۔ یہ ٹیکس صرف ان لوگوں سے لیا جائے جو مہاجر نہیں اور اگر آپ مہاجرین کی امداد کرنا چاھتے ھیں تو کیوں آپ ان سے یہ ٹیکس لے رھے ھیں۔ جبکہ وہ اس قابل نہیں ھیں کہ اسے ادا کر سکیں۔ اور نتیجہ یہ ھوگا کہ آپ لینڈ ریوینو کی طرح اسکی وصولی کرینگے ۔ اور اکثر لوگوں کو مالیہ دینے کے لئے اپنے جانور بھی بیچنے پڑتے ھیں۔ اور پھر وہ سارا سال تنگ دست اور زبوں حال رھتے ھیں۔ ان کے تن پر کپڑا نہیں ھوتا ۔گھر میں کوئی بیمار ھو جائے تو دوائی کے لئے پیسہ نہیں ھوتا اور جناب والا جسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ھے ٹیکس اسی سے وصول کیا جاتا ھے جو اسکو ادا کرنے کی استطاعت رکھتا ھو۔ یہ مہاجر اگر اسکے کفیل ھوتے تو ان سے ضرور ٹیکس لیا جاتا ۔ لیکن جب آپ جانتے ھیں کہ لوگ اسکے کفیل نہیں ھیں تو پھر ان سے ٹیکس کیوں لیا جاتا ھے ۔ کل ھی جناب والا ایک بل آئیگا جو آج کے ایجنڈے میں شامل ھے ۔ اس میں بڑے بڑے زمینداروں کو مراعات دی گئی ھیں اور اس بل سے ان کے ٹیکس میں کمی کی گئی ھے ۔ آپ نے بڑے لوگوں کے ٹیکس میں تو کمی کی ھے لیکن چھوٹے چھوٹے مہاجر مزارعین کو جنہیں آپ نے چھ ایکڑ زمین دے رکھی ھے ان میں جناب والا ۔ اکثر وہ لوگ ھیں جن کے پاس بٹائی دینے اور یہ ٹیکس ادا کرنے کے بعد اپنے گزارے کے لئے کچھ باقی نہیں رھتا ۔ اور جیسا کہ میاں عبدالباری صاحب نے فرمایا ھے کہ اگر آپ میں ھمت ھے کہ آپ گاؤں میں جائیں تو یقیناً اپ کو ثابت ھو جائیگا کہ وہ لوگ اس ٹیکس کے کفیل نہیں ھیں۔ لیکن اگر اپ نے اپنے خسارے کو پورا کرنے کے لئے ۔ اپنے وقار کو قائم رکھنے کے لئے اور گورنمنٹ کو چلانے کے لئے یہ ٹیکس لگانا ھی ھے تو ان پر لگائیں جو اسکو ادا کرنیکی استطاعت رکھتے ھیں۔ کل ھی آپ ایک بل لا رھے ھیں جس سے آپ بڑے بڑے لوگوں کے ٹیکس میں کمی کرینگے۔ اپ یہ کمی نہ کیجیئے ۔ جناب والا ۔ یہ ایک بڑا صاف اصول ھے کہ ٹیکس صرف انہی لوگوں سے وصول کیا جائے جو اسے ادا کر سکتے ھوں ۔ جناب والا ۔ اگر یہ ٹیکس وصول کرنا ھی ھے تو ان سے وصول نہ کیا جائے جو اپنے چھ ایکڑ رقبہ میں سے حصہ' ملکیت بھی ادا کرتا ھے بلکہ یہ ٹیکس

ان سے لیا جائے جنکو برف خانے - کاٹن جننگ فیکٹریاں اور سینمے cinemas بخشے ہوئے ہیں - جنکے پاس ضرورت سے زیادہ روپیہ ہے - جو خرچ نہیں کرتے بلکہ شام کو تجوریاں بھر کر اٹھتے ہیں - اگر جناب والا - یہ اصلیت نہیں ہے تو میں چیلینج کرتا ہوں کہ آنریبل وزیر مال اس کی تردید کریں کہ کیا وہ لوگ جن کو آپ نے یہ مراعات بخشی ہوئی ہیں کیا وہ اسکے کفیل نہیں ہیں - اگر یہ درست ہے تو پھر کیوں بیچارے چھوٹے چھوٹے مہاجر زمینداروں پر یہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے ؟ لہذا اگر آپ کا کوئی جائز حق ہے تو ایسے لوگوں پر ٹیکس لگائیے جو اسکے کفیل ہیں - ان الفاظ کے ساتھ میں جناب والا آپ کی وساطت سے عزت مآب وزیر مال سے عرض کرونگا کہ وہ کم از کم اس ایکٹ میں اتنی تبدیلی ضرور کر دیں کہ وہ الفاظ "except the refugees" ایزاد کر دیں - آپ ان چیزوں کو بخوبی جانتے ہیں یا تو آپ کو ان چیزوں کا علم نہ ہوتا تو پھر بھی کوئی بات تھی - آپ کو چاہیئے تھا کہ پہلے اسکی تفصیلات کو work out کرتے اور پھر work out کرنے کے بعد یہ لیجسلیشن لاتے - میں عرض کرونگا کہ اب بھی کوئی جلدی نہیں ہے - آپ کے پاس اپنے Legal Remembrancer ہیں - ان سے آپ اسکے بارے میں دریافت کر سکتے ہیں - (قطع کلامیاں) - کہ یہ ترمیمات اس بل میں کی جائیں یا نہ کی جائیں - (ایک آواز - اگر کوئی sensible amendments ہوں تو منظور کر بھی لیں - اگر ٹیکس وصول نہ کرنے کے لئے کہوں تو یہ واقعی nonsense بات ہوگی - عزت مآب وزیر مال کے الفاظ کا مجھے یقیناً احترام ہے کہ یہ الفاظ میرے اس دوست کی زبان سے نکلے ہیں جو اپنی زبان سے بار بار یہ کہ چکے ہیں کہ ہمارے پاس روپیہ نہیں ہے - اگر جناب والا - روپیہ نہیں ہے تو قرضے لیجیئے - آپ کے پاس امیر لوگ موجود ہیں ان سے لیجیئے - کفایت کیجیئے - اگر اخراجات کو کم کیا جائے تو ٹیکسوں کی ضرورت نہیں پڑھتی اور جناب والا - اس بل کو ڈرافٹ کرتے وقت ٹیکسیشن کے اصولوں پر قطعاً غور نہیں کیا گیا -

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 3, sub-clause (2), after the words "as the case may be" the following words be added :—

"except the refugees".

The Assembly then adjourned till 9 a. m. on Tuesday, the 29th April, 1952.

112 PLA—450—24-9-52—SGPP Lahore

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

FOURTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, 29th April 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker (The Honourable Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly.)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

DONATIONS RECEIVED BY GOVERNMENT FROM PUBLIC FOR RAZAKAR ORGANISATION

***972. Mian Abdul Bari :** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the total amount of donations received by Government from members of the public for the Razakar Organisation so far; and

(*b*) whether the full accounts of the expenditure incurred on Razakars are open to inspection by the general public, if so, where?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) The information sought by the honourable member is being collected and will be communicated to him when ready.

(*b*) The accounts and the expenditure of Razakar Organization are maintained according to the strict principles of accountancy followed in Government departments. For reasons of public policy, it is not possible to permit their inspection by all and everyone; but the Government will have no objection to the inspection of these accounts by responsible persons, or by a committee consisting of the honourable members of this Assembly.

Mian Abdul Bari : Will the Honourable Chief Minister be prepared to appoint such a committee with the co-operation of the Opposition?

Chief Minister : If the Opposition so wishes; I shall be willing to appoint such a committee.

Mian Abdul Bari: Will the Honourable Chief Minister be pleased to state the agency which collects these funds?

Chief Minister : There is no agency for the collection of such funds but if donations are given they are accepted with pleasure.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل چیف منسٹر صاحب بتلا سکتے ھیں کہ یہ جو فنڈ اکٹھے کئے جاتے ھیں انکے لئے رسیدیں بھی جاری کی جاتی ھیں یا نہیں ؟

وزیر اعلیٰ — یقیناً ایسا کیا جاتا ھوگا ۔

COTTON SEED

***982. Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state what was the average purchase and sale price of cotton seed variety-wise, during the last three crop years ?

The Hon'ble Soofi Abdul Hamid Khan : Sir, I lay a statement on the table.

STATEMENT SHOWING THE AVERAGE PURCHASE AND SALE PRICE OF COTTON SEED VARIETY-WISE, DURING THE LAST THREE CROP YEARS

Variety of cotton seed.		The average purchase and sale price during the years 1949-50	1950-51	1951-52
		Rs A. P.	Rs. A. P.	Rs. A. P.
L. S. S.	Purchase price ..	13 8 0	8 15 0	11 2 6
	Sale price ..	18 0 0	9 5 0	13 1 9
4-F Montgomery Range	Purchase price ..	13 12 0	8 14 0 to 11 4 0	9 4 0 to 12 10 0
	Sale price ..	18 0 0	11 0 0 to 12 0 0	12 0 0 to 12 8 0
4-F Lyallpur Range..	Purchase price ..	13 12 0	9 12 0	11 12 3
	Sale price ..	18 0 0	10 8 0	13 2 0
124-F and 199-F and 289-F/43	Purchase price ..	10 3 0 to 10 8 0	5 14 0 to 7 6 0	6 14 0 to 10 8 0
	Sale price ..	16 12 0	9 0 0	11 0 0 to 11 8 0
268-F	Purchase price ..	..	9 0 0	10 10 9
	Sale price ..	..	9 14 0	12 8 0

The sale rates for 1949-50 are high, because mixed seed was purchasing and transported to cleaning centres, cleaned and then transported to seed agencies. In order to cover all these expenses higher rates had to be fixed.

The purchase rates are according to the market rates prevailing.

Mian Abdul Bari : At what price they are sold?

Mr. Speaker : The statement is laid on the table.

Mian Abdul Bari : Whatever be the reply, at what price cotton seeds are bought and at what price they are sold to the cotton growers ?

Minister : That is what is laid on the table.

مسٹر محمد امین—کیا آنریبل وزیر زراعت بیان فرمائینگے کہ اسمیں کوئی منافع ہوا تھا یا نقصان ؟

وزیر زراعت—آپ اسے ملاحظہ فرما لیجئے گا ۔نفع نقصان کا پتہ چل جائیگا

Rana Gul Muhammad Noon : The statement is not laid on the table.

Mr. Speaker : Table means table of the House.

Chief Minister : I will have no objection if the honourable members ask supplementary questions on this question after they have examined the statement with full care at a later stage during the session.

Mian Abdul Bari : Will I be permitted to put supplementary questions tomorrow ?

Mr. Speaker: Yes.

COTTON INSPECTOR

***983. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the qualifications required for the appointment of a Cotton Inspector and what are his emoluments and other allowances ; and

(*b*) what are the emoluments and allowances of a B. Sc. in Agriculture working as Agricultural Assistant ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) B. Sc. (Agriculture).

The total emoluments come to Rs. 228 per month and comprise fixed pay at Rs. 180 *plus* Dearness Allowance of Rs. 48.

(*b*) The prescribed pay scale is Rs. 120—10—200/10—300. The Dearness Allowance is Rs. 33 per month initially.

Rana Gul Muhammad Noon : Is it a fact that there are many Inspectors who are not B. Sc. Agriculture ?

Minister : I want notice for that.

Mian Abdul Bari : Will the Honourable Minister state if Government intends to in crease the emoluments of the Agricultural Assistants ?

Minister : It is under consideration.

Mian Abdul Bari : When will that contemplation finish ?

Mr. Speaker : This question cannot be asked.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتا سکتے ہیں کہ ان دو آفیسرز کی qualifications ایک ہوتے ہوئے بھی انکی تنخواہوں میں کیوں فرق رکھا گیا ہے ؟

Minister : That matter is also under the consideration of the Government.

IMPROVED IMPLEMENTS EVOLVED BY ENGINEERING SECTION OF AGRICULTURE DEPARTMENT

***984. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** (*a* what are the functions of the Engineering Section of Agriculture Department ;

(*b*) the number and names of improved implements evolved and sold during the last three years ; and

(*c*) what are the qualifications and experience of the Agriculture Engineer posted at Lyallpur ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : I lay a statement on the table.

(*a*) 1. Sinking of tubewells.

2. Boring of percolation wells.

3. Tapping sweet water strata.

4. Maintenance and running of Agricultural College Workshop—

(*i*) Maintenance and repair of Agricultural implements, tools, furniture etc.

(*ii*) Generation and supply of electricity to the College Estate.

(*iii*) Manufacture and supply of gas to the Agricultural College and Research Institute.

(*iv*) Teaching of carpentry to 1st year class and short courses to Lohar and Vernacular classes.

(*v*) Miscellaneous services to the Department *viz.* attending to the departmental machinery installed throughout the Province, cold storage, etc., etc.

5. Advisery work on Agricultural Machinery.

(*b*) (*i*) An oil-engine-driven improved Persian Wheel has been evolved with a double discharge and less initial and running cost as compared to the animal driven one;

(*ii*) a sieve to separate American Cotton Seed from Desi one was evolved and 423 such sieves were manufactured for supply to the staff of the Department;

(*iii*) costly gas retorts which were formerly imported from foreign countries are now being manufactured in our own workshop and are working very efficiently.

(*iv*) a strength testing machine has been designed manufactured and supplied to the Cotton Botanist to test the strength of the cotton fibre.

(*c*) 1. B.Sc., Agriculture (Allahabad).

2. B.Sc., Agriculture Engineering (Allhabad).

3. Gold Medalist for standing first in the University.

4. M.Sc. Agriculture Engineering (Wisconsin) U.S.A.

5. Worked as an Assistant Engineer at the Allahabad Agricultural College.

6. Did research work on the Agricultural Machinery at the Imperia Agricultural Research Institute, New Delhi.

7. Did research work on Agricultural Machinery and soil conservation in U.S.A.

Rana Gul Muhammad Noon : Which table ?

Mr. Speaker : Does the hon'ble member want to know what the table of the house means ?

COLOURING OF VEGETABLE GHEE

***964. Rai Nasrullah Khan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it has been reported to Government that the Nickle Process involved in the preparation of vegetable ghee is dangerous to health ; and

(*b*) if the answer to (*a*) be in the affirmative, whether Government intend to stop the use of vegetable ghee in the Province if not, whether Government intend to order the colouring of the vegetable ghee ?

The Hon'ble Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) The Nickle Process of Banaspati manufacture is not dangerous to health according to Scientific opinion.

(*b*) The inclusion of a latent dye in the Banaspati manufactured in the Punjab is under consideration.

SCHOOLS IN KAMALIA

***965. Rai Nasruallah Khan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the population of the Kamalia Town, in the Lyallpur District, before partition; the number of Primary, Middle and High Schools for Boys in the town and the number of students on the rolls of the schools ;

(*b*) the present population of the Kamalia Town; the present number of Primary, Middle and High Schools in the town and the present number of students on rolls of the schools ;

(*c*) whether it is a fact that there is only one High School in the town at present and that the number of its teachers is too inadequate to cater for the needs of the students and that the building of the school is both incomplete and small; and

(*d*) whether it is a fact that, owing to the shortage of teachers and lack accommodation, students are refused admission to the school; if so, the action Government propose to take in the matter ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti :

(*a*) Population ... 14,295

	Number of Schools	*Number of students*
Primary	.. 3	765
Middle	.. Nil	Nil
High	.. 2	930

(*b*) Population .. 29,000

	Number of Schools	*Number of students*
Primary	.. 4	1,294
Middle	.. Nil	Nil
High	.. 1	946

(*c*) Yes.

The staff is adequate for the needs of the students studying in the school. The building of the school is incomplete and small. Necessary action is being taken to improve it.

(*d*) No.

SENIORITY OF TAXATION SUB-INSPECTORS

***951. Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state whether it is a fact that in determining the seniority of Taxation Sub-Inspectors recently mere age was counted as enough for making 4 Taxation Sub-Inspectors senior over others who have got better academic qualifications and longer service in the Department ?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chatha : No.

Mian Abdul Bari: Will the Honourable Minister be pleased to state whether Yaqub Ali, Asghar Ali, Chaudhri Habibullah and Riaz Ali Shah have not got lower academic qualifications and have longer service.

Mr. Speaker : That is a question of opinion and cannot be allowed to be asked.

SENIORITY OF DEPUTY COMMISSIONERS, EXCISE AND TAXATION OFFICERS AND ASSISTANT EXCISE AND TAXATION OFFICERS OF THE EXCISE AND TAXATION DEPARTMENT

***952. Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the rules prescribed for determining the seniority and confirmation of Deputy Commissioners, Excise and Taxation Officers and Assistant Excise and Taxation Officers of the Excise and Taxation Department of the Province ;

(*b*) whether the rules mentioned above have been uniformly observed since partition, if not; the reasons therefor ;

(*c*) whether the confirmation and seniority of Taxation Inspectors and Taxation Sub-Inspectors has been determined according to the prescribed rules of the Department, if not; the reasons therefor ;

(*d*) whether the relevant rules onthe subject have been strictly observed in determining the seniority and ordering the confirmation of Taxation Inspectors and Sub-Inspectors; if not, the reasons therefor;

(*e*) whether it is a fact that the Excise and Taxation Commissioner determines the seniority of Excise Inspectors and Excise Sub-Inspectors;

(*f*) why he personally and finally decided the case of seniority of Taxation Sub-Inspectors when only the Financial Commissioner, Revenue, is competent to decide the case of their seniority finally according to part 3 of rule 9 of the Punjab Excise Subordinate Service Rules, 1943;

(*g*) whether the Government have received representations against the above-mentioned orders, if so, the cadre-wise number of representations which have been accepted; and

(*h*) whether the Government intends to reconsider the whole question of fixation of seniority and confirmation of the officials mentioned above; if not, the reasons therefor ?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chatha : (*a*) The Service Rules governing the seniority, etc., of Deputy Excise and Taxation Commissioners, Excise and Taxation Officers and Assistant Excise and Taxation Officers are still in the making.

(*b*) In the absence of the specific rules governing the conditions of service and seniority of these officers as stated against (*a*) their seniority has been fixed according to the generally accepted principles already intimated to the honourable member in reply to his Starred Question No. 690 during the last session of the Assembly.

(*c*) Yes. Does not arise.

(*d*) Yes. Does not arise.

(*e*) No.

(*f*) The seniority of Taxation Sub-Inspectors has been fixed by the proper authority under the Rules. There is no part 3 to rule 9 referred to by the honourable member.

(*g*) Yes. A few representations have been received but they have all been rejected.

(*h*) No, because the seniority and confirmation have already been determined after thorough examination and careful consideration of rules and the claims of each official. If, however, any official brings out a point which has not been taken into account already, Government will be prepared to consider it on merits.

CLAIM FORMS STAMPED WITH COURT-FEES FOR ALLOTMENT OF HOUSES, SHOPS AND FACTORIES

***956. Rai Nasrullah Khan :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in the year 1948-49 refugees and locals were asked by the Government to submit claim forms, stamped with court-fees of different denominations for the allotment of houses, shops and factories, in the Province; if so, the total number of such claim forms submitted and the total amount of money received by the Government on account of Court Fee Stamps affixed to the claim forms ;

(*b*) whether any claims of allotments to refugees were decided in the light of these stamped claim forms; if so, the number of such cases in each district of the Province, and if none, the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : (*a*) Yes. The number of applications received was 225,823 and the amount of court-fee realized was Rs. 3,64,227-6-0.

(*b*) Yes, the number was as follows :—

1.	Lahore	23,781
2.	Sheikhupura	8,125
3.	Sialkot	7,857
4.	Gujranwala	11,755
5.	Multan	1,825
6.	Dera Ghazi Khan	6,758
7.	Lyallpur	28 883
8.	Gujrat	7,651
9.	Attock	2,564
10.	Shahpur	9,172
11.	Jhelum	553
12.	Mianwali	3,379

The figures for Jhang, Muzaffargarh, Montgomery and Rawalpindi Districts are not available.

In addition 2,277 applications which were received at the centre for allotment of Registered Factories were all disposed of.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر مہاجرین بتا سکتے ہیں کہ مہاجرین سے claim forms پر جو کورٹ فیس لی گئی تھی یہ واقعی ان سے بطور کورٹ فیس لی گئی تھی یا انکو relief دینے کیلئے ان سے روپیہ وصول کیا گیا تھا ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

خان عبدالستار خان نیازی—کیا آنریبل وزیر مہاجرین یہ فرما سکتے ہیں کہ جن لوگوں نے مکانوں اور فیکٹریوں کیلئے درخواستوں پر کورٹ فیس لگائی تھیں ان میں سے جن لوگوں کے cases ابھی تک معلق ہیں انکو آپ کب مطلع کرینگے کہ تمہارا کام نہیں ہو سکتا ؟

وزیر مہاجرین—میں نے عرض کیا ہے کہ جو درخواستیں دوکانوں اور فیکٹریوں کے متعلق تھیں وہ سب dispose of ہو چکی ہیں ۔

Khan Abdus Sattar Khan Niazi : Are the applicants informed ?

Minister : Yes, they are informed.

چودھری محمد شفیق—کیا وزیر مہاجرین یہ بتا سکتے ہیں کہ جن لوگوں نے ایک روپیہ لگا کر درخواستیں دی تھیں اور انہیں مکان یا دوکان نہیں ملی کیا حکومت انہیں وہ روپیہ واپس دینے کیلئے تیار ہے ؟

وزیر مہاجرین—نہیں ۔

چودھری محمد شفیق۔ کیا وزیر مہاجرین اسکی وجوہات بیان کر سکتے ہیں کہ کیوں وہ روپیہ واپس دینے کیلئے تیار نہیں ؟

وزیر مہاجرین۔ جو کورٹ فیس لگا کر داخل کی جاتی ہے وہ کبھی واپس نہیں کی جاتی ۔

چودھری محمد شفیق۔ کیا وزیر مہاجرین بتا سکتے ہیں کہ ان لوگوں کو کورٹ فیس کے عوضانے میں دوکانات اور مکانات دئے جائینگے ؟

Mr. Speaker : That question does not arise.

ADJOURNMENT MOTION

DECREASE IN COTTON AND WOOL PRICES

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournement of the House to discuss a definite mattter of urgent public importance, namely, the indifference and failure of the Punjab Government to take immediate steps to save the cotton and wool traders in the Province from the severest crisis which has befallen them, whereas due to this neglect the cotton and wool markets have gone so low that the traders of these most important exportable commodities of the Province are likely to be eliminated from these trades of the Province in the very near future.

Mr. Speaker : I am afraid I will have to rule this motion out of order for the reason that an adjournment motion can be moved only with regard to matters of urgent recent public importance. According to the motion itself it is evident that this is not a matter of recent occurrence. It was open to the honourable member to have invited the attention of the Government to this matter, if he wanted to do so, by means of a resolution or a question on the subject. An adjournment motion cannot be allowed where this alternative remedy is available.

POINT OF PRIVILEGE

OBJECTION AGAIFST REMARKS OF AN OFFICER OF THE ASSEMBLY

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, I rise on a point of privilege and it is this that during the last session after a point of order had been raised by me and decided upon by the Deputy Speaker, who was in the Chair at that time, the Secretary of the Assembly approached me and while coming at my side told me in a taunting tone that 'I should write a new parliamentary book' and then he went back. My point of privilege is that it was not the duty or function of the Secretary to approach a member of this House sitting inside the House to make a remark in a taunting tone. In support of my contention I would like to refer to the Parliamentary Practice.....

Mr. Speaker : No authority is necessary. So far as this question is concerned the position is quite clear.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Parliamentary Practice shows that the members have full freedom to say anyt hing inside this House and nobody can challenge or make taunting remarks even outside the House. You have been taking action even against newspapers which had criticised the members of this House or the speeches in this House. Here an officer of this House has got some specific duties to perform and this was not one of his duties to advise the members. He can advise the members outside the House; but not inside the House; that too when it is sought and moreover that was never an advice, but in the presence of members sitting near about me, he made taunting remarks which, I think, if allowed to go unchallenged, will create a wrong Parliamentary Practice in this House. If I leave this thing it will reflect very badly upon the prestige of the members and it would

mean that tomorrow anybody else who is not a member of this can make any such remarks. Under the circumstances, I submit and request you to give a ruling on this point so that a bad practice may not be created in this House.

Mr. Speaker : So far as the question raised by the honourable member is concerned, it is a pity that it was not decided at the time when this incident took place. The honourable member had invited my attention to this fact at an earlier stage and I said that I would look into it. I did look into it. It is, no doubt, true that privileges of members must be preserved and that is the only manner in which the dignity of this House can be maintained. No remarks of a taunting nature can be permitted even by one member to another, much less by an officer of this House. But from the conversation that I had with the officer concerned I found that there was some misunderstanding in the matter and I was assured that no taunt was intended—and I do not see why I should not accept the word of a gentleman. But I do want to make it clear that no taunt of any kind either by a member to another member or by any officer of the Assembly can be permitted and therefore, I think that so far as the point raised by the honourable member is concerned, the dignity of the honourable member as well as of the House is vindicated.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, another point of privilege.

Mr. Speaker. With regard to the same matter.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Yes, Sir.

Mr. Speaker : I cannot allow it.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, it is a point of privilege again. I have made a statement in the House that it was a taunting remark made to me and you have been pleased to say just now that after consulting the officer you thought that it was a misunderstanding. I want to make it quite clear that it was absolutely not a misunderstanding. There were other honourable members also sitting near me when those remarks were made.

وزیر اعلیٰ — جناب والا ! میں بھی اس point کے متعلق جو چودھری محمد شفیق صاحب نے اٹھایا ہے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں چونکہ میں اسے اہم سمجھتا ہوں۔ اسلئے اگر جناب اجازت دیں تو . . . . .

Mr. Speaker : If necessary, I will call upon the Leader of the House. I want to point out to the honourable member that he has misunderstood my remarks and this confirms me in the belief which I expressed formerly that in spite of the remarks having been made, he might have misunderstood it. But anything further that I consider necessary to say in the matter, I will say after hearing the Honourable Chief Minister.

وزیر اعلیٰ— جناب والا ۔ مجھے صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ جہانتک میں سمجھ سکا ہوں یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو اتنا اہم نہیں ہے جتنا اسے سمجھا جا رہا ہے ۔ ایسے معاملوں کو اسقدر طول نہ دینا چاہئیے اور نہ ہی ان کی اہمیت کو ضرورت سے زیادہ بڑھانا چاہئیے ۔ بلکہ آنریبل ممبر صاحبان کو ایسی باتوں میں ہرگز الجھنا نہ چاہئیے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر سیکرٹری صاحب نے یہ کہہ بھی دیا ہے کہ اگر چودھری محمد شفیق صاحب Parliamentary Procedure پر ایک کتاب لکھ دیں تو بہت ہی اچھا ہو ۔ تو میرے نزدیک انہوں نے اس ایوان کے بیشتر ممبران کے خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ یہ کوئی taunting remark نہیں ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Muhammad Shafiq: On a point of order. The Honourable Chief Minister is making a speech.

Mian Abdul Bari He is giving a sermon on that question.

Mr. Speaker: I have allowed him to make a speech on this point and therefore he is perfectly in order. If he says anything unparliamentary I will stop him.

وزیر اعلیٰ—جناب والا ۔ میری رائے یہ ہے کہ اگر کوئی شخص نیک نیتی سے یہ کہے کہ اس ایوان کے ایک قابل ممبر اپنی قابلیت سے اس ایوان میں ہماری راہنمائی فرمائیں اور Parliamentary Procedure کے مشکل نکات کو واضح کر کے ممبران کو مستفید فرمائیں تو اسے taunting یا تمسخر نہ سمجھنا چاہئیے ۔ اس قسم کے مسائل کے بارے میں ایوان ہذا کیلئے بہتر طریق یہی ہے کہ ان کی جانچ پڑتال اور ان کے آخری فیصلے جناب والا ہی کو سونپے جائیں اور ان پر اس ایوان میں بحث مباحثہ نہ کیا جائے کیونکہ میرے نزدیک یہ مسائل ایسے نہیں جن سے ایوان ہذا کے کسی آنریبل ممبر کی عزت پر کسی لحاظ سے بھی حرف آتا ہو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایسا کوئی مسئلہ اسقدر طول پکڑ جائے اور اس کے باوجود بھی اس ایوان کا کوئی آنریبل ممبر satisfy نہ ہو تو اس صورت میں ہمیں اس ایوان کے سیکرٹری صاحبان یا Employees کی پوزیشن کا خیال رکھنا بھی لازمی اور ضروری ہے ۔ اگر آنریبل ممبر موصوف اس مسئلے کے بارے میں جناب سپیکر صاحب کے احکام کو کافی نہیں سمجھتے اور محسوس کرتے ہیں کہ یہ remarks اس قابل ہیں کہ ان پر ضرور کوئی action لیا جائے ۔ تو اس کی دوھی صورتیں ہو سکتی ہیں ۔ یعنی یہ کہ یا تو چودھری محمد شفیق صاحب جناب سپیکر صاحب کے ارشادات کو مد نظر رکھتے ہوئے satisfy ہو جائیں ۔ ورنہ اس ایوان سے پوچھ لیا جائے کہ اسکے خیال میں یہ remarks کس لحاظ سے taunting تھے یا نہیں اور آیا اسپر کوئی action لینے کی ضرورت ہے یا نہیں ۔

چودھری محمد شفیق—جناب والا ۔ اس سلسلے میں جو کچھ کہا گیا ہے ۔ میں اس کے متعلق چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ آنریبل وزیر اعلیٰ صاحب نے اس ہاؤس کے privileges کے متعلق لب کشائی کر کے بڑی عنایت فرمائی اور اس سلسلے میں ارشاد فرمایا کہ جہانتک مینے اس معاملے کو سمجھنے کی کوشش کی ہے ۔ ایک طرف تو اس ایوان کے ایک معزز ممبر کی عزت کا سوال ہے اور دوسری طرف ایوان کے ایک افسر کی عزت کا سوال ہے ۔ یہ صحیح ہے اور میں تسلیم کرتا ہوں کہ ہمیں اس ایوان کے افسروں کی عزت کرنی چاہئیے ۔ ان کے حقوق اور ان کی پوزیشن کا خیال

رکھنا چاہئیے ۔ مگر میں جناب والا کی وساطت سے یہ امر جناب وزیر اعلیٰ پر واضح کردوں کہ اسکا یہ مطلب نہیں کہ اگر ہم اس ایوان کے افسروں کی عزت کرتے ہیں تووہ ہماری پگڑی اچھالنے کی کوشش کریں ۔

جناب والا ۔ میں یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ آنریبل وزیر اعلیٰ صاحب نے اس سلسلے میں مجھے ایک indirect دھمکی دینے کی بھی کوشش کی ہے وہ یہ کہ اگر میں اب بھی satisfy نہیں ہوتا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں سپیکر صاحب کے فیصلوں کا احترام نہیں کرتا ۔ اور وہ اپنی اکثریت کے بل بوتے پر اسکا فیصلہ کرلیوینگے۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کر دوں کہ ان کا یہ خیال بالکل غلط ہے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح سے وہ آنریبل سپیکر صاحب کے فیصلوں کا حترام کرتے ہیں ہم بھی اس چیز میں ان سے پیچھے نہیں ہیں ۔ ہم ہمیشہ آنریبل سپیکر صاحب کے فیصلوں کا احترام کرتے رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ اسکے متعلق آپ بالکل بے فکر رہیں ۔ مگر سوال تو ممبران کے Privileges کا ہے۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ ایوان ہذا میں کوئی ایسی چیز پیدا نہ ہو جس سے کوئی بری روایات (Bad Parliamentary Practice) قائم ہو جائیں۔ مینے یہ معاملہ آنریبل سپیکر صاحب کے سامنے رکھا ہے اور اس کا فیصلہ صرف ان پر چھوڑتا ہوں ۔ وہ ممبران کے Privileges کا خیال رکھتے ہوئے جو فیصلہ بھی دینگے میں اس سے مطمئن ہو جاؤنگا ۔ مگر جناب والا ۔ آنریبل وزیر اعلیٰ صاحب کی زبان سے یہ الفاظ سنکر مجھے حیرت ہوئی ہے کہ اگر میں satisfy نہیں ہوتا تو پھر اس امر کا فیصلہ ایوان ہذا کی اکثریت پر چھوڑ دیا جائے ۔ یہ الفاظ ایسے ہیں جو ان کے منہ سے نکلتے ہوئے مناسب معلوم نہیں ہوتے اور ان کی زبان کو زیب نہیں دیتے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس اکثریت کے بل بوتے پر وہ بہت کچھ جائز و ناجائز کہہ سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : What is the good of repeating what the honourable member has said scores of times, I am going to give my final verdict on the point.

چودھری محمد شفیق۔اب ان کی جماعت ۸۵ فیصدی اکثریت کے نشہ میں اکثریت کا فیصلہ لینے پر تیار ہو جائیگی مگر جب ایوان کے اندر ارکان کے استحقاق اور Privileges کے سوال پر بھی معقولیت سے غور نہ کیا گیا تو اس سے خود اس اکثریت کے احترام میں بھی فرق آ جائیگا ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اس جواب سے میری تسلی نہیں ہوئی اور میں یہ امر ایوان کے نوٹس میں لاتا ہوں کہ ممبر خواہ کسی پارٹی کا ہو چاہے وہ سرکاری پارٹی سے تعلق رکھتا ہو یا آپوزیشن سے اسکا احترام اسکے حقوق اور

Privileges یکساں طور پر محفوظ ہونے چاہئیں۔ اس مشترکہ حق کو کسی ایک پارٹی کے نکتہ نظر سے نہیں دیکھنا چاہئے ان وجوہات کی بنا پر میں کہونگا کہ سیکرٹری اسمبلی کا مجھے یہ طنزاً کہنا کہ آپ ایک الگ پارلیمنٹری پریکٹس جاری کریں ۔ کسی طرح مناسب نہیں ۔

صاحب سپیکر—اسمیں objection کسی چیز پر ہے ۔ یہ کونسی taunting چیز ہے ؟

خان عبدالستار خان نیازی—پارلیمنٹری پریکٹس کے علاوہ ایک اسلامی اخلاق کی پریکٹس بھی تو ہے کہ جسمیں معاف کرنیکی ترغیب دی گئی ہے ۔

Mr. Speaker : So far as the question of deciding the point of privilege or any other point of allied nature is concerned, it is within the particular province of the Speaker and I do not propose to leave the decision thereof to the House. So far as this particular question is concerned, I have already expressed the view that the privileges of the members of this House, irrespective of the fact whether they belong to one party or the other are equally dear to me, and I will always try to maintain such privileges because by this means alone can I maintain the dignity of this House. I, therefore, want to assure the honourable member that there was a certain amount of misunderstanding with regard to the nature and the manner of the remarks alleged to have been made by an officer of this House to the honourable member. I do not in any way intend to detract from the privileges of any member of the House. Those, as I have said, are there and will be maintained. As I have already pointed out I will not allow any member of this House or an officer of the House to indulge in taunting remarks deliberately. After this I consider there is no need for expatiating on the point any further. The point is quite clear. The dignity of the House is vindicated and that is the end of the matter.

MUHAJIR FUND CESS BILL

Mr. Speaker : The House will now proceed to discuss the Bill clause by clause. Syed Shamim Hussain Qadri's amendment was under discussion.

Clause 3

چودھری محمد شفیق — (منٹگمری — نمبر ۳ — مسلم مخصوص نشست) —

جناب والا ! میں آنریبل ممبر سید شمیم حسین قادری کی اس ترمیم کے متعلق جسکے ذریعہ انہوں نے مہاجرین کو اس سیس سے بچانے کی کوشش کی ہے ۔ چند معروضات پیش کرونگا ۔ وہ اسکے متعلق پہلے ہی کافی سے زیادہ کہہ چکے ہیں اسلئے میں اسکے کسی اور پہلو کو زیر بحث لاؤنگا ۔

جناب والا ! آج تک ٹیکسیشن کی ہسٹری میں کبھی یہ چیز نظر نہ آئی ہوگی کہ ایکٹ کے پری ایمبل میں یہ کہا جائے کہ مہاجرین کی ریلیف کیلئے یہ ایکٹ بنایا جا رہا ہے اور Statement of Objects and Reasons میں یہ کہا جائے کہ مہاجرین کی ریلیف کیلئے یہ روپیہ اکٹھا کیا جا رہا

ہے اور ساتھ ہی جب اس ایکٹ کی دفعات کو دیکھا جائے تو ان میں انہی مہاجرین پر جنکی ریلیف مقصود ہو سیس بھی لگا دیا جائے ۔ انکی ریلیف کیلئے انہی سے چندہ وصول کیا جائے ۔ اس ایکٹ میں یہ ایک بالکل نئی چیز پیدا کیگئی ہے کہ ایک طرف تو یہ کہا جا رہا ہے کہ مہاجرین کو ریلیف دیجا رہی ہے اور دوسری طرف انہی پر ٹیکس لگایا جا رہا ہے ۔ پنجابی ضرب المثل کے مطابق مہاجرین کے جوتے مہاجرین کے سر ۔ اس سے زیادہ کیا عرض کروں ۔

جناب والا ! ٹیکسیشن کے اصول کے مطابق ہمیشہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ ٹیکس کا burden ایک تو اس شخص پر زیادہ نہ پڑے جو پہلے ہی زیادہ ٹیکس دے رہا ہو ۔ اور دوسرے اسکا burden غریب پر نہ پڑے ۔ اب اگر زیر بحث بل کو ان دو اصولوں پر پرکھا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ آنریبل وزیر متعلقہ کو ہماری تجویز منظور کر لینی چاہئیے ۔ کیونکہ مہاجرین پر پہلے ہی کافی سے زیادہ ٹیکس لگے ہوئے ہیں ۔ اور دوسری بات یہ کہ وہ غریب بھی ہیں ۔ اور تیسرے اسوقت وہ عارضی مستقل تقسیم کی زد میں آئے ہوئے ہیں ۔ عارضی مستقل تقسیم مہاجرین کیلئے معمولی چیز نہیں ہے ۔ بلکہ جو اخراجات انکو برداشت کرنے پڑ رہے ہیں وہ بہت زیادہ ہیں ۔ سرکاری اخراجات تو ممکن ہے اتنے زیادہ نہ ہوں کیونکہ ایک ہزار یونٹ پر دس روپیہ ہے ۔ مگر انکو اس محکمہ کی غلط کاریوں کی وجہ سے جو اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں وہ بہت ہیں ۔ ایک ایک ایکڑ کیلئے پانچ پانچ سو روپیہ خرچ ہو جاتا ہے حالانکہ وہ اراضی دو سو یا اڑھائی سو روپیہ میں ملکیت کے طور پر خریدی جاسکتی ہے ۔ تو میں یہ عرض کرونگا کہ ایسے حالات میں کسی ایسے شخص پر ٹیکس کا لگانا کسی صورت میں بھی جائز نہیں ہے

جناب والا ! اس ٹیکس کا اگر ہم ایگریگاچرل انکم ٹیکس سے مقابلہ کریں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہ ایک بڑی عجیب اور نئی چیز پیدا ہوئی ہے کہ بڑے زمینداروں کو ریلیف دینے کیلئے ایگریگاچرل انکم ٹیکس بل لایا جا رہا ہے ۔ جو کل ہمارے سامنے آئیگا ۔ بڑے زمینداروں کو ریلیف دینے کیلئے پیسہ کہاں سے وصول کیا جا رہا ہے ؟ وہ ان غریب مہاجروں سے بذریعہ سیس وصول کیا جا رہا ہے ۔ پھر لینڈ ریونیو کے علاوہ آبیانہ پر جو ایک زمیندار پانی کی قیمت کے طور پر دیتا ہے۔ ٹیکس بڑھایا جارہا ہے ایک طرف ایگریگاچرل انکم ٹیکس ہے اور دوسری طرف مہاجر سیس اگر ہم ان دونوں کا مقابلہ کریں تو معلوم ہوگا کہ ایگریگاچرل انکم ٹیکس میں

ریلیف دینے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اور اس بل کے ذریعہ مہاجرین پر لگانے کی کوشش کیگئی ہے حالانکہ مقصد دونوں کے علیحدہ بیان کئے گئے ہیں ۔

جناب والا ! ایگریکلچرل انکم ٹیکس بھی چونکہ اس ہاؤس کے سامنے ہے اسلئے میں جناب والا کی وساطت سے اس ایوان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ . . . . . .

Mr. Speaker : Agricultural Income Tax is not before the House.

چودھری محمد شفیع — جناب والا ! میں صرف مثال کے طور پر اسے پیش کرنا چاہتا تھا ، مگر نہیں کرتا ۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک طرف ایک بل کے ذریعہ سے ریلیف دی گئی ہے مگر اسے پورا کرنے کیلئے روپیہ اس مہاجر سیس کے ذریعہ مہاجرین سے وصول کیا جا رہا ہے ۔ جناب والا اگر ان بڑے زمینداروں کو جن کا سلائڈنگ سکیل قائم کر کے انکو ریلیف دیگئی ہے ان پر یہ تھوڑا سا بوجھ پڑا رہنے دیا جاتا اور مہاجرین کو اس سیس سے معافی مل جاتی تو لازمی طور پر مہاجرین یہ کہنے کے قابل ہو جاتے کہ ہمیں اس ایکٹ کے تحت کچھ ریلیف مل گئی ہے ۔

جناب والا ! اسکے علاوہ میں آپ کے سامنے ایک اور چیز بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ سیس مہاجرین سے معاملہ پر اور آبیانہ پر وصول کر لیا جائے گا مگر کم از کم تیس فیصدی کیس ایسے ہونگے جہاں مہاجرین کو اراضی تو الاٹ ہو چکی ہے مگر انہیں قبضہ نہیں ملا ہوگا ۔

اس وقت عارضی مستقل الاٹمنٹ کے تحت زمینیں الاٹ کی جا رہی ہیں لیکن جن لوگوں کا قبضہ ہے وہ نہ تو مہاجرین کو بٹائی دے رہے ہیں اور نہ اراضیات کا قبضہ دے رہے ہیں ۔ اگرچہ کاغذات کے مطابق وہ زمینیں مہاجرین کے نام پر ہونگی ۔ لیکن در حقیقت پیداوار لینے والے دوسرے اشخاص ہونگے ۔ اور مہاجر سیس مہاجر ہی کو ادا کرنا پڑیگا چاہے وہ گھر کے کپڑے بیچے ۔ چاہے کسی طرح سے کرے ۔ کیونکہ یہ تو لینڈ ریونیو یا آبیانہ پر ہوگا ۔ یہ مزارع پر نہیں بلکہ مالک پر لگے گا ۔ لہذا میں گذارش کرونگا کہ آنریبل وزیر کو اسکے متعلق سوچ لینا چاہئے کہ آیا مناسب نہ ہوگا کہ مہاجرین کو اس سیس سے معافی دے دی جائے ۔

اسکے علاوہ جناب والا ایک اور چیز بھی انکے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ مہاجرین چونکہ ابھی مستقل طور پر آباد نہیں ہوئے ۔ اگر ان پر یہ ٹیکس لگائے ہیں تو انکے مستقل طور پر آباد ہونیکے بعد لگائے جائیں ۔

مگر جسوقت تک وہ مستقل طور پر آباد نہیں ہوتے ۔ انہیں ان ٹیکسوں سے بچانے کی کوشش کرنی چاہئے ۔

شیخ محمد سعید (پارلیمنٹری سیکرٹری)—جناب والا ! آنریبل ممبر نے اس ترمیم کی موافقت کرتے ہوئے اس بات کو نظر انداز کر دیا کہ جہاں ہم نے مقامی زمیندار کو معاملہ لگایا ۔ ایگریگاچرل انکم ٹیکس لگایا وہاں اسکے ساتھ ہی مہاجر سیس کا زیادہ حصہ بھی اسی کو دینا پڑیگا ۔ اس ترمیم کو پیش کر کے محض مہاجرین کے نام سے فائدہ اٹھایا جا رہا ہے ۔ چونکہ مہاجرین کا نام آج سب سے زیادہ مظلوم ہے اسلئے انکا نام لے لے کر یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ سیس مہاجرین پر لگایا جا رہا ہے ۔ حالانکہ مہاجرین میں سے ایسے بھی ہیں جو بد قسمتی سے ایک انچ زمین بھی حاصل نہیں کر سکے ۔ اس ترمیمی مسودہ قانون کی رو سے ہوگا تو یہ کہ وہ خوش قسمت مہاجرین جن کے پاس زمین ہے وہ معاملہ کا ایک قلیل حصہ بطور مہاجر سیس ادا کریں گے جس سے ایسے مہاجرین کو فائدہ پہنچے گا جنکو یہاں سے کچھ زمین نہیں مل سکی ۔ نادار اور غریب مہاجرین کے لئے نئی بستیاں انکے بچوں کی تعلیم کے لئے وظیفے اس فنڈ سے دئے جائینگے ۔ میں اس مختصر گذارش کے ساتھ ترمیم زیر غور کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 3, sub-clause (2), after the words "as the case may be" the following words be added :—

"except the refugees".

The motion was lost.

Mr. Speaker : There is an amendment of Rana Abdul Hamid Khan to the effect that in clause 3, sub-clause (1), for the words "and the occupier's rate payable in respect of such land "the words "on the land" be substituted. The notice of this amendment was received yeaterday.

Minister of Revenue : Sir, I object to it because it is time barred.

Mr. Speaker: Since the objection has been taken, it cannot be moved.

Rana Abdul Hamid Khan : Sir, I posted these amendments on the 25th April, 1952 from Montgomery. I do not know why they were received in the office yeaterday.

Mr. Speaker : I am sorry for that, but the date is to be calculated from the date of receipt.

The question is—

That sub-clauses (1) and (2) of clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Syed Shamim Hussain Qadri's amendment seeks to delete the proviso to clause 3. He can oppose it.

سید شمیم حسین قادری (کارپوریشن شہر لاہور نمبر۳ مسلم مخصوص نشست) — حضور والا - میں آپ کے سامنے پہلے proviso پڑھونگا -

Provided that the Provincial Government May, by notification exempt any person or persons or class of persons from the payment of the whole or any part o the cess.

اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ اسمیں سے اس proviso کو delete کر دیا جائے -

جناب والا اس سیکشن میں لکھا ہے -

(2) The cess shall be payable by the person liable for the payment of the and revenue or the occupier's rate or both, as the case may be :

حضور والا! اس سے صاف ظاہر ہے کہ ایک طرف حکومت ان مہاجرین سے روپیہ وصول کریگی جو پہلے ہی تباہ حال اور برباد ہیں اور جو اس امر کے کفیل نہیں ہیں کہ اس بار کو اٹھا سکیں - دوسری طرف وہ اپنے ہاتھ میں کتنے بڑے اختیار لے رہے ہیں یعنی جسپر چاہیں بخشش کر دیں جس سے چاہیں وصول کر لیں - ہو سکتا ہے اور اغلباً ایسا ہی ہوگا کہ وہ لوگ جن کے ووٹ انہوں نے بعد میں لینے ہیں بگڑ جائیں گے اور اکثر بگڑ جائینگے اسلئے یہ کہا جا سکیگا یا ایک نوٹیفیکیشن ہو جائیگی کہ فلاں علاقہ یا فلاں Area مثلاً ملتان، سرگودھا، لائلپور کے لوگوں کو اس سیس سے بری الذمہ کیا جائے - جناب والا یہ ایسی بات ہوگی جو بہت ہی بری ہوگی -

حضور والا - ایک طرف ریفوجی کا خیال ہے اور دوسری طرف ان لوگوں کی پرورش کا خیال ہے جو ان سے بگڑیں گے- یہ مناسب نہیں کہ جو اصول ان کے لئے بنایا گیا ہے وہ لوکل اور مہاجر دونوں کے لئے ہوگا حالانکہ بات یہ ہے کہ مہاجرین کو اس سیس سے بری الذمہ کیا جانا چاہئیے کیونکہ ان کی مدد کے لئے آپ کو ٹیوب ویل لگانے ہیں یعنی متروکہ اراضی میں ٹیوب ویل لگائے جائینگے - اسکے بعد میری گذارش ہے جیسا کہ آنریبل وزیر بحالیات نے فرمایا تھا کہ یہ ٹیوب ویل جو متروکہ جائیداد کے امپروومنٹ کے لئے لگائے جا رہے ہیں متروکہ جائیداد کے کرایوں سے لگائے جا رہے ہیں - غیر مسلم جائیداد میں اسکی بہتری کے لئے اگر کسی قسم کی امپروومنٹ کی گئی تو فائدہ اگرچہ مہاجرین کو ہوگا لیکن ان پر اس ٹیکس کا مزید بوجھ ڈالنا نا مناسب ہے - پہلے ہی مہاجرین سے سہ گنا اور شش گنا کے حساب سے مالیہ کے طور پر وصول کیا جا رہا ہے اور گذشتہ چار سال سے وصول کیا جا رہا ہے - چونکہ یہ ٹیوب ویل لگنے ہیں تو اس قسم کی امپروومنٹ کی آڑ لیکر ایک طرف حکومت کہہ سکتی ہے کہ جس سے چاہیں وصول کریں -

جس سے چاهیں وصول نہ کریں یہ کتنی بڑی discretion ہے - حضور والا اس طرح تو اس بل کی غرض و غایت بالکل فوت ہو جائیگی - دراصل اس سے مہاجر کے منہ سے لقمہ چھیننے کی کوشش کی جا رہی ہے - جس کے پاس رات کا کھانا بھی میسر نہیں اور دوسری طرف بڑے آدمیوں کی پرورش کرتے ہیں - ان کی ہر قسم کی مدد کرتے ہیں ان کو support کرتے ہیں تاکہ ان کا اپنا مطلب پورا ہو - ٹیکسوں کے سلسلہ میں Agricultural Income Tax Bill آئیگا - اسمیں اس کام کے لئے اس قسم کی روایات ہماری گورنمنٹ قائم کر رہی ہے- یعنی غریب کو مٹا رہی ہے اور امیر کو بلند کر رہی ہے اسکا مقصد یہ ہے کہ گورنمنٹ دوسرے طریقوں سے یعنی چور دروازوں سے کمیونزم لانا چاہتی ہے فسادات برپا کرنا چاہتی ہے اور جیسا کہ میاں عبدالباری صاحب نے فرمایا ہے - کہ وہ وقت عنقریب آنیوالا ہے جب عوام ٹیکس کا بار برداشت نہیں کرینگے اور وہ ڈنڈے لیکر کھڑے ہو جائینگے - اسلئے خدا سے انہیں ڈرنا چاہئے مگر میں کہتا ہوں کہ انہیں عوام سے ڈرنا چاہئے کیونکہ خدا کا ڈر تو بہت دور ہے عوام کا ڈر ان کے زیادہ قریب ہے -

ایک آنریبل ممبر — آپ ہی ڈنڈا لیکر کھڑے ہو جائیں -

سید شمیم حسین قادری—بھئی یہ ڈنڈا نہیں- یہ تو چند معروضات ہیں - حضور والا - میں یہ عرض کرونگا کہ عوام پر ٹیکس کا بوجھ اسقدر پڑتا جا رہا ہے کہ اب وہ ٹیکس ادا کرنے کے کفیل نہیں ہیں - یہ ٹیکس ایک طرح سے چھوٹے چھوٹے لوگوں سے لئے جا رہے ہیں کیونکہ اب تو اس آدمی کو بھی ٹیکس دینا ہوگا جو دو آنہ مالیہ ادا کرتا ہے - اسکو اب دو آنہ ٹیکس بھی ادا کرنا ہوگا اگر وہ میری ترمیم مان لیتے یعنی کہ دو آنے کی بجائے دو پیسے لئے جائیں تو اسکا کافی اثر ہوتا - کیونکہ جن لوگوں کے پاس رات کو کھانے کو روٹی نہیں وہ بگڑتے ہیں ان کے بچے بغیر علاج کے تڑپ کر مر جاتے ہیں ان کو ہسپتال سے دوا نہیں ملتی - یہ ہیں اس گورنمنٹ کے شاندار انتظامات - جن کے باعث عام طور پر ۹۹ فیصدی لوگ تعلیم کی بغیر بیٹھے ہیں مگر بڑے بڑے لوگ کہتے ہیں کہ ہم ہر کام عوام کی بہبودی کے لئے کرتے ہیں وہ عوام کے نمائندے بن کر اس ایوان میں آتے ہیں اور اس ایوان کی حالت ایسی ہے کہ وہ ان کی نظر کرم کے محتاج ہیں - حضور والا یہ لوگ محض اپنی پارٹی اور اکثریت پر ناز کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ جو چاہینگے کرینگے اور وہ کر بھی رہے ہیں -

لیکن یہ بات کہ اکثریت ایسی بات نہیں لا سکتی اور وہ لوگ ہمکو اقلیت سمجھتے ہیں ۔ نا مناسب ہے ۔

کم من فئتہ قلیلتہ غلبت فئتہ کثیرۃ ۔

حالانکہ حکومت پر یقیناً ایسا وقت آنیوالا ہے ۔ اسلئے ان کو چاہئے کہ وہ ایک اصول پر قائم رہیں اور ہمیشہ اسے مدنظر رکھیں ۔ اگر وہ اصول کو چھوڑ دیں گے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ جن کے آپ نمائندے بنتے ہیں جنکی خاطر آپ کہتے ہیں کہ آپ اسمبلی میں بیٹھ کر ان کی بہتری کر رہے ہیں جب آپ دورے پر جائینگے آپ کی کاریں جائینگی یا آپ آسائش اور مزے کی زندگی بسر کر رہے ہونگے یا outing یا شکار کیلئے آپ باہر جائینگے تو جب وہ آپ کے سامنے آئینگے تو کہیں گے کہ آپ پلاؤ کھاتے ہیں مرغ کھاتے ہیں مگر ہمارے تن پر کپڑا تک نہیں ۔

جناب والا میں گذارش کر رہا تھا کہ یہ ایسی چیز ہے جس پر بڑے غور و خوض کی ضرورت ہے۔ اس امر کی ضرورت ہے کہ آپ دیکھیں آیا جو کچھ آج حزب اختلاف کی طرفسے کہا جاتا ہے وہ واقعی اس قابل ہے کہ اس پر عمل کیا جائے یا نہیں ۔

عزت مآب وزیر مال نے فرمایا تھا کہ حزب اختلاف سے جو ترامیم آئی ہیں وہ nonsense ہیں (قطع کلامیاں) غالباً انہوں نے کہا تھا کہ وہ sensible نہیں ہیں لیکن دوسرے الفاظ میں nonsense ہی کہتے ہیں (قطع کلامیاں) حزب اختلاف کی طرفسے ترمیم پیش کی گئی کہ یہ cess مہاجرین پر نہ لگایا جائے ۔

Mr. Speaker : How is that relevant ?

سید شمیم حسین قادری—میں یہ گذارش کرونگا کہ ایسی ترامیم جو حزب اختلاف کی طرف سے sense کے طور پر بھی آپ کے سامنے پیش کی جاتی ہیں وہ بھی آپ reject کر دیتے ہیں چہ جائیکہ وہ ترامیم جن پر غور و خوض کی ضرورت ہو ۔ عزت مآب وزیر مال صاحب نے کسی ترمیم کا جواب نہیں دیا خصوصاً اس مہاجر فنڈ سیس بل کی ترامیم کے متعلق تو انہوں نے کچھ بھی نہیں فرمایا ۔ اگر وہ لب کشائی کرتے کہ ان کا نظریہ کیا ہے تو یقیناً مجھے تشفی ہو جاتی کہ یہ cess واقعی مہاجرین کے لئے ہے ۔ اور ان کا مقصد واقعی بہبودیٔ مہاجرین ہے ۔ لیکن میری کل اور آج کی گذارشات کے جواب میں انہوں نے لب کشائی نہیں فرمائی اور اب مجھے یقین کامل ہے کہ اس cess لگانے سے مراد صرف اس ڈیفیسٹ کو پورا کرنا ہے جو بجٹ میں ہو چکا ہے اور مہاجرین کی بہبودی کا ان کو قطعی خیال

نہیں ۔ میرے دو دفعہ الزام لگایا ۔ کسی ترمیم پر تو وہ فرماتے کہ ایسی بات نہیں ہے ۔ یہ cess ہم یقیناً مہاجرین کی بہبودی کیلئے لگا رہے ہیں۔ جناب والا مہاجرین کی بہبودی جو اغراض و مقاصد میں درج کیگئی ہے اسکی طرف میں آپ کی توجہ منعطف کراتا ہوں ۔ یہ کہا گیا ہے کہ ہم مہاجرین کے لئے

Mr. Speaker: Is the honourable member speaking to the proviso ?

سید شمیم حسین قادری—جناب والا یہ میں اسلئے کہہ رہا تھا کہ

Mr. Speaker : Kindly confine yourself to the proviso

سید شمیم حسین قادری— جناب والا اس proviso سے یہ صاف ظاہر ہے کہ ایک طرف تو یہ کوشش کی جاتی ہے کہ غریبوں کو مستثنی نہ کیا جائے اور دوسری طرف ان بڑے لوگوں کی امداد کی جا رہی ہے جن کے ووٹوں کی ان لوگوں کو ضرورت ہے ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں عرض کرونگا کہ یہ جملہ شرطیہ نہایت غیر ضروری ہے اسکو حذف کر دیا جائے ۔ یہ بل جسکو آپنے پاس کرنے کی ٹھانی ہوئی ہے اگر آپ نے ایسا کر ہی گذرنا ہے تو کم از کم یہ بخششوں کے دروازے بند کیجئے ۔

چودھری محمد شفیق—(منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا یہ ترمیم جو پیش کی گئی ہے میں اسکی تائید کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔ اپنی معروضات میں میں آنریبل وزیر مال کو چند سوالات کرونگا ۔

مسٹر ابو سعید انور—سوالات کا وقت گذر چکا ہے ۔

چودھری محمد شفیق—اگر وزیر مال گوارا کریں تو ان کا جواب دینے کی کوشش کریں ۔ سب سے اول چیز تو یہ ہے کہ اس cess کی ادائیگی کے لئے زمینداروں میں صرف دو ہی قسم کے لوگ موجود تھے ۔ ایک مہاجر اور دوسرے لوکل ۔ اگر ان میں سے کوئی رعایت کا مستحق ہو سکتا تھا یا کسی کے ساتھ اس ایکٹ کے ماتحت رعایت کی جا سکتی تھی تو وہ صرف مہاجر تھے لیکن ان پر تو یہ ٹیکس لگا دیا گیا ہے پھر کیا وجہ ہے کہ person or persons or class of pesrons کے لئے یہ رعایت مانگی جا رہی ہے ۔ کیا یہ تودرست نہیں کہ حکومت کو رشوت دینے کے لئے چور دروازوں کی ضرورت ہے ؟

Mr. Speaker : That argument has already been advanced by Syed Shamim Hussain Qadri.

چوھدری محمد شفیق— جناب والا میں عرض کر رہا تھا کہ انکو رشوت کے لئے کچھ روپے کی ضرورت تھی کیونکہ انہیں اس ان پڑھ بیچارئی کو بچانے کے لئے جسمیں کھلبلی مچ چکی ہے (قطع کلامیاں) ۔

خان بہادر کپتان ملک مظفر خان— جناب والا کل سے یہ فرما رہے ہیں کہ یہ ان پڑھ بیچارئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں وہ لوگ بھی ہیں جو زمینداروں کی نمک کھا کر نمک حرامی کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Order, order.

چودھری محمد شفیق— اس پارٹی میں جو کھلبلی مچی ہوئی ہے (شور اور قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : That insinuation should be withdrawn.

چودھری محمد شفیق—جناب والا در اصل یہ الفاظ میں کہنا نہیں چاہتا تھا ۔

I reluctantly said because I could not find any other word (interruptions). I withdraw those remarks.

دراصل وہ کھلبلی جو ان کی بیچارئی کے اندر مچی ہوئی ہے اس سے بچنے کے لئے کوئی رخنہ تلاش کیا جا رہا ہے ۔ ایک رخنہ تو ابھی Agricultural Income Tax (Amendment) Bill کی صورت میں پیش ہو جائیگا۔

Mr. Speaker : Please confine yourself to the proviso.

چودھری محمد شفیق — جناب والا یہ رعایتیں کن لوگوں کو دی جائینگی اور کس طریقہ سے دی جائینگی۔ میرا مقصد Agricultural Income Tax (Amendment) Bill کو زیر بحث لانا نہیں ہے۔ میں تو صرف reference دے رہا ہوں کہ اسکے ذریعے سے

Mr. Speaker : We do not know what will happen to that Bill. That bill is not before the House now.

چودھری محمد شفیق—جناب والا پھر ان لوگوں جن پر کہ ان agrarian reforms کا اثر پڑا ہے اور جن کو تسلی دینے کے لئے ان کو بار بار کہیں نہ کہیں کوئی نہ کوئی چیز تلاش کرنی پڑتی ہے ان کے لئے ہی یہ پروویزو رکھا گیا ہے ۔ وہی لوگ ہونگے جن کو ایسے بہانوں سے فائدہ پہنچایا جائیگا ۔ یہ کہا جایا کرے گا دیکھئے سرگودھا کے ضلع کے اندر آندھی آ گئی ہے اس لئے وہاں پہ پر یہ cess معاف کر دیا جائے ۔ در اصل اسکی وجہ یہ ہوگی کہ چونکہ چند افراد ان کا ساتھ چھوڑنے کے لئے تیار ہیں اسلئے انکو اپنے ساتھ رکھنے کے لئے ایسے بہانوں سے کام لیا جایا کریگا۔ اسی طرح اگر کسی ضلع میں بارش زیادہ ہو گئی یا پانی آ گیا تو وہاں کسی نہ کسی حیلہ یا بہانہ سے کیونکہ ہر جگہ چند ممبروں کو اپنے ساتھ ملانے کی ضرورت ہوگی اسلئے اس proviso کو استعمال کیا جایا کریگا ۔

اور ان کو کہا جایا کریگا کہ یہ مہاجر cess آپ کو معاف کر دیا جائیگا اور تم ہمارے ساتھ آ جاؤ ۔ کیونکہ ہم تمکو رعایت دے رہے ہیں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ کسی ایکٹ کے اندر اتنے وسیع اختیارات نہیں دینے چاہیے جن سے ناجائز فائدہ اٹھانے کے امکانات ہو سکتے ہوں ۔میں یہ گذارش کرونگا۔ کہ یہ proviso میری سمجھ میں نہیں آیا ۔ ممکن ہے کہ آنریبل وزیر مال اس چیز کی کوئی تشریح کر سکتے ہوں یا ان کے او ۔ ایس ۔ ڈی صاحب جن کو ہماری ہر بات پر اعتراض ہوتا ہے اور ہنسی آتی ہے وہ شائد اسپر روشنی ڈال سکتے ہوں ۔

Mr. Abu Saeed Anwar : The hon'ble member has used the word 'O. S. D.,

Mr. Speaker : What is meant by O. S. D.

Ch. Muhammad Shafiq : An officer deputed by a Minister to reply to my arguments.

Mr. Speaker : Will the hon'ble member withdraw that word. No insinuations will be permitted.

Ch. Muhammad Shafiq : I withdraw.

جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ممکن ہے کہ آنریبل وزیر مال اس چیز کا جواب دے سکیں کہ ان کے دماغ میں وہ کونسے اشخاص ہیں یا لوگوں کی کونسی کلاس ہے جسکو اس cess سے exempt کیا جائیگا ۔ میں ان سے درخواست کرونگا کہ وہ اس بات کی وضاحت کر دیں کہ اس کلاز سے کسی کو رشوت دینی تو مقصود نہیں ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو وہ اس proviso کو درج کر لیں ورنہ حذف کر دیں ۔

* **سید نذر حسین شاہ**—(لائلپور نمبر ۹ مسلم) جناب‌والا جہانتک معزز ممبر کی تحریک کا تعلق ہے وہ اس provise کو حذف کرانا چاہتے ہیں حالانکہ میری گذارش ہے کہ اسمیں درج ہے کہ حکومت کسی شخص یا اشخاص یا اشخاص کی جماعت کو اس ٹیکس کی ادائیگی سے مستثنی کر سکتی ہے ۔ اگرچہ اسمیں حالات کا ذکر نہیں تاہم جہانتک اس proviso کا تعلق ہے اسمیں یہ استثنے موجود ہے کہ کسی شخص یا اشخاص یا اشخاص کی جماعت کو اسکی ادائیگی سے معاف کیا جا سکتا ہے ۔ اب اگر معزز ممبر کل کے مباحثے کو اپنے سامنے رکھیں تو ان کو معلوم ہوگا کہ ان کی تمام ترامیم اور suggestions جو تھیں ان کا لب لباب یہ تھا کہ یہ ٹیکس کسی ایسے طبقے پر نہ لگایا جائے جو اسے ادا کرنے کے قابل نہ ہو ۔ اب اگر وہ اس proviso کو جس کو وہ حذف کرانا چاہتے ہیں غور سے پڑھیں تو انہیں معلوم ہوگا کہ جو تجاویز وہ کل پیش کرتے رہے ہیں وہ سب کی سب اسمیں آ جاتی ہیں یعنی حکومت جو کہ مجاز body ہے کسی شخص ۔ اشخاص یا اشخاص کی جماعت کو اس cess کی ادائیگی

*Uncorrected speech.

سے مستثنے کر سکتی ہے ۔ اب سوال صرف یہ رہ جاتا ہے کہ یہ اختیار کن کے اختیار میں ہونا چاہئیے ۔میں اپنے دوستوں کی خدمت میں عرض کرونگا کہ جہانتک موجودہ طرز نظام یا جمہوریت کا تعلق ہے اس صوبہ کے لوگوں نے ان کو یہ powers تفویض کی ہیں اور ان اختیارات کے استعمال کے وہ مجاز ہیں ۔ اب جہاں تک misuse of powers کا تعلق ہے یہ معاملہ بعد کا ہے ۔ اگر یہ اختیار غلط طور پر استعمال کیا جائے تو ہر ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اسپر اعتراض کر سکتا ہے اور اسمبلی میں سوال پوچھ سکتا ہے علیٰ ہذالقیاس ۔ ہر ممبر کو یہ اختیار حاصل ہے لیکن یہ کہنا بے معنی بات ہے کہ یہ اختیار کیوں لیا گیا ہے ۔ میرے خیال میں ایسا اختیار لینے کی صرف گورنمنٹ ہی مجاز ہے کہ اگر وہ چاہے تو بعض اشخاص کو یا اشخاص کی جماعت کو اسکی ادائیگی سے مستثنے قرار دیدے ۔ اب استثنے کرنے کے متعلق اس اختیار کا رکھنا میرے خیال میں میرے دوستوں کے کل کے مباحثے اور اس میں پیش کردہ مطالبات کو پورا کرتا ہے ۔ جہانتک ان powers کے رکھنے کا تعلق ہے یہ عین مناسب ہے اور کل سے لیکر آج تک جتنی بحث ہوئی ہے اس کو یہ کلاز مدد کردیتی ہے یعنی حکومت بعض اشخاص کو اسکی ادائیگی سے معاف کر سکتی ہے ۔

جہاں تک میرے معزز دوست سید شمیم حسین صاحب قادری کی ترمیم کا تعلق ہے وہ اس کے ذریعہ چاہتے ہیں کہ یہ ٹیکس دو آنے کی بجائے چھ پائی فی روپیہ لیا جائے ۔ ان کی تجویز یہ ہے ۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جہانتک ٹیکس کے عائد کرنے کا تعلق ہے وہ اسے صحیح سمجھتے ہیں یعنی دوسرے لفظوں میں ہر طبقہ کو ٹیکس ادا کرنے کے قابل سمجھتے ہوئے اتنا فرق کرتے ہیں کہ یہ دو آنے کی بجائے چھ پائی کر دیا جائے گویا کہ وہ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اس طبقہ کو جو اس کی زد میں آتا ہے وہ یہ ٹیکس ادا کرنے کے قابل ہے ۔ وہ یہ نہیں کہتے کہ وہ طبقہ اس ٹیکس کے ادا کرنے کے قابل نہیں ہے اسلئے اس پر یہ ٹیکس عائد نہ کیا جائے بلکہ وہ صرف یہ کہتے ہیں اسے دو آنے کی بجائے چھ پائی کر دیا جائے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اگر ان تمام debates کو اکٹھا کیا جائے تو وہ اتنی متضاد چیزیں ہیں جو کسی سننے والے کو اپیل نہیں کر سکتیں ۔ (جہانتک ہمارے یہاں آنے کا تعلق ہے میں اپنے دوستوں سے عرض کرونگا کہ ہمارا وقت بہت قیمتی ہے ہم لوگ یہاں ایک مقصد لیکر آئے ہیں ۔ اسطرح ہر بات پر اعتراض کرنا بغیر کسی دلیل کے جو سننے والے کو قائل نہ کر سکے میں سمجھتا ہوں کہ اس سے انہیں پرہیز کرنا چاہئیے ۔

کہ آیا یہ legislation ہو رہی ہے یا اختیارات ہتیانے کی چال ۔ یہ تو نیت کی خرابی کا مظاہرہ ہو رہا ہے ۔ میں صرف اتنا گذارش کرنیکے لئے اٹھا ہوں کہ یہ استثنے ایک لحاظ سے لیجسلیٹو نکتہ نگاہ میں سقم ظاہر کرتا ہے ۔ دوسرے یہ یہاں کے فقہائے کرام کی بے تدبیری ظاہر کرتی ہے اور تیسرے یہ ایک دروازہ کھولتی ہے کہ وزرا جسکو چاہیں نوازیں اور جسکو چاہیں گرائیں ۔ اور وتعز من تشاء و تذل من تشاء کی خدائی صفات اس خطا کار حکومت کے سپرد کرنا چاہتا ہے ۔میں یہ سمجھتا ہوں کہ لیجسلیشن ان باتوں سے پاک منزہ اور صاف ہونی چاہئے ۔ ایسے provisions ہٹا کر واضح طور یہ رکھ دینا چاہئے تھا کہ ہم ان آدمیوں کو مستثنیٰ کرتے ہیں ۔ اگر ایسا نہیں کرنا تھا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس قسم کی provision بالکل غیر ضروری ہے ۔

Clause 4

چودھری محمد شفیق — (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا ۔ میں کلاز ۴ میں مندرجہ ذیل ترمیم پیش کرتا ہوں ۔

That in clause 4, sub clause (a), add the following words at the end "and shall be expended for the benefit of the refugees for such purposes and in such manner as approved by the Punjab Legislative Assembly by a resolution" and delete "(a)" at the beginning

جناب والا ۔ اس ترمیم کے بعد یہ کلاز اسطرح سے پڑھی جائیگی ۔

"4. The cess levied on the basis of land revenue shall be assessed, collected and recovered in the manner prescribed from time to time by statute, rules or orders for the assessment, collection and recovery of land revenue charged under Chapter V of the Punjab Land Revenue Act, 1887, and shall be expended for the benefit of the refugees for such purposes and in such manner as approved by the Punjab Legislative Assembly by a resolution".

جناب والا ۔ اب میں اسکے متعلق چند معروضات پیش کرتا ہوں مجھے افسوس ہے کہ آنریبل وزیر مال یہاں موجود نہیں ۔ اس ایکٹ میں ریلیف کا ذکر کیا گیا ہے ۔ کہ اسے مہاجرین کو ریلیف دینے کیلئے بنایا جا رہا ہے ۔ مگر سارے ایکٹ کو پڑھنے کے بعد یہ کہیں پتہ نہیں چلتا کہ یہ ریلیف کس قسم کی ہے اور وہ کہاں ہے ۔ اگو کوئی ریلیف ہے تو اسکا ذکر بیان اغراض و وجوہ ہی میں ہے ۔ اور اسکے متعلق جناب والا کا رولنگ موجود ہے کہ اسکا تعلق ایکٹ کے ساتھ کوئی نہیں ہوتا ۔ یعنی وہ صرف ایک رضاحتی نوٹ ہوتا ہے جو ایکٹ کے ساتھ منسلک ہوتا ہے ۔ اگر کل وہ اس روپیہ کو جو آج یہ کہ کر لیا جا رہا ہے کہ اسے مہاجرین کی بہبودی کیلئے خرچ کیا جائیگا کسی اور مقصد کیلئے ۔ جیسا کہ مسٹر گبن نے کہا تھا کوئی قرضہ ادا کرنیکے لئے ۔ صرف کر دیں۔ یا بعض

چودھری محمد شفیق—on a point of order میرے خیال میں معزز ممبر نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں وہ آداب پارلیمنٹ کے خلاف ہیں ۔

Mr. Speaker : The words are that the arguments do not appeal.

چودھری محمد شفیق—وہ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ ایوان کا وقت ضائع کیا جا رہا ہے ۔

That is a clear insinuation.

Mr. Speaker : It is an objection for its own sake which is absolutely parliamentary.

سید نزر حسین شاہ—تاکہ ہم ہاؤس کا وقت بچا کر زیادہ سے زیادہ مفید اور جلد سے جلد یہ کام کر سکیں ۔ میں ان سے مودبانہ گذارش کرونگا کہ ہمیں ان سے توقعات ہیں اور بطور ایک ذمہ دار حزب اختلاف ہونے کے ان کا طرز عمل ایسا ہونا چاہئیے کہ ہم ہاؤس کا زیادہ سے زیادہ وقت بچا سکیں ۔ میں پھر عرض کرونگا کہ کل سے آج تک جتنی تجاویز پیش کی گئی ہیں یہ کلاز ان کو مدد دیتی ہے ۔

Mr. Speaker : Please do not repeat.

خان عبدالستار خان نیازی—(میانوالی نمبر ۲ مسلم)—جناب والا جو کچھ ہم نے ادھر سے سنا ارر جو کچھ شاہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ وہ ان سب ترامیم کی حمائت کرتے ہیں جو کچھ ادھر سے پیش کی گئی ہیں۔ لیکن ان کو ایک اعتراض ہے اور وہ یہ کہ اس ترمیم کو آن ترامیم کے ساتھ کوئی موافقت نہیں ہے ۔ سوال یہ ہے کہ موافقت یا نا موافقت سے بالا تر ہو کر آپ کو یہ دیکھنا چاہئیے کہ آپ خواہ مخواہ اس حکومت کو قطعی اختیارات دینے کے لئے احمقانہ تیزی کے ساتھ بڑھے چلے جا رہے ہیں ۔ جو انجام کار خود آپ کے لئے مضرت رساں ثابت ہوئی ۔ جہاں تک اس proviso کا تعلق ہے یہ حکومت کو فعال لما یرید،، کا حق دے دیتی ہے یعنی حکومت جو چاہے کر سکتی ہے ۔ Legislation definite ہونی اور واضح ہونی چاہئے ۔ اسمیں مستثنیات کا انبار لگا کر آپ قانون کا ستیا ناس کر دینگے آپ جس شخص کر بچانا چاہتے ہیں آپ کے ذہن میں وہ صاف ہونا چاہئے اور بل میں اس کا ذکر ہونا چاہئے ۔ میں حیران ہوں کہ آپ میں اتنی imagination بھی نہیں ہے کہ جن مستحق لوگوں کو آپ اس سے مستثنے قرار دینا چاہتے ہیں آپ ان کا پہلے سے اندازہ کر کے ان کو بل کی دفعات میں شامل کر دیں ۔ یہ لامحدود اختیارات ۔ یہ مطلق العنانی کے اختیارات ہر ممبر اپنے سامنے رکھیے اور پھو سوچیے

ضلعوں میں ڈی ۔ آر ۔ سی یا آر ۔ او مقرر کرنے پر صرف کر دیں تو اس ایکٹ میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو انہیں ایسا کرنے سے منع کر سکے ۔ یا جسکے مطابق ان سے اس ایوان کے اندر پوچھا جا سکے ۔ کیونکہ بجٹ میں وہ یہ نہیں بتائینگے کہ یہ رقم خرچ کہاں ہوئی ۔ صرف اسکی آمدنی بتا دینگے جیسا کہ پچھلے بجٹ میں ہوا تھا ۔ آمدنی اتنی ہوئی ۔ خرچ کہاں ہوا اسکا پتہ نہیں ۔ جس جگہ طبیعت آئیگی خرچ کرینگے اور جس جگہ مرضی ہوگی سیٹیلائٹ ٹاؤن بنائینگے یا خالی باتوں میں ٹرخائینگے ۔ اسلئے یہ ضروری ہے کہ اس ایکٹ کے اندر بھی لکھ دیا جائے کہ یہ روپیہ فلاں چیز پر خرچ کیا جائیگا ۔

یہ ٹیکس اس وقت شروع کیا گیا تھا کہ جب مہاجرین مشرقی پنجاب اور اسکے ملحقہ علاقوں سے یہاں آ رہے تھے ۔ اسوقت انکے لئے کیمپوں کے لگانے اور انکو سہولتیں بہم پہنچانے کی ضرورت تھی ۔ اس وقت حکومت کا خزانہ اکیلا اس بوجھ کو برداشت کرنے کیلئے کافی نہیں ہو سکتا تھا ۔ اسلئے اسوقت یہ مہاجر ٹیکس لگا دیا گیا کہ حکومت کو چندہ کر کے ایک مدد دی جائے ۔ لیکن اسوقت لوگوں کو یہ معلوم نہ تھا کہ یہ چندہ جسے وہ آج خوشی ہو کر مہاجرین کی امداد کیلئے دے رہے ہیں ان کیلئے ایک مستقل بوجھ بن جائیگا ۔ اور وہ کبھی معلوم نہیں کر سکینگے کہ یہ کس جگہ پر خرچ ہو رہا ہے ۔ اس ترمیم کے ذریعہ جناب والا مینے صرف یہ عرض کیا ہے کہ جو اخراجات وہ کرنا چاہتے ہیں بڑی خوشی سے کریں ۔ صرف ایکٹ کے اندر یہ الفاظ لکھ دیں ۔ تا کہ وہ ایوان کے سامنے اس بارہ میں جوابدہ ہوں ۔ انہوں نے اپنی اکثریت کے بل بوتے پر اپنی تمام چیزیں منظور کروا لی ہیں ۔ مالیہ پر بھی ہو ۔ آبیانہ پر بھی ہو ۔ شرح بھی دو آنے ہو ۔ معافی کیلئے اختیارات بھی ہوں ۔ جن کے بارہ میں میرے آنریبل دوست کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ شاید ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ معافی کے اختیارات نہ دئے جائیں ۔ حالانکہ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ ساری کی ساری معافی دے دو ۔ جب وہ معافی کا اختیار لینے لگے ہیں تو ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ اس اختیار کو صرف ان لوگوں کیلئے استعمال کرینگے جن کا مالیہ اڑھائی صد روپے سے اوپر ہے ۔

اب یہ ایک آخری چیز انکے سامنے پیش ہے ۔ اگر وہ ایمانداری سے اس روپے کو مہاجرین کی ریلیف کیلئے خرچ کرنا چاہتے ہیں تو انہیں اس ایوان کے ممبران کو جو اس صوبہ کے نمائندہ ہیں اور جنہوں نے انکو وزراء کہلانے

کا مستحق قرار دیا ہے یہ اختیارات دینے اور ان سے اس ٹیکس کی آمدنی کے خرچ کی منظوری لینے میں تامل نہیں ہونا چاہئے ۔ اس سے نہ صرف اس معزز ایوان کے ممبروں ہی کو بلکہ پبلک کو بھی معلوم ہو جائیگا کہ یہ روپیہ کہاں خرچ ہو رہا ہے ۔ علاوہ ازیں اس سے یہ فائدہ بھی ہوگا کہ اگر حکومت اس روپیہ کو خرچ کرنے کے سلسلہ میں کسی غلط راستہ پر گامزن ہوگی تو اس ایوان میں بحث کے ذریعہ اسے درست کیا جا سکیگا ۔ پہلے تو میرے ایک فاضل دوست نے یہ چیز کہہ دی کہ کیوں آپ ان کو اختیارات دینے سے ڈرتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ ہمیں تو کہہ دیا جاتا ہے کہ ہم یہ اعتراضات یونہی کر دیتے ہیں ۔ ان کو اگر دوسری طرفسے یہ جواب آئے کہ کیوں آپ اپنا کچا چٹھا اس اسمبلی میں پیش کرنے سے ڈرتے ہیں ؟ اسلئے کہ اسپر اعتراضات ہونگے ؟ ان کی غلطیاں ان کو بتلائی جائینگی ۔ ہم خواہ مخواہ ان پر اعتراضات نہیں کرتے ۔اس ٹیکس کے بارے میں کیوں نہ ایک ریزولیشن پیش کیا گیا ۔ جس طرح پہلے یہ cess ایک ریزولیشن کے ذریعہ سے پیش کیا گیا تھا کیوں نہیں وہ اب بھی ایسا ہی کرتے تا کہ اس معزز ایوان کے سامنے وہ اپنا حساب کتاب پیش کریں اور اپنی پالیسی پر تنقید سننے کے لئے تیار ہو جائیں ۔ ایک چیز میں اور عرض کر دوں کہ ہماری حکومت کو معرض وجود میں آئے ایک سال سے زیادہ عرصہ ہو چکا اور ہمنے اس اسمبلی میں بار بار تقاضا کیا کہ آئیے اپنی بحالیات کی پالیسی کو اس معزز ایوان کے سامنے رکھئیے ارر اس پر بحث کرنے کا موقعہ دیجئے ہم آپ کے سامنے suggestions رکھینگے کہ آپ کس طریقہ سے بحالیات کا مسئلہ حل کر سکتے ہیں ۔ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ کیوں آپ بحالیات کی پالیسی پر تنقید سننے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ اندریں حالات میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ آپ کے لئے ایک ذریعہ بن جائیگا کہ جب بھی آپ کو اخراجات کی ضرورت ہوگی آپ ایک ریزولیشن ایوان کے سامنے لائینگے تو ساتھ ہی آپکی پالیسی پر پورے طور سے غور ر خوض ہو سکیگا ۔

Mr. Speaker. Clause under consideration, amendment moved is—

That in Clause 4, sub-clause a), add the following words at the end "and shall be expended for the benefit of the refugees for such purposes and in such manner as approved by the Punjab Legislative Assembly by a resolution" and delete "(a)" at the beginning.

چودھری فضل الٰہی (گجرات نمبر ۷ مسلم)— حضور والا میرا کوئی ارادہ اس بحث میں حصہ لینے کا نہ تھا۔لیکن بد قسمتی سے حزب مخالف کے معزز اراکین میرے بالکل نزدیک بیٹھے ہوئے ہیں ۔ اور وہ اپنے دلائل (جن میں کوئی وزن نہیں ہے) کو بار بار دھراتے ہیں تو یہ چیز میرے کانوں پر گراں

گزرتی ہے - اسلئے میں بھی مجبور ہو گیا ہوں کہ چند منٹوں کے لئے ان کے دلائل کو پرکھوں -

حضور والا - میں یہ عرض کرونگا کہ جن لوگوں کا یہ رونا رو رہے ہیں اور جن کی فلاح و بہبود کیلئے اتنی لمبی چوڑی تقریریں کی جا رہی ہیں یہ ان کے دوست ہیں یا دشمن ؟ سب سے پہلے یہ فرمایا گیا ہے کہ اس ٹیکس کو مخصوص کیوں نہ کیا گیا کہ یہ صرف مہاجرین پر خرچ ہوگا - ان کو یہ پتہ ہونا چاہئیے کہ ہمارا سالانہ بجٹ ۲۳ یا ۲۴ کروڑ کے قریب بنتا ہے اور اس مہاجر cess میں جو ترمیمات پیش کی گئی ہیں ان کو اگر منظور کیا جائے تو اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ صرف پندرہ یا بیس لاکھ روپیہ اسطرح سے اکٹھا ہوگا - وہ چاہتے ہیں کہ صرف اتنا ہی روپیہ مہاجرین پر خرچ کیا جائے - تین یا چار کروڑ روپیہ کی رقم جو گورنمنٹ مہاجرین پر خرچ کرنا چاہتی ہے ان کی یہ خواہش ہے کہ اسکی بجائے صرف دس پندرہ لاکھ روپیہ ہی مہاجرین پر صرف کیا جائے - کیا یہی مہاجرین کی خیر خواہی ہے ؟ میں سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے جو ترمیم پیش کی گئی تھی کہ یہ ۲ آنے کی رقم بہت زیادہ ہے میرے خیال میں یہ بھی ناکافی ہے اگر ۲ آنے کی بجائے ۴ آنے بھی ہوتی تو زیادہ نہ تھی - اگر ایک سال میں انکو آباد کرنا ہے تو چھ ماہ میں کیا جائے - اگر وہ اس خیال کا اظہار فرماتے تو پھر تو ہم سمجھتے کہ یہ مہاجرین کے خیر خواہ ہیں- مجھے سمجھ نہیں آتا کہ یہ اس قسم کی دلیلیں دیکر مہاجرین پر ہونیوالے اخراجات کو کیوں محدود کرنا چاہتے ہیں - دوسری چیز جس کے متعلق دلائل پیش کئے گئے ہیں وہ بحالیات کی پالیسی ہے - ابھی حال ہی میں بجٹ سیشن ہوا ہے اور میرے معزز اور فاضل دوستوں کو بحالیات کی پالیسی پر نکتہ چینی کرنے کا پورا موقع ملا تھا - مگر میں تو دیکھتا ہوں کہ کوئی constructive (تعمیری) تجویز ان کی طرفسے پیش نہیں کی گئی -

Mian Abdul Bari : On a point of order. He is not speaking to the amendment.

Mr. Speaker : Please speak to the point now before the House.

چودھری فضل الٰہی -- اب جناب والا - ان کی طرفسے یہ ترمیم پیش کی جا رہی ہے کہ اس بل میں ایک دفعہ ۴ ہے جسمیں یہ درج ہے کہ اس ٹیکس کو کس طریق سے collect کیا جائیگا تو وہ فرماتے ہیں کہ اسکو خرچ کرنیکا طریق بھی اس کلاز میں کیوں نہیں بتلایا گیا - اسکے متعلق میں نے پہلے ہی عرض کر دیا ہے کہ اگر اس خرچ کو محدود کیا گیا تو اس سے مہاجرین کو نقصان ہوگا - کلاز ۴ محض اس غرض کے لئے

رکھی گئی ہے کہ کس طریق سے اس کو collect کیا جائے ۔

Malik Qadir Bakhsh : Sir, I move :
That the question be now put.
Mr. Speaker : The question is :—
That the question be now put.
The motion was carried.

چودھری محمد شفیق —جناب والا ۔ آنریبل ممبر نے ابھی ایک تقریر محض تقریر کی خاطر کرنے کی کوشش کی ہے کیونکہ انہیں بولے ہوئے شاید کافی عرصہ ہو گیا تھا ۔ اگر میں یہ عرض کروں کہ انہوں نے میری ترمیم کو پڑھا بھی نہیں اور دیکھا بھی نہیں تھا تو یہ درست ہوگا ۔ ترمیم یہ کی گئی تھی کہ expenses کے متعلق اسمبلی میں ریزولیشن رکھ دیا جایا کرے ۔ اور اس ایوان سے یہ پوچھ لیا جایا کرے کہ یہ اخراجات درست ہیں یا نہیں ۔ اسکا جواب تو میرے آنریبل دوست نے نہیں دیا بلکہ

Mr. Speaker : In that case there is nothing to reply.
Chaudhri Muhammad Shafiq: Whatever he said, I have to refer to it.

جناب والا ۔ آنریبل ممبر نے یہ کہنے کی کوشش کی ہے کہ ہم ترمیمات دیتے وقت سوچتے نہیں ۔ ان کو شاید اس چیز کا پتہ نہیں کہ ہم ترمیمات دیتے وقت بڑا سوچتے ہیں ۔ پہلے تو ہم یہ سوچتے ہیں کہ آیا یہ بل circulation کے لئے دیا جانا چاہئے یا نہیں ؟ پھر ہم اسکے introduction پر اسکی کمازوں پر غور کرتے ہیں اور پھر قدم بہ قدم اسکی خامیوں اور نقائص کی طرف ہم رجوع کرتے ہیں جو اس بل کے اندر ہوتی ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ میںنے اسمیں واضح طور پر ایک مناسب amendment پیش کی ہے ۔ اس ایکٹ کے تحت پیسے وصول کرنا ایسا ہوگا ۔ جیسے کہا جاتا ہے کہ سرکاری خزانے میں پیسے داخل کرنے ہوں تو جب مرضی ہو کر لیں لیکن نکالنے کے وقت مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ آپ وصولی کیلئے تو تمام طریقے اختیار کر لیتے ہیں ۔ مہاجرین کی ریلیف کا جو ڈھول پیٹا جارہا ہے اسکا بھی کچھ بتا دیجئیے اور آپنے اس ایکٹ میں انکی ریلیف کیلئے کوئی چیز نہیں رکھی تو کم از کم اس ایوان پر تو confidence رکھنے کی کوشش کیجئیے ۔ تمام اختیارات ڈکٹیٹرانہ طریق پر اکٹھے کرنے کی کوشش نہ کیجئیے ۔ اس ایوان میں ان اخراجات کی تفصیل بھی بتا دیجئیے ۔ میں نے صرف یہی کہا تھا مگر آنریبل ممبر نے ایسی باتیں کہی ہیں جو نہیں کہنی چاہئیں تھیں ۔ اگر میں یہ کہوں کہ وہ بزرگ ہیں تو یہ زیادہ مناسب نہ ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ سب ایسی باتیں ہیں کہ جن کا جواب نہ دینا ہی مناسب ہوگا ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 4, sub-clause (*a*), add the following words at the end "and shall be expended for the benefit of the refugees for such purposes and in such manner as approved by the Punjab Legislative Assembly by a resolution and,, delete "(*a*)" at the beginning.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*a*) of clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried

Mr. Speaker : There are two amendments of Mian Abdul Bari and Chaudhri Muhammad Shafiq, which seek to delete sub-clause (b) of clause 4. They can oppose the sub-clause.

میان عبدالباری — جناب والا۔ کیونکہ یہ کلاز آبیانہ کے متعلق ہے اسلئے میں کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*b*) of clause 4 stand part of the Bill.

On votes being counted, the motion was declared carried.

میان عبدالباری — جناب والا۔ میں سکریٹ بیلٹ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : I cannot allow any unnecessary speech.

Preamble.

Mr. Speaker : The question is—

That Preamble be the preamble of the Bill.

The motion was carried.

Clause 1

***Mian Abdul Bari :** Sir, I beg to move—

That in clause 1, sub-clause (3), the words "or till such time as any amount due as cess under this Act remains unpaid or unrealised " be deleted.

جناب صدر۔ مینے کلاز ۱ سب کلاز ۳ میں اسلئے ترمیم پیش کی ہے کہ اس سے اس ایوان پر ظاہر ہو سکے کہ وہ ذہنیت جس ذہنیت سے یہ بل بنایا گیا ہے اور اسے منظور کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ جناب والا ۔ ایک سال جو میعاد مقرر کی گئی ہے اس ظالمانہ ٹیکس کی ایسے ٹیکس کی جو مظہر ہے اس وقت کا جبکہ ہمارے چیف منسٹر صاحب فنانس منسٹر تھے ۔ یہ اسوقت کی یادگار ہے ۔ اسے ایک سال کے بعد بھی ختم نہیں کرنا چاہتے۔ بلکہ بہانہ ڈھونڈنا چاہتے ہیں ۔ ایک چور دروازہ رکھنا چاہتے ہیں ۔ کہ ایک سال کے بعد بھی یہ ختم نہ ہو ۔ بلکہ چور دروازے سے اسکی معیاد میں توسیع ہوتی جائے ۔ انکی من مانی مرادیں پوری ہوتی جائیں ۔ یہ وہی تلوار ہے جو ۱۹۴۷ء میں چلائی گئی تھی ۔ اب دوسری بار اسکو چلانے کیلئے

*Uncorrected speech.

وزیر اعلیٰ کو موقع ملا ہے ۔ جب تک cess کی کوڑی کوڑی وصول نہ ہو جائے اسوقت تک اسے ختم نہ کیا جائے خواہ کوئی غریب نہ ہی دے سکتا ہو اور خواہ وہ حوالات میں پڑا ہو ۔ پہلے جو الفاظ ایکسال کے تھے وہ محض دھوکا دینے کے لئے تھے ورنہ انکی کوئی ضرورت نہ تھی ۔ میں وزیر مال اور Treasury Benches کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں اور فنانس منسٹر صاحب کی خدمت میں بھی جنکی یہ ساری اختراع ہے کہ خدا کیلئے میعاد صرف ایکسال کیلئے ہی مقرر کریں اور غلط بیانی اور حیلہ سازی سے اس ایوان اور قوم کو دھوکا دینے کی کوشش نہ کریں ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 1, sub-clause (3), the words "or till such time as any amount due as cess under this Act remains unpaid or unrealised" be deleted.

شیخ محمد سعید—(پارلیمنٹری سیکریٹری) جناب والا ۔ معزز ممبر کی اس ترمیم کے متعلق میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک دفعہ تو ہمنے ایک سال کیلئے ایکٹ پاس کر دیا کہ فلاں قسم کے اشخاص سے ہم اتنا cess لینگے ۔ اگر بد دیانتی سے یا کسی تساہل کی وجہ سے یا کسی اور طریقے سے اسنے ایک سال گزار لیا تو کیا اسکا نتیجہ یہ ہونا چاہئیے کہ اس ایک سال کے بعد وہ اس ٹیکس کو ادا نہ کرے ۔ کیا یہ دیانتداری ہے کہ ہم ایک طرف تو یہ ٹیکس لگا رہے ہیں ۔ اپنے بجٹ کو متوازن کرنیکے لئے عوام کے مفاد کیلئے اور انکے بچوں کیلئے آسائش بہم پہنچانے کیلئے ایک فنڈ مقرر کر رہے ہیں اور دوسری طرف بد دیانتی کے ساتھ یہ کوشش کریں کہ اگر کسی نہ کسی طرح ایک سال گزر جائے تو پھر وہ روپیہ وصول نہیں ہوسکیگا ۔ اسکا مقصد یہ ہے کہ اس ایوان کا وقت اس بحث پر ضائع ہو ۔ کسی نہ کسی طرح میعاد مقررہ گزرنے کے بعد یہ ایکٹ خود بخود ناکارہ اور نکما ہو جائیگا ۔ میرے خیال میں ایسا کرنا بد دیانتی ہوگا اور Electorate کے ساتھ بے وفائی ہوگی کہ ایک سال کے بعد ہم یہ کہیں کہ اب یہ ایکٹ منسوخ ہو چکا ہے اسلئے اب آپ کی حکومت یہ ٹیکس وصول نہیں کر سکتی ۔ یہ اصل میں اس ایکٹ کو ناکارہ کرنے کیلئے آخری حربہ ہے جو حزب مخالف نے استعمال کیا ہے اور جس کی میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کی طرف سے اجازت نہیں دی جا سکتی ۔

رانا عبدالحمید خان—(منٹگمری نمبر ۸ مسلم) جناب والا! میں حکومت کی توجہ صرف ان الفاظ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو اس کلاز کے شروع میں لکھے گئے ہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ حکومت کے اراکین

اسے ذرا ٹھنڈے دل سے پڑھیں ۔ اس کا مقصد جو انہوں نے بیان کیا ہے اور جسکی ان کے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے بھی وضاحت کرنیکی کوشش کی ہے ۔ بالکل اس کے اصل مقصد سے مختلف ہو جاتا ہے ۔ ان کا مقصد جیسا کہ ان کے پارلیمنٹری سیکرٹری نے بیان کیا ۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی صاحب اپنے dues ادا نہ کریں تو یہ ایکٹ ان کے خلاف اسوقت تک جاری رہیگا جبتک ان سے مطلوبہ رقم وصول نہیں ہو جاتی ۔ یہ ہے وہ منشا جسے انہوں نے بیان فرمایا ہے ۔ مگر میری گذارش یہ ہے کہ اگر آپ واقعی اس ایکٹ کو مفید بنانا چاہتے ہیں تو جن الفاظ میں آپ اسے یہاں پیش کر رہے ہیں ان کا صحیح مفہوم بھی سمجھنے کی کوشش کیجئے ۔یہ ایکٹ نہ صرف مذکورہ بالا شخص کے خلاف قائم رہیگا ۔ بلکہ بذات خود قائم رہیگا ۔ اس صورت میں اس کا مقصد یہ ہوا کہ یہ نہ صرف اس شخص پر لاگو ہوگا جس نے اپنا ٹیکس ادا نہیں کیا بلکہ ان لوگوں پر بھی لاگو رہیگا جو ادا کر چکے ہونگے ۔ اگر اسے صرف unrealised رقوم کی وصولی کیلئے مناسب الفاظ میں پیش کیا جاتا تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہ ہوتا ۔ ہمیں اعتراض اسلئے پیدا ہوا ہے کہ ہمنے بغور اسکے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کی ہے ۔ اگر آپ بھی اسے غور سے پڑھیں تو آپ پر بھی یہ امر واضح ہو جائیگا کہ یہ مہاجر cess اسوقت تک لاگو رہیگا جبتک اس کا ایک ایک پیسہ وصول نہیں ہو جاتا ۔ اور اسکی میعاد میں خود بخود توسیع ہوتی رہیگی ۔ در اصل حکومت نے اپنے لئے اس بل میں بھی ایک چور دروازہ رکھ لیا ہے تا کہ اس کے ذریعے وہ من مانی کارروائی کر سکے ۔ میرا خیال تھا کہ جو اعتراض مینے اٹھایا ہے اسکا حکومت کی طرفسے کوئی تسلی بخش جواب ملیگا ۔ مگر جواب سن کر مجھے بڑی مایوسی ہوئی ہے ۔ میری گذارش یہ ہے کہ میرے اعتراض کے پیش نظر انکا یہ فرض تھا کہ اسے غور سے پڑھتے۔ اسکی انگریزی پڑھتے اور اسکے معنی سمجھنے کی کوشش کرتے اور بعد ازاں اس چیز کو مناسب الفاظ میں اس طرح ادا کرتے جس سے اس ایکٹ کی میعاد نہ بڑھ سکتی ۔ اب حضور والا ۔ آپ خود ہی فیصلہ کریں کہ جو کچھ میں عرض کر رہا ہوں یہ صحیح ہے ۔ یا جو کچھ وہ فرما رہے ہیں وہ صحیح ہے ۔ میں یہ کلاز آپ کے سامنے پڑھتا ہوں ۔

"It shell come into force with effect from Rabi Harvest, 1951-52, and shall remafn in force for one year or till such time as any amount due as cess under this Act remains unpaid or unrealised."

That does not mean that it shall remain in force against those persons only who have not paid the amount during that period, but it shall remain in force against everybody.

جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ الفاظ جو استعمال کئے گئے ہیں ۔ وہ حکومت کے منشا کے خلاف ہیں ۔ ان کی تصحیح اس طرح کرنی چاہئیے کہ وہ رقوم جو آپ وصول کرنا چاہتے ہیں وہ بھی بآسانی وصول ہو سکیں اور اس ایکٹ کی میعاد بھی بڑھنے نہ پائے ۔ اسکی تصحیح اسوقت نہ کی گئی تو یہ ایکٹ بیحد نقصان دہ ثابت ہوگا ۔ اس کے علاوہ اگر آپ کا منشا اسکی میعاد میں توسیع کرنیکا ہے تو جرات کیجئیے اور صاف طور سے کہہ دیجئیے کہ ہاں ہم اسکی میعاد میں توسیع کرنا چاہتے ہیں ۔

جناب والا ۔ پھر اسمیں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ یہ روپیہ بطور Land Revenue وصول ہوگا اور اس کی وصولی کیلئے بھی محکمہ مال کے شکری ہی مقرر کئے جائینگے اس کے بعد ان الفاظ کی ضرورت ہی کیا ہے ۔

"or till such time as any amount due as cess under this Act remains unpaid or unrealised".

یہ تو سب بحث کی باتیں ہیں ۔ لیکن جب محکمہ مال کے سرکاری بھیڑئیے اس ٹیکس کی وصولی کیلئے گاؤں میں جائینگے تو وہ غریبوں پر جو مظالم ڈھائینگے اس کا غالباً حکومت کے حواریوں کو علم نہیں ۔ جناب سعید صاحب تو جھنگ میں رہتے ہیں ۔ انہیں تو کبھی گاؤں میں جانا نصیب ہی نہیں ہوا ۔ اس لئے وہ ان مظالم کا اندازہ نہیں لگا سکتے ۔ میری آنکھوں نے دیکھا ہے کہ نائب تحصیلدار صاحبان جب مالیے کی وصولی کیلئے گاؤں میں جاتے ہیں تو ان کے ساتھ سولہ سولہ چپڑاسیوں کے گروہ ہوتے ہیں ۔اور وہ غریب کسانوں کے سروں پر پانی سے بھرے ہوئے گھڑے رکھ رکھکر اور طرح طرح کی تکالیف دیکر ان سے مالیہ اراضی وصول کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ cess بھی یقیناً اسی طرح وصول کیا جائیگا ۔ میں آنریبل وزیر مال کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ میرے ان دلائل کی تردید کریں ۔ میں اس سلسلے میں بیشمار واقعات پیش کر سکتا ہوں جہاں یہ روپیہ غریبوں پر مظالم ڈھا کر وصول کیا گیا ۔

جناب والا ۔ ایک موقع پر ڈپٹی کمشنر منٹگمری کے پاس مہاجرین کا ایک deputation پیش ہوا کہ ہم مالیہ اراضی آہستہ آہستہ ادا کرنا چاہتے ہیں ۔ مگر اسے کوئی تسلی بخش جواب نہ دیا گیا ۔ آپ جانتے ہیں کہ جب مہاجرین یہاں آئے تو ان کی کیا حالت تھی ۔ وہ گھر کا مال لٹا کر نہایت کس مپرسی کی حالت میں یہاں پہنچے ۔ یہاں آنے پر انہیں چار چار یا پانچ پانچ ایکڑ زمین دی گئی ۔ چنانچہ انہوں نے در تین سال میں اپنے ہاتھ سے کاشت کر کے اس سے اپنا کچھ اثاثہ بنایا ۔ اپنے بیوی

بچوں کیلئے کپڑے ارر گھر کا تھوڑا بہت سامان بنایا ۔ اس کے بعد ہماری حکومت رہاں جا دھمکی کہ تمہارا یہ ٹیکس رصول نہیں ہوا ۔ اور وہ cess رصول نہیں ہوا ۔ نائب تحصیلدار صاحب نے اپنے حساب کے مطابق جب رصولی شروع کی تو ان بیچاررں کا رہ تمام اثاثہ جو انہوں نے تین یا چار سال میں جمع کیا تھا سب بکوا دیا ۔ کیا اسپر بھی آپ کی طبیعت خوش نہیں ہوئی تو اب آپ چاہتے ہیں کہ یہ ایکٹ مسلسل طور پر قائم رہے ۔ اسکی بجائے آپ کو چاہئیے تھا کہ آپ اس قانون میں کوئی ایسی شق رکھتے جسکا مقصد یہ ہوتا کہ اگر کوئی شخص اسے ادا کرنے کے قابل نہ ہو تو اسےچھوڑ دیا جائے ۔ مگر اس کے الفاظ دیکھےجائیں تو ان کا منشا یہ نظر آتا ہے کہ یہ ایکٹ ایک سال کیلئے ہی نہیں بلکہ اسوقت تک اطلاق پذیر ہوگا جب تک اس کا تمام روپیہ رصول نہیں ہو جاتا ۔ آخر Land Revenue کا بھی تو سالہا سال تک لوگوں کی طرف بقایا رہتا ہے ارر بعض حالتوں میں تو میں نے خود دیکھا ہے کہ چھ چھ یا سات سات سال کے بعد لوگوں سے رصول ہوتا ہے ۔ اس مقصد کو پورا کرنے کیلئے بہتر ہوتا کہ لوگوں سے اس cess کی رصولی کیلئے آپ ضروری اختیارات اپنے لئے مخصوص کر لیتے جن کی مدد سے آپ لوگوں سے بقایا رصول کرنے کے قابل ہوتے ۔ مگو بر عکس اس کے اس ایکٹ کا بدستور لاگو رہنا قطعاً نا مناسب ہے ۔ اسلئے میری گذارش یہ ہے کہ اس ترمیم کر منظور کرنا چاہئیے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 1, sub-clause (3), the words "or till such time as any amount due as cess under this Act remains unpaid or unrealised" be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move—

That the Punjab Muhajir Fund Cess Bill be passed.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Punjab Muhajir Fund Cess Bill be passed.

خان عبدالستار خان نیازی—(میانوالی نمبر ۲ مسلم) جناب والا جو Cess Bill ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے میں اسکی اس بات کیلئے مخالفت تو نہیں کرتا کہ قوم کی ضروریات کے پیش نظر قوم سے رروپیہ وصول کیا جائے لیکن جس انداز میں یہ بل لایا گیا ہے اور جس طریق سے یہ Cess مقرر کیا گیا ہے اسکے خلاف مجھے اعتراض ہے ۔

سب سے پہلے تو مجھے اس بات کا افسوس ہے اور جسکا میں انتہائی رنج اور قلق کے ساتھ اظہار کرتا ہوں کہ ہم اس قوم کیطرح یہاں اپنا کردار پیش کر رہے ہیں جس قوم کا اپنا کوئی اصول ، کوئی پروگرام ، اور کوئی نظام نہ رہا ہو ۔ جسطرح مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اپنی قوت کے بل بوتے پر سلطنت تو حاصل کر لی تھی مگر کوئی خاص قانون اور آئین نہ بنا سکا تھا ۔ اس لئے کوئی معاملہ پیش آنے پر مفتی صاحب کو کہہ دیتا کہ شرع محمدی کی رو سے مہان سنگھ اور مولوی صوفی عبدالحمید کے درمیان ایسا فیصلہ کر دو جو دونوں کو قابل قبول ہو ۔ بعینہ یہی حال ہماری حکومت کا ہے ۔ باوجود اس امر کے ہم یہاں صدیوں تک حکومت کر چکے ہیں آج ہمارا کوئی سسٹم موجود نہیں ہے ۔ یہ نہایت دکھ کی بات ہے نہ ہماری کوئی روایات نہ ہمارا کوئی دستور اور نہ ہمارا اپنا قانون اس حکومت کے سامنے ہے ۔ سچ پوچھو تو میرے نزدیک ٹیکس کا تصور ہی غیر اسلامی ہے ۔ اسلامی نقطہ نگاہ کے مطابق مسلمان کے لئے واجب الادا صرف صدقہ ہی ہو سکتا ہے ۔ ٹیکسیشن کا موجودہ تصور کافرانہ ہے جسکے خلاف میری روح بغاوت کرتی ہے ۔ مسلمان کے اوپر زمین کے سلسلہ میں عشر کے بعد کوئی ٹیکس نہیں ۔ مگر افسوس کہ ہمارے ان حکمرانوں کو اسلامی تصور اجنبی سا معلوم ہوتا ہے ۔ اور انہیں جب کوئی سیاسی امر درپیش ہوتا ہے یا اپنے معاشرے کی اصلاح مقصود ہوتی ہے تو یہ اندھا دھند اغیار کی پرانی ڈگر پر چل نکلتے ہیں بروئے شرع متین یہ نہیں دیکھتے کہ آیا ہماری اراضیات خراجی ہیں یا عشری اسلام میں اراضیات کا ٹیکس مسلمان کے لئے ''عشر'' وصول ہو چکنے کے بعد اور کوئی ٹیکس قابل وصولی نہیں رہتا ۔ اور اسی طرح خراج کی وصولی کے بعد زمین پر کوئی ٹیکس نہیں ٹیکس کیئے ہمارے ہاں الفاظ صدقہ اور زکات کے ہوتے ہیں۔ یعنی جسطرح ہمارے لئے نماز ایک اعلیٰ عبادت ہے اسی طرح صدقہ و خیرات بھی عبادت ہیں ۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اراضیات پر خراج اورعشر کی ادائیگی کے بعد ایک پائی بھی مزید ٹیکس کے طور پر واجب الادا نہیں رہ جاتی اور اس مسئلہ پر سب فقہا متفق و مجتمع ہیں میں تسلیم کرتا ہوں کہ ''عشر'' کا اطلاق بڑے بڑے زمینداروں کے حق میں مفید ہوگا مگر میں وہی کہونگا جو حق ہے ۔ کیونکہ اسلام نے صدقات کا واضح قانون قائم کیا ہے باقی رہا قومی ضروریات کیلئے مزید رقم کی فراہمی تو اسکے لئے امیر کو حق حاصل ہے کہ اہل ثروت سے نئی ضرورت پوری کرنے کیلئے روپیہ وصول کرے لیکن اس وصولی کیلئے کسی خاص طبقے کی تخصیص نہیں ہے۔ نئی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ٹیکس کو ''ضرائب''

کا نام دیا گیا ہے ۔ اس صورت میں مالداروں پر ٹیکس لگیگا ۔ میری اس توجیہہ سے مالداروں کو زیادہ دینا پڑیگا ۔ ظاہر ہے بڑے بڑے زمیندار بھی اس سے متاثر ہونگے ۔ اسلئے میں اپنا منصب یہاں بلا رو رعایت تلاوت احکام الہی سمجھتا ہوں چاہے کوئی ناراض ہو یا رضامند میری بلا سے ۔

کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق
نے ابلہہ مسجد ہوں نہ تہذیب کا فرزند

ثابت ہوا کہ ''خراج،، اور ''عشر،، کے بعد زمیندار کی زمین پر اور کوئی ٹیکس واجب الادا نہیں رہتا ۔ میں اس ضمن میں زرعی اصلاحات کے بل کے سلسلے میں ابن حزم اندالسی کی کتاب ''محلی کا،، ''مختارالکوثین،، نیز ''صنائع و بدائع،، کا حوالہ دیتے ہوئے اقتباسات پیش کر کے ثابت کیا تھا کہ اسلام کا قانون کفالت کیا ہے اور کیسے ملت کا ایک ایک فرد ضروریات زندگی کی بہمرسانی امیر پر استحقاق رکھتا ہے ۔ لیکن باوجود ان وسیع اختیارات کے جہانتک زمین کا تعلق ہے عشر ادا کر چکنے کے بعد اور کوئی ٹیکس اسپر عائد نہیں کیا جا سکتا اسلئے مجھے سب سے پہلا اعتراض اس بل کے خلاف ہے وہ یہی ہے کہ یہ حضرات ایک طرف تو اسلامی اصول کفالت کو نظر انداز کر رہے ہیں اور دوسری طرف کافرانہ ٹیکسیشن کی اندھا دھند تقلید کر رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ احکام الہی میں یہ صریحاً تحریف کے مترادف ہے ۔ ان کا یہ عمل بقول اقبال رح——

خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں
ہوئے کس درجہ فقیہان حرم بے توفیق
ان غلاموں کا یہ مسلک ہے ناقص ہے کتاب
کہ سکھاتی نہیں مومن کو غلامی کے طریق

اندریں حالات موجودہ مہاجر ٹیکس بل ۔ ہمارے سامنے ہر روز پیش ہو رہا ہے مجھے یہی اعتراض ہے کہ آپ اندھا دھند دوسروں کی ڈگر پر چل نکلے ہیں اور آپ نے اسلامی تصور کو پیش نظر نہیں رکھا کیا آپکے ذہن بانجھ ہو چکے ہیں اور ان میں اتنی بھی لچک باقی نہیں رہی کہ وہ اسلامی تصور کے ماتحت کوئی انقلابی صورت پیدا کر سکیں ۔ اور فرنگی کے موجودہ فرسودہ نقشے کو مٹا کر اسلام کے عادلانہ اصول اقتصاد کا ماحول تیار کر سکیں ۔

جہان آرا بیگم شاہنواز — جناب والا کیا میں آپکی اجازت کے ساتھ معزز رکن سے ایک سوال پوچھ سکتی ہوں ۔

خان عبدالستار خان نیازی— بیگم صاحبہ کے تمام سوالات کا جواب خود آ جائیگا ۔ آپ تھوڑی دیر صبر کریں ۔

جناب والا اس ایوان میں احکام قرآنی سے استشہاد ایک اونچی چیز ہے اور اسلام کی عدالت عالیہ کا مقام بھی بہت بلند ہے ۔ ہم اپنا مرافعہ اسوقت ادھر لے جائینگے ۔جب دنیا کے مسلمہ اصول ہمدردی بنی نوع انسان کی دسترس سے معاملہ درر نکل جائیگا ۔ آپ پر یہ چیز اچھی طرح روشن ہے کہ دنیا کی کسی حکومت نے آج تک ایسا نہیں کیا کہ ٹیکسیشن میں مفلس و قلاش بھی بوجھ تلے دبا دئیے جائیں بنا بریں میں کہونگا یہ بل جب خطا کار دنیاوی عدالت کے سامنے نہیں ٹھہر سکتا تو اسلام کی بے ریا عدالت کے سامنے کب ٹھہر سکتا ہے ۔ لہذا دوسرا اعتراض مجھے یہ ہے کہ اگر آپ نے ٹیکس لگان لینا ہے تو اسکی زد سے غریبوں کو مستثنے کر دینا چاہئیے مگر پیش نظر بل میں ایسا نہیں کیا گیا اور نہ ہی اسے قوم کی رائے معلوم کرنیکے لئے مشتہر کیا گیا ہے ۔ حکومت برائے کافرانہ اصول پر کاربند ہے کوئی غریب ہے قلاش ہے مفلس ہے اور صاحب نصاب نہیں حکومت کی بلا سے۔ روپیہ بٹورنے کے لئے اس پر بھی آپ ٹیکس عائد کر رہے ہیں ۔ یہ اصول قطعاً غیر اسلامی ہے ٹیکس کے لئے نصاب کا دیکھنا لازمی ہے ۔

مجھے تیسرا اعتراض یہ ہے از روئے اسلام آپ زرعی پیداوار پر صرف ایک ٹیکس لگا سکتے ہیں۔ سود در سود کے اصول پر مالیہ کے بعد مزید ٹیکس نہیں لگا سکتے ۔ مالیہ خود ایک ٹیکس ہے جو کہ زرعی پیداوار پر لگایا جاتا ہے اب اس ٹیکس پر مزید ٹیکس لگانا سود در سود نہیں تو کیا ہے مگر آپ اسی پرانی ڈگر پر چل نکلے ہیں جس پر سکھا شاہی کے زمانہ میں عمل ہوتا تھا یعنی ''اگر آپ قصور نہیں کرینگے تو کیا ہم جرمانہ کرنا بھی چھوڑ دینگے،، لوگوں سے جبراً روپیہ بٹورنے کے لئے رنجیت سنگھ مہاراج کا یہ مقولہ زبان زد خاص و عام ہے ۔

آجکل کی جمہوریت ہو یا اشتراکیت ملوکیت ہو یا سرمایہ دارانہ دستوریت کوئی نظام بھی یوں اندھا دھند غریبوں کو کچلتا نہیں چلا جا رہا جیسا کہ ہماری وزارت بلا تخصیص نصاب ٹیکس عائد کئے چلی جا رہی ہے۔ یہ سب سے بڑی قباحت ہے جو مجھے اس بل میں نظر آ رہی ہے یعنی جن لوگوں میں ٹیکس ادا کرنے کی استطاعت ہی نہیں ہے ان پر نئے ٹیکس تشخیص کئے جا رہے ہیں ۔ افسوس مجھے آنریبل وزیر مال سے بہتر sense کی توقع تھی مگر وہ اپنے گرد و پیش کے ماتحت ایسے دبے ہوئے ہیں کہ کچھ

بھی نہیں کرسکتے ۔ کاش وہ خارجی اثرات بد سے آزاد ہوتے ۔ ایسی صورت میں وہ کوشش کرتے تو اس بل کو قابل قبول بنا سکتے جناب والا ۔ اس cess کے جواز کیلئے یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہم مہاجرین کیلئے چونکہ نئے شہر آباد کرنا چاہتے ہیں ۔اسلئے ہمیں مزید ٹیکسیشن کی ضرورت ہے میرا جواب یہ ہے کہ ذیلی شہروں کی آبادی ایک مستقل مسئلہ ہے اسکا اس ٹیکس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے یہ ٹیکس تو محض مہاجرین کی فوری ضروریات سے عہدہ بر آ ہونے کیلئے لگایا گیا تھا وگرنہ نارمل حالات میں اگر سب کے،سب مہاجر اس شہر لاہور میں یا دیگر شہروں میں بس بھی کیوں نہ جائیں تب بھی ہم اس گنجان آبادی کو پھیلانے کی خواہش کرینگے ۔ ہم چاہینگے کہ نئی آبادیاں تعمیر کی جائیں لہذا ان sattelite towns (ذیلی شہروں) کی تعمیری ذمہ داری کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہنا کہ اگر ادھر صرف ہو گیا تو کیا ارر اُدھر صرف ہو گیا تو کیا ،بالکل نا معقول رریہ ہے ۔ پہلی اسمبلی میں جب یہ ریزرلیوشن پیش ہوا تھا تو اسوقت بھی میں اس ایوان مں موجود تھا ۔ مجھے بخوبی یاد ہے اسوقت ہاؤس کی intention یہ تھی کہ ہم مہاجرین کی چھوٹی چھوٹی ضروریات بلکہ فوری ضروریات کو اسکے ذریعہ پورا کرینگے ۔ مستقل ضروریات کو پورا کرنے کا یہاں سوال نہیں تھا اگو حکومت اس امر کا اعلان کرے کہ معاشی تحفظ کا اہتمام کریگی تو ہم کوئی اعتراض نہیں کرینگے اگر ہر حاجتمند کو اسکی فطری حاجت کے مطابق امداد ملے ارر اسکے لئے رزق حلال کے وسائل کھول دئے جائیں تو ہم دو آنہ فی رریہ چھوڑ ساری جائداد دینے کے لئے تیار ہیں لیکن مو جودہ ماحول میں جبکہ مخصوص مفاد کے لوگ غریبوں کے نام پر امیریاں کرنے کی عیاری کر رہے ہیں تو ہم ایسے ٹیکس کی قطعاً اجازت نہ دینگے ۔ کفالت کی ذمہ داری کوئی آسان کام نہیں ہے ۔ قانون کفالت کی رر سے 'مہاجر ہوں یا مقامی، سب کی ضروریات زندگی مہیا کرنا انکا فرض ہے جنہوں نے وزارت بنا کر خدمت قوم کی یہ ذمہ داری اٹھائی ہے ارر جو آج Treasury Benches پر بیٹھے ہوئے ہیں افراد سلطنت کی ضروریات کی کفالت یہ انکا فرض منصبی ہے ان گدیوں پہ بیٹھنا ذمہ داری کو اٹھانا ہے یہ کوئی مذاق نہیں ہے ۔

یہ شہادت گہ الفت میں قدم رکھنا ہے
لوگ آساں سمجھتے ہیں مسلماں ہونا

یہ بل پہلی اسمبلی میں جب لایا گیا تھا تو مہاجرین کی فوری ضروریات کے لئے تھا۔ مثلاً بیوگان ۔ یتامے ارر نادار نوجوان طلبہ کیلئے جو تعلیم حاصل

کرنا چاہتے تھے ان سب کی فوری ضروریات زندگی کو پورا کرنے کیلئے یہ بل پاس کیا گیا تھا یہ ایک کروڑ تیرہ لاکھ روپیہ اگر آپ انکی فوری ضروریات کیلئے الگ رکھتے اور اسکا حساب اس ایوان میں پیش کرتے تو اسمیں کیا قباحت تھی ۔ آپ ٹیکس تو لگائیں مہاجرین کی فوری مصیبتوں کے دفعیہ کیلئے اور خرچ کرتے وقت اور مصرف تلاش کر لیں تو یہ عیارانہ گداگری ہے ۔ یہ تو وہ بات ہوئی ''میں نہیں منگدا میری ٹنڈ منگدی اے،، جب کسی خاص مقصد کیلئے روپیہ جمع کیا جائے تو اسکی حیثیت بمنزلہ وقف کے ہو جاتی ہے جو لازماً اسی مد کے نیچے صرف ہوگا ۔ لیکن یہاں الٹی گنگا بہ رہی ہے سوال یہ ہے کہ کسی یتیم خانے کیلئے چندہ ہو یا کسی اور غرض کیلئے روپیہ اکٹھا ہو تو اسکا الگ حساب کتاب کیوں نہ رکھا جائے ۔ یہ کیا کہ کسی چیز کا نام لیکر ساری رقم خزانے میں جمع کر دی ۔ اور اسے جیسے چاہا ویسے صرف کر لیا ۔ اس سے ہمارے دلمیں سخت شکوک پیدا ہوتے ہیں ۔ صاف طور پر اسکا حساب کیوں نہیں پیش کیا جاتا انگریزی قانون میں بھی فہمید حساب کا اصول مسلم ہے ۔ کوئی انجمن ہو یا کوئی ادارہ اس سے یہ پوچھا جا سکتا ہے کہ فلاں رقم کہاں اور کیوں صرف ہوئی ۔ اگر یہ اس چیز کو قبول کر لیتے تو بھی ہماری کچھ تسلی ہو جاتی اور ہم جائز و نا جائز اخراجات کی پڑتال کر سکتے تھے ۔

دوسری چیز جیسا کہ مینے ابھی بتایا ہے کہ کسی خاص مقصد کیلئے معین شدہ رقم کے متعلق ہمارا نکتہ نگاہ ہے کہ اس قسم کی چیز بمنزلہ ایک وقف کے ہو جاتی ہے ۔ اور مہاجرین کے نام پر جو ایک کروڑ تیرہ لاکھ روپیہ لیا گیا تھا یہ انکے نام پر وقف ہو چکا ہے اور بجز انکی مصرحہ ضروریات کے کسی دوسرے مقصد پر صرف نہیں ہو سکتا آپ روز مرہ خود دیکھتے ہیں کہ ایک مد کی رقم دوسری طرف منتقل نہیں ہو سکتی اگر تخمینہ سے زائد کی ضرورت پڑے تو خرچ کر دیا جاتا ہے اور بعد میں adjust ہو جاتا ہے اسی طرح اس ٹیکس کے باوجود مہاجرین کی ضروریات باقی رہ جائیں تو حکومت کو ذمہ اٹھانا پڑیگا اسی طرح انکی باقی ضروریات آپ کے سر پر ہیں ۔ ایک کروڑ تیرہ لاکھ روپیہ جو انکا وقف کے طور پر مخصوص ہو چکا اسکا آپ نے الگ حساب و کتاب نہ رکھ کر یہ ایک ایسی چیز پیش کی ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ کی نیت میں خدا نخواستہ فتور ہے ۔ خیر دلوں کا حال جاننے والا اللہ ہے لیکن آثار بتاتے ہیں کہ دال میں کالا ہے ۔

اور آخر میں یہ عرض کرونگا کہ اب بھی رقت ہے آپ کفالت عامہ کے اصول کو تسلیم کر لیں -

مغرب ز تو بیگانہ مشرق ہمہ افسانہ
رقت است کہ در عالم نقش دگر انگیزی

اب بھی وقت ہے کہ آپ دنیا کو سبق دیں کہ ہم ٹیکسیشن کے ملعون تصور کو رد کرتے ہوئے - ''الخلق عیال اللہ،، (حدیث) کے تصور کو لے کر اسکے پیش نظر ٹیکس کی بجائے صدقہ کا نظریہ عام کریں اور اسے ایک نیکی سمجھتے ہوئے ایک عبادت سمجھتے ہوئے محتاجوں - غریبوں - اور تنگدستوں کی مدد کریں - ہمارے پاس محتاجوں مسکینوں یتیموں اور بیواؤں کی فہرستیں تیار ہوں اور انہیں ضرورت کے مطابق امداد دی جائے بہر حال اس امدادی کام کیلئے لازم ہے کہ ہمیں پتہ ہو کہ اتنے آدمیوں کو آباد کرنا ہے میرے حلقہ کی کئی بیوگان میرے پاس آئیں جنکی امداد کیلئے درخواستیں دی گئیں - آپ کے گماشتے جو وہاں پر مقرر ہیں انکے دربار میں حاضری دی گئی لیکن صدائے بر نخواست کا قصہ رہا - اللہ تعالے قائد اعظم کو غریق رحمت کرے کہ اسکے نام کا کچھ لحاظ ابھی تک باقی ہے ہماری تہذیب و شرافت کی باقی values تو رفتہ رفتہ ختم ہو رہی ہیں - بہر حال انکے نام سے جمع شدہ ''قائد اعظم فنڈ،، سے کسی کو پندرہ کسی کو دس کسی کو پانچ دیکر حاتم کی قبر پر لات ماری گئی - یہاں با ضابطہ فہرستیں ہونی چاہئیں - اس بیوہ کو کہ جسکا کوئی آسرا نہیں ہے یقین اور تسلی ہو کہ چودھری محمد حسین چٹھہ یہاں میرا بھائی موجود ہے اور اسکی وساطت سے ساری حکومت کی ساری مشینری میری امداد کیلئے حرکت میں لائی جا سکتی ہے -

میجر مبارک علی شاہ — صوفی صاحب بھی ہیں -

خان عبدالستار خان نیازی — صوفی صاحب کا معاملہ تشویشناک ہے - تو عرض یہ ہے کہ یہ بل ابھی تھوڑی دیر میں ایکٹ بن جائیگا - اسلئے میں تیسری خواندگی کے موقع پر وزیر متعلقہ کو وارننگ دینا چاہتا ہوں کہ اکثریت کے بل بوتے پر آپ اسے ایکٹ تو بنا لیں گے اور اپوزیشن کی نہایت ہی تعمیری تجاویز کا انکار کر دینگے لیکن انجام کار آپ کو کف افسوس ملنا پڑیگا اور یہ علاج مرض بن جائیگا - بہر حال

مانو نہ مانو جان جہاں اختیار ہے
ہم نیک و بد حضور کو سمجھائے دیتے ہیں

اتنا ہی کیجئیے کہ آپ اس معاملہ میں مستعد ہو کر جلد از جلد فہرستیں طلب کر لیجئیے تا کہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ اتنے یتامے اور مساکین حاجتمند ہیں جو آپ کی فوری امداد کے مستحق ہیں میں سمجھتا ہوں کہ نیت کا مسئلہ بھی یہاں پورا ہو جائیگا ۔ لوگ آپکو دعا دینگے اور اس بل کی خامیاں بھی عملاً رفع ہو جائینگی ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں گذارش کرتا ہوں کہ یہ بل موجودہ صورت میں پاس نہ ہو اس کو مناسب ترامیم کے ساتھ پاس کیا جائے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور حلقہ نمبر ۹ مسلم) — جناب والا ! مہاجر سیس بل کے متعلق بڑی تفصیلی بحث ہو چکی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ شاید میں اپنی طرف سے کوئی نئی بات پیش نہ کر سکوں گا ۔ کیونکہ اس بحث کے بعد اسکا کوئی پہلو بھی ڈھنہ تکمیل نہیں رہ سکا ۔ مجھے اپنی طرفسے کچھ عرض کرنیسے زیادہ اشتیاق اس امر کا ہے کہ میں وزارت کے معصوم رکن آنریبل وزیر مال سے اس غیر منصفانہ اور ظالمانہ بل کی حمایت میں انکے دلائل سنوں ۔ اس سے پیشتر قریب قریب ہر روز اس ایوان میں انکی درویشی ۔ انکی معصومیت ۔ انکے اتقاء اور پرہیزگاری کا چرچا اور ذکر ہوتا ہے ۔ اور مجھے بھی ان سے کچھ اسی قسم کی ہی امیدیں وابستہ ہیں ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ better late than never کے مصداق وہ اسمیں مناسب ترامیم منظور فرمائینگے میں ان سے درخواست کرونگا کہ اسکے چند منٹ بعد یہ بل Statute Book پر آنیوالا ہے ۔ اور مستقل طور پر ایک قانون کی حیثیت حاصل کرنیوالا ہے ۔ اگر اب بھی اس سے تائب ہو جائیں تو بڑے فائدے کی بات ہوگی ۔

میجر مبارک علی شاہ— معصوم ہیں تائب کیسے ہو جائیں (قہقہہ) ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — ایک آنریبل ممبر نے خدا اور رسول کا واسطہ دیا انکو عقل و انصاف کا واسطہ دیکر اپیل کی کہ خدا کیلئے غور کریں ۔ ظلم پر کیوں آمادہ ہیں ۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ وہ اس قسم کی مجبوریوں اور معذوریوں میں گھرے ہوئے ہیں کہ وہ انتہائی اضطراری حالت میں یہ بل یہاں پیش کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں ویسے جہانتک دلائل کا تعلق ہے تو جسطرح debating unions میں ہر چیز کا جواز ثابت کیا جاتا ہے ۔ دلائل بغرض دلائل اور جواب بغرض جواب دئے جاتے ہیں ۔ اسی طرح یہاں بھی ہو رہا ہے اور آج ہی ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے بہاولپور کی انتخابی دھاندلی کی حمایت میں کچھ اسی قسم کے دلائل پیش کئے ۔

Mr. Speaker : Bahawalpur Dandli has nothing to do with this Bill.

چودھری محمد افضل چیمہ — میرا عرض کرنیکا مقصد یہ تھا ۔

Mr. Speaker : This is totally irrelevant.

چودھری محمد افضل چیمہ — وہ دلائل جو اس سے پیشتر بعض وزیروں اور سابق وزیروں نے دئے ۔ ان سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ یہ دلائل بغرض دلائل تھے ۔ حق و صداقت کی بناء پر نہ تھے conviction کی بنا پر نہ تھے ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہم لیجسلیشن کے نازک مسئلہ کی اہمیت کو کما حقہ محسوس نہیں کرتے ۔ اور ہم نے اسکے معیار کو ایک debating union کے ادنے معیار تک پہنچا دیا ہے ۔ میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ عدل و انصاف کا تقاضا تو یہ تھا کہ تمام ترامیم جو اس طرف سے پیش کیگئی تھیں اور جنکا کوئی معقول جواب آپ سے بن نہیں پڑا تھا ۔ ان سب کو قبول کر لیا جاتا ۔ تاکہ قوم کو فائدہ پہنچتا اور وزارت کی شہرت کو بھی نقصان نہ پہنچتا ۔

جناب والا ۔ اصولی طور پر اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس سے حکومت کا منشا یہ ہے کہ وہ بعض ضروریات کے پیش نظر کچھ روپیہ وصول کرنا چاہتی ہے ۔ تشخیص و تقریب محاصل کے لئے چند مسلمات ہیں جنکے متعلق میں مختصراً عرض کرونگا ۔اول یہ کہ محصول مناسب ہونا چاہئے ۔ دوسرے متناسب ہو ۔ تیسرے متزائد ہو۔ مالیات عامہ کی جو اصطلاحات آپ استعمال کرتے ہیں ۔ شاید وہی آپ کے لئے قابل فہم ہوں ۔ وہ یہ کہ محصول Proper, Proportionate اور Progressive ہونا چاہئیے ۔مناسب سے مراد یہ ہے کہ کسی طبقہ کی قوت اور استطاعت کے مطابق ان پر کوئی محصول عائد ہو ۔ یعنی جتنی ان کی قوت برداشت ہو اس کے مطابق محصول ہو متناسب سے مراد ہے کہ اسکا بار ایسے درجہ کے لوگوں پر پڑیگا ۔ جنکے اندر نسبتاً زیادہ استطاعت ہوگی ۔ چنانچہ جنکے پاس زیادہ گنجائش ہوگی ۔ ان سے زیادہ محصول وصول کیا جائے اور اسکے بر عکس نسبتاً غریب لوگوں پر جن کے ذرائع آمدنی محدود اور مسدود ہوتے ہیں ۔ جن کا معیار زندگی پست ہے ان پر بار کم ڈالا جائے یا انہیں اس سے بالکل مستثنے قرار دیا جائے ان سے عادلانہ اور مساویانہ سلوک روا رکھیں ۔ اسی طرح تمام طبقات سے ان کے معیار زندگی کے مطابق محصول وصول کیا جائے ایسا نہ ہو کہ ایک طبقہ سے step-motherly treatment روا رکھا جائے اور دوسرے کو ذاتی شفقات و توجہات کا مرکز بنا لیں متزائد کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ اسکی مثالیں آپ کے پاس موجود

ہیں - یعنی Agricultural Income-Tax کی مثال ہے جو Progressive ٹیکس ہے کچھ پہلے استثنی - پھر کم - پھر زیادہ - در اصل متزائد انکم ٹیکس اس طریقہ پر بتدریج بڑھتا چلا جاتا ہے - آپ کے ٹیکسوں کی وصولی کی مصلحتیں قطع نظر اس سے کہ وہ کیا ہیں ، یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آ رہی - کہ آخر ان محاصل کے عائد کرنے کا یہ کیا طریقہ ہے - بحیثیت وزیر مال خود ان کو معلوم ہے؟ ضد کی ہے اور بات مگر خوری نہیں - Better late then never اسکے بعد دوسری چیز جسکے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ طریق کار جو آپ نے اختیار کیا ہے۔ غلط ہے آپ کی اپنی پالیسی سے متضاد اور مخالف ہے - آنریبل وزیر اعلیٰ نے اپنی بجٹ تقریر میں فرمایا تھا کہ یہ چھوٹے زمیندار اور کسان ہمارے صوبہ کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اعصاب اور پٹھے ہیں - اور ماضی میں ان سے افسوسناک غفلت روا رکھی گئی ہے - چنانچہ مناسب طریق پر اسکی تلافی کرنی چاہئے تھی - میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ تلافیٔ مافات کا یہ طریقہ جو اختیار کیا گیا ہے یہ ان لوگوں کے لئے اختیار کرنا چاہئے جو پہلے ہی محاصل کے بار کے نیچے دبے ہوئے ہیں ان کا معیار زندگی پست ہے آپ کو ان کے معیار بلند کرنے کی کوشش کرنی چاہئے بہتر یہ ہے کہ آپ انہیں سہولتیں مہیا کریں ان کی زندگی کو بہتر بنائیں ان کے لئے ایک با وقار زندگی گذارنے اور رہنے سہنے کے لئے مناسب حالات پیدا کریں - لیکن اسکے بر عکس آپ نے یہ کیا ہے کہ آپ نے ان پر ایک اور بار ڈال دیا ہے جو ان کی قوت برداشت سے زیادہ ہے لیکی ان پر آپ نے پہلے ہی کتنے مظالم کئے ہیں اور اب بھی انہیں مستثنے قرار نہیں دیتے - جناب والا - انسان کی فطرت ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ Path of least resistance یعنی سہل ترین راستہ اختیار کرے - کیا حکومت عوام کو کالانعام سمجھتی ہے وہ جانتی ہے کہ نہ ان میں تعلیم ہے نہ کوئی تنظیم ہے اسلئے وہ اس کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھا سکتے جب تک اسکے خلاف صدائے احتجاج بلند نہ ہوگی شاید اسوقت تک حکومت ایسے مظالم کو روا رکھے گی۔ موڈی گورنمنٹ نے آیانہ میں ۴۰ فیصدی کا اضافہ کیا تھا - بجٹ میں خسارا پورا کرنیکے لئے - اب حکومت اس چیز سے فائدہ اٹھانا چاہتی ہے بجائے اسکے کہ تنظیم کی بجائے ان کی تلافی کے لئے سہولتیں مہیا کی جائیں - حکومت اسکو exploit کرتی ہے ناجائز طریقہ سے محاصل وصول کرنا چاہتی ہے - ان کی کمزوری سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہے ان کی تعلیم کے لئے کچھ نہیں

کیا جاتا ۔ ان میں کوئی تنظیم نہیں ان کی کوئی organization نہیں کہ وہ منظم طور پر احتجاج کر سکیں ان کے پاس کوئی موثر طریقہ نہیں کہ حکومت کے اعمال کا محاسبہ کیا جا سکے ۔ صرف ایک چیز deterrent ہو سکتی تھی اور وہ ہے Vote چنانچہ ووٹ بھی ڈنڈے سے اور پولیس کی سختی سے حاصل کئے جاتے ہیں ان حالات میں جناب والا میں یہ عرض کرتا ہوں کہ حکومت کے اراکین جب ان کے علاقوں میں جاتے ہیں تو ceremonial طریقہ پر ان کے لئے جلوس نکالے جاتے ہیں جلسے کئے جاتے ہیں اور استقبال کرتے وقت نعرے بلند کئے جاتے ہیں ۔ ممکن ہے وہ اصل واقعات سے واقف نہیں ہوتے مگر میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر آپ دیانتداری سے تجسس کریں تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ لوگ کسقدر مصیبت میں ہیں اور آپ کو کیا کہتے ہیں

کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا

اب جناب والا میں گذارش کرونگا کہ ان امور پر پوری ہمدردی سے غور کیا جائے ۔ غریب عوام کی حالت درست کی جائے ۔ اور ایسا غلط قانون نہ بنایا جائے ۔ جناب والا اگر مہاجر مزارعین پر اور ایسے آدمیوں پر جو دو چار ایکڑ کے مالک ہیں یا جن کو دو چار چھوٹے چھوٹے رقبہ جات الاٹ ہوئے ہیں ایسا محصول عائد کیا جائے تو یہ بالکل اس طرح ہے جیسے کوئی ڈاکٹر پہلے کسی نحیف و نزار مریض و سقیم سے خون حاصل کر کے بلڈ بینک میں جمع کرے اور مریض سے کہے کہ یہ خون تمہارے ہی کام آئیگا ۔ اسی طرح آپ پہلے ان کا خون چوستے ہیں اور پھر ان کی تکالیف کا مداوا ان کے دئے ہوئے روپے سے کرتے ہیں۔ (آوازیں ۔ خوب مثال بہت اچھی مثال ہے) ۔ جناب والا مجھے خود اس بات کا احساس ہے کہ اس سے ان کی ہتک ہوتی ہے وزارت کے ایسے رکن موجود ہیں ۔ شاید ان کا مقصد بڑے زمینداروں کو خوش کرنا ہو ۔ اور جب اس طرف سے ایک آنریبل سپیکر انہیں بار بار متنبہ کر رہے تھے تو مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ وہ ایک زبردست ذہنی کشمکش میں مبتلا ہیں اور مجھے توقع یہ تھی کہ وہ کہینگے کہ انہیں اس بل کو واپس لینے کی اجازت دی جائے ۔ اور پھر اس بات کا بھی خیال تھا کہ جب وہ اس بل کو انٹر وڈیوس کرینگے تو وہ بڑی معذرت کے ساتھ ایسا کرینگے اور یہ فرمائینگے کہ اضطراراً اور بامر مجبوری اس بل کو لایا جا رہا ہے ۔ لیکن اتنی ضرب کاری لگاتے ہوئے بھی ان کو اپنی ضمیر پر ذرہ بھر بوجھ محسوس نہ ہوا اور انہوں نے ایک لفظ بھی کہنا گوارا نہیں کیا (قطع کلامیاں) ۔

جناب والا - میرے ایک دوست فرما رہے ہیں کہ ادھر ''جوں بھی نہیں رینگی،، - میں سمجھتا ہوں کہ جوں اس وقت تھوڑی سی رینگی جب کہ انہوں نے ''ترنی،، کے سلسلے میں تقریر کی اور ترمیم منظور فرمائی - جناب والا ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Malik Qadir Bakhsh : I move—

That the question be now put.

Mr. Speaker : The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mian Abdul Bari : A secret ballot should be taken : members should give votes according to their conscience.

وزیر مال— (آنریبل چودھری محمد حسین چٹھہ) - جناب والا حزب الاختلاف کے معزز اراکین نے اور بالخصوص معزز نائب رہنمائے حزب مخالف نے میری ذات سے تعلق احترام اور عزت کے جذبات کا اظہار فرمایا ہے میں اسکے لئے ان کا شکر گزار ہوں کیونکہ ایسے ہی جذبات کے اظہار سے مجھ جیسے نا چیز کی ڈھارس بندھتی ہے - انہوں نے محبت کے جذبات کا اظہار بھی فرمایا ہے اور ایک شعر بھی پڑھا ہے - میں توقع کرتا ہوں کہ وہ محبت کا اظہار بزرگی کی محبت کا اظہار تھا (قہقہے) - اس کے لئے ایسے بھی میں ان کا شکر گزار ہوا - اس اظہار محبت کے ساتھ ساتھ انہوں نے ایک نذیر کے کردار کو بھی بڑے احسن طریقہ پر نبھایا ہے - مجھے توقع تھی کہ جہاں ان کے دل میں محبت کے اتنے جذبات ہیں وہ بشیر بھی ہونگے یعنی وہ اس معزز ایوان میں کوئی بشارت بھی فرمائینگے - مگر مجھے حیرت ہوئی کہ اتنی بڑی محبت کے ہوتے ہوئے بھی وہ صرف نذیر ہی ثابت ہوئے -

جناب والا کے توسل سے میں معزز ارکان ایوان کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہیں اس صور اسرافیل کے پھونکنے جانے کے بعد بھی ملک اور قوم کی خدمت کرنے کے لئے چند لمحات میسر آئینگے - میں تو اس خیال سے لرزہ بر اندام تھا کہ شاید رات گذر سکے یا نہ اور کہ کیا انقلاب آنے والا ہے -

بحث کے دوران میں چند ایسے الفاظ استعمال کئے گئے جنہیں استعمال کرنے والے معزز ارکان یا تو ان کے معنی سے آگاہ نہ تھے یا پھر انہوں نے ارادتاً ان کو استعمال کیا - یعنی ''ظالمانہ ٹیکس،، ''طغیانی،، ''چور بازاری،، ایسے الفاظ اور اس سے زیادہ ''بد دیانتی،، اور ''خائن،، کے الفاظ بھی کہے گئے ہیں- میں جناب والا کے توسط سے گزارش کرونگا کہ یہ

الفاظ کسی بھی معزز رکن کی زبان کے شایان نہیں اور میں توقع کرتا ہوں کہ آئندہ ایسے الفاظ کے استعمال سے احتراز کیا جائیگا ۔

میرے معزز دوست چوہدری محمد شفیق صاحب نے فرمایا کہ مینے اس مسودہ قانون کو پیش کرتے وقت افتتاحیہ کلمات کے طور پر کچھ نہ کہا اور نہ ہی ترامیم پر بحث ہوتے وقت میں نے لب کشائی کی ۔ انہوں نے مجھ سے چند سوالات بھی کئے مینے یہ مناسب سمجھا کہ آخری وقت پر اپنی استطاعت کے مطابق ان سوالات کا جواب دونگا ۔ مگر اسکے ساتھ ہی ساتھ میرے بہت ہی معزز اور لائق احترام دوست چودھری محمد افضل صاحب نے فرمایا کہ جواب بغرض جواب نہ دیں ۔ صرف ایسے دلائل کا جواب دیں جو ٹھوس ہوں ۔ اب میں اس کشمکش میں مبتلا ہوں کہ کیا کہوں اور کیا نہ کہوں ۔ گستاخی نہ ہو تو میں یہ کہونگا کہ اگر چودھری محمد افضل صاحب کے ارشاد کی تعمیل کروں تو مجھے خاموش ہی رہنا ہوگا ۔ مگر میں یہ بھی نہیں کر سکتا کہ چودھری محمد شفیق صاحب کے ارشاد کی تعمیل نہ کروں ۔ میں کوشش کرونگا کہ ان کے ان سوالات کا جواب دوں جو انہوں نے متعدد ترامیم پر بحث کرتے وقت اس ایوان میں دریافت کئے ۔ مگر اس سے پیشتر میں یہ گذارش کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یہ بل یعنی یہ مسودہ قانون کیوں اس ایوان میں پیش کیا گیا اور اس کا پس منظر کیا ہے ۔ جناب والا آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ قانون پہلی مرتبہ اس معزز ایوان میں ایک منظور شدہ قرار داد کے تحت نافذ کیا گیا ۔ میرے دوست رانا عبدالحمید خان صاحب نے اس کی اہمیت کو کم کرنے کے لئے فرمایا کہ یہ قانون ایک ایسی قرارداد کی ہدایات کے تحت منظور کیا گیا تھا جو ایک غیر سرکاری رکن کی طرف سے پیش کی گئی تھی ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ ہم کسی غیر سرکاری رکن کی طرف سے پیش کردہ قرارداد کو بھی اگر یہ معزز ایوان آسے بالا تفاق رائے منظور کرے اتنا ہی اہم سمجھتے ہیں جتنا کہ سرکاری رکن کی قرار داد کو ۔ اس لئے یہ کہنا کہ ایک غیر سرکاری رکن کی تحریک کے تحت اس قرار داد کو قانونی شکل دی گئی کسی طرح بھی اس کی اہمیت کو کم نہیں کرتا ۔ اگر اس معزز ایوان کی متفقہ طورپر منظور شدہ قرار داد کی ہدایت پر عمل نہ کیا جاتا ۔ تو میں سمجھتا ہوں اس سے زیادہ گستاخی ہو ہی نہیں سکتی تھی ۔ اس سے معزز ایوان کے وقار کو دھکا لگتا کیونکہ معزز ارکان کی صائب رائے کے خلاف جانے کے لئے کوئی وجہ جواز نہ ہوتی ۔

جناب والا یہ درست ہے کہ اس قرار داد کے مطابق یہ مسودہ قانون اس معزز ایوان میں منظور نہیں ہوا مگر اس سے بھی انکار نہیں کیا

جا سکتا کہ وہ قانون اس قرار داد کے عین مطابق تھا۔ یعنی اسکی سپرٹ اسکی روح ، اسکے الفاظ ، اسکی ہدایت اور آخری شق پر مکمل طور پر یہ مسودہ قانون منظور کیا گیا اور وہ قرار داد کس کی قیادت کے تحت منظور ہوئی ؟ اسوقت کے معزز وزیر اعلیٰ اور آج کے معزز رہنمائے حزب اختلاف کی قیادت میں ۔ میں یہ استہزا کی غرض سے نہیں کہہ رہا ۔ میں الزامی جواب کی خاطر یہ گذارش نہیں کر رہا بلکہ پوری سنجیدگی کے ساتھ یہ گذارش کرتا ہوں کہ اسوقت حالات ایسے تھے کہ ایسا مسودہ قانون ضروری تھا ۔ مگر ساتھ ہی ساتھ میں یہ کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ اس وقت مہاجرین کی حالت آج سے کہیں بری تھی ۔ اگر اسوقت حالات نازک تھے تو ٹیکس دینے والوں کی استطاعت آج کے مقابلہ میں کہیں کم تھی ۔ اسلئے میں یہ گذارش کرونگا کہ اگر اسوقت حالات نازک تھے تو آج بہ نسبت اسوقت کے ہمیں زیادہ حق حاصل ہے کہ ہم اس مسودہ قانون کی رو سے مہاجرین کو بھی اس ٹیکس کے حیطۂ اثر میں لے آئیں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ حالات اسوقت نازک ضرور تھے مگر اسوقت چھوٹی ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر اس مسودہ قانون کو وضع کیا گیا تھا ۔ جیسا کہ میرے معزز دوست خان عبدالستار خان نیازی نے فرمایا ہے ۔

Rana Abdul Hamid Khan : The Honourable Minister of Revenue is referring to a cess levied in 1947. I can say that when this cess was levied on Kharif 1947, there was no question of any muhajir because land was not allotted to any muhajir in 1947.

وزیر مال — میں تسلیم کرتا ہوں کہ مہاجرین کی اقتصادی حالت اب بھی ایسی اچھی نہیں جیسا کہ ہماری تمنا ہے کہ ہو ۔ ہم ان کی حالت کو سدھارنے کے لئے یقینی طور پر پوری مساعی مصروف کار رکھیں گے ۔ بلکہ مجھے توقع ہے کہ اگر ان کی اقتصادی حالت کی ترقی کی یہی رفتار رہی تو کل وہ آج سے یقیناً بہتر ہوگی ۔ بہر کیف میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اسوقت جب یہ مسودہ قانون بنا تھا اسوقت کے مقابلہ میں آج ان کی اقتصادی حالت بہتر ہے ۔ بالفاظ دیگر اسکا مطلب یہ ہے کہ آج مسودہ قانون کو مہاجرین پر محیط رکھنے اور حاوی کرنے کی وجہ جواز زیادہ ہے ۔ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ ان کی حالت بہت اچھی ہے ۔ لیکن میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں کہ معزز رہنمائے حزب اختلاف کی قیادت کے تحت ایک قرار داد منظور ہوئی تھی اور اسوقت حالات ایسے تھے کہ وہ منظور ہونی چاہئے تھی اور اسکے بعد یہ مسودہ قانون بنا ۔ مجھے یہ کہنے میں باک نہیں ہے کہ اسوقت یہ فیصلہ صحیح تھا ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ کہنے میں بھی کوئی جھجک محسوس نہیں کرتا کہ اگر اسوقت یہ فیصلہ صحیح

تھا تو آج یہ غلط نہیں ہے ۔ جناب والا مجھے یہ کہا گیا کہ مجھے اللہ کے روبرو جواب دہ ہونا پڑیگا اور مجھے عذاب الہیٰ سے ڈرانے کی کوشش کی گئی بلکہ مجھ پر کرم فرمائی کی گئی کہ میں تائب ہو جاؤں جیسے کہ میں کسی بڑے گناہ کا مرتکب ہوا ہوں لیکن میں پوری سنجیدگی کے ساتھ اپنی ضمیر کو قائم رکھتے ہوئے اور پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر اس وقت کے حالات میں اس ٹیکس کے عائد کرنے کے لئے ان کے پاس کوئی جواز تھا تو اب بھی اور میں اسے اتنا ہی صحیح تصور کرتا ہوں جتنا کہ وہ اسوقت تھا ۔ اسوقت چھوٹی ضروریات کو فوری طور پر پورا کرنیکے لئے یہ مسودہ قانون بنایا گیا ۔ معزز اراکان حزب اختلاف یہ بھول گئے ہیں کہ اسوقت چھوٹی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اگر ایسا مسودہ قانون منظور کرنا ضروری تھا ۔ تو کیا آج جب کہ ہم بڑی ضروریات ۔ جن کی تصریح اس کے اغراض و مقاصد میں مکمل طور پر کر دی گئی ہے ۔ پورا کرنیکے لئے اس مسودہ قانون کو پیش کر رہے ہیں اسکی وجہ جواز پہلے سے زیادہ نہیں ہے ۔ میری رائے میں پہلے سے کہیں زیادہ ہے ۔

پھر جناب والا دوران بحث کہا گیا کہ اس سے جو آمدنی ہو گی وہ محکمہ بحالیات کے افسروں کی تنخواہوں کی صورت میں بٹ جائیگی ۔ انہوں نے اس بات پر بہت زور دیا ان کی سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ مہاجرین کی خاطر جو یہ ٹیکس وصول کیا جائیگا وہ مہاجرین ہی سے کیوں وصول کیا جائے ۔ کیا انہوں نے کبھی اس بات پر غور کیا ہے کہ کوئی بھی ٹیکس جو کسی ملک میں عائد کیا جاتا ہے ۔ بحیثیت مجموعی تمام افراد سے وصول کیا جاتا ہے اور وہ ٹیکس اس لئے وصول کیا جاتا ہے تا کہ رفاہ عامہ کے کاموں پر خرچ کیا جا سکے اور اسمیں کوئی ایسی تخصیص نہیں کی جاتی ۔ یہ بالکل واضح امر ہے کہ کوئی بھی ٹیکس جو وصول کیا جاتا ہے لوگوں کی فلاح کیلئے خرچ کیا جاتا ہے ۔ ان کا یہ خیال کہ جن لوگوں کی فلاح کے لئے ٹیکس لگایا جائیگا ان سے وہ وصول نہ کیا جائے درست نہیں ہے ۔ اگر وہ اس پر غور کریں تو وہ اس بات میں میرے ساتھ متفق ہونگے کہ اسوقت مہاجرین کی اقتصادی حالت کمزور تھی اور آج بہتر ہے تو پھر میں سمجھونگا کہ انہوں نے غلط نقطہ نگاہ سے اس کو ایوان میں پیش کرنیکی کوشش کی ۔ میری گذارش ہے کہ جہاں ہم مہاجرین کی اقتصادی حالت کی بہتری کے پیش نظر اس مسودہ قانون کے نفاذ کے لئے کوشش کرتے ہیں وہاں ہم ان کی خاطر ان مقامی آدمیوں پر بھی ٹیکس لگاتے ہیں جو کہ ان کے ساتھ ان اقتصادی حالات میں بستے ہیں یعنی مہاجرین اور مقامی حضرات میں اس نقطہ نگاہ سے تخصیص

قطعی طور پر غلط ہوگی ۔ میں یہ کہنے کی بھی جرات کرتا ہوں کہ کوئی مقامی یا کوئی مہاجر جو اس طبقہ سے تعلق رکھتا ہے جس کی طرف انہوں نے بڑی شد و مد سے اشارہ کیا ہے ایسا نہیں ہے جس کے اقتصادی حالات ایک سے نہ ہوں ۔ ان کے حالات ایک سے ہیں یعنی اگر ایک مقامی آدمی کے دس ایکڑ اراضی کا ٹکڑا روزگار کا ذریعہ ہے اور ایک مہاجر کو بھی اتنا ہی ملتا ہے تو وہ کیسے اور کسطرح یہ دلیلیں دیتے ہیں کہ ان کے اقتصادی حالات میں اختلاف ہے ۔ ان کے اقتصادی حالات ایک ایسے ہیں اور ہمنے یہ مناسب سمجھا ہے کہ مہاجرین کی فلاح کے لئے اگر کوئی ٹیکس لگایا جائے تو اس کے ساتھ ساتھ یہ ٹیکس اس طبقے سے بھی لیا جائے جن کے اقتصادی حالات ایک سے ہیں ۔ بہر کیف جناب والا جب یہ مسودہ قانون بنا اور اس کا نفاذ ہوا ۔ اسکے بعد مشیروں کا زمانہ آیا ۔ ان کے زمانہ میں بھی یہ ٹیکس لگایا گیا ۔ میں یہ واضح کر دوں کہ میں استہزا کی خاطر نہیں اور نہ ہی کسی الزامی جواب کی خاطر ایسا کہتا ہوں میں انکی ستائش کرتا ہوں کہ انہوں نے حالات کا صحیح جائزہ لیا اور مناسب اقدام کیا جسکو میں آج بھی مناسب کہتا ہوں (میاں عبدالباری ۔ یہ ٹیکس مشیروں نے نہیں لگایا تھا) انہوں نے نہیں لگایا تھا مگر انہوں نے اسے قبول کیا تھا ۔ اسی لئے میں تو انکی تعریف کرتا ہوں ۔ کہ ان کی رائے صائب تھی ۔ بہر حال میں یہ ثابت کر رہا ہوں کہ یہ ٹیکس ان حالات میں اس مقصد کیلئے ضروری تھا ۔ (میاں عبدالباری ۔اب نہیں) پھر جناب والا نائب رہنمائے حزب اختلاف نے ایک ترمیم یہ پیش کی کہ ۵۰ ایکڑ یا اس سے کم کے مالک کو اس ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا جائے ۔ مینے اسوقت بھی یہ گذارش کی تھی کہ جو حضرات یہ نقطہ نگاہ پیش کرتے ہیں وہ صوبہ کے زرعی نظام سے قطعی طور پر نا واقف ہیں ۔ اگر ان کی بات مان لی جائے تو اس سے یہ بہتر ہوگا کہ کوئی ٹیکس نافذ ہی نہ کیا جائے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ وہ کونسی دنیا میں بستے ہیں ؟ وہ کونسے بڑے آدمی ہیں جن کی طرف وہ اشارہ کرتے ہیں ؟ اس صوبہ میں کتنے بڑے آدمی ہیں (میاں عبدالباری ۔ در مربعوں کا ذکر ہے) اس صوبہ میں وہ زمیندار جو مالک اراضی ہیں ان میں ۹۳ فیصدی کے قریب ۲۵ ایکڑ یا اس سے کم اراضی کے مالک ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ کس نقطہ نگاہ سے انہوں نے یہ ترمیم پیش کی ۔ اس سے تو بہتر تھا وہ یہ فرماتے کہ کوئی ٹیکس ہی عائد نہ کیا جائے ۔ جب وہ یہ فرماتے ہیں اور اسکے ساتھ وہ بڑے آدمیوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں تو میں انکی خدمت میں گذارش کرونگا کہ اگر ان بڑے آدمیوں پر انکی آمدنی سے پچاس گنا زیادہ ٹیکس

لگا دیا جائے تو بھی اسکی آمدنی اس ٹیکس سے جو موجودہ طریق سے وصول کیا جائیگا بہت ھی کم ھوگی ۔ بہرکیف میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس معزز ایوان میں جب بھی ھم سنجیدگی کے ساتھ کسی مسودہ قانون پر غور کریں تو ھمارا نقطہ نگاہ واضح ھونا چاھئے ۔ یہ میں مان سکتا ھوں کہ ٹیکس نہ لگایا جائے لیکن یہ میں کبھی تسلیم نہیں کو سکتا کہ ایک ٹیکس کو اسطرح مضمحل کر دیا جائے کہ اس سے کوئی فائدہ ھی نہ رھے ۔ میری گذارش یہ ھے کہ خدا را جب بھی آپ کسی مسودہ قانون پر غور فرمائیں تو آپکی ترامیم ایسی ھونی چاھئیں جو اس بل کے بنیادی مقصد کو قبول کرنے کے بعد اسکے مناسب حال ھوں ۔ میرے درست چودھری محمد شفیق صاحب جو کہ بڑے سریع الحس واقع ھوئے ھیں ارر مجھے اس چیز کی قدر ھے ۔ (قطع کامیاں) میں خود بھی سریع الحس واقع ھوا ھوں ۔ انہوں نے ان روایات کو خیرباد کہا جن کے مطابق جناب والا نے بارھا ارشاد فرمایا ھے کہ کوئی ایسی بات نہیں کرنی چاھئے جو کسی کیلئے وجہ ناراضگی ھو سکے ۔ انہوں نے فرمایا اور بڑے طمطراق سے فرمایا کہ ۸۳ فیصدی ان پڑھ اراکین ھماری پارٹی کے ممبر ھیں ۔ وہ اسوقت بھول گئے کہ اگر شعور صحیح ھو تو آسی ھونا بھی کوئی گناہ نہیں ۔ اگر سیاسی حالات سے متعلق رد عمل صحیح ھو ۔ مسائل سے آگاھی رکھنے کی خواھش ارر تمنا انکے دل میں ھو ۔ جیسا کہ انہوں نے اپنے گذشتہ آٹھ ماہ کے اقتدار کے زمانہ میں ثابت کیا ھے کہ صوبہ کے مسائل کے متعلق انکا رد عمل اَن پڑھے ھوؤں سے بھی زیادہ صالح ، سنجیدہ اور نفع رسان تھا ۔ تو میں یہ کہنے کی جسارت کرونگا کہ آئندہ جب بھی رہ ایسے الفاظ استعمال کریں اسوقت رہ اَن پڑھے ھوؤں کی طرف بھی توجہ کر لیا کریں جو پڑھے ھوئے جاھل ھیں ۔ (تالیاں) ۔ یعنی جہالت یا ھوشمندی کا معیار پڑھا ھوا ھونا نہیں ۔ آپ پڑھائی کے ذریعہ سے ایک زبان سیکھ سکتے ھیں ۔ یا اپنے خیالات کی ترجمانی کا ایک ذریعہ ڈھونڈ سکتے ھیں ۔ مگر میں یہ باور کرنیکے لئے تیار نہیں کہ پڑھائی کے ذریعہ سے انسان کا شعور بھی بالغ ھو جاتا ھے ۔ کئی پڑھے ھوئے ایسے ھیں جو تاریخ کا مطالعہ نہیں کرتے بلکہ اسے محض کہانی سمجھ کر پڑھ جاتے ھیں ۔ حالانکہ تاریخ ملک اور قوم کے ماضی کو ایسے زاویہ نگاہ سے پیش کرتی ھے ۔ جس سے انسان تاریخی واقعات کے اسباب و علل کی تہ تک پہنچ سکتا ھے عصری حالات اسکے ذاتی تجربہ سے اتنے قریب ھوتے ھیں کہ رہ ان پر غیر ذاتی رائے نہیں دے سکتا ۔ بدیں رجہ زمانہ ماضی کی تاریخ کا مطالعہ ایک قوم کو اپنے مستقبل کو سنوارنے ارر اجاگر کرنے میں ممد ھو سکتا ھے ۔انہوں نے

یہ بھی فرمایا اور بار بار زور دے کر فرمایا کہ اگر خفیہ طور پر ووٹ لئے جائیں تو ضمیر کی آواز کا اظہار اچھا ہو سکیگا ۔ میں مدت سے انکی خدمت میں یہ گذارش کر رہا ہوں کہ وہ اس کا احساس کریں کہ سیاسی جمہوری نظام میں پارٹی کا ایک مقام ہوتا ہے ۔ اور پارٹی کی ایک تنظیم ہوتی ہے ۔ اور اس پارٹی کا ایک نصب العین ہوتا ہے ۔ اور جب وہ مجموعی طور پر ایک نصب العین کو قبول کر لیتے ہیں تو وہی انکا اجتماعی ضمیر ہوتا ہے ۔ میں اب بھی انکی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ وہ فرداً فرداً سوچنے کی کوشش نہ کیا کریں ۔ آج اس مسودہ قانون میں جسطرح سے ترامیم پیش کیگئی ہیں اس سے بھی یہ مترشح ہوتا ہے کہ میری اسوقت کی باتوں پر انہوں نے کوئی غور نہیں کیا ۔ جیسا کہ مینے عرض کیا ہے ایک سیاسی پارٹی کا قبول کردہ نصب العین جو اس پارٹی نے پوری سنجیدگی کے ساتھ اچھی طرح غور و خوض کرنے کے بعد قبول کیا ہو وہی سیاسی ارر اخلاقی طور پر ۔ اس پارٹی کا اور اس پارٹی کے ہر فرد کا ضمیر ہوا کرتا ہے ۔ وہ جذبات کی رو میں اتنے بہ گئے کہ انہوں نے مہاجرین کے اخلاق پر بھی حملہ کر دیا ۔ انہوں نے یہ فرمایا کہ انکے اخلاق پست ہو چکے ہیں ۔

Ch. Muhammad Shafiq : I never said so.

Minister for Revenue : With the fullest sense of responsibility. I reiterate that his words were. اور ان کا اخلاق بھی کمزور ہو چکا ہے These were the words that he used.

Ch. Muhammad Shafiq : I never used these words.

وزیر مال — انہوں نے مہاجرین پر بھی اس زاویہ نگاہ سے حملہ کیا گویا وہ بھی ارکان کابینہ ہیں ۔ یہ تو انکی عادت میں شامل ہو چکا ہے ۔ وہ مجبور ہیں ۔ اگر وہ ان الفاظ پر ندامت محسوس کرتے ہیں تو میں اس پر مزید کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا تھا کہ یہی لوگ تو پاکستان کے بنانے والے تھے ۔ انہوں نے اس مسودہ قانون کو ان حالات میں قبول کر کے جبکہ انکی اقتصادی حالت بہت کمزور تھی پاکستان کی تعمیر کا بار اپنے ذمہ لیا ۔ کیا یہ انکے اخلاق کی پستی تھی ؟

انہوں نے ایک نہایت ہی بنیادی امر کی طرف اشارہ کیا ہے ۔ یعنی یہ کہ ہم نے جو ٹیکس عائد کیا ہے وہ طبقاتی جنگ کا محرک ہوگا ۔ دوسری طرف انہوں نے جو ترامیم پیش کیں وہ اس قسم کی تھیں کہ مہاجرین کو اس ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا جائے ۔ یعنی انہوں نے فرمایا کہ ہم زمینداروں میں مزید دو جماعتیں پیدا کریں ۔ ایک مقامی کی اور ایک مہاجر کی ۔ گویا انہوں نے طبقاتی تفریق کا نعرہ خود ہی بلند کیا ۔ ایک اور معزز رکن نے

جو اس مسودۂ قانون کو تصادم طبقات کہتے ھیں یہ فرمایا تھا کہ یہ ٹیکس آبیانہ پر نہ ھو مالیہ پر ھو ۔ یہاں انہوں نے پھر تخصیص ایسی کرنی چاھی جس سے زمینداروں میں دو طبقے پیدا ھو سکیں ۔ میں صاف اور بین الفاظ میں یہ کہتا ھوں کہ کوئی ھوشمند انسان اگر ان دو ترامیم کا دیانتداری سے تجزیہ کرے تو اسی نتیجہ پر پہنچیگا کہ ان کی ترامیم قبول کر لینے سے زمینداروں کے طبقہ میں نزاع پیدا ھو جائیگا ۔

اب انہوں نے فرمایا ھے کہ میں ان اعتراضات کا جواب دوں جن کو وہ بنیادی سمجھتے ھیں ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جب سے یہ مسودہ قانون اس صوبہ میں نافذ ھوا ھے آجتک اس سے ۲٬۶۳٬۴۰٬۰۱۴ روپے آمدنی ھوئی ھے ۔ اور کیا ان کو یہ معلوم ھے کہ مہاجرین کی آبادکاری آسائیش اور سہولیت پر کتنی رقم صرف ھوگی؟ اگر انہیں علم نہیں تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ اس مقصد کیلئے دس کروڑ سے زیادہ رقم خرچ کی جا چکی ھے ۔ اس لئے اگر آپ یہ سمجھیں کہ حکومت یہ ٹیکس اپنے دوسرے محکموں کو چلانے کے لئے لگا رھی ھے اور مہاجرین کی آسائش کی خاطر اور ان کی بحالی کی خاطر وہ کوئی رقم خرچ نہیں کرتی تو یہ کہنا غلط ھوگا ۔ مزید بر آں میں یہ گذارش کر دوں کہ آئیندہ ھمارے عزائم یہ ھیں کہ ھم نئے شہر آباد کرنے کے لئے ۱۷ کروڑ روپے خرچ کرینگے ۔ لہذا ان کا یہ فرمانا صحیح نہیں کہ یہ ٹیکس دوسرے مصارف کو پورا کرنے کے لئے لگایا گیا ھے ۔ ھمیں بحالیات کے محکمہ کی ضرورت ھے ۔ میں اس محکمہ کی صفائی پیش نہیں کر رھا ۔ ھو سکتا ھے کہ اس محکمہ میں کچھ خامیاں ھوں مگر یہ بھی ماننا پڑیگا کہ اس پانچ سال کے عرصہ میں بحالیات کے کام کے سلسلے میں بہت کچھ کیا جا چکا ھے ۔ اور اسکی مراد یا اس کی ستائیش کے ھم ھی حقدار نہیں بلکہ معزز رھنمائے حزب اختلاف نواب افتخار حسین خان صاحب بھی ھیں جن کی قیادت میں بحالیات کا کام دو سال تک اندوھناک حالات میں کیا جاتا رھا ۔ جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا بحالیات کے کام میں نقائص ھونگے ۔ غلطیاں ھونگی ۔ افسروں نے کوتاھیاں کی ھونگی ۔ مگر یہ واقعہ ھے کہ پانچ سال کے عرصہ میں بحالیات کا کام بہت حد تک کیا جا چکا ھے ۔ اور اس زمانے میں جسکی طرف میں نے پہلے اشارہ کیا بڑا کام یہ تھا کہ مہاجر کو رھنے کے لئے گھر دیا جائے خواہ پہلے اسکا کوئی گھر تھا یا نہ تھا اور اسکے لئے زمین مہیا کی جائے جس سے وہ کسب معاش کر سکے ۔

Ch. Muhammad Shafiq : On a point of order. I want to ask whether during a speech an hon'ble member can drink water?

Mr. Speaker : I hope the hon'ble member will not waste the time of the House by raising frivolous points of order.

وزیر مال— اور اس پر بھی انہوں نے بڑا زور دیا کہ اس ٹیکس کے لئے علیحدہ مد ہونی چاہئیے اور یہ ریوینو کے تحت نہیں آنا چاہئیے ۔ ان کی اطلاع کے لئے میں عرض کر دوں کہ اس بارہ میں احکام یہ ہیں ۔

Muhajir Cess, according to instructions from the Finance Department, is deposited under a separate head as follows :—

"Deposits and Advances—Part II—Deposits not bearing interest—C- Other Deposi accounts 'Civil Deposits".

This was communicated to all Deputy Commissioners by Endorsement No 238-R, dated 10th February 1948. This amount is not being credited under the head "VII—Land Revenue", and is deposited under a separate head altogether. This clearly shows that this amount, which is deposited separately, is earmarked for the Muhajirs alone.

پھر چودھری محمد شفیق صاحب نے ایک طرفہ دلیل دی کہ homogeneity قائم نہیں کیگئی ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ اگر homogeneity ہو تو پیداوار زیادہ ہوتی ہے ۔ میں اس سلسلہ میں معزز رکن شیخ محبوب الٰہی صاحب سے دریافت کرنیکی کوشش کرونگا کہ کیا homogeneity یا بالفاظ دیگر قبیلہ وار آباد کاری پیداوار میں اضافہ کرتی ہے؟ ممکن ہے کہ سماجی زندگی اس سے زیادہ بہتر ہو جائے یا اس سے معاشرے میں چند آسائشیں ہو جائیں ۔ لیکن میں نے یہ آج تک نہیں سنا کہ اس سے پیداوار میں اضافہ ہوا ہو ۔ اور اسکی ذمہ داری کہ آبادکاری ضلع وار نہیں ہوئی۔ یہ بھی اسوقت کی حکومت پر ہے مگر انہیں بھی مورد الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا ۔ میں ان حالات سے واقف ہوں ۔ میں جانتا ہوں کہ اسوقت حالات کیا تھے ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ اس پنجاب میں جو ہندوستان کا حصہ ہے ۔ ضلع وار آبادی کی گئی ہے ۔ میرے دوست بھول جاتے ہیں کہ ہندوستان کے وسائل کیا تھے ۔ ان کے ذرائع کیا تھے۔ اور ان کی وسعت کسقدر تھی ۔ میں نواب صاحب ممدوٹ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے اسوقت صحیح فیصلہ کیا ۔ اگر وہ ایسا فیصلہ نہ کرتے تو یقینی طور پر تباہی ہوتی ۔ خون خرابہ ہوتا ۔ ان حالات میں ضلع وار آبادی کی توقع کرنا عملی سیاست سے بے بہرہ ہونے کی دلیل ہوتی ۔ انہیں ان حالات کا صحیح اندازہ کرنا چاہئیے کہ مہاجرین کی اسوقت کیا حالت تھی اور میں اسوقت بھی یہ کہنے میں باک محسوس نہیں کرتا کہ اسوقت کی ٹوٹی پھوٹی حکومت وہ حکومت جسکو مرکز سے کوئی امداد نہ دی گئی ہو۔ اور وہ حکومت جسکا آج تک قرضہ بے باک نہیں کیا گیا اپنے کندھوں پر سارے بوجھ کو اٹھائے ہوئے تھی اور یہ homogeneity

جسکی انہیں توقع تھی یا اب تمنا کرتے ھیں - میں یہ عرض کرونگا کہ اسوقت ایسی توقع غلط تھی اور اب ایسی تمنا عبث -

(نعرہ ھائے تحسین و تالیاں)

اس لئے میں ان سے گذارش کرونگا کہ ایسے دلائل جو واقعات سے دور کا تعلق بھی نہ رکھتے ھوں اس معزز ایوان میں پیش کرنے سے احتراز کیا کریں - انہوں نے فرمایا کہ مہاجرین گاؤں میں آباد نہیں ھوتے اور شہروں کی طرف رجوع کرتے ھیں - میں یہ محسوس کرتا ھوں کہ یہ غلط رجحان نہیں ھے - آپ کے صوبے کا زیادہ تر انحصار زراعت پر ھے - اسکو ترقی دینا ھمارا مقصود ھے - مگر جتنی تیزی سے آپکی آبادی بڑھے گی اور جس تیزی کے ساتھ اب بھی مہاجرین اس طرف آ رھے ھیں میں سمجھتا ھوں کہ ان لوگوں کا شہروں کی طرف رجوع کرنا غلط نہیں - اگر وہ دستکاری اور صنعت و حرفت کی طرف رجوع کرتے ھیں تو میں اسے فال نیک سمجھتا ھوں - اس امر پر بڑا زور دیا گیا ھے کہ بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کی خاطر یہ ٹیکس عائد کیا جا رھا ھے - میں اسی دیانتداری کے ساتھ اور اس ذمہ داری کے ساتھ جسکی کہ انہیں مجھسے توقع ھے بیباکانہ کہونگا کہ بجٹ کا خسارا پورا کرنا برائی نہیں ھے - کیونکہ بنیادی طور پر اگر آپ اپنی اقتصادیات کو محکم اساس پر قائم رکھنا چاھتے ھیں تو آپکا اولین فرض ھوگا کہ آپکے معاشی نظام کو مضبوط کرنیکی خاطر آپکا بجٹ متوازن ھو - یعنی غیر معمولی وسائل اختیار نہ کرتے ھوئے اگر آپ اپنے بجٹ کو متوازن رکھ سکیں تو یہ صحیح ھوگا - میں گذارش کر چکا ھوں کہ اگر اسوقت جبکہ مہاجرین کی اقتصادی حالت بہت کمزور تھی چھوٹے کاموں کو مالی مدد مہیا کرنیکے لئے یہ ایکٹ جائز تھا- تو آج جبکہ انکی اقتصادی حالت بہتر ھے اور بڑے بڑے کام کرنے مقصود ھیں تو یہ ٹیکس اسوقت بھی جائز ھے - اگر ملک کی تعمیر ٹیکسوں سے ھو سکتی ھے جنہیں لوگ ادا کر سکتے ھوں تو میں کہونگا کہ آنے والے سالوں میں نہ صرف یہ ٹیکس بلکہ اور ٹیکس بھی ملک کے تعمیری منصوبوں کو مد نظر رکھتے ھوئے لگانے پڑیں تو جائز ھونگے - اگر اتنا چھوٹا ٹیکس عائد کرنے کے بعد اس رقم سے آپ ایسے وسائل مہیا کر سکیں جو ملک کی خوشحالی پر منتج ھوں تو میں سمجھتا ھوں کہ ایسے ٹیکس جائز ھونگے - میں یہ محسوس کرتا ھوں اور شدت کے ساتھ محسوس کرتا ھوں کہ زمیندار طبقہ پہلے ھی کافی زیر بار ھے مگر میں اس حقیقت کو بھی نہیں بھول سکتا کہ ھمارے ملک کی اقتصادی حالت مجموعی طور پر کمزور ھے - یعنی ھمارے ملک کی آمدنی فی کس

ہر ملک سے کم ہے ۔ اگر آپ یہ توقع کرتے ہیں کہ آپ ہی نے اپنے وسائل سے اپنے مستقبل کو درخشندہ کرنا ہے اور اسے مستحکم اساس پر قائم رکھنا ہے نہ کہ point four programmo کی طرف نگاہ رکھیں یا ماسکو کی طرف رجوع کریں ۔ اگر آپ اپنے دم خم پر ، اپنے وسائل ہی سے اپنی آزادی کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے ملک کو دوسرے ملکوں کے شانہ بشانہ لانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو یقینی طور پر آپ ہی کو اس بوجھ کا متحمل ہونا پڑیگا ۔ دوسرے ممالک کے مقابلے میں ہماری فی کس زرعی آمدنی کا اس قدر کم ہونا شومئی قسمت سے دور غلامی کی وراثت ہے۔ مگر ان دقتوں کے باوجود سارا بوجھ ہمیں ہی برداشت کرنا ہوگا ۔ زمانہ ہمارا انتظار نہیں کریگا ۔ ہمیں آگے بڑھنا ہے اور اگر معزز حزب اختلاف کو کبھی حکومت بنانے کا موقع میسر آئے تو انہیں بھی اس راہ پر گامزن رہنا ہوگا ۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ ٹیکسوں کو ہٹا دو۔ مجھے ان سے کوئی شکوہ نہیں ۔ مگر ایسا کہنے سے پہلے حالات کو متوازن طریق پر سوچنے کی کوشش کریں۔ ایک معزز رکن نے فرمایا کہ اس قسم کا مخصوص ٹیکس وقف کی صورت اختیار کر جاتا ہے ۔ میں بھی ان سے اتفاق کرتا ہوں بلکہ میں اس سے زیادہ آگے جاتا ہوں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ وقف ہے اور اس کے علاوہ تمام صوبے کی آمدنی جو ہر طرح کے محاصل سے وصول ہوتی ہے وہ سب مہاجرین کی بحالی کیلئے وقف ہے ۔ یعنی ہم مہاجرین کی بحالی کے کام کو سب کاموں پر فوقیت دیتے ہیں ۔ آخر میں مجھے بصد ادب یہ گذارش کرنا ہے کہ حزب اختلاف کو کم از کم اس بالغ نظری اور صحت فکر کا ثبوت دینا چاہئیے جسکا کہ اس صوبے کے عامتہ‌الناس ثبوت دے رہے ہیں ۔ یعنی جبکہ عامتہ الناس کی اقتصادی حالت کمزور تھی اور وہ مصائب میں مبتلا تھے اسوقت بھی انہوں نے اس بوجھ کو برداشت کیا اور آج بھی اسے قبول کرنے کیلئے تیار ہیں ۔ ہمنے یہ ٹیکس محض ٹیکس لگانے کی غرض سے نہیں لگایا بلکہ ہم نے یہ ٹیکس دیانتداری کے ساتھ اور اپنے قومی اغراض و مقاصد کو سامنے رکھتے ہوئے لگایا ہے ۔ جن مدات کیلئے یہ ٹیکس لگایا گیا ہے یہ انہی پر خرچ ہوگا ۔ میں اس معزز ایوان کے روبرو آج یہ کہتا ہوں کہ اگر میں نے کسی وقت یہ محسوس کیا کہ اس ٹیکس کی آمدنی کسی اور طریق سے وصول ہو سکتی ہے یا مہاجرین اس ٹیکس کا بار اٹھانے کے قابل نہیں تو مجھے اس ٹیکس کو ختم کرنے میں کوئی تامل نہ ہوگا ۔ ان الفاظ کے ساتھ اور اس توقع کے ساتھ کہ حزب اختلاف کے مقتدر ارکان میری معروضات

سننے کے بعد میرے همنوا هو گئے هونگے اس مسوده قانون کی منظوری کی درخواست کرتا هوں ۔ (تالیاں) ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Muhajir Fund Cess Bill be passed.

Mian Abdul Bari : A secret ballot should be held.

Mr. Speaker : The Hon'ble member should remember that there is no provision for secret ballot in the rules.

On votes being counted the motion was declared carried.

AGRICULTURAL INCOME-TAX (AMENDMENT) BILL.

Minister of Revenue : Sir, I beg to introduce the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill.

I also beg to move—

That the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill be taken into consideration at once.

*میاں عبدالباری — (لائلپور۔ نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر! یه بل بھی اسی وقت کی یادگار هے جبکه همارے چیف منسٹر صاحب فنانس منسٹر تھے ۔ اور غالباً یه اسی عقیدے کا نتیجه هے جس کا اظهار انهوں نے ایک دفعه اسی طرح فرمایا که ٹیکس کا بڑھانا ملک کی فلاح و بهبود کا باعث هوا کرتا هے ۔ اور اسی proportion سے هوا کرتا هے جس سے که ٹیکس بڑھائے جائیں ۔

جناب والا ۔ یه بل غالباً اسی اصول پر وضع کیا جا رها هے که بڑے زمینداروں سے آمدنی حاصل کر کے غریب طبقے کی فلاح و بهبود پر صرف کی جائے ۔ یه نئے ٹیکس جو مالیے ۔ آبیانے اور زرعی آمدنی پر لگائے جا رهے هیں ان کا بوجھ پاکستان بننے کے بعد جناب چیف منسٹر صاحب کی وجه سے اور ان کے تتبع میں جناب وزیر مال کی وجه سے صوبے کے لوگوں پر ڈالا جا رها هے ۔ ان سب کا اصول اگرچه ایک هی هے یعنی امیر سے روپیه لو اور غریب کی امداد کرو ۔ تاهم اس بل کے ذریعے چھوٹے زمیندار کو بھی اس طریق سے لوٹا گیا هے۔ اور اس پر اسقدر ناجائز بوجھ ڈالکر اسے مصیبت میں گرفتار کیا گیا هے۔ جس کا حد و حساب نهیں اور مهاجر cess کی طرح میں اپنے اسی دعوے کو ابھی آپ کے سامنے ثابت کرونگا ۔ میرے اس دعوے پر چونکه آنریبل وزیر مال صاحب نے کچھ اپنے طریق سے اظهار تعجب کیا هے اس لئے میرا فرض هے که میں یه ثابت کروں که اس بل

Uncorrected Speech

کے ذریعے نہ صرف بڑے زمینداروں پر ٹیکس لگانا مقصود ہے بلکہ چھوٹے زمینداروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لینے کی کوشش کی گئی ہے۔

جناب والا ۔ مالیے اور آبیانے پر آج تک کبھی کوئی ٹیکس نہ لگایا گیا تھا ۔ حتیٰ کہ انتہائی مصیبت کے وقت بھی یہ مناسب اور ضروری نہ سمجھا گیا تھا۔ یہ ٹیکس دو عظیم جنگوں کے دوران میں بھی لگانا مناسب نہ سمجھا گیا ۔ مگر آج معلوم نہیں کس ضرورت اور emergency کے پیش نظر یہ ٹیکس نہ صرف بڑے زمینداروں پر عائد کیا جا رہا ہے بلکہ چھوٹے زمینداروں کو بھی اس بوجھ سے مستثنیٰ قرار نہیں دیا گیا ۔ اس ٹیکس کو عائد کرتے وقت میرے معزز وزرائے کرام اس چیز کو بھول جاتے ہیں کہ اس صوبہ کے لوگوں سے ان کی استطاعت کے مطابق ٹیکس وغیرہ وصول کئے جانے چاہئیں ۔ جب میں ان سے متضاد باتیں سنتا ہوں تو میری حیرت کی انتہا نہیں رہتی ۔ وہ ایک موقع پر کچھ کہتے ہیں اور دوسرے پر اسکے بالکل برعکس کچھ اور ۔ جب کسی دوسرے کی ضرورت ہو تو وہ سب کچھ بھلا دیتے ہیں ۔ مگر اپنی ضرورت کے وقت سب کچھ یاد آ جاتا ہے ۔ میں ان پر واضح کر دوں کہ صوبہ پنجاب چھوٹے زمینداروں کا صوبہ ہے ۔ یہ سندھ یا بنگال کی طرح بہت بڑے زمینداروں کا صوبہ نہیں ہے ۔ یہاں معدودے چند لوگ ایسے ہیں جن کی بہت زیادہ اراضی ہے۔ اس صوبے کی اکثریت چھوٹے زمینداروں کی ہے ۔

جناب والا۔ اب میں آپکی وساطت سے حکومت پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ٹیکس لگا کر حکومت نے کسطرح چھوٹے زمینداروں کو مفلوج کرنے کی کوشش کی ہے ۔ آنریبل چٹھہ صاحب تو زیادہ تر شیخوپورہ یا لاہور میں رہتے ہیں ۔ ان کی رہائش اگر گاؤں میں ہو تو انہیں معلوم ہو جائے کہ وہ زمیندار جو دو یا چار مربعے زمین کا مالک ہے اسکی کیا کیفیت ہے ۔ اور وہ کس طریق سے اپنی ضروریات پوری کرتا ہے۔ اور کیسے اپنی سفید پوشی برقرار رکھتا ہے ۔ اسے اپنے بچوں کی شادی بیاہ ۔ ان کی تعلیم اور تھوڑا بہت اپنی آسائش کا سامان کرنا ہوتا ہے ۔ اسکے علاوہ اس پر اکثر زائد اخراجات بھی پڑتے رہتے ہیں ۔ انہیں بھی پورا کرنا ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں نہری علاقے کے متعلق کچھ اعداد و شمار پیش کرونگا ۔ نہری علاقے مثلاً لائلپور ۔ شیخوپورہ ۔ سرگودھا اور منٹگمری کے اظلاع میں اوسطاً معاملہ اراضی ساڑھے سات روپے فی ایکڑ ہے ۔ ایک مربع میں ۲۵ سے لیکر ۲۷ ایکڑ زمین ہوتی ہے ۔ اگر اس کی

اوسط ۲۶ ایکڑ لگا لی جائے تو اس حساب سے ایک مربعے کا سالانہ معاملہ جو ایک چھوٹے زمیندار کو ادا کرنا پڑتا ہے - وہ کم از کم ۱۹۵ روپے ہے - اور تھوڑی زمین ہونے کے باعث وہ مجبور ہوتا ہے - کہ by rotation فصل بوئے - اب جناب دو مربعے یعنی ۵۲ ایکڑ کا معاملہ ۳۹۰ روپے بن جاتا ہے - مگر ان کے اس schedule کے مطابق جو انہوں نے تجویز فرمایا ہے - صرف وہ شخص جس کا معاملہ اراضی ۲۵۰ روپے سالانہ سے کم ہو وہ اس ٹیکس سے آزاد ہے - دو مربعے کے مالک کو ۳۹۰ روپے مالیہ ادا کرنا پڑتا ہے - اسکا مطلب یہ ہوا کہ آپنے دو مربعے کے مالک پر بھی ایک ایسا ٹیکس عائد کر دیا ہے - جو اسے مالیے اور آبیانے کے علاوہ حکومت کو ادا کرنا پڑیگا - عزت مآب چٹھہ صاحب نے اس بات پر رنج کا اظہار فرمایا ہے - میں صحیح طور پر اپنے عقیدے کے اور اپنے خیال کے مطابق یہ عرض کر دوں کہ میں پورے غور و خوض اور پوری توجہ کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ یہ ٹیکس عائد کر کے حکومت نے چھوٹے زمینداروں پر بہت بڑا ظلم کیا ہے - میںنے اس سلسلے میں جو کچھ کہا ہے یا جو مشورہ بھی دیا ہے ایمانداری سے دیا ہے - اور مجھے اس چیز کا اعتراف ہے کہ میرے منہ سے کچھ ایسی باتیں بھی نکل گئیں - لوٹ کھسوٹ اور چور دروازے کے الفاظ بھی ہماری پارٹی کی طرف سے استعمال کئے گئے تھے - مگر خدا شاہد ہے کہ ان سے آپکا دل دکھانا مقصود نہیں تھا - بلکہ ہم واقعی محسوس کرتے ہیں کہ آپ لوگ سچ مچ لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم کر رہے ہیں اور بالکل چور دروازوں سے غریب عوام پر حملہ آور ہو رہے ہیں - بہانہ غریب مہاجروں کی امداد کا کیا جا رہا ہے مگر در پردہ دوسرے کاموں کیلئے لوگوں سے روپیہ حاصل کیا جا رہا ہے - اور ظلم یہ ہے کہ غلط بنیادوں پر ٹیکس کی تشخیص کی جا رہی ہے - میں اب بھی دعویٰ کرتا ہوں ارر ببانگ دہل کہتا ہوں کہ آنریبل چیف منسٹر .... مجھے افسوس ہے وہ اسوقت اپنی نشست پر موجود نہیں ہیں شائد پیچھے کسی اور نشست پر تشریف فرما ہونگے (نہیں نہیں کی آوازیں) خیر اگر وہ یہاں موجود ہوتے تو شائد ان پر میری معروضات کا کچھ نہ کچھ اثر ہو جاتا - ہاں تو میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اگر وہ ضمیر اور ایمان کی آواز کو سنیں تو انکو یقین آ جائیگا کہ ایک مربعے والے کو تو کیا دو دو مربعے والے زمیندار بھی اپنی ضروریات زندگی بمشکل پورا کرتے ہیں - اور انکے پاس ہرگز اتنی رقم نہیں بچتی جس سے وہ آپکے عاید کردہ ٹیکسوں کی ادائیگی کر سکیں انہیں تو سکون کی زندگی بھی میسر نہیں ہے - پہننے کو کپڑے - رہنے کو

مکان۔ علاج کیلئے دوائیں - بچوں کیلئے تعلیمی سہولتیں ان کو میسر نہیں ہیں۔ وہ سال بھر کا خرچ پورا کر کے ایک پھوٹی کوڑی بھی نہیں بچا سکتے۔ تین مربعے اراضی والے بھی فارغ البال نہیں۔ بلکہ اگر آپ اپنے افسروں کے ذریعے تحقیقات کرائیں تو معلوم ہوگا کہ وہ عام ضروریات زندگی کو پورا کرنے کے لئے قرض کی مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں - اب بھلا وہ زرعی انکم ٹیکس کسطرح ادا کرینگے۔ خدا جانے یہ بات وزیر اعلیٰ کے دماغ میں کسطرح آ گئی ہے کہ مالکان اراضی دولت میں کھیل رہے ہیں - میں تو چیلنج کرتا ہوں کہ تین تین مربعوں کے مالک اور چار چار مربعوں کے مالک بھی اتنا بھاری زرعی انکم ٹیکس دینے کی استطاعت نہیں رکھتے - انکو سال بھر میں کوئی بچت نہیں ہوتی - تین مربعے کے مالک کو بھی سال بھر میں ۵۸۵ روپے مالیہ ادا کرنا پڑتا ہے - اب وہ اسکا نصف یعنی ۲۹۲ روپے قریباً تین سو روپے مزید انکم ٹیکس کہاں سے دیگا - یعنی کل ۸۸۷ روپے سالانہ۔ جب آپ شہروں میں ۳،۶۰۰ روپے کی سالانہ آمدنی کو انکم ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیتے ہیں اور اس ساڑھے تین ہزار روپے میں سے ایک پائی تک انکم ٹیکس وصول نہیں کرتے تو کیا وجہ ہے کہ تین مربعے والے زمیندار کی اتنی آمدنی سے بھی آپ آٹھ نو سو روپیہ بطور مالیہ اور انکم ٹیکس وصول کریں - کیا یہ صریح ظلم نہیں ؟ کیا یہ مساوات ہے ؟ میرے خیال میں یہ عدم مساوات اور بے انصافی کی بد ترین مثال ہے - اس دیہاتی زمیندار آبادی کو آپ صوبے کی ریڑھ کی ہڈی کہتے ہیں اور اس ریڑھ کی ہڈی کو آپ توڑ رہے ہیں - انگریز تشخیص مالیہ اور آبیانہ کچھ اس طریق سے کر گیا تھا کہ زمیندار کے پاس کوئی بچت نہیں رہ گئی تھی - یہی وجہ ہے کہ وہ زمیندار کو کسی مزید بوجھ اٹھانے کے قابل نہیں سمجھتا تھا - اور کسی نئے ٹیکس لگانے کی جرأت نہیں کرتا تھا - حکومت کے پاس کوئی صحیح دلیل موجود نہیں ہے کہ وہ کیوں کم آمدنی والے زمینداروں پر مزید ٹیکس لگا رہی ہے اور کسی کا تو گلہ نہیں البتہ مجھے آنریبل چٹھہ صاحب سے ضرور مایوسی ہوئی ہے کہ انہوں نے بغیر صحیح حساب لگائے یہ ٹیکس تجویز کر دیا - وہ مانیں یا نہ مانیں میں نے اپنا فریضہ ادا کر دیا ہے اور واضح طور پر بتا دیا ہے کہ لوگوں پر ناقابل برداشت ٹیکسوں کا بوجھ نہ ڈالئے اور اپنے کاغذات مال سے افسران مال کے ذریعے صحیح اعداد و شمار حاصل کیجئے اور پھر تخمینہ لگائیے کہ آیا واقعی دو تین مربعوں والے اشخاص میں اتنی مالی استطاعت ہے کہ ان پر اتنے گران قدر ٹیکس ادا کرنے کی ذمہ داری ڈالی جائے ؟ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ان کو

ضروریات زندگی کو پورا کرنے ۔ بچوں کی تعلیم اور بیماریوں کے علاج وغیرہ کیلئے بھی کافی سہولتیں میسر نہیں ھیں ۔ میں چیلنج سے کہتا ھوں کہ جہاں آپ لوگوں کے پاس ایک ایک چھوڑ چار چار کاریں ھیں وھاں دس سربعے والا زمیندار بھی خالص بچت سے ایک موٹر کار نہیں خرید سکتا ۔ اگر کوئی کنجوس زمیندار پیسہ بچا کر موٹر خرید بھی لے تو شاذ و نادر بات ھوگی اور وہ اپنی ھزاروں جائز ضروریات کو پس پشت ڈالکر ھی ایسا کر سکتا ھوگا ۔ ورنہ عام طور پر دس سربعے والا زمیندار بھی جملہ ضروری اخراجات پورا کرنے کے بعد اتنی رقم نہیں بچا سکتا ۔ آپ تو یہاں انگلستان اور امریکہ کے معیار پر زندگی بسر کرنے کی کوشش کر رھے ھیں ۔ مگر دیہاتیوں کی صحیح مشکلات کی آپکو خبر تک نہیں ھے ۔ انکو آپ بری طرح لوٹ کھسوٹ رھے ھیں ۔ آج صحیح اعداد و شمار جمع کریں کوئی کار آپ کو نہیں ملیگی ۔ اسکے کیا معنی ھیں ؟ اسکے یہ معنی ھیں کہ جسکو بہت بڑا زمیندار بنایا جا رھا ھے فی‌الحقیقت اسکی آمدنی اتنی نہیں ھے کہ وہ اپنے بال بچوں کا پیٹ پال کر انکو کسی معیار کی تعلیم دلا کر اپنی باقی ضروریات زندگی کو اپنی باقی آسائشوں کو سامنے رکھکر ایک کار رکھ سکے ۔

An Hon"ble Member : Car is not a necessity.

میاں عبدالباری — میں یہ کہہ چکا ھوں کہ آج یہ نقالی جو کی جا رھی ھے یہ theories جو لی جا رھی ھیں یہ امریکہ کی ھیں اور وھاں کیفیت یہ ھے کہ چھوٹے سے چھوٹے زمیندار کے پاس بھی کار موجود ھے

Mr. Speaker : The honourable member must remember the scope of his speech at this stage.

Mian Abdul Bari : I am talking about the policy of the Bill.

Mr. Speaker : He is not.

میاں عبدالباری — جناب والا ! اگر آپ سمجھتے ھیں کہ میں اپنے scope سے باھر چلا گیا ھوں اور اگرچہ چند چیزیں باقی ھیں لیکن میں وہ اپنی ترامیم کے وقت لا سکتا ھوں ۔ لیکن ایک ضروری چیز ھے جو ترامیم سے پہلے میں پیش کرنا چاھتا ھوں ۔ اسوقت میں صرف ایک اپیل کرنا چاھتا ھوں ۔ اور وہ یہ ھے کہ بڑے زمینداروں کی آمدنی لیتے وقت چھوٹے زمینداروں کو تباہ نہ کرو ۔ ان پر اتنے ٹیکس نہ لگاؤ کہ وہ تباہ ھو جائیں ۔ اتنے لگاؤ جو جائز اور درست ھوں ۔ اسکے لئے مینے شیڈیول میں ایک نقشہ پیش کیا ھے ۔ آپ نے بڑے زمینداروں کو بچانے کی کوشش کی ھے ۔ آپ ایک حد تک جا کر رک گئے ھیں ۔ مگر میں اس حد سے بھی آگے گیا ھوں ۔ میں آنریبل وزیر مال سے درخواست کرونگا کہ خدا کیلئے اس پرانی لکیر اور پٹری پر نہ چلتے جائیے جو ۱۹۳۸ء میں چیف منسٹر نے ڈالی تھی کہ

ٹیکس بڑھانے سے قوم کی فلاح و بہبود مقصود ہے - آخر ان سب باتوں کیلئے جواب دینا پڑیگا اور وہاں یہ چیزیں کام نہ آئینگی -

مسٹر محمد امین —(لاہور کارپوریشن - حلقہ نمبر ۲ - مسلم مخصوص نشست) — جناب والا ! میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمکو پورا موقع ہی نہیں دیا گیا کہ جو بل پیش کئے گئے ہیں ان پر ہم غور کر سکتے - اور انکے بارے میں ترامیم پیش کر سکتے -

Mr. Speaker : The honourable member forgets that this Bill was circulated more than 3 months ago.

مسٹر محمد امین —اس بل کے متعلق ہمیں اتنا وقت نہیں دیا گیا ہے کہ ہم اسپر غور کر سکتے اور مناسب غور و خوض کے بعد ترامیم پیش کر سکتے - ہمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ سیشن کب ہو رہا ہے - اسلئے مہلت بہت کم ملی ہے - جو بل پیش کیا گیا ہے اسکے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یا تو معزز وزیر مال نے اس پر غور نہیں فرمایا اور یا جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے محض کہنے کیلئے تھا - یعنی کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں - ابھی ابھی انہوں نے فرمایا ہے کہ زمانہ اور طرف جا رہا ہے - زمانہ ہمارا انتظار نہیں کریگا اور ہمیں زمانہ کے ساتھ چلنا پڑیگا میں یہ عرض کرونگا کہ زمانہ اور طرف جا رہا ہے اور ہمارے وزیر صاحب اور طرف جا رہے ہیں - زمانہ آگے کو جا رہا ہے اور یہ پیچھے کو جا رہے ہیں - ایگریکلچرل انکم ٹیکس کے متعلق انہوں نے جو بل پیش کیا ہے - اسکے متعلق میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ صرف بڑے زمینداروں کے مفادات کو محفوظ رکھنے کیلئے - اور انکو زیادہ روپیہ دینے کیلئے پیش کیا گیا ہے - جہاں تک چھوٹے زمینداروں کا تعلق ہے ان پر پہلے ہی بہت زیادہ ٹیکس لگے ہوئے ہیں اور ان پر مزید ٹیکس نہیں لگنے چاہئیں - لیکن جہاں تک بڑے زمینداروں کا تعلق ہے انکو انہوں نے جو رعائتیں دی ہیں اور محض انہی کو دی ہیں - وہ ایسی ہیں کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس بل پر اگر پورے طور سے غور کیا جاتا تو اسے یہاں پیش ہی نہ کیا جاتا - جناب والا پنجاب میں بڑے زمیندار صرف ۱۴ ہیں - جو دس ہزار سے زیادہ روپیہ مالیہ دیتے ہیں - اور ان چودہ میں سے صرف ایک زمیندار ایسا ہے جو مسلم لیگی ہیں اور جنکو فائدہ پہنچ سکتا ہے - ان بڑے زمینداریوں میں زیادہ تعداد غیر مسلموں کی ہے - مثلاً ننکانہ صاحب کا گوردوارہ ہے - رینالہ فارم ہے - بیدی چک ہے - اقبال نگر فارم وغیرہ - یہ چھ سات نان مسلم ہیں - اسکے علاوہ سر خضر حیات سب سے top پر ہیں - جنکو اس بل سے ڈیڑھ لاکھ روپیہ کا فائدہ ہے - خان آف ممدوٹ جو کہ مسلم لیگی نہیں ہیں انکو فائدہ

پہنچانے کیلئے یہ بل بنایا گیا ہے ۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ کیا ہمارے وزیر مال آگے کو جا رہے ہیں یا پیچھے کو جا رہے ہیں ۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ ان لوگوں کو فائدہ پہنچانے کی بجائے غریبوں کو فائدہ کیوں نہیں پہنچایا جاتا ۔ اس ایگریکلچرل ٹیکس سے کل آمدنی ستر لاکھ روپیہ ہوتی تھی ۔ جو اب موجودہ بل کی ترمیم کے مطابق تیس لاکھ روپیہ رہ گیا ہے ۔ یہ چالیس لاکھ روپیہ یا اسکا بیشتر حصہ ان چند بڑے زمینداروں کے گھر جائیگا ۔ تو اس سے کیا فائدہ ہوگا ۔ میںنے یہ چیز اسلئے انکو point out کر دی ہے کہ ممکن ہے یہ پہلے انکے نوٹس میں نہ آئی ہو ۔ اور مسلم لیگ پارٹی میٹنگ میں زیر غور نہ آئی ہو ۔ اب بھی وقت ہے کہ بل میں مناسب ترمیم کر لی جائے ۔ تا کہ جو غلط قدم اٹھایا جا رہا ہے ۔ اسکے لئے بعد میں پشیمانی نہ ہو ۔ اس سلسلہ میں جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بڑے زمینداروں کے متعلق ایک دفعہ پہلے بھی میں نے عرض کیا تھا اسوقت چند دوستوں کو ناگوار گذرا ۔ مگر اس سے میری مراد یہ نہ تھی کہ زمینداروں کی مخالفت ہو ۔ میںنے اسوقت اصولی طور پر یہ کہا تھا کہ روپے کی تقسیم غیر مناسب ہے ۔ ہمکو چاہئے کہ اب چونکہ حالات بدل چکے ہیں ۔ ہم دیکھیں کہ ہمارے پاس جو روپیہ ہے یا اور کسی کے پاس جو روپیہ ہے وہ پاکستان کی دولت ہے ۔ وہ پاکستان کے استحکام کے لئے خرچ ہونی چاہئے ۔ میں ایک مثال دیتا ہوں ۔ چند روز ہوئے مجھے معلوم ہوا کہ ہمارے علاقہ کے ایک بڑے زمیندار جب شکار کے لئے گئے تو انہوں نے ۷۰ ہزار روپیہ خرچ کر دیا ۔ یہ وہ زمیندار ہیں جن کو کروڑوں اور لاکھوں روپیہ کی آمدنی ہوتی ہے ۔ اگر گورنمنٹ ان پر کوئی پابندی لگائے تو یہی روپیہ گورنمنٹ کے قرضوں پر اور صنعتوں پر لگ سکتا ہے ۔ ورنہ اس طرح تو یہ دولت بے کار ۔ اور برباد ہو رہی ہے اور حکومت ان زمینداروں کو مزید سہولتیں دے کر گناہ کی مرتکب ہو رہی ہے ۔

خوب ۔ خوب

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس سلسلہ میں مہاجرین کے لئے جو Agricultural Reforms کی گئی ہیں ان سے چونکہ بڑے زمینداروں کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے اسلئے ان کو compensate کرنے کے لئے یہ راہ نکالی گئی ہے ۔ میرے خیال میں تو یہ reforms ایک قسم کا fraud ہے ۔

Mr. Speaker: The honourable member cannot discuss that matter.

Mr. Muhammad Amin: I am referring to the statement of objects and rasons.

Mr. Speaker: The hon'ble member cannot discuss a Bill which has already been passed.

مسٹر محمد امین— جناب والا۔ بل کے اغراض و مقاصد میں لکھا ہے کہ

"In the Agricultural Income Tax Act 1951, provision does not exist in regard to—

(i) the annual revision of the rates of Agricultural Income Tax-*vis-a-vis* the fluctuations in the price of the Agricultural produce;

(ii) the revision of rates as a result of the reduction in the batai share of the landlord dues to the recent legisation in this respect;

(iii) the grant of approval to such transfers of land, where the transferor and transferee agree to pay the tax originally assessed; and

(iv) the levy of tax on such refugees as cess within the taxable limit."

جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس سے زمینداروں کو خاص نقصان نہیں ہوا ۔ مقابلتاً اگر دیکھیں تو یہ غلط ہے بلکہ اگر نقصان پہنچتا بھی تو بھی ان کو وہ رعایت دینا غلطی ہے ۔ موجودہ حالات کے مطابق ایسا نہیں ہونا چاہئیے جیسا کہ ہماری حکومت چاہتی ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود اور تعلیم کا خیال رکھنا چاہئے۔ تو جناب والا ۔ اسکے لئے یہ ہونا چاہئے کہ بڑے بڑے زمیندار یا بڑے بڑے آدمی جو لاکھوں روپیہ خرچ کرتے ہیں وہ ایسا خرچ کرتے وقت غریبوں کا کچھ خیال ضرور رکھیں ۔ ابھی ابھی مہاجر میں بل پاس ہوا ہے جو غلط طریقہ سے پیش کیا گیا ہے۔ بڑے بڑے زمینداروں کو موجودہ بل کے ذریعہ جو رعایت دیجا رہی ہے یہ نہ دی جائے ۔ اور اسی مطابقت سے مہاجر cess میں کمی کر دی جائے ۔

اس سلسلہ میں ایک اور قباحت نظر آرہی ہے۔ اس بل میں تقسیم زمین کے متعلق جو proviso رکھا گیا ہے اور جائیداد تقسیم ہونے کے لئے جو سہولتیں دی گئی ہیں ۔ ان سے یہ Agricultural Income-Tax Bill Dead letter بن کر رہ جائیگا ۔ اسکی آمدنی کچھ نہیں رہیگی ۔ میں چاہتا ہوں کہ جائز طور پر ٹیکس لگایا جائے کیونکہ ہم انصاف کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن اس سلسلے میں اگر آپ انہیں اس طرح کی سہولتیں دینگے تو ٹیکس سے بچنے کے لئے ۹۰ فیصدی لوگ ناجائز ذرائع استعمال کرینگے ۔ میں اس سلسلہ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کیونکہ میں محسوس کرتا ہوں کہ مالیہ کا تعین ٹھیک طور پر نہیں کیا جارہا اسی وجہ سے بڑے زمیندار بہت کم معلوم ہوتے ہیں چنانچہ میں وزیر مالیات سے گذارش کرونگا کہ بڑے بڑے زمینداروں کا جو مالیہ ہے اسکو check up کیا جائے تا کہ عملی طور پر دیکھنے سے حقیقت واضح ہو جائے ۔ میں ذمہ داری کے ساتھ جانتا ہوں کہ بڑے بڑے زمینداروں کی اجناس اور کپاس وغیرہ جو منڈیوں میں فروخت ہوتی ہے اس کی مالیت کا مقابلہ ان کے مالیہ سے کیا جاوے تو ان کی آمدنی اور مالیہ میں کوئی تناسب نہیں بنتا ۔ مقابلتاً آمدنی بہت زیادہ ہوتی ہے ۔

وزیر مال —اسی طرح کارخانہ داروں کی حالت ہے ۔

مسٹر محمد امین— کارخانہ داروں کو بھی چیک اپ کیا جائے ۔

اس سلسلہ میں اسکے علاوہ بڑے بڑے زمینداروں کی پوزیشن یہ ہے کہ جب زمینداروں کے مالیہ کا تعین کیا گیا تھا تو موجودہ رپورٹ کے مطابق اجناس کی قیمت اسوقت کے مقابلہ میں ۳۲۱ گنا زیادہ ہو چکی ہے اور یہ دولت زمینداروں کی تجوریوں میں جمع ہوتی جاتی ہے - یہ امر نہایت قابل غور ہے - اس لحاظ سے زمیندار کی آمدنی unearned Income ہے - یعنی ان کو بغیر کسی کام کے اور بغیر کسی نقصان کے آمدنی ہوتی ہے - اس سلسلہ میں اسکو رعایت دینا میرے خیال میں غریبوں کے ساتھ ایک طرح کا ظلم کرنا ہے- بڑے زمینداروں کے متعلق میں یہ چاہتا ہوں کہ ان کو انکم ٹیکس کے طریقہ پر assess کیا جائے - پھر کچھ حالت بدل سکتی ہے - زمیندار دوسرے لوگوں کی طرح کاروبار کرتے ہیں - تجارت کرتے ہیں - وہ لوگ لاکھوں روپیہ کے مالک ہیں - زرعی آمدنی پر کوئی محاسبہ نہیں ہوتا - اس سے وہ اپنا سرمایہ بڑھا سکتے ہیں - میں کہہ سکتا ہوں کہ بڑے زمینداروں کا معیار زندگی ایک غیر مناسب سی چیز ہے - اس سے صوبہ کی حالت بہتر نہیں ہوتی - جبکہ ایک کو ہر طرح کی مراعات اور سہولتیں مہیا ہوتی ہیں اور دوسرے کو نہیں - اسلئے ہمیں اس کا انتظام کرنا چاہئے - اس رپورٹ سے جو Agricultural Income Tax-Committee کی طرف سے شائع ہوئی ہے اس کے مطابق زمیندار کی آمدنی غلط طور پر تعین کی گئی ہے - جو مالیہ کا ۱۰ گنا ہوتی ہے میں بڑے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کی کم از کم آمدنی بیس گنا ہوتی ہے- اس کا ثبوت موجود ہے اگر آپ تحقیقات کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں -

ایک آنریبل ممبر — یہ کونسی رپورٹ ہے -

Mr. Speaker : Which report is the honourable member referring to ?

Mr. Muhammad Amin: Report of the Punjab Agricultural Income-tax Committee.

جناب والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آنریبل وزیر مال صاحب نے مہاجر سیس بل کی بحث پر جو اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے کہ مجھے بتا دیا جائے کہ کونسے ایسے ذرائع ہیں جن سے روپیہ حاصل کر سکتے ہیں- تو اس کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بڑے زمینداروں کو موجودہ حل کے ذریعہ سے رعایت نہ دینے سے چالیس لاکھ روپیہ کی جو بچت ہو سکتی ہے اسی کے مطابق مہاجر سیس سے غریب زمینداروں اور مہاجرین کو سہولت پہنچائی جا سکتی ہے -

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill be taken into consideration atonce.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Wednesday, the 30th April 1952.

113 PLA—450—21-10-59 SGPP, Lahore.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

FOURTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY
WEDNESDAY, 30TH APRIL 1952

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore, at 9 a. m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

EMPLOYEES OF AGRICULTURAL COLLEGE, LYALLPUR.

*953. **Mian Abdul Bari :** Will the Honourble Minister of Agriculture be pleased to state whether the employees of the Punjab Agricultural College, Lyallpur are treated by the Government as employees of a technical institution with regard to their pay, etc., or not ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : No, Sir.

STUDENTS OF POST-GRADUATE CLASSES OF AGRICULTURAL COLLEGE, LYALLPUR

*975. **Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) the number of students studying at present in the Post-Graduate Classes of the Punjab Agricultural College, Lyallpur;

(b) the names and designations of Professors teaching the post-graduate Classes;

(c) the number of periods during the year which the students are required to attend and in which professors deliver lectures to the Post-Graduate Classes?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (a) thirty.

(b) I lay a statement on the table.

(c) An M. Sc. (Agri.) student has to attend 25 lectures of one hour each and 25 practicals of 2 hours each during a year.

STATEMENT SHOWING THE NAMES AND DESIGNATIONS OF PROFESSORS TEACHING THE POST-GRADUATE CLASSES.

Serial No.	*Name of Professor and Designation.*
(1)	Mr. A. W. Choudhry, Professor of Agriculture and Rural Economics, and Principal.
(2)	Agha G. D. Ahmad, Professor of Botany.
(3)	Ch. Karam Rasul, Associate Professor of Agriculture.
(4)	Lt. Comdr. Abdul Latif, Entomologist.
(5)	Khan Abdul Wahab Khan, Agricultural Chemist I.
(6)	Dr. Abdul Haiz, Assistant Professor of Botany.
(7)	Ch. Inam-ul-Haq, Assistant Professor of Chemistry.
(8)	Kh. Abdul Haq, Assistant Professor of Entomology.
(9)	Ch. Zafar Alam, Oilseeds Botanist and Cotton Botanist.
(10)	Khan Sardar Khan, Cereal Botanist.
(11)	Dr Abdus Sattar. Plant Pathologist.
(12)	S. Sadiq Ali Fruit Specialist.
(13)	Mr. Barkat Ali Qureshi, Assistant Professor of Agricultural Economics.
(14)	Mr. N. D. Yusuf, Sugarcane Botanist.

PRODUCTION OF COTTON

*985. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) what was the area under cotton in Punjab in the years 1947-48, 1948-49, 1949-50, and 1950-51;

(*b*) what was the total production of cotton in terms of bales;

(*c*) what was the average yield per acre?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (*a*) One million eight hundred and five thousand acres: one million, six hundred and thirty one thousand acres; one million, six hundred and thirteen thousand acres; one million, six hundred and fifty-two thousand acres, respectively.

(*b*) Nine hundred and fifteen thousand; five hundred and fifty-four thousand seven hundred and thirty-three thousand, and five hundred and fifty-two thousand bales respectively.

(*c*) 202·7, 135·8, 181·7, and 133·6 lbs. of lint per acre respectively.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر یہ بتلا سکتے ہیں آیا پنجاب گورنمنٹ نے کاٹن پر بھی کوئی ٹیکس لگا رکھا ہے ؟

وزیر زراعت — جی ہاں۔

چودھری محمد شفیق — کیا انکے علم میں ہے کہ کاٹن کی قیمتیں بہت گر رہی ہیں اور کیا وہ اس امر کے پیش نظر اس ٹیکس کو کم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ؟

Mr. Speaker: How does it arise out of the answer given?

Rana Gul Muhammad Noon: What is the average production per acre?

Minister: I want notice for this question.

DAMAGE TO SUGARCANE CROP BY "TOP BORER" (INSECT PEST)

*986. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that sugarcane crop is suffering severe losses in the Province due to an attack of "Top Borer" (insect pest); if so, what concrete and specific steps have the Department of Agriculture taken to minimise and bring it under control?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: Yes, Sir. The sugarcane crop has been attacked by top borer during the last 2-3 years and has suffered considerable damage on this account.

The Department of Agriculture have been advising the cultivators on the methods of destroying this insect in the first stages of its growth, by putting up light traps, collection of adults by hand nets and collection of egg-clusters. The real remedy, however, is the change of variety and efforts are being made by the sugarcane section at Lyallpur to evolve resistant varieties. The results obtained are very encouraging as already three improved types, that is L 38, L 43, and L 44, have been evolved and are under trial both at the Agriculture Department Farms and also on zamindara lands.

چودھری محمد شفیق —کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکتے ہیں کہ پنجاب کے اندر وہ کونسا علاقہ ہے جہاں پر ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ نے یہ تجربات کئے ہیں ؟

وزیر زراعت — زراعتی کالج لائلپور کے فارم میں یہ تجربات کئے گئے ہیں۔ اور اب مختلف جگہوں پر اسکا تجربہ کیا جائیگا۔

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکتے ہیں کہ آیا کسی دوسرے علاقہ میں اب تک یہ تجربہ کیا گیا ہے ؟

وزیر زراعت —میں نے عرض کیا ہے کہ پہلے ہم نے یہ varieties اپنے فارم میں evolve کی ہیں ۔ اب انہیں دوسرے علاقوں میں بھی لے جایا جائیگا۔

چودھری محمد شفیق —کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکتے ہیں کہ یہ تجربات کامیاب بھی ہوئے ہیں یا نہیں ؟

وزیر زراعت — ابھی انکا تجربہ مختلف فارموں میں کیا جائیگا۔

میاں عبدالباری —کیا یہ ہدایات جو جناب نے بیان فرمائی ہیں انہیں کاشتکاروں کو دیہات میں پہنچانے کا کوئی انتظام کیا گیا ہے ؟

وزیر زراعت —میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ہم نے جتنی varieties evolvo کی ہیں۔ ان کا فارموں پر تجربہ کیا جائیگا اور جب وہ کامیاب ثابت ہوگا تو پھر ان کا باہر مختلف مقامات پر تجربہ کیا جائیگا۔

میاں عبدالباری —جناب وزیر زراعت نے شاید میرا سوال نہیں سمجھا۔ میں نے عرض کیا تھا کہ اس بیماری کو روکنے کے لئے جو جناب نے ارشادات فرمائے ہیں کہ یہ یہ کاروائیاں کی جائیں اور جن ہدایات کا جناب نے ذکر فرمایا ہے کیا وہ دیہات میں کاشتکاروں کو پہنچا دی گئی ہیں ؟

Mr. Speaker : Obviously the hon'ble member has not understood the reply. The reply was that experiments have been tried at the Lyallpur farms and are being tried in other farms, and if the experiments succeed then instructions will be issued to the tenants.

خان عبدالستار خان نیازی —کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکتے ہیں کہ ان کے اندازے کے مطابق کب تک یہ تجربہ سامنے آ جائیگا ؟

وزیر زراعت— اس سال کی فصل کے بعد اس تجربہ کا پتہ چل سکیگا۔

Rana Gul Muhammad Noon : Is it a fact that so far no steps have been taken by the Agriculture Department to arrest the disease of 'top borer'.

Minister : No it is not a fact.

Rana Gul Muhammad Noon : What are those steps which have been taken?

وزیر زراعت — جناب جو میں نے جواب عرض کیا ہے وہ ملاحظہ فرما لیجیئے۔

چودھری محمد شفیق — اس مرض کو روکنے کے لئے کتنا سٹاف استعمال کیا جا رہا ہے ؟

Mr. Speaker : That question does not arise. I have pointed out that supplementary questions can be asked for the elucidation of the answer given and not by way of cross-examination.

GUR PRODUCTION AT GOVERNMENT FARMS

*987. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon**: Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) what is the highest average per acre of gur obtained at the Government Farms in the year 1949-50 and 1950-51;

(*b*) what is the average yield of gur per acre on the total area under sugar-cane crop in the Punjab?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) 137·2 and 128·8 maunds, respectively.

(*b*) 37·1 maunds on the basis of the figures available for the last five years.

خان عبدالستار خان نیازی — کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بیان فرمائینگے کہ اس امر کے پیش نظر کہ گڑ کی قیمتیں بمقابلہ کھانڈ کے پچھلے دنوں بہت بڑھ گئی تھیں وہ صوبہ کا کچھ حصہ گڑ بنانے کے واسطے مخصوص کرنے کے لئے تیار ہیں یا نہیں ؟

Mr. Speaker: Does not arise.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکتے ہیں کہ آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے دیسی کھانڈ کا بنانا بند کر دیا ہے ؟

Mr. Speaker : It is a fresh question.

LAND EROSION NEAR KATHALA

*1004. **Chaudhri Muhammad Ahsan :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state;—

(*a*) if it is a fact that His Excellency the Governor and other high Government officers visited the eroded land near Kathala;

(*b*) the extent of damage done by the river Chenab to the adjoining villages, and to the Forest as well as Railway and Public Works Departments' works;

(*c*) the extent to which the river action is further threatening the adjoining villages or Government works or forests, etc.;

(*d*) is there any scheme under consideration to construct a Bund; if so will it be possible for Government to construct the Bund or at least take some other action, to save such lands and villages as are threatened by floods before the rainy season; if not, the reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sheikh Zafar Hussain) : It is regretted that the answer to this question is not yet ready.

ELECTRIC GENERATOR FOR KAMALIA

*968. **Rai Nasrullah Khan** : Will the Hon'ble Minister of Public Works be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a big electric generator was kept lying at the Kamalia Railway Station for about two years but now it is not there;

(b) if so, the name of the place where the said generator has been installed and the reasons for not installing it at Kamalia which was an electrified town before partition;

(c) whether the Government intends to take any practical steps towards the electrification of the Kamalia town; if not the reasons therefor?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari :(a) and (b) The Kamalia Electric Licence, which was granted in May 1937, was revoked by Government in June 1946, due to the inability of the Licensees, for reasons of insolvency, to discharge their duties and obligations imposed by the Licence. Later the Licensees with the permission of Government sold the power plant and entire local distribution system to the licensees of the Okara Electric Supply Undertaking and the latter removed the generator to some other place, thus leaving Kamalia without electricity. Government have no information as to where the generator was removed and installed.

(c) Government have under consideration the question of the electrification of Kamalia town.

رائے نصر اللہ خاں — کیا وزیر متعلقہ کو یہ علم ہے کہ پارٹیشن کے بعد دو سال تک وہ generator سٹیشن پر پڑا رہا ہے ؟

منسٹر تعمیرات عامہ — پڑا رہا ہوگا۔ مجھے علم نہیں۔

خان عبدالستار خاں نیازی — کیا یہ امر افسوسناک نہیں ہے کہ وہ سٹیشن پر پڑا رہا ہو اور آپ کو اسکا علم نہ ہو ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

UNIRRIGATED AREAS IN KAMALIA ILAQA OF THE HAVELI PROJECT.

*966. **Rai Nasrullah Khan** : Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the under mentioned area in ilaqa Kamalia of the Haveli Project which falls under the jurisdiction of the Naib-Tahsildar Bhusee can neither be irrigated by the canals nor wells:—

Chak Sher Singh	192 acres 68 acres of plot No. 57/3.
Shabal Shah	28 acres.
Jhalar Sangla	482 ,,
Haveli Tara	130 ,,
Jhogi Phoran	23 ,,
Kachi Murad Khan	40 ,,
Hayatke Kathia	100 ,,
Bagar	104 ,,
Kalera Kalan	90 acres and 65 acres of plot No. 58.

(b) whether it is a fact that the 'parta' of the said land is Re. 1 per acre and that their units have been fixed at 54; if so, the reasons therefor;

(c) whether the Government intends reducing the units of the said lands; if so, when, and if not, why not?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): (a) The areas in question can be irrigated by wells. It is not possible to extend canal irrigation to them.

(b) Land Revenue of chahi irrigated area is Re. 1 per acre in these villages. Chahi class of land is regarded as one of the superior classes of land. Its unit 54 is the lowest in the Lyallpur district and as such this is not excessive.

(c) Does not arise.

SAPURDDARI OF WHEAT CROP OF FLOOD-STRICKEN CROWN LAND IN KAMALIA

*967. **Rai Nasrullah Khan**: Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that instead of putting it to auction, the wheat crop of the flood-stricken crown land in the circle of the Naib-Tehsildar Ilaqa Bhusee of the Haveli Project Multan, was given on "sapurddari"; if so, the number of villages and the acreage of land under wheat crop given on sapurddari;

(b) the quantity of wheat and other commodities received respectively and the produce per acre in maunds;

(c) the dates on which wheat and other commodities were received; and

(d) the actual dates on which the sale-proceeds of wheat or other commodities were deposited in the Government Treasury and the respective rates of their sale?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): It is regretted that the answer to this question is not yet ready. The notice was received on 23rd April, 1952, and the required information is being collected from the E. A. C. O. Haveli Project, Multan and will be communicated to the honourable member as soon as it is received.

STRAWBERRY, TEA AND COCONUT PLANTATION EXPERIMENT IN THAL.

*974. **Mian Abdul Bari**: Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Strawberry, Tea, and Coconut plantations were tried in the Thal Development Scheme; if so, the cost incurred on that experiment;

(b) whether it is also a fact that the experiment failed; if so, who was held responsible for the failure;

(c) whether Agricultural expert advice was taken before starting the experiment mentioned in (a);

(d) what steps, if any, the Government has taken or intend to take to stop similar waste of money in the Development of Thal area?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): (a) Strawberry plantations only were tried in the Thal at a cost of Rs. 871-6-3. Tea and Coconut have not been tried.

(b) The Strawberry experiment is not considered a failure and valuable data is being collected as a result of the experiment.

(c) The experiment is being conducted under expert agricultural advice.

(d) The question does not arise. All experiments are undertaken with due care and caution.

ACQUISITION OF LAND IN THAL

***1005. Chaudhri Muhammad Ahsan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Government is acquiring lands in the Thal area to the extent of three-fourths of the land owned by the local proprietors;

(*b*) whether it is a fact that Government is balking out blocks for acquisition out of the best quality land of each village and leaving poor quality land "sandy tibbas") for the owners;

(*c*) whether the Government has taken any steps to save the land owner from being turned into miserable owners of uncultivable lands, as the lands left out of the blocks are not likely to yield sufficient produce to compensate for even the labour of the tillers;

(*d*) whether it is a fact that compensation for the land acquired is being assessed at a flat rate worked out on good and bad quality of the "shamilat" lands;

(*e*) whether Government is prepared to (*i*) acquire 'Nakis' and 'Kamnul' quality of land proportionately, or (ii) pay to the owners reasonable compensation for the loss of better quality land; if not, the reasons therefor;

(*f*) whether it is a fact that average price of the acquired land is being worked out on the basis of 1935—39 averages;

(*g*) whether Government is prepared to reconsider the prices in the light of changed circumstances, e.g. (*i*) increase in the value of land as a result of the irrigation schemes;

(*ii*) fall in the value of rupee, and consequent rise in the value of all the marketing commodities, as well as land;

(*h*) whether Government is aware of the fact that there is resentment for the above reasons among the local land owners of the Thal area;

(*i*) what action Government proposes to take in the matter?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): (*a*) Land has been acquired in the Thal to the extent of 3/4ths of the *banjar* land comprising shamilat or land held jointly by proprietors. In case of proprietors owing less than 100 acres only one-half of the *banjar* land will be retained and the excess will be restored.

(*b*) Blocks have been formed for acquisition with due regard to the convenience of the local proprietors and the land nearer to their habitation has been left out of blocks.

(*c*) All cultivated lands and lands owned in ancestral ownership are being restored to the owners, besides one-fourth of the *banjar* land.

(*d*) Compensation for land acquired will be assessed according to the provisions of the Land Acquisition Act of 1884, as modified by the Thal Development Act, 1949, and amended in 1951. An owner can exercise his option to get it assessed according to the average price derived from the sale transactions in respect of which mutations have been attested during the five years immediately preceding the 30th June 1939, which relate to the same class of land in the same revenue estate.

(*e*) (*i*) Yes, the Thal Development Authority is prepared to acquire and has actually acquired '*Nakis*' and '*Kamil*' quality of land, and (*ii*) is prepared to pay, according to the prevailing law reasonable compensation for the loss of land of better quality.

(*f*) Every owner is entitled to exercise his option of getting his compensation money assessed on the basis of the average price of land during the period 1935—39, if he so chooses.

(*g*) No.

(*h*) The number of local owners adversely affected by acquisition and who resent the acquisition is relatively small. The majority of smaller Zamindars stand to gain from the scheme of acquisition.

(*i*) The question does not arise.

ADJOURNMENT MOTION

EVICTION OF CHRISTIAN *Sepis, Athris* AND TENANTS.

Mr. Speaker : I have received notice of the following adjournment motion from Mr. C. E. Gibbon :—

> "I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the house to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the grave situation arising out of the policy of the Government in respect of the wholesale eviction of Christian *Sepis, Athris* and tenants from their homes, holdings and lands without providing any alternative means of shelter and livelihood, thus rendering nearly 3 lakhs of Christians homeless and on the verge of starvation, the consequences of which are too horrible to imagine."

Honourable members will remember that during the Budget session, Mr. C.E. Gibbon discussed this question at great length and the question was also replied to by the Honourable Minister of Rehabilitation & Colonies in his speech. This matter is obviously not of recent occurrence. Since the Budget session, the honourable member had plenty of opportunity to invite the attention of the Government to this matter and again, if he wishes to do so, he can do it by means of a resolution or a question on the subject. Since an alternative remedy is available, I must hold this motion out of order.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, you have been persistantly refusing to give us an opportunity.

Mr. Speaker : I call upon the honourable member to resume his seat. He cannot question my ruling.

Mr. C. E. Gibbon : I am not questioning your ruling. You have said that this matter was not of recent occurrence.

Mr. Speaker : The honourable member cannot discuss anything said by the Speaker. Will he please resume his seat?

Mr. C. E. Gibbon : This is the treatment meted out to the minorities by the State.

Mr. Speaker : Will the honourable member resume his seat?

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. If this occurrence had taken place within the last few weeks.

Mr. Speaker : I have already said that I will not allow any discussion of the ruling given by me, even if it is wrong in the opinion of the honourable member.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I am not discussing your ruling, but I want to get an information.

Mr. Speaker : There is no question of information after the ruling. I will not allow any discussion on any question.

THE PUNJAB AGRICULTURAL INCOME-TAX (AMENDMENT) BILL.

Mr. Speaker : The House will now consider the Bill clause by clause.

Clause 2

Mr. Speaker : I have received notice of an amendment to this clause by Rana Abdul Hamid Khan.

Minister of Rehabilitation and Colonies : Sir, I object to this amendment because it is time-barred.

Mr. Speaker : Objection having been taken to this amendment on account of its not having been received in time as prescribed under the rules, I am afraid it cannot be moved.

Rana Abdul Hamid Khan : Sir, once you had admitted my amendment and it was on the regular list and no date was given there.

Mr. Speaker : The honourable member must remember that the office is bound to put every amendment received on the list and the fact whether the date is

given or not is not the act of the Speaker, it is the act of the office which is bound to its duty of putting down every amendment on the list whether it is time-badred or not.

Now, the next amendment No. 2, is by Sayed Shamim Hussain Qadri. He is absent.

Amendments Nos. 3 and 4 are from Rana Abdul Hamid Khan.

Minister of Rehabilitation and Colonies : I again object to these on the same ground.

Mr. Speaker : Under the rules, the objection shall prevail.

***Mian Abdul Bari** (Lyallpur VII, Musli) : Sir, I beg to move :—

That in clause 2 subsection (3) of proposed section 2 of the Punjab Agricultural Income Tax Act, 1951, for the words "preceding year" the words "preceding crop" be substituted.

جناب والا ! معاملے یا لگان اراضی پر جب کبھی کوئی ٹیکس عائد کیا گیا اس کیلئے معاملہ یا لگان ہمیشہ بنیادی اصول رہا ہے .. معاملہ جب بھی لگایا گیا وہ اس فصل پر لگایا گیا ۔ اس Crop پر لگایا گیا جو زمیندار نے کاشت کی ہو ۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ کاشتکار اور چھوٹے زمیندار کے پاس جن کی بہت بڑی تعداد ہمارے صوبے میں موجود ہے فصل گزر جانے کے بعد اتنا اندوختہ نہیں رہ جاتا کہ وہ اس قسم کے مطالبات ادا کر سکے ۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ مطالبہ اصل میں اس زمین کی آمدنی پر لگایا جاتا ہے جو کاشت کی گئی ہو ۔ یہ ایک ایک مرلے پر لگایا جاتا ہے اور اس کا کوئی حصہ Free نہیں چھوڑا جاتا ۔ جس طرح کہ صنعت و حرفت یا تجارت میں چھوڑا جاتا ہے ۔ چنانچہ مختلف مطالبات کی مقدار اتنی زیادہ ہو جاتی ہے کہ انہیں ادا کرنے کے بعد بیچارے کاشتکار کے پاس کوئی اندوختہ نہیں رہ جاتا ۔ اس لئے جو فصل بھی وہ بوئے اس کے مطابق مطالبہ ہمیشہ Crop پر عائد کیا جاتا رہا ہے ۔ انگریز کی پالیسی اس معاملے میں اور خصوصاً زمیندار کو نچوڑنے میں بڑی سخت تھی ۔ لیکن اس کو بھی اس قسم کا اقدام کرنے کی جرأت نہ ہوئی تھی ۔ اس کی پالیسی عموماً یہ رہی ہے کہ اس نے اپنی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے بڑے بڑے زمینداروں کیساتھ گٹھ جوڑ قائم کیا اور تجارت پیشہ لوگوں سے انکم ٹیکس وصول کیا ۔

جناب والا ۔ جس آبادی پر متحدہ ہندوستان کی کل آبادی مشتمل تھی حکومت نے اس کے دیگر طبقوں کو چھوڑ کر کاشتکار اور زمیندار کو اتنا دبا رکھا تھا کہ معاملہ اراضی ادا کرنے کے بعد وہ اقتصادی طور پر

---

*Speech uncorrected.

اتنا کمزور ہو جائے کہ سر نہ اٹھا سکے۔ یہ وجوہات تھیں جن کی بنا پر انگریز نے دو سو سال کامیابی سے اس ملک پر حکومت کی۔ مگر ملاحظہ فرمائیے جس چیز کو انگریز نے کبھی سوچا بھی نہ تھا یعنی یہ کہ دو فصلوں کو ملا کر ان پر Agricultural Income-tax لگایا جائے وہ ہماری اس حکومت کا حصہ ہے۔ اس نے پاکستان بننے کے بعد پہلی مرتبہ اس چیز کو جاری کیا ہے۔ کاشتکار اور چھوٹا زمیندار ان کے Schedule میں آ جاتا ہے۔ ایک فصل کے گزر جانے کے بعد دوسری فصل کے موقع پر ان دونوں فصلوں کو ملا کر ان کی کل رقم پر انہوں نے یہ ٹیکس لگایا ہے۔ جو نہایت غلط چیز ہے۔ یہ عوام۔ چھوٹے زمیندار اور کاشتکار کو اقتصادی طرز پر مفلوج کرنے کا طریقہ ہے۔ میں حیران ہوں کہ جب ایک غیر ملکی اور غیر ہمدرد حکومت نے جو ایک جابر حکومت تھی اور جس کے متعلق ہر شخص جانتا ہے کہ اس نے پنجاب یا ہندوستان کی فلاح و بہبود کیلئے کبھی کچھ نہ کیا تھا کبھی یہ اصول جاری نہ کیا تھا تو آج ہماری خیر خواہ حکومت کس طرح یہ اصول جاری کر رہی ہے۔ یہ اصول نہایت ظالمانہ ہے۔ میں نے یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے کہ خدا را پرانے اصولوں کو اس قدر نہ ٹھکرائیے۔ اگر ان کو بہتر بنانا مقصود ہو تو بڑی خوشی سے بنائیے۔ غریبوں کا بوجھ ہلکا کرنے کی کوشش کیجیئے۔ مگر عوام کی بہتری کو پس پشت ڈال کر اس قسم کے انوکھے اور نرالے اصول قائم نہ کیجیئے۔ معاملہ اور لگان اراضی وصول کر لینے کے بعد مزید ٹیکس وصول کرنا قوم اور ملت کے ساتھ زیادتی کرنا ہے۔ ہمارے کاشتکار عوام جو پنجاب کی ریڑھ کی ہڈی اور بنیاد ہیں ان میں یہ طاقت نہیں کہ وہ یہ ٹیکس ادا کر سکیں۔ آپ یقیناً یہ ٹیکس لگا کر ان کو تباہ و برباد کر دینگے۔

جناب والا۔ جب ہم کوئی ترمیم پیش کرتے ہیں تو آنریبل وزیر مال صاحب اعتراض کرتے ہیں جیسا کہ انہوں نے کل بھی ارشاد فرمایا تھا کہ ہم ایسی چیزیں پیش کرتے ہیں جن سے ان کے بل کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ ممکن ہے وہ یہ کہیں کہ یہ ٹیکس ایک فصل پر لگانے سے چونکہ اتنی رقم نہیں بنتی جتنی اس Schedule کے مطابق انہیں درکار ہے اس لئے اس سے بہت سے لوگ بچ جائینگے۔ ممکن ہے وہ پیشبندی کے طور پر یہ بھی کہیں کہ چونکہ ایسا کرنے سے مطلوبہ رقم پوری نہیں ہوتی جس کا وہ اندازہ لگائے بیٹھے ہیں اس لئے یہ چیز ان کیلئے قابل قبول

نہیں۔ میں ان کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اگر انہوں نے ان قوانین ان bills اور ان Taxes کا مقصد یہ سمجھ رکھا ہے کہ حکومت اس صوبے کیلئے حصول زر کی ایک مقدار قائم کردے اور پھر اس مقدار سے تجاوز نہ کرے تو اس مقدار کے حصول کیلئے کوئی اصول ہونا چاہیئے۔ مگر یہاں نہ تو کوئی مقررہ مقدار ہے اور نہ ہی اسے وصول کرنے کا کوئی طریق۔ ٹیکس دینے والے کی نہ تو اقتصادی استعداد دیکھی جاتی ہے نہ اس کی غربت اور فلاکت کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اگر دھیان ہےتو صرف اس چیز کی طرف کہ اس ٹیکس سے اتنا روپیہ وصول کرنا ہے۔ خواہ وہ ایک فصل سے وصول ہو یا دو تین یا چار فصلوں سے۔ یہ تو وہی سکھوں والی بات ہے۔ خالصہ جی نے ایک شخص کو جرمانہ کر دیا۔ اس نے پوچھا۔ "غریب نواز۔ اسی کی گناہ کیتا اے"۔ خالصہ جی مہاراج کہن لگے۔ "جے تسی گناہ نہ کروگے تے اسیں تانوں جرمانہ کرنا چھڈ دیانگے"۔ میں یہ چیز واضح کر دوں کہ اگر آپ ٹیکس لگائینگے تو اس کی ذمہ داری آپ پر ہوگی۔ اس کے نتائج بڑے بھیانک اور تباہ کن ہونگے۔ ٹیکس لگاتے وقت حکومت کا فرض ہے کہ وہ اسے ان لوگوں پر عائد کرے جو اس کی ادائیگی کی طاقت رکھتے ہوں۔ ان میں خواہ مخواہ ایسے لوگوں کو شامل نہ کرنا چاہیئے جو پہلے ہی اقتصادی لحاظ سے مفلوج ہیں اور جو بڑی مشکل سے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پالتے ہیں۔ آخر یہ ٹیکس جو آپ غریبوں پر لگا رہے ہیں یہ کس اصول پر مبنی ہے۔ آپ یہ ٹیکس preceding year کی مقدار پر لگا کر ایک ایسا ظلم کر رہے ہیں جو آج تک انگریز نے بھی نہ کیا تھا۔ لہذا جناب والا۔ میری گذارش یہ ہے کہ کاشتکار کی دو فصلوں کو ملا کر آپ نے جو یہ مطالبہ پیش کیا ہے اس میں صرف یہ ترمیم کی جائے کہ الفاظ "preceding year" کی بجائے "preceding crop" رکھے جائیں۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is —

That in clause 2, subsection (3) of proposed section 2 of the Punjab Agricultural Income-Tax Act, 1951, for the words "preceding year" the words "preceding crop" be substituted.

شیخ محمد سعید (پارلیمنٹری سیکرٹری) — جناب والا۔ اس ترمیم کے ذریعہ حزب مخالف کے فاضل مقرر یہ چاہتے ہیں کہ مجوزہ ٹیکس زیادہ رقم پر لگایا جائے۔ دراصل ان کا منشا یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ ٹیکس ان بڑے بڑے زمینداروں پر نہ لگایا جائے جو زیادہ آمدنی کے مالک ہیں۔ یہ چیز میری سمجھ میں نہیں آئی۔ ان کی باتوں میں کس قدر تضاد ہے۔

آج جب یہ ٹیکس صرف ان زمینداروں سے وصول کیا جا رہا ہے جن کی آمدنی ایک خاص معیار سے زیادہ ہے یعنی جو اڑھائی سو روپے سے زیادہ مالیہ اراضی ادا کرتے ہیں تو اس کی شدید مخالفت کی جا رہی ہے۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ جن زمینداروں کے پاس دو مربعے سے زیادہ زمین ہے ان کو اس سے چار یا پانچ ہزار روپے آمدنی ہوتی ہے۔ اگر اس رقم پر معمولی سا ٹیکس لگا دیا گیا ہے تو اس میں کونسی چیز قابل اعتراض ہے۔ یہ کہنا کہ اسے نصف کر دیا جائے یا صرف ایک فصل پر لگایا جائے ان کی زبان سے زیب نہیں دیتا۔

اصل میں چھوٹے بڑے زمیندار کے سوال کی بحث کا کوئی موقع ہی نہیں۔ وہ حقیقت میں مخالفت کی خاطر مخالفت کر رہے ہیں۔ جب بڑوں پر ٹیکس لگائیں تو یہ کہتے ہیں کہ چھوٹوں پر لگائیے۔ جب چھوٹوں پر لگائیں تو یہ کہتے ہیں بڑوں پر لگائیے۔ کبھی کہتے ہیں ۲۵۰ روپے معاملہ دینے والوں کو چھوڑ دیا جائے اور اس سے زیادہ معاملہ دینے والوں پر ٹیکس لگایا جائے۔ بہر حال یہ ہر کسی کے ساتھ رعایت اور مہربانی کرانے کی آڑ میں اصل کام کو روکنا چاہتے ہیں اور ہمیں مشورے دیتے ہیں۔ کیونکہ ان کے پاس اپنا کوئی جماعتی منشور موجود نہیں ہے۔ جب ہم کاشتکاروں کی مدد کرنے کے سوال پر غور کر رہے تھے تو اسوقت بھی یہ ہماری مخالفت کرتے تھے آج بڑی آمدنیوں والوں پر ٹیکس تجویز ہو رہا ہے تو اسکی بھی مخالفت کر رہے ہیں۔ یہ کبھی چھوٹے کاشتکار کا سوال اٹھاتے ہیں اور کبھی بڑے کاشتکار یا زمیندار کا۔ آخر ہم ان کے تضاد کو کس طرح ملائیں؟ اور اگر ان کی تجاویز کو مان لیا جائے تو چھوٹے کاشتکاروں کو کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچیگا اور قومی خزانہ کو بھی نقصان ہو جائیگا اور اس بل کا اصل مقصد ہی پورا نہ ہو سکیگا۔

***میاں عبدالباری**— جناب صدر۔ میں نے سرکاری ارکان کے پیش کردہ تمام دلائل کو بڑے غور سے سنا ہے اور اس تلاش میں رہا ہوں کہ شائد اب وہ کوئی معقول دلیل پیش کریں جس سے ہمارے خیالات کی تردید ہو سکے۔ مگر معلوم ہوتا ہے ان کے پاس چند منطقی مغالطوں اور fallacies کے سوا کچھ بھی نہیں۔ میں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ثابت کر کے دکھائیں کہ سابقہ ۲۰۰ سال کے عرصے میں کبھی کاشتکاروں پر کوئی ایسا ٹیکس لگایا گیا ہو جس سے ایک فصل پر دو فصلوں کا مالیہ وصول کیا گیا ہو؟

*Speech Uncorrected.

وزیر مال— یہ ٹیکس چار سال سے لگا ہوا ہے۔

میاں عبد الجباری — وہ کب لگا؟ جب پاکستان بن گیا اور ہمارے موجودہ آنریبل چیف منسٹر دو فنانس منسٹر کا عہدہ ملا تو انکے ذہین دماغ نے یہ اختراع نکالی کہ ایک فصل کی پیداوار پر دو فصل کا مالیہ وصول کیا جائے۔ ورنہ انگریزوں کو بقائمی ہوش و حواس کبھی یہ جرأت کرنے اور ایسا حوصلہ دکھانے کی ہمت نہ ہوئی تھی۔ جناب والا۔ آپ بھی دیکھ رہے ہیں اور سارا ہاؤس دیکھ رہا ہے کہ حکومت کیطرف سے اس اعتراض کا کوئی معقول جواب نہیں دیا جا رہا ہے۔

دوسرے انہوں نے یہ کہا ہے کہ ان کے پاس منشور ہے اور ہمارے پاس منشور نہیں ہے۔ جناب والا۔ یہاں وہ اس دلیل کو بار بار دہرانے نہیں تھکتے اور ایوان سے باہر بھی یہی کہتے رہتے ہیں۔ حالانکہ انکو کو معلوم ہے کہ تا حال سنٹرل پاکستان مسلم لیگ کا بھی کوئی منشور نہیں ہے جو کہ کل پاکستان پارٹی ہے اور عرصہ دراز سے قائم ہے۔ اور جو آج سے بیس سال قبل بنی تھی۔ جب اس نے کوئی منشور نہیں بنایا تو پھر جناح عوامی لیگ پارٹی جو حال ہی میں بنی ہے اگر اس نے کوئی منشور نہیں بنایا تو اس میں کونسی چیز قابل تشنیع ہے۔ کیا ان کو یاد نہیں کہ حضرت قائد اعظم سے جب پوچھا گیا تھا کہ پاکستان کا آئین کیا ہوگا تو آپ نے فرمایا تھا کہ جس قوم کے پاس اللہ کی کتاب موجود ہے اسکو کسی نئے آئین کی کیا ضرورت ہے۔ یہی ہمارا منشور ہے۔ جب اس بات پر اعتراض نہیں تو پھر آپ ہم پر کس طرح اعتراض کرتے ہیں۔ معزز پارلیمنٹری سیکرٹری کو شائستگی کلام سے کام لینا چاہئے اور ایسے اوچھے اعتراضات نہیں کرنے چاہئیں۔

تیسری بات جناب والا! میں نے یہ کہی تھی کہ ٹیکس لگانے کا یہ اصول ہونا چاہئے کہ جس شخص میں ادائیگی کی استطاعت نہ ہو اس پر ٹیکس نہیں لگانا چاہئے۔ آپکو ٹیکس لگانے سے پہلے یہ دیکھنا چاہئے کہ آیا وہ شخص ٹیکس ادا کرنے کی طاقت بھی رکھتا ہے یا نہیں۔ میں نے پوچھا تھا کہ آپ نے عدم استطاعت والے لوگوں پر کس اصول کے تحت ٹیکس لگایا ہے جب آبیانے اور مالیے کے بوجھ تلے دبے ہوئے لوگ پہلے ہی ہماری top heavy administration کے اخراجات برداشت کرنے سے قاصر ہیں تو پھر ان پر مزید بوجھ ڈالنے کا مطلب کیا ہے۔ میں اعداد و شمار سے ثابت کر چکا ہوں کہ ایک ایک مربعے والے تو کیا دو دو

مربعے اور چار چار مربعے والے لوگ بھی مشکل سے اپنی ضروریات زندگی کو پورا کر رہے ہیں اور کچھ نہیں بچا سکتے۔ آپ محض نعروں سے میری دلیلوں کو غلط ثابت نہیں کر سکتے۔ (شیخ ظفر حسین :— نیڈوز ہوٹل کس نے بنایا تھا ؟)

Mian Abdul Bari : The honourable Parliamentary Secretary has made a charge against me. I seek your protection.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 2, subsection (3) of the proposed section 2 of the Punjab Agricultural Income-Tax Act, 1951, for the words "preceding year" the words "preceding crop" be substituted.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. The honourable Parliamentary Secretary has made a personal remark against Mian Sahib.

Mr. Speaker : It is for Mian Sahib to raise that point. Advocacy is not allowed in this House.

میاں عبدالباری— جناب والا۔ کیا مجھے اجازت ہے کہ میں یہ عرض کروں کہ پارلیمنٹری سیکرٹری شیخ ظفر حسین نے مجھ پر در پردہ چوٹ کرتے ہوئے پوچھا تھا کہ میں نیڈوز ہوٹل میں کیوں رہتا تھا۔ یہ عادتاً ایسی ہتک آمیز زبان استعمال کرتے ہیں ان کو ہاؤس کا احترام ملحوظ رکھنے کی ہدایت کرنی چاہئے۔

میں کسی ذاتی بنا پر یہ سوال نہیں اٹھا رہا بلکہ ایوان کا decourum بحال رکھنے کے لئے یہ point of order پیش کر رہا ہوں۔ اگلے دن آنریبل چیف منسٹر صاحب نے بھی اس قسم کے الفاظ ارشاد فرمائے تھے حالانکہ ان کو ان باتوں سے بالاتر ہو کر ایوان کا احترام برقرار رکھنے میں مدد کرنی چاہئے۔ بہر حال ہم تو ایوان میں شائستگی کے طلبگار ہیں۔ نیڈوز ہوٹل کا طعنہ ناجائز ہے میں وہاں اپنے خرچ پر رہتا تھا۔ سرکاری ارکان کو تمسخر سے احتراز کرنا چاہئے اور پالیمنٹری آداب کے بلند معیار کو گرانا نہیں چاہئے۔

Mr. Speaker : What is that particular remark which is being objected to ?

میاں عبدالباری۔ یہ کہہ رہے تھے کہ نیڈوز ہوٹل کس نے بنایا تھا جس میں آپ رہتے تھے۔

Mr. Speaker : Does the honourable member want the words "Nedo's Hotel" to be withdrawn ?

Mian Abdul Bari : He should be called upon to withdraw those remarks.

Mr. Speaker : Before I call upon him to withdraw, please let me know what you want him to withdraw ?

Mian Abdul Bari : He said something about me with regard to Nedo's Hotel.

Mr. Speaker : What did the honourable Parliamentary Secretary say ?

Sheikh Zafar Hussain (Parliamentary Secretary) : The honourable member was referring to certain things which were built by Britishers. I just enquired as to who built the Nedo's Hotel.

Mr. Speaker : That remark is wholly irrelevant.

Now, the next amendment No. 6 is from Rana Abdul Hamid Khan.

Minister of Rehabilitation and Colonies : I object to it on the ground that it is not in time.

Mr. Speaker : It will not be moved.

The question is—

That sub-clause (1) of clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is.

That sub-clause (2) of clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Sub-clause (3) of clause 2.

*سید شمیم حسین قادری (لاہور کارپوریشن حلقہ نمبر ۳ - مسلم مخصوص نشست) -- جناب والا - میں اس سب کلاز کی مخالفت کرتا ہوں اس سب کلاز ۳ میں لکھا ہوا ہے کہ -

"(3) The tax shall be worked out and assessed on the basis of the total land revenue which was payble with regard to the land of an owner in respect of the preceding year."

جناب صدر - قانون محاصل کے متعلق آج تک اس قسم کی ٹیکسیشن سوائے ہمارے صوبہ کے اور کہیں نہیں ہوئی - عام طور پر ٹکسیشن آمدنی پر ہوا کرتی ہے - نہ یہ کہ فلاں شخص چونکہ گورنمنٹ کو اتنا معاملہ ادا کرتا ہے یا آبیانہ ادا کرتا ہے اسلئے وہ یہ ٹیکس ادا کرے - ٹیکس کیلئے earned income کا سوال ہوتا ہے - یہ کلاز ایسی ہے آمدن کا یعنی کہ اسکے حق میں اور اسکے خلاف دونوں طرف سے بہت کچھ کہا جا سکتا ہے کیونکہ اسکے رکھنے سے گورنمنٹ کو بھی نقصان ہونے کا احتمال ہے - اور لوگوں کو بھی - میں آپ کے سامنے ایک مثال پیش کرتا ہوں - ایک شخص جسکی زمین اس قابل نہیں ہے کہ وہ اس میں کچھ پیدا کر سکے اگر وہ اس میں کچھ بوتا بھی ہے تو پیداوار اسقدر ناقص ہوتی ہے کہ اسکو آمدن اتنی نہیں ہوتی کہ وہ اس ٹیکس کی کفیل ہو سکے - لیکن چونکہ وہ اڑھائی سو یا تین سو روپیہ مالیہ ادا کرتا ہے اسلئے اس پر یہ بار بھی ڈال دیا جاتا ہے - یہ سراسر نا انصافی ہے - قاعدہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص کی آمدنی پانچ ہزار ہے یا تین ہزار ہے تو اس پر اسکے حساب سے انکم ٹیکس لگایا جاتا ہے - کل میرے معزز دوست شیخ محمد امین نے جب اس بل کی

* Uncorrected Speech

مخالفت کی تھی تو انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ عام طور پر قانون انکم ٹکس یہ ہوتا ہے کہ آمدنی پر ٹیکس لیا جاتا ہے۔ نہ کہ ملکیت پر۔ لیکن یہ ٹیکس ملکیت پر لیا جا رہا ہے۔ اور اس طرح گورنمنٹ کو نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔ بعض ایسے لوگ ہونگے جنکی اراضیات کافی اچھی فصلیں پیدا کر سکتی ہیں۔ لیکن وہ گورنمنٹ کو ٹیکس اس شرح سے دینگے جو شیڈول میں مقررہ slab میں ہوگی۔ اگر اس کالاز کو اس طرح نہ رکھا جائے اور یہ کر دیا جائے کہ جسقدر کسی کو آمدن ہو اس پر اسکو ٹیکس لگایا جائے تو یہ منصفانہ قدم ہوگا۔ اس سے رعایا اور حکومت دونوں کو فائدہ ہوگا۔ رعایا کو فائدہ یہ ہوگا کہ اگر انکی آمدن اچھی نہ ہو یا فصل اچھی نہ ہو اور اس سے آمدن کم ہو تو وہ کم انکم ٹیکس ادا کرینگے۔ گورنمنٹ کو فائدہ یہ ہوگا کہ اگر زمینوں سے آمدن زیادہ ہوئی تو وہ اپنی مقررہ slab سے کہیں زیادہ انکم ٹیکس وصول کر سکتی ہے۔

جناب والا۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے قانون محاصل کو بغیر دیکھے اور بغیر سمجھے ایک پرانا اور دقیانوسی ایکٹ اٹھا کر اسمبلی کے سامنے رکھ دیا ہے۔ اور کہا ہے کہ چونکہ ہم نے انکم ٹیکس اکٹھا کرنا ہے اسلئے ہم ضرور کرینگے۔ یہ تو وہی رنجیت سنگھ والا حساب ہو گیا کہ اتنی گھوڑیاں ہیں تو ان میں سے اتنی بطور ٹیکس دیدو۔ اتنی گائیں ہیں تو اتنی بطور ٹیکس دیدو۔ یہ غور نہیں کیا کہ جس زمین پر ٹیکس لگا رہے ہیں اس سے آمدن کیا ہوتی ہے۔ اصل میں اسکا پس منظر یہ ہے کہ جیسا کہ اسکے بیان اغراض و مقاصد میں کہا گیا ہے کہ چونکہ ہم نے زرعی اصلاحات نافذ کی ہیں اور انکی وجہ سے بڑے زمینداروں کی آمدنی میں کمی واقع ہو گئی ہے اسلئے انکو ریلیف دینے کی خاطر یہ ایکٹ بنایا گیا ہے۔ ابھی پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا کہ حزب اختلاف کی طرف سے کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ چھوٹے زمینداروں کی مدد کرو اور کبھی کہا جاتا ہے کہ بڑے زمینداروں کی مدد کرو۔ ہم تو ایسا قانون چاہتے ہیں جو انصاف پر مبنی ہو۔ ہم چھوٹے زمیندار کے حق میں ہیں نہ بڑے زمیندار کے خلاف۔ ہمارا مقصد تو یہ ہے کہ جو قانون اس ہاؤس میں بنتا ہے وہ انصاف پر مبنی ہو۔ اور اس میں کسی ایک طبقہ کی رعایت نہ کی جائے۔ اگر کسی کی رعایت مقصود ہوئی تو یہ نامنصفانہ لیجسلیشن ہوگی۔ اور اس کا اثر بہت برا ہوگا۔ اور آئندہ نسلیں جب اس پر غور کرینگی تو انکی آپ کے متعلق جو رائے ہوگی اسکا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔

جناب والا۔ اس کلاز میں ایک ایسے فرسودہ نظام اور فرسودہ قانون کو قائم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے جو ٹیکسیشن کے اصول کے مطابق دنیا میں کہیں نہیں ملتا سوائے اس پنجاب کے۔ اور اگر میں یہ کہوں کہ یہ پنجاب پاکستان کا حصہ نہیں خالصتان کا حصہ ہے تو یہ جائز ہوگا۔ کیونکہ یہاں کے حکمران باوجود اس بات کے کہ وہ ایک سال سے حکومت فرما رہے ہیں اور انکے پاس لیگل ریمبرنسر کا محکمہ اور دوسرے قانون پر رائے دینے والے افسران موجود ہیں۔ لیکن ان کو اتنی فرصت نہیں ہوتی کہ جو Legislation اس ہاؤس میں پیش کرتے ہیں اسے دیکھ سکیں یا اسکے لئے کوئی پالیسی set کر سکیں۔ وہ بغیر دیکھے اور بغیر غور و خوض کئے legislation کو یہاں لے آتے ہیں۔ جب یہ کہا جاتا ہے کہ خدا را اس legislation میں آپ ترمیم کریں تا کہ اس legislation کو بہتر کیا جا سکے تو اس وقت یہ کہا جاتا ہے کہ ہمیں sense نہیں۔ جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے عزت مآب وزیر مال سے پوچھتا ہوں کہ taxation کے جو طریقے یہاں رائج ہیں کیا دنیا کے کسی اور ملک میں بھی یہ ٹیکس اسی طریقہ سے وصول کئے جاتے ہیں۔ جناب والا۔ مثال کے طرز پر میں فیکٹری والوں کو لیتا ہوں کہ ان سے کس طرح انکم ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔ گورنمنٹ ان کو depreciation دیتی ہے۔ آپ انکم ٹیکس لگاتے وقت دیکھتے ہیں کہ کسی فیکٹری اونر کی آمدنی اگر تین ہزار روپیہ سالانہ ہے تو اس سے کچھ وصول نہیں کرتے۔ جن کی آمدنی تین سے پانچ ہزار ہے ان سے ٹیکس لیا جاتا ہے اور جنکی آمدن پانچ سے دس ہزار روپیہ تک ہے ان سے اور زیادہ وصول کرتے ہیں۔ اگر Progressive taxation کا یہی اصول ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اس سے گورنمنٹ کو نقصان ہوگا۔ مثال کے طور پر پچھلے سال گندم ۶ روپیہ فی من بکی یعنی جب فصل تیار ہوئی تو گندم ۶ روپیہ من تھی۔ مگر آج گندم کے لئے ۹ روپیہ ۸ آنہ فی من گورنمنٹ کا ریٹ مقرر ہوا ہے۔ اب کسی زمیندار کی اس سال اور پچھلے سال کی آمدن میں کتنا فرق ہے۔ یہ اور بات ہے کہ کسی کی فصل کم ہوگئی ہو۔ اصولی طور پر یہ بالکل صحیح ہے اور یہ ہے کہ اس کی انکم یقیناً زیادہ ہوگی۔ دراصل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو اس کے متعلق کچھ فرمانا چاہئے تھا یا عزت مآب وزیر مال کو اس پر بولنا چاہئے تھا اور کچھ نہ کچھ ضرور کہنا چاہئے تھا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ جو piece of legislation آپ لائیں وہ منصفانہ ہو اور

منصفانہ طور پر ٹیکس لئے جائیں۔ اور کسی طبقہ سے کوئی رو رعایت نہ ہو۔ مگر جناب والا ہوتا کچھ اور ہے۔ یعنی وہ ان چند زمینداروں کو خوش کرنے کے لئے یہاں legislation لاتے ہیں جن سے ڈر ہو کہ وہ بغاوت کر دیں گے۔

ایک آنریبل ممبر — یہ بالکل غلط ہے۔

سید شمیم حسین قادری — آپ سمجھنے کی کوشش کریں۔

جناب والا۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ ان کو ہمیشہ سوچنے کی کوشش کرنی چاہئے اور کم از کم جو قانون اس ہاؤس میں لائیں اس پر پہلے خوب غور و خوض کر لیا کریں۔ کیونکہ اس سے مخالف طبقوں پر اثر پڑتا ہے۔ بغیر اس بات کو سوچے کہ مختلف جماعتوں پر کیا اثر پڑتا ہے آپ عوام پر ٹیکس عائد کر دیتے ہیں۔ جیسا کہ کل میں نے عرض کیا تھا کہ آپ نے ایک ایسا قانون پاس کیا ہے جس سے آپ نے چھوٹے زمینداروں اور مہاجرین کو بھی نہیں چھوڑا۔ کیونکہ ملک کی حالت ہی ایسی تھی۔ مگر آج مہاجرین کی حالت بہت بہتر ہے اور اس argument کے ساتھ وزیر مال یہ بل ہمارے سامنے لے آئے ہیں۔ آج اس بل کو جو پیش کیا گیا ہے اسے تھوڑی دیر کے لئے withdraw کر لیں یا مسترد کر دیں۔

جناب والا۔ میں جو ترمیم پیش کرتا ہوں ان کا کام ہے کہ اسے دیکھیں کہ کتنے آدمیوں سے Agricultural Income-tax وصول کیا جاتا ہے۔ آپ ضرور حساب لگا کر دیکھیں کہ آپ کو کس قدر انکم ہوتی ہے۔ اگر یہ صحیح ہے کہ انکم ٹیکس ضروری ہے تو یہ ترمیم مان لی جائے۔ پھر میں یہ عرض کروں گا کہ اس کلاز میں ایک ایسا سسٹم ہے جس سے وہ Land Revenue کو معاف کر دیتے ہیں۔ میں وہ proviso بھی عرض کروں گا اور پھر Agricultural Income-tax کے متعلق عرض کروں گا۔ حقیقت یہ ہے کہ فراخدلیاں۔ مددیں اور بخششیں اس قسم کی ہوتی ہیں کہ اندازہ نہیں ہو سکتا۔ ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ یہ مہاجر سیس کس طرح وصول کیا جائے گا۔

حضور والا۔ اب جناب کی وساطت سے میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس امر کی وضاحت کریں کہ یہ Agricultural Income-tax کسی آدمی سے کس طرح وصول کیا جائے گا جبکہ فصل اس سال کم ہو۔ اس طرح اور بہت سے حالات ہیں

مثلاً Land Reclamation ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ بہتر یہ ہے کہ ان حالات کے ماتحت ٹیکسوں کی وصولی کے لئے ہم لوگوں کو ایک ایسے سلسلہ یا ایک ایسی کڑی میں رکھیں کہ ہر شخص خوشی خوشی ادا کرے۔ یہ انکم ٹیکس جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے عوام اس کی ادائیگی کے کفیل نہیں ہیں۔ آنریبل میاں عبدالباری نے فرمایا ہے کہ چھوٹے چھوٹے زمیندار جو دو مربعہ کے مالک ہیں وہ ایسے ٹیکس کی ادائیگی کے کفیل نہیں۔ عام طور پر اگر فصل اچھی ہو تو ٹھیک ہے ورنہ اگر حالات ناموافق ہوں تو ان لوگوں کی بات تو ایسی ہے کہ مرے کو مارے شاہ مدار۔ برعکس اس کے ہوتا کیا ہے کہ جو آدمی ۱،۴۰۰ ، ۸۰۰ یا ۱،۲۰۰ مربعہ رکھتے ہیں مثلاً خضر حیات۔ تو ان کو اس سے ڈیڑھ لاکھ کی بچت ہو جاتی ہے اس کا یہ مطلب ہوا کہ آپ اپنے مخالف لوگوں کے ساتھ ہیں ۔

ایک آنریبل ممبر — آپ کس کے ساتھ ہیں۔

سید شمیم حسین قادری— میں تو جن کے ساتھ ہوں آپ دیکھ رہے ہیں۔ تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب آپ اس قسم کی فراخدلیاں اور بخششیں ایسے لوگوں کے ساتھ کرتے ہیں جو قطعاً اس کے حقدار نہیں۔ جن کے پاس بہت سا روپیہ ہے اگر وہ ستر ستر ہزار روپیہ شکار پر خرچ کر سکتے ہیں تو آپ ان لوگوں سے ٹیکس وصول کریں مہاجرین سے کیوں وصول کرتے ہیں۔

ایک آنریبل ممبر — شکار وغیرہ سینما دیکھنے سے تو برا نہیں۔

سید شمیم حسین قادری— جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں کسی کے ساتھ نہیں۔ میں نے اپنی تقریر کے دوران میں پہلے بھی عرض کیا تھا کہ نہ تو میں چھوٹے زمینداروں کے حق میں ہوں نہ بڑے زمینداروں کے خلاف ہوں۔ میں تو صرف یہ چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ کا ہر کام منصفانہ ہو اور ایک مناسب طریقہ رائج ہو۔کیونکہ آپ بغیر غور کئے کوئی قانون لے آتے ہیں اور جب ترمیم کی ضرورت ہوتی ہے تو آپ نہیں کرتے۔ میں تو چاہتا ہوں کہ آپ نے جو Agricultural Income-tax لگایا ہے اسکے متعلق اس شخص کو بری‌الذمہ کر دیں جس کی آمدنی ۳،۶۰۰ روپیہ سالانہ ہو۔ جیسا کہ میاں عبدالباری صاحب نے فرمایا ہے کہ دو مربعہ کا مالک پہلے ہی کتنا روپیہ بچا سکتا ہے جو مالیہ اور آبیانہ کے علاوہ اس سے مہاجر ٹیکس اور مہاجر سیس لیں اور اب اس سے Agricultural Income-tax بھی وصول کریں یہ بات نامناسب ہے ۔ یہ ٹھیک ہے

کہ پہلے ہمارے بجٹ میں خسارہ تھا اس کو پورا کرنے کے لئے یہ ٹیکس لگائے گئے تھے کیونکہ مہاجرین پر کروڑوں روپیہ خرچ کیا گیا تھا۔

آپ کیجئے بڑے شوق سے کیجئے لیکن ساتھ ہی ساتھ ٹیکسیشن کے اصولوں کو نہ بھولئے۔ آنریبل فنانس منسٹر اکنومکس کے بھی ماہر ہیں وہ تعلیم یافتہ ہیں وہ ولایت گئے ہوئے اور آئے ہوئے ہیں۔ لیکن ان سب خاصیتوں کے باوجود ایسا ایکٹ اس معزز ایوان میں پیش ہوتا ہے۔ یہ قطعی طور پر نہیں دیکھا جاتا کہ آیا اس کی زد کس پر پڑیگی۔ اکنومکس کا یہ اصول ہے کہ مرغی کو اس طریقے سے پکڑو کہ وہ کم سے کم کڑکڑائے۔

وزیر مال - اکنومکس کا اصول ہے ؟

شیخ محمد سعید — یہ مرغی چوروں کے لئے ہے۔

سید شمیم حسین قادری— کوشش یہ کی جائے کہ آٹا وغیرہ ملا کر دیا جائے تا کہ مرغی کڑکڑ نہ کرے۔ اسی طریقے سے آپ ٹیکسیشن کریں۔ زمینداروں کو یا دوسرے روسا کو اسی طریقے سے پکڑئیے۔ آپ جائز اور منصفانہ طریقے سے ان سے ٹیکسز لیں مگر اس طریقے سے نہ لیں کہ ان کو محسوس ہو.....

Mr. Speaker : Why repeat a thing 15 times ?

سید شمیم حسین قادری — حضور والا۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس ایکٹ میں اگر اس چیز کا لحاظ کیا جائے تو اس سے گورنمنٹ کو فائدہ ہوگا۔ اس سے عوام کو فائدہ ہوگا اور وہ دقیانوسی چیز جو تین چار سال سے یہاں پر چلی آ رہی ہے اور جس پر کسی نے غور نہیں کیا اگر اس پر غور کر کے آج اس کو بہتر بنائیں تو اچھی بات ہے۔ آپ اپنے فنانس سیکرٹری سے پوچھ لیجئے کہ اس طریقے سے آپ کی آمدنی میں زیادتی ہوتی ہے یا نہیں۔ اس ریلیف دینے سے تو آپ کی آمدنی کم ہو رہی ہے۔ کل ایک آنریبل ممبر نے بتایا تھا کہ کتنا گھاٹا اس ترمیم سے پڑیگا۔ جناب والا وہ ریلیف جو آپ نے بڑے زمینداروں کو ان کی بغاوت کو روکنے کے لئے دی ہے جائز نہیں ہے۔ اس وقت تو ہم سب کا منتہائے نظر یہ ہے ، کم از کم میں تو اس نظریئے سے یہ سب کچھ کہہ رہا ہوں۔ کہ آپ ٹیکسیشن اس طریقے سے لگائیے کہ آپ کے خزانے میں کمی واقع نہ ہو۔ کل ہی آپ نے فرمایا تھا حالات ایسے ہیں کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ روپے کی ضرورت ہے۔ اور اگر ٹیکسیشن نہیں لگاتے تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ ترقی جو ہمارے

ملک نے کی ہے رک جاتی ہے۔ اور ہم ان ملکوں کے جو ترقی کر چکے ہیں زانو بہ زانو اور شانہ بہ شانہ نہیں چل سکتے۔ آج اس ترمیم کو پیش کر کے جب ایک لاکھ اور کئی ہزار کا گھاٹا برداشت کرنا پڑیگا تو آپ کس طرح ان قوموں کے شانہ بہ شانہ چل سکینگے۔ ان ساری چیزوں کو آپ دیکھیں اور ٹھنڈے دل سے غور کریں اور اگر آپ کامنتہائے نظر پاکستان کی بہبودی اور اپنی گورنمنٹ کی sound working ہے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اب بھی وقت ہے اس کلاز کو واپس لے لیجئے۔ یہ یقیناً آپ کے لئے مفید ہوگا۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

*زانا عبدالحمید (منٹگمری نمبر ۸ مسلم) — جناب والا۔ میں نے چند ایک ترامیم بھیجی تھیں لیکن وہ بدقسمتی سے وقت پر نہیں پہنچیں اور اس وجہ سے زیر بحث نہیں آ سکیں۔

جناب والا۔ یہ کلاز اس ایکٹ کی روح ہے اور اسی کلاز کے مطابق اس ٹیکس کی وصولی ہوگی۔ میں حضور والا کی خدمت میں اس کلاز کی جو خصوصیات ہیں وہ پیش کرنا چاہتا ہوں اور اس کے بعد میں اس پر کچھ تنقید کرونگا۔

پہلی خصوصیت اس کلاز میں یہ ہے کہ ٹیکس جو propose ہوا ہے وہ کس طرح levy کیا جائیگا۔ اس میں لکھا ہے۔

"A tax shall be assessed, levied and collected every year, in accordance with, and subject to the provisions of this Act, in respect of income from land."

میں حضور والا کی خدمت میں پہلی گذارش جو کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس ایکٹ کی منشاء اور مقصد جو اس کلاز میں بیان کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں کہ ہر زمیندار کی آمدنی جو ہے اس پر۔ وہ جو معاملہ ادا کرتا ہے اس پر نہیں۔ بلکہ زمین سے انکم پر یہ ٹیکس عائد کیا جائیگا۔ حضور والا اس کی شیڈول میں آگے بیان کیا گیا ہے کہ آمدنی کا ذریعہ کیا ہوگا۔ پہلے تو اس میں یہ تضاد ہے کہ ایک زمیندار کی آمدنی کو تعین کرنے کے لئے انہوں نے اس میں کوئی اور چیز نہیں رکھی۔ یہ نہیں بتایا کہ انہوں نے کس اصول پر زمیندار کی آمدنی کو تعین کیا ہے۔ حالانکہ ٹیکس کی منشاء اس دفعہ کی رو سے یہ ہے کہ اس کی آمدنی پر جو اس کو زمین سے ہوتی ہے یہ ٹیکس عائد کیا جائیگا۔ حضور والا کی توجہ میں پہلے اس طرف دلانا چاہتا ہوں۔

آگے لکھا ہے —

".....income from land at the rates specified in the schedule attached to this Act. These rates may be varied from year to year with the approval of the Punjab Legislative Assembly accorded by a resolution".

جناب والا ۔ آپ کی توجہ دلانے سے میرا مطلب یہ ہے کہ یہ ایکٹ ایسا نہیں ہے جو ہم چاہتے ہیں۔ اس کی منشاء اور مقصد میں تضاد ہے ۔ حکومت کی منشاء یہ ہے کہ زمیندار کی آمدنی کے مطابق اس پر ٹیکس لگایا جائے اور اس ٹیکس کی منشاء یہ معلوم ہوتی ہے کہ اسے زمین کی آمدنی پر لگایا جائے۔ حضور والا اس آمدنی کو تعین کرنے کے لئے جو انہوں نے سٹینڈرڈ رکھا ہے وہ یہ ہے کہ —

"Subject to the provisions of section 8, the tax shall be paid by the owner of the land in respect of which it is assessed and levied."

اور آگے لکھا ہے —

"The tax shall be worked out and assessed on the basis of the total land revenue which was payable with regard to the land of an owner in respect of the preceding year."

یعنی یہ کس طرح سے تعین کیا جائیگا —

".....assessed on the basis of the total land revenue which was payable with regard to the land of an owner in respect of the preceding year."

اس کا مقصد یہ ہوا کہ جو آمدنی اس زمین سے تعین کی جائیگی اس کا سٹینڈرڈ یہ ہوگا کہ جو زمین پر معاملہ لگا ہوا ہے اس کے مطابق اس کو سمجھا جائیگا کہ اس کی آمدنی کیا ہے ۔ یعنی لینڈ ریونیو ایکٹ کے مطابق ایک زمیندار کی آمدنی جس پر کہ لینڈ ریونیو assess کیا جاتا ہے وہ چار گنا لینڈ ریونیو کا بیان کی جاتی ہے ۔ اس کا مقصد یہ ہوا کہ اگر ایک زمیندار دو سو روپے لینڈ ریونیو دیتا ہے تو اس کی آمدنی آٹھ سو روپے سمجھی جاتی ہے ۔ میں اس وقت اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا کہ آیا یہ اصول صحیح ہے یا غلط۔ میں صرف وہ سٹینڈرڈ بیان کر رہا ہوں جو کہ حکومت کا approved standard ہے ۔ جس کے مطابق کہ ہر زمین کی آمدن کا تعین کیا جاتا ہے ۔

عرض یہ ہے کہ انہوں نے اس بل میں لکھا ہے کہ زرعی ٹیکس کی تشخیص معاملہ اراضی کی بنا پر کی جائیگی۔ میں وزیر مال کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے صوبہ میں land revenue کا جو system رائج ہے وہ مختلف اضلاع میں بالکل مختلف ہے ۔ یہ پنجاب بھر کے لئے ایک نہیں ہے ۔ کہیں تو مستقل land revenue system رائج ہے اور کہیں غیر مستقل ۔ مستقل land revenue system کا مقصد یہ ہے کہ خواہ کسی زمین میں کوئی کاشت ہو یا نہ ہو اس پر

land revenue لگ جاتا ہے اور اس کی آمدنی کو بالکل نہیں دیکھا جاتا کہ آیا اس میں سے کوئی آمدنی ہوئی ہے یا نہیں۔ اس پر land revenue assess کر دیا جاتا ہے۔ اس کے برعکس بعض جگہوں پر غیر مستقل land revenue لگا ہوا ہے جو صرف کاشتہ اراضی پر ہی وصول کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جہاں مستقل land revenue لگا ہوا ہے وہاں یہ ٹیکس ایک ایسے زمیندار سے بھی وصول کیا جائیگا جسے کوئی آمدنی نہیں ہوتی۔ حالانکہ یہ اس کی زمین کی آمدنی سے لیا جاتا ہے۔ لیکن چونکہ بد قسمتی سے اس پر مستقل land revenue کے ماتحت معاملہ اراضی لگا ہوا ہے اس پر بھی یہ ٹیکس عائد ہو جائیگا۔ بنا بریں میں وزیر مال کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قبل اس کے کہ وہ اس ایکٹ کو پاس کریں وہ اس کے متعلق تحقیقات کر لیں۔ اگر میرے اعتراضات جو میں اس وقت پیش کر رہا ہوں صحیح اور جائز ہوں تو ان پر عمل کریں اگر نہ ہوں تو یہ ٹیکس تو ان پر عائد ہو ہی جائیگا۔ حضور والا آپ جانتے ہیں کہ بیشتر اضلاع میں مستقل land revenue لگا ہوا ہے۔ لیکن جہاں غیر مستقل land revenue ہے وہاں جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں جب فصل کم ہو تو مالیہ کم ہو جاتا ہے اور اگر فصل بڑھ جائے تو مالیہ بھی بڑھ جائیگا۔ لیکن اس بات سے کوئی انکار نہیں کہ مستقل land revenue کے متعلق یہ ضروری نہیں کہ جس پر یہ لگا ہو اسے اس زمین سے آمدنی بھی ضرور ہوتی ہو۔ اگر land revenue لگا ہوا ہے تو اسے آمدنی ہو یا نہ ہو اسے مالیہ ضرور ادا کرنا پڑتا ہے۔ لیکن جہاں غیر مستقل land revenue عائد ہوتا ہے وہاں land revenue صرف کاشتہ زمین پر ہی ہوتا ہے۔ تو ایک میرا اعتراض یہ ہے۔

دوسرے مجھے اس بات پر اعتراض ہے کہ یہ ٹیکس کل مالیہ کی بنا پر تشخیص کیا جائیگا۔ تحتی دفعہ ۳ جو میں نے آپ کے سامنے پڑھ کر سنائی تھی اس میں یہ درج ہے کہ —

"The tax shall be worked out and assessed on the basis of the total land revenue which was payable with regard to the land of an owner in respect of the preceding year."

اس کا مقصد یہ ہے کہ ایک مالک اراضی نے ایک زمین جو اس نے پچھلے سال کاشت کی تھی یا نہیں کی تھی اور اس پر اس نے جو معاملہ اراضی دیا تھا اس معاملہ پر یہ زرعی ٹیکس لگایا جائیگا۔ فرض کیجئے کہ ایک شخص کی زمین دریا برد ہو گئی ہے یا ریت ہو گئی ہے۔

یا تھور ہو گئی ہے یا unculturable ہو گئی ہے۔ اس پر land revenue لگا رہے گا اور اس پر وہ زرعی income-tax وصول کریں گے کیونکہ یہ تو پچھلے سال کی آمدنی پر وصول کیا جاتا ہے۔چونکہ اس شخص کو پچھلے سال آمدنی ہوئی تھی اور اس کی اراضی دریا برد یا تھور یا ریت یا بنجر تو اس سال ہوئی ہے اور اس لئے یہ وصول کیا جائیگا اور بباعث اس امر کے کہ اس کا معاملہ اراضی مستقل ہے اسے وہی معاملہ اراضی اگلے سال بھی ادا کرنا ہوگا اس لئے اس پر بھی یہ ٹیکس عائد ہو جائیگا۔ وہ اس سے بچ نہیں سکے گا۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ تو ایک تضاد ہے۔ دوسرے جیسا کہ بیان اغراض و وجوہ میں لکھا ہوا ہے کہ یہ ٹیکس اس لئے لگایا جا رہا ہے کہ چونکہ زرعی اصلاحات کی وجہ سے مالکان کی آمدنی کم ہو گئی ہے اس لئے انہیں رعایت دینے کے لئے یہ بل پیش کیا جا رہا ہے۔ حزب اختلاف کی طرف سے اس کے متعلق بہت سی باتیں کہی گئی ہیں۔ ان میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ بڑے آدمیوں کو relief دی جا رہی ہے اور چھوٹے آدمیوں کو نہیں وغیرہ وغیرہ۔ لیکن میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ آج تک income-tax کا کبھی یہ اصول نہیں ہوا کہ خواہ آپ کو آمدنی نہ بھی ہو تو بھی آپ کے اوپر ٹیکس لگا دیا جائے۔ آمدنی کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ جو پچھلے سال تم نے کمایا۔ اگر آپ میری آمدنی میں سے ۱۰ فیصدی حصہ مزارع کو دیتے ہیں تو آپ کو کیا حق حاصل ہے کہ آپ اس دس فیصدی پر بھی مجھ سے ٹیکس لیں۔ پہلے جو زرعی انکم ٹیکس رائج تھا وہ colony areas میں ۵۰، ۵۰ کی نسبت سے تقسیم تھا اور non-colony areas میں وہ مختلف اقسام میں منقسم تھا۔ کہیں دو ایکڑ کی تقسیم تھی کہیں تین ایکڑ کی تقسیم تھی اور کہیں کوئی نہیں تھی۔ ایک طرف تو آپ اس کی آمدنی ۱۰ فیصدی گھٹا دیتے ہیں جس پر کہ آپ یہ ٹیکس assess کرتے ہیں اور دوسری طرف اس کے جو payable dues ہیں ان میں آپ دس فیصدی کمی نہیں کر رہے۔ اب آپ فرماتے ہیں کہ آپ نے slab system کر دیا ہے اور slabs میں دو ایک slabs بڑھا دی ہیں۔ اس کو بڑھانے کا مقصد یہ ہے کہ بڑے زمینداروں کو relief دی جائیگی۔ میں اس وقت ان پر بحث نہیں کرنا چاہتا۔ جب slabs کا معاملہ زیر بحث آئیگا تو میں اس وقت اس پر بحث کروں گا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس sub-clause میں انہوں نے یہ لکھا ہے کہ۔

"The tax shall be marked out and assessed on the basis of the total land revenue which was payable with regard to the land of an owner in respect of the preceding year."

اس کا مقصد یہ ہے کہ تمام زمین پر جو معاملہ اراضی لگے گا اس پر یہ ٹیکس دینا پڑیگا حالانکہ زمیندار کے حصہ میں سے دس فیصدی کاٹ لیا گیا ہے۔ لیکن اس دس فیصدی کا بوجھ بھی اس total land revenue پر رہیگا۔ اور پھر یہ بھی لکھ دیا گیا ہے اور یہاں میں سمجھتا ہوں کہ مزارع کو relief دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ کہیں مالک اس کو مزارع پر Shift نہ کر دے اس لئے انہوں نے اس میں لکھ دیا ہے —

"Subject to the provisions of section 8, the tax shall be paid by the owner of the land in respect of which it is assessed and levied."

آپ اس کی ادائیگی مالک اراضی پر رکھتے ہیں کیونکہ وہ جو بڑے آدمی ہوں گے ان کی آمدنی زیادہ ہوگی اور ان کو زیادہ معاملہ ادا کرنا ہوگا۔ ان کو یہ ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ لیکن آخر کوئی اصول ہونا چاہئے۔ اگر ایسے مالک کی آمدنی میں سے آپ دس فیصدی کاٹ لیتے ہیں پھر آپ کو اس ٹیکس کی شرح میں دس فیصدی کی کمی کر دینی چاہئے۔ چونکہ slabs پر discussion بعد میں ہوگی اور اس وقت میں آپ کو بتاونگا کہ آپ ان کو کتنی relief دے رہے ہیں۔ بہر حال میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ نے assessment کا جو basis رکھا ہے وہ غلط ہے اور اسے ٹھیک کرنا چاہئے۔

پھر جناب والا انہوں نے land revenue کی ایک تعریف کی ہے جو کہ Explanation میں دی گئی ہے اور وہ یہ ہے —

"Land revenue which though assessed has been remitted, or the payment of which has been suspended shall, during the period of such remission or suspension, not be treated as payable."

مجھے اس سے سمجھ نہیں آئی کہ آپ کا مقصد یہ ہے کہ payable جو ہے اس پر اس کی assessment نہیں ہوگی اور اگر وہ non-payable ہے تو کیا اس پر assessment ہو گی یا نہیں۔ میں آنریبل وزیر سے بطور information یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا اس کا مقصد یہ ہے if it is not payable the assessment will not be made because it is not quite clear to my mind. میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل وزیر مال ان امور پر روشنی ڈالینگے۔

شیخ محمد سعید —(پارلیمنٹری سیکرٹری) — جناب والا۔ اس ایوان میں جو بحث ہوئی ہے اس میں یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ ٹیکس دراصل آمدنی پر نہیں ہے بلکہ مالیہ پر ہے۔ میں جناب کی وساطت

سے انکی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایکٹ میں پہلے ہی یہ واضح کر دیا گیا ہے کہ یہ ٹیکس صرف آمدنی پر ہے۔ صرف اسے تشخیص کرنے کا طریقہ ایک ایسا اچھا طریقہ ہے جس سے نہ زمینداروں کو زیادہ تکلیف ہو اور نہ زیادہ پیچیدگیاں پیدا ہوں۔ (قطع کلامیاں) مالیہ کی تشخیص کا اصول قدیم زمانے سے یہ ہے کہ آمدنی کا ایک چوتھائی حصہ مالیہ کیلئے رکھا جاتا ہے۔ اس صوبہ میں عام بندوبست اراضی ۱۹۳۰-۳۱ء سے پہلے کا ہے۔ جسکے باعث پروڈیوس انڈکس بہت کم ہے۔ آج اجناس کی قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے زمین کی آمدنی زیادہ ہے اور مالیہ کم ہے۔ اس فاضل آمدنی کو ٹیکس کرنے کیلئے حکومت نے یہ زرعی ٹیکس لگایا تھا۔ اب صورت یہ ہے کہ ہمارے صوبہ میں مستقل بندوبست کے ذریعہ مالیہ کی تشخیص بہت کم ہے۔ (قطع کلامیاں) پھر جناب انہوں نے فرمایا ہے کہ جنکی فصلیں خراب ہو جائیں یا جنکو ان فصلوں سے آمدنی نہیں ہوگی انکو بھی ٹیکس دینے پر مجبور کرنا زیادتی اور ظلم ہے۔ (قطع کلامیاں) یا تو ہم مالیہ کے اصول سے ناواقف ہیں اور یا عمداً اسے اخفا میں رکھ رہے ہیں۔ جناب والا۔ اس قسم کے واضح احکام موجود ہیں کہ جب فصل تباہ یا دریا برد ہو جائے تو مالیہ میں معافی دی جائے۔ ایسے لوگوں کیلئے جن کی پیداوار کسی آفت کا شکار ہو جاتی ہے ریلیف کا بندوبست موجود ہے۔ جن زمینداروں کی پیداوار کسی وجہ سے نہیں ہو سکیگی انکو مستثنیٰ کرنے کیلئے یہاں پروویژن موجود ہے۔ اس میں خاص طور پر لکھا گیا ہے کہ جب کسی وجہ سے مالیہ معاف کر دیا جائیگا تو وہ مالیہ قابل ادائیگی قرار نہیں دیا جائیگا۔ اسکا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ جب مالیہ معاف کر دیا جائیگا یا چھوڑ دیا جائیگا تو یہ ٹیکس بھی نہیں لیا جا سکیگا۔ اس ٹیکس کو مالیہ پر تشخیص کرنے کا مقصد اسکے سوائے اور کچھ نہیں کہ زمیندار کو حساب وغیرہ کی غیر ضروری تکالیف سے بچایا جائے اور وہ پٹواری اور دوسرے افسران مال کے رحم و کرم پر نہ رہے۔ اسلئے اسکی تشخیص کا طریقہ بہت سادہ رکھا گیا ہے۔ اس سے صرف زمیندار کی سہولت منظور تھی۔ مجھے امید ہے کہ میری اس تشریح کے بعد وہ اپنی مخالفت واپس لے لینگے۔

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clauses (2) ~~and (3)~~ of clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Syed Shamim Hussain Qadri, Mian Abdul Bari and Chaudhri Muhammad Shafiq have given notices of deletion of the proviso to sub-clause (3). They can oppose it.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ - مسلم مخصوص نشست)— جناب والا - میں اس پروواٹزو کی مخالفت کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں - ہم حزب مخالف کی طرف سے کئی بار اس اصول کا اعادہ کر چکے ہیں کہ اگر کوئی حکومت اپنے ہاتھ میں زیادہ سے زیادہ اختیارات لینے کی کوشش کریگی تو ہم لازمی طور پر اسکی مخالفت کرینگے - اس ایوان میں جو بھی بل پیش کیا جاتا ہے اس میں حکومت زیادہ سے زیادہ ڈکٹیٹرانہ اختیارات اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کرتی ہے - مجھے افسوس ہے کہ آنریبل وزیر مال صاحب ایوان سے چلے گئے ہیں میں ان سے چند سوالات پوچھنا چاہتا ہوں - مجھے امید ہے کہ انکے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب میری باتیں نوٹ فرما کر انکو بتلا دینگے -

جناب والا - اس ایکٹ کے اندر ان مہاجرین کو بھی نہیں چھوڑا گیا جن کے متعلق یہاں کل بار بار کہا گیا تھا کہ وہ انہیں ریلیف دے رہے ہیں انکے لئے سیٹلائٹ ٹاؤنز بنا رہے ہیں یا انکے لئے کوئی نئی پالیسی وضع کر رہے ہیں - آگے جا کر جب موقع آئیگا تو میں عرض کرونگا کہ کسطرح ان مہاجرین پر دوسرے زمینداروں سے زیادہ بوجھ ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے - میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ جب انہوں نے اس ایکٹ کے اندر مہاجروں تک کو نہیں چھوڑا تو پھر وہ کونسی کلاس ہے اور وہ کونسے مالکان اراضی ہیں جن کو رعایت دینے کیلئے حکومت یہ اختیار اپنے پاس رکھنا چاہتی ہے - اس بل کے بیان اغراض و وجوہ میں کہا گیا ہے کہ ہم نے جو زرعی اصلاحات دی ہیں انکی وجہ سے ہمارے بڑے زمینداروں کو - جنہیں وہ اس ہاؤس کے اندر بار بار اپنی ۸۰ فیصدی اکثریت کہتے ہیں - کچھ نقصان پہنچا ہے اور اب اس بل کے ذریعہ سے انہیں ریلیف دی جا رہی ہے - اگرچہ ہمیں آج تک یہ پتہ نہیں چلا کہ ان زرعی اصلاحات سے انکو تکلیف کیا پہنچی تھی کہ آج انہیں یہ ریلیف دی جا رہی ہے - معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک چور دروازہ رکھا گیا ہے ایسے مقاصد کیلئے جن کو وہ ایوان میں واضح طور پر بیان نہیں کرنا چاہتے - شاید اس سے ان زمینداروں کو خوش کرنا مقصود ہو جو ان زرعی اصلاحات کو چیلنج کرتے ہیں اور جن کی اخبارات میں کبھی معافی نکلتی ہے اور کبھی اسکی تردید ہوتی ہے -

ان لوگوں کے لئے مزید ایک راستہ یہ رکھا گیا ہے کہ اگر وہ معافی نہ مانگیں تو اس چور دروازے سے رشوت دیکر کسی نہ کسی طرح

وہ ان کو اپنے ساتھ رکھیں۔ اس بھولے زمیندار کو یہ پتہ نہیں ہے کہ اس کے لئے کیا سلسلہ اس ایکٹ کے اندر لایا جا رہا ہے۔

Mr. Speaker : The Bill as a whole will come under discussion at its third reading. Now only the proviso is under discussion.

چودھری محمد شفیق— میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس شرط کے تحت ان کو صرف ایک وعدہ دیا جا رہا ہے۔ اور جسطرح آپ کے ساتھ وہ پرانے وعدے پورے نہیں کئے گئے۔ اب یہ ایک چور دروازہ رکھکر جو آپ کو وعدے دیئے جا رہے ہیں کہ وقتاً فوقتاً آپ کو یہ رعائتیں دی جائینگی آپ اس ایکٹ کو support کر کے اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جناب والا۔ میں عرض کروں کہ ابھی ابھی آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری نے اس ایکٹ کو discuss کرتے چند چیزیں کہیں جس سے مجھے محسوس ہوا کہ شاید شیخ صاحب کو معاملہ کے متعلق پتہ بھی نہیں کہ وہ کسطرح تشخیص ہوتا ہے اور یہ کتنی قسم کا ہوتا ہے۔ شاید ان کے دماغ میں وہ انکم ٹیکس ہے جو دکانوں پر لگتا ہے اور انکو یہ پتہ بھی نہیں کہ ایگریکلچر کی انکم بھی کوئی انکم ہوتی ہے۔ اور جس طرح وہ دکانوں کی آمدنی کا حساب رکھکر اپنے ٹیکس کی تشخیص کروا سکتے ہیں۔ کیا اسی طرح زمیندار بھی اپنا حساب رکھکر اسکی تشخیص کروا سکتا ہے؟ انہوں نے بیان فرمایا ہے کہ ۱۹۳۰-۳۱ء کے بندوبست میں معاملہ بہت کم لگا ہوا ہے۔ ان کو شاید پتہ نہیں کہ ضلع شیخوپورہ کے اندر کیا حال ہے۔ وہ ذرا جا کر دیکھیں کہ وہاں بندوبست کب ہوا تھا اور اب اس کی زمین کی حالت کیا ہے۔ اس وقت جبکہ معاملہ مقرر کیا گیا تھا اس وقت زمین کیسی تھی اور اب جبکہ اس پر یہ ٹیکس لگایا جا رہا ہے اس کی حالت کیا ہے۔ میں عرض کروں کہ اب وہاں کی زمین سیم ہو چکی ہے۔ آپ اپنے ساتھیوں کو دھوکہ دینے کی کوشش نہ کریں۔

(ایک آواز۔ وہاں معاملہ بھی معاف ہو گیا ہے)۔

مگر آپنے یہ جو چور دروازہ رکھا ہے۔ اس میں بھی آپ دھوکہ دینے کی کوشش کرینگے۔

Mr. Speaker : Kindly confine yourself to the proviso.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Certainly, I am only putting forward some arguments in support of this point that this *chor darwaza* should not be there.

(کئی آوازیں)۔

جناب صدر۔ میں یہ عرض کروں کہ ان زمینداروں کو جنہیں یہ دھوکا دیا جا رہا ہے کہ ہم آپکو رعائتیں دے رہے ہیں۔ ان کو یہ معلوم نہیں ہے جیسا کہ آنریبل پارلیمینٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا کہ مستقل تشخیص بہت ہی کم ہے —

Mr. Speaker : The Parliamentary Secretary had no occasion to discuss this proviso.

Chaudhri Muhammad Shafiq : But now I am discussing it.

اور ان کا یہ کہنا کہ مستقل تشخیص بہت ہی کم ہے یہ چیز صرف ان کو دھوکا دینے کے لئے کہی جا رہی ہے۔ آپ کو شائد پتہ نہیں کہ پنجاب کا زیادہ حصہ مستقل تشخیص شدہ ہے اور صرف تین چار ضلعوں کے علاوہ باقی سب صوبہ مستقل تشخیص شدہ ہے۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں کہ یہ جو چور دروازے رکھے گئے ہیں ان کے ذریعے سے بجائے اسکے کہ حکومت رشوت کو کم کرے۔ وہ اسکو زیادہ کر رہی ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : The honourable member has repeated "*chor darwaza*" at least 15 times.

Chaudhri Aziz Din: : He has come here by that door and that is why he is mentioning it every now and then.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, the personal remarks made by the honourable member are highly objectionable. He should be asked to withdraw these words.

Mr. Speaker : The honourable member should not utter such words.

چودھری محمد شفیق — میں آنریبل ممبر صاحب سے یہ عرض کر دوں کہ میں جماعت مسلم لیگ کا ممبر نہیں تھا جسوقت یہ انتخابات ہوئے۔ اس لئے میرے پاس کوئی ذریعہ ایسا نہ تھا کہ میں چور دروازے سے اس ایوان میں آتا ۔

Mr. Speaker : That is irrelevant.

چودھری محمد شفیق— جناب صدر۔ یہ جو پروویزو رکھی گئی ہے اسکے ذریعہ رشوت زیادہ پھیلے گی۔ corruption زیادہ پھیلے گی۔ اور ان کو دھوکا دینے کے لئے یہ راستہ رکھا گیا ہے اور انہیں کہا جائیگا کہ ہمارے پاس یہ راستہ ہے جسکے ذریعہ سے ہم آپکی فلاں امداد کر سکتے ہیں۔ اور پھر یہ ہوگا کہ کسی جگہ تو معاملہ معاف کر دیا جائیگا اور کسی جگہ نہیں۔ اور جسطرح کل میرے ایک فاضل دوست نے فرمایا تھا کہ اس سے تمام غیر مسلموں کو فائدہ پہنچا ہے اور یا یونینسٹ ممبران کو فائدہ پہنچا ہے۔ اس ایکٹ کے ذریعہ سے انہوں نے غیر مسلموں اور یونینسٹوں کو تو فائدہ پہنچا دیا۔

Mr. Speaker : This is wholly irrelevant.

چودھری محمد شفیق— تو جناب والا۔ کیا آنریبل وزیر مال یہ بتلا سکینگے کہ اگر انہوں نے اس ایکٹ میں زمینداروں کی کسی کلاس کو نہیں چھیڑا تو انکے دماغ میں وہ کونسی کلاس ہے جسکو وہ اس ایکٹ میں لا رہے ہیں۔ دوسری چیز یہ ہے کہ جب یہ اسمبلی موجود ہے تو پھر انہیں کیا خطرہ پیدا ہو گیا ہے وہ جب چاہیں اسے ہاؤس میں لا کر ایسی استثنیات پاس کروا سکتے ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ وہ پہلے ہی ان اختیارات کو اپنے پاس اکٹھا کر رہے ہیں۔

(اس مرحلہ پر آنریبل وزیر مال ایوان میں تشریف لائے)۔

آنریبل وزیر مال پہلے یہاں موجود نہیں تھے۔ اب وہ تشریف لے آئے ہیں۔ امید ہے میں نے جو کچھ عرض کیا ہے وہ انکو معلوم ہو جائیگا۔

*__سید شمیم حسین قادری__ (لاہور کارپوریشن نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب صدر۔ اس پروویژن کے متعلق میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی تشخیص کی ہے اور ایک شیڈول مقرر کیا ہے کہ جو شخص ۲۵۰ روپیہ معاملہ ادا کرے اس سے اتنا ٹیکس لیا جائیگا اور جو ۲۵۰ روپیہ سے کم ادا کرتا ہوگا اس سے نہیں لیا جائیگا۔ تو میں عرض کرونگا کہ اس پروویژو کی پھر یہاں کیا ضرورت تھی؟ اس پروویژو سے یہ بو آ رہی ہے کہ آپ ایسے لوگوں کی امداد کرنا چاہتے ہیں جو کسی وقت آپ کے ساتھ تھے اور اگر آپ کا یہ منشاء نہیں ہے تو پھر اسکو بل میں لانے کی کیا ضرورت ہے۔ میں اس پروویژو کے الفاظ پڑھ دیتا ہوں۔

"Provided that the Government may, by notification in the official Gazette, exempt any owner or class of owners of land wholly or in part from payment of the tax."

جناب والا۔ وہ کونسے لوگ ہیں جن کے لئے اس پروویژو کو بل میں آپ لا رہے ہیں؟ وہ کونسے واقعات ہیں اور کونسی وجوہات ہیں جنکی بنا پر آپ انکو exempt کرتے ہیں۔ آپ ایسے لوگوں پر بخشش کرنا چاہتے ہیں جو بوقت ضرورت آپکے کام آئیں۔ ورنہ اگر میں انگریزی کے معنی نہیں سمجھ سکا تو مجھے سمجھانے کی کوشش کریں میں یقیناً قائل ہو جاونگا۔ آپ اپنی جوابی تقریر میں یہ دلیل دیں کہ کس لئے یہ

proviso رکھا ہے۔ جو معنی میں سمجھتا ہوں ان سے تو یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جو slab مقرر ہے اس کے ماتحت آپ کچھ آدمیوں کو relief دیتے ہیں ۔ آخر اس کی وجوہات کیا ہیں۔ اس سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ آپ کچھ لوگوں کے ساتھ رعایت کرنا چاہتے ہیں۔ مثلاً ہو سکتا ہے کہ آپ کسی وقت خضر حیات کو چھوڑ دیں۔ آپ چاہتے ہیں کہ قانون بناتے وقت کچھ ایسے ہتھیار آپکے پاس رہیں کہ آپ جس وقت کسی پر بخشش کرنا چاہیں کر سکیں ۔ قانون بناتے وقت یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ قانون سب پر حاوی ہو۔ یہ نہ ہو کہ وہ قانون زید پر تو حاوی ہو لیکن بکر پر حاوی نہ ہو۔ ہر شخص آپ سے یہی کہے گا کہ قانون میں تخصیص نہیں ہونی چاہیئے۔ اگر میں یہ کہوں کہ جناب اس بل میں اس چیز کی بو آتی ہے کہ آپ کچھ لوگوں کے ساتھ رعائیت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو بالکل صحیح ہوگا۔ ورنہ کوئی وجہ نہیں کہ اس proviso کو رکھا جائے ۔ اگر اس class of owners کو بھی define کر دیتے کہ فلاں قسم کے لوگوں کو ہم نے exempt کرنا ہے مثلاً یہ کہہ دیتے ہیں کہ اس قسم کے مالک جن کی زمین سیم زدہ ہو چکی ہے انکو exempt کرنا ہے تو یقیناً ایک ایسی چیز ہوتی جو سمجھ میں آ سکتی ۔ جس پر میں اعتراض نہ کر سکتا۔ آپ کوئی ایکٹ اٹھا کر دیکھیئے مثلاً سول کورٹ کی ہسٹری۔

Mr. Speaker : There is no provision in the proviso with regard to civil courts. Please confine yourself to the proviso.

سید شمیم حسین قادری— میرا مطلب اختیارات سے ہے ۔ اس بل میں خاص قسم کے اختیارات حکومت اپنے ہاتھ میں لے رہی ہے ۔ مثلاً ایک چیز کو ہم سول کورٹ میں چیلنج کر سکتے ہیں ۔ لیکن جب تمام دروازے بند ہو جائیں تو مجھے یہ کہنے کا حق حاصل ہوتا ہے کہ میں یہ کہوں کہ وہ اس قسم کے اختیارات اپنے ہاتھ میں نہ رکھیں اور یہ کوشش کریں کہ ایسی Legislation لائیں جسمیں کوئی defect نہ ہو ۔ خیر کوئی نہ کوئی defect تو یقیناً ہو سکتا ہے ۔ اور وہ defect دیکھنا کورٹ کا کام ہے ۔ لیکن جب Legislation کریں تو ہم یہ دیکھیں کہ کہیں غلطی نہ رہ جائے۔ بلا شبہ غلطی کر جانا انسان کی کمزوری ہے لیکن کوشش یہ کی جائے کہ کم سے کم غلطیاں ہوں ۔ مجھے یقین کامل ہو گیا ہے کہ یقیناً کسی خاص قسم کی class of owners کی ناجائز طور پر امداد کرنیکے لئے یہ اختیار اپنے ہاتھ میں رکھے جا رہے ہیں ۔ میرا بار بار یہ کہنا برا لگتا ہے کہ وہ کونسی class of owners ہے ۔ اگر آج یہ حکومت ۔

Mr. Speaker : The Honourable member has said so ten times already.

سید شمیم حسین قادری — حضور والا - میری گذارش یہ ہے کہ حکومت اس ایکٹ میں سے proviso نکال دے اور وہ اختیارات جو وہ اپنے ہاتھ میں لے رہے ہیں جائز نہیں - کیونکہ اگر کسی وقت مجھے یا کسی دوسرے آدمی کو خیال پیدا ہو کہ اس کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور دوسرے کے ساتھ رعائیت برتی جا رہی ہے تو وہ کچھ نہیں کر سکیگا - اس قسم کی Legislation نہیں ہونی چاہئیے -

***میاں عبدالباری** — (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر میں بھی اسی proviso کے متعلق چند معروضات جناب کی وساطت سے وزیر مال کی خدمت میں پیش کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں - اور اس شق کا ایک خاص پہلو انکی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں - شاید وہ غور فرمائیں - جناب والا - یہ شق تمام ان مسودہ ہائے قانون میں موجود ہے جو ہماری موجودہ وزارت نے پیش کئے ہیں - اور یہ شق در حقیقت اس جنبہ داری اور خویش پروری کی بنیاد ہے جسپر ہمارے مسلم لیگی حکمران ایسے قوانین کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں - شاید اس شق کی اہمیت اور اسکے نقائص کو ہمارے یہ مقتدر اصحاب نہیں سمجھتے کہ یہ شق قوانین میں کسقدر تباہ کن ہے اور کسقدر قانون کی بھلائی اور برائی کی کیفیت میں فرق ڈال دیتی ہے - اسلئے میں باوجود دو تقریریں ہو چکنے کے جناب کی اجازت سے کھڑا ہوا ہوں - جناب والا - یہ شق جب کسی قانون میں آجائے تو وہ قانون در حقیقت اس ترازو پر نہیں تولا جا سکتا اور ان ہدایات کے مطابق نہیں رہتا جو قرآن پاک میں عدل و انصاف کے بارہ میں ارشاد ہوتی ہیں -

اس شق کے مطابق حکمران طبقہ کو اختیار مل جاتا ہے کہ جسکو جسوقت چاہے پکڑ لے اور جسکو جسوقت چاہے چھوڑ دے - اسکی کوئی مخصوص شرائط بیان نہیں کی گئیں - جناب والا - یہ اختیار صرف اللہ کی ذات کو ہی ہے جسطرح میرے دوست نے فرمایا - وتعز من تشاء و تزل من تشاء - ایسا قانون اسلامی حکومت میں تو درکنار کسی انصاف پسند حکومت میں بھی نہیں ہوتا - بلکہ کسی فرعون شداد اور نمرود کا قانون بن جاتا ہے - جسوقت نمرود نے خدائی کا دعویٰ کیا تو اس نے کہا کہ میرے قبضہ قدرت میں ہے کہ میں جس کو چاہوں مار ڈالوں اور جسکو چاہوں زندہ کر دوں - میرے اختیارات لا محدود ہیں - میرا قانون کسی شرائط کا پابند نہیں - تو اسوقت کہا گیا کہ ہاں انسانی معشیت کی زندگی میں

*Speech uncorrected.

تھوڑا سا اختیار تمہیں دیدیا ہے ۔ اگر تو خدا کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے تو سورج کو مغرب سے نکال اور مشرق میں غروب کر ۔ تو ارشاد ہوا کہ اسے کوئی جواب نہ سوجھا ۔ فبھت الذی کفر ۔ جو حکومت جنبہ داری جماعت پرستی اور خویش پروری کی بنیاد رکھے آخر کار اس کا نتیجہ تباہی و بربادی کے سوا کچھ نہیں ہوا کرتا ۔

جناب والا ۔ ایک دفعہ پہلے بھی میں یہ عرض کر چکا ہوں اور جناب کی اجازت سے آج پھر اس کا اعادہ کرتا ہوں کہ ہماری وزارت کا یہ ایک شاہکار معلوم ہوتا ہے کہ ان کے جتنے Bills یا مسودہ ہائے قانون ہیں ان سب میں عوام پر عدالتوں کے دروازے بند کر کے اختیارات سارے کے سارے اپنے پاس رکھنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ کل بھی اور آج بھی ایک پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے یہ فرمایا کہ اس قسم کی شق کا بل میں ہونا نہایت ضروری ہے ۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہ اسقدر مضحکہ خیز بات ہے جس کی کوئی انتہا نہیں ۔ یہ تو قانون سازی کیساتھ تمسخر ہے ۔

صاحب سپیکر — اسکے متعلق کسی نے کچھ نہیں کہا ۔

میاں عبدالباری — اگر یہ کہا جائے کہ یہ Proviso اسلئے رکھی گئی ہے کہ ضرورت کے مطابق جہاں ہم مناسب سمجھینگے چھوڑ دینگے بشرطیکہ معاملہ اس قسم کا ہو ۔ زمین کی آمدنی اس قسم کی ہو ۔ عوام کی کیفیت یہ ہو ۔ اور کاشتکار کی حالت یہ ہو ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہ Proviso اسلئے رکھی گئی ہے کہ حکومت جتنی مستثنیات چاہے قرار دیدے ۔ جسکو چاہے چھوڑ دے اور جسے چاہے اپنے پھندے میں جکڑ لے ۔ غرض تمام اختیارات اپنے پاس رکھ لئے گئے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ استثنےٰ قرار دینے یا نہ دینے ۔ اپنے حکم اور اشارے سے سب کچھ کرنے کے معنی تو یہ ہیں کہ سارے صوبے کے عوام اور زمیندار جو یہ ٹیکس ادا کرینگے اس ایکٹ کے نافذ ہو جانے پر حکومت کے رحم و کرم پر ہونگے اور اس کے اشارے پر چلینگے ۔ آپ کا فرض تھا کہ ایسی Proviso کیلئے آپ شرائط قائم کرتے جو اس قانون کے بنیادی اصول کے عین مطابق ہوتیں ۔ کیونکہ Everyone is equal in the eyes of law اگر آپ ایسا نہیں کرتے بلکہ اسکے برعکس ہر چیز کو اپنے رحم و کرم پر رکھنا چاہتے ہیں تو اسلام کی حکومت تو درکنار آپ یہاں فرعون کی حکومت قائم کر رہے ہیں ۔

*چودھری فیض احمد (شاہ پور نمبر ۹ مسلم) — جناب صدر - میں اس سلسلے میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس Proviso کا اس بل میں ہونا بیحد ضروری ہے - بلکہ میں تو یہانتک کہونگا کہ اگر کسی ایکٹ میں کوئی Proviso نہ ہو تو وہ مکمل ایکٹ نہیں کہلا سکتا - عرض یہ ہے کہ اگر میاں عبدالباری صاحب اکیلے ہی اس چیز پر اعتراض کرتے تو مجھے قطعاً اعتراض نہ ہوتا - مگر ان کے علاوہ چونکہ دو قانون دان وکیل صاحبان نے بھی اسپر اعتراض کیا ہے اسلئے میں اسکی وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں -

جناب والا - اس Proviso کو اس ایکٹ میں رکھنے کی وجہ بالکل صاف ہے - کسی ایکٹ کو پاس کرتے وقت Legislature حکومت کو ایسے اختیارات دینا اسلئے ضروری سمجھتی ہے کہ اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد جب اس قسم کے حالات پیدا ہو جائیں یا contingency پیدا ہو جائے - جس کیلئے ایکٹ میں کوئی provision نہ ہو تو اس پر قابو پانے کیلئے حکومت بالکل تیار ہو - اور اس وقت یہ سوچنا نہ پڑے کو چونکہ ایکٹ متعلقہ میں کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی تھی اسلئے اسپر قابو پانا ناممکن ہے مثال کے طور پر میں یہ عرض کرونگا کہ مہاجر مزارعین کو جو زمین کی الاٹمنٹیں ہوئی ہیں اور جن کے قبضے اسوقت تک دئے جا چکے ہیں اگر وہ مزارعین کل کو دو سو یا چار سو کی تعداد میں مالکان کو حصہ دینے سے انکار کر دیں تو ہو سکتا ہے کہ ایسے حالات میں حکومت اس کلاس کو یہ ٹیکس معاف کر دے - مگر اس قسم کی پابندی ابھی سے لگا دینا یا ایسے حالات اور مستثنیات کے متعلق اسوقت سوچنا نا ممکن ہے - جب اس ایکٹ کا نفاذ ہو جائیگا تو بعد میں حالات کے مطابق مستثنیات کا فیصلہ کیا جائیگا - یہ Proviso کوئی نئی چیز نہیں جو صرف اسی ایکٹ میں رکھی گئی ہو - کسی ایکٹ کو بھی اٹھا لیجئیے -مستثنیات پر قابو پانے کیلئے کوئی نہ کوئی Proviso ضرور موجود ہوگی - میرے فاضل دوست جو یہ اعتراض کرتے ہیں کہ حکومت کیوں یہ اختیارات اپنے لئے مخصوص کر لیتی ہے ان کی خدمت میں میری گذارش یہ ہے کہ یہ ایک اصولی چیز ہے - ہر بل میں ایسے خصوصی اختیارات کا ہونا ضروری ہے - اگر یہ نہ ہوں تو اس سے Legislature کی قابلیت اور علمیت پر حرف آنے کا اندیشہ ہوتا ہے -

*Speech uncorrected

جناب والا ۔ ان معروضات کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس Proviso کا اس بل میں رکھا جانا نہایت ضروری ہے ۔

Mr. Speaker : The question is.

That proviso to subsection (3) of clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Syed Shamim Hussain Qadri has given notice of an amendment that the Explanation be deleted. He can oppose it.

سید شمیم حسین قادری (کارپوریشن۔ شہر لاہور۔نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب صدر اس سب کلاز میں جو Explanation دیا گیا ہے ۔ میں اسے پڑھتا ہوں ۔

"Land revenue which though assessed has been remitted, or the payment of which has been suspended shall, during the period of such remission or suspension, not be treated as payable."

جناب والا ۔ مینے اس Proviso اور Explanation کی ترمیم سب سیکشن ۳ کی اس ترمیم کے ماتحت بھیجی تھی جہاں taxation میں land revenue کی بجائے agricultural income tax رکھنے کیلئے کہا گیا تھا ۔ اگر اس نظریے سے دیکھا جائے تو اس explanation کی ضرورت ہی نہیں رہتی ۔ اسلئے میں اپنی ترمیم واپس لیتا ہوں ۔

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا میں صرف ایک دو points آنریبل منسٹر کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں اور جناب والا کی وساطت سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ کل ایک ایکٹ منظور کیا جا چکا ہے جسمیں غریب مہاجر کاشتکاروں کے لئے وہ رعایت درج نہیں تھی جو اب بڑے زمینداروں کیلئے درج کی جا رہی ہے ۔ یعنی اگر معاملہ اراضی معاف ہوگا تو زرعی انکم ٹیکس نہیں لگیگا لیکن مہاجر ٹیکس پھر بھی لگ جائیگا .....

Mr. Speaker : Please do not discuss an Act which has already been passed.

چودھری محمد شفیق — میں صرف مثال کے طور پر عرض کر رہا ہوں ۔ اور میں پاس شدہ ایکٹ کو زیر بحث یا زیر تنقید نہیں لا رہا ہوں بلکہ میں تو صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ قوم کی مختلف جماعتوں اور طبقوں میں equality رکھی جائے ۔ مگر آنریبل منسٹر تو طبقاتی کشمکش اور class war پیدا کر رہے ہیں ۔ یہ طبقاتی جنگ محض اسوجہ سے ہوگی کہ حکومت مختلف طبقوں میں غیر ضروری امتیاز اور تفریق پیدا کر رہی ہے ۔ اگر سب کے ساتھ یکساں سلوک رکھا جائے تو پھر کسی کو اعتراض نہیں ہوگا ۔ مگر غضب ہے کہ گورنمنٹ خود ہی class distinction پیدا کر رہی ہے ۔ جب

غریبوں کا سوال تھا تو مندرجہ بالا Explanation میں یہ رعایت درج نہیں تھی جو اب بڑے زمینداروں کے لئے درج کی جا رہی ہے ۔ اگر ہم انکو Reference دیں کہ کل جو ایکٹ پاس ہوا ہے یعنی Mahajir Fund Cess Act اسمیں لفظ land کی جو تعریف درج تھی اسمیں غریب مہاجروں کو وہ رعایت نہیں ملتی تھی جو آج تجویز کی جا رہی ہے ۔

Mr. Speaker : The honourable member cannot say what that Act did or did not do.

چودھری محمد شفیق — جناب والا میں مثال دیکر ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی پالیسی میں تضاد ہے ۔

Mr. Speaker : That question is irrelevant and has nothing to do with this Bill. The honourable member will kindly remember that the Muhajir Cess Act cannot be brought under discussion.

Ch. Muhammad Shafiq : I am not criticising that Act.

جناب والا۔ میں تو صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ جو اصول ایک سابقہ ایکٹ میں منظور کیا گیا تھا اس اصول کو آج کے بل میں کیوں سامنے نہیں رکھا جاتا ۔ حکومت کا اصول تو یکساں ہونا چاہئیے ۔ کسی ایک طبقے سے رعایت برتنا اور دوسرے طبقے کو اس رعایت سے محروم رکھنا انصاف سے دور ہے ۔ یعنی زرعی انکم ٹیکس میں تو بڑے زمینداروں کو یہ معافی ملیگی اور مہاجر ٹیکس میں غریب کاشتکاروں کو یہ رعایت نہیں ملیگی ۔ یہ اس قسم کی Relief ہے جسکا ذکر Statement of objects and Reasons میں درج ہے ۔ یہ خود غرضی پر مبنی ہے ۔ یہ اپنی پارٹی کے بڑے بڑے زمینداروں کو خوش کرنیکے لئے کیا جا رہا ہے ۔ میں صرف یہ چیز انکے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اگرچہ یہ چیز اصولی لحاظ سے ٹھیک ہے کہ انکم ٹیکس آمدنی پر لگنا چاہئیے اور اگر کسی زمیندار کی آمدنی نہیں ہوئی تو اسپر ٹیکس بھی نہیں لگنا چاہئیے مگر گورنمنٹ کو عدل و مساوات سے کام لینا چاہئیے اور مختلف طبقوں کے درمیان مساوات قائم کرنی چاہئیے ۔ انہیں میجارٹی پارٹی ہونے کیوجہ سے اپنی پوزیشن سے ناجائز فائدہ نہیں اٹھانا چاہئیے۔

Mr. Speaker : The question is—

That Explanation to clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Mr. Speaker : The question is—

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 4

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*i*) of clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

***Syed Shamim Hussain Qadri** (Corporation of the City of Lahore, III Muslim, Reserved Seat) : Sir, I beg to move—

That in clause 4 sub-clause (*ii*) (1) for the words "and is or becomes liable therefor to the payment of land revenue to an amount exceeding two hundred and fifty rupees" occurring after the words "in more than one state" the following words be substituted :—

"and his income from agricultural produce of such land exceeds rupees five thousand"

حضور والا - میں آپ کی وساطت سے ایک بات آنریبل وزیر مال کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ taxation کا اصول واضح طور پر مساوات پر مبنی ہونا چاہئیے - مگر پارلیمنٹری سیکرٹری نے جو argument دی ہے وہ اس اصول کے مطابق نہیں ہے جسکو حکومت پہلے منظور کر چکی ہے - اب اس اصول سے انحراف کیا جا رہا ہے اور زرعی انکم ٹیکس کسی اور اصول پر لگایا جا رہا ہے - یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی کہ جب یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ ٹیکس ہمیشہ آمدنی پر عائد ہوتا ہے تو پھر آمدنی کا صحیح حساب رکھنے کی کوشش کیوں نہ کی جائے - یہ اصول اگر مان لیا جائے کہ جس شخص میں ٹیکس ادا کرنیکی طاقت اور استطاعت نہیں اسپر کوئی ٹیکس نہیں لگانا چاہئیے اور جو لوگ ٹیکس دے سکتے ہیں ان پر محض اس وجہ سے ٹیکس نہ لگانا کہ وہ ایکٹ کی working میں رکاوٹ پیدا کرینگے صحیح نہیں ہے - آپ بڑے زمینداروں سے کیوں ڈرتے ہیں - جس شخص کو بھی دنیا میں کسی اچھے اصول کی خاطر قدم اٹھانا پڑے اسکو راستے کی رکاوٹوں کے مقابلہ کرنیکے لئے بھی تیار رہنا چاہئیے - اصول کی پیروی کے راستے میں یقیناً رکاوٹیں آیا کرتی ہیں مگر ان رکاوٹوں کے ڈر سے اصول کو قربان کر دینا ٹھیک نہیں - اسکے بر عکس جوانمردی سے رکاوٹوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہئیے - ایسی رکاوٹوں کو رفع کرنیکے لئے تو ہمنے آپ کو ان کرسیوں پر بٹھایا ہے - اور اگر آپ ان دقتوں کو رفع نہیں کر سکتے تو آپ کو یہ کرسیاں خالی کر دینی چاہئیں - آپکو اصول پر قائم رہنے کے لئے قدرے ہمت کی ضرورت ہے اور اپنے دماغ پر تھوڑا سا زور ڈالنے کی ضرورت ہے - سوچنے سے مشکل حل ہو سکتی ہے - کوئی نہ کوئی راہ پیدا ہو سکتی ہے - امید ہے کہ عزت مآب وزیر مال اس مسلمہ اصول کو تسلیم کر لیں گے کہ راستے کی مشکلات سے ڈر کر مانے ہوئے اصول سے انحراف کرنا کم ہمتی کا ثبوت دینا ہے - آپکو ایک قابل عمل بل تیار کرنا چاہئیے اور قوم کے فائدہ کے مقابلے میں جماعتی

تعصب کو کام میں نہیں لانا چاہئے اگر آپ زمینداروں کی ناجائز امداد نہ کریں تو حکومت کے خزانے میں بہت زیادہ رقم جمع ہو سکتی ہے ۔ اگر آپ ایک slab system نافذ کر دیں تو ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی آمدنی بڑھ جائیگی ۔ جناب والا جب ایک قسم کا طریقہ رائج کیا جا چکا ہے جسکے ذریعے چھوٹے چھوٹے زمینداروں سے مہاجر ٹیکس وصول کیا جائے گا تو پھر بڑے زمینداروں کے ڈر سے اس طریقے کو دوسرے ایکٹ میں نافذ نہ کرنا کیا معنی رکھتا ہے ؟ آپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ ۔

آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک !

اگر آپ اس اصول کو مانتے ہیں کہ قوم کا اخلاق بلند کرنا چاہئے تو پھر آپ کو سب سے پہلے اپنے آپ میں یہ اخلاقی بلندی پیدا کرنی پڑیگی ۔ محض یہ عذر کرنا کہ زمیندار حساب کتاب نہیں رکھ سکتے عذر لنگ کی حیثیت رکھتا ہے ۔ ان کو حساب رکھنا سیکھ لینا چاہئے ۔ یہ رکاوٹیں ہمیں دور کرنی چاہئیں ۔ جب دوکاندار حساب رکھتے ہیں تو زمیندار کیوں حساب نہ رکھیں ۔ باقاعدہ حساب کتاب رکھنے سے اور صحیح اصولوں پر کام کرنے سے حکومت کی آمدنی میں بہت اضافہ ہو جائیگا ۔ اور زمینداروں کے حق میں یہ ہوگا کہ جب انکی فصل خراب ہوگی تو مالیہ تو وہ دینگے اور مہاجر میں بھی دینگے لیکن اگر اس ٹیکس کی استطاعت نہ ہوگی تو انکی کچھ بچت ہو جائیگی ۔ بڑے زمیندار تو ہیں انکے پاس زمین بھی ہے ۔ وہ مالیہ بھی دیتے ہیں لیکن فصل خراب ہوئی اور خرابہ مل گیا تو ٹھیک ہے نہ ملا تو نہیں ۔ وہ ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی زد سے اسی حالت میں بچ سکینگے جب وہ کہیں گے کہ اس سال ہماری آمدنی اتنی نہیں ہوئی ہے ۔ ہمیں اس ٹیکس سے مستثنےٰ قرار دیا جائے ۔ اور انہیں مستثنیٰ قرار دیدیا جائیگا ۔ اور اگر مستثنیٰ قرار دیدیا گیا تو انکو کچھ ریلیف ملجائیگی ۔ اب اس میں اگر یہ کہا جائے کہ ہمارے عمال ایسے نہیں ہیں اور رشوت کی وجہ سے یا انکی چیرہ دستیوں کی وجہ سے یا زیادتیوں کی وجہ سے حکومت کے خزانے میں کمی کا احتمال ہو سکتا ہے ۔ جیسا کہ انکم ٹیکس کی ادائیگی کے وقت ہوا کرتا ہے ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ایک مسلمہ اصول کو مانتے ہوئے آپ کے سامنے یہ چھوٹی سی دقت آتی ہے تو آپ کے پاس طاقت ہے وہ عمال آپکے ماتحت ہیں ۔ آپ انکی کنجی مروڑ سکتے ہیں ۔ انکو راہ راست پر لاسکتے ہیں اور وہ راہ راست پر آئینگے ۔ کیونکہ وہ آپ کے ملازم ہیں اور انہیں سرکاری خزانے سے تنخواہ ملتی ہے ۔

تیسری دقت کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ حساب رکھنے میں زمیندار کو یہ دقت ہوگی کہ اسنے کچھ پیسے معینوں کو دئے ہیں - کچھ روپیہ اسنے اپنی ایگریکلچرل امپروومنٹ کے لئے خرچ کرنا ہے - کچھ بیج اور کھاد کیلئے رکھنا ہے اور کچھ روپیہ دوسری کئی چیزوں کیلئے جو agricultural persuits کے متعلق ہیں، رکھنا ہے - لیکن یہ سب تو اس کے expenses ہونگے - اسکے working expenses ہونگے - اور اس ٹیکس میں سے منہا ہو جائینگے - اس میں ڈرنے کی کوئی بات نہیں ہے - حزب حکومت کے ایک صاحب مجھسے باہر ملے تھے اور انہوں نے فرمایا تھا کہ کچھ دقتیں ہیں - میں نے یہ کہا کہ دقتیں تھوڑی دیر کیلئے ضرور پیش آئینگی - اور اگر آپ یہ مانتے ہیں کہ یہ اصول ٹھیک ہے اور اسی اصول کے تحت آئندہ فائدہ ہوگا تو اس اصول کیلئے تھوڑی بہت قربانی کرنی پڑیگی - بہت سے معتبر حضرات نے یہ فرمایا کہ واقعی ٹیکسیشن کا مسلمہ اصول وہی ہے جو تمنے کہا لیکن ہمنے ان دقتوں سے بچنے کیلئے یہ راہ فرار اختیار کی ہے - میں یہ کہتا ہوں کہ اگر آپ نے انکم ٹیکس کی evasion نہیں کرنی تو پھر آپکو اس سے کیا کہ اسے ایک طریقہ سے لیا جائے یا دوسرے طریقے سے - آپکو اس سے قطعاً انکار نہیں کرنا چاہئے - evasion حضور والا - آخری بات یہ ہے کہ اگر ایک زمیندار کی فصل - ایک چھوٹے زمیندار کی فصل intensive cultivation کے طریق پر - تھوڑی زمین سے بہت اچھی ہو جائے - اور اسکی آمدنی ایک چھوٹے سے رقبے سے پانچ ہزار کی زد میں آجائے - تو اسکا مالیہ تو وہ بہر صورت دیگا - لیکن اسپر مالیہ کے لحاظ سے ایگریکلچرل انکم ٹیکس نہیں لگیگا - اس چھوٹے آدمی کو بھی جسکی آمدن متجاوز کر چکی ہے اس شرح سے جس پر ٹیکس لگنا چاہئے تھا - ٹیکس کی زد میں لایا جا سکتا ہے - اگر صرف مالیہ کا سوال ہو تو دو سو پچاس روپیہ مالیہ پر اس چھوٹے آدمی پر (چھوٹا زمیندار ہو یا بڑا میں اسکی تفریق نہیں کرتا) جسنے intensive cultivation کر کے اپنی آمدنی پانچ ہزار تک پہنچا دی ہے ایگریکلچرل انکم ٹیکس نہیں لگتا - لیکن اگر آمدنی کا لحاظ رکھا جائے تو وہ بھی اس ٹیکس کی زد میں آ جاتا ہے -

حضور والا ! اسکے بعد آخری دقت جو بتائی گئی ہے اسکے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - جب کوئی زمیندار اپنے اخراجات نکال لینے کے بعد فصل منڈی میں لیجاتا ہے تو وہ پہلے اپنے سال بھر کے استعمال کیلئے اسمیں سے رکھ لیتا ہے - ایگریکلچر کے متعلق اپنے دیگر

اخراجات ۔ معینوں کے اخراجات اور دوسرے چھوٹے چھوٹے اخراجات وہ سب منہا کر دیتا ہے ۔ اور باقی جو بچ جاتا ہے جو فصل وافر ہوتی ہے وہ منڈی میں لیجاتا ہے ۔ ساری پیداوار نہیں لیجاتا ۔ اسنے مارکیٹ میں صرف وہ چیز بیچنی ہے جو وافر ہے ۔ یہاں آکر line of demarcation بہت غیر واضح ہو جاتی ہے ۔ اور اسوقت اسکے اخلاق کا بھی امتحان ہوگا ۔ اور اب جبکہ ہماری اچھی حکومت نے ریٹ مقرر کر دیا ہے کہ وہ نو روپے اور ساڑھے نو روپے من گندم خریدیگی تو وہ روپیہ کی خاطر ۔ اپنی دوسری ضروریات زندگی کو پورا کرنے کیلئے ۔ اپنا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے اپنی فصل مارکیٹ میں لیجائیگا لیکن وہی فصل لیجائیگا جو زراعت سے متعلق اخراجات نکال کر اسکے پاس وافر بچے گی ۔ اب جو فصل کا حصہ وہ منڈی میں لے جاتا ہے وہ اسکی earned income ہے ۔ منڈی میں آڑھتی کے پاس اس چیز کا حساب موجود ہوتا ہے کہ فلاں شخص نے اتنی گندم بیچی ۔ اتنی کاٹن بیچی ۔ اتنا گڑ بیچا ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ اور جو روپیہ وہ اس فصل کا آڑھتی سے وصول کرتا ہے وہ ایک basis بن جاتا ہے ۔ وہ اسکی انکم ہے ۔ اگر اس انکم پر ایگریکلچرل انکم ٹیکس لیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ کئی ایسے زمیندار ہونگے جو پہلے ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی زد میں نہ آئے تھے مگر اس طریق سے آ جائینگے ۔ اور حکومت کے خزانے میں کافی روپیہ آ جائیگا ۔

حضور والا ! میں اس ترمیم کے سلسلہ میں اور وقت نہیں لینا چاہتا ۔ صرف اتنا عرض کرونگا کہ اگر آپ اس اصول کی اچھائی کے قائل ہیں اور مجھے یقین کامل ہے کہ آپ اصول کو مانتے ہیں ۔ اور آپنے اپنے ایکٹ میں اس اصول کو مانا ہوا ہے ۔ تو پھر آپ اسپر ضد کیوں کرتے ہیں ۔ آپ میری تجویز مان لیں کیونکہ اسکے مطابق ٹیکس کی وصولی کے اخراجات بھی بہت کم ہونگے اور اس سے بہتر نتائج برآمد ہونے کا امکان ہے ورنہ وصولی اخراجات کا بار زیادہ پڑ جائیگا ۔ میں سمجھتا ہوں اگر آپکو Administrative difficulties ہیں تو اسے ضرور اپنانا چاہئے ۔ کئی بار ہمارے آنریبل چیف منسٹر صاحب نے فرمایا تھا اور ہمارے وزیر مال نے بھی فرمایا تھا کہ ٹیکس وغیرہ لگانے کا مقصد صرف یہ ہے کہ گورنمنٹ کی ترقی ہو عوام کی فلاح ہو ۔ یہ درست ہے ۔ لیکن جناب والا میں آپ کی وساطت سے گذارش کرونگا کہ اس ٹیکس کے وصول کرنے کا یہ طریقہ ٹھیک نہیں ۔ آپنے جانتے ہوئے اس سے اجتناب کیا ہے ۔ اس ضمن میں میں یہ بھی عرض کرونگا کہ کئی لوگ ایسے ہیں جو دو تین سال سے انکم ٹیکس نہیں دے رہے ۔ ساری چیز افسران اور

عمال کی وجہ سے ہے ۔ روپیہ وصول نہیں ہوتا ۔ حالانکہ اسکی وصولی Arrears of Land Revenue کی طرح ہوتی ہے ۔ آپکو شاید Actual Figures معلوم نہیں ۔ یہی بات Agricultural Income tax کے متعلق ہوگی ۔ بڑے بڑے زمیندار ٹیکس کی رقم مار لیتے ہیں ۔ اگرچہ انکو ہمیشہ فائدہ ہوتا ہے اور بچت بھی ہوتی ہے ۔ ایسے کئی بڑے بڑے آدمی ہیں ۔ میں انکا نام نہیں لینا چاہتا ۔ وہ خود ہی بتا سکتے ہیں خیر ۔ گذارش یہ ہے کہ ان لوگوں کو کسطرح بچت ہوتی ہے وہ بچاؤ کے لئے کوئی نہ کوئی طریقہ اور کوئی نہ کوئی راہ فرار ضرور نکال لیتے ہیں ۔ اسلئے کسی اصول کی خاطر اور کسی betterment کی خاطر آپ کو آگے قدم اٹھانا چاہئے ۔

Agricultural Income tax در اصل Supper tax کے نظریہ کے مطابق ہے اور Supper tax بقایا مالیہ اور انکم ٹیکس کے نظریہ کے مطابق لیا جاتا ہے ۔ یہ تو بالکل اس فرسودہ نظام کی طرح ہے جو انگریز بابا نے بنایا تھا ۔ انگریز نے لوگوں پر صرف اسلئے لگایا تھا تا کہ ان لوگوں سے بڑی آسانی سے روپیہ وصول کیا جائے ۔ اس طریقہ سے استبداد کا ہتھیار کسی طریقہ سے avoid نہیں کیا جا سکتا ۔ کیونکہ انگریز بابا تو .....

Mr. Speaker : Does the honourable member think that he is relevant ? The whole of his speech during the last 5 minutes has been irrelevant.

سید شمیم حسین قادری -- جناب والا میں تو ایک argument پیش کر رہا ہوں ۔اب میں یہ عرض کرونگا کہ آپ نے جو Agricultural Income tax لگایا ہے وہ بڑے بڑے لوگوں سے جن کی آمدنی زیادہ ہے ۔ وصول کیا جائے اور اگر یہ نظریہ ایسا ہے کہ Supper tax انکم ٹیکس کی طرح ان basis پر لیا جا رہا ہے تو میں بصد ادب عرض کرونگا کہ اس معاملہ پر discussion نہایت ضروری ہے ۔ اگر آپ نے اس نظام کو بدلنا ہے اور حزب مخالف کی طرف سے Agricultural Income tax وصول کرنیکے لئے argument لی گئی ہے تو میں عرض کرونگا کہ اسے بھی مالیہ کی طرح وصول کریں کیونکہ یہی آسان طریقہ ہے ۔ آپ سے مالیہ یا انکم ٹیکس کی طرح آسانی سے وصول کر سکتے ہیں ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس سسٹم میں بہت سی قباحتیں موجود ہیں ۔ آپنے صرف انکا اندازہ کرنا ہے اگر آپ یہ دیکھتے ہیں کہ واقعی اسمیں قباحتیں موجود ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر انکم ٹیکس کا طریقہ اچھا ہے اور وہ lesser evil ہے ۔ evasion ہر جگہ ہوتی ہے ۔ اگر آپ دیکھیں کہ کسی ملک میں ٹیکس کیسے وصول کئے جاتے ہیں

تو آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ ٹیکس اس صورت سے وصول نہیں کئے جا رہے یہاں تو غربا اور امرا اور درمیانے طبقہ کے لوگوں سے ٹیکس کی وصولی میں تضاد ہے ۔ اس بات سے انکار نہیں ہو سکتا ۔ مگر میں یہ ضرور کہونگا کہ اس قسم کی جو legislation موجود ہے یہ ٹھیک نہیں ۔ ان غربا اور چھوٹے لوگوں کو جو استطاعت نہیں رکھتے ضرور مراعات دینی چاہئیں ۔ کئی چیزیں ایسی ہوتی ہیں ۔ مثلاً کسی کے پاس کپڑا نہیں دوائی نہیں اسکے لئے یہ نہیں ۔ اس کے لئے وہ نہیں ۔ اگر چہ ایسی چیزیں جن کی سدا ضرورت نہیں ہوتی مگر پھر بھی جب آپ ان کا معیار بلند کرتے ہیں تو ان کا خیال رکھنا ضروری ہے ۔ حضور والا ۔ جب آپ اخلاق کو بلند کرتے ہیں ۔ تو اس سلسلہ میں میں یہ کہونگا کہ جب انسان کی مالی حالت اچھی ہوتی ہے تو اخلاق خود بخود اچھا ہوتا ہے مگر جب حالت اچھی نہ ہو تو پھر بڑے بڑے آدمی بھی پگھل جاتے ہیں اور چھوٹے آدمی تو .....

(قطع کلامیاں)

جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ معیار کو بلند کرنیکے لئے بہت کچھ کیا گیا ہے اس سے مجھے انکار نہیں ہو سکتا ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ آپ کی نیت نیک ہے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ آپ نیکی کرتے ہیں مگر آپ جو قدم اٹھاتے ہیں وہ رک جاتا ہے ۔ یہ تو بھان متی کے کنبہ والی بات نظر آتی ہے ۔ آپ ایسے صحیح نظام کو جو آپ کے نزدیک موزوں ہے پیش کریں تاکہ اسمیں کوئی ترمیم نہ آ سکے ۔ اگر ایسا ہو تو بہت ہی بہتر ہے اور احسن ہے ۔ اسطرح چاہے دو قدم آگے چلیں اور عوام کو سہولتیں بہم پہنچائیں ۔ مہاجرین کے متعلق جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں آپ جو کچھ کرتے ہیں خدا را legislation ماحول کے اندر رہ کر کریں ۔ جبکہ آپ ہماری مدد کرتے ہیں تو میں یہ نہیں کہونگا کہ revolution ہو بلکہ میں تو کہونگا کہ evolution ہو ۔ آپ step by step کریں ۔ چھوٹے چھوٹے قدم نہیں بلکہ آپ لمبے لمبے قدم اٹھائیں اور زمانہ کے ساتھ چلنے کی کوشش کریں ۔ آنریبل وزیر مال نے فرمایا تھا کہ زمانہ کی طرز ایسی ہے کہ اب وہ آگے ہی آگے جا رہا ہے لیکن یہ حقیقت ہے کہ اسطرح آپ زمانہ کے ساتھ نہیں چل سکتے ۔ خیر ۔ یہ ایسی بات ہے کہ اب مجھے پھر کہنا پڑتا ہے کہ اس قسم کا بار عوام پر پڑ رہا ہے ، میں آپ کی وساطت سے یہ بھی عرض کرونگا کہ ہاؤس میں اس قسم کی باتیں ہو رہی ہیں کہ کورم نہیں رہتا ۔

(قہقہہ)

حضور والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ چھوٹے طبقہ کے لوگوں کو بلند کیا جائے ۔ آپ کا یہی مقصد ہونا چاہئے مجھے اس سے انکار نہیں لیکن تعجب اس بات پر ہے کہ ایک ہاتھ سے آپ انہیں کچھ دیتے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے ان سے لیتے ہیں ۔ اس قسم کی taxation اور legislation defective ہوتی ہے اسلئے working سے تھوڑا بہت روشناس ہونا ضروری ہے ۔ خود آنریبل وزیر بحالیات کمشنر رہ چکے ہیں ان کو زیادہ علم ہوگا ۔ ان کو اس کا بہت زیادہ تجربہ ہے ۔ وہ خود اس بات کو مانینگے کہ ہر اس قسم کی ترقی اس قسم کے سسٹمز اور ان کی improvement کے لئے ہمیں آگے بڑھنا چاہئے ۔ ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ٹیکس بالکل نہ لیجئے یہ اصول کے خلاف ہے یا اگر عملی طور پر ٹیکس کا بار صرف ان چند امراء پر ڈالدیا جائے تو یہ بھی غلط ہے ۔ یہ درست ہے کہ ان امراء سے جو روپیہ لیا جاتا ہے اسے غربا کی اغراض کیلئے لیا جاتا ہے ۔ اسلئے میں عرض کرونگا کہ غریبوں کی امداد کیلئے غریبوں سے ٹیکس لینے میں کوئی ہرج نہیں ۔ صرف rate of taxation کو proportionate رکھیں ۔ غربا سے کم لیا جائے اور کوشش یہ کیجائے کہ آپ ایسے قانون بنائیں جو انصاف پر مبنی ہوں ۔

آج آپ Agricultural Income Tax (Amendment) اسلئے لائے ہیں کہ آپ کے وہ ممبر جو زمیندار ہیں ان کی حالت کو آپنے judge کیا اور آپ نے دیکھا کہ زرعی اصلاحات کی وجہ سے ان کی انکم میں فرق آ گیا ۔ اسلئے ان سے ٹیکس بھی کم وصول کیا جائے ۔ جب آپ نے یہ اصول مان لیا تو آپ ایسا ضرور کیجئے ۔ منصفانہ طریقہ ہے ۔ لیکن ایسا نہ کیجئے کہ ٹیکس بالکل نہ ہو ۔ یہ کہنا کہ اگر یہ تجویز مان لی جائے تو ٹیکسز کی evasion نہیں ہوگی غلط ہے ۔ اگر ایک سال گندم کی قیمت چھ روپے ہے تو دوسرے سال نو روپے ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جن کو آپ نے یہ ریلیف اسلئے دیا ہے کہ ان کی آمدنی کا تھوڑا سا حصہ مزارعین کو دیا گیا ہے ان کی آمدنی اسقدر زائد ہوگی کہ وہ اس حق اور ان مراعات کے حق دار نہیں ہونگے ۔ لیکن اگر اس slab of income سے ان کی آمدنی واقعی اتنی کم ہے تو آپ کی اس ترمیم سے ان کو continuously فائدہ اسطرح ہو سکتا ہے اگر آپ ان کو اسی سطح پر لے آئیں جسپر کہ یہ ٹیکس ہے ۔

جناب والا اب میں middle class کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں

Mr. Speaker: How is that relevant to the amendment which the honourable member is discussing ?

سید شبیر حسین قادری— اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ثابت کر دیتا ہوں کہ یہ کسطرح relevant ہے ۔ میںنے ترمیم میں کہا ہے کہ یہ ٹیکس بجائے ۲۵۰ روپے لینڈ ریونیو کے پانچ ہزار روپے سے زیادہ آمدنی اور انکم ٹیکس ریٹس کے مطابق لگایا جائے ۔ اسمیں تینوں قسم کے لوگ شامل ہونگے ۔ جب میں دو طبقوں کو discuss کر چکا ہوں تو مجھے اجازت دیجئے کہ میں تیسرے طبقے کے متعلق بھی کچھ عرض کروں ۔ یہ طبقہ جسکے متعلق آپ نے ہزار بار اس ایوان میں فرمایا ہے کہ یہ ریڑھ کی ہڈی ہیں ۔ اگر آپ نے اس ریڑھ کی ہڈی کی حفاظت نہ کی تو آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ آپ کا ڈیفنس قائم نہیں رہ سکتا ۔ آپ کے ملک کا ڈیفنس صرف ان لوگوں کی وجہ سے ہے ۔ ہوتا یہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے زمیندار دو دو چار چار مربعے کے مالک، جن کی آمدنی اتنی ہوتی ہے کہ وہ اپنے خاندان کا گزارہ مشکل سے کر سکتے ہیں وہ اپنے standard of living کو بڑھانے کی خاطر نوکریاں کرتے ہیں۔ عام طور پر وہ ملٹری میں جاتے ہیں اور وہ آپ کے ملک کی ڈیفنس کرتے ہیں ۔ ان لوگوں کو نوکریاں کرنے کا شوق نہیں ہے وہ بھوکے ہوتے ہیں ۔ ان کی زمین اتنا روپیہ نہیں اگلتی کہ وہ اپنے کو یا اپنے افراد کی زندگی کو برقرار رکھ سکیں ۔ حضور والا وہ اس لئے آپ کی خدمت کرتے ہیں کہ وہ بھوکے ہوتےہیں ۔ اگر ان مختلف طریقوں سے کمائے ہوئے روپے سے بھی آپ ٹیکس وصول کرینگے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ بد دل ہو جائینگے ۔ ان کا رجحان اس غریب طبقے کی طرف جائیگا جو اس وقت روٹی کے بھی کفیل نہیں ہیں ۔ جن کا نظریہ یہ ہے کہ فلاں عزت مآب کے پاس بیوک ہے لیکن ان کے پاس کھانے کو روٹی بھی نہیں ہے ۔ اسکی کیا وجہ ہے ۔

جناب والا۔ جب آپ نے پاکستان قائم کیا آپ نے لا الہ الا اللہ کہا اور آپ نے یہ کہا کہ ہم پاکستان اسلئے بنا رہے ہیں کہ ہم سب کے لئے بہتری کرینگے ۔ ہم مساوات اسلامی قائم کرینگے۔ ہم کھانا دینگے ۔ کپڑا دینگے ۔ تعلیم دینگے ۔ عوام کا standard of living بلند کرینگے ۔ تو میں آج آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ ان وعدوں کو پورا کیجئے ۔ آپ نے معمولی سی زرعی ریفارمز کی ہیں اور ان کا ڈھول پیٹ رہے ہیں کہ ہمنے مسلم لیگ کے منشور پر عمل کیا ہے ۔ پاکستان بناتے وقت جو مزارعین سے وعدے کئے تھے ان کو پورا کیا ہے ۔ یہ پروپیگنڈا تو آپ نے کر دیا لیکن دیکھئے تو سہی کہ مزارعین کی کوئی بہبودی ہوئی بھی ہے یا نہیں ۔ اور اگر ہوئی ہے تو کتنی ۔ اگر آپ

دیکھتے ہیں کہ اس طریقہ سے اس مخلوط قسم کی چیز سے آپ نے کسی کی بہتری نہیں کی تو پھر اس پروپیگنڈا کا کیا فائدہ ۔ آپ دیکھینگے کہ کتنے قتل اس کی وصولی پر ہونگے اور کتنے ہو رہے ہیں ۔ خیر یہ تو ایڈمنسٹریشن کا معاملہ ہے اسکے متعلق میں ایوان کا وقت ضائع نہیں کرونگا۔ لیکن اسوقت میں آپ کو وہ وعدے یاد دلانا چاہتا ہوں جو آپ نے پاکستان بنانے وقت کئے تھے ۔ میں مانتا ہوں کہ آپ نے ان وعدوں کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں آپ کی نیک نیتی پر قطعاً شک نہیں کرتا۔ میں یہ بھی مانتا ہوں کہ آپ کو رکاوٹیں ہیں، آپ کو دقتیں ہیں ۔ آپ نے مجبور ہو کر ایسا کیا ہے ۔ لیکن اس ٹیکسیشن کا بار ان لوگوں پر اتنا پڑ گیا ہے کہ وہ اسے برداشت نہیں کر سکتے ۔ یاد رکھئے یہی درمیانے طبقے کے لوگ ہیں جو حکومت کرتے ہیں جو افسر بنتے ہیں ۔ آپ کی حکومت کے پرزے اسی کلاس سے آتے ہیں ۔ آپ کے فوجی لوگ اسی مڈل کلاس سے آتے ہیں ۔ یعنی ہر طریقہ سے آپ کی working of government انہیں لوگوں پر منحصر ہے۔ اسوقت دنیا بہت دور جا چکی ہے ۔ اگر آج آپ نے ان مسائل پر غور نہ کیا، اگر آج آپ نے میری بات نہ سنی اور لوگوں کے نمائندوں کی باتوں کو sensible نہ سمجھتے ہوئے رد کر دیا ۔ تو میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ وہ وقت بہت قریب ہے کہ عوام ڈنڈے کے زور سے اپنے حقوق لینگے ۔ آپ ہر روز اخبارات میں ایسے واقعات پڑھتے ہیں ۔ ابھی تو فرداً فرداً ایسا ہو رہا ہے ۔ معاذ اللہ میں کہتا ہوں خدا بچائے۔ لیکن آپ یقین رکھیں آپ اس آفت کو لانے کے لئے آگے قدم بڑھا رہے ہیں ۔ اس قسم کی piecemeal legislation جو طبقاتی جنگ پیدا کرتی ہے ۔ جو ایک طبقے کو مراعات دیتی ہے اور دوسرے طبقے کو مراعات نہیں دیتی مبنی بر انصاف نہیں ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ عزت مآب وزیر مال ضرور سوچتے ہیں ۔ لیکن انکا ماحول ایسا ہے کہ وہ بیچارے مجبور ہو جاتے ہیں ۔ وہ جب کھڑے ہو کر ایسے بلز کی support میں کچھ فرماتے ہیں تو ان کی گفتار میں تضاد ہوتا ہے ۔ اور جب وہ اپنے کمرے میں جاتے ہیں تو انکے ضمیر پر بار ہوتا ہے ۔ وہ سوچتے ہیں کہ میں نے اپنے ضمیر کے خلاف بات کہی ہے ۔صرف خزانے کو پورا کرنے کے لئے ایسا کیا ہے ۔ حضور والا میں آپ کی خدمت میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ legislation کرتے وقت آپ اس طبقہ کے متعلق غور کریں ۔ میں آنریبل وزیر مال سے درخواست کرتا ہوں کہ اس بل کی تیسری خواندگی کے وقت جب آپ تقریر فرمائینگے تو آپ از راہ کرم ان points یا نکات کا جواب دیں اور ہماری تسلی کریں ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ

نے کوئی satisfactory explanation دیا جو ہمارے قابل قبول ہوا تو میں سب سے پہلا شخص ہونگا جو آپ کو کہ دونگا کہ آپ ٹھیک فرماتے ہیں - لیکن اگر آپ کے پاس ان نکات کے جواب میں کچھ نہیں ہے تو پھر خدا کے لئے ضد نہ کیجئے - میں بحث برائے بحث نہیں کر رہا - میں اپنا فرض ادا کر رہا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون یا جو بھی قانون آپ یہاں لاتے ہیں وہ ہم سب کی ذمہ داری پر ہوتے ہیں - اگر ایک بل ایک ایکٹ کی صورت میں بن کر نافذ ہو جاتا ہے.....

چودھری فیض احمد — On a point of order میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو ترمیم اسوقت زیر بحث ہے اسپر قانونی طور سے بحث کرنیکی اجازت نہیں ہونی چاہئے -

Mr. Speaker : That objection should have been raised at the stage when the amendment was put before the House.

چودھری فیض احمد — قواعد طریق کار کے قاعدہ نمبر ۵۶ میں یہ درج ہے کہ

"A motion or amendment must not except with the permission of the Speaker, raise a question substantially identical with one on which the Assembly has given a decision in the same session."

پھر اسکے بعد قاعدہ نمبر ۶۱ کے جز (۵) میں لکھا ہے

"An amendment on a question must not be inconsistant with a previous decision on the same question given at the same stage of a bill or matter."

اگر آپ اس بل کی کلاز ۲ کی تحتی کلاز ۳ ملاحظہ فرمائیں تو اس میں یہ درج ہے

"The tax shall be worked out and assessed on the basis of the total land revenue which was payable."

میں عرض کرتا ہوں کہ جب ایک اصول اسمبلی نے طے کر لیا اور یہ پاس ہو چکا ہے کہ assessment جو ہوگی وہ land revenue کی basis پر ہوگی تو پھر اگر یہ کہا جائے کہ وہ income پر اور ۵ ہزار پر ہو تو میرا خیال ہے کہ یہ چیز پاس شدہ کلاز کے خلاف جاتی ہے۔ یہ چیز inconsistent ہے اور میںنے دو قواعد کا حوالہ دیدیا ہے جنکے مطابق اس چیز پر بحث کرنیکی اجازت نہیں ہونی چاہئے -

صاحب سپیکر — آپ نے اعتراض سن لیا ہے - اعتراض یہ ہے کہ قواعد طریق کار کے قاعدہ نمبر ۵۶ اور قاعدہ نمبر ۶۱ کی شق ۵ کے مطابق کوئی ایسی ترمیم پیش نہیں کی جا سکتی جسکا مفاد اس فیصلہ کے خلاف ہو جو کہ اسمبلی اس ترمیم کے پیش ہونے سے پہلے پاس

کر چکی ہو چنانچہ اس بل کی کلاز ۲ کی تحتی کلاز ۳ میں یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ

"The tax shall be worked out and assessed on the basis of the total land revenue which was payable with regard to the land of an owner in respect of."

اعتراض یہ ہے کہ چونکہ یہ اصول طے ہو چکا ہے کہ ٹیکس land revenue کے basis پر لگایا جائے لیکن اس ترمیم میں تجویز کیا گیا ہے کہ یہ ٹیکس land revenue کی بجائے income پر لگایا جائے اسلئے یہ inadmissible ہے -

سید شمیم حسین قادری— جناب والا اس بل کی کلاز ۲ کی تحتی کلاز ۱ میں یہ درج ہے کہ

"A tax shall be assessed, levied and collected every year, in accordance with and subject to the provisions of this Act, in respect of income from land."

Mr. Speaker : The honourable member is a learned advocate of the High Court, and I hope he understands the difference between the phrases "tax shall be levied in respect of income from land" and "tax shall be assessed on the basis of total land revenue". Does he not realise the difference between in respect of" "and on the basis of" ?

سید شمیم حسین قادری — جناب والا میری گذارش ہے کہ جب ہم اس کلاز کو پڑھتے ہیں تو اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ

"Tax shall be assessed, levied and collected every year, in accordance with and subject to the provisions of this Act, in respect of income from land."

Main thing is the income from land, whatever the basis may be, therefore, my submission is that here we are to consider the income from land and I have proposed an amendment that income above Rs. 5,000 shall be taxed and not the income of less than Rs. 5,000, whatever the rate of land revenue may be. The method of assessment is definite.

Chaudhri Muhammad Shafiq : The amendment propossd by Mr. Qadr reads as follows :—

"and his income from agricultural produce of such land exceeds rupees five thousand."

This is an amendment to a clause where these words occur "every person who is or becomes an owner of land within the meanings of this Act, in more than one estate and is or becomes liable therefor to the payment of land revenue to an amount exceeding two hundred and fifty rupees.....". Here in this clause what is required is that when an owner of land acquires more land then what procedure will be adopted in order to inform the authorities that he has acquired more land. This thing has nothing to do with the assessment of income-tax. This is the procedure laid down in this clause that every person who acquires land with a land revenue or more than Rs. 250 should inform. But here the question of assessment does not arise.

Mr. Speaker : Objection taken by the honourable member with regard to the admissibility of the amendment now under consideration is based on the definition of rules 56 and 61(5) of the Rules of Procedure of this Assembly. I would have considered it at greater length if objection had been raised at the time when the amendment was taken up for consideration. Since, however, it has been raised at a belated stage, when the honourable member has put it forward and pointed out what he had to say, I give special permission under rule 56 to the honourable member to discuss his amendment.

سید شمیم حسین قادری — جناب صدر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان تین طبقات میں سے وہ لوگ جو مڈل کلاس کے ہیں- وہ لوگ جن کی آمدنی متوسط ہے - وہ لوگ جن کا ذریعہ معاش بہت حد تک چھوٹی سی ہولڈنگ پر ہوتا ہے - ان میں سے اکثر نوکری کرتے ہیں - اور حکومت کے کل پرزے یا افسر بنتے ہیں - انہی میں سے وہ لوگ ہیں جو فوجی ملازمت اختیار کر کے پاکستان کے محافظ بنتے ہیں - کیونکہ سب سے چھوٹے طبقہ کے لوگ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں اتنی استطاعت نہیں رکھتے کہ تعلیم حاصل کر سکیں - اور بہت بڑے زمیندار جو ہوتے ہیں انکے پاس اتنا وافر ہوتا ہے کہ انکو ضرورت نہیں ہوتی کہ وہ نوکری کریں یا کوئی خدمت قوم یا ملک کی کریں - اندریں حالات جناب والا صرف یہ لوگ ہیں جو آپکی خدمت کرتے ہیں - اور ان لوگوں کا احیا صرف اس چیز پر مبنی ہے کہ ان پر ٹیکس کا بوجھ اس تناسب سے ہو کہ وہ بآسانی اسکو ادا کر سکیں - اگر یہ لوگ ٹیکس کے بار سے دب گئے تو نتیجہ یہ ہوگا -

Mr. Speaker : The honourable member is repeating his arguments *'ad nauseum'*.

سید شمیم حسین قادری — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انکی بہبودی کی خاطر انکی بہتری کی خاطر -

Mr. Speaker : I have allowed some latitude to the honourable members because they are dealing with legislation. They should not repeat all these arguments used either by themselves or by other honourable members.

سید شمیم حسین قادری — جناب میں آخر میں یہ عرض کرونگا کہ اسوقت بھی موقع ہے کہ آپ اس ترمیم کو منظور کر لیں اور یہ ٹیکس ایسے basis پر وصول کریں اس سے تینوں طبقوں کی بھلائی ہوگی - حکومت اور عوام کی بہبودی کا راز بھی اسی میں مضمر ہے - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Sheikh Zafar Hussain : (Parliamentary Secretary) I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 4, sub-clause (*ii*) (1) for the words "and is or become liable therefor to the payment of land revenue to an amount exceeding two hundred and fifty rupees" occurring after the words "in more than one state" the following words be substituted :—

"and his income from agricultural produce of such land exceeds rupees five thousand."

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (ii) of clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clauses (*iii*) and (*iv*) of clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 5.

سید شمیم حسین قادری — (کارپوریشن شہر لاہور - نمبر ۳ - مسلم مخصوص نشست) — جناب والا - میں سیکشن ۵ کی سب کلاز (۱) میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں -

That in clause 5, in subsection (1) of proposed section 5-A of the said Act, for the words "land revenue payable by him" the words "agricultural income accrued to him" be substituted.

Minister of Rehabilitation : This amendment cannot be moved because it has been decided that it will be on the basis of land revenue.

Mr. Speaker : The objection is that it is the same amendment which has been moved by the honourable member and disposed of.

سید شمیم حسین قادری — جناب والا - میں گذارش کرونگا کہ اسکی مصلحت صرف یہ ہے کہ چونکہ جو جائدادیں غیر مسلم یہاں چھوڑ کے گئے ہیں انکی آمدنی کسٹوڈین کی معرفت انکے حساب میں جمع ہوتی ہے - اسلئے .....

Mr. Speaker : I will call upon the honourable member to discuss amendments Nos. 12 and 13 at the same time because they deal with allottees and evacuees.

حضور والا - بہت بہتر جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ وہ لوگ جنہوں نے یہ ملک چھوڑ دیا ہوا ہے اور ان کی جائیداد آپکے قبضے میں ہے اور جو کسٹوڈین کی حفاظت میں ہے - ان لوگوں کی جائیداد کی آمدنی آپ محکمہ بحالیات کے ذریعہ سے وصول کرتے ہیں اور ان کے حساب میں وہ جمع کرتے ہیں اور ان کے اکاؤنٹ کھولے گئے ہیں - اور ایک وقت آئیگا کہ یہ رقوم جو آپنے ان لوگوں کے اکاؤنٹ میں جمع کی ہیں وہ آپکو انٹر ڈومنین level پر ان لوگوں کے حوالے کرنی پڑینگی جو یہاں سے جا چکے ہیں اور اسکے متعلق اشارتاً میں آپکو یہ بتلاتا ہوں کہ جب متروکہ جائیداد کے متعلق کوئی بات ہوتی ہے تو ملک کے اس پار کے لوگ ہی کہتے ہیں کہ ہمنے اتنی بڑی بڑی جائیدادیں وہاں چھوڑی ہیں - لیکن جب آپنے ان لوگوں کو حساب دینا ہے جن کے قبضہ میں آپکا کشمیر ہے اور جن کے ساتھ آپکا آئے دن ٹکراؤ ہوتا رہتا ہے - میں اس معاملہ کو طول نہیں دینا چاہتا اور میں آپ سے اتنی عرض کرتا ہوں کہ یہ جائیداد جس کی آمدنی آپنے محکمہ بحالیات کے ذریعہ سے وصول کرنی ہے اور اگر آپنے زیر بحث ٹیکس لینڈ ریونیو system پر وصول کیا تو نتیجہ یہ ہوگا کہ انکے اکاؤنٹس میں بہت بڑی رقمیں جمع ہو جائینگی اور وہ رقوم آپ کو ایک دوسرے ملک کے لوگوں کو دینی پڑینگی اور ایک وقت ایسا آئیگا تب آپکو اس چیز

کا احساس ہوگا ۔ اور آج پیش بندی کی خاطر میں آپکو یہ تجویز پیش کر رہا ہوں کہ کم از کم متروکہ جائیداد کے متعلق آپ لیجسلیشن کرتے وقت یہ دیکھ لیا کریں کہ کسطرح سے آپ کے خزانے میں زیادہ روپیہ آتا ہے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ آپنے اس ملک کے رہنے والوں کو مراعات دی ہیں لیکن یہ بھی دیکھ لیں کہ اس پار کے لوگ آپ کو ڈرا دھمکا کر یہ نہ کہیں کہ ہمارا حصہ دیتے ہو تو دو ورنہ تیار ہو جاؤ ۔ (آوازیں ۔ ''ہم تیار ہیں،،) ۔

یہ ٹیکس آپ اس طریقے سے وصول کریں کہ آپکو کوئی نقصان نہ ہو ۔ آپ یہ دیکھ لیں کہ آپ کے exchequer کو نقصان نہ پہنچے اور ضرورت سے زیادہ ان کے اکاؤنٹس میں روپیہ جمع نہ ہو ۔ اب رہا الاٹیز کا مسئلہ جو آپنے الاٹیز کو حق مالکانہ نہیں دیا ۔ بلکہ کچھ خاص شرائط کے تحت ان کو وہاں آباد کیا گیا ہے ۔ رقوم تو آپ ان سے وصول کرینگے اور وہ جمع ہو جائینگی تارکان وطن کے حساب میں۔ اور وہ رقوم جو زائد بچینگی ان کی ادائیگی evacuee کی طرفسے واجب الادا ہوگی ۔ اور وہ اسکی وصولی اس طریق سے کریں گے جیسا کہ میں نے آپ کو اشارتاً عرض کیا ہے۔ اسکی working کے متعلق آپ بیشک اپنے افسروں سے مشورہ کریں اور میرا خیال ہے کہ یہ چیز قابل قبول ہوگی ۔ اور اگر آپنے کسی خاص طبقے کی خاطر ایسا کرنا ہے تو پھر میرا کہنا فضول ہے ۔ اور اگر آپ اس چیز کو فائدہ مند سمجھتے ہیں تو ابھی وقت ہے آپ دوبارہ سوچ سکتے ہیں ۔ کیونکہ جو لیجسلیشن ایک بار قانون کی شکل اختیار کر لے تو پھر آپکے افسر یہ نہیں دیکھینگے کہ فلاں شخص تارک وطن ہے یا نہیں کیونکہ میں یہ دیکھتا ہوں کہ پاکستان کے لوگ زیادہ فراخ دل ہیں ۔ ان کے لئے تو ہمنے بہت سی مراعات دے رکھی ہیں ۔ لیکن اسکے بر عکس دوسری طرف ایسا نہیں ہوتا ۔ تو میں آنریبل وزیر بحالیات کی خدمت میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ جب دوسری طرف ایسا نہیں ہوتا تو پھر آپ اتنی فراخدلی سے کیوں کام لیتے ہیں ۔ انہوں نے تو ہمارے مکانوں کے کرائے پہلے ہی بہت کم لگائے ہیں اور اگر اسپر انہوں نے ٹیکس بھی لگا دیا تو ہمارا حساب صفر ہو جائیگا ۔ بلکہ مجھے اندیشہ ہے کہ وہ minus ہو جائیگا ۔ اور ادھر انکے حساب میں بڑی بڑی رقوم جمع ہو رہی ہیں ۔ اور اگر آپ اس ترمیم پر ابھی غور کر لیں تو بعد میں شاید آپکو یہ دقت پیش نہ آئے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

حضور والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ تارکان وطن کی جائیداد کے متعلق آپ کوئی ایسی گنجائش رکھ لیں ۔ میں آپکا اعتراض مان لیتا ہوں ۔

اگر آپ اس اعتراض کے تحت اس ترمیم کو نہیں لیتے تو آپ مہربانی فرما کر اس پر دوبارہ غور کر لیں ۔ ابھی وقت ہے ۔ آپ اس چیز کا خیال کریں کہ آپ کو اسطرح کوئی نقصان نہ ہو ۔ آپ کسی کے ذاتی فائدے کا خیال نہ کریں آپکو اپنی سٹیٹ کا خیال ہونا چاہئے ۔ اور آپ یہ دیکھیں کہ ان کے حساب میں بڑی بڑی رقمیں جمع کرنے سے آپکو بعد میں نقصان نہ ہو ۔ اور اسی چیز کے پیش نظر میں نے استدعا کی ہے کہ آپ اس ترمیم پر سوچ بچار کر لیں ۔ کسٹوڈین کے حساب میں ان لوگوں کے نام تو بہت بڑی بڑی رقوم جمع ہیں اور اسکے برعکس آپ دوسری طرف بھی غور فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ وہاں جس مکان کا کرایہ ۶۰ روپیہ تھا اسکے انہوں نے پانچ روپے لگائے ہیں۔ اور جب اس سے ٹیکس منہا کیا جائے تو یقیناً حساب برابر ہو جائیگا ۔ لیکن اسکے بر عکس یہاں یہ ہوتا ہے کہ جائیدادوں کی اصلی قیمت کے حساب سے کرائے وغیرہ وصول ہوتے ہیں اور ان لوگوں کے حساب میں جمع ہو رہے ہیں ۔ اور یقیناً ایک وقت آئیگا ۔ آج نہیں ۔ کبھی آئیگا جب آپکو یہ رقوم انہیں ادا کرنی پڑینگی ۔ اسلئے ملک و ملت کے مفاد کی خاطر میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ میری ان معروضات پر ٹھنڈے دل سے غور فرما لیا جائے ۔

Mr. Speaker : Clause under Consideration, amendment moved is.—

That in clause 5, in subsection (1) of proposed section 5-A of the said Act, for the words "land revenue payable by him" the words "agricultural income accrued to him" be substituted.

وزیر بحالیات — (عزت مآب شیخ فضل الہی پراچہ) — جناب والا ۔ میرے خیال میں معزز ممبر صاحب کو اسکے متعلق کچھ مغالطہ ہو گیا ہے ۔ اسی لئے شاید انہوں نے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔ جناب والا ۔ حقیقت یہ ہے کہ تارکان وطن کی جو جائیداد یہاں ہے اس پر اسی حساب سے یہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جسطرح کہ لوکلز سے کیا جاتا ہے ۔ اور اسی لئے اس بل میں یہ کلاز رکھی گئی ہے ۔ evacuees کی جو زرعی جائیداد یہاں پر ہے وہ مہاجرین میں تقسیم کی گئی ہے ۔ مثلاً اگر کوئی evacuee سو مربعے کا یہاں مالک تھا تو اس سو مربعے کو دو سو یا تین سو families میں تقسیم کیا جا چکا ہے ۔ اب انپر یہ ٹیکس عائد نہیں ہوگا ۔ کیونکہ انمیں سے ہر ایک کا معاملہ اراضی ۲۵۰ روپیہ سے کم ہوگا اور یہ ٹیکس ان evacuees کے حساب سے جو ان کے نام جمع ہے وصول ہوگا اگر یہ ترمیم منظور کر لیجاوے تو اس سے ہمیں بڑا نقصان ہوگا ۔ پہلے اس جائیداد سے سہ گنا یا چھ گنا مالیہ کے حساب سے لگان جمع ہوتا رہا ہے ۔ اب جو

یہ متروکہ جائیداد ہے ۔ اس سے ہم کوئی لگان وصول نہیں کر رہے ۔ یعنی evacuee کے حساب میں کوئی روپیہ جمع نہیں ہوگا ۔ اور مہاجرین سے بھی ٹیکس وصول نہیں ہوگا ۔ کیونکہ مہاجرین میں تقسیم ہو جانے کی وجہ سے وہ مجموعی طور پر اتنی نہیں رہ جاتی کہ اس پر ٹیکس لگ سکے کیونکہ slabs system کے تحت جسکا معاملہ اراضی ۲۵۰ روپے سے کم ہوگا اسپر ٹیکس نہیں لگیگا ۔ اور ٹیکس کی وصولی evacuees کے حساب سے ہوگی۔ مجھے امید ہے کہ میرے اس explanation کے بعد معزز ممبر صاحب اسپر اعتراض نہیں کرینگے ۔

سید شمیم حسین قادری — جناب والا ۔ میں ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے اس قسم کی تخصیص فرمائی ہے کہ جو متروکہ جائداد مہاجرین میں تقسیم ہو چکی ہے وہاں سے ہم نے کچھ وصول نہیں کرنا لیکن چونکہ وہ مہاجر مالیہ دیتا رہے گا اسلئے ہم اس مالیہ کے حساب سے اس سے انکم ٹیکس وصول کرینگے تو میں پوچھتا ہوں کہ وہ کسطرح اور کہاں سے وصول کرینگے ۔

عزت مآب وزیر بحالیات — اس evacuee کا جو حساب maintain ہو رہا ہے وہاں سے کرینگے ۔

Syed Shamim Hussain Qadri: I withdraw my amendments.

Mr. Speaker : Has the honourable member leave of the House to withdraw his amendments ? (Voices : Yes).

The amendments were by leave withdrawn.

چودھری محمد شفیق — (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست)— جناب صدر ۔یہ ترمیم جو میں نے پیش کی ہے پہلے میں اسکے الفاظ اس ایوان کے سامنے پڑھ کر سنا دیتا ہوں اور پھر اس کے متعلق میں وہ وجوہات پیش کرونگا کہ کیوں میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔

That in clause 5, subsection (2) of proposed section 5-A of the said Act for the words "whether as allottee or otherwise" the words "as such" be substituted.

میں جناب کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے دو مسائل پر بحث کرنیکی کوشش کرونگا کہ یہ چیز اصولی طور پر غلط ہے اور اسلئے بھی غلط ہے کہ آنریبل وزیر مال حساب کرتے ہوئے بھول گئے ہیں ۔ اگر وہ آنریبل وزیر مہاجرین سے مشورہ کر لیتے تو شاید انہیں پتہ لگ جاتا کہ مہاجرین پر اتنے مظالم کرنا مناسب نہیں ہے ۔ وہ حساب میں آخیر میں پیش کرونگا ۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کر دوں کہ کیوں مہاجرین ہی پر اس ٹیکس کو محدود کیا جا رہا ہے ۔ مہاجرین جب سے پاکستان میں داخل

ہوئے ہیں اسوقت سے لیکر آج تک انکے ساتھ جو طریق کار استعمال ہو رہا ہے وہ انصاف پر مبنی نہیں ہے ۔ ابھی تک عارضی اور مستقل الاٹمنٹ جاری ہے ۔ انہیں معمولی سے معمولی کاغذ پر دستخط کروانے کیلئے بھی سینکڑوں روپیے خرچ کرنے پڑتے ہیں ۔ اور حکومت نے بھی پہلیے دن سے لیکر آج تک ٹیکسوں کا بار بد ستور قائم رکھا اور ابھی تک اس زور شور سے مہاجرین کے خلاف ٹیکسوں کی بھرمار ہو رہی ہے کہ انکی ہڈیاں بقایا جو ہیں انکو بھی صاف کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ جناب والا ۔ کل ایوان کے اندر مہاجر سیس کا نام دیکر مہاجرین کو ریلیف دینے کیلئے ان پر ایک ٹیکس عائد کیا گیا ہے اور یہا نتک کیا گیا کہ اگر ایک شخص دو آنے revenue دیتا ہے تو اس سے وہ ٹیکس دو آنے ہی وصول کیا جائیگا۔آج یہاں ایک اور چیز لائی جا رہی ہے ۔ وہ تو غریب مہاجرین پر عائد کیا گیا تھا اور یہ ان زمینداروں پر عائد کیا گیا ہے جو کہ اپنی بڑی بڑی زمینیں ادھر چھوڑ کر آئے تھے ۔ اور یہاں آ کر انکے آگے ہاتھ پھیلا کر اور پیسے مانگ کر گزارا کرتے ہیں ۔ جو سو یا دو سو ایکڑ کے مالک تھے وہ اگر ایک کنبے کے دو افراد ہیں تو انہیں پانچ سال تک دو ایکڑ زمین دی گئی ہے ۔ پھر گزارا الاؤنس دیا گیا جو کبھی پہلے سال بند ہو گیا اور کبھی دوسرے سال ۔ اسے کسٹوڈین کی عدالتوں میں سالہا سال تک دھکے کھانے پڑتے ہیں اور بے شمار اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں ۔ جناب والا میں آپکی وساطت سے اس ایوان کےان خاموش مہاجر ممبران سے اپیل کرونگا کہ اگر انکو مہاجرین نے اپنا نمائیندہ بنا کر یہاں بھیجا ہے چاہے وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں انکا سب سے اولین فرض یہ ہے کہ مہاجرین کے متعلق پالیسی جس پر کہ حکومت گامزن ہے اسے دیکھیں کہ آیا وہ درست ہے یا غلط ۔ ان پر جو بار ڈالا جا رہا ہے وہ اسکو اٹھانے کے قابل بھی ہیں یا نہیں۔ انکو یہاں اسلئے نہیں بھیجا گیا کہ وہ یہاں آ کر بیٹھیں سو رہیں اور T. A. لیکر واپس چلے جائیں۔

جناب والا۔ میں آپکی وساطت سے ان مہاجرین سے عرض کرونگا جو مجارٹی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں کہ انکو لازمی طور پر جو ریفیوجی پالیسی۔

Mr. Speaker : No reference to refugees. Refugee policy is not under consideration. Please confine yourself to the amendment.

چودھری محمد شفیق — پیشتر اس سے کہ میں اسکے متعلق مزید کہوں میں جناب والا کے سامنے یہ ثابت کرنیکی کوشش کرونگا کہ کس طرح مہاجر پالیسی میری اس ترمیم کی زد میں آتی ہے ۔

Ch. Muhammad Shafiq : I want to say how the muhajirs will be doubley assessed.

Mr. Speaker : I want to know how you can discuss the policy

Ch. Muhammad Shafiq : Because Government want to tax the refugees on their agricultural income. As the Government is pursuing a policy which the muhajirs do not think is appropriate, hence I am stating my arguments against that policy and saying that this taxation should not be levied.

Mr. Speaker : After hearing the honourable member I am of the opinion that the policy as such cannot be discussed.

چوھدری محمد شفیق — جناب والا ۔ میں یہ ثابت کرنا چاھتا ھوں کہ کس طرح ایک پالیسی کے تحت مہاجرین پر ٹیکس لگائے جا رھے ھیں ۔ اگر حکومت ان کیلئے کوئی بہتر پالیسی مرتب نہیں کرتی تو اسے کوئی حق حاصل نہیں ھے کہ وہ ان پر ٹیکس لگائے ۔ میں اس لئے پالیسی پر تنقید کر رھا ھوں کہ یہی بنیادیں ھیں جنکی وجہ سے مہاجرین اس ٹیکس کو دینا نہیں چاھتے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اگر حکومت کو اس ٹیکس کے نفاذ کے بعد روپیہ دیا جاتا ھے تو وہ صرف اس مقصد کیلئے دیا جائے کہ یہ حکومت مہاجرین کیلئے کوئی بہتر پالیسی مرتب کر کے اسے عملی جامہ پہنائے ۔

Mr. Speaker : The amendment seeks to substitute the words "as such" for the words "whether as allottee or otherwise". The honourable member can bring forward arguments in support of this amendment justifying the substitution.

چودھری محمد شفیق — جناب والا ۔ اس سب سیکشن میں یہ الفاظ جو لکھے گئے ھیں Whether as allottee or otherwise میں اسکی ایک مثال آپ کے سامنے پیش کرتا ھوں ۔ ایک مہاجر جس کی اراضی پاکستان میں پہلے سے موجود تھی اور ساتھ ھی اسکی کچھ اراضی مشرقی پنجاب میں بھی تھی تو partition کے بعد جب ادھر آ کر اس نے اپنی ادھر چھوڑی ھوئی اراضی کے عوض پنجاب میں کچھ اراضی الاٹ کرا لی تو ھماری حکومت کہتی ھے کہ وہ مالیہ جو وہ اپنی پہلی اراضی پر ادا کرتا ھے اسکی الاٹ شدہ اراضی کا مالیہ بھی اسمیں جمع کر کے اسکی شرح پر یہ ٹیکس وصول کیا جائیگا یعنی اسے دونوں قسم کی اراضی کو ملا کر کل مالیے پر آئندہ یہ Agricultural income-tax ادا کرنا پڑیگا ۔ جناب والا ۔ میں اپنے مطلب کو واضح کرنے کیلئے آپ کی خدمت میں figures پیش کرتا ھوں ۔ مگر اس سے پیشتر میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اس ایکٹ میں ایک اور اصول بھی رکھا گیا ھے ۔ وہ یہ کہ Agricultural

income-tax اس شخص نے ادا کرنا ہے جو اراضی کا مالک ہو چنانچہ اس اصول کے ماتحت انہوں نے اس دفعہ کی سب کلاز ۱ اور ۳ کے اندر یہ اصول بھی قائم کیا ہے کہ Evacuee Property کے سلسلے میں Agricultural income-tax ادا کرنیکی ذمہ داری evacuee پر ہے۔مگر دوسری چیز جو میں جناب والا کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ evacuee کو اس کا owner تسلیم کیا گیا ہے ۔ چونکہ حکومت مزارع کو جو اسکا allottee ہے اس وقت تک مالک قرار نہیں دے سکتی جبتک اسکے متعلق بین المملکتی فیصلہ نہ ہو جائے ۔ اسلئے مہاجر مزارعین کو آجتک مالک کا حق نہیں دیا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس صورت حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے حکومت کو اس امر کا کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ Agricultural income-tax عائد کرنے کے سلسلے میں مہاجر مزارعین اور مقامی مزارعین میں کوئی distinction پیدا کرے کسقدر افسوس کا مقام ہے کہ وہ شخص جو پاکستان کا باشندہ ہے ۔ جسکی زمین پاکستان بننے سے پہلے یہاں موجود تھی اسکے مزارعین پر تو کوئی ٹیکس عائد نہیں کیا جاتا بلکہ اسے خود ادا کرنا پڑتا ہے ۔ مگر مہاجر مزارعین سے یہ ٹیکس براہ راست لیا جاتا ہے ۔ کیا آنریبل وزیر مال بتا سکتے ہیں کہ مقامی مزارعین کو بالکل مستثنیٰ قرار دیکر اس ٹیکس کی وصولی کیلئے مہاجر مزارعین کو کیوں تختہ مشق بنایا جا رہا ہے۔جب وہ کہتے ہیں کہ ہم حکومت کے مزارعین ہیں اور ہم Lease-holder کی حیثیت رکھتے ہیں تو پھر ان پر یہ ٹیکس کیوں لگایا جا رہا ہے ۔ کیا حکومت ان کو Lease-holder کی حیثیت دینے کیلئے تیار نہیں ۔ جب ان سے مطالبہ کیا جائے کہ کاغذات مال میں تو زمین کی عارضی مستقل تقسیم کا اندراج موجود ہے ۔ لہذا آپ انہیں اس اراضی کا مالک تصور کریں ۔ اور اگر ایسا کرنا نا ممکن ہے تو پھر انہیں صاف طور پر کہہ دیں کہ انکی پوزیشن معمولی مزارع کی ہے ۔ اس موقع پر انہیں Inter Dominion Agreement یاد آ جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ۔ وہ اصول جو انہوں نے کلاز ۱ اور ۳ کے تحت قائم کیا ہے کہ Agricultural Income-tax کا اطلاق evacuee پر بھی ہوگا ۔ یعنی یہ ٹیکس اسکے حساب سے بھی وضع کیا جائیگا ۔ جب یہ صورت ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اس شخص سے جو پہلے ہی یہاں پر زمین کا مالک ہے اسکے ٹیکس میں Sliding Scale کے مطابق

Evacuee Property کی وجہ سے اسکے لئے شرح کا اضافہ کیوں ہو جائے ۔ مثال کے طور پر فرض کیجئے ایک شخص کی ادھر بھی زمین تھی اور ادھر بھی ہے جسکا مالیہ وہ ایک ہزار روپے ادا کرتا ہے ۔ اب Sliding scale کے مطابق اسے یہ ٹیکس Land Revenue کے تین چوتھائی کے برابر ادا کرنا پڑیگا ۔ اب فرض کیجئیے کہ اسے تین سو روپیہ سالانہ مالیے کی زمین الاٹ ہو جاتی ہے ۔ میری ترمیم کے مطابق اس تین سو روپے پر ٹیکس علیحدہ شرح پر لگیگا ۔اور اگر whether as allottee or otherwise کے الفاظ رہنے دیئے جائیں تو اس صورت میں وہ تین سو روپے اس ایک ہزار میں جمع کر لئے جائینگے ۔ اور اس ساری رقم پر Agricultural Income-tax لگایا جائیگا جو Land Revenue کے برابر ادا کرنا پڑیگا ۔

اسمیں دو قسم کا نقصان ہوگا ۔ ایک تو وہ اراضی جس پر زرعی انکم ٹیکس نہیں لگ سکتا تھا اسپر محض اسلئے ٹیکس لگ جائیگا کہ کچھ متروکہ اراضی بھی زمیندار کے قبضے میں آ گئی ہے ۔ دوسرے متروکہ اراضی کی ملکیت الاٹی کے حق میں نہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ وہ مزارع ہی ہوگا مگر پھر بھی اسکو مالک متصور کر کے اس اراضی کا انکم ٹیکس دینا پڑ جائیگا ۔ اسی طرح اسکو دوہرا نقصان ہوگا اور تیسرا نقصان یہ ہوگا کہ ایگریکلچرل انکم ٹیکس Higher Sliding Scale پر ادا کرنا پڑیگا ۔ یعنی جو زمیندار پہلے سے یہاں موجود ہیں انکے مقابلے میں مہاجر زمیندار کو زیادہ شرح ٹیکس ادا کرنا پڑیگا ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ یہ ایک بہت بڑا ظلم کر رہے ہیں اگر آپ حساب کی اتنی چھوٹی سی بات نہیں سمجھ سکتے تو پھر سکول میں داخل ہو کر حساب سیکھ لیجئے ۔آپ کے بل کا یہی مطلب ہے ۔ اسکے ذریعے آپ ''الاٹیوں'' میں بھی distinction پیدا کر رہے ہیں۔ اگر کسی مہاجر کو بد قسمتی سے کسی بڑے رقبے والے زمیندار کی اراضی سے اراضی الاٹ ہو گئی تو اسکو زیادہ شرح پر ٹیکس ادا کرنا پڑیگا ۔ اسکے مقابلے میں اگر کسی الاٹی کو تھوڑے رقبے والے زمیندار کی زمین سے ٹکڑا مل گیا تو اسکو کم تر شرح پر انکم ٹیکس دینا پڑیگا یا مطلقاً ٹیکس نہیں لگیگا ۔ جناب والا ۔ یہ الاٹیوں میں مزید تقسیم در تقسیم پیدا کرنے کی پالیسی سہلک ثابت ہوگی۔ یہ ایک قسم کی class distinction پیدا کی جا رہی ہے ۔ پہلے ہی لینڈ لارڈ اور ٹیننٹ (landlored and tenant) کی تمیز موجود تھی پھر بڑے مزارعان اور چھوٹے مزارعان خود کاشت مزارعان اور غیر خود کاشت اراضی کے مزارعین کی تقسیم پیدا کی گئی۔ اب مزید تفریق الاٹیوں کے مابین create کی جا رہی ہے ۔ مہاجر مزارع اور غیر مہاجر مزارع ۔ مہاجر زمیندار

اور غیر مہاجر زمیندار کی جماعتیں پہلے ہی سے موجود ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اس قوم کو ٹکڑے ٹکڑے کر رہی ہے - آنریبل وزیر مال ان الفاظ کے ذریعے سے whether as allottee or otherwise قوم و ملت میں مزید طبقات پیدا کر رہے ہیں جو ایک دوسرے سے کشمکش اور جنگ کرینگے - مجھے اس سلسلے میں ایک آنریبل وزیر کے وہ الفاظ یہاں دوہرانے ہیں جو انہوں نے منٹگمری کے دورے پر ایک وفد کو کہے تھے - یہ وفد انکی خدمت میں کاٹن کی گرتی ہوئی قیمتوں کے سلسلے میں گفتگو کرتا رہا اور ٹیکس میں معافی کا مطالبہ کرتا رہا مگر ہمارے با وضع وزیر صاحب نے ایک گھنٹے کی بات چیت کے بعد جواب میں اتنا ہی کہہ دیا کہ ''چوروں کے کپڑے ڈانگوں کے گز،، - اس سے زیادہ جواب وزیر صاحب نے نہیں دیا - جناب والا میں عرض کرونگا کہ مہاجر اس قابل نہیں کہ انکے سلسلے میں ڈانگوں کے گز استعمال کئے جائیں - وہ تو لٹ پٹ کر آئے تھے وہ اپنی جائدادیں چھوڑ کر پاکستان آئے تھے وہ اپنے بچے - ماں باپ اور عورتیں قربان کر کے آئے مگر افسوس کہ ان کے Representative یہاں آ کر مزے لے رہے ہیں اور مہاجروں کی کوئی حمایت نہیں کرتے بلکہ مہاجر تو پس رہے ہیں - حکومت کی غلط پالیسی انکو پیس رہی ہے - انکی تباہی اور بربادی کے سامان کر رہی ہے - میں آنریبل وزیر مال سے استدعا کرونگا کہ وہ مہاجروں پر رحم کریں وہ بیچارے تھک چکے ہیں - میں مہاجروں کا نمائندہ ہوتے ہوئے اپیل کرتا ہوں کہ مہاجر اتنا ٹیکس ادا نہیں کر سکینگے - اگر مہاجروں کی حالت بہتر ہو گئی تو وہ خود ہی offer کرینگے کہ ہم سے زیادہ ٹیکس لے لو - مگر موجودہ حالت میں مہاجروں کو الاٹی کی حیثیت سے ٹیکس نہیں لگانا چاہئے - کلاز ۳ میں جو.....

Chaudhri Fazal Elahi : Sir, clause 3 is not under discussion.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I have just made a reference to it.

Mr. Speaker : Will the honourable member please confine himself to the motion before the House.

Chaudhri Muhammad Shafiq : But I must state the feelings which we take from those people.

مہاجر اپنا گھر بار چھوڑ کر یہاں آئے مفلس و قلاش ہو کر آئے مگر آپ اب بھی انکو لوٹ کر غیر مسلموں کی جیبیں بھرنے کی کوشش کر رہے ہیں - جو ٹیکس انہوں نے بہ حیثیت مالکان اراضی ادا کرنا تھا وہ آپ کئی گنا کر کے مہاجر مزارعوں سے وصول کر رہے ہیں اور پھر یہ مہاجر سے ٹیکس وصول کر کے روپیہ آپ غیر مسلم تارکان وطن کے کھاتے میں ڈال رہے ہیں - جو ہندوستان میں ہیں کیا آپ یہ رقم ہندوستان میں بھیجیں گے ؟ جب ہم

کہتے ہیں کہ ہم مہاجروں کو متروکہ اراضی کی ملکیت عطا کرو تو آپ inter-Dominion Agreement کی آڑ لیتے ہیں لیکن جب ٹیکس عائد کرنے کا سوال آتا ہے تو پھر یہ انٹر ڈومنین معاہدہ غائب ہو جاتا ہے اور مہاجروں کی امداد کیلئے استعمال نہیں ہوتا بلکہ آپ اس معاہدے کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے مہاجروں کو مالک متصور کر لیتے ہیں اور ان پر ٹیکسوں کا بوجھ ڈال دیتے ہیں - میں جناب کی وساطت سے مہاجر ممبران سے پھر اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس چیز کو سوچنے کی کوشش کریں کہ یہاں مہاجرین نے انہیں اپنے نمائندے بنا کر بھیجا ہے - یہاں پر آ کر سونے کیلئے نہیں بھیجا -

Mr. Speaker : That argument has been advanced several times already. The honourable member should not caste any reflection on any member.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I am not casting any reflection on anybody.

جناب والا ! میں انکو اپنے فرض سے آگاہ کرانا چاہتا تھا - اور وہ کرا دیا ہے - اب عرض کرونگا کہ وہ تو فرض شناس نہیں ہیں -

Mr. Speaker : Will the honourable member please withdraw his words. He has no right to say that so and so is not *farz shanas*. I have myself heard those words and therefore he must withdraw them.

چودھری محمد شفیق — بہت بہتر جناب - میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ گو وہ فرض شناس نہیں ہیں - جیسا کہ چودھری فضل الٰہی صاحب فرما رہے تھے -

Mr. Speaker : The honourable member cannot even repeat unparliamentary language. Please withdraw those words.

چودھری محمد شفیق — بہت بہتر جناب -

Mr. Speaker : I ask the honourable member to withdraw those words.

چودھری محمد شفیق — اردو میں کہنا ہو تو کیا کہوں ؟

صاحب سپیکر — میں واپس لیتا ہوں -

چودھری محمد شفیق — وہ تو میں پہلے کہہ چکا ہوں -

Mr. Speaker : Say 'I withdraw'. The honourable member must withdraw those words.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Certainly, I have already withdrawn those words and obeyed your order.

Mr. Speaker : *Bohat behtar* is not sufficient. Say, 'I withdraw'.

چودھری محمد شفیق — میں جناب کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں -

Mr. Speaker : I must insist that the honourable member should withdraw those words.

چودھری محمد شفیق — میں پہلے ہی آپکے ارشاد کی تعمیل کر چکا ہوں ۔

Mr. Speaker : I have not heard these words from him.

چودھری محمد شفیق — میں واپس لیتا ہوں ۔ پہلے چار دفعہ کہہ چکا ہوں ۔ مگر in the heat of the moment آپ نے سنا ہی نہیں ۔

Mr. Speaker : The honourable member has no right to say anything of the kind.

چودھری محمد شفیق — جناب والا ! میں عرض کرونگا کہ حکومت نے مہاجرین کے متعلق جو طریق کار استعمال کیا ہے اور جو کر رہی ہے ۔

Mr. Speaker : Please confine yourself to the motion. The amendment before the House is the substitution of the words "as such" for the words "whether as allottee or otherwise".

چودھری محمد شفیق — جناب والا ! میں وجوہات دیکر اپنی چیز کو ثابت کرنیکی کوشش کرونگا اور اگر وجوہات دینے کی اجازت نہیں تو پھر میرے ایک لفظ as such کہتے رہنے کا کیا فائدہ ہے ؟

Mr. Speaker : I have been listening to this irrelevant talk for half an hour. The honourable member must confine himself to his amendment before the House

چودھری محمد شفیق — جناب والا ! در اصل جو بار مہاجرین پر ڈالا گیا ہے ۔ میں نے اس ترمیم کے ذریعہ اسے Localise کرنیکی کوشش کی ہے اور Evacuee Property کی طرف سے اسکا اختصار کرنیکی کوشش کی ہے جسکے ذریعہ لازمی طور پر وہ روپیہ جو اس ایکٹ کے ذریعہ حاصل کیا جائیگا اسمیں کمی ہوگی ۔ حکومت کی پالیسی چونکہ درست نہیں ہے اسکا طریق کار درست نہیں ہے اسلئے حکومت کو یہ روپیہ اس ٹیکس کے ذریعہ نہیں ملنا چاہئے۔اس ضمن میں حکومت کی Rehabilitation پالیسی کے متعلق کچھ کہونگا ۔

Mr. Speaker : I have asked the honourable member several times to advance his arguments in support of his amendment.

چودھری محمد شفیق —جناب والا ! چونکہ آپ نے Rehablitation کی پالیسی پر تنقید کرنیسے منع کر دیا ہے اسلئے میں اس پر تنقید نہیں کرتا ۔ اسکو کسی اور موقع پر اٹھا رکھتا ہوں ۔ اب میں یہ ثابت کرنیکی کوشش کرونگا کہ یہ کلاز اس ایکٹ کے principles کے خلاف ہے ۔ سب سے بڑا اور اہم اصول جو ٹیکسیشن میں ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ equality ہو ۔ اور جو ٹیکس لگایا جائے وہ ہر شخص پر برابر لگایا جائے ۔ کوئی class-distinction نہ کی جائے ۔ جناب والا ! اس کلاز میں یہ الفاظ whether or otherwise کو رکھکر برابری نہیں رکھی گئی ۔ بلکہ مہاجروں اور دوسرے زمینداروں

کے درمیان ایک distinction پیدا کیگئی ہے ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ۔

Mr. Speaker : The honourable member has stated it 30 times.

چودھری محمد شفیق — ایک اور distinction بھی کیگئی ہے۔ وہ یہ کہ allottees کو بہ نسبت دوسرے زمینداروں کے زیادہ زیر بار کرنیکی کوشش کیگئی ہے ۔ اگر ہم اس ایکٹ کے Objects and Reasons کو دیکھیں تو اسکے مطابق بھی .....

Mr. Speaker : Statement of objects and reasons does not form part of the Bill.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Certainly, I know it.

Mr. Speaker : Therefore it should not be referred to.

چودھری محمد شفیق — کافی عرصہ سے رولنگ ملا ہوا ہے کہ It does not form part of the Bill. مگر میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ Statement of Objects & Reasons میں یہ بتایا گیا ہے کہ fluctuating prices پر اسکو base کرتے ہوئے وہ ترمیمات کرنا چاہتے ہیں۔ اور دوسری چیز یہ کہی گئی ہے چونکہ لینڈ لارڈ کی بٹائی کا حصہ کم ہو گیا ہے اسلئے اسکو یہ رعائتیں دیجا رہی ہیں ۔ لیکن یہ رعائتیں کسکے سر پر دیجا رہی ہیں ۔ یہ جو ریلیف دیجا رہی ہے یہ کسکے سر پر دیجا رہی ہے ۔

The Assmebly then adjourned till 9 a. m. on Thursday, the 1st May, 1952.

114 PLA—450—18-10-52—SFGPP, Lahore.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

FOURTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Thursday, 1st May 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 9 a.m. of the clock Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly.)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

EQUALIZATION OF SUGAR QUOTA FOR RURAL AND URBAN AREAS.

***976. Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state ; if the Government have prepared or intends to prepare any scheme whereby the quota of sugar for the rural and urban populations of the Province will be equalized ; if not, why not?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: No Sir. The consumption of sugar in towns is always much higher than that in rural areas, so the preparation of a scheme to equalize the sugar quota in the rural and urban areas of the Province is not warranted.

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین—کیا آنریبل وزیر زراعت از راہ کرم بیان فرمائینگے کہ شہروں اور دیہات کے کوٹہ میں تفاوت کی وجہ کیا ہے ؟

صاحب سپیکر— تفاوت کی وجہ ان کے نزدیک یہ ہے کہ شہروں میں چینی زیادہ خرچ ہوتی ہے ۔

Syed Shamim Hussain Qadri : Is it a fact that the population in rural areas is much larger than population in the cities?

Minister : Of course.

Syed Shamim Hussain Qadri : As such they are entitled to more sugar than in the cities.

Mr. Speaker : He is talking about the quota of sugar.

خان عبدالستار خان نیازی—کیا وزیر زراعت اس امر کا احساس کرتے ہیں کہ ماہ رمضان میں دیہاتیوں اور شہریوں کی ضروریات تقریباً ایک ہو جاتی ہیں۔کیا وہ اس کا خیال کریں گے ؟

وزیر — ماہ رمضان کے لئے سپیشل کوٹہ دیا جائیگا ۔

میاں عبدالباری —کیا آنریبل وزیر کو علم ہے کہ دیہات والے اس چیز کو بہت زیادہ محسوس کر رہے ہیں ؟

Mr. Speaker : Question of opinion. Disallowed.

RESTRICTION ON MOVEMENT OF DESI SUGAR

*977. **Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state why the movement of Desi sugar prepared in villages by cultivators has been restricted by the Government ?

The Hon'ble Soofi Abdul Hamid Khan : This is a central subject and the orders have been issued by the Central Government. When this thing was brought to my notice I started correspondence with the Central Government, and I hope this order will be revoked.

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر زراعت بتا سکینگے کہ یہ کتنے عرصہ میں revoke ہو جائیگا ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر زراعت سنٹر کو reminder بھیجنے کو تیار ہیں ؟

وزیر — ابھی چند دن ہوئے یہاں فوڈ کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں مرکز کے وزیر خوراک بھی تشریف لائے تھے۔ میں نے اس وقت یہ مسئلہ انکے سامنے رکھا تھا۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ وہ بہت جلد اسکا تسلی بخش انتظام کر دینگے۔

PAY OF ARGICULTURAL ASSISTANTS

*978. **Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state; if the Government has taken any final decision with regard to the pay of Agricultural Assistants serving in the Province and whether it is intended to increase their pay; if not, why not?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : Yes Sir. The pay scale of Agricultural Assistants has been slightly increased on the advice of the Pay Committee.

Mian Abdul Bari : Has the Pay Commission treated them as Technical Government servants?

Minister : I require notice for that.

EVACUEE GARDENS UNDER CARE OF AGRICULTURAL DEPARTMENT.

*989. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state--

(*a*) whether it is a fact that the Agriculture Department was instructed to look after evacuees large gardens; if so, what extra supervisory and expert staff was given to the Deputy Directors of Agriculture for the proper maintenance of those gardens;

(*b*) what concrete steps Department of Agriculture is taking to ensure that these gardens are properly maintained by the new allottees?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) (*i*) Yes.

(*ii*) Four Agriculture Assistants, one Assistant, four Senior Clerks and four accountants.

(*b*) The allotments of the evacuee gardens are subject to the observance of a set of conditions and the allottees have to execute an agreement that they will observe these conditions, failing which their allotments are liable to be cancelled.

DEPARTMENTAL FRUIT GARDENS AND NURSERIES

***990. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the total area under (*i*) departmental fruit gardens, (*ii*) departmental nurseries ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan :—

(*i*) 486 acres.
(*ii*) 79 acres.

Rana Gul Muhammad Noon : Is it a fact that the Agriculture Department has failed to meet the demands of the zamindars in providing them reliable plants, because of limited area?

Minister : I require notice for that.

WHEAT SUPPLY

***992. Mr. Abu Saeed Enver :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the steps taken to ensure supply of wheat to the public next year on reasonable rates;

(*b*) what steps are intended to be taken to supply wheat on cheap rates to the poor people of the Province;

(*c*) whether the proposed 'Procurement Scheme' of the Government is intended to guarantee supply of wheat to the public on reasonable rates throughout the year;

(*d*) whether Government intend to import wheat at any stage in order to have ample stocks and maintain the rates on reasonable level ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) (*b*) and (*c*) Government have decided to procure wheat of acceptable quality in the Province in the ensuring year, which will be available at fixed prices from depots according to the provisioning arrangements.

(*d*) No.

APPOINTMENT OF REFUGEES TO POSTS VACATED BY THE NON-MUSLIMS IN MUNICIPAL COMMITTEE, KAMALIA

***969. Rai Nasrullah Khan :** Will the Honb'le Minister for Education be please to state—

(*a*) total number of employees of the Municipal Committee, Kamalia before partition;

(b) the number of Muslims and non-Muslims among them and their respective designations;

(*c*) the number of Muslim refugees appointed against the posts vacated by non-Muslims and the number of posts as are still lying vacant;

(*d*) the reasons for not appointing refugees to all the posts vacated by non-Muslims?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: It is regretted that the information asked for by the hon'ble member is not yet ready. It will be supplied when ready.

SALE OF PLOTS OF LAND GHALLA MANDI, BADAMI BAGH

***994. Mr. Abu Saeed Enver :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state—

(*a*) whether he is aware of the fact that the Improvement Trust, Lahore, has auctioned on Nazrana system certain plots of land of the proposed Ghalla Mandi Badami Bagh;

(*b*) whether he is also aware of the fact that with the demolition of the shops of the present Ghalla Mandi, hundreds of refugees and local shop-owners will be deprived of their shops and business; if so; whether Government intend to give preferential treatment to such shop-owners in the matter of disposing of new plots particularly when the majority of them do not have sufficient money to construct new shops ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) It is not a fact that the Lahore Improvement Trust auctioned on Nazrana System certian plots of land of the proposed Ghalla Mandi, Badami Bagh.

(*b*) It is true that some refugees and local shop-owners will be dispossessed as is quite natural when a new scheme is enforced for the development of a particular area. 80 per cent of the plots in the new Grain Market (Ghalla Mandi) have been reserved for dispossessed persons and preferential treatment to shop-owners in the existing Ghalla Mandi is being accorded.

The Trust has undertaken to construct a number of shops which will be leased out on easy terms to those refugees who cannot build their own shops.

منسٹر ابو شعید انور— آنریبل وزیر نے حصہ (الف) کے جو جواب دیا ہے اگر میں اسکو چیلنج کروں تو کیا وہ اس سلسلہ میں انکوائری کرانے کیلئے تیار ہیں ؟

وزیر — بیس فیصدی نیلام کئے گئے ہیں اور ۸۰ فیصدی ایسے مہاجرین کیلئے مخصوص کئے گئے ہیں جو dispossess ہوئے ہیں۔ جو بیس فیصدی نیلام کیلئے رکھے گئے ہیں ان سے یہ شک پڑتا ہے کہ شاید یہ ترجیحی سلوک کیلئے ہیں۔ بہر حال اگر وہ انکوائری چاہیں تو مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں۔

چودھری محمد شفیع— کیا آنریبل وزیر کو معلوم ہے کہ میو روڈ پر مہاجرین نے جو جگہیں بنائی ہوئی تھیں انہیں امپروومنٹ ٹرسٹ نے گرا دیا ہے ؟

Mr. Speaker : That does not arise out of the answer given. There should be a fresh question with regard to this matter.

COMPENSATION FOR LAND ACQUIRED FOR CONSTRUCTION OF RAVI BUND

***993. Mr. Abu Saeed Enver :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state—

(*a*) whether he is aware of the fact that for the construction of Ravi Bund around Lahore, lands of certain land-owners were requisitioned and that no compensation was paid to them;

(*b*) whether it is also a fact that interest is accruing on the above mentioned outstanding dues;

(*c*) whether Government intend to pay compensation for the land; if so, when, if not, why not?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari : Attention of the honourable member is invited to the reply already given to the Assembly Question No. *957.

EVACUEE FRUIT GARDENS

*988. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdu' Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state—

(*a*) what was the total area of evacuee fruit gardens (*i*) large gardens over 18 acres, (*ii*) small gardens under 18 acres ;

(*b*) how much of the above area actually exists today;

(*c*) whether it is a fact that conditions of these gardens have deteriorated ; if so, the action Government propose to take in the matter ?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : (*a*) (*i*) The total area of evacuee fruit gardens over 18 acres is 4,023 acres.

(*ii*) The total area of evacuee fruit garden under 18 acres is 8,320 acres

(*b*) Almost the same.

(*c*) Government have no accurate information in this respect, but it is expected that after provisional permanent allotment of these gardens is made, the allottees will naturally try to improve their conditions.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر مہاجرین بتلا سکتے ہیں کہ آیا ان باغات کی الاٹمنٹ کیلئے کوئی کمیٹی مقرر کی گئی ہے ؟

وزیر — جی ہاں ۔

چودھری محمد شفیق — وہ کن ممبروں پر مشتمل ہے ؟

وزیر — فنانشل کمشنر ۔ ریونیو سیکرٹری اور ڈائرکٹر زراعت ۔

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر بتلا سکتے ہیں کہ اس کمیٹی نے اب تک کتنی الاٹمنٹیں کی ہیں ؟

چودھری محمد شفیق — کیا یہ کمیٹی موقعہ پر جا کر باغات کی الاٹمنٹ کر سکتی ہے ؟

چودھری محمد شفیق — کیا یہ امر واقعہ ہے کہ فنانشل کمشنر باغات کی الاٹمنٹ میں فائنل اتھارٹی ہیں ؟

وزیر — جی ہاں ۔

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر بتلا سکتے ہیں کہ کتنے ایسے آدمیوں کو باغات الاٹ کئے گئے ہیں جن کے پاس پہلے باغات نہیں تھے ۔ اور کتنے ایسے آدمیوں کو جن کے پاس پہلے باغات تھے یہاں باغات الاٹ نہیں کئے گئے ؟

Minister : I want notice.

RECIPROCAL ARRANGEMENT IN RESPECT OF REALIZATION OF "LAGAN" ON EVACUEE LAND

*1006. **Rai Nasrullah Khan :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that 'lagan' on evacuee agricultural lands is being realised at the rate of six times and three times the land revenue from local tenants and refugees, respectively ;

(*b*) if so, on what grounds and for what purposes;

(*c*) whether the procedure is being followed on reciprocal basis as regards the Muslim evacuee lands left in Indian territory; if so, the terms and conditions of this reciprocal arrangement, if any?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : (*a*) Yes.

(*b*) Rent is being recovered under the Indo-Pakistan agreement regarding evacuee property for the purpose of subsequent adjustment of accounts of the evacuees of the two dominions.

(*c*) Observation of reciprocity in the matter of levy of rents and maintenance of accounts is binding on both sides; but observance of reciprocity by the India Government in this respect cannot be judged as no exchange of accounts of rent of evacuee property has so far taken place between the two countries.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر بتلا سکتے ہیں کہ آیا اسطرف مسلمانوں کی زمینوں کا وصول شدہ لگان اسطرف تارکان وطن کو دلانے کی کوشش کی جائیگی ؟

وزیر — میں نے عرض کیا ہے کہ دونوں طرف حسابات رکھنے کے متعلق معاہدہ ہے۔ توقع ہے کہ ادھر بھی مسلمانوں کی متروکہ جائدادوں کا حساب رکھا جاتا ہوگا۔ بعد میں اسکی adjustment ہو جائیگی ؟

چودھری محمد شفیق — کیا صرف حسابات ہی رکھے جائینگے یا انکو کچھ ملے گا بھی ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

رائے نصراللہ خاں — کیا عارضی مستقل الاٹمنٹ کے بعد بھی یہ لگان وصول کیا جائیگا ؟

وزیر — جی نہیں۔

رائے نصراللہ خاں — کیا اسکے متعلق اب کوئی نیا معاہدہ ہوا ہے ؟

وزیر — اب عارضی مستقل الاٹمنٹ کے بعد یہ لگان حسابات میں تو درج کیا جائیگا مگر وصول نہیں کیا جائیگا۔ بعد میں حسابات adjust کر لئے جائینگے۔

چودھری محمد شفیق — کیا پہلا وصول شدہ لگان واپس کیا جائیگا ؟

وزیر — جب حسابات adjust ہونگے تو ضرور واپس کیا جائیگا۔

چودھری محمد شفیق — حسابات کا فیصلہ کب تک ہو جائیگا ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

Syed Shamim Hussain Qadri : Will any consideration be allowed in realising the rent from the refugees?

Mr. Speaker : This question does not arise out of the answer given.

MUHAJIR AND SAILAB TAXES

*1007. **Rai Nasrullah Khan :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state—

(a) whether it is a fact that the Provincial Government collected "Muhajir" and "Sailab" taxes;

(b) if so, whether it is a fact that these taxes were levied on muhajirs and flood afflicted people for whose help these taxes were originally intended;

(c) if the answer to (b) above be in the affirmative, the reasons therefor ?

The Honourable Chaudhry Muhammad Hussain : (a) Yes.

(b) The Muhajir Cess is charged on all lands; but flood Relief Cess was not charged on the lands in respect of which remission was granted on account of damage by flood.

(c) By making a general exemption in favour of refugees, a major portion of the income will have to be foregone, which will defeat the very purpose for which the cess is levied.

ADJOURNMENT MOTION

UNEMPLOYMENT AMONG WORKERS IN MILLS, ETC.

Mr. Speaker : I have received notice of the following motion from Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: "Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely failure of Government to check the wave of unemployment among the workers in mills and power-loom factories due to closing down or reduction in working hours of mills, especially in Lyallpur, where 12 calendering and finishing mills have been closed down recently."

The motion does not specify the time as to when this closing down of mills took place. Secondly, it has not been shown that these mills are under Government control. Thirdly, it has not been made clear since when the wave of unemployment has been running in this country. On all these grounds the motion is disallowed.

Syed Shamim Hussain Qadri : Sir, what about my adjournment motion ?

Mr. Speaker : I will consider it later.

OWNERSHIP OF VILLAGE ABADI HOUSE SITES BILL

Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema : Sir, I beg to move :—

That the Punjab Ownership of Village Abadi House Sites Bill be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) Honourable Minister of Revenue.
(2) Malik Qadir Bakhsh ;
(3) Saiyed Ghulam Mustafa Shah Gilani ;
(4) Sardar Mumtaz Ali ;
(5) Chaudhri Muhammad Afzal Cheema ;
(6) Saiyed Shamim Hussain Qadri ;
(7) Rana Ghulam Sabar ; and
(8) The mover ;

with instructions to report within one month. The quorum of the Select Committee to be three.

Mr. Speaker : Motion moved is —

That the Punjab Ownership of Village Abadi House Sites Bill be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) Hon'ble Minister of Revenue ;
(2) Malik Qadir Bakhsh ;
(3) Saiyed Ghulam Mustafa Shah Gilani ;
(4) Sardar Mumtaz Ali ;
(5) Chaudhri Muhammad Afzal Cheema ;
(6) Saiyed Shamim Hussain Qadri ;
(7) Rana Ghulam Sabir ; and
(8) The mover ;

with instructions to report within one month. The quorum of the Select Committee to be three.

خان عبدالستار خان نیازی (میانوالی—نمبر ۲ مسلم) — جناب والا ۔ جب یہ بل اس ایوان کے معزز رکن چودھری محمد اقبال چیمہ نے پیش کیا تھا ۔ تو ہمیں مسرت ہوئی تھی کہ انہوں نے ملک کی ایک اہم ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس بل کو پیش کیا ۔ لیکن افسوس ہے کہ اس بل کے محرک خود آج اس بل کو التوا میں ڈالکر اپنے کئے کرائے پر پانی پھیر رہے ہیں ۔ دسمبر میں یہ بل پیش کیا گیا اور اب اس سلسلہ میں پانچ مہینے ہونے کو آئے لیکن ابھی تک وہ اسکے اسقام پر بحث و تمحیض نہیں کر سکے ۔ مجھے ان کی نیت پر کوئی شبہ نہیں ہے لیکن جس ضرورت کی اہمیت کے پیش نظر اسے پیش کیا گیا تھا میں سمجھتا ہوں کہ مزید ایک لمحہ کے لئے بھی اسکا التوا ضرر رساں ہے ۔ یہ بل تو وہ سیلاب زدگان کی امداد کے لئے لائے تھے لیکن اسکے علاوہ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ اشتمال اراضی کے دوران میں اگر کسی مالک کی زمین میں کوئی ایسی آبادیات ہوں تو وہ بھی اشتمال میں آ جاتی ہیں اور اس مالک کے نام درج ہو جاتی ہیں جسکا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ غریب لوگ صحن اور راستوں سے محروم کر دئے جاتے ہیں ۔ میں آپ کو اپنے علاقے کی ایک مثال بتاتا ہوں ۔ میرے علاقے میں ایک موضع کا اشتمال ہو رہا تھا اور زمین کی تقسیم کے سلسلہ میں عملہ اشتمال نے کچھ گڑ بڑ کر رکھی تھی جن لوگوں نے رشوت دے دی اُن کو اچھی زمین مل گئی اور جو حرام نہ کھلا سکے اُن کو بنجر میں پھینک دیا گیا ۔ اور یہ بد عنوانی عزت مآب وزیر مال صاحب کے نوٹس میں بھی لائی گئی ۔ انہوں نے سائلان کی درخواست پر ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز کو حکم دیا کہ موقع پر جا کر تحقیقات کرے ۔ دراصل ایک تحصیلدار نے کچھ کھایا پیا ہوا تھا ۔ جناب ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز صاحب موقعہ پر گئے ۔ وہاں منجملہ دیگر بد عنوانیوں کے ایک چیز ان کے سامنے یہ آئی کہ گاؤں کے ایک غریب آدمی کا مکان جسمیں وہ بیس پچیس سال سے زندگی بسر کر رہا ہے اور مکان کا ملحقہ رقبہ اشتمال اراضی کے بعد ایک

خاص مالک کے حصہ میں آ گیا۔ مالک نہیں چاہتا تھا کہ اس غریب کی آمد و رفت کے لئے سابقہ راستہ بدستور باقی رہے۔ اس لئے اسنے وہ راستہ بند کر دیا۔ اب اس غریب آدمی کے لئے اپنے گھر سے کسی دوسری طرف جانے کے لئے کوئی راستہ باقی نہ رہ گیا تھا۔ ادھر مالک ڈرتا ہے کہ وہ غریب جو وہاں پشتوں سے رہ رہا ہے کہیں صحن اور راستہ کی زمین اسکی ملکیت قرار نہ دے دی جائے۔ اس لئے مالک زمین اسے مجبور کرتا ہے کہ وہ اسکا غلام بے دام بن کر رہے اور وہ اس کے ساتھ من مانی کارروائی کرے۔ اور میں محسوس کرتا ہوں کہ وہ لوگ جو از خود غریبوں کی ہمدردی کے بڑے دعوے کرتے ہیں خاص طور پر قائد ایوان اکثر غریبوں کی ہمدردی کا دعویٰ کیا کرتے ہیں۔ اور عموماً انہیں اصلاح معیشت و تمدن کے دورے پڑتے ہیں۔ وہ اس بل کے سلسلہ میں کیوں خاموش رہے اور کیوں اسے اب Select Committee میں بھجوانے کی تائید پر مستعد نظر آتے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ یہ بل غیر سرکاری ہے لیکن ہمارے دوست اقبال چیمہ صاحب جس برتے پر یہ بل پیش کر رہے ہیں وہ اپنی پارٹی کی ہمنوائی کی توقع ہے۔ اس لئے میں اس ساری پارٹی سے جواب طلبی کرتے وقت حق بجانب ہوں۔ قائد ایوان کو کھڑے ہو کر اس بل کو فی‌الفور پاس کرانے کے لئے تحریک کرنی چاہئیے۔ انہیں یہ معلوم ہونا چاہئے تھا کہ سیلاب زدگان جو کہ دوسری جگہ پر آباد ہوگئے ہیں اور انہوں نے اپنے سر چھپانے کا کوئی ذریعہ بنایا ہے ابھی تک ان جھونپڑوں کے مالک نہیں بنائے گئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ملک کی توہین ہے اور اس قوم کی توہین ہے جس کے یہ افراد ہیں۔ جس طرح سے فضا میں ہوا اور پانی ہر انسان کے لئے مفت ہے اور جسطرح خدا نے ہر انسان کو آزاد پیدا کیا ہے کیا اُسے زمین پر سر چھپانے کے لئے ایک جھونپڑا بھی مفت نہیں مل سکتا۔ ماں کے پیٹ میں اُسے گھر کی فکر نہ تھی۔ پیدا ہونے کے بعد اُسے کیوں کرایہ‌داری۔ ماتحتی اور مزارعت وغیرہ کی سزائیں دی جا رہی ہیں۔ ان حالات میں میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس بل کو سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد نہ کیا جائے بلکہ اسے فی‌الفور زیر بحث لانا چاہیئے۔ جن لوگوں نے اس بل سے توقعات وابستہ کی ہوئی تھیں وہ اس انتظار کی گھڑیاں گن رہے تھے کہ کب ان کی مرادیں بر آتی ہیں۔ اور غریبوں کی ہمدردی کے دعویدار کب اسکو عملی جامہ پہناتے ہیں۔ اب وہ کیا سمجھینگے۔ یہ کہ پانچ ماہ کے بعد پھر اس معاملہ کو کھٹائی میں ڈالا جا رہا ہے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ اس قسم کے اہم معاملات کو زیر بحث نہ لا کر ہم جو غلطی کرتے ہیں

اسکے مہیب نتائج ہماری معاشرت اور اندرونی نظم و نسق میں تباہی و بربادی کے آثار قریب لا رہے ہیں۔ چونکہ یہ ایک ایسا بل ہے کہ جسکی اہمیت سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ اسلئے آپ اگر اسے فی‌الفور زیر بحث لا کر پاس کر دینگے تو غریب لوگ آپ کو دعائیں دینگے۔ بنا بریں میں یہ گذارش کرونگا کہ اسے سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد نہیں کرنا چاہیئے بلکہ اسے فی‌الفور زیر بحث لانا چاہے۔

چودھری فیض احمد — On a point of order جناب والا۔ رولز کے ماتحت جب کوئی بل سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے تو یہ نہیں ہو سکتا کہ اس پر بحث کرنے کے لئے amendment کے طور پر کوئی تحریک پیش کی جائے۔

Mr. Speaker : What is the point of order ? There is no amendment under discussion at present.

Chaudhri Faiz Ahmed : I will refer to rule 86 (2) (a) which reads thus :—

> "If the member in charge moves that his bill be taken into consideration any member may move as an amendment that the bill be referred to a select committee or be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon by a date to be specified in the motion."

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب تک ایک بل اس امر کے لئے پیش ہی نہیں کیا جا رہا۔

Mr. Speaker : What is the point of order ? Does the honourable member mean that the honourable member on this side cannot speak in opposition of the motion now before the House ?

چودھری فیض احمد — پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ صرف یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسے سیلیکٹ کمیٹی میں دینے کی بجائے اسے public opinion کے لئے مشتہر کیا جائے۔

Mr. Speaker : He is opposing the motion for reference to Select Committee.

خان عبد الستار خان نیازی — تو جناب والا میری تجویز یہ ہے کہ اس کو سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد نہ کیا جائے بلکہ اسکو فی الفور زیر بحث لایا جائے۔

اس بل کی اہمیت کا تقاضا یہ ہے کہ التوا اور کھٹائی کے چکر میں ڈالے بغیر آج ہی زیر بحث لایا جائے۔ اور اس سلسلے میں جو اس قسم کی دقتیں پیش کی جائیں میں سمجھتا ہوں کہ انکے لئے کوئی وجہ جواز نہیں اور اس بل کے محرک کی اس بات میں کوئی وزن نہیں کہ وہ مزید غور کرنا چاہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنے حلقے کے لوگوں کے ساتھ جو اس قسم کے وعدے کئے تھے اس کے غور کے لئے کافی وقت مل چکا

ہے اب غور کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے ۔اب ان وعدوں کو عملی جامہ پہنانا ضروری ہے ۔

Mr. Speaker : The honourable member does not know what promises were made by the mover of the motion.

خان عبدالستار خان نیازی -- ان آبادیوں کے لوگ انتظار کی گھڑیاں گن رہے تھے اور اس بل کے پاس ہونے پر انکی توقعات وابستہ تھیں وہ محسوس کرتے تھے کہ کم از کم انکے مرنے کے بعد کم از کم جہاں قبر کیلئے انہیں زمین ملے گی وہاں زندہ رہتے ہوئے بھی انکو گز بھر زمین رہائش کے لئے مل جائیگی۔ افسوس اس ملک میں ایسے لاکھوں لوگ موجود ہیں جن کے پاس ایک انچ زمین بھی ایسی نہیں کہ جسے وہ اپنی ملکیت کہہ سکیں۔ میں حیران ہوں کہ اس بل کو مزید ایک ماہ کیلئے Select Committee کے سپرد کرنے میں کونسی مصلحت پوشیدہ ہے۔ میں اسے مصلحت کے بجائے مجرمانہ غفلت سمجھتا ہوں اور اس ایوان کے ممبران سے یہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ اسے فرض منصبی سمجھیں اور اس بل کو فی الفور پاس کرا دیں ۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ حکومت کی جانب سے یہ بل پیش ہوتا لیکن بہر حال جس نے پیش کیا ہے ہم اس کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کو آج ہی ایوان میں زیر بحث لایا جائے ۔

چودھری محمد شفیق — (منٹگمری۔نمبر ۳ مسلم ۔مخصوص نشست)— جناب صدر میں جسوقت اس بل کو دیکھتا ہوں اور اسکے ساتھ دوسری طرف اس تجویز کو دیکھتا ہوں کہ اسے Select Committee کے سپرد کیا جائے تو بڑی حیرانی ہوتی ہے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ بل اس ایوان کے اندر صرف ایک Propaganda stunt کے طور پر پیش کیا گیا ہے ۔ زمیندار مجارٹی کا مقصد یہ نہیں تھا کہ اس بل کو فوری طور پر پاس کر دیا جائے ۔ اسمیں جو objects and reasons دئے ہوئے ہیں انکی تکمیل کا مقصد ہرگز نہیں ۔ اس بل میں صرف دو دفعات ہیں ۔ ایک دفعہ تو formal ہے اور دوسری دفعہ میں چار یا پانچ الفاظ ہیں ۔ جن پر یہ بل ختم ہو جاتا ہے ۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ بڑے سے بڑے بل کبھی Select Committee کو نہیں بھیجے گئے مگر ایک دفعہ کے بل کو ایک مہینے کیلئے Select Committee کے سپرد کرنیکی کوشش کیجا رہی ہے ۔ اس سے قطعی طور پر اور کوئی نتیجہ ذہن میں نہیں آتا کہ اسکو در اصل پاس کرنا نہیں چاہتے ۔ ان کے کسی ممبر نے غلطی سے اسے ایوان میں پیش کر دیا ہے ۔ اب اسکو التوا میں ڈالکر لوگوں کو ممنون بھی رکھنا چاہتے ہیں ۔اور انکا کچھ

دینا بھی نہیں چاہتے ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں کہ اسکے objects and reasons میں صاف طور پر لکھا ہوا ہے جو میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"They are owners of malba of their houses only and the sites are owned by the village proprietors."

میں اس بل کا جو مقصد سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ ۱۹۵۰ء کے سیلاب سے ان Mueens کے مکانات گر گئے جو گاؤں کے پروپرائیٹرز کی زمینوں پر آباد تھے اور جسوقت وہ دوبارہ بنانے لگے تو مالکان دہ نے انکو اس چیز سے روکا انہیں جب یہ تکالیف پیش آئیں تو انکی ایک پولیٹیکل پارٹی کی طرف سے یہ بل اس ایوان میں پیش ہوا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس پارٹی کو یہ احساس کرایا گیا کہ غریبوں پر ظلم ہوا ہے ۔ وہ بے گھر ہو چکے ہیں ۔ انکی امداد کی جائے ۔ اگر ایک پولیٹیکل پارٹی کا سیکرٹری (۱۹۵۰ میں وہ سیکرٹری تھے) اس بل کو پیش کرتا ہے تو وہ لازمی طور پر ان Mueens کو relief دینے کی کوشش کرتا ہے جو گاؤں میں رہتے ہیں ۔ دو سال گزرنے کے بعد اب ۱۹۵۲ء کا مئی کا مہینہ شروع ہو گیا ہے ۔ کیا اتنا عرصہ ان لوگوں کے بے گھر رہنے کیلئے کافی نہیں تھا ۔ اگر انکے احساسات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس بل کو پیش کیا تھا تو اس کو سب سے پہلے پاس کر دینا چاہئیے تھا ۔ اگرچہ یہ چیز حکومت کے نوٹس میں اس سے پیشتر ہی آچکی تھی تو اسے دسمبر کے سیشن میں سب سے پہلے پاس کرنا چاہئے تھا۔ کیا اس کیلئے بھی کسی کے انتظار کی ضرورت تھی ۔ Select Committee کی رپورٹ کی ضرورت تھی کہ ان لوگوں کو انکی آبائی زمینیں انہیں واپس دلائی جائیں جہاں وہ پشتہا پشت سے قابض تھے ۔ یہ قرار داد اس بل کے Objects and Reasons کے بالکل متضاد ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مسلم لیگ پارٹی کی طرفسے اس بل کو propaganda stunt کیلئے پیش کیا گیا ہے کیونکہ تقسیم سے ان Mueens کا یہ مطالبہ تھا کہ انکے مکانات پر انہیں حق ملکیت دیا جائے ۔ حکومت وہ وعدہ پورا کرنا نہیں چاہتی ۔ مگر اسکے باوجود اخبارات میں پروپیگنڈا کرانے کیلئے اسے یہاں لایا گیا ہے ۔ اب اسے اس خیال سے Select Committee کے حوالے کیا جا رہا ہے کہ جب واپس آئیگا تو پھر نئے کارنامہ کے طور پر پیش کیا جائیگا ۔ اور پانچ سال گزرنے کے بعد یہ propaganda stunt انکے پاس موجود ہوگا کہ ہمنے یہ بل آپکے لئے پیش کیا تھا ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اس ایوان کو کسی پارٹی کے پراپیگنڈے کیلئے استعمال نہیں کیا جا سکتا ۔ اسے ایک دفعہ کے بل کو فوری طور پر پاس کر دینا چاہئے ۔ ان معروضات کے ساتھ میں آپکی وساطت سے اس ایوان کے سامنے

عرض کرونگا کہ یہ بل اتنا مختصر اور اتنا اہم ہے کہ اسکو اج ہی پاس کر دیا جائے ۔

چوہدری محمد اقبال چیمہ — (سیالکوٹ۔ نمبر ۴ مسلم) جناب والا ۔ آنریبل خان عبدالستار خان صاحب نیازی اور چوہدری محمد شفیق صاحب نے جو یہ فرمایا کہ اس بل کو Select Committee کے سپرد کرنا درست نہیں میں آپ کی وساطت سے انہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ بل ضرور پاس کیا جائیگا۔(تالیاں)۔ اسکی اہمیت کا ہمیں بھی احساس ہے ۔ دیر ہونیکی وجہ یہ ہے کہ اسمیں چند نقائص ہیں جو Select Committee میں بھیجنے سے ہی دور ہو سکتے ہیں جیسا کہ انہوں نے فرمایا یہ بل بہت اہم ہے ۔ اسکی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں۔اسکی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ Select Committee کے سپرد کیا جا رہا ہے تاکہ اسمیں کوئی ایسی خامی نہ رہ جائے جس سے غریبوں کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو۔ اسے کھٹائی میں ڈالنے کا مقصد نہیں ہے ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ سیشن میں یہ بل پاس ہو جائیگا ہم اسے معرض التوا میں ڈالنے کا ارادہ نہیں رکھتے صرف ایک ماہ کے بعد Select Committee کی رپورٹ ملنے پر ہم سب سے پہلے یہ بل پاس کرائینگے ۔ اس بل میں کمزوریاں پیدا کرنیکا سوال نہیں بلکہ مقصد مضبوطی پیدا کرنیکا ہے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That The Punjab Ownership of Village Abadi House Sites Bill be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) Hon'ble Minister of Revenue ;
(2) Malik Qadir Bakhsh ;
(3) Saiyed Ghulam Mustafa Shah Gilani ;
(4) Sardar Mumtaz Ali ;
(5) Chaudhri Muhammad Afzal Cheema ;
(6) Saiyed Shamim Hussain Qadri ;
(7) Rana Ghulam Sabir, and
(8) The mover;

with instructions to report within one month. The quorum of the Select Committee to be three.

The motion was carried.

EDUCATION (CONTROL OF PRIVATE INSTITUTIONS) BILL

Begum Zeenat Fida Hassan (Muslim Women, Rawalpindi City): Sir, before I move my motion, I seek your permission under rule 55 of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure, to amend it to the extent that the quorum of the Select Committee may be 4 instead of 6 as stated in it.

Mr. Speaker : Permission is given to do that.

Begum Zeenat Fida Hassan : I beg to move —

That the Punjab Education (Control of Private Institutions) Bill be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) Hon'ble Minister of Education,
(2) Begum Jahan Ara Shahnawaz ;
(3) Khudeja Begum G. A. Khan;
(4) Mir Abdul Qayyum,
(5) Mr. Abdul Waheed Khan;
(6) Mian Muhammad Shafi ;
(7) Chaudhri Fazal Elahi ;
(8) Mr. Ahmad Saeed Kirmani ;
(9) Chaudhri Zafarullah Khan;
(10) Mr. Abu Saeed Enver;

with instructions to report within one month. The quorum of the Select Committee will be four.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the Punjab Education (Control of Private Institutions) Bill be referred to a Select Committee consisting of the following :

(1) Hon'ble Minister of Education ; —
(2) Begum Jahan Ara Shahnawaz ; —
(3) Khudeja Begum G. A. Khan ;
(4) Mir Abdul Qayyum ;
(5) Mr. Abdul Waheed Khan ;
(6) Mian Muhammad Shafi ;
(7) Chaudhri Fazal Elahi ;
(8) Mr. Ahmad Saeed Kirmani ;
(9) Chaudhri Zafrullah Khan ;
(10) Mr. Abu Saeed Enver ;

with instructions to report within one month. The quorum of the Select Committee will be four.

بیگم رشیدہ لطیف باجی— (اندرون لاہور مسلم زنانہ)

جناب والا میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں -

That the Punjab Education (Control of Private Institutions) Bill be circulated for eliciting public opinion thereon till the 31st of October 1952.

جناب صدر- میں نے جو تحریک آپکے سامنے پیش کی ہے اسکا مقصد صرف یہ ہے کہ چونکہ اس بل کا اثر پبلک پر ہوتا ہے - اسلئے یہ نہایت ضروری ہے کہ اسمبلی اسے Public Opinion حاصل کرنے کیلئے مشتہر کرے-میں آپ کی وساطت اور اجازت سے آنریبل وزیر تعلیم سے چند سوالات کرتی ہوں-میں ان سے پوچھتی ہوں کہ کیا یہ بل تعلیم کیلئے مفید ثابت ہوگا یا غیر مفید ؟ کیا اس سے تعلیم کو ترقی ہوگی یا تنزل ؟ کیا وہ ایمانداری سے مجھے بتا سکتے ہیں آیا وہ سارے غیر سرکاری اداروں کو اپنی تحویل میں لینے کیلئے تیار ہیں ؟ اگر وہ تیار ہوں تو کیا پبلک ان اداروں کو چھوڑنے کیلئے تیار ہے ؟ کیا حکومت ان سب اداروں کو اپنی تحویل میں لے کر ان کی موجودہ حالت کو بہتر بنانے کے قابل ہے ؟ میں حیران ہوں اور مجھے اس بات پر تعجب ہے کہ آنریبل وزیر تعلیم نے باوجود اتنی قابلیت کے اس بل کو پیش کرنے کی اجازت کیسے دیدی - انہوں نے اس بل کو پیش کرنے کی اجازت دیکر اس صوبے کے تعلیمی نظام کی جڑوں پر کلہاڑا چلانے کی کوشش کی ہے - میں سمجھتی ہوں یہ بل ان لوگوں کے

حق میں نہایت غیر مفید ثابت ہوگا جو اسوقت اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کا بڑا جوش رکھتے ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ West Punjab Education Code جسے ۱۹۴۹ء میں revise کیا گیا تھا ۔ اسمیں کونسی ایسی چیز تھی ۔ کونسی کمی اور خامی تھی جسکی بنا پر محرکہ کو یہ بل اس ایوان میں پیش کرنیکی ضرورت محسوس ہوئی ۔ ذرا اس Code کا رول نمبر ۲۳۲ ملاحظہ فرمائیے ۔ اسمیں لکھا ہے کہ جب کوئی غیر سرکاری ادارہ الحاق کرنا چاہے تو اس کیلئے کچھ شرائط ہیں ۔ یعنی یہ کہ سب سے پہلے اسکے لئے ایک بورڈ بنائے جو اس ادارے کے استادوں کی چھ ماہ کی تنخواہیں بنک میں جمع کرائے اور اسے بنک سے وہ رقم نکالنے کی اسوقت تک اجازت نہ ہو جبتک انسپکٹر صاحب اسکی اجازت نہ دیدیں ۔ پھر اسکے لئے بلڈنگ ہو اور اس میں ضرورت کے مطابق فرنیچر اور دوسری چیزیں بھی ہوں علاوہ ازیں وہ محکمہ تعلیم کے بنائے ہوئے قواعد و ضوابط کا پابند ہو اور ان کے مطابق اپنے رجسٹر وغیرہ رکھتا ہو ۔ محکمہ تعلیم کے مقرر کردہ نصاب پڑھاتا ہو اور ہر طرح سے اس رول کے منشا کو پورا کرتا ہو ۔ اس میں اب دو تین چیزوں کا اضافہ کیا گیا ہے جو ہماری تعلیم کے لئے نہایت مفید ہونگی ۔

جناب والا ۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ انگریز بھی اپنے عہد حکومت میں چاہتا تھا کہ اس ملک کے لوگ تعلیم حاصل کریں اور اس مقصد کیلئے حکومت کی طرف سے مناسب سہولتیں بہم پہنچائی جاتی تھیں ۔ اگر کوئی پرائیویٹ ادارہ خوش اسلوبی سے اپنا کام چلاتا تھا تو اس پر کسی قسم کی پابندی نہ ہوتی تھی اور اس سے کوئی لگان وغیرہ یا جرمانے وصول نہ کئے جاتے تھے ۔ اس چیز میں حکومت کی طرف سے کوئی تغیر تبدل نہیں کیا گیا ۔ انگریز کے زمانے میں اگر کوئی ادارہ الحاق نہ کرتا تھا ۔ تو اسپر عتاب نہ ہوتا تھا کہ اس سکول کو توڑ دیا جائے یا اس کیلئے سزائیں اور جرمانے مقرر کئے جائیں ۔ یعنی یہ کہ اگر وہ دس لڑکوں کو پڑھائے تو پچاس روپے جرمانہ ادا کرے اور اگر زیادہ لڑکوں کو پڑھاتا ہو تو اس سے زیادہ جرمانہ ادا کرے ۔ اور اگر وہ اتنا ادا نہ کر سکے تو اسپر مزید پھندا ڈالکر اسکی جائیداد وغیرہ ۔ اگر کوئی ہو تو قرق کر لی جائے ۔ یہ پابندیاں تو انگریز نے بھی جو ظالم اور جابر حکمران تھا کبھی عائد نہ کی تھیں ۔ جو آج میری بہن آنریبل ممبر عائد کرنا چاہتی ہیں ۔ کیا وہ ایمانداری سے بتا سکتی ہیں کہ یہ پابندیاں کسی صورت میں تعلیم کے لئے مفید ثابت ہو سکتی ہیں ؟ کسقدر افسوس کا مقام ہے کہ میری بہن نے یہ بل پیش کر کے آنریبل وزیر تعلیم کو جو نیک نام شخص ہیں ۔ خواہ مخواہ بدنامی

کا دھبہ لگانے کی کوشش کی ہے - میں آنریبل وزیر تعلیم سے پوچھنا چاہتی ہوں - کیا آپ یہ بل پاس کر کے اور Public Opinion نہ لے کر مجوزہ پابندیاں عائد کر کے تمام پرائیویٹ ادارے خود چلا سکتے ہیں - کیا وہ سکول جو ٹوٹ جائینگے آپ ان کی بجائے نئے تعلیمی ادارے کھولنے کے قابل ہیں - میں آپ کے سامنے ایک مثال پیش کرتی ہوں - نکلسن روڈ پر کارپوریشن کا ایک سکول ہے - وہ داخل شدہ بچوں سے بھرا پڑا ہے اور اس میں مزید داخلے کی گنجائش نہیں - پاس ہی ایک درخت کے سائے میں ایک شخص کوئی سو کے قریب بچے لئے بیٹھا ہے - آپ کے اس بل کے مطابق اسپر پابندی عائد ہو جانے سے وہ بچے جو بازار میں گلی ڈنڈا کھیلا کرتے تھے اور اب اس شخص کے پاس تعلیم حاصل کرتے ہیں - تعلیم سے محروم ہو جائینگے - میں سمجھتی ہوں کہ اس بل سے تعلیم کی حالت سدھرنے کی بجائے زیادہ خراب ہو جائیگی - میں آپ کے سامنے مثال کے طور پر صوبہ کے دارالحکومت کے سرکاری تعلیمی اداروں کو لیتی ہوں - یہاں لے دے کے لڑکوں کیلئے سنٹرل ماڈل سکول اور لڑکیوں کیلئے دو ایک سرکاری سکول ہیں - اسی طرح ایک کالج لڑکوں کیلئے اور ایک لڑکیوں کیلئے - ان کے علاوہ جتنے تعلیمی ادارے ہیں وہ سب پرائیویٹ ہیں - آپ اپنے تعلیمی اداروں کے طلباء کی تعداد کو دیکھیں اور اس کے ساتھ پرائیویٹ اداروں کے طلبا کی تعداد کا مقابلہ کریں - آپ سنٹرل ماڈل سکول کی حالت کو لیں جہاں درجہ بدرجہ تعلیم دی جاتی ہے - وہاں Kindergarten Class میں اس سال داخلے کے لئے سات سو فارم دئے گئے مگر صرف چھتیس بچے لئے گئے - جن میں چھبیس لڑکے تھے اور دس لڑکیاں اور باقی چھ سو چونسٹھ reject کر دئے گئے - میں ایوان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں کہ یہ ۶۶۴ بچے آخر کہاں تعلیم پائینگے - ان کیلئے پرائیویٹ اداروں کے سوا اور جگہ ہی کونسی ہے - میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرتی ہوں کہ Education Code میں ہر قسم کے قواعد موجود ہیں - ان کے ہوتے ہوئے مزید کسی بل کی ضرورت نہیں رہ جاتی - اگر پنجاب گورنمنٹ واقعی کوئی قدم اٹھانا چاہتی تھی اور ان اداروں کی حالت بہتر بنانا چاہتی تھی تو خود ایک بل کے ذریعے مصلحتاً ایسی پابندیاں عائد کرتی جو تعلیم کے راستے میں کسی طرح حائل نہ ہونے پاتیں - ان اداروں کے منتظمین کو قید و بند - جرمانے اور تاوان کی سزائیں دینا ہر گز قرین مصلحت نہیں - اس بل میں اگر کوئی مفید بات ہوتی جو Education Code میں موجود نہ ہوتی اور جس سے تعلیمی ماحول بہتر ہو جانیکی امید ہوتی - تو ہمیں اسپر کوئی اعتراض

نہ ہوتا ۔ میں نے تو اسمیں کوئی خاص بات نہیں دیکھی ۔ یہ عجیب بات ہے کہ مدد امداد کی تو حکومت کو توفیق نہیں ۔ الٹا پابندیاں لگانی شروع کر دی ہیں ۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ دیگ کوئی پکائے اور اسمیں چمچہ خواہ مخواہ کوئی دوسرا پھیرنا شروع کر دے ۔ اس چیز پر آپ ذرا ٹھنڈے دل سے غور کریں کہ نہ تو آپ ان اداروں پر کوئی مروت یا احسان کر رہے ہیں اور نہ ہی ان کی کوئی امداد ۔ الٹا ان کو توڑنے اور بند کرانے کے درپے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس بل کے متعلق یہ بھی کہا گیا کہ یہ اس لئے لایا گیا ہے تاکہ ان لوگوں کو جو پرائیویٹ اداروں سے منافع خوری کرتے ہیں ۔ اور انہیں روپیہ کمانے کا ذریعہ بناتے ہیں ۔ ایسا کرنے سے روکا جائے ۔ میں کہتی ہوں کہ جو شخص محنت کرتا ہے ۔ دوسروں کو فائدہ پہنچاتا ہے ۔ کیا اسے اس محنت کیلئے اپنا پیٹ پالنے کی بھی اجازت نہیں ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ حکومت ہر سال لاکھوں اور کروڑوں روپے تعلیم پر خرچ کرتی ہے مگر پھر بھی خاطر خواہ تعلیم کا انتظام نہیں کر سکتی ۔ پھر وہ ادارے جنکو حکومت مالی امداد بہم پہنچاتی ہے ان کی حالت بھی ملاحظہ ہو۔ پنجاب یونیورسٹی کے بجٹ میں کسقدر خسارہ ہے ۔ انجمن حمایت اسلام لاکھوں روپے کے قرضے تلے دبی ہوئی ہے ۔ میں یہ کہتی ہوں کہ آپ دور کیوں جاتے ہیں ۔ انجمن حمایت اسلام کے کار پردازوں کو چاہئیے کہ وہ اپنے تمام ادارے حکومت کے سر تھوپیں اور اسے کہیں کہ ان کو اپنے خرچ سے چلاؤ ۔

جو امداد حکومت ہم کو دے رہی ہے وہ بھی خود رکھے اور ہم جو اسکے علاوہ امداد کر سکینگے وہ بھی ہم حکومت کو دینگے ۔ چلئیے حکومت ہی سب سکولوں کا انتظام سنبھال کر انکو چلائے ۔ ذرا کارپورشن کے سکولوں کی موجودہ حالت کا اندازہ بھی کرلیجئے ۔ میں ڈسٹرکٹ بورڈ سکولوں کا ذکر بعد میں کرونگی ۔ اول تو ان سکولوں میں جگہ ہی نہیں مکانات ہی نہیں پھر اساتذہ کی کمی ہے ۔ پڑھائی کیا ہوگی ؟ خاک ؟ وزیر تعلیم نے ابھی اسطرف خیال نہیں فرمایا ۔ ان سکولوں میں کہیں ہیڈ ماسٹر نہیں کہیں ہیڈ مسٹرس نہیں کہیں پر چھوٹے درجے کے اساتذہ نہیں کہیں پر دھوپ سے بچنے کا سامان نہیں اور کسی جگہ سردی سے بچاؤ کی کوئی صورت نہیں ۔ آنریبل وزیر کے مرتبہ کے لوگوں کو قوم کے بچوں کی حالت زار کا کیا پتہ چلے ۔ ان کے لڑکے یا تو سرد خانوں میں تعلیم پاتے ہیں یا پہاڑ پر جاکر پڑھتے ہیں مگر مصیبت تو قوم کے عام طبقے کو در پیش آ رہی ہے جن کے بچے جلتی دھوپ میں تپتی ہوئی زمین پر ننگے پاؤں

چلتے ھیں اور سروں پر سلیٹیں یا تختیاں رکھکر شدت کی گرمی سے بچنے کی ناکام کوشش کرتے ھوئے سکول جاتے ھیں اور سکول سے واپس آتے ھیں اور جب سکول میں پہنچتے ھیں تو وھاں پہنچ کر بھی نیم چھتے سکولوں میں گرمی کی شدت سے نہیں بچ سکتے ایسی حالت میں انکی تعلیم کیا ھو سکتی ھے ؟ مگر پھر بھی قومی سکولوں کی حالت ان نیم سرکاری سکولوں سے بدرجہا بہتر ھے سرکاری اساتذہ تو بس تنخواہ کے طلبگار ھوتے ھیں مگر قومی سکولوں کے اساتذہ دن میں پورے بارہ بارہ گھنٹے کام کراتے ھیں اور بچوں کے والدین ھر وقت جا کر استادوں سے اپنے بچوں کی تعلیمی اور اخلاقی حالت کا پتہ کر سکتے ھیں مگر سرکاری مدارس میں اول تو کوئی جا ھی نہیں سکتا اور اگر جائے بھی تو میں چیلنج دے کر کہتی ھوں کہ قومی مدرسوں کے مقابلے میں سرکاری سکولوں میں بچوں کی تعلیمی پستی اور اخلاقی پستی دیکھکر خون کے آنسو روئیگا ۔ قومی مدرسوں میں صبح چھ بجے سے لیکر شام کے چھ بجے تک متواتر کام ھوتا رھتا ھے یعنی اگر اساتذہ کم ھیں تو وہ صبح و شام دو وقت کام کر کے بچوں کو تعلیم دیتے ھیں ۔ مگر سرکاری سکولوں میں جہاں ماسٹر نہ ھوں بچوں کی تعلیم کا کسی کو فکر نہیں ھوتا ۔ آپ ھمارے سکولوں کو کارپوریشن کے انتظام میں دے دیں ھم اپنی aid بھی انکو دیدینگے اور مزید چندہ بھی اکٹھا کر کے دیا کرینگے مگر کوئی واضح اور جرات مندانہ قدم تو اٹھائیں ۔ ایک طرف تو آپ خود کوئی بہتر انتظام نہیں کرتے اور ھزاروں طالبعلم داخلے کو ترستے رھتے ھیں دوسری طرف اگر قوم کے بعض فرض شناس طبقوں نے پرائیویٹ سکول کھولے ھیں ۔ تو آپ اس بل کا کلہاڑا لیکر ان کے پیچھے پڑ گئے ھیں اور انکی گردنوں میں موجودہ بل کا پھندا ڈال رھے ھیں تا کہ وہ بھی کام نہ کر سکیں میں نے ابھی کہا تھا کہ جن غریب والدین کے بچے ننگے پاؤں اور ننگے سر دھوپ میں سکول آتے جاتے سروں پر سلیٹیں اور تختیاں رکھکر چلتے ھیں انکے پاس سرکاری سکولوں کے بھاری اخراجات برداشت کرنیکی طاقت کہاں ھے وہ تو مفلس اور نادار ھیں اچھے کپڑے اور بھاری فیس کی رقم ان کے پاس نہیں ھوتی جن امیر لوگوں کے بچے سرد خانوں میں یا پہاڑوں پر جا کر تعلیم حاصل کرتے ھیں انکو غریب لوگوں کے بچوں کی تکالیف کا احساس ھو تو کسطرح ھو ؟ مگر افسوس ھے کہ مہاجروں کی ھمت کی داد دینے کی بجائے جنھوں نے یہاں آ کر اتنے سکول چلائے ھیں آپ انکو چور ڈاکو اور لوٹنے کھسوٹنے والے کہتے ھیں اس بل میں انکو ناجائز منافع خور ظاھر کیا جا رھا ھے ۔ مجھے تو آپ کے اس رویے پر اتنی شرم

آتی ہے کہ میں یہاں بیان نہیں کر سکتی ۔ وہ مہاجر جو پاکستان کی خاطر لٹ پٹ کر آئے ہزارہا قسم کی قربانیاں کر کے آئے جو لاکھوں روپے کی جائدادیں لٹا کر آئے آج آپ ان کو چور اور لٹیرے کہتے ہیں حالانکہ جن سکولوں کو آپ چلانے سے قاصر تھے ان سکولوں کو انہوں نے چلایا اور آپکے بچوں کو تعلیم دی ۔ آپکے سنٹرل ماڈل سکول کا تو یہ حال ہے کہ وہاں پانچ چھ سو امیدوار طالبعلموں میں سے صرف ۲۶ بچے داخل کئے جاتے ہیں تو فرمائیے باقی کے چار پانچ صد بچے کہاں تعلیم حاصل کریں ؟ انہی بچوں کی تعلیمی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے مہاجروں نے جگہ بہ جگہ سکول کھولے ہیں گورنمنٹ تو سرکاری نصاب کے ذریعے آئندہ نسل کو اپنی خیالی زنجیروں میں جکڑنا چاہتی ہے مگر قومی مدرسے ان میں حریت کی روح پھونکتے ہیں اور پاکستان کو مستحکم کرنیکا جذبہ پیدا کرتے ہیں ماضی میں بھی اسی قسم کے قومی اداروں نے قوم کو زندہ کیا ہے اور زیور علم سے مزین کیا ہے ۔ مگر یہ ادارے خود گونا گوں مالی مشکلات میں گرفتار رہتے ہیں ۔ جناب والا کو ذاتی علم ہے کہ انجمن حمایت اسلام لاہور جو آپ کے زیر سر پرستی قوم و ملت کی نہایت اعلیٰ خدمت سر انجام دے رہی ہے کسقدر مالی پریشانیوں میں مبتلا ہے اور قرضے کی زیر بار ہو چکی ہے۔ اس سے آپ دیگر قومی سکولوں کی مالی پریشانیوں کا اندازہ کر لیجئے ۔ مگر حکومت اب ان قومی اداروں کی مالی پریشانیوں میں اور اضافہ کرنا چاہتی ہے اور بعض کوتاہیوں کے لئے سزائے جرمانہ تجویز کر رہی ہے جو پانچ سو روپے تک ہو سکتا ہے ۔ مجھے اندیشہ ہے کہ یہاں تو جرمانہ پانچ سو ہی ہے مگر سیلیکٹ کمیٹی میں ہزار ہو جائیگا ۔ وہ کہیں گے کہ ان لوگوں کو زور سے دباؤ ۔ اور پھر طرہ یہ ہے کہ اس کمیٹی میں آپوزیشن کا کوئی ممبر نہیں لیا گیا ۔ یہ لوگوں کی آزادی کو کچلنے کیلئے کیا جا رہا ہے ۔ جو لوگ ان کے پھندے میں نہیں پھنستے اس بل کے ذریعہ انکو پھنسانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ یہ ان سکولوں پر کلہاڑا چلانا چاہتے ہیں جو ان کے پھندے میں نہیں ہیں ۔ ان پر دباؤ ڈالینگے اور جب وہ منت سماجت کرینگے تو کہینگے کہ اچھا تمہیں چھوڑ دیتے ہیں لیکن ووٹ ہمیں دو ۔ اور جسطرح یہ کہینگے اسی طرح وہ کرینگے ۔ ورنہ اس چیز کا مقصد کیا ہے کہ جسکے پاس دس بچے بھی پڑھتے ہوں اسپر بھی پچاس روپے یومیہ جرمانہ کیا جائے ۔ لوگ استدعا کرتے ہیں کہ خدا کیلئے ہمارے سکولوں کو recognise کرو ۔ لیکن انکو recognise نہیں کیا جاتا اسکی دو تین ذاتی وجوہات ہیں۔ ورنہ انکی پڑھائی یقیناً اچھی ہوتی ہے ۔

صاحب سپیکر — گورنمنٹ کی پالیسی اس بارے میں کہ وہ پرائیویٹ سکولوں کو لے یا نہ لے ، زیر بحث نہیں ہے -

باجی رشیدہ لطیف — یہ گورنمنٹ کا بل ہے -

صاحب سپیکر — یہ پرائیویٹ بل ہے یہ ہاؤس کے ایک رکن کیطرف سے پیش ہوا ہے -

باجی رشیدہ لطیف— میں یہ عرض کرنے چاہتی ہوں کہ . . . .

صاحب سپیکر — آپ جو چاہیں فرمائیں لیکن گورنمنٹ کی پالیسی اسوقت زیر بحث نہیں ہے -

باجی رشیدہ لطیف— تو پھر گورنمنٹ کے ممبروں کو ہمارے ساتھ ووٹ کرنا چاہئے - مگر یہ تو سب کچھ گورنمنٹ کے ایما پر ہو رہا ہے -

صاحب سپیکر — ہر ایک ممبر کو یہ حق ہے کہ وہ جسطرف چاہے ووٹ کرے -

باجی رشیدہ لطیف — وہ دل سے تو ہماری تائید کرتے ہیں مگر مجبور ہیں -

صاحب سپیکر — آپ ان کو اپیل کریں -

باجی رشیدہ لطیف — انکی زبانوں پر مہر لگی ہے وہ ایک پھندے میں پھنسے ہوئے ہیں پھر بھی میں ان سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ میری بات کو مان لیں اور میری التجا کو قبول کریں کہ یہ بل نہایت غیر ضروری ہے یہ ہمیں قطعاً ترقی کی راہ پر نہیں لے جاتا - بلکہ اسکے راستے میں ایک رکاوٹ کا باعث ہوگا - اور اسے پبلک کے پاس اسکی رائے دریافت کرنے کیلئے جانا چاہئے اور سیلیکٹ کمیٹی میں نہیں جانا چاہئے - پبلک کی رائے جو میرے پاس آ چکی ہے وہ یہ ہے کہ یہ بل کسی صورت میں مفید ثابت نہیں ہوگا - اور مجھے پبلک کی رائے کا بہتر علم ہے کیونکہ میں پبلک میں کام کرتی ہوں لوگ میرے پاس آتے ہیں اور میں انکی رائے جانتی ہوں -

صاحب سپیکر — اگر آپ کی تجویز منظور ہو گئی تو پبلک ضرور اس پر رائے دے گی -

باجی رشیدہ لطیف— میں یہ کہتی ہوں کہ پہلے آپ اس پر پبلک کی رائے لیں اور پھر اپنی رائے دیں۔ اس سے پیشتر ناموں کی فہرست پیش کرنا بے معنی ہے۔ انصاف پسندی اسی میں ہے کہ پبلک کی رائے لی جائے۔ اب میں آپ کو بتاتی ہوں کہ یہ بل کہاں تک مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

صاحب سپیکر— وہ موقع پھر آئیگا۔

Sheikh Zafar Hussain: On a point of order. Mian Abdul Bari is prompting the hon'ble lady member.

Mr. Speaker : The point of order is overruled.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Is that not a frivolous remark made by the hon'ble member ?

Mr. Speaker : A ruling has already been given by the Chair.

باجی رشیدہ لطیف — جناب والا۔ میں بھی کچھ دماغ رکھتی ہوں میں اسمبلی کی نو سال تک ممبر رہ چکی ہوں۔ اور مجھے حق پہنچتا ہے کہ میں پبلک کی ترجمانی کروں میں پبلک کی طرف سے انکو اس بل کی غلطیوں کا احساس دلانا چاہتی ہوں۔

صاحب سپیکر— آپ مہربانی کر کے بل کی خرابیاں اور اسکے نقائص بیان نہ کیجئے۔ وجوہات بیان کیجئے کہ کیوں اسے عوام میں مشتہر کیا جائے۔

باجی رشیدہ لطیف— میں یہ کہتی ہوں کہ جب تک یہ مشتہر نہ ہوگا۔ پبلک اسکو کس طرح جان سکتی ہے۔ اس کی خرابیوں کو کیسے جان سکتی ہے۔ اور اگر اسے پبلک میں مشتہر نہ کیا گیا اور زبردستی اس پر ٹھونس دیا گیا اور اسے اکثریت کے بل بوتے پر پاس کر کے انضباط کا پھندا اس کے گلے میں ڈال دیا گیا۔ تو اچھا نہ ہوگا۔ حکومتیں اندھی ہوتی ہیں۔ بہری ہوتی ہیں۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم انکو راستہ دکھائیں۔ انکے کان میں پچکاری کریں۔ اور انکی آنکھوں کے سامنے سے پردہ ہٹائیں۔

صاحب سپیکر— میں کہہ چکا ہوں کہ یہ حکومت کا بل نہیں ہے اسلئے حکومت کی پالیسی زیر بحث نہیں آ سکتی۔

باجی رشیدہ لطیف— میں آپ کی وساطت سے کہتی ہوں کہ حکومت اگر اس بل کو support نہیں کر رہی تو میری تجویز کو مانے۔

صاحب سپیکر — آپ اپیل کریں

باجی رشیدہ لطیف — میں اپیل کرتی ہوں اور خصوصاً وزیر تعلیم کی خدمت میں کہ یہ بل انکی نیک نامی پر حرف لا رہا ہے۔ اسلئے انکو اس سے بچنا چاہئے۔ اس بل کی تو وہ مثال ہے کہ نہ کرینگے نہ کرنے دینگے۔

خود تو کچھ کرنے سے رہے - مدرسے بنانے سے رہے - لوگوں کے سکولوں کو اپنی تحویل میں لینے سے رہے - نئے سکول جاری کرنے سے رہے - اور جو جاری ہیں انکے گلے میں پھندا ڈال رہے ہیں - میں کہتی ہوں کہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ بل پبلک کیلئے مفید ہے تو اسے پبلک کے پاس جانے دیجئے اسکو چور دروازے سے کیوں پاس کیا جا رہا ہے -

صاحب سپیکر— یہ تو آپ کئی دفعہ فرما چکی ہیں -

باجی رشیدہ لطیف— بار بار اپیل کرنے سے شاید انکو شرم آجائے (قہقہہ) -

صاحب سپیکر — ایک ہی بات کی تکرار میں وقت صرف نہ کیجئے -

باجی رشیدہ لطیف — میں تابع فرمان ہوں میں عرض کروں گی کہ آپ کو بھی اس امر کا احساس ہوگا کیونکہ آپ نے بھی ساری عمر خدمت کی ہے .....

صاحب سپیکر— آپ میری طرف اشارہ نہ کریں -

باجی رشیدہ لطیف— میرے دل میں آپ کی عزت اور احترام ہے -

صاحب سپیکر— لیکن اسکے اظہار کی ضرورت نہیں ہے -

باجی رشیدہ لطیف — جناب والا - میں یہ عرض کرونگی کہ مجھے پبلک کی ترجمانی کرنے کا حق حاصل ہے - اور آپ کی وساطت سے ممبران کی خدمت میں اور حکومت کی خدمت میں عرض کروں گی - کہ اس بل کو پبلک کی رائے لینے کیلئے ضرور مشتہر کیا جائے -

صاحب سپیکر — آپ یہی بات چھ مرتبہ کہہ چکی ہیں -

باجی رشیدہ لطیف — بہت بہتر جناب - میں اب کوئی نئی بات عرض کرتی ہوں -

صاحب سپیکر— نئی باتیں کہئیے - بار بار وہی باتیں نہ دہرائیے -

باجی رشیدہ لطیف— جناب والا - میں آپکی وساطت سے وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کروں گی کہ وہ اس بل کے متعلق ضرور کچھ ارشاد فرمائیں کیونکہ انکا تعلق براہ راست اس بل کے ساتھ ہے ایمانداری تو یہ ہے کہ اس ہاؤس کے اندر جو بل پیش ہوا ہے اگر وہ پاس ہو گیا تو وزیر تعلیم صاحب کے دفتر میں براہ راست جائے گا - یہ بعد کی باتیں ہیں کہ آیا یہ بل مفید ہے یا نہیں اور آیا پبلک کی خواہش

ہے کہ یہ سیلیکٹ کمیٹی کے پاس جائے یا نہ جائے۔ یا پبلک کی کیا رائے ہے۔ کیونکہ یہ نہایت ضروری ہے۔ جناب عالی میں جانتی ہوں کہ اس کا مقصد محکمانہ طرز پر احکام جاری کر کے پرائیویٹ اداروں پر انضباط کا پھندا ڈالنا اور اُن کی پشت پر ڈنڈہ لگانا ہے۔

صاحب سپیکر— یہ بل سرکاری نہیں ہے اور گورنمنٹ کے پاس یہ بل اس وقت جائے گا۔ جب آپ اسے پاس کر دینگے۔ آپ دس دفعہ یہ باتیں کہہ چکی ہیں۔

باجی رشیدہ لطیف— جناب والا۔ میں جانتی ہوں کہ پبلک کی رائے نہیں لی جاتی۔ اسی لئے تو پبلک نالاں ہے۔

صاحب سپیکر— آپ دس مرتبہ اس بات کو کہہ چکی ہیں۔ اب گیارھویں مرتبہ کہنے کی ضرورت نہیں۔

35	Loans to Municipalities and Advances to Cultivators.	10	..	10
	GRAND TOTAL ..	4,47,62,050	10,49,560	4,58,11,610

LAHORE
The 15th March 1952

I. I. CHUNDRIGAR
Governor of the Punjab

AGRICULTURAL INCOME-TAX (AMENDMENT) BILL

Mr. Speaker : When the House adjourned on Thursday Chaudhri Muhammad Shafiq was discussing Clause No. 5.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳مسلم مخصوص نشست) — جناب والا۔ میں وجوہات پیش کر رہا تھا کہ اس سب کلاز میں سے جو آخری الفاظ Whether as allottee or otherwise ہیں ان کو اڑا دیا جائے۔ جو بات میں نے ایوان کے اندر کہی تھی وہ شاید اُس وقت آنریبل وزیر کی سمجھ میں نہیں آئی اور اب انہوں نے سوچ لیا ہوگا۔ اس لئے اگر آنریبل وزیر مال دو منٹ کے لئے میری طرف متوجہ ہو جائیں تو میں اپنی تقریر کو مختصر کر دونگا اور جلدی ختم کر دونگا۔

ایک آنریبل ممبر — آپ فرمائیے۔ ان کے کان آپ کی طرف ہیں۔

چودھری محمد شفیق — ہاں آپکی وساطت سے کیا۔اب انہوں نے اس مسئلہ کو سوچ لیا ہوگا کہ واقعی وہ ترمیم جو میں نے پیش کی ہے اس سے مہاجرین پر دوہرا بار پڑنے کا اندیشہ نہیں ہے۔ ان حالات میں آپ کی وساطت سے میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ وہ میری ترمیم کو منظور فرما لیں اور اس distinction کو جو مہاجرین کے ساتھ روا رکھی جا رہی ہے اور جو مزید بار ان پر ڈالا جا رہا ہے کو اڑانے کی کوشش کریں۔ورنہ یہ نا انصافی پر مبنی ہوگا۔ اس کی منظوری

سے حکومت کو قطعاً کوئی نقصان نہیں ہوگا کیونکہ وہ تو ایگریکلچرل انکم ٹیکس evacuees سے وصول کر ہی لینگے ان معروضات کے ساتھ میں ان سے ایک دفعہ پھر اپیل کرتا ہوں کہ مہاجرین پر اس سختی کا بار اس ترمیم کے ذریعہ سے نرم کرنے کی کوشش کریں۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :—

That in clause 5 sub section (2) of proposed section 5-A of the said Act, for the words "whether as allottee or otherwise" the words "as such" be substituted.

چودھری فضل الٰہی (گجرات نمبر ۷ مسلم) — حضور والا۔ کلاز نمبر ۵ کے ضمن نمبر ۲ کے الفاظ یہ ہیں—

"The allottee shall be assessed on the basis of the total land revenue payable by him, whether as allottee or otherwise."

تو اس کلاز کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی الاٹی کو اس پاکستان میں زمین permanent provisional settlement کے مطابق ملی ہے تو اس کو Agricultural Income-tax لگے گا۔ اس زمین کے مالیہ کو ملاحظ کرتے ہوئے کہ پاکستان میں کونسی ایسی اراضی ہے جس پر وہ مالیہ ادا کرتے ہیں اس مالیہ کو بھی اس میں شامل کرتے ہوئے انکم ٹیکس لگیگا۔ میرے فاضل دوست نے اس کے متعلق یہ کہا ہے کہ یہ مہاجرین کے ساتھ ایک بے انصافی ہوگی حالانکہ اس ترمیم کو جب ہم پڑھتے ہیں تو اس میں جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اپ صرف یہ چاہتے ہیں کہ الاٹی کو جو زمین پاکستان میں ملی ہے۔ اس سے الگ ہے۔ جو اُس کے پاس تقسیم سے پہلے پاکستان میں تھی جس کا وہ مالیہ ادا کرتا ہے تو اس مالیہ ادا کرنے والی زمین سے انکم ٹیکس اس حساب سے خارج کیا جائے اگر ان کی یہ ترمیم آئی ہے کہ پہلے انکم ٹیکس لگانا درست ہے جو اب اس پر نہیں لگایا جائے گا۔ تو بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مہاجرین کے ساتھ کچھ تھوڑی سی ہمدردی کا اظہار کر رہے ہیں۔ لیکن وہ تو کہتے ہیں کہ مہاجرین کی الاٹمنٹ پر انکم ٹیکس لگایا جائے۔ پہلے جو زمین مہاجرین کے پاس تھی اس پر انکم ٹیکس نہ لگایا جائے۔ دعویٰ یہ کرتے ہیں کہ وہ مہاجرین کے ہمدرد ہیں اور مہاجرین کو inequality سے بچانا چاہتے ہیں۔ حالانکہ ترمیم کی منشا الٹی نظر آتی ہے نیز انہوں نے کہا ہے کہ مہاجرین کے لئے ہم ایسی کلاز اختیار کرنا چاہتے ہیں جو بالکل انصاف پر مبنی ہو۔ اس ضمن میں انہوں نے جو دلائل دئیے ہیں ان میں سے چند ایک ایسے ہیں جو میں آپ کے سامنے عرض کرتا ہوں۔ وہ یہ ہیں کہ وہ مہاجرین اور لوکل کے درمیان فرق کرتے ہیں حالانکہ مہاجرین اور لوکل کے درمیان کوئی distinction نہیں ہے۔ جتنا ٹیکس

مہاجرین ادا کرتے ہیں اتنا ہی لوکل زمیندار ادا کرتے ہیں اور اگر فیصلہ زیادہ کا ہوا تو مہاجرین اور لوکل کے ساتھ بالکل مساویانہ سلوک جو اس بل میں روا رکھا گیا ہے کیا جائے گا۔ لیکن اگر ترمیم تسلیم کی گئی تو ظاہر ہے کہ وہ خود اس قسم کی کلاس distinction پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ (قطع کلامیاں)۔

Mr. Speaker : Please go on.

چودھری فضل الٰہی — پھر دوسرے دلائل جو انہوں نے پیش کئے ہیں۔ وہ یہ ہیں کہ جن مہاجرین کا نام ان کی جمع بندیوں میں ملکیت کے خانہ کی بجائے کسی اور خانہ میں لکھا ہے ان کو جو الاٹمنٹ ہوگی وہ بطور مزارع کے ہوگی۔ حالانکہ یہ غلط فہمی پر مبنی ہے۔ مہاجرین کی الاٹمنٹ کی جو شکل ہوگی اس میں مہاجرین کو جو زمین الاٹ ہوگی اس کے لئے وہ گورنمنٹ کو صرف مالیہ ادا کرتے ہیں۔ اسی طرح لوکل بھی مالیہ ادا کرتے ہیں۔ ان حالات میں کچھ پیداوار یا مالیہ یا ریٹ اس سے زیادہ ادا نہیں کرینگے۔ اس لئے اگر مہاجرین کو الاٹمنٹ کی سکیم کے مطابق وہ حقوق دئے گئے تو وہ بعد میں ملکیت ہوگی۔ وہ کہتے ہیں صرف یہ خانہ جمع بندی کا ہے۔ یہ فلاں خانہ ہے اور یہ فلاں خانہ میں درج نہیں ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس لحاظ سے یہ ان کے ساتھ زیادتی ہے کیونکہ عملی صورت یہ ہے کہ معاملہ ادا کر کے پیداوار کے اخراجات برداشت کرینگے۔ دوسرے دلائل جو انہوں نے پیش کئے ہیں وہ ایک لمحہ کے لئے بھی تسلیم نہیں کئے جا سکتے۔ اس طریقہ سے اس ترمیم کو پڑھتے ہوئے خود واضح ہو جائے گا۔ کہ ایسی ترمیم زیادہ بے انصافی کا باعث ہے۔ original کلاز کو دوسری طرح رکھا جائے تو بالکل درست ہوگا۔

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست)— جناب صدر۔ مجھے افسوس ہے کہ آنریبل چودھری صاحب کا جواب دینے کے لئے مجھے اٹھنا پڑا ہے۔ چودھری صاحب نے تقریر جھاڑنے کی خاطر تقریر کر دی ہے۔

Mr. Speaker : No advice should be tendered to the honourable member.

چودھری محمد شفیق — انہوں نے بالکل سمجھنے کی کوشش نہیں کی شاید ان کی سمجھ میں وہ چیز آئی ہی نہیں اس لئے کہ ان کو مہاجرین کے مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ان کو مہاجرین کی تکالیف کا کچھ علم ہے۔ غالباً انہوں نے اس پر غور نہیں کیا اور نہ سمجھنے کی تکلیف گوارا فرمائی ہے۔ میری تجویز کے متعلق انہوں نے یہ

کہا ہے کہ یہ مہاجرین پر بار بڑھانے کے لئے ہے اور انہیں برے راستے پر ڈالیگی۔ یہ چیز بالکل غلط ہے کیونکہ انہوں نے otherwise کا لفظ جو حکومت کا patent اور pet لفظ ہے اڑا دئے جانے پر غور نہیں فرمایا ہے۔ قانون میں ایسے otherwise الفاظ رکھے جاتے ہیں جن کے ذریعہ سے بعد میں بہت کچھ ہو سکتا ہے جو قانون کا منشا نہیں ہوتا۔

یعنی indefinite قانون جو بنائے جاتے ہیں ان کی طرف توجہ کرنے کی انہوں نے کوشش نہیں کی۔ جناب چودھری صاحب نے فرمایا ہے کہ Agricultural income-tax مالیہ پر لگے گا اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ مہاجر کو مالیہ زمین پر نہ لگایا جائے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے میری وہ وجوہ نہیں سنیں جو میں نے پہلے دن اپنی تقریر میں پیش کی تھیں۔ میں نے یہ کہا تھا کہ مہاجر جو Agricultural income-tax ادا کرے گا وہ اپنی طرف سے ادا نہیں کرے گا جیسا کہ اس دفعہ کے اندر اصول رکھا گیا ہے بلکہ وہ تو غیر مسلم کی طرف سے Agricultural income-tax ادا کریگا اور جب وہ غیر مسلم کے لئے ٹیکس ادا کر رہا ہوگا تو اس صورت میں حکومت کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ اسکی اپنی آمدنی کے ساتھ شامل کر کے اس کے rate کو بڑھا دے اور پھر اس بڑھے ہوئے rate سے غیر مسلم کے لئے زیادہ روپیہ حاصل کرے۔ میں نے اس دن ایوان میں ایک مثال پیش کر کے یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کی تھی معلوم ہوتا ہے کہ چودھری صاحب نے اس مثال کو بھی سننے کی کوشش نہیں کی۔ اگر ایک allottee تین سو روپے مالیہ کی الاٹ شدہ اراضی پر قابض ہوگا۔ خود تو وہ ایک ہزار کیلئے ٹیکس دے گا اور غیر مسلم کے ۳۰۰ روپے مالیہ والی اراضی کے لئے علیحدہ tax دے گا۔ لیکن حکومت یہ چاہتی ہے کہ جو ۳۰۰ روپے وہ غیر مسلم کے لئے دے گا اس میں ایک ہزار جمع کرکے ۱,۳۰۰ روپے پر ٹیکس لگائے۔ اس صورت میں نہ صرف اس کا اپنا rate بڑھ جائیگا بلکہ غیر مسلم کے لئے بھی اس کو زیادہ ادا کرنا پڑیگا جس کو انصاف کی بنا پر وصول کرنے کا حکومت کو حق نہیں پہنچتا۔

جناب والا۔ انہوں نے جمع بندیوں کے متعلق بھی کہا کہ وہ تو جمع بندیوں کے اندراج کے مطابق بطور ملکیت معاملہ جو ادا کریں گے اس پر یہی ٹیکس ادا کریں گے۔ چودھری صاحب چونکہ تقسیم سے پہلے یہاں کے رہنے والے ہیں ان کو یہ علم نہیں کہ مہاجرین نے کیا کیا تکالیف دیکھیں اور سہیں اس لئے ان کو ان کے درد پنہاں کا کیا علم ہو

سکتا ہے اور تبھی تو انہوں نے یہ کہہ دیا ہے کہ وہ تو مالیہ ہی ادا کریں گے۔ کیا میں ان کی خدمت میں عرض کروں کہ مہاجروں کو کیا حقوق دئے جا رہے ہیں؟ جناب والا۔ جمع بندیوں میں یہ لکھا جاتا ہے کہ وہ Custodian کے تحت ایک مزارع کی حیثیت رکھتے ہیں۔ شائد چودھری صاحب کو مالک اور مزارع میں فرق کا علم نہیں۔ مہاجروں کو کاغذات میں بطور مزارع کے دکھایا گیا ہے۔ اگر اسے یہ کہا جاتا ہے کہ وہ مالیہ ادا کرے تو اُسکو حقوق ملکیت بھی تو دے دیں کیونکہ یہ اراضی پر اسکو معاوضہ کے طور پر دے رہے ہیں۔ اس پر کوئی بخشش نہیں کر رہے۔ اسے کوئی زائد چیز نہیں دی جا رہی۔ اس ایوان میں آنریبل وزیر متعلقہ کئی دفعہ کہہ چکے ہیں کہ جب دونوں حکومتوں کے مابین اس مسئلہ پر کوئی فیصلہ ہوگا تو پھر دونوں میں حساب کر کے آپسمیں فیصلہ کیا جائیگا۔ بنا بریں ایسی حالت میں جب کہ اس کو صرف بطور مزارع کے حقوق دئے جا رہے ہیں تو اس پر Agricultural income-tax کی rate زیادہ بڑھا کر لگانا اس لئے کہ وہ غیر مسلم کی بجائے ادا کر رہا ہے کسی صورت میں بھی جائز نہیں۔

جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے معزز چودھری صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ مہاجرین کے مسائل میں زیادہ مداخلت کرنے کی کوشش نہ کیا کریں۔

Mr. Speaker : No advice need be given to the honourable member as to what he should do. Please reply to the arguments advanced.

چودھری محمد شفیع — ان کو چاہیے کہ پیشتر اس کے کہ وہ مہاجرین کے مسائل میں مداخلت کیا کریں وہ پہلے ان کو سمجھنے کی کوشش کیا کریں۔

Mr. Speaker : I have already said that the role of tendering advice to any honourable member need not be adopted.

چودھری محمد شفیع — جناب والا۔ یہ دو چیزیں انہوں نے فرمائی تھیں جنکا میں نے جواب دیدیا ہے۔ چودھری صاحب کی تقریر سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ اس دن اپنی ترمیم کے حق میں جو تقریر میں نے کی تھی غالباً اس کو انہوں نے سنا ہی نہیں اور نہ ہی میری ترمیم کو پڑھا ہے اس لئے مجھے دوبارہ یہ چند الفاظ کہنے پڑے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آنریبل وزیر مال سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ میری ترمیم منظور فرمائیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 5, subsection 2 of proposed section 5-A of the said Act for the words "whether as allottee or otherwise" the words "as such" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 6

چودھری محمد شفیع (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) —

جناب والا ۔ میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں —

That in clause 6, at the end delete full-stop and add the following words "and section 7 of the said Act be deleted and later sections be renumbered".

جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں ان الفاظ کے متعلق کچھ کہوں میں اس ایوان کے سامنے Punjab Agricultural Income-Tax Act, 1951 کی وہ دفعہ پڑھ کر سنا دینا چاہتا ہوں جو کہ کٹوائی جائیگی —

"A Civil Court shall not have jurisdiction in any matter relating to the assessment or collection of tax under this Act and no other order passed or proceedings taken by any authority under this Act shall be called in question in any Civil Court"

جناب والا ۔ یہ کوئی پہلا ایکٹ نہیں جو حکومت نے اس ایوان کے اندر پیش کیا ہو اور جس میں دیوانی کی عدالتوں کے اختیارات پر ہاتھ صاف نہ کیا گیا ہو۔ دوسری طرف سے یہ کہا جائیگا کہ یہ دفعہ جس کو میں کٹوانا چاہتا ہوں اس ایکٹ میں موجود تھی جس کو His Excellency the Governor کے زمانہ میں بنایا گیا تھا اور اس کو ہم نے نہیں چھیڑا بلکہ اسے بدستور رہنے دیا ہے ۔ ہر کام جو کیا جاتا ہے اُسے کسی فعل یا ترک فعل سے عمل میں لایا جاتا ہے قانون فعل اور ترک فعل کو ایک نظر ہی سے دیکھتا ہے ۔ یہ چیز جو پہلے سے موجود تھی اب اگر حکومت کو یہ خیال ہوتا کہ دیوانی کی عدالتوں کے اختیارات پر ہاتھ صاف نہیں کرنا چاہئے تو وہ لازمی طور پر اس طرف بھی متوجہ ہوتی لیکن اس نے اسے چھوڑ دیا اور جوں کا توں رہنے دیا اس خیال سے کہ شاید ایوان کا کوئی ممبر پہلے قانون کو نہیں پڑھے گا اس لئے دفعہ ۷ اس کو نظر ہی نہیں آئیگی ۔ جناب والا ۔ یہ دیوانی عدالتیں جن کی طرف کسی آزاد ملک کے افراد اپنی civil liberties اور civil rights کے لئے رجوع کر سکتے ہیں ۔ ایک آزاد اور جمہوری حکومت کے لئے کسی نہ کسی ذریعہ سے ان کے اختیارات چھین لینا بہتر اور مناسب نہیں ۔ دیوانی عدالتوں پر ہاتھ صاف کرنا اس چیز کے مترادف ہے کہ حکومت بڑی تیزی کے ساتھ ڈکٹیٹرشپ کی طرف جا رہی ہے ۔ یا اشتراکیت کی طرف سر کے بل تیز رفتاری سے گامزن ہے ۔ میں سر کے بل اسلئے کہتا ہوں کہ اس میں جو نقصانات ہونے ہیں وہ انکو نہیں سوچ رہے ۔ شاید انہیں یہ خیال نہیں ہے کہ حکومت ہمیشہ کیلئے قائم رہنے والی چیز نہیں ہے ۔ اور ممکن ہے کہ

انہیں کسی وقت ان بنچوں پر بھی بیٹھنا پڑے۔ اس وقت انہیں یہ محسوس ہوگا کہ جو قوانین انہوں نے اپنے ہاتھ سے بنائے تھے وہ انکے لئے نقصان دہ ثابت ہو رہے ہیں۔ پاکستان کی آزادی کے بعد ابھی ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہمیں کون کون سی شخصی آزادی حاصل ہوتی ہے۔ ایک طرف تو حکومت تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں لیتی جا رہی ہے۔ اور دوسری طرف اپنی اکثریت کے بل بوتے پر ہر ایکٹ کے ذریعہ ان عدالتوں کو Shunt out کرنے کی کوشش کر رہی ہے جن پر ہمیں خاص طور پر اس صوبہ میں صحیح اور بجا طور پر فخر ہے۔ اور جن پر آج تک ہماری حکومت اثر انداز نہیں ہو سکی۔ لیکن میں انہیں بتلا دوں کہ انہوں نے جو قوانین پاس کئے ہیں ان میں یہ دیکھنے کیلئے کہ آیا وہ ملک کے آئین کے مطابق ہیں یا نہیں دیوانی عدالتیں اب بھی دخل دے سکتی ہیں۔ اور انہوں نے دیوانی عدالتوں کے اختیارات ہتیاتے ہوتے اب تک جو قوانین پاس کئے ہیں انکا حشر جلد ہی انکے سامنے آ جائیگا۔ جب ان قوانین کو کسی دیوانی عدالت کے اندر چیلنج کیا گیا اس وقت معلوم ہوگا کہ آیا یہ عدالتیں ڈکٹیٹر شپ اور اشتراکیت کا راستہ روک سکتی ہیں یا نہیں۔ اگر حکومت کے کسی حکم سے کسی شخص کے حقوق شہریت پر زد پڑے گی تو وہ لازمی طور پر دیوانی عدالتوں کے ذریعہ اپنی تکلیفات کا مداوا کرا سکتا ہے۔ اور میں اب بھی یہ عرض کرونگا کہ اس قسم کے قوانین سے زیادہ عرصہ تک دیوانی عدالتوں کا منہ بند نہیں ہو سکتا۔ پبلک کے اندر آزادی کا جو شعور پیدا ہو چکا ہے اسے اب ختم نہیں کیا جا سکتا۔

جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس دفعہ کے ماتحت دیوانی عدالتوں کے اختیارات سلب کر لئے گئے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ زرعی ٹیکس کے بارہ میں حکومت کے کسی حکم یا کارروائی کو خواہ وہ صحیح ہو یا غلط کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ یہ طریقہ کار غلط ہے۔ یہ ممکن نہیں ہو سکتا کہ نچلے طبقہ کے افسران لازمی طور پر تمام چیزیں صحیح ہی کرنے کی کوشش کریں۔ وہ اس طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں جس کا ہماری فوجداری عدالتوں سے اکثر سابقہ پڑتا ہے۔ آپ اگر دیوانی اور فوجداری عدالتوں کا موازنہ کریں تو آپکو معلوم ہو جائیگا کہ انصاف فوجداری کی عدالتوں میں زیادہ ہوتا ہے یا دیوانی کی عدالتوں میں۔

جناب والا۔ میں آپکی وساطت سے آنریبل وزیر صاحب کی خدمت میں

یہ گذارش کرونگا کہ وہ دیوانی عدالتوں کے اختیارات لینا چھوڑ دیں اور میری اس مختصر سی ترمیم کو منظور فرما لیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 6 at the end delete full stop and add the following words "and section 7 of the said Act be deleted and later sections be renumbered.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 6 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 7

Mr. Speaker : The question is—

That clause 7 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 8

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا۔ میں اس کلاز میں مندرجہ ذیل ترمیم پیش کرتا ہوں —

That in clause 8, in substituted clause (2) add at the end the following words by deleting fullstop "as temporary permanent allottee."

جناب والا۔ میں نے یہ ترمیم اسلئے پیش کی ہے کہ جو عارضی مستقل الاٹمنٹیں ہو رہی ہیں انکے متعلق پتہ نہیں کہ وہ کب تک جاری رہینگی۔ اور یہ ٹیکس موجودہ فصل کیلئے لازمی طور پر لگ جائیگا۔ ہو سکتا ہے کہ بعض لوگوں کے نام عارضی الاٹمنٹیں ہوں مگر انکو فصل کا حصہ نہ ملے۔ میں آنریبل وزیر صاحب کی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ وہ غور فرمائیں آیا وہ زرعی ٹیکس عارضی مستقل الاٹمنٹوں پر لگانا چاہتے ہیں یا تمام الاٹمنٹوں پر ——— ان الاٹمنٹوں پر بھی جن سے الاٹیز (allottees) کو ایک پیسہ بھی وصول نہ ہوتا ہو۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 8, in substituted clause (2) add at the end the following words by deleting fullstop "as temporary permanent allottee."

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 8 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 9

*میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا - میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں —

That in clause 9, for the proposed schedule to the Punjab Agricultural Income-tax Act, 1951, the following be substituted :—

Up to Rs. 750	*Nil.*
More than Rs. 750 but not more than Rs. 1,000 ..	One-fourth of land revenue.
More than Rs. 1,000 but not more than Rs. 2,000 ..	One-half of land revenue.
More than Rs. 2,000 but not more than Rs. 3,000 ..	Three-fourth of land revenue.
More than Rs. 3,000 but not more than Rs. 4,000 ..	Equal to land revenue.
More than Rs. 4,000 but not more than Rs. 5,000 ..	One and half of land revenue.
More than Rs. 5,000 but not more thon Rs. 6,000 ..	One and three-fourth of land revenue.
More than Rs. 6,000 but not more than Rs. 7,000 ..	Twice the land revenue.
More than Rs. 7,000 but not more than Rs. 8,000 ..	Three times the land revenue.
More than Rs. 8,000 but not more than Rs. 9,000 ..	Four times the land revenue.
More than Rs. 9,000 but not more than Rs. 10,000 ..	Five times the land revenue
More than Rs. 10,000 but not not more than Rs. 11,000	Six times the land revenue.
More than Rs. 11,000 but not more than Rs. 13,000 ..	Seven times the land revenue.
More than Rs. 13,000 but mot more than Rs. 15,000 ..	Eight times the land revenue.
More than Rs. 15,000 but not more than Rs. 17,000 ..	Nine times the land revenue.
More than Rs. 17,000 but not more than Rs. 20,000 ..	Ten times the land revenue.
More than 20,000	Eleven times the land revenue.

جناب صدر - میں نے کلاز نمبر ۹ میں جو ترمیم پیش کی ہے اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ ٹیکس جو پنجاب کے زمینداروں پر پنجاب کی تاریخ میں ایک پہلی حکومت نے معاملے اور آبیانے کے بعد ایک مزید ٹیکس عائد کیا ہے اس ٹیکس سے چھوٹے زمینداروں کو بچا لیا جائے۔ اگر کوئی مقصد اس ٹیکس کا ہو سکتا ہے تو وہ صرف یہ ہو سکتا ہے کہ جن کو بہت زیادہ آمدنی ہو رہی ہے ان کی آمدنی پر ایک ٹیکس لگا دو۔ اگرچہ یقیناً یہ قطعی طور پر غلط ہے کہ معاملہ اس طریق پر تشخیص ہو جو کاشت کا طریق ہے اور زمیندار کی آمدنی کا کوئی حصہ اس طریق تشخیص میں قائم نہیں کیا گیا جس سے اس کو بچت دی گئی ہو۔ اگرچہ یہ اصول غلط ہے لیکن اگر اسکے ساتھ چھوٹے زمینداروں کو بھی اور اوسط درجہ کے زمینداروں کو بھی پکڑ لیا جائے اور ان پر بھی آبیانہ اور معاملہ کے علاوہ وہ ٹیکس لگا دیا جائے جو گذشتہ ۲۰۰ سال میں ہماری اس وزارت

*Speech uncorrected.

کی اور اسکے علاوہ یہاں کے چیف سیکرٹری کے دماغ کی اختراع ہو۔ یہ ظلم ۲۰۰ سال پہلے کسی کو نہیں سوجھا تھا اس میں غریب کو بھی جکڑ لیا گیا ہے مجھے امید ہے کہ آنریبل وزیر مال اسپر غور فرمائینگے۔ ہماری تو درخواست ہی ہے۔ اگر چہ مجھے علم ہے کہ وہ کبھی ماننے کو تیار نہیں ہونگے۔ ان کو اس چیز پر ناز ہے کہ ان کے پاس ووٹوں کی کثرت ہے اور وہ ووٹ مسلم لیگ کی رسی میں بندھے ہوئے ہیں۔ ہر بات کے لئے کوئی نہ کوئی دلیل ہوتی ہے۔ اگر ہمیں کوئی دلیل دی جائے تو ہم اپنی ترمیمات کو بخوشی واپس لینے کے لئے تیار ہیں۔ اور یہ جو شیڈول میں نے پیش کیا ہے۔ یہ اس بنا پر پیش کیا ہے کہ وہ اراضی جہاں نہر سے آبپاشی ہوتی ہے (میں صرف نہری اراضی کا ذکر کرونگا۔ کیونکہ میرا تجربہ بھی زیادہ تر اسی کے متعلق ہے)۔ ایک مربعہ ۲۵ ایکڑ سے لیکر ۲۷ ½ ایکڑ پر مشتمل ہوتا ہے۔ اور درجہ اول کے ایک ایکڑ کا معاملہ پرانے حساب سے (جو اب بھی قائم ہے) ۷ ½ روپیہ ہے۔ اس وجہ سے چھوٹے زمیندار مجبور ہیں کہ وہ سال بھر میں سارے کا سارا مربعہ کاشت کر لیں۔ بلکہ وہ زائد فصلیں بھی پیدا کر لیتے ہیں۔ کیونکہ اس نے آخر اپنا گذارہ بھی کرنا ہے۔ اپنے بیلوں کے لئے چارے وغیرہ کا انتظام بھی کرنا ہے۔ اور دیگر ضروریات بھی پوری کرنی ہیں۔ اس لئے چھوٹے زمیندار سارے کا سارا مربعہ یعنی ۲۷ ایکڑ کاشت کرتے ہیں۔ اور اگر اسکی اوسط نکالی جائے۔ تو ایک مربع پر ۱۹۵ روپے سالانہ مالیہ ادا کرنا پڑتا ہے۔ میں کوئی چیز مبالغے سے پیش کرنا نہیں چاہتا۔ اس خیال سے کہ ممکن ہے جناب وزیر مال صاحب کہیں کہ یہ محض پروپیگنڈا کی خاطر کیا جا رہا ہے۔ میں نے جو ترمیم پیش کی ہے۔ پورے طور پر سوچ سمجھ کر پیش کی ہے۔ آپ کی توجہ اس طرف دلانے کے لئے کہ آپ کوئی ایسا ظلم نہ کریں کہ وہ زمیندار جن سے آپ ہمدردی کے دعوے کرتے ہیں مضروب ہوں —

اب ایک مربعے کا معاملہ ۱۹۵ روپیہ سالانہ ہوتا ہے

دو مربعے کا معاملہ ۳۹۰ روپیہ سالانہ ہوتا ہے

تین مربعے کا معاملہ ۵۸۵ روپیہ سالانہ ہوتا ہے

اور چار مربعے کا معاملہ ۷۸۰ روپیہ سالانہ ہوتا ہے

اور جناب والا۔ یہ جو نیا ٹیکس معاملہ اور آبیانہ کے علاوہ لگایا جا رہا ہے وہ آج تک کسی ظالم سے ظالم اور جابر سے جابر حکومت نے بھی لگانے کا خیال نہیں کیا تھا۔ لوگ پہلے ہی ان کے اس قسم کے قوانین

سے تنگ آ چکے ھیں۔ اور مجھے اندیشہ ھے کہ وہ کوئی ایسا اقدام نہ کر بیٹھیں جو پاکستان کے لئے مضر ھو۔ میں دعا کرتا ھوں کہ خدا پاکستان کو ان بد چیزوں سے محفوظ رکھے اور میں آنریبل وزیر سے استدعا کرتا ھوں کہ وہ ان چیزوں پر غور فرمائیں۔

جناب والا۔ انہوں یہ کیا ھے کہ جو زمیندار ۲۵۱ روپیہ سے کم معاملہ ادا کرتا ھو اس پر یہ ٹیکس عائد نہ کیا جائے۔ اور جو زمیندار ۲۵۰ روپیہ سے ۵۰۰ روپیہ تک معاملہ اراضی ادا کرتا ھو اس پر معاملہ کا چوتھائی بطور انکم ٹیکس وصول کیا جائیگا۔ ۵۰۰ روپیہ سے لیکر ۷۵۰ روپیہ تک معاملہ کا نصف۔ ۷۵۰ روپیہ سے لیکر ۱,۰۰۰ روپیہ تک معاملے کا تین چوتھائی۔ ۱,۰۰۰ روپیہ سے لیکر ۲,۰۰۰ روپیہ تک معاملہ اراضی کے برابر۔ ۲,۰۰۰ روپیہ سے ۳,۰۰۰ روپیہ تک معاملہ اراضی کا ۱ ۱/۲ گنا۔ ۳,۰۰۰ سے ۵,۰۰۰ تک دو گنا۔ ۵,۰۰۰ روپیہ سے ۸,۰۰۰ روپیہ تک تین گنا۔ ۸,۰۰۰ روپیہ سے ۱۰,۰۰۰ روپیہ تک چار گنا۔ اور ۱۰,۰۰۰ روپیہ سے اوپر پانچ گنا وصول کیا جائیگا۔ اس سے میں تو یہ سمجھا ھوں کہ یہ چھوٹے زمیندار پر تو ٹیکس لگا رھے ھیں اور بڑے زمیندار کو مستثنیٰ کرنا چاھتے ھیں۔ تا کہ ان کو مراعات حاصل ھوں۔ جسکی وجہ سے آج یہ غلط قسم کے بوجھ پنجاب پر ڈال رھے ھیں۔ اگر ھم کوئی ترمیم پیش کرتے ھیں تو کہہ دیا جاتا ھے کہ اس سے بل کا مقصد فوت ھوتا ھے۔ جس طرح ایک دن جناب وزیر مال صاحب نے اپنے بیان میں ارشاد فرمایا تھا کہ اس طرح اتنی تھوڑی رقم آتی ھے کہ بل کا مقصد پورا نہیں ھوتا۔ میرا اس ترمیم کے پیش کرنے سے یہ مقصد تھا کہ وہ چھوٹے زمینداروں کو چھوڑ دیں جو چار چار پانچ پانچ مربعوں کے مالک ھیں۔ لیکن مجھے ان سے امید نہیں کہ وہ انہیں چھوڑینگے۔ خدا کے لئے ان غریبوں پر رحم کھائیں ھم نے تو استدعا ھی کرنی ھے۔ آپ بڑے بڑے زمینداروں پر معاملہ اور آبیانہ کے علاوہ یہ ٹیکس لگا سکتے ھیں۔ جسکو انگریزی میں Two ends meet کہتے ھیں۔ اس لئے میں گذارش کرونگا کہ جو زمیندار ۴۵۰ روپیہ سالانہ تک معاملہ ادا کرتا ھے۔ اس پر یہ ٹیکس نہ لگایا جائے۔ اور اس سے اوپر یہ ٹیکس وصول کیا جائے۔ آپ ان چھوٹے زمینداروں کی ساری آمدنی ھڑپ نہ کر جائیں کہ وہ اپنا گزارہ بھی نہ کر سکیں۔

انہی زمینداروں نے سوا روپے من گندم اور پانچ روپے من کپاس فروخت کی۔ حالات بدلتے رہتے ہیں۔ آج بھاؤ زیادہ ہیں اسلئے آپ سمجھتے ہیں کہ وہ بہت پیسے کما رہے ہیں۔ ۱۹۲۸-۲۹ء میں گندم سوا روپے من اور کپاس ۵ روپے من بکتی رہی۔ وہ وقت بھی آنیوالا ہے۔ آج آپ یہ قانون بنا کر چھوٹے زمیندار کا چمڑا ادھیڑنا چاہتے ہیں۔ اپنی تنخواہیں ذرہ بھر کم کرنے کیلئے تیار نہیں اور اوسط درجے کے زمیندار پر ناجائز بوجھ ڈال رہے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ چھوٹے زمیندار کے کسقدر اخراجات ہوتے ہیں۔ میں نے پہلے بھی وزیر مال کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ خدا کیلئے دیکھیئے کہ ان زمینداروں کی اقتصادی حالت کسقدر خراب ہے۔ آٹھ، نو، دس مربعے کے مالک کتنے ایسے ہیں جنکے پاس موٹر کاریں ہیں۔ محترم چٹھہ صاحب خود بھی زمیندار ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ ان زمینداروں کو سفید پوشی، عزت و آبرو اور وضع داری کے ساتھ رہنا پڑتا ہے۔ وہ اپنے بچوں کی تعلیم اور شادی بیاہ کیلئے روپیہ کہاں سے لائیں۔ یہاں تو یہ حالت ہے کہ جو فیصلہ چیف منسٹر صاحب کر لیں وہی ہوتا ہے۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ شق نمبر ۹ میں مجوزہ Slebedul کو حذف کر کے یہ شامل کر لیا جائے۔

۷۵۰ روپے تک ..	صفر۔
۷۵۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۱,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو ..	مالیہ اراضی کا ایک چوتھائی
۱,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۲,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو ..	مالیہ اراضی کا نصف۔
۲,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۳,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو ..	مالیہ اراضی کا تین چوتھائی۔
۳,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۴,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو ..	مالیہ اراضی کا مساوی۔
۴,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۵,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو ..	مالیہ اراضی سے ڈیڑھ گنا۔
۵,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۶,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو ..	مالیہ اراضی سے پونے دوگنا۔
۶,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۷,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو ..	مالیہ اراضی سے دوگنا۔

۷,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۸,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے تین گنا۔

۸,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۹,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے چار گنا۔

۹,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۱۰,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے پانچ گنا۔

۱۰,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۱۱,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے چھ گنا۔

۱۱,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۱۳,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے سات گنا۔

۱۳,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۱۵,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے آٹھ گنا۔

۱۵,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۱۷,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے نو گنا۔

۱۷,۰۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر ۲۰,۰۰۰ روپے سے متجاوز نہ ہو .. مالیہ اراضی سے دس گنا۔

۲۰,۰۰ روپے سے متجاوز ہو مگر .. مالیہ سے گیارہ گنا۔

میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ ان غربا پر سختی نہ ہو جنکا ذکر قرآن پاک میں اس طرح آیا ہے کہ ”وہ لوگ جو کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے“۔ جنہیں وضع داری مجبور کرتی ہے کہ دست سوال دراز نہ کریں۔ یہاں تک کہ قرضہ لیتے وقت بھی انکی رگ حمیت پھڑ پھڑاتی ہے۔ آپ یہ ٹیکس عائد کر کے ان لوگوں کو برباد کر رہے ہیں۔ آپ ایسا ٹیکس لگا رہے ہیں جسکی مثال انگریز جیسے ظالم حکمران کے زمانے میں بھی نہیں ملتی جو جوک کی طرح لپٹ جاتے ہیں اور جس ملک میں جاتے ہیں اسکا خون چوس لیتے ہیں۔ انکو بھی یہ ٹیکس لگانے کی جرأت نہ ہوئی۔ آپ تباہی کا سامان تیار کر رہے ہیں پہلے اپنے لئے اسکے بعد پنجاب کیلئے اور پھر پاکستان کیلئے۔ میں جناب کی وساطت سے اس ایوان اور معزز وزیر مال سے استدعا کرتا ہوں کہ پاکستان کو اس تباہی سے بچائیے۔ ورنہ مستقبل نہایت خراب ہوگا۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :—

That in clause 9, for the proposed schedule to the Punjab Agricultural Income-tax Act, 1951, the following be substituted :—

Up to Rs. 750	*Nil.*
More than Rs. 750 but not more than Rs. 1,000 ..	One fourth of land revenue.
More than Rs. 1,000 but not more than Rs. 2,000 ..	One-half of lan revenue.
More than Rs. 2,000 but not more than Rs. 3,000 ..	Three-fourth of land revenue.
More than Rs. 3,000 but not more than Rs. 4,000 ..	Equal to land revenue.
More than Rs. 4,000 but not more than Rs. 5,000 ..	One and half of land revenue.
More than Rs. 5,000 but not more than Rs. 6,000 ..	One and three—fourth of land revenue.
More than Rs. 6, 000 but not more than Rs. 7,000 ..	Twice the land revenue.
More than Rs. 7,000 but not more than Rs. 8,000 ..	Three times the land revenue.
More than Rs. 8,000 but not more than Rs. 9,000 ..	Four times the land revenue.
More than Rs. 9,000 but not more than Rs. 10,000 ..	Five times the land revenue.
More than Rs. 10,000 but not more than Rs. 11,000 ..	Six times the land revenue.
More than Rs. 11,000 but not more than Rs. 13,000 ..	Seven times the land revenue.
More than Rs. 13,000 but not more than Rs. 15,000 ..	Eight times the land revenue.
More than Rs. 15,000 but not more than Rs. 17,000 ..	Nine times the land revenue.
More than Rs. 17,000 but not more than Rs. 20,000 ..	Ten times the land revenue.
More than Rs. 20,000	Eleven times the land revenue.

Mr. C. E. Gibbon : Rose to speak.

Mr. Speaker : Rule 68 (1) says—

"The matter of every speech shall be strictly relevant to the matter before the Assembly."

Rule 76 says—

"The Speaker, after having called the attention of Assembly to the conduct of a member who persists in irrelevance or in tedious repetition either of his own arguments or of the arguments used by other members in debate, may direct him to discontinue his speech."

I hope the honourable member will keep these rules in view when speaking.

Mr. C. E. Gibbon : (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III) Sir, I rise in support of the honourable member's amendment. It really surpasses my comprehension how a Government which claims to be a Government of the people and which claims to have as its programme, or part thereof, the raising of the standards of the people, can go on, year in and year out, or should I say, in season and out of season, to oppress the people by heavier and still heavier taxation. This entire system of agricultural income-tax is something which we have inherited from a foreign rule and, instead of trying to lessen the burden of that rule, we go on imposing it still further. We go on forging and tempering those very chains which have held the people down, which have subjected them to slavery and reduced them to mere chatels and serfs, rather than to free men. And yet this

comes from a Government which claims to raise the standards of the people. The amendment, as proposed by the honourable member, is to my mind, an extremely moderate amendment, and there is no reason why a Government of the description that I have just, given finds it difficult to accept this amendment. The difficulty may, however, lie in the fact that this is the Government, the majority of whom consist of the capitalist class whose vested interests are more dear to them than life itself, who care not whether a man dies of hunger, thrist or starvation as long as they live, who cannot feel the lot of the refugee walking naked in the streets as long as they are well fed and well clothed. This Government which ought to give to the people their due share of freedom is unable to pursue that path because of their incapability to govern and because every time they try to govern, they bring forth chaos. This Government, in order o maintain its hold on the people. . . . . .

Mr. Abu Saeed Enver : The general policy is not under discussion.

Mr. C. E. Gibbon : They go on taxing and over-taxing the common people. Mr. Speaker, sometime ago I had the occasion to mention on the floor of this House that when anything is said from the Opposition benches which touches the pockets of the capitalist class, there is either graveyard silence in the House or a vigorous protest from those who are instrumental in keeping the people subjected to salvery. This Government has made it clear that the touchstone of its success will be the amelioration of the sufferings of these unfortunate people and instead of pursuing that path, instead of affording relief to the people, all that they do is to sit, by day and by night, and scheme how they can further oppress the people. This scheming has gone to its utmost limits and all they do is to sow the seeds of revolution which must eventually result in a clash between the common people and the vested interests. They should know by now Sir, that they have sown the seed well and, in order that it may.blossom forth, all that they need do is to go on watering the tender seed with more and more taxation. Apart from that, they have nothing else to do. This is a free State, so we are told ; this is our State, so we are told; this is our administration, so we are told. Whether or not it is to continue to be a free State is yet to be seen. The touchstone, as it has been stated, is whether or not the people are going to accept this perpetual scheming of extracting from them the last drop of their sweat and toil and of their legitimate earnings from their legitimate occupations. I support this amendment because I feel, and honestly feel, that this is just one more cruel enactment to suppress the liberties of the people and to keep them down in much greater measure and with much greater force than our foreign rulers ever attempted to do. These are the same persons who once screeched against foreign rule and who would not even hear whether such rule was ready to give reforms or not. They closed the doors on all enactments of foreign rule, and having now taken the rule in their own hands, what do they do? They open the doors and search the foreign libraries for those very enactments and then go thorugh all the past history and see, for their own benefit, which were the most diabolical acts of a foreign rule and they then take from these libraries and pigeon-holes what they consider to be something good for the people. The enactments, Sir, are not good for the people : it is what they consider to be good for themselve, in order that they maintain their hold on the people. It is for these reasons that I support this amendment, and I sincerely hope that the Government in power will examine its conscience, if it has a conscience, because all that has gone before, and all that has been so for enacted and what one may envisage, would show that they have lost all conscience. Nevertheless, they need not go to slumber in this happy frame of mind because we are a virile people and the day is not far distant when the people will rise against this Government, and it will all be due to the heavy taxation placed on their slender shoulders.

ملک عبدالعزیز (پارلیمنٹری سیکرٹری) — جناب والا - حزب مخالف نے زرعی انکم ٹیکس کیلئے ایک slab پیش کیا ہے اور توقع ظاہر کی ہے کہ انکا پیش کردہ slab اس slab سے بہتر ہے جو گورنمنٹ کی طرف سے پیش کیا گیا ہے میں نے اس سلسلے میں آنریبل قبلہ مولوی عبدالباری صاحب کی تقریر کو غور سے سنا اور مسٹر گبن کی تقریر کا ایک ایک لفظ توجہ سے سنا جنہوں نے قبلہ مولوی صاحب کی ترمیم کی حمایت کی تھی مگر سچ پوچھیئے تو میں انکی under current کو سمجھنے سے قطعی طور پر قاصر رہا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ ایک طرف تو وہ یہ کہتے ہیں کہ چونکہ یہ ملک غریب ہے اور زمیندار مفلس ہیں لہذا مجوزہ بل ایک cruel act ہوگا اسلئے اس toxation کو کم کرنے کی بجائے اسکو سرے سے اڑا ہی دیا جائے اور زرعی آمدنی پر قطعاً کوئی ٹیکس عائد نہیں کرنا چاہئے - دوسری طرف وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ٹیکس کی شرح کم ہے اس میں اضافہ کرنا چاہئے اور اسکے دائرہ عمل میں بھی وسعت کی جانی چاہئے تا کہ اگر کوئی طبقہ اس سے بچ رہا ہے تو وہ بھی اسکی زد میں آ جائے -

جناب والا - اگر آپ حزب مخالف کے پیش کردہ slab پر غور فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ جہاں گورنمنٹ زرعی انکم ٹیکس کو مالیے کے ۷ گنا تناسب سے کم کر کے زیادہ سے زیادہ ۵ گنا تک تجویز کر رہی ہے وہاں حزب مخالف ۷ گنا سے ۱۱ گنا تک اضافہ کی تجویز کر رہی ہے - کیا زبردست ہمدردی ہے جو یہ غریب زمینداروں کے ساتھ ظاہر کر رہے ہیں - حزب مخالف نے غریبوں کے بوجھ کو ہلکا کرنے کا نرالا طریق وضع کیا ہے -

اب جناب والا - میں زرعی انکم ٹیکس کی ہسٹری آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں جس سے ثابت ہوگا کہ یہ کوئی نیا ٹیکس نہیں ہے جو مسلم لیگ گورنمنٹ نے تجویز کیا ہے اور نہ ہی اسکو مستقل کیا جائیگا بلکہ معزز نائب راہنمائے حزب اختلاف کو معلوم ہوگا کہ ہمارے آنریبل وزیر اعلیٰ نے اپنی بجٹ کی تقریر میں فرمایا تھا کہ

"Agricultural Income tax is a dying fiscal legislative measure."

اور اسکو آہستہ آہستہ ختم کر دیا جائیگا جوں جوں وارثوں کے اندر اراضی کی تقسیم در تقسیم ہوتی چلی جائیگی یہ ٹیکس خود بخود کم ہوتا چلا جائیگا کیونکہ جس زمیندار کا مالیہ ۲۵۰ روپے سالانہ سے کم ہوگا اس پر یہ ٹیکس عاید ہی نہیں کیا جاتا - اور جیسے جیسے اراضی کی fragmentation ہوتی چلی جائیگی تشخیص مالیہ میں کمی ہو کر زرعی انکم ٹیکس کم تر

ہوتا جائیگا حتیٰ کہ یہ بالکل معدوم ہو جائیگا لہذا یہ Permanent Tax نہیں ہے چنانچہ ہمارے وزیر اعلیٰ نے اسکو مستقبل قریب میں بالکل بند کر دینے کا اعلان بھی کر رکھا ہے۔ ہاں تو میں عرض کر رہا تھا کہ اس زرعی انکم ٹیکس کی ہسٹری پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ سب سے پہلے ۱۸۸۸ء میں اسکو examine کرنے کے لئے ایک کمیٹی بیٹھی تھی اور یہ فیصلہ ہوا تھا کہ لینڈ ریونیو کے بعد زمیندار پر کوئی مزید ٹیکس نہیں لگانا چاہئے مگر بعد میں ۱۹۳۸ء کی ڈارلنگ کمیٹی نے جو رپورٹ پیش کی اسکے پیراگراف نمبر ۳۴ کے مندرجہ ذیل الفاظ ملاحظہ فرمائیے —

"Originally income from agriculture was liable....."

Chaudhri Muhammad Shafiq : The honourable member is reading from a piece of paper. H is not quoting from any book.

Mr. Speaker : He is quoting from a report. If he has taken extracts he can quote it.

Malik Abdul Aziz : Paragraph 34 of the Land Revenue Committee report, known a Darling Committee, report says;—

"Originally income from agriculture was liable to income tax except in the case of those who cultivated land the rental value of which was less than Rs. 600 a year. The License Tax Act of 1867, which replaced the Income-Tax Act of 1862, applied to persons carrying on anyprofession or trade, but cultivators were exempted in respect of all produce not sold in a shop. After some vicissitudes, practice finally crystalized in the Act of 1886. This exempted all purely agricultural income, which was defined as being —

(*a*) any rent or revenue derived from land which is used for agricultural purposes and is either assessed to land renvoue or subject to a local rate assessed and collected by officials of the Government, as such, or

(*b*) any income derived from—

(*i*) agriculture, or

(*ii*) the performance by a cultivator or receiver of rent in kind of any process ordinarily employed by a cultivator or receiver of rent in kind to render the produce raised or received by him fit to be taken to market, or

(*iii*) the sale by a cultivator or receiver of rent in kind of the produce raised or received by him, when he does not keep a shop or shall for the sale of such produce,"

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. You were pleased to rule that the proceedings should be relevant. This has nothing to do with the amendment under discussion.

Mr. Speaker : The point of order is irrelevant.

ملک عبدالعزیز — جناب والا ! ان چیزوں کا .....

Chaudhri Muhammad Shafiq : Rule 70 says :—

"If a Minister quotes in the Assembly a public or other state document which has not been presented to the Assembly, he shall lay such document on the table, provided that if he alleges that the document is of such a nature that its production would be inconsistent with public interest he may decline to so place it".

جناب والا ! آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری منسٹر کی جگہ جواب دے رہے ہیں اور ایک ایسی رپورٹ کو پڑھ رہے ہیں جو ہمارے سامنے نہیں

ہے اسلئے یہ نا ممکن ہے کہ ہم اسپر تنقید کر سکیں یا اسکے متعلق کوئی جواب دے سکیں ۔ یہ رپورٹ انکو ٹیبل پر رکھنی چاہئے تھی

Mr. Speaker : The rule does not apply in terms.

ملک عبدالعزیز — جناب والا ! جو حصہ میں نے جناب کی خدمت میں ابھی پڑھ کر سنایا ہے اسمیں rent اور revenue کی definition اور اس کی exceptions دی ہوئی ہیں ۔ اور یہ دونوں چیزیں ۱۹۴۸ء تک نافذ تھیں اور ان پر عمل ہوتا رہا ہے ۔ ۱۹۴۸ء میں ہمنے اپنے مخصوص سیاسی حالات کو اور اپنی مالی مشکلات کو مد نظر رکھتے ہوئے .....

میاں عبدالباری — on a point of information, Sir., کیا یہ دونوں چیزیں کبھی یک جا نافذ ہوئی ہیں ؟

ملک عبدالعزیز — میں نے ابھی یہ سب کچھ پڑھکر سنایا ہے ۔ آپ لکھ لیجئے۔

Paragraph 34—Land Revenue Committee, 1938, known as Darling Committee.

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ۱۹۴۸ء میں مخصوص حالات کے ماتحت ایک ایگریکلچرل انکم ٹیکس کمیٹی بنائی گئی تا کہ وہ اس بات کو examine کرے کہ جو آمد مالکان کو جنس کی پیداوار سے ہوتی ہے اسکے اوپر کوئی انکم ٹیکس لگایا جا سکتا ہے یا نہیں ۔ اسمیں کلام نہیں کہ جسوقت یہ رپورٹ آئی اور اس کے بعد جب اس ہاؤس میں انکم ٹیکس لگایا گیا تو یہ ضرور کہا گیا کہ ایک سال کیلئے لگایا گیا ہے ۔ اتفاق یہ ہوا کہ وہ ایک سال ختم نہ ہوا تھا کہ ان وجوہات کی بنا پر جنکو ہمارے اکثر دوست جانتے ہیں یہ ہاؤس قائم نہ رہا ۔ جب ایک سال ختم ہوا تو اسکے بعد ہز ایکسیلنسی گورنر نے اس ایکٹ کو اپنے خصوصی اختیارات کے تحت نافذ کر دیا ۔ بلکہ انہوں نے جتنا ٹیکس پہلے تجویز کیا گیا تھا اس سے بڑھا دیا ۔ اور وہ بڑھا ہوا ٹیکس — ۱۹۴۹ء اور ۱۹۵۰ میں اسی طرح رہا اور پھر ۱۹۵۱ء میں اسی نام سے ایک اور کمیٹی بنائی گئی اسکے پاس reference یہ تھی کہ یہ انکم ٹیکس جو مالکان سے لیا جاتا ہے اور جو عام انکم ٹیکس ہے ۔ .....

چودھری محمد شفیق — جناب والا ! انہوں نے ترمیم کے متعلق ایک لفظ بھی نہیں کہا ۔

Mr. Speaker : The honourable member has read out an extract from that report.

Mian Abdul Bari : I do not think it necessary that he should read out again for the information of the House. It is no use reading a report which nobody knows.

ملک عبدالعزیز — تو جناب والا انکے پاس reference یہ تھی کہ یہ ٹیکس جو زمینداروں سے چارج کیا جاتا ہے اسکی شرح اس ٹیکس سے زیادہ ہے جو شہریوں سے انکم ٹیکس ایکٹ کے ماتحت وصول کیا جاتا ہے - میں بھی اس کمیٹی کا ایک ممبر تھا - یہ کمیٹی جب بیٹھی تو اسکی نیت یہ تھی کہ ضرورت سے زیادہ ٹیکس نہ لگایا جائے بلکہ اگر ہو سکے تو leniency برتی جائے - اگر ضرورت ہو تو اس ایکٹ کو نافذ کیا جائے اور اگر ضرورت نہ ہو تو اسے قطعی طور پر نافذ نہ کیا جائے - اسکے لئے ایک طریق یہ استعمال کیا گیا کہ تمام ڈپٹی کمشنر صاحبان کو یہ کہا گیا کہ ۱۹۵۰ء کی قیمتوں اور ۱۹۵۱ء کی اجناس کی قیمتوں کا آپس میں مقابلہ کریں اور دوسری بات یہ پوچھی گئی کہ جو معاملہ دیا جاتا ہے اسکے مقابلہ میں پیداوار کی قیمت کیا ہے ان دو چیزوں کے سلسلہ میں اچھی خاصی تحقیقات اور چھان بین کی گئی - اسکے نتیجہ کے طور پر جو جوابات آئے ہیں - انکو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ بعض اضلاع میں ۲۶۰ فیصدی کے قریب اجناس کی قیمتیں زیادہ ہوئیں - اور چند اضلاع میں پانچ سو فیصدی سے زیادہ تھیں - میرے پاس اعداد و شمار موجود ہیں لیکن انکو پیش کرنے سے بات لمبی ہو جائیگی - البتہ اگر سارے پنجاب کے اضلاع کو اکٹھا کیا جائے اور قیمتوں کا تناسب نکالا جائے تو ۳۲۴ فیصدی اوسط نکلتی ہے یعنی ۱۹۵۰ء اور ۱۹۵۱ء کی قیمتوں میں جو زیادتی ہوئی ہے اسکا تناسب تین سو پچیس کے قریب ہے - جسوقت اس بات کا اچھی طرح سے معائنہ کیا گیا کہ land revenue کے مقابلہ میں آمدن کتنی ہوتی ہے تو یہ معلوم ہوا کہ لائلپور میں ۲۵۰ روپیہ مالیہ دینے والے کو جو produce ہوگی اسکی قیمت ۳،۱۳۶ روپیہ رکھی گئی ہے - منٹگمری میں ۴،۰۰۰ روپیہ - ملتان میں ۵،۲۵۰ روپیہ-باقی اضلاع میں اسی طرح-شیخوپورہ میں ۴،۱۳۶روپیہ- یہ رپورٹ ڈپٹی کمشنران کی نہیں تھی بلکہ Board of Economic Enquiry کی تھی - نتیجہ یہ ہوا کہ جو ۲۵۰ روپیہ معاملہ دینے والے لوگ ہیں ان کی آمد ۳۰۰۰ روپیہ سے ۵،۰۰۰ بلکہ ۵۵۰۰ روپیہ ہے اسلئے وہ قیمت produce کے مطابق تھی - یہ produce جناب والا ! major اجناس کے متعلق ہے جو ربیع اور خریف کی فصلیں ہیں -

چودھری محمد شفیع — جناب والا انہوں نے یہ آمدنی منٹگمری میں ۲،۰۰۰ روپیہ فی مربعہ رکھی ہے - حزب مخالف کی طرف سے تمام بڑے

زمیندار یہ offer دیتے ہیں کہ اگر آپ اس رقم پر ٹھیکہ پر لینا چاہیں تو بڑی خوشی سے لے سکتے ہیں -

Mr. Speaker : Wrong method adopted for showing that this is incorrect.

ملک عبدالعزیز — جناب والا - ۲۵۰ روپیہ معاملہ دینے والے لوگوں کے متعلق جو figures موجود تھیں پیش کر دی ہیں -

Mr. Speaker : Please don't repeat.

ملک عبدالعزیز — figures کے متعلق جو میاں عبدالباری صاحب نے پیش کی تھیں عرض یہ ہے - کہ ۱/۲ ۷ روپیہ فی ایکڑ کے حساب سے وہ فرماتے ہیں کہ معاملہ ادا ہوتا ہے اور ان کو اپنے خیال کے مطابق زمین میں سے معاملہ سے ۱۰ گنا زیادہ آمدنی ہوتی ہے -

میاں عبدالباری — میں نے یہ نہیں کہا -

ملک عبدالعزیز — میرے پاس تو notes یہی ہیں اور شیخ محمد امین نے فرمایا تھا کہ ۲۰ گنا سے زیادہ ہوتی ہے اگر ان کی figures کو درست مان لیا جائے - تو جناب والا جو طریقہ ہم نے استعمال کیا ہے اور وہ figures جو ہمارے پاس آئی ہیں - ہمارا تجویز کردہ تناسب اس سے بہت کم ہے اگر ۲۰ گنا کر دیں تو پھر ۵۰۰ روپیہ کی آمدنی ۱۰،۰۰۰ ہوگی - اسواسطے جو طریقہ گورنمنٹ نے یا کمیٹی نے استعمال کیا ہے وہ عوام کے لئے favourable ہے اور زمینداروں کے لئے منفعت بخش ہے - یہ crude طریقہ approximation کا ممکن ہے ان کے لئے زیادہ مفید ثابت ہو اس کے بعد جو طریقہ ہم نے دیکھنا ہے وہ یہ ہے کہ آیا اسکے مطابق یہ سمجھا جائیگا کہ جو ٹیکس اب لگایا جائے وہ جنرل انکم ٹیکس کے مطابق اترتا ہے یا نہیں - comparison سے یہ معلوم ہوا ہے کہ جو شخص ۲۵۰ روپیہ بطور مالیہ ادا کرتا ہے اسکی estimated income یعنی تخمیناً ۲،۵۰۰ روپیہ ہوگی - جو ۱۰ گنا لگایا گیا ہے - اسپر Agricultural Income-tax ۱۲۵ روپیہ اور جنرل انکم ٹیکس ۱۶۳ - اسی طرح دوسرے slabs ہیں جو ۱،۰۰۰ روپیہ سے ۱۰،۰۰۰ روپیہ تک کے ہیں اسپر Agricultural Income-tax ۵۶۲-۸-۰ روپیہ اور جنرل انکم ٹیکس ۷۱۰-۱۵-۰ روپیہ ہوگا - بہر کیف تمام slabs کو دیکھنے کے بعد

چودھری محمد شفیق — On a point of order. جناب والا - پچھلے سیشن کے دوران میں آپ نے فرمایا تھا کہ ایوان کے اندر آنریبل ممبر صاحبان گدیوں پر ٹانگیں رکھکر نہ بیٹھیں - میں جناب کی توجہ اس امر کی

طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ وہ سامنے ایک ممبر صاحب گدی پر ٹانگیں رکھکر بیٹھے ہوئے ہیں ۔

Mr. Speaker: (Addressing Malik Abdul Aziz) Go on please.

ملک عبدالعزیز — جناب والا ۔ اس طریقہ سے اس کمیٹی نے examine کیا ہے اور تجویز کی ہے چونکہ state یہ چاہتی ہے کہ انکم ٹیکس جتنا کم ہو اتنا لگایا جائے ۔ اسواسطے انہوں نے اس تجویز کو زیادہ پسند کیا ہے ۔ بجائے اسکے کہ زمیندار کو انکم ٹیکس ایکٹ کے ماتحت subordinate subject تصور کیا جائے یہ ٹھیک ہے کہ ان پر انکم ٹیکس لگایا جائے لیکن اسکی جو شرح اب تجویز ہوئی ہے وہ ان جذبات کے ماتحت ہوئی ہے کہ ان سے کم از کم ٹیکس لیا جائے ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ opperessive نہیں بلکہ مناسب ہے ۔ اسواسطے کہ گورنمنٹ کی پالیسی یہ ہے کہ ٹیکس جتنا ہو سکے کم کر دیا جائے ۔

میاں عبدالباری — (لائلپور ۔ نمبر ۷ مسلم) جناب صدر ۔ سب سے پہلے میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری معروضات کو در خور اعتنا سمجھا ہے ۔ اور ان کا جواب دیا ہے اس شکریہ کے بعد مجھے افسوس بھی ہوا کہ انہوں نے چند ایسے بیانات دئے ہیں جو سوائے اسکے کہ ہاؤس کو مغالطہ میں ڈالیں اور کوئی اثر ظاہر نہیں کر سکے ۔ جناب والا یہ غلط چیز ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ کوئی مناسب بات بیان فرماتے تو ممکن تھا اسکے بعد یہ ترمیم واپس لے لی جاتی ۔ میں نے جو باتیں عرض کی تھیں ان میں سے انہوں نے کسی ایک کو touch بھی نہیں کیا ۔ سب سے پہلے جو کچھ انہوں نے بیان فرمایا ہے ۔ وہ انکم ٹیکس کی رپورٹ سے متعلق ہے کہ ۱۹۴۸ء میں کمیٹی بیٹھی اور اسنے یہ یہ کچھ کیا اور صرف ایک سال کیلئے یہ ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ تو میں جناب کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے اور آنریبل وزیر مال جناب چٹھہ صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ یہ تو خود مینے کہا تھا جو اب انہوں نے فرمایا ہے ۔ اسمیں نئی بات کونسی ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ پاکستان بننے کے بعد صوبہ پنجاب میں جب ہمارے موجودہ چیف منسٹر صاحب فنانس منسٹر تھے اسوقت انہوں نے یہ سمجھا اور پہلی بار صوبہ پنجاب میں ایسا ٹیکس تجویز کیا جو ظالم اور خون چوسنے والا انگریز بھی اپنی دو سو سال کی حکومت میں تجویز نہ کر سکا تھا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اگر مسلم لیگ کے نام نے ان کی ضمیریں خرید نہیں لیں اور اگر مسلم لیگ کے نام نے ان کو ختم نہیں کر دیا تو وہ بتائیں کہ انہوں نے میری

اس دلیل کا کیا جواب دیا ہے کہ گذشتہ دو سو سال کی تاریخ میں کوئی ایسا واقعہ ہوا ہے ؟

سوال از آسمان ۔ جواب از ریسمان

میں پوچھتا ہوں کہ partition سے پہلے جب ہمارے وزیر اعلیٰ کی حکومت قائم نہیں ہوئی تھی اسوقت کوئی ایسا واقعہ رونما ہوا تھا ؟ میں علی الاعلان کہتا ہوں کہ گذشتہ دو سو سال میں اس انگریز کو جس کو تم ظالم کہتے ہو ۔ جسکو تم یوگ کہتے ہو اور جسکے متعلق تم یہ اور وہ کہتے پھرتے تھے ۔

Mr. Speaker : The honourable member is only repeating his arguments.

میاں عبد الباری —

I am doing so only to remind the Parliamentary Secretary that he has not given reply to my arguments.

اس بیان کی وجہ سے یہاں غیر متعلقہ باتیں اس ایوان میں ہوئی ہیں اور ان کہ روکا نہیں گیا تھا کیونکہ میری تقریر کے متعلق تو انکا بیان نہیں تھا بلکہ یہ بیان تو ایوان کو mislead کرنیکے لئے دیا گیا تھا ۔ بہر حال پہلی چیز یہ ہے کہ میں نے چیف منسٹر صاحب کی حکومت کا اس ظالم حکمران حکومت سے مقابلہ کیا تھا ۔ میرے الفاظ جنکا جواب نہیں ملا یہ تھے کہ مالیہ اور آبیانہ کے علاوہ انگریز نے باوجود ظالم اور خون چوسنے والا ہونے کے زرعی انکم ٹیکس جو ایک نئے اصول پر مبنی ہے جو ایک علیحدہ اصول پر مبنی ہے عائد کرنیکی جرات نہیں کی تھی ۔ عائد کرنیکی بے ایمانی نہیں کی تھی ۔ عائد کرنیکا ظلم نہیں کیا تھا اور ہماری حکومت پاکستانی حکومت کہلاتے ہوئے ایسا کیا اور یہ آنریبل چیف منسٹر کے دماغ کی اختراع تھی کہ مالیہ اور آبیانہ پر زرعی انکم ٹیکس لگا دیا ۔ میری اس دلیل کا کوئی جواب نہ دیا گیا ۔ اگر کوئی چیز پیش کی گئی تو وہ اور بھی تعجب انگیز تھی اور وہ یہ تھی کہ یہ ٹیکس ۲۰ کے اوپر اسلئے لگایا گیا ہے کہ یہ قانون ڈپٹی کمشنروں کو تحقیقات کے لئے بھیجا گیا تھا کہ وہ اس کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کریں ۔ جناب والا پرانے وقت میں جب یہاں ہماری حکومت نہیں آئی تھی اسوقت یہ قاعدہ ہوتا تھا کہ جو زمین پر معاملہ اراضی ہے اسے کاشت کی اساس پر لگا دیا جائے ۔ اسوقت آمدنی کا کوئی خیال کیا جاتا ہے ۔ جب یہ کاشت کی اساس پر لگایا جائے ۔ جب اس اساس کے نقطہ نگاہ سے نہ لگایا جائے تو اسوقت اسمیں کمی یا زیادتی نہیں کی جاتی ۔ اسلئے میں اس ترمیم کے پیش کئے جانے کے وقت ہی نہیں

بلکہ اس سے پہلے بھی کئی دفعہ کہہ چکا ہوں کہ اس اساس کو پہلے نہیں توڑا گیا ۔ اسے انگریز نے نہیں توڑا ۔ اس نے اسے اپنی دو لڑائیوں میں جسمیں اسکی زندگی اور موت کا سوال تھا نہیں توڑا لیکن ہماری حکومت نے ۔

ملک قادر بخش — کیا آپ انگریزوں کو واپس بلانا چاہتے ہیں ؟

میاں عبدالباری — ہم انگریز کو واپس نہیں بلانا چاہتے بلکہ صرف آپکو غیرت دلانا چاہتے ہیں اور صحیح راستہ دکھانا چاہتے ہیں ۔ میں انکو متنبہ کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر وہ اسی ڈگر پر قائم رہے تو اسکے نتائج بہت خراب ہونگے ۔ انگریز اس انداز پر چلا اسلئے کہ وہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The House is not concerned with what the *Angraiz* did.

میاں عبدالباری — جناب والا ۔ دوسری چیز جو انہوں نے بیان کی یہ تھی کہ ڈپٹی کمشنروں نے یہ کہا تھا کہ جن کی آمدنی ۲ ہزار یا ۳ ہزار ہو یا اتنے کے لگ بھگ ہو ان پر یہ ٹیکس عائد نہ کیجئے لیکن آنریبل وزیر نے یک جنبش قلم یہ کر دیا کہ جسکا مالیہ ۲۵۰ روپے سے ایک روپیہ بھی اوپر ہو اسپر یہ ٹیکس لگ جائے ۔ اس چیز کی انہوں نے تردید نہیں کی کہ یہ ٹیکس ساڑھے سات ایکڑ زمین کے مالک پر لگ جاتا ہے ۔ پھر اس چیز کی انہوں نے تردید نہیں کی کہ ایک مربع یا دو مربع پر اتنا مالیہ لگ جاتا ہے ۔ اسکے ضمن میں انہوں نے بیان کیا کہ ایک یا دو مربعے والے کی چونکہ آمدنی تین ہزار سے زائد ہوتی ہے اسلئے ہم نے اسپر مالیہ اور آبیانہ کے ساتھ زرعی انکم ٹیکس بھی لگا دیا ۔ اب میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ کونسی دیانت ہے کہ ایک زمیندار جسنے ۱۹۲۷ء سے لیکر ۱۹۳۵ء تک اپنی گندم سوا روپے من فروخت کی جبکہ ۲۵ ایکڑ پر مشتمل ایک مربع کی انتہائی آمدنی اڑھائی سو سے تین سو روپے تک ہوتی تھی کیا اسوقت آپ نے اس کو مالیہ چھوڑ دیا تھا ۔ کیا کوٹھیوں میں رہنے والوں نے ان کے واجبات میں کوئی کمی کی تھی ۔ کیا ان کا یہ حق نہیں کہ جب انہوں نے اتنے سال گندم سوا روپے من فروخت کی اور کپاس کم سے کم نرخوں پر بیچی تو اب وہ بھی ذرا آرام کا سانس لے کیں ؟ شہروں میں کوٹھیوں میں رہتے ہوئے ان کو پتہ نہیں کہ دیہات میں کیا ہوتا ہے ۔ ڈپٹی کمشنر نے لکھ دیا کہ اڑھائی سو ، تین سو روپے مالیہ دینے والے پر یہ ٹیکس لگا دو اور انہوں نے اسپر یہ ٹیکس لگا دیا حالانکہ ان کو یہ علم نہیں کہ جب اجناس کی قیمتیں کم تھیں تو اسوقت تو وہ بیچارا قرض لے کر اپنا مالیہ وغیرہ ادا کیا کرتا

تھا اور اب وہ اپنا قرضہ اتار رہا ہے ۔ اسلئے میں دوبارہ کہتا ہوں کہ انہوں نے اس اصول اور اساس کو توڑا جسکو انگریز نے بھی نہیں توڑا تھا ۔

شیخ ظفر حسین — کیا میں معزز ممبر سے پوچھ سکتا ہوں کہ نیڈو ہوٹل شہر میں واقع ہے یا گاؤں میں ؟

Mr. Speaker : This is wholly out of order.

میاں عبدالباری — جناب والا ۔ یہ تھیں میری معروضات جنکا جواب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے نہیں دیا ۔ جناب والا میری گذارش ہے کہ معاملہ اراضی اور آبیانے پر ٹیکس لگانے کا طریق ایک ایسا طریق ہے جو juris prudence کے کسی قاعدہ کے مطابق نہیں ۔ اور اسکو سوائے ایک ایسے حاکم کے اور کوئی نہیں لگا سکتا جسکو کہ حکومت کا تجربہ نہ ہو ۔ پھر جناب والا یہ ٹیکس انہوں نے ایک سال کے لئے لگایا تھا ۔ یہ اب ان کی عادت ہو گئی ہے کہ جو ٹیکس ایکسال کے لئے لگ جائے وہ ہمیشہ کے لئے جاری رہتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں آنریبل وزیر مال کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ یہ ٹیکس پہلے سال تو قوم نے برداشت کر لیا ۔ اسوقت حالات ہی اس قسم کے تھے کہ جو بھی ٹیکس صحیح یا غلط آپ نے لگایا حالانکہ اسوقت آپ نے اپنی تنخواہیں وصول کیں اور اپنی کوٹھیوں کا کرایہ لیکر ہضم کر لیا میں یہ آپ کو نہیں کہہ رہا اسوقت جو بھی منسٹر یا چیف منسٹر تھے وہ سب اسمیں شامل ہیں وہ قوم نے دیا اور وہی ٹیکس اگلے سال بھی دیا اور اس سے اگلے بھی لیکن میں آپ کو متنبہ کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر آپ اتنی زیادتیاں کرینگے تو قوم اس کے لئے تیار نہیں ہے وہ No-tax Campaign کرینگے اور جس چیز کے لینے کا تمہیں حق نہیں ہے اسکو وہ تمہیں نہیں لینے دینگے ۔ تم دو یا تین مربعے والے کی حمایت اسلئے نہیں کرتے کہ وہ دو یا تین سال سے زیادہ کمائی کر رہا ہے ۔ لیکن وہ وقت بھی تو نہ بھولو جبکہ اسکی کھال تک اترتی رہی ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپنے دس ہزار کے بعد زرعی انکم ٹیکس کی شرح ایک کیوں رکھی ہے ۔ کیا میاں ممتاز محمد خان دولتانہ یا جتنے دوسرے وزراء کرام یا صاحب جائیداد یہاں بیٹھے ہیں ان میں سے ایک ایک سالیہ دینے والا ۵۰ — ۵۰ یا ۶۰ — ۶۰ ایک مربعے والے کی کمی کو پورا کر نہیں سکتا ہے ؟ دس ہزار والے اس کمی کو پورا کر سکتے ہیں ۔ آخر وجہ کیا ہے کہ آپ دس ہزار سے اوپر کیوں نہیں جاتے ۔ کیا جب ٹیکس ۲۰ ہزار تک ۱۱ گنا لگ جائے اور اگر ۷۵۰ روپے تک سالیہ ادا کرنیوالے کو چھوڑ دیا جائے تو وہ کمی

پوری ہو سکتی ہے یا نہیں ؟ مجھے اسکا جواب نہیں دیا گیا ۔ اگر آنریبل وزیر مال صاحب مجھے اسکا جواب دیں تو میں انکا مشکور ہونگا ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 9, for the proposed schedule to the Punjab Agricultural Income-Tax Act, 1951, the following be substituted :—

Up to Rs. 750	*Nil.*
More than Rs. 750 but not more than Rs. 1,000	.. One fourth of land revenue.
More than Rs. 1,000 but not more than Rs. 2,000	.. One half of land revenue.
More than Rs. 2,000 but not more than Rs. 3,000	.. Three fourth of land revenue.
More than Rs. 3,000 but not more than Rs. 4,000	.. Equal to land revenue.
More than Rs. 4,000 but not more than Rs. 5,000	.. One and half of land revenue.
More than Rs. 5,000 but not more than Rs. 6,000	.. One and three fourth of land revenue.
More than Rs. 6,000 but not more than Rs. 7,000	.. Twice the land revenue.
More than Rs. 7,000 but not more tho Rs. 8,000	.. Three times the land revenue.
More than Rs. 8,000 but not more than Rs. 9,000	.. Four times the land revenue.
More than Rs. 9,000 but not more than Rs. 10,000	.. Five times the land revenue.
More than Rs. 10,000 but not more than Rs. 11,000	.. Six times the land revenue.
More than Rs. 11,000 but not more than Rs. 13,000	.. Seven times the land revenue.
More than Rs. 13,000 but not more than Rs. 15,000	.. Eight times the land revenue.
More than Rs. 15,000 but not more than Rs. 17,000	.. Nine times the land revenue.
More than Rs. 17,000 but not more than Rs. 20,000	.. Ten times the land revenue.
More than Rs. 20,000	.. Eleven times the land revenue.

The motion was lost.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ ۔ مسلم مخصوص نشست)
جناب صدر میں اس شیڈول میں مندرجہ ذیل ترمیم پیش کرتا ہوں :—

That in the schedule to the Bill against the slabs of total land revenue occuring at numbers 7, 8, 9 and 10 for the words "twice", "three", "four" and "five", respectively the following words "three", "four", "five", and "six", respectively be substituted.

پیشتر اسکے کہ میں اس ترمیم کے بارہ میں کچھ عرض کروں میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ حزب مخالف کی طرفسے ایک ہی شیڈول میں یہ دو ترمیمیں کیوں پیش کی گئی ہیں ؟

Mr. Speaker : That is not necessary.

Chaudhri Muhammad Shafiq : You are just pre-judging what I am going to say.

Mr. Speaker : Will the honourable member speak to the amendment? He will have the right to reply.

چودھری محمد شفیق — بہت بہتر — جناب والا یہ ترمیم ہمنے یہ دیکھنے کے لئے پیش کی ہے کہ آیا حکومت حزب مخالف کی طرف سے پیش کی گئی معقول چیزوں کو بھی ماننے کیلئے تیار ہے یا نہیں ۔ جناب والا اس بل کے اغراض میں وجوہ کے مطابق اس سے ان بڑے بڑے زمینداروں کو رعایات دی جانی مقصود ہیں ۔ جنہیں زرعی اصلاحات سے نقصان عظیم

پہنچا ہے ۔ جناب والا اس بل میں جو رعایات دی گئی ہیں وہ محض خود غرضی پر مبنی ہیں اور ان سے عام چھوٹے زمینداروں کو زیادہ نقصان پہنچتا ہے اگر حکومت کا منشا چھوٹے زمینداروں کو امداد دینا ہو تو وہ ہزاروں روپے کی اس بچت کو جو بڑے زمینداروں کو زرعی انکم ٹیکس کی وجہ سے ہوئی ہے چھوٹے زمینداروں پر خرچ کر سکتی تھی ۔ در اصل ہماری حکومت اس پالیسی پر گامزن ہے کہ پروپیگنڈہ تو یہ کیا جائے کہ ہم چھوٹے زمیندار کی مدد کیلئے سب کچھ کر رہے ہیں اور فائدہ بڑے زمینداروں کو پہنچایا جائے ۔ چنانچہ زرعی اصلاحات سے بھی مالکان اراضی کو لینڈ ریونیو میں رعایت دی گئی تھی ۔ جناب والا مستقل معاملہ اراضی ہمیشہ ملکیت پر ہوتا ہے نہ کہ اراضی کی آمدنی پر ۔ چنانچہ جب پہلے بعض اراضیات آباد کی گئیں تو انکا بندوبست غیر منتقل رکھا گیا لیکن جب وہ آباد ہو گئیں تو وہ مستقل کر دیا گیا ۔ اب اس اراضی کے اندر کوئی کاشت کی جائے یا نہ کی جائے معاملہ اراضی لازمی طور پر ادا کرنا پڑتا تھا ۔ مگر ان زرعی اصلاحات کے ذریعہ جنکے متعلق یہ ڈھول پیٹا جا رہا ہے کہ وہ غربا کے فائدہ کیلئے ہیں غریب مزارعین پر بھی معاملہ اراضی کا دو تہائی حصہ ڈال دیا گیا ہے ۔ اور اب مالک کے ذمہ صرف ایک تہائی مالیہ رہ گیا ہے ۔ کیا بڑے زمینداروں کو یہ رعایت کافی نہ تھی جو اب انکا زرعی انکم ٹیکس بھی کم کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے ۔ جو کہ حکومت کے ایک رکن ہیں اگرچہ انکے پاس کوئی اختیارات نہیں ۔ اپنی تقریر میں اپنے انگریز ڈارلنگ کا حوالہ دیا ہے ۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اب آزادی کے بعد بھی انگریز کو ڈارلنگ سمجھتے ہیں ۔ کیا یہ ایک آزاد ملک کی شایان شان ہے کہ ہماری حکومت اب بھی ہر مرحلہ پر انگریز کے دماغ کو استعمال کرے ۔ کیا ہمارا دماغ اسقدر Dull ہو چکا ہے ۔ کہ انگریز

Mr. Speaker : The Darling is not before us.

چودھری محمد شفیق — جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے ڈارلنگ کا حوالہ پیش کیا تھا ۔ میں نے یہ بات اپنی طرف سے ایزاد نہیں کی ۔ جناب والا ۔ یہ صحیح ہے کہ اگر انگریز کا نام لیا جائے تو سرکاری بنچوں کو تکلیف ہوتی ہے لہذا میں اسکا نام نہیں لیتا مگر اتنا ضرور کہونگا کہ انگریز کا فرسودہ نظام.....

Mr. Speaker : Arguments need not be repeated : Arguments advanced by another member cannot be repeated.

Chaudhri Muhammad Shafiq : After hearing my arguments, your honour will come to the conclusion that I am using them for certain other ends not the same ends for which Mian Abdul Bari has used them.

جناب والا — ہمیں یہ تو کہہ دیا جاتا ہے کہ ہم criticism کرتے ہیں مگر suggestion کوئی نہیں دیتے - ہمارے پاس وقت ہی اتنا ہوتا ہے کہ criticism کی بمشکل اجازت ملتی ہے اور suggestion دینے کا موقع ہی نہیں ملتا - اسلئے ہم ان کے سامنے تمام چیزیں پیش نہیں کر سکتے - میں یہ عرض کروں کہ جسطرح ایک دوکاندار اپنا سارا حساب کتاب رکھ سکتا ہے اور اسے انکم ٹیکس کے لئے پیش کرسکتا ہے اسی طرح زمیندار بھی اپنی آمدنی کا حساب رکھ سکتا ہے - اور وہ بھی اسے آپ کے سامنے ٹیکس لگانے کے لئے پیش کر سکتا ہے - اور آپ چیک کر سکتے ہیں - تو پھر کیا وجہ ہے کہ آپ زمیندار پر اعتبار نہیں کرتے - اور آپ ان پر slab لگا کر لینڈ ریوینیو پر ٹیکس وصول کر لیتے ہیں -

Mr. Speaker : The honourable member's amendment was to change the ratio in the slabs. Therefore, this argument is irrelevant.

چودھری محمد شفیق — میں یہ عرض کروں کہ یہ slab جو بنایا گیا ہے جیسا کہ میں نے ایک دن عرض کیا تھا کہ آنریبل منسٹر صاحب کا ٹیکس لگانے کا اصول یہ ہے کہ چوروں کا مال اور لاٹھیوں کے گز - غریبوں کیلئے تو یہ اصول نہیں ہونا چاہئیے - امیروں کے لئے تو لاٹھیوں کے گز ہوں تو بھی وہ بچ سکتے ہیں - مگر یہاں پر گز بھی تین انچ کا ہو گیا ہے - پہلے جو slab میاں عبدالباری صاحب نے پیش کیا - ہمیں یقین تھا کہ آپ اسکو کبھی نہیں مانینگے - اب یہ میری دوسری attempt ہے اب ایک موقعہ اور دیتے ہیں کہ یہ ٹیکس غریبوں پر کم اور بڑے زمینداروں پر زیادہ کیا جائے - بڑے زمیندار پانچ یا چھ فیصدی ہیں جن پر ترتیب شدہ ریٹ کا فرق پڑیگا اور حکومت کو بھی زیادہ آمدنی ہوگی - ایک طرف تو آپ کہتے ہیں کہ حکومت کو روپیہ کی ضرورت ہے اور دوسری طرف آپ بڑے بڑے پٹھوؤں پر ٹیکس عائد کرنے سے گریز کرتے ہیں اور امیر کو ریلیف دینے کی کوشش کرتے ہیں - غریب کو ریلیف دینے کی کوشش نہیں کرتے - ان بیچاروں پر تو مہاجر ٹیکس بھی لگا دیا جاتا ہے - اس ریٹ سے آپ نے جو بڑے زمینداروں کو رشوت پیش کرنی ہے - آپ انہیں تھوڑی سی رشوت پیش کر دیں - ۱۹۵۱ء والے ایکٹ کی slab سے ایک گنا کم کر دیا جائے اور جو اب بنایا ہے - اسمیں ایک گنا زائد کر دیا جائے

تاکہ آپ بڑے زمینداروں کو بھی رشوت دے سکیں اور آپ کی آمدنی بھی بڑھ سکے - جناب والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب اختیار آپکے ہاتھ میں ہے تو پھر خود غرضی کی بنا پر تمام کام کیوں کئے جاتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان میں صرف چند اشخاص ہیں جنکو اس ایگریکلچرل انکم ٹیکس سے سب سے زیادہ فائدہ پہنچیگا میں انکو justified سمجھتا جب ہم اپنے حاکموں کو رعایات دیتے یہ دیکھکر کہ وہ بہت زیادہ کام کرتے ہیں - جیسا کہ میاں عبدالباری صاحب نے پہلی دفعہ ایک offer دی تھی اگر وہ بھی اپنی تنخواہیں چھوڑنے کے لئے تیار ہو جاتے تو پھر اس قسم کی رعائتیں حکومت سے لینے کے لئے بجا طور پر حق بجانب ہوتے - بڑے آدمیوں کو رعائتیں دینے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا - ایک طرف تو آپ غریبوں کا معیار زندگی اونچا کر رہے ہیں اور دوسری طرف آپ سیلاب زدہ لوگوں پر ٹیکس لگا رہے ہیں - میں ان معروضات کے ساتھ آنریبل منسٹر صاحب سے درخواست کرونگا کہ اگر انہوں نے بڑے بڑے لوگوں کے مفاد کو پیش نظر رکھنا ہے تو غریبوں کا بھی خیال رکھیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ آنریبل منسٹر صاحب کے بس کی بات نہیں ہے کیونکہ ان کے ماسٹر صاحب موجود نہیں ہیں جن سے انہوں نے مشورہ لینا ہے - پھر بھی میں یہ توقع کرتا ہوں کہ اسوقت ان کی جو آپس میں discussion ہو رہی ہے امید ہے کہ یہ discussion ان کو اس طرف راغب کر دیگی -

Mr. Speaker : The question is—

That in the schedule to the Bill against the slabs of total land revenue occurring at numbers 7, 8, 9 and 10 for the words "twice", "three", "four", and "five", respectively the following words "three", "four", "five" and "six", respectively be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 9 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is—

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Title

Mr. Speaker : The question is—

That title be the title of the Bill.

The motion was carried.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move—

That the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill be passed.

چودھری محمد افضل چیمہ— (لائلپور نمبر ۹ مسلم) جناب والا ۔ ایک ایسے ماحول میں جبکہ ایک جماعت باوجود معقول سے معقول دلائل سننے کے اور حق بات کو حق سمجھنے کے وہی مرغے کی ایک ٹانگ کی رٹ لگانے کا تہیہ کر چکی ہے ایسے ماحول میں کچھ کہنا سعی لا حاصل ہے ۔ البتہ اتمام حجت کیلئے کچھ نہ کچھ عرض کرنا ضروری خیال کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ بعض مسائل اس نوعیت کے ہوتے ہیں کہ ان میں دیانتدارانہ اختلاف رائے کی گنجائش ہوتی ہے اور بعض ایسے مسائل ہوتے ہیں جو بمصداق much can pe said on both sides ہوتے ہیں لیکن بعض امور ایسے مسلمہ اور متفقہ علیہ ہوتے ہیں کہ ان میں دیانتداری سے کسی اختلاف رائے کی گنجائش نہیں ہوتی ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ موجودہ مسئلہ محاصل یا Taxation جو اس معزز ایوان کے پیش نظر ہے یہ بالکل اسی نوعیت کے مسائل میں سے ہے جنہیں کسی اختلاف رائے کی گنجائش نہیں ہوتی ۔ حزب اختلاف کی طرف سے جو باتیں کہی گئی ہیں اور جو ناقابل تردید دلائل پیش کئے گئے ہیں انکا کوئی معقول جواب در حقیقت ہو نہیں سکتا ۔ جناب والا ۔ موجودہ مسودہ اور اس سے پہلے مسودہ میں ایک ہی بنیادی مسئلہ ہے اور وہ Taxation کا ہے جہانتک Taxation اور محاصل کی ضرورت کا تعلق ہے اسمیں کوئی شک نہیں کہ تمدن کی وسعت کے ساتھ حکومتوں کا دائرہ عمل وسیع ہوتا ہے ۔ انکے فرائض میں اضافہ ہوتا ہے اور اسکے ساتھ انکے مصارف میں بھی کافی اضافہ ہو جاتا ہے ۔ ان مصارف کو اور نظم و نسق کے ان اخراجات کو پورا کرنیکے لئے حکومتیں مجبور ہوتی ہیں ۔ کہ اپنی رعایا سے محاصل وصول کر کے مصارف پورا کرنیکی راہ تلاش کریں ۔ لہذا بجائے خود محاصل کا وجود نظم و نسق کو کامیابی کے ساتھ چلانے کیلئے ایک ضروری ایک ناگزیر امر ہے ۔ ہمیں اعتراض صرف اس بات پر ہے کہ محاصل کا جو طریق کار ہماری موجودہ حکومت نے اختیار کر رکھا ہے ہرگز مناسب اور صحیح نہیں ۔ میں اس سے پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ محاصل کے بعض ناقابل تردید مسلمات ہوتے ہیں لیکن ہماری حکومت نے انکو یکسر نظر انداز کر دیا ہے ۔ Taxation کی تین مختلف منزلیں ہیں ۔ پہلی ہے levy یا تضریب یعنی ٹیکس عائد کرنا ۔ اسمیں آپنے یہ دیکھنا ہے کہ کون کونسی چیزوں پر ٹیکس عائد کرنا مناسب ہے اور کیا جا سکتا ہے ۔ دوسری assessment

ہے جسکو آپ تشخیص محاصل کہتے ہیں - اسمیں آپ کو یہ دیکھنا ہے
کہ کسطرح تشخیص کرنی ہے اور اسکی کونسی صورت زیادہ بہتر ہے
اور اسکے بعد ہے collection یا تحصیل -

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. I would refer you to Rule 103 which says—

"When a motion that a bill be taken into consideration has been carried and no amendment of the bill is made, the member-in-charge may at once move that the bill be passed.

(2) The Speaker, of his own motion, may, and on the request of any member shall, direct that the bill be examined by a Committee consisting of the Minister to whose department the bill relates, the member who introduced the bill, the Advocate-General and the Deputy Speaker or a member of the panel of Chairmen nominated by the Speaker under Rule 87, with orders to report what amendments of a formal or consequential character should be made in the bill as a matter of drafting, and such report shall be presented within such period as the Assembly may direct".

My point of order is that the Bill be referred.....

Mr. Speaker : It is no point of order.

Chaudhri Muhammad Shafiq : When a motion that the bill be taken into consideration has been carried and no amendments have been made, the member-in-charge m ay at once move that the bill be passed. Now it has been moved and this is the stage when I can move that the Bill be referred to a Committee.

Mr. Speaker : Before the opposition started.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Opposition to passing is different. Please refer to paragraph 2 of Rule 103. The motion has been moved that the Bill be passed and before that motion is carried I have raised the objection. The Bill might be passed or not. As no amendment has been made in this Bill hence under this Rule it should be referred to a Committee.

Mr. Speaker : I would refer to the purpose of the Committee.

Chaudhri Muhammad Shafiq : The words are—

"With orders to report what amendments of a formal or con sequential character should be made in the bill as a matter of drafting".

Under this rule the bill should be referred to the Committee. There is no discretion.

Minister of Revenue : Member means member-in-charge of the bill.

Chaudhri Muhammad Shafiq : 'Any member shall' It does not mean the mover of the bill. Paragraph is quite clear—

"(3) When the report has been presented and the decision of the Assembly on the amendments proposed has been made, the member-in-charge may at once move that the bill be passed.

(4) To such a motion no amendment may be moved which is not either formal or consequential upon an amendment made after the bill was taken into cnonsidera tion, and such amendments require no notice".

Minister of Rehabilitation : Article 134 of the Punjab Constitutional Manual says—

"(1) When a motion that a bill be taken into consid eration has been carried and no amendment of the bill is made, the member-in-charge may at once move that the bill be passed".

If any amendment is made then a motion can be made that it should be referred to a Committee. The argument is that as no amendment has been made in this Bill, part (2) does not arise at all.

Mr. Speaker : After hearing honourable members on both sides I must hold that the point of order raised is valid. The honourable member should put his point in the form of a motion that the Bill be examined by a Committee consisting of so and so. I must also point out that according to the established practice of this House, speeches for or against the motion to pass the Bill may be made now, and after the Committee's report has been received, the question that the Bill be passed will be formally put before the House.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I beg to move that under Rule 103, paragraph 2, the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill be referred to a Committee as contemplated by that Rule.

چودھری محمد افضل چیمہ— جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ Taxation کے سلسلے میں ہماری حکومت نے جو طریق کار اختیار کر رکھا ہے وہ اس بے تدبیری کا مظہر ہے جسکا اظہار ہماری حکومت اس سے پیشتر غذائی بحران اور Land Reforms کے سلسلہ میں کر چکی ہے - یہ بے راہ روی اور بے تدبیری اس نوعیت کی ہے جس سے حکومت کی پالیسی کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر کام بمقتضائے طبیعت کرنا چاہتی ہے اور کسی حد تک ایسا کرنے پر مجبور ہے -

جناب والا - سب سے پہلے جو چیز میں حضور والا کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ Taxation کا basis متعین کرنے اور محاصل کا اصول مقرر کرنے کے سلسلے میں ہماری حکومت نے بنیادی طور پر لغزش کھائی ہے - ہماری حکومت نے زمین کو بلا امتیاز عامل پیداوار تصور کر کے اسپر جس نکتہ نگاہ سے یہ ٹیکس عائد کرنیکا فیصلہ کیا ہے یہ اس پالیسی پر مبنی ہے جو اٹھارھویں صدی میں فرانسیسی Physiocrats نے فرانس میں نافذ کر رکھی تھی - یہ آج سے تقریباً دو سو برس قبل ان Physiocrats کی یادگار ہے - علاوہ ازیں تہذیب و تمدن کے ابتدائی دور میں چونکہ زمین پیداوار کی سب سے بڑی عامل تصور کی جاتی تھی - اسلئے اسپر ٹیکس عائد کیا گیا - مگر اب یہ نظریہ بالکل غلط ثابت ہو چکا ہے - کسقدر افسوس کا مقام ہے کہ ہماری حکومت نے اس پرانے اور فرسودہ نظریہ کو جو اب دو سو سال بعد ردی کی ٹوکری میں پھینکنے کے قابل تھا خود قبول کرنیکی کوشش کی ہے -

جناب والا - محاصل عائد کرتے وقت بلکہ اسکے اصول طے کرتے وقت سب سے ضروری چیز جو ہر حالت میں مد نظر ہونی چاہئیے یہ ہے کہ جن لوگوں پر یہ عائد کیا جانا ہے - کیا ان کی اتنی استطاعت ہے کہ وہ اسے بآسانی ادا کر سکیں - کہیں اس محصول کا بار غیر مستطیع اور ایسے لوگوں پر تو نہیں ڈالا جا رہا جنکی قوت برداشت سے زیادہ ہو - مگر مسودہ قانون زیر غور کو دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت نے اس چیز

کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں حزب مخالف نے ایک نہایت ہی معقول تجویز پیش کی ہے یعنی یہ کہ ان لوگوں کو مستثنیٰ قرار دیا جائے ۔ جنکا معیار زندگی بہت پست ہے اور جو محاصل ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں ۔ یہ ایک مشترکہ اور متحدہ مسئلہ ہے جسے حل کرنا ہمارا فرض ہے ۔ کیونکہ محاصل کے عائد کرنے سے عوام کی قوت خرید میں ایک زبردست کمی واقع ہو جائیگی اور ان کی اقتصادی استعداد اور earning capacity میں ایک خلا واقع ہو جائیگا جس کے اثرات قوم و ملت کیلئے نہایت نقصان دہ ثابت ہونگے ۔ اس نقطہ نظر کے پیش نظر حتی‌الامکان کوشش یہی ہونی چاہئیے کہ بار محاصل کم سے کم ڈالا جائے ۔ مگر افسوس کہ ہماری حکومت نے اس زریں اصول کو بھی نظر انداز کر دیا ہے اور اپنی من مانی کارروائی کرنے پر تلی ہوئی ہے ۔

جناب والا ۔ میں آنریبل وزیر مال سے ایک نہایت ہی اہم سوال دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ اس ایوان کے معزز ممبران کو معلوم ہے کہ کچھ عرصہ پیشتر جب زرعی اصلاحات کے متعلق مسودہ ہائے قانون ایوان ہذا میں پیش کئیے جا رہے تھے تو اس وقت ہمارے وزیر مال صاحب نے بڑے زمیندار اور چھوٹے زمیندار کے مابین ایک امتیاز اور حد فاصل مقرر فرمائی تھی ۔ یہ حد فاصل خود کاشت کے رقبہ جات کا تعین کے ذریعہ سے تھی ۔ انہوں نے فرمایا کہ سو ایکڑ کی ملکیت کو ایک حد فاصل قرار دیا گیا ہے ۔ سو ایکڑ سے زائد کے مالکوں کو پچاس ایکڑ اور اس سے کم کے مالکوں کو پچیس ایکڑ اراضی کی خود کاشت کے حق کا فیصلہ فرمایا ۔ مگر اس کے ساتھ ہی ان کے مسودہ ہائے قانون میں یہ بھی لکھا ہے کہ اگر نئے قانون کے نفاذ سے پیشتر سو ایکڑ کا مالک سارے کا سارا رقبہ خود کاشت کر رہا ہے تو اسے مکمل اختیار ہوگا کہ وہ سارے کا سارا رقبہ بدستور خود کاشت کر سکے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ تفاوت آخر کیوں رکھا گیا ہے ۔ اس کے جواز میں آپنے یہ فرمایا کہ اس چیز پر بڑے تامل سے غور کرنے اور اس کے عملی پہلوؤں پر تحقیق اور مطالعہ کرنیکے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے ۔

اس وقت انہوں نے فرمایا تھا کہ دس ایکڑ یا بیس ایکڑ اراضی کے مالک اور کاشتکار اس ملک میں ریڑھ کی ہڈی کا مرتبہ رکھتے ہیں اور واقعی وہی قوم کا سرمایۂ حیات ہیں اسلئے حکومت کی ہر کوشش اس طبقے کو تقویت پہنچانے پر مرکوز ہونی چاہئیے اور اسکی تخریب پر منتج ہونیوالی کاروائیوں سے اجتناب کرنا چاہئیے ۔ یاد رکھنا چاہئیے :—

Bold peasantry its country's pride.
When once destroyed can never be supplied.

مگر حکومت کے پیش کردہ مسودہ قانون میں اس ریڑھ کی ھڈی کو توڑنے کی کوشش کی گئی ھے ۔ مسلم لیگ کا دعویٰ تو یہ ھے کہ وہ اس پنجاب کے سرمایہ حیات یعنی طبقہ کاشتکاراں سے بے پناہ محبت رکھتی ھے مگر عمل یہ ھے کہ استطاعت نہ رکھنے والوں پر ٹیکس کا بار ڈالا جا رھا ھے ۔ مسلم لیگ حکومت کے قول و فعل میں بین تضاد ھے ۔ دراصل زمینداروں کی جہالت اور بے خبری سے ناجائز فائدہ اٹھایا جا رھا ھے اور انکی سادگی اور وفاداری کو exploit کیا جا رھا ھے ۔ کسانوں پر ٹیکس کا بوجھ غیر مساوی طور پر لگایا گیا ھے اور شہریوں کے مقابلہ میں زیادہ ھے ۔ اور انکو تعلیم اور علاج معالجہ کی سہولتیں بھی مساوی طور پر نہیں دی جاتیں انکو اطمینان کی زندگی میسر نہیں ان کا معیار حیات بہت پست ھے ۔ اب اس ٹیکس سے ان پر ایک ضرب کاری لگائی جا رھی ھے جس ضرب کے لگانے سے غیر ملکی حکومت بھی ھچکچاتی تھی کیونکہ اجنبی حکومت کو بھی اس امر کا احساس تھا کہ کاشتکار طبقے کی تباھی میں حکومت کی تباھی مضمر ھے اور اسکی زندگی اور بقا میں حکومت کا بقا ھے ۔

جناب والا ۔ کچھ عرصہ سے پیشتر میں نے اس ایوان میں ایک سوال دریافت کیا تھا کہ جس قسم کے بڑے بڑے مالکان اراضی یو ۔ پی میں اور بنگال میں پائے جاتے ھیں اس درجے کے بڑے مالکان اراضی کی تعداد ھمارے صوبہ پنجاب میں کسقدر ھے ۔ ۲۵ ایکڑ کے مالکان کی تعداد کسقدر ھے اور ۵۰ ایکڑ کے مالکان کی تعداد کتنی ھے ؟ جہانتک مجھے یاد ھے ۲۵ سے ۵۰ ایکڑ اراضی کے مالکان کی تعداد ۲,۱۰,۳۱۲ (دو لاکھ دس ھزار تین سو بارہ) بتائی گئی تھی ۔ میں سمجھتا ھوں کہ ان لوگوں میں اتنی استطاعت نہیں ھے ۔ کہ وہ زرعی انکم ٹیکس ادا کر سکینگے اسلئے یہ زرعی انکم ٹیکس کا بل ایک ظالمانہ اقدام ھے ۔ یہ ٹیکس ناقابل برداشت ھے کاشتکار تو پہلے ھی بیماری اور بیکاری کا شکار ھو رھے ھیں حکومت نے ان کی اصلاح حال کے لئے جتنے بھی مواعید کئے تھے اب ان کی خلاف ورزی کی جا رھی ھے ۔ پہلے سے موجودہ ٹیکسوں کو منسوخ کرنیکی بجائے ان ٹیکسوں میں مزید اضافہ کیا جا رھا ھے ۔ جیسا کہ آنریبل وزیر مال میرے سوال کے جواب میں بتا چکے ھیں ۲۵ سے ۵۰ ۔ ایکڑ اراضی کے مالکان اراضی کی تعداد دو لاکھ دس ھزار تین سو بارہ ھے اس سلسلے میں یاد رکھنا چاھئے کہ ایسے ھر ایک مالک اراضی کے سر پر دو دو چار چار کنبوں کا بوجھ موجود ھے جنکی پرورش وہ بصد مشکل کر رھا ھے ۔ ان کی گذران پہلے ھی تنگ ھے ۔ ۵۰ ایکڑ اراضی کے مالک کو بلا شبہ اور بلا مبالغہ سال بھر خرچ چلانا مشکل

ہوتا ہے اور میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ انکو چھ چھ بلکہ آٹھ آٹھ کنبوں کی پرورش کرنی پڑتی ہے جنکا ان پر انحصار ہوتا ہے اس لحاظ سے اگر آپ فرض کریں کہ اوسطاً چار کنبوں کا بوجھ ایک ٹکڑہ اراضی پر ہوتا ہے تو بھی ان تین لاکھ مالکان اراضی پر ٹیکس لگانے کا اثر ۱۲ لاکھ کنبوں پر پڑیگا جنکے لئے یہ ظالمانہ ٹیکس ناقابل برداشت ہوگا ۔ یہ bold peasantry یعنی کسانوں کا طبقہ اصل میں قوم کے اعصاب کا درجہ رکھتا ہے مگر مسلم لیگی حکومت قوم کے ان اعصاب کو کچل کر رکھ دینا چاہتی ہے ۔ حکومت ان کسانوں اور کاشتکاروں کے ساتھ ایک افسوسناک اور اگر اسی طرح ان پر نا قابل برداشت بوجھ ڈالے گئے اور ان کے مفاد سے غفلت برتی گئی تو خطرہ ہے کہ یہ طبقہ معدوم اور نیست و نابود ہو جائیگا ۔ حکومت کے قول و فعل میں بڑا تضاد ہے اور جب کاشتکاروں کی ہمدردی کا دعویٰ کرتی ہے تو بموجب قرآن شریف :—

یقولون بالسنتھم مالیس فی قلوبھم یہ ایک خطرناک رجحان کی غمازی ہے ۔

جناب والا— میں آپکی وساطت سے آنریبل وزیر مال کی خدمت میں عرض کروں کہ دنیا بھر میں اس زرعی انکم ٹیکس کو ناپسندیدگی کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے اور جہاں کہیں بھی یہ شاذ و نادر صورت میں رائج ہے وہاں یہ غیر ملکی حکومت کی سامراجی حکمت عملی کا آئینہ دار ہے ۔ اصولی طور پر multiplicity of taxes یعنی کثیر التعداد اور متنوع حیثیت کے ٹیکس ظالمانہ ذہنیت کا ثبوت فراہم کرتے ہیں ایک ہی طبقے پر طرح طرح کے ٹیکس عاید کرنا عدل و مساوات کے خلاف ہے ۔ مالیے ۔ آبیانے اور مہاجر ٹیکس کے بعد زرعی ٹیکس کا زمینداروں پر لگانا کثیرالتعداد اور متنوع ٹیکسیشن کی ایک بد ترین مثال ہے جناب والا اس ٹیکس کے جواز میں حکومت کی طرف سے پیش کردہ دلائل نہایت کمزور اور بودے ہیں اور انگریزی عہد حکومت میں بھی کبھی ایسے دلائل سے کام نہیں لیا گیا تھا ۔

جب کبھی زمینداروں نے بندوبست کے موقعہ پر معاملہ سرکار میں اضافہ کی شکایت حکومت برطانیہ سے کی تو آنکو ہمیشہ یہ جواب دیا گیا کہ تمہیں مغلیہ خاندان کے رویہ کا خیال کرنا چاہئے اور ہمارے نظم و نسق کا مقابلہ تمہیں اپنے ہم مذہب لوگوں اور مسلم سلاطین کے ساتھ کرنا چاہئے ۔ جب تم سے پیداوار کا چوتھا حصہ وصول کیا جاتا تھا ۔ اور اب دیکھو ہم کتنی رعایت دے رہے ہیں کہ شاید پیداوار کا عشر عشیر

بھی وصول نہیں کرتے اور بڑے افسوس کی بات ہے کہ اسکے باوجود تم شور مچاتے ہو ۔ جناب والا ! مجھے بڑا افسوس ہے کہ بعینہ اسی ذہنیت کا مظاہرہ ہماری اس اپنی حکومت کیطرف سے ہو رہا ہے اور یہ چیز انکی شان کے بالکل منافی ہے بالخصوص ہمارے وزیر مال صاحب کی شان کے ۔ جناب والا ! ایک غیر ملکی حکومت کی ذہنیت اور اپنی ملکی حکومت کی ذہنیت میں جب کوئی فرق نہ ہو تو پھر ہمارے غریب لوگ کیا خیال کریں جنہیں ہم کہتے ہیں کہ تم آزاد ہو چکے ہو اور اب تمہاری اپنی حکومت ہے تمہاری اپنی آرا کے ذریعہ سے قائم کیگئی ہے اور تمہاری مشکلات کا اور تمہارے جذبات کا اسکو پورا پورا احساس ہے اور وہ تمہارے مفاد کا پورا تحفظ کرنا چاہتی ہے تاکہ تم ایک باعزت زندگی بسر کر سکو ۔ یہ سب سوائے اسکے کہ لفاظی ہی لفاظی ہے اور کچھ بھی نہیں اور ایک ناجائز سیاسی انتفاع حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ یہ کسقدر افسوسناک ہے کہ یہ ایک مسلمہ طور پر اور متفقہ طور پر ناجائز ظالمانہ اقدام ہو رہا ہے اور با رہا تنقید کرنیکے باوجود ہماری حکومت کے کان پر جوں تک نہیں رینگی ۔

اسکے بعد میں دوسری چیز جو آپکی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ جہاں تک بڑے بڑے زمینداروں پر محاصل عاید کرنیکا تعلق ہے ہمیں ذاتی حیثیت سے یا اسلامی نقطہ نگاہ سے انکے ساتھ قطعاً کوئی عداوت نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہترین نظم و نسق ہمیشہ وہی ہوتا ہے جس میں چھوٹے سے لیکر بڑے تک سب پر کم از کم بار محاصل ڈالا جائے ۔ جسکو آسانی کے ساتھ برداشت کیا جا سکے اور جو نارمل حالات میں ایک necessary evil سمجھا جائے اور جو ہنگامی حالات میں اور بعض اصلاحی اور ترقی کے منصوبوں کیلئے نا گزیر ہے سمجھا جائے ۔ ہمیں بڑے زمینداروں سے عداوت نہیں ہے اگر آپ انکے بار کو کم کرنا چاہتے ہیں تو بڑے شوق سے کیجئے لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ اسکے جواز میں جو دلائل پیش کرتے ہیں اور جو وجوہات پیش فرماتے ہیں وہ قابل قبول نہیں ہیں ۔ اگر آپ یہ خیال کرتے ہوئے کہ آپکی رعایا کے ایک ادنیٰ سے ادنیٰ فرد کا آپ پر کچھ حق ہے تو اسی طرح بڑے مالک اراضی بھی آپ پر حق رکھتے ہیں ۔ اگر یہ سمجھتے ہوئے اور چھوٹے لوگوں کو مستثنےٰ قرار دیتے ہوئے ان پر بار محاصل کم کر دیں تو شاید یہ چیز اتنی کھٹکنے والی نہ ہو ۔ لیکن اسکے جواز میں جو دلائل پیش کئے جاتے ہیں وہ اتنے ناقص اور کمزور ہیں کہ انکی تائید کرنا بالکل غلط ہوگا ۔

جناب والا ! اسکے علاوہ ٹیکسیشن سے متعلقہ اس قانون کے اندر ایک اور چیز جو ہماری حکومت نے پیش کی ہے اور جو میں سمجھتا ہوں کہ اسکو ایک chronic قسم کی بیماری ہے وہ یہ ہے کہ حکومت اختیارات کو حاصل کرنے اور انکو اپنے اندر مجتمع کرنیکے درپے ہے تاکہ وہ اپنی من مانی کر سکے تا کہ وہ بغیر کسی حدود قیود کے اور قانونی پابندیوں کے پورے اختیارات کے ساتھ اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنا سکے ۔ اپنی مرضی کے مطابق کسی کو مراعات دے سکے اور مرضی کے مطابق کسی سے مراعات چھین سکے ۔ یہ ایک ایسی غیر جمہوری ذہنیت کا مظاہرہ ہے کہ جو ایک جمہوری حکومت کے شایان شان نہیں ۔ جناب والا ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اسمیں شک نہیں کہ حکومت کے پیش نظر قوم کے Wider interests اور مفاد عامہ وسیع شکل و صورت میں ہوتا ہے اور اس میں شک نہیں کہ فرد کی نسبت حکومت کے اختیارات میں وسعت ہونی چاہئے لیکن اسکا یہ مقصد نہیں ہے کہ حکومت اپنے آپ کو قانون سے بالاتر قرار دیدے اور اپنے آپ کو اسکے اطلاق سے بے نیاز بنا دے ۔

Mr. Speaker : I find that I have made a mistake and I must frankly admit that. The point of order was raised on the basis of Sub-rule (2) of Rule 103. On a further consideration of the point I find that the first impression that I had was correct, *viz.*, that this reference can be made only in circumstances in which amendments of a formal or consequential "character" are necessitated "as a matter of drafting".

In so far as no amendment to any clause of the Bill has been carried and the Bill has been considered clause by clause in the same form in which it was proposed, it is obvious that no amendment of a "formal or consequential character" need be made in the Bill "as a matter of drafting".

I must, therefore, withdraw the ruling that I gave just now and hold that the point which has been raised is out of order and there is no necessity of referring this Bill to a drafting committee. (Voices : *Hear, Hear.*)

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order, Sir. My point of order is that the ruling of the Honourable the Speaker as given in the first instance was correct and in support of this, if your honour may allow me I will give certain grounds.

Minister of Education : The ruling cannot be discussed.

Mr. Speaker : I have pointed out definitely that a mistake was made in giving the earlier ruling. I have studied the point further both in reference to May and Campion, as well as former decisions of this House and it is undisputed that if the Speaker is of the opinion that he has given a wrong ruling, he can withdraw it. That is exactly what I have done and, therefore, no further discussion is necessary.

Chaudhri Muhammad Shafiq : My point of order is that for this Legislative Assembly certain rules of procedure have been laid down and so long as those rules of procedure are applicable the Parliamentary practice or the practice even of this House does not hold good.

Mr. Speaker : I have already interpreted the rule. The interpretation that I have put is that since no amendment has been made, no further amendment of a "formal or consequential character" can be made "as a matter of drafting".

Chaudhri Muhammad Shafiq : That is what I am going to submit. According to sub-clause (1) of rule 103. . . . . .

Mr. Speaker : Does the honourable member want to show that the ruling given by me is wrong?

Chaudhri Muhammad Shafiq : No, Sir.

Mr. Speaker : Then, what does the honourable member want to show?

Chaudhri Muhammad Shafiq : When we have a rule, we must read it with reference to the context.

Mr. Speaker : I have given the ruling after reading both the rules and I have come to the definite conclusion that the ruling given by me in the first instance was wrong.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, my point of order is that as the Honourable the Speaker after giving a ruling has reconsidered and reversed it, similarly I am submitting this point, because I raised the point of order in the first instance, and request that I may be given a chance to put certain facts before your honour so that if my point is in accordance with the rules of procedure, a fresh ruling may be given.

Minister of Education : On a point of order, Sir.

Chaudhri Muhammad Shafiq : No point of order can be raised unless my point of order has been decided. (*Interruptions*).

Mr. Speaker : Order, order. I give you two minutes to explain your point of order.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I might not be in a position to lay before your honour my grounds in two minutes.

Mr. Speaker : Give your point of order.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Your honour had held that if there were any amendments it was then that "a formal consequential amendment can be made". But in rule. . . . . .

Mr. Speaker : There is no "but" for the very simple reason that that is the interpretation I have put upon the rule and I will not allow any further discussion.

Mr. C. E. Gibbon : Under rule 75(1) "The Speaker shall decide all points of order which may arise., and his decision shall be final." You gave a decision, there is nothing in these Rules of Procedure giving the Speaker power at a later stage to reconsider his decision, once he has given it.

Mr. Speaker : The word "final" there means final so long as the decision stands. The honourable member is a Parliamentarian of standing and I think he knows very well that Speakers in every Assembly have, after further consideration, withdrawn rulings wrongly given by them. Unless and until the ruling is withdrawn, it is "final".

Mr. C. E. Gibbon : The Speaker may reconsider his decision provided a substantive motion to that effect is placed before the House. No substantive motion was moved in this case.

Mr. Speaker : The Speaker can do *suo moto*. That is a Parliamentary practice.

Chaudhri Muhammad Shafiq : My point of order is that I made a motion in obedience to the order of the Honourable the Speaker and that motion has been allowed already.

Mr. Speaker : Motions made under rule 103(2) are never put to the House. There is, therefore, no question of their being sanctioned or allowed. That direction was given on the basis of the ruling which was wrong and it has been withdrawn.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Motion under rule 103(2) is not required to be put to the House but it is to be allowed by the Speaker. Under that rule it was allowed by the Speaker. My point is that once it has been allowed by the Honourable the Speaker, it cannot be withdrawn. The motion is allowed and is there. The ruling might be changed but the motion remains there.

Mr. Speaker : The point of order is over-ruled.

Minister of Education : On a point of order, Sir. With your permission I would say that when once a ruling is given by the Chair, it must not be questioned. We have set an example to show how a ruling is to be respected. We knew that the previous ruling was given under certain mistake of fact.

Chaudhri Muhammad Shafiq : It is not a point of order, it is a speech.

Minister of Education : My point of order is that once a ruling is given that cannot be discussed in the House and under rule 75 (2) if any honourable member persists and discusses it again and again, he should be stopped. We have set an example. We only indicated to the Honourable Speaker, instead of discussing it on the floor of the House.

میاں عبدالباری — جناب صدر میرا point of order یہ ہے کہ جناب نے ایک ruling ارشاد فرمایا تھا اسکو بدل کر پھر ایک اور رولنگ ایسا دیا ہے جسطرح آنریبل وزیر تعلیم نے بیان کیا ۔ جناب کا رولنگ اس تجویز کے مطابق ہے جو انہوں نے سیکرٹری صاحب کی وساطت سے فرمایا ہے ۔ اسلئے ہماری درخواست یہ ہے کہ از راہ کرم جب ان کو یہ موقع دیا جائے کہ اس رولنگ کی کچھ وضاحت کر سکیں تو اسی طرح ہم کو بھی موقع دیا جائے ۔ کیونکہ معزز رکن چودھری محمد شفیق صاحب نے جو رولنگ پیش کیا ہے ممکن ہے وہ صحیح ہو ۔ یہ ایسی چیز ہے کہ اسطرح تو سیکنڈ رولنگ میں بھی رائے بدل سکتی ہے ۔ جو موقع آپ نے میرے point of order کے متعلق دیا ہے اسی طرح یہ موقع جیسا کہ سیکرٹری صاحب متواتر جناب کی توجہ چند چیزوں کی طرف یعنی قواعد کی طرف منعطف کراتے رہے ہیں ۔ معزز رکن چودھری شفیق صاحب کو کم از کم ضرور موقع دیا جائے تا کہ وہ اصل چیز کی طرف جناب کی توجہ مبذول کر سکیں ۔ جناب والا ، لا زو لنگ ۔

صاحب سپیکر — پہلے رولنگ کے متعلق کچھ نہیں کہ سکتے ہیں اگر کوئی نئی بات کہنا چاہتے ہیں تو کہیں ۔

میاں عبدالباری — کیا فرمایا ہے آپ نے حضور ۔ میں سمجھا نہیں ۔

صاحب سپیکر — میں کہہ رہا تھا کہ شفیق صاحب اگر کوئی نئی بات کہنی چاہتے ہیں تو کہیں ۔

چودھری محمد شفیق — جناب والا - میں سب سے پہلے جو بات جناب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جناب والا کا پہلا رولنگ صحیح اور درست ہے - چونکہ میں یہ بات پہلے کہہ چکا ہوں اسلئے اب اسے repeat نہیں کرنا چاہتا - جناب نے جو رولنگ دیا ہے اُس کے حوالے سے میں تشریح کرنیکی کوشش کرونگا -

جناب والا کا رولنگ کہ ترمیم ہونیکی وجہ سے اگر کوئی consequential points arise ہو جائینگے تو ایسی صورت میں کمیٹی بنائی جا سکتی ہے اور بل اسکے سپرد کیا جا سکیگا مگر اسکے ضمن نمبر ۱ میں صاف طور پر لکھا ہوا ہے کہ -

"When a motion that a bill be taken into consideration has been carried and no amendment of the bill is made, the member-in-charge may at once move that the bill be passed."

آخر اس رولنگ کے متعلق اگر اس بل میں ترمیم نہ کی گئی ہو تو رولنگ نمبر ۲ کے apply کرنیکی بھی ایک صورت ہے اور اگر اس بل کے اندر ترمیم ہے تو رولنگ نمبر ۲ apply نہیں ہوگا - جناب والا دوسری وجہ یہ ہے کہ اس قاعدہ میں یہ الفاظ درج ہیں کہ -

"No amendment of the bill is made"

اسکا مطلب یہ نہیں کہ

No amendment of the bill is proposed, but made actually, but must have been passed by the House ?

اسکے بعد جناب والا اس قاعدہ کے آخری الفاظ میں یہ حکم دیا گیا ہے یعنی -

"With orders".

What will be the order of the Speaker on the motion made by the honourable member—

"With orders to report what amendments of a formal or consequential character should be made in the bill as a matter of drafting".

یہ اسلئے کیا گیا ہے تا کہ اگر کوئی بل کسی ترمیم کے بغیر اس ایوان کے اندر پاس ہو جاتا ہے تو اسکو تیسری reading میں فوری طور پر ایوان سے نکالنے کی کوشش نہ کی جائے کیونکہ اس ایوان کی ذمہ داری ہے اور اس کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پیشتر اسکے کہ کوئی بل بغیر کسی ترمیم کے پاس ہو اسکو ایک کمیٹی کے سپرد کیا جائے تا کہ اگر اس میں formal یا technical nature کی کسی ترمیم کی ضرورت ہو تو وہ کمیٹی اس چیز کو دیکھ لے اور formal nature کی ترامیم اس میں کر دے اور پاس ہونیسے قبل وہ بل اس قسم کا ہو جائے کہ

اسمیں کوئی نقص نہ ہوتا کہ ما بعد یہ کہا نہ جا سکے کہ اس ایوان نے جو بل پاس کیا ہے اسمیں فلاں technical غلطی رہ گئی ہے - یہ ایک احتیا طرکھی گئی ہے کہ اس صورت میں جبکہ کسی بل کے پاس ہونیسے پیشتر اسمیں کوئی ترمیم نہیں کی گئی - اگر اس میں کوئی ترمیم منظور کر لی گئی ہو تو اس صورت میں اس formality کی ضرورت نہیں ہوتی اسلئے کہ اسمیں ترمیم منظور کرنیکی وجہ سے اسکو کسی کمیٹی کے سپرد کرنیکی ضرورت نہیں ہوتی - اور اسکی خامیاں بذریعہ ترامیم بحث و مباحثہ دور ہو چکی ہوتی ہیں -

Mr. Speaker : Please do not repeat your argument.

چودھری محمد شفیق — جناب والا میں عرض کرونگا کہ اسی قاعدہ کی سطر ۲ میں یہ الفاظ درج ہیں -

"On the request of any member shall, direct"

جناب والا اگر یہاں shall کا لفظ نہ ہوتا تو ہم کبھی اس چیز پر insist نہ کرتے لیکن اسمیں لفظ shall درج ہے جسمیں آنریبل سپیکر کو قطعی طور پر کوئی discretion نہیں دی گئی - جبتک کہ آنریبل سپیکر اس قاعدہ کو ترمیم نہ کر دیں - جبتک کہ اس قاعدہ میں لفظ shall موجود ہے اسکے معنی حکم کے ہی رہینگے - اسمیں discretion کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی گئی - جناب والا جیسا کہ اس قاعدہ کی پہلی سطر میں یہ لکھا ہے کہ —

"The Speaker, of his own motion, may" - یہاں may کا لفظ استعمال کیا گیا ہے- یعنی اگر motian کسی طرفسے نہ آئے تو جناب والا کو پورا اختیار ہے کہ آپ اس بل کو کمیٹی کے سپرد کر دیں یا نہ کر دیں - کیونکہ یہاں may کا لفظ ہونیکی وجہ سے آپ کو مکمل discretion حاصل ہے- مگر آگے جا کر جسوقت اس ایوان کا کوئی ممبر یہ motion move کر دیتا ہے تو اس صورت میں discretion کی کوئی گنجائش نہیں رہتی - لفظ shall کے مطابق یہ لازمی طور پر کمیٹی کے پاس جائیگا اور وہ یہ دیکھیگی کہ اسمیں کیا technical یا formal خامیاں ہیں اور ان کو صحیح کر کے اسے پاس ہونیکے لئے اسی ایوان میں پیش کیا جائیگا - اس سے ہمارا یہ مطلب نہیں ہے کہ اسپر کسی اور نہج سے غور نہ کیا جائے بلکہ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جو rules of procedure ہماری اسمبلی کے لئے بن چکے ہیں ان کو نہ تو "MAY" over-ride کر سکتی ہے اور نہ کوئی اور پارلیمنٹری پریکٹس -

ممکن ہے کہ یہ قاعدہ اس parliamentary practice کے وقت نہ ہو جسوقت کی پارلیمنٹری پریکٹس کا حوالہ دیا جا رہا ہے ۔ اور بعد میں یہ ترمیم کی گئی ہو۔ لیکن بہر حال جناب والا نے تو Rules of procedure کا احترام کرنا ہے اگر ہمنے ایک دفعہ —

Mr. Speaker : You have said it three times that the Rules of Procedure should be followed. Preference should be given to rules.

چودھری محمد شفیق — اسکے بعد میں جناب والا کی توجہ اس قاعدہ کے تحتی قاعدہ نمبر ۴ کی طرف منعطف کراتا ہوں ۔ اسمیں لکھا ہے ۔

"(4) To such a motion no amendment may be moved which is not either formal or consequential upon an amendment made after the bill was taken into consideration, and such amendments require no notice".

اسکا مقصد یہ ہے کہ اسمیں کوئی ٹیکنیکل یا formal غلطیاں نہ رہ جائیں ۔ اسلئے اسکو اتنی اہمیت دی گئی ہے اور اسکے لئے تمام Rules of procedure suspend کر دئے گئے ہیں ۔ ہر ایک ترمیم جو move کی جاتی ہے اسکے لئے دو دن کا نوٹس درکار ہوتا ہے ۔ میری گذارش یہ ہے۔ کہ اس قاعدہ کی interpretation کرتے ہوئے ہم ایک ایسی Parliamentary practice create کر رہے ہیں جو اس ایوان کے لئے اور آئندہ نسلوں کے لئے بہت اہم ہوگی ۔ اسوقت یہ سوال نہیں کہ majority اسکو آج پاس کروانا چاہتی ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ اسے پاس نہ ہونے دیا جائے۔ بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ اس ایوان کے اندر ایک ایسی Parliamentary practice قائم ہو جو ایک آزاد ملک کے اندر قائم ہونی چاہئے ۔

Mr. Speaker : No general speeches. Please speak to the point and do not repeat your arguments.

چودھری محمد شفیق — جناب والا میں یہ عرض کر رہا ہوں ۔

Mr. Speaker : I have given the honourable member six minutes to give his arguments.

چودھری محمد شفیق — جناب والا میں یہ عرض کرونگا کہ اسکی importance اس قاعدہ سے ظاہر ہوتی ہے ۔

Mr. Speaker : The honourable member has talked about the importance of the rule half a dozen times and if he has no new argument to advance he may kindly resume his seat.

At this stage Ch. Mahammad Shafiq resumed his seat.

Mr. Speaker : I have heard the honourable member at great length and given the fullest consideration to all he has said as well as to the provisions of the various clauses of Rule 103 individually and collectively. After hearing what the honourable member had to say I am fortified in the view which I expressed with regard to the necessity of withdrawing my earlier ruling. Rule 103, sub-rule (1) says—

"When a motion that a bill be taken into consideration has been carried and no amendment of the bill is made, the member-in-charge may at once move that the bill be passed".

The words "at once" in this Sub-rule are very important and deserve the fullest consideration. As I read the Rule it means that when no amendments have been made then the motion for passing the bill shall be taken into consideration immediately after the consideration of the individual clauses of the bill has been finished. Sub-rule (2) no doubt casts upon the Speaker the duty of directing that the bill be examined by a committee consisting of the members named in the Rule if a request is made to that effect by any member. Reading the later portion of Sub-rule 2 along with the earlier portion, it is observed that the Sub-rule contemplates a position where there have been certain amendments in the bill otherwise the provisions of Sub-rule (1) operate and the motion to pass the bill has to be taken into consideration *at once*. Moreover it is only after some amendments have been made in the bill that a necessity arises of redrafting the bill and of making certain amendments of a formal or consequential nature based on the amendments which have been passed by the House already. Sub-rule (4) to which attention was drawn is wholly irrelevant to the point now at issue. For these reasons I consider that the ruling which I gave first was wrong and that I am justified in withdrawing it as I have done.

Mr. C. E. Gibbon : I rise on a point of privilege. Your honour has by your ruling practically made an amendment to Rule 103. These powers are wholly vested in the Speaker. Under Rule 108(1)—

> "Unless the Speaker otherwise directs not less than fifteen clear days' notice of motion for leave to amend the rules shall be given."

No substantive motion was proposed to amend this rule. Your honour has verbally amended that Rule and given the Speaker discretionary powers, to change the ruling against the privilege of a member who asked for the enforcement of the Rules.

Mr. Speaker : The point of privilege raised by the honourable member is over-ruled for the simple reason that no question of privilege is involved in it I have not amended any Rule whatsoever. All I have done is just to give an interpretation of the Rule which was being discussed and which is perfectly within the competence of the Speaker to do.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس زرعی انکم ٹیکس (ترمیم) بل کے اندر حکومت نے اپنی اس پرانی ذہنیت کا اظہار کیا ہے جسکا اظہار ہر موقع پر تسلسل اور تواتر کے ساتھ ہوتا رہا ہے - اور یہ اس حکومت کا پرانا اور مزمن مرض ہے کہ اسکی ہر بات سے استبداد اور آمریت مترشح ہوتی ہے — میں اس سلسلہ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایسے حالات کی وضاحت ہو جاتی جن حالات کے اندر حکومت اپنے بعض اختیارات خصوصی کو استعمال کرنے کی مجاز ہوتی - اور اسکی کچھ شرائط طے ہو جاتیں - یہ زیادہ بہتر اور جمہوریت کے مطابق تھا - جناب والا اس ترمیمی بل میں تین چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے - مالکان جائداد متروکہ پر بھی ٹیکس عائد کیا گیا ہے - سرکاری اراضیات کے ان مزارعین پر بھی یہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے جو اس معیار کے اندر آتے ہیں - اور اسکے علاوہ ایسے لوگوں پر بھی یہ ٹیکس لگایا گیا ہے جن کے نام پر صرف کاغذات میں الاٹمنٹیں ہیں - میرے نوٹس اور علم میں اس قسم کے کئی واقعات ہیں

کہ کاغذات میں تو بعض غریب مہاجرین کے نام اراضیات کا اندراج ہے لیکن ان پر قبضہ انکا نہیں ۔ اب حکومت اپنے خیال کے مطابق ایسے لوگوں پر بھی ٹیکس عائد کریگی ۔ اور ان لوگوں کو اس بات کا ثبوت دینا پڑیگا کہ انکا قبضہ صرف کاغذات میں ہے ۔ در حقیقت وہ اس زمین پر قابض نہیں ہیں ۔ جناب والا خود وزیر مال صاحب اس بات کو تسلیم کر چکے ہیں کہ مہاجرین کی حالت تسلی بخش نہیں ہے ۔ اور انکی آبادکاری اور بحالی کے سلسلہ میں ابھی بہت سا کام باقی ہے ۔ انکی زندگی غیر مطمئن ہے اور انکی پریشانیوں کا لامتناہی سلسلہ ابھی اختتام پذیر نہیں ہوا ۔ جناب والا اسمیں کوئی شک نہیں ہے اور یہ ایک مسلمہ امر ہے ۔ جیسا کہ حکومت نے ایک سوال کے جواب میں خود تسلیم کیا ہے کہ کئی مہاجرین ایسے ہیں جنکی فردات حقیت ابھی تک تصدیق ہو کر نہیں آئیں ۔ اور بہت سے لوگ ایسے ہیں جنکی جمعبندیاں ابھی تک موصول نہیں ہوئیں ۔ اور کئی ایسے بھی ہیں جن کی عذرداریاں ابھی تک زیر غور ہیں — بہت سے ایسے ہیں جن کی فردات حقیت تو تصدیق ہو چکی ہیں لیکن انہیں ابھی تک کوئی الاٹمنٹ نہیں ہوئی ۔ کئی ایسے ہیں جنکو الاٹمنٹیں ہو چکی ہیں مگر قبضہ نہیں ملا ۔ بے اندازہ قابضین ایسے بھی ہیں جو کل تک قابض تھے لیکن آج انکی زمینیں کسی اور کو الاٹ کر دی گئی ہیں ۔

Mr. Speaker What has all this to do with the Agricultural Income-Tax Bill?

چودھری محمد افضل چیمہ — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس بل کے اندر ان مہاجرین کو بھی مستثنیٰ قرار نہیں دیا گیا جنکی ہمدردی کا ہماری حکومت اسقدر زبانی دم بھرتی ہے ۔ ان حالات میں میں عزت مآب وزیر مال کی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ وہ موجودہ ٹیکسیشن میں بھی اپنی پیش کردہ مسلمہ حد فاصل کو ۔ جو انہوں نے بڑے اور چھوٹے زمینداروں کے درمیان قائم کی ہے ۔ ملحوظ رکھیں اور اسی نسبت سے استثنئے قائم کریں ۔ مہاجرین کو بھی مستثنئے کریں اور ان چھوٹے زمینداروں کو بھی جنکی ملکیت پچاس ایکڑ تک ہے ۔ جناب والا میں اپنے دوست کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ جہانتک میری عقیدت کا تعلق ہے اسمیں تو فرق نہیں آئیگا مگر میں یہ خطرہ محسوس کرتا ہوں کہ بہت سے عوام یہ محسوس کرنیپر مجبور ہو جائینگے کہ

سلطانی بھی عیاری ہے درویشی بھی عیاری

جناب والا ۔ میں یہ سب کچھ عرض کرنیکے بعد ایک مرتبہ پھر ان سے یہ اپیل کرونگا کہ اگر وہ آنریبل میاں عبدالباری صاحب کی پیش کردہ

ترمیم کو منظور کرنے میں کچھ ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں ۔ تو پھر وہ ٹیکس کی حد کو ۵۰۰ روپیہ تک قائم کر دیں ۔ یعنی ۵۰۰ روپیہ سے اوپر جو مالیہ ادا کرتا ہو اسپر یہ ٹیکس حاوی ہو ۔ اور اگر وہ اس حد کو منظور فرمالینگے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ان کمزور لوگوں کو ریلیف مل جائیگا ۔

سید غلام مصدق شاہ خالد گیلانی—(راولپنڈی نمبر ۳ مسلم)
جناب والا ۔ اس معزز ایوان کے سامنے جس بل پر بحث ہو رہی ہے ۔ میں نے اسپر حزب مخالف کی تقریروں کو اور اس طرف سے کی گئی تقریروں کو بڑے ٹھنڈے دل سے سنا ہے ۔ جہانتک اپوزیشن کا تعلق ہے ہمیں دو قسم کے طعنے دئے جاتے ہیں ۔ اگر ہم اس معزز ایوان میں تقریر کرنیکی جرأت کریں یا اپنا فرض بجا لانے کی طرف متوجہ ہوں تو ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ ''ان کی ڈیوٹی لگائی گئی ہے ،، اور اگر ہم ا ن کے دلائل میں کوئی وزن محسوس نہ کریں ارو ان کو معقول نہ سمجھیں اور انکا جواب دینے کیلئے تیار نہ ہوں تو یہ طعنہ دیا جاتا ہے کہ یہ جواب دینے کی اہلیت نہیں رکھتے۔ ہمارے دلائل اتنے وزن دار ہیں کہ ان سے کوئی جواب بن نہیں پڑتا ۔ اسلئے سرکاری بینچوں پر مہر سکوت طاری ہے ۔ اب میں وہ تمام چیزیں جو حزب مخالف کی طرفسے اس معزز ایوان میں پیش کی گئی ہیں ان پر صرف چند منٹ کے اندر اندر بحث کر کے جناب والا کی وساطت سے اس معزز ایوان سے عرض کرونگا کہ مجھے بتلائیں کہ ان کے دلائل کا اس بل کے ساتھ کوئی تعلق ہے ؟ سب سے پہلی بات جو کہی گئی ہے وہ یہ کہی گئی ہے کہ یہ حکومت جابر ہے جابر اور ظالم ہے ظالم حکومت ہے دوسرے بار بار یہ کہا گیا ہے کہ چیف منسٹر صاحب جو فیصلہ کریں وہی فیصلہ انکو ماننا پڑتا ہے اور کسی کو اس معزز ایوان میں تقریر کرنیکا حق نہیں جب تک ان کی طرفسے کوئی اجازت نہ ہو ۔ تیسری بات یہ ہے کہ مسلم لیگ کے چور دروازے سے یہ لوگ اسمبلی میں آ گئے ہیں ۔ چوتھی بات یہ کہ غریب اور مظلوموں کی ہمدردی کے نام پر ہمیں طعنہ دیا جاتا ہے کہ یہ بڑے زمینداروں کی ہمدردی کرتے ہیں ۔ پھر یہ کہا گیا ہے کہ یہ ٹیکس اسلئے لگایا جا رہا ہے کہ پاکستان کی سالمیت کو خطرہ پہنچے اور اسکی بنیادوں کو کھوکھلا کیا جائے ۔ پھر ہمیں یہ کہا گیا ہے کہ یہ انگریزوں کے مقلد ہیں ۔ ابھی تک ان کے دلوں میں انکی محبت جاگزین ہے ۔ پھر یہ کہا گیا ہے کہ مسلم لیگ نے ان کی ضمیر خرید لی ہے ۔ پھر یہ کہا گیا کہ ان حالات کی روشنی میں اس معزز ایوان کے

آنریبل ممبران کو جسطرح چاہے استعمال کیا جاتاہے ۔ اب میں جناب والا کی وساطت سے یہ عرض کرتا ہوں کہ کوئی حق پسند آدمی یہ دلائل جو میں نے آپکےسامنے پڑھکر سنائے ہیں ۔ جو مسلسل دو دن میں حزب مخالف کی طرفسے پیش کئے گئے ہیں ۔کوئی حق پسند آدمی ایمانداری کے ساتھ یہ کہ سکتا ہے کہ اس بل کے ساتھ ان دلائل کا کوئی بھی تعلق ہے ۔ اب میں آپکے سامنے اس حقیقت کا انکشاف کرنا چاہتا ہوں کہ جس حقیقت کے پردے کے اندر غریب اور چھوٹے طبقے کے زمینداروں کی مخالفت کی جا رہی ہے اور بڑے زمینداروں کی حمایت کی جا رہی ہے اور ببانگ دہل یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ہم چھوٹے طبقہ کے زمینداروں کے محافظ ہیں اور بڑے زمینداروں کے مخالف ہیں ۔ میں آپکے سامنے اس سلسلہ میں کچھ اعداد و شمار پیش کرنا چاہتا ہوں اور پیشتر اسکے کہ وہ پیش کروں میں اس حقیقت کا اظہار کر دینا چاہتا ہوں کہ جو بل اسوقت زیر بحث ہے اس بل کا نفاذ ان لوگوں پر نہیں ہوگا جو اس صوبہ کے زمینداروں کی ۹۳ فیصدی آبادی پر مشتمل ہیں ۔ اور اسکا نفاذ اس صوبہ کی صرف ۷ فیصدی آبادی پر ہے اور حضرت مولانا عبدالباری صاحب کے دلائل کو ان حقائق کی روشنی میں ملاحظہ فرمائیں ۔ وہ خدا کے نام پر رسول کے نام پر اور اسلام کے نام پر جذباتی تقریریں فرما کر کہہ دیتے ہیں کہ میں اپنا فرض ادا کر رہا ہوں اور ہمیں مطعون کیا جاتا ہے کہ ہم چھوٹے زمینداروں کی مخالفت کر رہے ہیں ۔ اب میں کچھ اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ اس صوبہ کے اندر جو زمیندار ۲۵۰ روپیہ سے لیکر ۵۰۰ تک مالیہ ادا کرتے ہیں ان کی تعداد ۵،۶۷۰ ہے اور جو ۵۰۰ سے لیکر ۷۵۰ تک مالیہ ادا کرتے ہیں انکی تعداد ۱،۱۵۰ ہے ۔ اور اگر ان کو ملا کر اس تعداد سے نکال دیا جائے تو صرف ۱،۳۰۰ زمیندار رہ جاتے ہیں جن پر اسکا اطلاق ہوگا ۔ مولانا صاحب نے ببانگ دہل یہ کہا ہے کہ پنجاب کے اندر فی ایکڑ معاملہ ½ ۷ روپیہ ہے ۔ لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ ½ ۷ روپیہ فی ایکڑ کا ہمیں نشان نہیں ملتا ۔ صرف چار پانچ روپیہ فی ایکڑ معاملہ پنجاب میں ہے ۔ اور اگر ایک لمحہ کے لئے یہ مان لیا جائے کہ مولانا صحیح فرماتے ہیں تو ½ ۷ کے حساب سے ایک مربعہ اراضی پر ۱۸۵ روپیہ مالیہ بنتا ہے ۔ اس لحاظ سے ایک مربعہ والے زمیندار پر یہ ٹیکس حاوی نہیں ۔ اور اس ٹیکس کا اطلاق صرف ان لوگوں پر ہوتا ہے جنکی تعداد پنجاب کے اندر صرف ۷ فیصدی ہے ۔ اور ان کو فائدہ پہنچتا ہے جن کی تعداد ۹۳ فیصدی ہے ۔ اور میں مولانا سے پوچھتا ہوں کہ ان کے ایک آنریبل ممبر چودھری محمد افضل چیمہ (جن کو میں

تھوڑا سا حقیقت پسند سمجھتا ہوں) ۔ انہوں نے اس معزز ایوان کے سامنے بھی تسلیم کیا ہے کہ جب کسی نئے ملک کو آزادی ملتی ہے تو اس کے اخراجات بڑھ جانیکی وجہ سے اور ملک کے نظم و نسق کو قائم رکھنے کے لئے ٹیکسوں کا عائد کرنا کوئی بری بات نہیں ہے ۔ لیکن انہوں نے کہا ہے کہ مجھے ٹیکس عائد کرنیکے طریق کار سے اختلاف ہے ۔ مگر اس چیز کو وہ تسلیم کرتے ہیں کہ ٹیکس عائد کرنا ایک نئی حکومت کے لئے بےحد ضروری ہے اور اس ضرورت کو اپوزیشن کی طرفسے تسلیم کیا گیا ہے ۔ لیکن اسکے باوجود میں پوچھتا ہوں کہ کیا حکومت کے پاس کوئی الہہ دین کا چراغ ہے کہ وہ اپنی اصلاحی سکیمیں جادو کے زور سے پایہ تکمیل تک پہنچائے ۔ یہ کسی طرح بھی ممکن نہیں ہو سکتا ۔ اور اگر کوئی حکومت غریبوں کی ہمدردی کے لئے اور عام زمینداروں کے فائدے کے لئے زرعی اصلاحات کا نفاذ کرتی ہے تو ہمیں طعنے دئے جاتے ہیں ۔ اور عوام کے فائدے کے لئے ۔ ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے اور بیروزگاری کو دور کرنیکے لئے اگر حکومت سرگرم عمل ہو تو اسے جابر اور ظالم کہا جاتا ہے ۔ یہ تقریریں حقیقت پسندی کی بنا پر نہیں کی جاتیں بلکہ محض اسلئے کی جاتی‌ہیں کہ اسطرح معزز ایوان کا قیمتی وقت ضائع ہو اور میں سمجھتا ہوں کہ وقت کے ساتھ بڑی بے انصافی کا سلوک کیا جاتا ہے ۔ آپوزیشن کی تقریروں میں کوئی دلائل نہیں ہوتے ۔ ان تقاریر کا معزز ایوان میں پیش کردہ بل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ۔ اگر دنیا کے مہذب و متمدن ممالک میں آپوزیشن کا یہی طریقہ کار ہے تو مجھے شرم محسوس ہوتی ہے ۔ وہ دعوے کرتے ہیں کہ ہمارا ملک آزاد ہے ۔ ہم آزاد ملک کے آزاد باشندے ہیں ۔ آزاد باشندوں کا یہ آزاد ایوان ہے اور آزاد ایوان کے اندر آزاد آپوزیشن ہے ۔ تعجب کا مقام ہے کہ جب کوئی اچھی سکیم پیش کی جاتی ہے تو اسکی راہ میں روڑے اٹکائے جاتے ہیں اور برائی کے کاموں کی طرف دعوت دی جاتی ہے ۔ آنریبل چوہدری محمد شفیق صاحب اپنی ترمیم میں کہتے ہیں کہ ٹیکس میں اضافہ کر دیا جائے ۔ لیکن ایک مقام پر کہتے ہیں کہ یہ ظالمانہ ٹیکس ہے ۔ مجھے تو آپوزیشن کا دل و دماغ چون چون کا مربہ معلوم ہوتا ہے ۔ کسی اصول کے مطابق گفتگو نہیں کیجاتی ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی حمایت کرتا ہوں ۔

Malik Qadir Bakhsh : Sir, I move—

That the question be now put.

Mr. Speaker : The question is—
That the question be now put.

The motion was carried.

وزیر مال (عزت مآب چودھری محمد حسین چٹھہ) — جناب‌والا ۔ اگر طبیعت کی خرابی کی وجہ سے میں اونچی آواز میں کچھ عرض نہ کر سکوں تو مجھے معذور سمجھا جائے ۔ میں کوئی لمبی چوڑی تقریر نہیں کر سکتا اسلئے جناب والا کی اجازت سے میں خاص خاص باتوں کی طرف اشارہ کرونگا ۔

سب سے پہلے مجھے حزب اختلاف کے قائد کی خدمت میں مبارکباد پیش کرنا ہے کہ انہوں نے ۱۹۴۸ء میں اپنی قیادت میں اقتصادی تقاضوں کو سمجھتے ہوئے اس صوبے میں ایگریکلچرل انکم ٹیکس نافذ کیا ۔ انکا یہ اقدام صحیح تھا جائز تھا اور ضرورت کو پورا کرتا تھا ۔ انکے بعد آنیوالی حکومتوں نے بھی جن میں مشیران کرام بھی تھے اس ٹیکس کو قبول کیا اور میں سمجھتا ہوں کہ جائز طور پر اسے قبول کیا ۔ آج وہی ٹیکس زیر بحث ہے لیکن جب میں معزز حزب اختلاف کی بحث کا رجحان دیکھتا ہوں تو تعجب ہوتا ہے ۔ یہ ٹیکس ۱۹۴۸ء میں نافذ کیا گیا اور آج تک نافذ رہا ۔ ہم نے کونسی نئی چیز اس ایوان میں پیش کی ۔ ہم نے یہی کہا کہ اس میں کچھ تخفیف کی جائے ۔ میں بیباکانہ طرز پر یہ کہے دیتا ہوں کہ میں جو چیز نا منصفانہ پاتا ہوں اسے صحیح کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہوں ۔ میں نعروں سے متاثر نہیں ہوتا ۔ یہ کہا گیا ہے کہ زرعی انکم ٹیکس بجائے خود بڑا بھاری ظلم ہے اور کہ زرعی انکم ٹیکس ایکٹ کا یہ ترمیمی مسودہ قانون ایک خاص طبقے کے مفاد کی خاطر پیش کیا گیا ہے ۔ دونوں اعتراضات قطعی طور پر غلط ہیں ۔ میں دیانتداری سے محسوس کرتا ہوں کہ موجودہ حالات میں بھی یہ ٹیکس نہایت ضروری ہے اور اگر ان کے کہنے کے مطابق یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ یہ ٹیکس ظلم کے مترادف ہے تو موجودہ ترمیمی مسودہ قانون جو میں نے پیش کیا ہے اس ٹیکس میں تخفیف کر کے ظلم کا تدارک کرتا ہے ۔ اسکے باوجود اگر ہمیں یہ کہا جائے کہ ہم ظالم ہیں تو بہت بڑی زیادتی ہے ۔ معزز نائب رہنمائے حزب الاختلاف نے اس بات پر بڑا زور دیا کہ انگریز اسقدر ظالم ہونے کے باوجود بھی اس ٹیکس کو لگانے سے احتراز کرتا رہا ۔ وہ چاہتے ہیں کہ میں انگریز کے تصور اور تخیل کے مطابق نظام حکومت چلاؤں اور محض اسلئے کہ ٹیکس لگانا پڑتا ہے میں اصلاحی سکیموں کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی ترقی کے منصوبوں کے امکانات کو ختم کر دوں ۔ ہمارا منشا انگریز کی تقلید کرنا ہرگز نہیں ہے بلکہ ہم پورے زور سے

انکی تقلید کرنے سے اجتناب کرینگے۔ انہوں نے آج انگریز کے ہونے کی ضرورت اسلئے محسوس کی کہ انہوں نے ایگریکلچرل انکم ٹیکس نہیں لگایا تھا۔ میں حیران ہوں کہ انہوں نے ہلاکو اور چنگیز خاں کے زمانوں کی طرف رجوع کیوں نہیں فرمایا۔ ایسے ٹیکسوں کے لگانے کی ہلاکو کو ضرورت نہ تھی چنگیز خاں کو ضرورت نہ تھی سکھوں کو ضرورت نہ تھی اور یقیناً انگریز کو ضرورت نہ تھی۔ اسلئے نہیں کہ انہیں عامتہ الناس سے محبت تھی بلکہ اسلئے کہ عامتہ الناس پر ٹیکس لگا کر اصلاحی سکیمیں نافذ کرنا ناگزیر ہو جاتا۔ ہم اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہیں اور بدلے ہوئے حالات میں اس ٹیکس کی ضرورت کو بھی محسوس کرتے ہیں۔ ہماری نگاہ میں اس قسم کی کوئی جذباتی اکائیاں نہیں ہیں جیسا کہ بحث کے دوران میں میرے معزز دوست چودھری محمد شفیق صاحب نے فرمایا کہ مہاجرین پر یہ ٹیکس کیوں لگایا جاتا ہے۔ میں اس مرحلہ پر یہ گذارش کر دوں کہ انکے ذہن میں مہاجرین اقتصادی طور پر علیحدہ اور منفرد حیثیت کے مالک ہیں۔ میں یہ قبول کرنے کیلئے تیار نہیں کہ وہ منفرد اقتصادی حیثیت رکھتے ہیں۔ میری رائے میں تو پانچ سال گذر جانے کے بعد جذباتی طور پر بھی وہ کوئی علیحدہ طبقہ نہیں ہیں۔ وہ اتنے ہی معزز اور اتنے ہی مقتدر شہری ہیں جتنے کہ مقامی لوگ ہیں۔ ہم اس قسم کا کوئی امتیاز روا رکھنا نہیں چاہتے۔ مقامی اور مہاجر کی تخصیص اقتصادی نقطہ نگاہ سے نہ صرف ناجائز ہے بلکہ قطعی طور پر غلط ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ ہم نے ایک شق میں ایک قسم کے الاٹی اور دوسری قسم کے الاٹی کی تخصیص کی ہے۔ یہ بہت غلط نقطہ نگاہ ہے۔

انہوں نے جو کچھ حذف کرنے کیلئے مطالبہ کیا ہے مجھے اس کی منطق سمجھ میں نہیں آئی۔ اگر انکے کہنے پر عمل کیا جائے تو اس سے جو نتائج مرتب ہونگے میرے معزز دوست ان سے بالکل بے خبر ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک Allottee کو جس کی آمدنی ۲۵۰ یا ۲۵۱ روپے تک ہے محض اسلئے کہ وہ مہاجر ہے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ اور اگر میں یہ کرنے کیلئے تیار نہیں تو کم از کم اس مہاجر کو مستثنیٰ قرار دیا جائے جو خوش قسمتی سے پہلے بھی اس صوبے میں اراضی کا مالک تھا۔ اور اب مہاجر کی حیثیت سے بھی اسے کچھ زمین الاٹ ہو گئی ہے۔ یعنی ان کا اصل مقصد یہ ہے کہ اگر میں انکی ترمیم قبول نہ کرتے ہوئے پہلی قسم کے مہاجر کو مستثنیٰ قرار نہیں دیتا تو کم از کم دوسری قسم کے مہاجر کو جسکی خوش قسمتی سے پہلے ہی اس صوبے میں زمین موجود

ہو مستثنیٰ قرار دے دوں۔ مگر میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ میں کسی قسم کی تخصیص کرنے کیلئے تیار نہیں۔ میں نے جو یہ مسودہ قانون پیش کیا ہے اس کی اصل یہ ہے کہ ہر ایک کے ساتھ مساویانہ سلوک کیا جائے اور ٹیکس لگاتے وقت کوئی تخصیص نہ کی جائے۔

جناب والا۔اب میں ایک اور اہم چیز کو لیتا ہوں جس پر حزب الاختلاف نے زور دیا ہے۔ یعنی یہ کہ ہم نے یہ ٹیکس محض بڑے زمینداروں کو مراعات دینے کیلئے تجویز کیا ہے اور وہ مراعات بھی اس مجبوری کی وجہ سے دی جا رہی ہیں کہ ہماری پارٹی میں بغاوت پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ میں جناب کے توسل سے انکی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ یہ ان کے دماغ کی اختراع ہے۔ ہماری پارٹی میں کوئی نفاق نہیں۔ انہیں ایسی بے بنیاد توقعات پر ہوائی قلعے نہ بنانے چاہئیں۔ میرا انہیں یہ مشورہ ہوگا کہ وہ خود کوئی ٹھوس پروگرام بنائیں اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔ ہماری پارٹی کے نفاق اور تفرقے کی فکر نہ کریں۔ بلکہ اپنی پارٹی کی طرف سے عوام کی بہتری و بہبودی کیلئے کوئی موثر قدم اٹھائیں۔ اس مرحلے پر میں یہ بھی عرض کر دوں کہ میں نے ایک موقع پر ایوان کے معزز نائب رہنمائے حزب الاختلاف سے اشارتاً یہ پوچھا بھی تھا کہ ان کا منشور ابھی تک کیوں وضع نہیں ہو سکا۔ تو انکی زبان فیض ترجمان سے مجھے یہ جواب ملا کہ وہ عنقریب تیار ہو جائیگا۔ میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ منشور سفید کاغذ پر سیاہ لکیروں کا نام نہیں ہے۔ منشور ایک متعین جامع اور واضح لائحہ عمل کا نام ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین) انہوں نے آج تک اس چیز سے عامتہ الناس کو آگاہ نہیں کیا کہ ان کی پارٹی کا نصب العین اور اس کی غرض و غایت کیا ہے۔ وہ آج تک صوبہ کے لوگوں کیلئے ایک کتابچہ تک شائع نہیں کر سکے جسکے ذریعے سے وہ اپنی پارٹی کے اغراض و مقاصد کو عوام تک پہنچانے کی زحمت گوارا کرتے۔ میں آج بھی انکی خدمت میں عرض کرونگا کہ تنظیم کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ ایک ایسی سیاسی پارٹی کی حیثیت سے عمل پیرا ہوں جسکا کوئی نصب العین ہو۔ اس سے ہماری امداد ہوگی (ایک معزز ممبر۔ اسکا اس بل سے کیا تعلق ہے ؟)

جناب والا۔ حزب الاختلاف نے بحث کے دوران میں بنیادی نکتہ یہ پیش کیا ہے کہ میں نے تشخیص کی بنا غلط رکھی ہے۔ میں بھی سمجھتا ہوں کہ بنائے تشخیص ہی بحث کا مرکزی نکتہ ہے۔ حزب الاختلاف کے بیشتر معزز ممبران نے اس ٹیکس کو ظالمانہ اور سفاکانہ کہا ہے۔ میں

دیانتداری اور خلوص دل سے یہ عرض کرونگا کہ یہ ٹیکس ہرگز ظالمانہ اور سفاکانہ نہیں ہے اس کی صوبہ کی بہتری اور بہبودی کیلئے بے حد ضرورت ہے - اگر انہیں مجوزہ بنائے تشخیص سے اختلاف تھا تو انہیں چاہئے تھا کہ وہ کوئی متبادل قابل عمل بنائے تشخیص پیش کرتے - میرے نزدیک تو اسکے دو ہی طریق ہوسکتے تھے- ایک تو یہ جو اس وقت رائج ہے اور دوسرا وہ جس کی بنیاد انکم ٹیکس ایکٹ پر رکھی جا سکتی تھی - میں مانتا ہوں کہ انکم ٹیکس ایکٹ کے اصول ایسے ہیں کہ اگر ان پر عمل کیا جائے تو ٹیکس آمدنی کی صحیح مقدار کی مناسبت سے لگایا جا سکتا ہے - مگر محض اسکے مقابلتاً زیادہ متناسب ہونے کی خاطر ہم اس پر کاربند نہیں ہو سکتے- کیونکہ ہم ایسی چیز پر کاربند ہونا چاہتے ہیں جو ہمارے صوبہ کے لوگوں کیلئے مفید ہو- اور جیسا کہ میں بارہا کہہ چکا ہوں کہ جب بھی میں اس ایوان میں کوئی مسودہ قانون پیش کرتا ہوں تو صوبہ کے حالات، کوائف اور ماحول پر پورا غور و خوض کرنے کے بعد کرتا ہوں - مجھے اعتراف ہے کہ انکم ٹیکس ایکٹ کے اصول کے مطابق جو زیادہ سائینٹفک ہے ٹیکس کا عائد نہ کیا جانا ہماری بد نصیبی ہے - اور میں شرم محسوس کرتا ہوں کہ وہ طبقہ جس پر اس ایکٹ کا اطلاق ہوگا اس میں سے ۹۹ فیصدی لوگ ایسے ہیں جن کیلئے حساب و کتاب رکھنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے - یہ ایک ایسی حقیقت ہے جو کسی دلیل کی محتاج نہیں- لہذا ہمیں کم سائینٹیفک مگر سہل اور زیادہ قابل عمل طریقہ ہی تجویز کرنا پڑا - اگر میرے معزز دوست سید شمیم حسین قادری کی یہ تجویز مان لی جائے کہ اس ٹیکس کی تشخیص انکم ٹیکس ایکٹ کے مرتبہ اصول پر ہو تو سب سے بڑی قباحت یہ ہوگی کہ ٹیکس گذاروں کا ایسے چھوٹے افسروں سے پالا پڑے گا جو ان پر طرح طرح کی زیادتیاں کرینگے - ہمارے ملک کے عوام انگلستان کے عوام کی طرح تعلیم یافتہ نہیں ہیں کہ وہ ٹیکس کے اس طریقے پر عائد کئے جانے کے امکانی برے نتائج سے بچ سکیں- کیا اس بات کا احتمال نہ تھا کہ افسر arbitrary طور پر آمدنی کی تشخیص کرتے اور اس طرح محصول بندی کا یہ اصول اس طبقے کیلئے عذاب بن جاتا - مزید برآں زمین کا مختلف مقامات پر واقع ہونا اس کی اقسام کا مختلف ہونا اور ذرائع آبپاشی کا موثر یا غیر موثر ہونا بھی زیر غور نہ آ سکتا - ان تمام امور کے پیش نظر میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ جس شخص نے پنجاب کے زرعی نظام کا مطالعہ کیا ہے اور اسے سمجھا ہے وہ یقیناً اس بات کو تسلیم کریگا کہ مجوزہ اصول انکم ٹیکس

ایکٹ کے اصول سے کہیں زیادہ قابل عمل اور سہل ہے -

پھر جناب والا انہوں نے فرمایا ہے کہ ۲۵۰ روپے سالانہ مالیہ ادا کرنے والے زمیندار کی آمدنی اتنی نہیں ہوتی کہ وہ زرعی انکم ٹیکس ادا کرنے کی استطاعت رکھتا ہو - میں اس ہمدردی کے باوجود جو مجھے بلا شبہ زمیندار قوم کے ساتھ نائب راہنمائے حزب الاختلاف سے کہیں زیادہ ہے یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ معزز رکن نے فن برائے فن کے نظریہ کی طرح اختلاف برائے اختلاف کے اسلوب کو انتہا تک پہنچا دیا ہے - حالانکہ انہوں نے موجودہ اقتصادی حالات کو نظر انداز کرتے ہوئے ایسا کہا ہے - حقیقت تو یہ ہے کہ ۲۵۰ روپے سالانہ مالیہ ادا کرنے والے زمیندار کی سالانہ آمدنی ۲,۵۰۰ روپے سے ہرگز کم نہیں - یہ بھی کہا گیا کہ نہر سے آبپاشی اراضی کے علاوہ بارانی اراضی کے مالیہ پر بھی یہ ٹیکس لگایا جائے گا خواہ فصل ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو - یعنی بقول انکے جہاں ''جمع مستقل'' ہے وہاں پر اس ٹیکس کا لگایا جانا ظلم کرنے کے مترادف ہوگا - مگر میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ نہری اراضی کے مالک کے مقابلے میں بارانی یا چاہی اراضی والے اس زمیندار کو جو ۲۵۰ روپے مالیہ ادا کرتا ہے نسبتاً زیادہ آمدنی ہوتی ہے - یعنی اگر ۲۵۰ روپے مالیہ ادا کرنے والے اشخاص کو نہری اراضی میں سے ۲,۵۰۰ روپے کی سالانہ آمدنی وصول ہوتی ہے تو اس کے مقابلے میں بارانی علاقے کا جو زمیندار ۲۵۰ روپے مالیہ ادا کرتا ہے اسکی آمدنی مقابلتاً اس سے کہیں زیادہ ہوتی ہے - کیونکہ بارانی علاقوں میں شرح مالیہ نہایت قلیل ہے -

جناب والا - یہ اعتراض بھی کیا گیا ہے کہ ہم نے ٹیکس کا بار زیادہ تر ایک ہی طبقے پر ڈالا ہے - مگر اسکا کیا علاج کہ ہمارے ملک میں اسی طبقہ کی اکثریت ہے (ایک آواز - یہی ایک طبقہ گونگا ہے) میں مانتا ہوں کہ ہمارا ملک غریب ہے اور ہمارے عوام اکثر و بیشتر افلاس کے پنجے میں گرفتار ہیں - مگر کیا مخالف پارٹی کو علم نہیں کہ میں نے جو بل پیش کیا ہے دیہاتی آبادی کے ۹۳ فیصدی لوگوں پر اس بل کی زد نہیں پڑیگی - صرف پانچ یا سات فیصدی لوگوں پر یہ ٹیکس عائد ہوگا - میں اس سے بڑھکر آپکو مسلم لیگ پارٹی کی حقیقت پسندی کا کیا ثبوت پیش کر سکتا ہوں کہ نہایت تھوڑی آبادی پر اور صرف ان لوگوں پر تھوڑا سا بوجھ ڈالا گیا ہے جو صاحب استطاعت ہیں اور جنکی آمدنی اس بار کی متحمل ہو سکتی ہے - پہلے ملک کے معاشی اور اقتصادی عوامل کا

جائزہ لینا چاہئے پھر کوئی لائحہ عمل تجویز کرنا چاہئے ۔ یونہی غیر ذمہ‌دارانہ نکتہ چینی اور تخریبی تنقید ملک کے مفاد کے منافی ہوتی ہے۔ حقیقت پسندی کا عنصر لازماً ہر حزب مخالف میں ہونا چاہئے ۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر حزب مخالف نے ہمارے بل پر غور و خوض فرمایا ہوتا تو وہ زرعی انکم ٹیکس کی اساس کو صحیح مانتے ۔ میں یہ بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے بموجب مالیہ کی تشخیص زمیندار کی کم سے کم آمدنی کے تناسب سے کیگئی ہے ۔ بنیادی طور پر مالیہ آمدنی کے ۲۵ فیصدی حصے کے برابر مقرر کیا گیا ہے۔ مگر یہ آخری حد ہے جس سے کبھی تجاوز نہیں کیا جاتا ۔ بلکہ تجاوز تو الگ رہا اس ۲۵ فیصدی کی آخری حد تک بھی اکثر نہیں پہنچا جاتا ۔ بالعموم اس حد سے نیچے ہی مالیہ کی تشخیص کی جاتی ہے ۔ ہاں تو میں عرض کر رہا تھا کہ مالیہ زمیندار کی خالص آمدنی پر تشخیص کیا جاتا ہے جس کو انگریزی میں net assets کہتے ہیں ۔ یعنی کل آمدنی میں سے ضروری اخراجات وضع کرنے کے بعد جو آمدنی بچ جاتی ہے اسکی ایک چوتھائی تک مالیہ کی تشخیص کی جاتی ہے ۔ یہ تو ہے عام معمول ۔ مگر آج کل قیمتیں اس معمول سے قریباً دس گنا بڑھ گئی ہیں مگر مالیہ میں دس گنا زیادتی نہیں کی گئی۔ بلکہ وہی پرانا مالیہ جو سالہا سال پہلے سے مقرر کیا گیا تھا آج بھی وصول کیا جا رہا ہے ۔اس لئے جب معزز نائب راہنمائے حزب اختلاف یہ کہتے ہیں کہ زمینداروں کی استطاعت کو نہیں دیکھا گیا تو مجھے عرض کرنا پڑتا ہے کہ میں بھی زمیندار ہوں اور مجھے زمینداروں سے ہمدردی ہے ۔ ہم خوب سمجھتے ہیں کہ جو ٹیکس عائد کیا جا رہا ہے وہ انکی ادائیگی کی استطاعت سے متجاوز نہیں ہے ۔

میں گذارش یہ کر رہا تھا کہ ہم نے اس اصول کو کیوں اپنایا ۔ میں نے اسکی وجوہات بیان کی ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق جیسا کہ میرے معزز دوست سید مصطفیٰ شاہ گیلانی نے نہایت موثر طریق سے اس امر کی وضاحت کی کہ اس ٹیکس پر حزب الاختلاف کیوں اعتراض کرتی ہے جبکہ ترانوے فیصدی سے زائد مالکان زمین اس ٹیکس کی زد میں نہیں آئینگے ۔

میاں عبدالباری—کیا بین دلائل ہیں ؟

وزیر مال— یہ واقعات ہیں۔ میں اپنے زرعی نظام کو کیسے بدل دوں ۔ یہ تو اسی طرح ہے کہ میں معزز نائب راہنمائے حزب مخالف کے

متعلق کہدوں کہ وہ نہیں ہیں۔ حالانکہ وہ زندہ ہیں اور بیٹھے ہوئے ہیں۔ اسی طرح یہ حقیقت ہے۔ میں سب کچھ دیکھتے ہوئے کیسے اندھا ہو جاؤں۔ یہ میرے بس کی بات نہیں ہے۔

مجھے سید شمیم حسین قادری سے مکمل اتفاق ہے جب انہوں نے فرمایا کہ جو طریق ہم نے اختیار کیا ہے اس سے حکومت کو خسارہ ہوگا۔ اور اگر ہم انکم ٹیکس ایکٹ کے اصول پر اس مسودہ قانون کی اساس رکھتے تو یقینی طرر پر ہماری آمدنی زیادہ ہو سکتی تھی اور خزانے میں زیادہ روپیہ آ سکتا تھا۔ مگر ہم اعتدال کی راہ پر رہنا چاہتے ہیں۔ ہم انصاف کی راہ پر چلنا چاہتے ہیں۔ ہم یہ ٹھیک نہیں سمجھتے کہ ایک طرف تو یہ کہیں کہ اس ٹیکس کا نفاذ اخلاقی لحاظ سے غلط ہے اور دوسری طرف یہ کہیں کہ بڑے آدمیوں پر بیس گناہ ٹیکس لگنا چاہئے۔ جیسا کہ انکے بنائے ہوئے slab میں آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا۔ انہوں نے ایک جگہ مالیہ سے بیس گناہ ٹیکس کی تجویز کی ہے۔ خدا را واقعات کو دیکھئے۔ وہ کونسی زمین ہوگی جس کے لئے آپ نے یہ ٹیکس تجویز کر دیا ہے۔ ایک طرف تو آپ فرماتے ہیں کہ دو سو پچاس روپیہ مالیہ ادا کرنے والا سفید پوشی قائم نہیں رکھ سکتا اسکی آمدنی مالیہ سے دو یا تین گناہ ہوتی ہے۔ دوسری طرف دس پندرہ ہزار مالیہ ادا کرنے والے کی آمدنی بیس گنا بتاتے ہیں۔ کس اصول پر یہ slab بنایا گیا ہے۔ ہمارا اصول یہ ہے کہ جہاں دو سو اکاون سے پانچ سو تک مالیہ ادا کرنے والے کو پچاس فیصدی رعایت دی ہے وہاں دس ہزار سے زیادہ مالیہ ادا کرنے والے کو بھی اسی تناسب سے رعائت دی ہے۔ ہم جہاں یہ کہتے ہیں کہ صوبہ کی حالت اور نظام کو مضبوط رکھنے کیلئے اور رفاہی سکیموں اور ترقی کے منصوبوں کی تکمیل کیلئے یہ ضروری ہے کہ ایسے اشخاص پر بھی ٹیکس کا بوجھ ڈالا جائے جن کی اقتصادی حالت بہت اچھی نہیں ہے۔ وہاں ہم یہ بھی محسوس کرتے ہیں کہ کسی طبقہ کی حالت ایسی نہ کر دی جائے کہ اسے تنخواہیں اور وظائف دیکر پالنا پڑے۔ ہم اعتدال کی راہ پر رہتے ہوئے اور توازن کو قائم رکھتے ہوئے چلنا چاہتے ہیں۔ میں کہوں گا کہ اس ایکٹ کے سلسلہ میں اگر ہم میں کوئی جذبہ کارفرما تھا تو یہ تھا کہ اگر ہمیں کسی کو رعایات دینا ہیں تو اس طبقہ کو دیں جسکو وہ ریڑھ کی ہڈی کہتے ہیں جسے میں ریڑھ کی ہڈی کہتا ہوں اور جو واقعی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ مگر ریڑھ کی ہڈی کہدینے کے یہ معنی نہیں کہ ریڑھ کی ہڈی اپنے اصل کام کو بھول جائے۔ ریڑھ کی ہڈی کا کام ہے کہ وہ جسد خاکی کو قائم رکھے۔ اسی طرح

اس ریڑ کی ہڈی کا کام ہے کہ صوبہ کے اقتصادی نظام اور ساکھ کو قائم رکھے۔ ملک کے قیام و بقا کی ضامن ہو۔ میں ان معنوں میں اسے ریڑھ کی ہڈی کہتا ہوں۔ اسکے فرائض اور اسکی ذمہ‌داریاں دوسروں سے کہیں زیادہ ہیں۔ ہم نے کیوں ایسا اصول اختیار کیا جس سے خزانے میں کمی واقع ہو۔ اسکی بھی وجوہ ہیں۔ پہلی تو یہ ہے کہ مالیہ کی تشخیص کرنے سے اور مالیہ پر تشخیص کے بعد اسکو وصول کرنے میں ایک پائی کی بھی evasion نہیں ہو سکتی یہ ایک اہم فیکٹر ہے۔ برعکس اسکے انکم ٹیکس کے حصول میں بہت زیادہ Evasion ہوتا ہے۔ اور یہ بھی ٹھیک ہے کہ فصلوں میں تھوڑا نقصان ہونے پر مالیہ میں کوئی خاص رعایت نہیں دی جاتی۔ ان وجوہ کی بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ قرین انصاف تھا بلکہ عین انصاف تھا کہ ان عوامل کو زیر نگاہ رکھتے ہوئے وہ آدمی جو کہ حقیقی طور پر اپنے ملک کی ترقی کے وسائل کی بہتری کیلئے کوشاں ہوں انکو رعایات دی جائیں اور اسی لئے تو حکومت کے خزانے میں خسارے کو گوارا کیا گیا ہے۔ میں گذارش یہ کر رہا تھا کہ اس بل کا مقصد اور اسکا منشا یہ ہے کہ اگر ٹیکس زیادہ ہے تو ہم اس میں تخفیف کئے دیتے ہیں۔ اور اگر آئندہ اقتصادی حالات ایسے ہوئے کہ مزید تخفیف کرنا ناگزیر ہوا تو اسکا بھی ہم اسی میں اہتمام کئے دیتے ہیں۔ اگر انہوں نے اسکا مدعا سمجھنے کی کوشش کی ہوتی تو وہ متضاد قسم کے اعتراضات نہ کرتے اور نہ ہی متصادم خیالات کا اظہار کرتے۔ انہوں نے ٹیکس کے اصول کو ہی غلط گردانا ہے اور ماسوائے میرے معزز دوست چودھری محمد افضل چیمہ کے دیگر حضرات کی تقاریر سے یہی مترشح ہوتا تھا کہ ٹیکس قریباً قریباً ہونا ہی نہیں چاہئے۔

شاید میں بھی ان کا ہمنوا ہوتا اگر اب بھی غاروں میں رہنے کا زمانہ ہوتا۔ مگر موجودہ اقتصادی دور کے تقاضے مختلف ہیں۔ اس زمانے میں ترقی کے منصوبے لازمی ہیں۔ اور آپ کیلئے اپنے آپ پر اعتماد کرنا ضروری ہے۔ ہم امداد کیلئے کسی غیر کی طرف رجوع نہیں کر سکتے بلکہ خود ہی ہمیں اپنی ذاتی ضروریات کے علاوہ قومی ضروریات کا کفیل ہونا ہے۔ بالفاظ دیگر یہ کہ ہمیں ہر اقدام کو قومی مستقبل اور قومی بہتری کے نقطہ نگاہ سے دیکھنا ہوگا۔

ہمارے معاشی ماحول کے اہم ترین عوامل جو بادی النظر میں سامنے آ جاتے ہیں ایک تو ہمہ گیر افلاس ہے اور دوسرا یہ کہ افلاس زدہ عوام

کی اکثریت اس طبقے سے تعلق رکھتی ہے جو زمین سے کسب معاش کرتا ہے۔ بحالات موجودہ وہ ہر قسم کے بوجھ بالخصوص ٹیکسوں کے بوجھ تلے اس بری طرح دبا ہوا ہے کہ اس پر کسی قسم کا مزید بوجھ ڈالنا بظاہر خلاف عقل ہوگا۔ تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر میں یہ ٹیکس کیوں تجویز کر رہا ہوں؟ اسکے لئے مجھے کسی قدر تفصیل کے ساتھ عرض کرنا پڑے گا۔ ہمارا معاشی نظام ایک گھناؤنے چکر میں پھنسا ہوا ہے۔ ہم نے اس چکر کو توڑنا ہے۔ یوں تو اس کے توڑنے کے موثر وسائل و ذرائع ہمیں میسر نہیں لیکن با ایں ہمہ ہم نے اس صورت حالات کو ختم کرنا ہے اور اپنے عظیم المرتبت عوام کے جذبہ حب‌الوطنی اور دلاوری پر اعتماد کر کے اس سے نجات حاصل کرنی ہے۔ ہم نے خون دل سے اپنے معاشرہ کو سینچنا ہے۔ اور ایک عظیم الشان مستقبل کی بنیادیں رکھنا ہیں۔ ایک ایسے مستقبل کی جس میں جہالت پسماندگی افلاس کی لعنتوں کا وجود نہیں ہوگا۔ اس مقصد کے حصول کیلئے کوئی قوم جتنی بڑی سے بڑی قربانی دے کم ہے۔ مگر ہمارے معاشی حالات میں ذرائع آمدنی اس قدر محدود ہیں کہ ہمیں لامحالہ نئے وسائل تلاش کرنے کیلئے اپنی استعداد اور اپنے مقدور سے کہیں زیادہ ٹیکس عائد کرنے اور ادا کرنے ہونگے۔ مجھے یقین ہے کہ ہر صحیح الفہم اور بالغ النظر انسان اگر اخلاص اور دیانتداری سے کام لیتے ہوئے حالات کا جائزہ لے گا تو اسی نتیجے پر پہنچے گا۔ میرے خیال میں میری ان گذارشات سے واضح ہو گیا ہوگا کہ باوجود ہمارے معاشی نظام کی مجبوریوں کے ایسے ٹیکس کا عائد کیا جانا کیوں ضروری ہے۔ ایک اور امر جسکی طرف میں معزز ایوان کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ اس نوزائیدہ مملکت کیلئے کسی بیرونی ملک سے امداد کیلئے رجوع مہلک ثابت ہوگا۔ کیا ہمارے لئے یہ مناسب ہوگا کہ ہم ٹیکسوں کے بار سے بچنے کیلئے اپنی آزادی سے ہی ہاتھ دھو بیٹھیں۔ دوسروں کو کیا پڑی ہے کہ وہ فی سبیل اللہ ہمارے معاشی حالات سنواریں۔ اور ہم سے کسی فائدے یا خدمت کی توقع نہ رکھیں۔ میں بلا خوف تردید کہونگا کہ کوئی ذی شعور انسان ایسے حالات میں دوسروں کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی بجائے اپنے پیٹ پر پتھر باندھنا زیادہ پسند کریگا۔ تعمیری منصوبہ بندی میں تاخیر ہمارے وسائل آمدنی کو محدود رکھے گی مگر ایسے ٹیکسوں سے انکی تکمیل کچھ عرصے کے بعد مجموعی حالات کو سدھارنے اور بہتر بنانے کا باعث ہوگی۔

اگر حزب الاختلاف نے ان تمام عوامل پر متوازن طریق پر نہ کہ

جذبات کی رو میں بہ کر غور کیا ہوتا تو وہ بھی اسی نتیجے پر پہنچتی
کہ اس قسم کے ٹیکس ملک کے استحکام کیلئے نہایت ضروری ہیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Agricultural Income-Tax (Amendment) Bill be passed.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Tuesday, the 6th May, 1952.

APPENDIX

(Answer to Q. No. 1038,—*vide* page 248 *ante*)

Honourable Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana: (a) Only one case of murder arising out of dispute between landlords and their tenants in Montgomery district was registered at Police Station Nur Shah in which one tenant was shot dead. Another case of peace occurred over batai in Thatha Parabana between the refugee tenants and refugee allottee.

(b) In the first case action was taken under section 302, P. P. C. and in the the other under Section 107, C. P. C.

APPENDIX

(*Vide* Answer to part (*d*) of Q. No. 920, page 252 *ante*)

LIST OF SCHOOLS IN TEHSIL SAMUNDRI.

Serial No.	Name of Chak	Serial No.	Name of Chak.
1	High School, 45-G. B.	30	Primary School, Thatha Bharwana.
2	Middle School, 210-G. B.	31	Primary School, Buaniwala.
3	Middle School, 178-G. B.	32	Primary School, 420-G. B.
4	Middle School, 176-G. B.	33	Primary School, 418-G. B.
5	Middle School, 485-G. B.	34	Primary School, 439-G. B.
6	Middle School, 135-G. B.	35	High School, Samundri.
7	Middle School, 452-G. B.	36	Middle School, 530-G. B.
8	Middle School, 196-G. B.	37	Middle School, 509-G. B.
9	Middle School, Jakhar.	38	Middle School, 218-G. B.
10	Middle School, 171-G. B.	39	Middle School, Sial.
11	Lower Middle School, 168-G. B.	40	Middle School, 284-G. B.
12	Lower Middle School, 228-G. B.	41	Middle School, 541 G. B.
13	Lower Middle School, 197-G. B.	42	Middle School, 170-G. B.
14	Lower Middle School, 492-G. B.	43	Middle School, 216-G. B.
15	Lower Middle School, 496-G. B.	44	Middle School, 594-G. B.
16	Lower Middle School, 550-G. B.	45	Lower Middle School, 192-G. B.
17	Lower Middle School, 402-G. B.	46	Lower Middle School, 199-G. B.
18	Lower Middle School, 435-G. B.	47	Lower Middle School, 487-G. B.
19	Lower Middle School, 444-G. B.	48	Lower Middle School, 507-G. B.
20	Lower Middle School, 223-G. B.	49	Lower Middle School, 213-G. B.
21	Lower Middle School, 455-G. B.	50	Lower Middle School, Pindi Sheikh Musa.
22	Lower Middle School, 479-G. B.	51	Lower Middle School, 440-G. B.
23	Lower Middle School, Garh.	52	Aided Lower Middle School, 462-G. B.
24	Primary School, 136-G. B.	53	Aided Lower Middle School, 451-G. B.
25	Primary School, 50-G. B.	54	Aided Lower Middle School, 478-G. B.
26	Primary School, 410-G. B.	55	Aided Lower Middle School, 482-G. B.
27	Primary School, 407-G. B.	56	Aided Lower Middle School, Jhamra.
28	Primary School, Khai.	57	Primary School, 133-G. B.
29	Primary School, Thatha Doka		

Serial No.	Name of Chak	Serial No.	Name of Chak
58	Primary School, 391-G. B.	90	Primary School, 497-G. B.
59	Primary School, 405-G. B.	91	Primary School, 288-G. B.
60	Primary School, D.A. Shah.	92	Primary School, Taj Sarwar.
61	Primary School, Shadi.	93	Primary School, 42-G. B.
62	Primary School, 615-G. B.	94	Primary School, 48-G. B.
63	Primary School, 613-G. B.	95	Primary School, Bahlak.
64	Primary School, 437-G. B.	96	Primary School, Kur.
65	Primary School, 385-G. B.	97	Primary School, 447-G. B.
66	Primary School, 435 G. B.	98	Primary School, 456-G. B.
67	Primary School, 599-G. B.	99	Primary School, 445-G. B.
68	Primary School, 602-G. B.	100	Primary School, 443-G. B.
69	Primary School, 428-G. B.	101	Primary School, 441-G. B.
70	Primary School, 408-G. B.	102	Primary School, 389-G. B.
71	Primary School, 457-G. B.	103	Primary School, 463-G. B.
72	Primary School, 458-G. B.	104	Primary School, 453-G. B.
73	Primary School, 442-G. B.	105	Primary School, 474-G. B.
74	Primary School, 470-G. B.	106	Primary School, 142-G. B.
75	Primary School, 390-G. B.	107	Primary School, Hassoke.
76	Primary School, 393-G. B.	108	Primary School, 423-G. B.
77	Primary School, 484-G. B.	109	Primary School, 400-G. B.
78	Primary School, 469-G. B.	110	Primary School, 204-G. B.
79	Primary School, 140-G.B.	111	Primary School, 206-G. B.
80	Primary School, 476-G.B.	112	Primary School, 214-G. B.
81	Primary School, 229-G. B.	113	Primary School, 221-G. B.
82	Primary School, 412-G. B.	114	Primary School, 224-G. B.
83	Primary School, 205-G. B.	115	Primary School, 193-G. B.
84	Primary School, 212-G. B.	116	Primary School, 200-G. B.
85	Primary School, 220-G. B.	117	Primary School, 483-G. B.
86	Primary School, 222-G. B.	118	Primary School, 509-G. B.
87	Primary School, 226-G. B.	119	Primary School, 399-G. B.
88	Primary School, 198-G. B.	120	Primary School, Abu Wahal.
89	Primary School, 202-G. B.	121	Primary School, 44-G. B.

123 PLA—450 5-11-52—SGPP Lahore

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

FOURTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, 6th May 1952.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly).

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

MURDERS REPORTED IN LAHORE DISTRICT

***1054. Chaudhri Mehtab Khan :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the number of murders reported so far in the Lahore district since the beginning of 1952;

(*b*) whether the Government contemplate taking any special steps to ward off the rising incidence of murders in future; if so, what?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) The number of murder cases reported from 1st January 1952 to 29th April 1952 .. 38.

(*b*) There is no rising incidence of murders, as during the corresponding period of years 1951, 1950 and 1949 the number of cases reported were 36, 43 and 52, respectively.

چودھری مہتاب خاں—کیا آنریبل وزیر اعلیٰ کو علم ہے کہ ضلع لاہور میں زیادہ تر پٹواریوں وغیرہ کے رشوت لینے کی وجہ سے ایسے cases ہوتے ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

Syed Shamim Hussain Qadri : What were the main causes of these murders ?

Chief Minister : I hope the honourable member will take the trouble of giving notice for a question which requires a lot of information to be collected.

چودھری مہتاب خاں — یہ جو پچھلے سال کے cases بتائے گئے ہیں ۔ کیا ان چار مہینوں کے cases اس ایک سال سے زیادہ نہیں ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

PERMIT FOR GRAZING SHEEP IN GOVERNMENT FORESTS

***1028. Chaudhri Gul Nawaz Khan :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Government issued an order to the effect that permits may be granted for grazing sheep in Government forests; if so, how many sheep could be grazed by one permit issued;

(b) whether the order mentioned in (a) above has been carried out and its contents made known to public;

(c) if no order of the type mentioned in (a) has been issued whether Government intend doing it now ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (a) and (c). No.

(b) Does not arise.

AREAS IN GOVERNMENT FORESTS FIT FOR CULTIVATION

***829. Chaudhri Gul Nawaz Khan :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether there are any areas in Government forests in the province which are fit for cultivation;

(b) whether the practice exists of granting such cultivable areas on lease;

(c) whether villages exist in the vicinity of Government forests which are inhabited by small-holders; if so, whether Government intend to lease such cultivable forest lands to small-holders mentioned above; if not, the reasons therefor?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (a) and (b) Yes.

(c) Yes. Until such lands are planted by the Department with tree crops, they are generally given to small-holders on temporary cultivation leases.

ANNUAL INCOME FROM GOVERNMENT FOREST AT KHARIAN

***830. Chaudhri Gul Nawaz Khan :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) the annual income from Government forest at Kharian in the Gujrat district ;

(b) the annual expenditure incurred in respect of the above forest;

(c) whether the Government intend to auction the cultivable area of the forest; if so, when, if not, the reasons therefor?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (a) Rs. 23,082 during the current financial year until February 1952.

(b) Rs. 62,123-13-0 during the current financial year until February 1952.

(c) No, for fear of increase in the flood damage and acceleration in the pace of soil erosion, not only the land in this forest but of the lands down below. Actually there is very little cultivable area in this forest.

QADIR ABAD FARM

***885. Mian Abdul Haq :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that several tenant families living in Qadir Abad Farm were ejected by the Animal Husbandry Department in 1951; if so, the reasons therefor?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : No.

BAHADUR NAGAR BUFFALO FARM

***886. Mian Abdul Haq :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that he visited the Bahadur Nagar Buffalo Farm in December 1951;

(b) whether it is also a fact that he visited the various Military Buffalo Farms near Okara Town;

(c) whether it is a fact that the Buffalo Farms run by the Military Department have been able to produce much better breeds of buffalo than the ones maintained by the Bahadur Nagar Buffalo Farm, if so, the reasons therefor?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (a) and (b) Yes.

(c) The Military Buffalo Farms are not breeding stations, so the question of such a comparison does not arise.

SUGAR RATION IN GUJRANWALA

***906. Mian Manzoor Hassan:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that in the municipal area of Gujranwala, sugar ration is shown to be drawn by 200,000 persons, whereas the total population of the place, according to the recent census is 124,000;

(b) whether it is a fact that sugar ration is drawn on ration cards, prepared by the Food Department;

(c) whether any efforts were made to eliminate bogus ration cards; if not, the reasons therefor ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (a) Yes. I would, however, point out that the number of sugar ration units bears little relationship to the census population of the town since the residents of a number of suburbs, which are outside the municipal limits, are in possession of sugar ration cards.

(b) and (c) Yes.

CONTRACT BETWEEN GOVERNMENT AND STUD FARMS OF KUBARIA AND RENALA KHURD

***911. Rana Ghulam Sabir Khan:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that there is a contract between the Government and the Stud Farms of Kubaria and Renala Khurd of the Montgomery district; if so, what are its terms and when the agreement is due to terminate ;

(b) whether it is a fact that a scheme is under the consideration of the Government to start Government Dairy Farms on modern lines on the pattern of Military Dairy Farms in the Province; if so, when they are to be started; if not, the reasons thereof ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (a) The Stud Farms at Kubaria and Renala Khurd are under the control of the Army Remount Department. I, therefore, regret that the required information is not available with the Punjab Government.

(b) A scheme for starting a Dairy Farm near Lahore is under consideration. I cannot say how long it will take to finalise our arrangements, but we are endeavouring to speed things up as much as possible.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت بتلا سکتے ہیں کہ اس سکیم کے بارہ میں تا حال کیا اقدامات کئے گئے ہیں ؟

وزیر زراعت— یہ سرکاری زمین ہے ۔ اس کو پہلے کسی شخص نے lease پر لینے کی درخواست کی تھی ۔ جس وقت یہ بات حکومت کے نوٹس میں آئی تو اس کو یہ کہہ دیا گیا کہ حکومت خود وہاں ایک ڈیری فارم جاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔ اس سرکاری زمین کے پاس ایک ملٹری

فارم بھی بنا ہوا ہے اور وہاں بلڈنگز وغیرہ بھی ہیں اور حکومت نے ملٹری والوں سے کہا ہے کہ وہ عمارات ان کو دیدی جائیں۔ تا کہ ہم فوراً وہاں ڈیری فارم جاری کر دیں۔ فی الحال اس سلسلہ میں یہ اقدامات کئے گئے ہیں۔

شیخ محمد امین—کیا یہ ممکن ہے کہ agreement کی میعاد ختم ہو چکی ہو؟

وزیر زراعت—کونسا agreement ؟

شیخ محمد امین—آپ نے اس سوال کے حصہ الف کا جو جواب دیا ہے اس کے سلسلہ میں میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ کیا یہ ممکن ہے کہ agreement کی میعاد ختم ہو چکی ہو؟

وزیر زراعت—میں اس کے بارہ میں کچھ عرض نہیں کر سکتا۔

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت بتلا سکتے ہیں کہ جو سکیم شروع کی گئی ہے جیسا کہ آپ نے سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ اسے ایک فرد شروع کرنا چاہتا تھا کیا اس کے حسد کی وجہ سے ایسا کیا گیا ہے یا حکومت نے از خود ایسا کیا ہے؟

Mr. Speaker : Disallowed.

AGRICULTURE ASSISTANTS

***1000. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the number of Agriculture Assistants recruited in the Department in the years 1947-48, 1948-49, 1949-50 and 1950-51 ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : Seventeen, nine, thrity-four and fifty, respectively.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon : Is it a fact that requisite number of candidates for the post of Agriculture Assistants is not coming forward because of very low pay—even less than the pay of the Cotton Inspectors who are non-technical men ?

Mr. Speaker : Matter of opinion, disallowed.

INCREASE IN YIELD OF AGRICULTURAL PRODUCE

***1001. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the specific steps under the consideration of the Government to increase the yield per acre of the agricultural produce of the province ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : Government have under consideration a scheme for the supply of artificial fertilizers to cultivators at concessional rates and a number of research schemes for increased cultivation of tobacco, maize, ginger, mustard and rape-seed, castor and crops. In addition, the following measures are being taken by the Agriculrture Department to increase the yield per acre of agricultural produce of the province :—

(1) Evolution of better and high yielding varieties of crops.
(2) Improved methods of cultivation.

(3) Control of crop pests and diseases in the field and godowns.
(4) Control of weeds.
(5) Application of artificial fertilizers.
(6) Proper crop management.
(7) Introduction of good quality plants from outside.
(8) Encouraging lift and other irrigation.
(9) Zoning of varieties in the province.
(10) Proper irrigation of crops.
(11) Encouraging use of improved implements.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت بتلا سکتے ہیں کہ yield increase کرنے کے لئے اب تک حکومت نے کوئی اقدامات کئے بھی ہیں؟

وزیر زراعت—میں نے جو کچھ سوال کے جواب میں بیان کیا ہے یہ سارے اقدامات ہی تو ہیں۔

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت بتلا سکتے ہیں کہ کس کس جگہ yield بڑھانے کے لئے steps لئے گئے ہیں؟

Minister: I require notice for that.

YIELD OF WHEAT

***1002. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the average yield of wheat per acre in the Punjab for the years 1945-46, 1946-47, 1947-48, 1948-49, 1949-50 and 1950-51?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: I lay a statement on the table.

AVERAGE YIELD OF WHEAT PER ACRE IN THE PUNJAB

Year	Yield per acre in maunds		Average yield per acre for irrigated and unirrigated
	Irrigated	Unirrigated	
1945-46	11·2	4·6	8·7
1946-47	11·4	4·6	9·0
1947-48	12·2	5·8	9·9
1948-49	13·9	7·7	11·6
1949-50	14·4	7·3	11·7
1950-51	13·7	7·0	11·1

EXTENSION OF GOJRA AND LYALLPUR TOWNS

***750. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the total area earmarked for the extension of Gojra and Lyallpur towns under the Town Planning Scheme;

(*b*) the number of refugee families likely to be dislodged under the said scheme in each case;

(*c*) the arrangements Government proposes to make for the rehabilitation of the affected allottees elsewhere?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) 820 and 5,175 acres of land have been reserved for the future extension of Gojra and Lyallpur towns respectively;

(*b*) 100 and 2,119 refugee families will be affected by the scheme in each case,

(*c*) the displaced refugees of both the places will be accommodated in the adjoining chaks on evacuee and Crown lands.

ELECTION TO LOCAL BODIES

***751. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the date by which elections to the local bodies are proposed to be held by Government in the Province;

(*b*) the date for holding District Board Elections in the Lyallpur district;

(*c*) whether new constituencies have been delimited for District Board Elections in the Lyallpur district, if not, the reasons therefor?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) Government is anxious that elections should be held as early as possible, and has set up a separate office so that the election work should be expedited. In several cases constitutions have been revised and new wards delimited.

(*b*) and (*c*) The preliminaries for holding the elections of District Board, Lyallpur, are in progress. The proposed wards have already been notified for inviting suggestions and objections from the public. As soon as the remaining formalities are over the work of conducting elections will be taken up immediately.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر تعلیم بتلا سکتے ہیں کہ منٹگمری کے ضلع کے اندر لوکل باڈیز کے الیکشن کب تک ہو جائینگے ؟ اندازاً کچھ بتا دیجئے گا۔

وزیر—صحیح تاریخ تو نہیں بتائی جا سکتی۔ میرا اندازہ ہے کہ اکتوبر میں شروع ہونگے۔

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر بتلا سکتے ہیں آیا وہاں پر الیکشن کیلئے وارڈوں کی تقسیم ہو چکی ہے یا نہیں ؟

وزیر—کچھ ہو چکی ہے کچھ ہو رہی ہے۔

چودھری محمد شفیق—کیا یہ درست ہے کہ لائلپور کے اندر ڈسٹرکٹ بورڈ کے جو وارڈ بنائے گئے ہیں وہ بعض افراد کو خوش کرنے کے لئے بنائے گئے ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

BUILDING OF THE HIGH SCHOOL AT RENALA KHURD

***912. Rana Ghulam Sabir Khan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether he is aware of the fact that the building of the High School at Renala Khurd in the Montgomery district is insufficient to accommodate the large number of students on the school rolls;

(*b*) whether there is any scheme under the consideration of Government for the expansion of this building, if so, when and if not, why not ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) Yes.

(*b*) Yes; this school is being considered for a building grant under the Social Uplift Schemes.

DISTRICT BOARD ROADS IN RAWALPINDI

***1028. Raja Ahmad Ali :** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the total length of District Board roads in the Rawalpindi district in 1940;

(*b*) the total length of District Boad roards in the Rawalpindi district on the 1st April 1952;

(*c*) the number of trees on the roads mentioned in (*a*) above;

(*d*) the number of trees on the roads mentioned in (*b*) above;

(*e*) the number of trees auctioned and the amount realised by District Board, Rawalpindi during the 8 months commencing from 1st July 1951;

(*f*) the number of trees auctioned during the corresponding period commencing from the 1st July 1950, and the amount realised therefrom?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : It is regretted that the information asked for by the hon'ble member is not yet ready. It will be supplied when ready.

CHOHA KHALSA HIGH SCHOOL

***1029. Raja Ahmad Ali :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that the Choha Khalsa High School was to be provincialised according to the Post-War Reconstruction Scheme; if so, whether the Government intend taking it over; if so, when; if not, why not?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : There is nothing on record to show that the Choha Khalsa High School was to be provincialized under the Post-War Development Scheme. But under the Social Uplift Scheme, schools are to be raised and are to be provincialised and it will have a chance under that scheme.

Raja Ahmad Ali : I have papers in my possession to show that this school was to be provincialised under the Post-War Development Scheme.

Minister : That will help us.

PROFESSIONAL TAX COLLECTED BY RAWALPINDI DISTRICT BOARD

***1030. Raja Ahmad Ali:** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the amount realised by the District Board, Rawalpindi, on account of Professional Tax for the financial year 1951-52;

(*b*) the amount spent on the staff appointed for the realisation of the Professional Tax mentioned in (*a*) above in financial year 1951-52 ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : It is regretted that the information asked for by the hon'ble member, is not yet ready. It will be supplied when ready.

PROSTITUTES

***1040. Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the total number of regular prostitutes in the Punjab, District-wise in 1948 and 1952, respectively ;

(*b*) whether any income accrues to Government from issuing licences to the prostitutes, if so, how much;

(*c*) whether the Government intend to stop regular prostitution in the towns of the provinces; if so, when and the details of the procedure intended to be adopted in this respect?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) As the time and labour involved in the collection of these figures will be out of all proportion to their utility, Government hope that the hon'ble member will not insist on their collection.

(*b*) Nil.

(*c*) The matter is under Government's consideration.

چودھری محمد شفیق— غور کرنے پر کتنا عرصہ لگے گا ؟

وزیر — یہ کل زائچہ نکلوائینگے ۔

خان عبدالستار خان نیازی —کیا وزیر معارف اس مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر اسکے متعلق جلد از جلد کوئی اعلان نہیں کرائینگے ؟

وزیر — حکومت کو اس مسئلہ کی اہمیت کا احساس ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں جہاں رولز اور قواعد کے مطابق وہ اسکا انسداد کر سکتی تھی اس نے اس کا انسداد کر دیا ہے ۔ چونکہ یہ ایک آل پاکستان مسئلہ ہے اسلئے اسے صوبائی طریق پر شروع کرنا مناسب نہیں۔ یہ مسئلہ فی الواقع زیر غور ہے ۔

چودھری محمد شفیق—کیا حکومت اس مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر میری طرف سے طلب کئے گئے اعداد و شمار اکٹھا کرنے کیلئے تیار ہے ؟

وزیر — یہ آپ خود سوچئے ۔ ہم نام اکٹھے کرنے کیلئے کون کون سے گلی کوچوں میں دورے کرتے پھریں گے ۔ اور پھر اسکا فائدہ کیا ہوگا۔ اسکے مفاد اور محنت دونوں کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ یہ محسوس کرینگے کہ یہ زائد اور غیر ضروری ہے ۔

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر کے علم میں ہے کہ حکومت کا کوئی محکمہ طوائفوں کو لائسنس دیتا ہے ؟

وزیر — نہیں دیتا ہے۔ آپ بار بار ہم سے یہ سوال پوچھ چکے ہیں اور ہم بار بار بتا چکے ہیں۔

چودھری محمد شفیق — کیا یہ درست ہے کہ طوائفیں پولیس کے اندر رپورٹ لکھا کر پھر باقاعدگی سے کام شروع کرتی ہیں ؟

وزیر — اگر آپکو معلوم ہے تو پھر آپ دریافت کیوں کرتے ہیں ؟

ملک غلام نبی — کیا حکومت طوائفوں کیلئے نئی بستیاں بسانے کا ارادہ رکھتی ہے ؟ کیا حکومت اس بات سے بخوبی واقف ہے کہ اگر یہ وبا شہر کی آبادی کے قریب رہی تو یہ پبلک کیلئے مضر ہوگا ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

چودھری محمد شفیق — کیا حکومت انکے لئے کسی متبادل پیشہ کا انتظام کرنے کے متعلق سوچ رہی ہے ؟

ملک غلام نبی - کیا حکومت ایسے مردوں کی فہرست بنانے کیلئے تیار ہے جو ان سے نکاح کرنے کیلئے تیار ہوں ؟ (قہقہہ)

مولوی محمد اسلام الدین — کیا طوائفوں کی بے حیائی کو دور کرنے کیلئے اسلامی قانون کے مطابق کوئی تدابیر اختیار کی جائینگی ؟

STUDENTS OF GOVERNMENT COLLEGE, MONTGOMERY

***1041. Chaudhri Muhammad Shafiq:** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(a) the number of students reading Chemistry, Physics, Biology, Economics, Urdu and English, respectively in Government College, Montgomery;

(b) what is the number of lecturers employed for teaching each subject;

(c) whether the staff is adequately coping with the work entrusted to them, if not, for how long the present conditions will continue and what steps the Government intend to take to improve the existing conditions and when?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti:

	1st year	2nd year	3rd year	Total
(a) Chemistry	150	86	..	236
Physics	150	86	..	233
Biology	64	35	..	99

——	1st year	2nd year	3rd year	4th year	Total
Economics ..	232	152	29	17	430
Urdu ..	39	61	2	3	105
English ..	382	281	34	36	738

(b) (i) English .. 5

(ii) Economics .. 1

(iii) Chemistry .. 1 In addition to the Principal, who also teaches Chemistry.

(iv) Physics .. 1

(v) Biology .. 1

(vi) Urdu .. One is being appointed immediately. At present the Urdu work is distributed between the Lecturers in Arabic and Persian.

(c) (i) Yes.

(ii) Does not arise.

چودھری محمد شفیق : کیا آنریبل وزیر تعلیم کو علم ہے کہ طلبا کی تعداد کے مقابلہ میں وہاں پروفیسروں کی تعداد بہت کم ہے اور طلبا کی تعلیم پر اسکا بہت برا اثر پڑ رہا ہے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

SCIENCE STUDENTS IN GOVERNMENT COLLEGE, MONTGOMERY

*1042. **Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(a) the number of Science students in Government College, Montgomery ;

(b) the number of qualified staff for each Science subject taught in the College;

(c) the number of Microscopes in the Biological Laboratory of the College as compared with the number of students;

(d) whether it is a fact that Science apparatus in the College is not adequate to meet the requirements of the students; if so, what immediate steps the Government intend to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (a) 236.

(b) Lecturer in Chemistry—one, in addition to the Principal, who is also a Professor of Chemistry.

Lecturer in Physics—one.

Lecturer in Biology—one

(c) Number of microscopes .. 11

Number of students in the 1st year .. 64

Number of students in the 2nd year .. 35

(d) No.

PERMIT TO PURCHASE LIQUOR

*884. **Mian Abdul Haq :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(a) the number of Muslim permit-holders allowed to purchase liquor in the Province ;

(b) the number of non-Muslim permit-holders eligible to purchase liquor in the Province ;

(c) the income derived by Government from the sale of liquor in the years 1950 and 1951?

Parliamentary Secretary (Sheikh Zafar Hussain) : (a) Permits for the purchase of liquor are granted to Muslims on medical grounds only and to non-Muslims on medical as well as non-medical grounds. As no separate statistics of the permits issued to Muslims on medical grounds are kept, this information cannot be supplied.

(b) The number of permits issued to non-Muslims on non-medical grounds during the last three years was as under :—

Year		*No. of permits issued*
1949-50	..	4,492
1950-51	..	4,026
1951-52 (till the end of January 1952)	..	2,594

(c) The income derived from the sale of liquor in the years 1950 and 1951 was as under—

Year		*Income*
		Rs.
1949-50	..	6,56,333
1950-51	..	6,34,433

چودھری محمد شفیق —کیا آنریبل وزیر مال یا ان کے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتلا سکتے ہیں کہ کیا یہ درست ہے کہ بڑے بڑے معزز رئیسوں نے جو غیر مسلم ملازمین رکھے ہوئے ہیں وہ ان کے ذریعہ سے شراب حاصل کرتے ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

خواجہ حافظ غلام سدید الدین—کیا وزیر متعلقہ یہ بتلا سکتے ہیں کہ مسلمانوں کو بھی پرمٹ پر شراب پینے کی جو اجازت دی ہوئی ہے کیا یہ حرام نہیں ہے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

خان عبدالستار خان نیازی —کیا وزیر متعلقہ یا ان کے پارلیمنٹری سیکرٹری کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ کئی لوگ medical ground کی آڑ میں اسکا غلط استعمال کر رہے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — مجھے علم نہیں۔ اگر آپ کے علم میں کوئی ایسی چیز ہو تو بتلا دیں۔ ہم تحقیقات کر لینگے۔

چودھری محمد شفیق — کیا وزیر متعلقہ کے پارلیمنٹری سیکرٹری یہ بتلا سکینگے کہ آیا انہوں نے بھی کبھی کوئی ایسا پرمٹ حاصل کیا ہے ؟

Chief Minister: We very strongly protest, Sir, against such supplementary questions.

Mr. Speaker: The question must be withdrawn.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I withdraw the question, Sir.

ملک غلام نبی — کیا گورنمنٹ کے سامنے کوئی ایسی تجویز ہے کہ شراب کو صوبہ میں عام کر دیا جائے۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — کوئی نہیں ہے۔

On a point of privilege, — **خان عبد الستار خان نیازی**

جناب والا۔ ابھی اس وقفہ سوالات میں جو کچھ کہا گیا ہے میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ مناسب نہیں ہے کہ ایک پارٹی دوسری پارٹی کو نیچا دکھانے اور ذاتی انتقام لینے کی خاطر بار بار اسلام کا نام لے اور یوں اسلام کا استخفاف کیا جائے۔ یہ طریقہ اس ایوان کے شایان شان نہیں ہے۔

صاحب سپیکر — میں اس چیز کو محسوس کر رہا ہوں اور میں نے اسی لئے کئی سوالوں کو Disallow کیا ہے۔ ممبر صاحبان سمجھ رہے ہیں کہ وہ اسلام کی اسطرح خدمت کر رہے ہیں حالانکہ یہ اسکے بالکل برعکس ہے۔

ملک غلام نبی — کیا اگر شراب کو صوبہ میں عام کر دیا جائے تو غریبوں کے لئے ایسے ادارے کھولے جائینگے جن سے ان کی امداد ہو سکے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

LAND GIVEN UNDER TUBE-WELL SCHEME IN THANA KASSOWAL OF THE MONTGOMERY DISTRICT

***913. Rana Ghulam Sabir Khan:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state whether any land is being given under the Tube-well Scheme in Thana Kassowal of the Montgomery district; if so, what are the names and addresses of persons granted land under this scheme; if no lands are being given, whether any scheme of this nature is under the consideration of Government ?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha: Government have decided to lease out uncommanded areas on tube-well installing conditions but no person has so far been granted lease in the jurisdiction of Police Station Kassowal of the Montgomery district.

رانا غلام صابر خاں — کیا آنریبل وزیر متعلقہ فرما سکتے ہیں کہ ان کاشتکاروں کو جو ٹیوب ویل لگانے کو تیار ہوں زمین مل جائیگی ؟

وزیر مال — جی ہاں مل سکتی ہے ۔

چودھری محمد شفیق — کیا وزیر متعلقہ ارشاد فرمائینگے کہ منٹگمری کے ضلع کے اندر اس مقصد کے لئے کل کتنی اراضی مخصوص کی گئی ہے ؟

وزیر مال — جتنے غیر سیراب شدہ رقبے وہاں ہوں وہ سب ہم پٹہ پر دینے کے لئے تیار ہیں ۔ اسکا اندازہ تقریباً دس لاکھ ایکڑ ہے ۔

چودھری محمد شفیق — اسکے لئے کیا کوالیفیکیشن رکھی گئی ہے ؟

Mr. Speaker : This is a fresh question. Disallowed.

CANAL WATER-SUPPLY IN LAHORE DISTRICT

***1053. Chaudhri Mehtab Khan :** Will the Honourable Minister o Revenue be pleased to state the time by which the canal coming down from the districts of Sialkot and Sheikhupura will start supplying water to the district of Lahore for irrigation purposes?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chatha : The answer to this question is not yet ready.

TRANSPORT VEHICLES

***1023. Chaudhri Muhammad Abdullah Jat :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the total number of transport vehicles put on the road by the Transport Department for commercial purposes year-wise since 1944 along with the cost price of each such vehicle ;

(*b*) the total number of vehicles model-wise now on the road and their present market value;

(*c*) the number of vehicles model-wsie which have gone off the road and the reasons therefor;

(*d*) the number of vehicles disposed of by the Government year-wise and the total price realised thereby?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari : (*a, b, c & d*) The requisite information is given in the enclosed statement.†

***1024.** Cancelled.

STORAGE OF IRON, STEEL AND STEEL SCRAP SALVAGED FROM DEMOLISHED BUILDINGS IN LAHORE AFTER PARTITION.

***752. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that iron, steel and steel scrap salvaged from demolished buildings in Lahore after partition were stored in dumps under Government instructions;

---

†Kept in the Library.

(*b*) whether it is also a fact that Government entrusted the salvaged material to the custody and charge of the Chairman, Lahore Improvement Trust; and

(*c*) how was the salvaged material used or disposed of by Government?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha: (*a*) Hon'ble Custodian of Evacuee Property authorised the Lahore Improvement Trust to clear the debris of the demolished or partly demolished or dangerous houses of the City of Lahore and to sell the salvaged material. Such iron, steel and steel scrap was salvaged and sold from time to time;

(*b*) Hon'ble Custodian authorized the Lahore Improvement Trust to dispose of the salvaged material; and

(*c*) the salvaged material was either used by the Lahore Improvement Trust in construction of their quarters for rehabilitatio purposes or were sold to the public by auction or at fixed rates. The accounts of these transactions were submitted to the Hon'ble Custodian monthly.

ISSUE OF RENT DEMAND NOTICES, ETC., IN ENGLISH BY THE REHABILITATION OFFICE OF GUJRANWALA

***933. Mian Manzoor Hassan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that notices of rent demand, ejectment notices and rent receipts issued by the Rehabilitation office of Gujranwala are issued in the English language;

(*b*) whether it is a fact that the majority of the population is unacquainted with the English language, if so; what action the Government intend to take in the matter of notices mentioned in (*a*) above?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha: (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

The preparation of these notices and receipts in Urdu has been taken in hand. These will be issued to district offices in due course and used after the exhaustion of the previous supply of the notices or receipts.

PERMANENT REHABILITATION OF GOVERNMENT EMPLOYEES

***1052. Ch. Mehtab Khan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(*a*) whether the Government intend to rehabilitate permanently those Government officers and other Government employees who are now residing in Government quarters but who being refugees will be left without any accommodation when they retire or proceed on long leave;

(*b*) whether this matter is under the consideration of the Government; if so, when the arrangements for their permanent accommodation will be completed?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha: The question of allotment of residential accommodation to refugee Government servants is being considered and it is hoped that a decision will be taken before long.

چودھری محمد شفیع — کیا آنریبل وزیر بحالیات یہ بتلا سکتے ہیں کہ یہ مسئلہ کب سے زیر غور ہے؟

وزیر بحالیات — عرصہ سے زیر غور ہے ۔ اسکے لئے درخواستیں منگوائی جا چکی ہیں۔ دراصل بات یہ ہے کہ مکانات پہلے الاٹ ہو چکے ہیں اور اب ان کی عارضی مستقل الاٹمنٹ کی جا رہی ہے اور مکانوں کی قلت دور کرنے کے لئے نئی آبادیاں بھی تعمیر کی جا رہی ہیں۔

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر بحالیات کے علم میں یہ چیز ہے کہ جب کوئی سرکاری ملازم ایک جگہ سے تبدیل ہوتا ہے تو اسے فوری طور پر مکان سے نکال دیا جاتا ہے ؟

وزیر بحالیات — فوری طور پر نہیں نکالا جاتا ۔

چودھری مہتاب خاں — کیا وزیر مہاجرین یہ بتلا سکتے ہیں کہ یہ مسئلہ کس تاریخ تک حل ہو جائیگا ؟

وزیر بحالیات — جلدی حل ہو جائیگا ۔

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر بحالیات کو علم ہے کہ منٹگمری شہر کے اندر اب بھی چھ یا سات cases ایسے ہیں جن میں ڈی۔آرسی نے ان ملازمین کو طلب کیا ہے جو وہاں سے تبدیل ہو چکے ہیں اور کہا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو مکانوں سے نکال لیں ؟

وزیر بحالیات — مجھے علم نہیں ہے ۔ اگر آپ کو معلوم ہو تو تفصیلات مجھے بھجوا دیں ۔

خان عبدالستار خاں نیازی — کیا وزیر بحالیات بتلا سکتے ہیں کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ Indefinite period کے لئے اس مسئلہ کو معلق رکھنا اور اطلاع نہ دینا نقصان دہ ہے ؟

Mr. Speaker: Matter of opinion. Disallowed.

چودھری محمد شفیق — کیا وزیر متعلقہ یہ بتا سکتے ہیں کہ سرکاری ملازمین جہاں تبدیل ہو کر جاتے ہیں وہاں انکی رہائش کا انتظام کیا جاتا ہے یا نہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

TANNING INSTITUTE FOR GUJRANWALA

***907. Mian Manzoor Hassan:** Will the Hon'ble Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Government intend opening a tanning institute at Gujranwala ;

(*b*) whether it is a fact that since 1947, a Prin ipal for the proposed institution besides other subordinates have been appointed and they have been drawing the r salaries since then;

(c) whether any progress has been made to bring the institution into existence ?

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi :(a) Yes.

(b) No, the Principal, Accountant, Storekeeper and a peon were appointed with effect from 1st Ap il 1950. Pending the setting up of the Institute this staff is being employed on the general development of Tanning Industry in the Province.

(c) It has not been possible to obtain a suitable building for the Institute and its Boarding House so far. Efforts are being made to acquire such building for this Institute and the question of constructing a new building is also being considered.

چودھری محمد شفیق—کیا وزیر ترقیات بتا سکتے ہیں کہ جالندھر کے Tanning Institute کا مسلمان سٹاف جو یہاں آیا تھا اس سے کوئی استفادہ کیا گیا ہے یا نہیں ؟

Minister : I do not know about that.

SHORT NOTICE QUESTION

APPOINTMENT OF MRS. SATNAM MAHMOOD AS OFFICER ON SPECIAL DUTY IN THE OFFICE OF DEPUTY DIRECTOR, PUBLIC INSTRUCTION

***1094. Syed Shamim Hussain Qadri :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Mrs. Satnam Mahmood was appointed Officer on Special Duty in the office of the Deputy Director of Public Instruction, Punjab after a long break in her service;

(b) whether it is a fact that she is a Sikh and her children reside in India ;

(c) Whether it is a fact that she has been paid all the arrears of her pay despite the fact that she never worked for that period and had left service of her own accord?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (a)Yes, Mrs. Mahmud has been appointed to P.E.S. II, as a fresh entrant. She has been posted as Assistant Development Officer (Women) in the office of the Director of Public Instruction, Punjab, and not as Officer on Special Duty in the office of the Deputy Director of Public Instruction, Punjab.

(b) It is a fact that she was a Sikh lady and has married a Muslim. Her children are at present residing with her in Lahore and not in India.

(c) No.

Syed Shamim Hussain Qadri : What were the causes of the creation of this new post?

Mr. Speaker : That does not arise out of the answer given.

Syed Shamim Hussain Qadri : Was this post in existence before her appointment to this post?

Minister : She was a permanent P.E.S. Class II Officer in the Education Department and only for an absence of one or two days she was turned out of service. She had opted for Pakistan and had been making representations for a long time. We have not linked her service from that period, but in all justice, we were compelled to take her as a new extrant.

Syed Shamim Hussain Qadri : Is it a fact that she visits India every month ?

Mr. Speaker : Disallowed.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر تعلیم کو معلوم ہے کہ
س قسم کی عورتیں 5th columnist ثابت ہو رہی ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

PUNJAB SOIL RECLAMATION BILL.

Minister of Revenue : Sir, I beg to present the report of the Select Committee on the Punjab Soil Reclamation Bill.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move—

That the Punjab Soil Reclamation Bill as reported by the Select Committee be taken into consideration.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House will now proceed to consider the Bill clause by clause.

Hitherto I have been allowing members full latitude with regard to time because I thought that the matter of legislation is so important that members should get full opportunity of expressing their views. I have, however, noticed that that latitude has in several cases beer misused and, therefore, I propose to impose a time limit on the speeches. The mover of every amendment will have 15 minutes and the speech in support of the amendment, if any one wants to make, will be for 5 minutes. The hon'ble member replying to the amendment will be allowed 10 minutes.

Clause 2

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ے مسلم) — جناب والا ۔ شق نمبر ۲
کے تحت بغیر کسی وجہ کے کسی زمین کو سیم زدہ قرار دیا جا سکتا ہے
خواہ اسکی کیفیت کچھ ہی ہو۔ اسی سلسلے میں چونکہ محترم محمد افضل
صاحب نے ترمیم پیش کی ہے اسلئے اسکے پیش نظر میں اپنی ترمیم پیش
نہیں کرتا ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim) : Sir, I beg to move—

That in clause 2, sub-clause (*xxi*), the words "on the abovementioned grounds" be added at the end and the semicolon after the word "time" be deleted.

جناب والا ۔ جز ۲۲ کلاز نمبر ۴ جس میں سیم کی تعریف کی گئی
ہے کے الفاظ یہ ہیں۔

" Or the land remains constantly damp and where the context so permits 'sem' "sem land' or ' sem affected land' means any land or area affected by 'sem' or the land or area locally known for that reason as 'sem' and includes such land or areas as may by notification be declared as 'sem' from time to time".

یعنی سیم کے عام معروف معنوں میں اس کی تعریف کی گئی ہے ۔
سیم سے مراد زیر زمین پانی کی سطح بلند ہونے سے ہے حتیٰ کہ پانی زمین کی
سطح سے اوپر خارج ہونا شروع ہو یا مستقل طور پر زمین کو مرطوب بنا
دے۔ اس میں مزید ان الفاظ کا اضافہ کیا گیا ہے ۔

"And includes such land or areas as may by notification be declared as 'sem' from time to time".

اور سیم زدہ علاقے یا سیم کی تعریف میں وہ اراضیات اور ایسے وہ رقبہ جات بھی شامل ہیں جن کو گورنمنٹ سرکاری نوٹیفیکیشن کے ذریعہ سیم زدہ ہونے کا اعلان کر دے۔

جناب والا۔ اس معزز ایوان کو یاد ہوگا کہ اس سے پیشتر جب حکومت نے Damaged Areas Bill اس کے سامنے پیش کیا تھا تو اس میں یہ کہا گیا تھا کہ نقصان زدہ رقبہ وہ ہوگا جسے حکومت اپنی نوٹیفیکیشن کے ذریعہ نقصان زدہ قرار دے۔ میں سمجھتا ہوں۔ اس بل کی نسبت یہاں گورنمنٹ نے کچھ تھوڑی سی مہربانی فرمائی ہے کیونکہ سیم زدہ علاقے کے عام معروف تصور کو نظر انداز نہیں کیا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اس بل میں کچھ مبہم الفاظ شامل کر لئے ہیں تا کہ اسے ہر وقت ان اختیارات کو اپنی مرضی اور اپنے منشا کے مطابق استعمال کرنے میں کسی قسم کی دقت پیش نہ آئے۔ اس سلسلے میں جناب والا ۔ صحیح صورت تو یہ تھی کہ جس علاقے کو سیم ذدہ قرار دیا جانا ہو اور جن وجوہات اور خصوصیات کی بنا پر قرار دیا جانا ہو۔ ان کو وضاحت سے بیان کر دیا جاتا تا کہ وہ علاقے جو گورنمنٹ کی نوٹیفیکیشن کے ذریعے سیم زدہ قرار دئے جائیں۔ سیم زدہ متصور ہو سکیں۔ ان الفاظ سے یہ بھی گمان ہوتا ہے کہ ممکن ہے گورنمنٹ کے تصور میں بعض ایسے علاقے۔ رقبہ جات اور اراضیات بھی ہوں جو عرف عام کے علاوہ بھی سیم زدہ قرار دئے جائیں۔ خواہ وہاں پانی کی سطح بہت نیچی ہو اور پانی زمین سے خارج ہوتا نظر نہ آئے۔ خواہ وہ جگہ مرطوب ہونے کے برعکس بالکل خشک ہو۔ بہتر ہوتا کہ حکومت اس امر کی وضاحت کر دیتی کہ اس قسم کی خصوصیات اور اس قسم کے آثار کے پیش نظر ایسے رقبہ جات یا اراضیات جن کو حکومت سیم زدہ قرار دے وہ سیم زدہ تصور کئے جائیں۔ مگر ایسا نہ ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کی نظروں میں سیم زدہ علاقوں کی خصوصیات قطعی طور پر واضح اور صاف نہیں ہیں۔ بعض چیزیں ان کے ذہن کے کسی گوشے میں محفوظ اور مضمر ہیں جن کا اظہار حکومت نے کسی مصلحت کی بنا پر اس وقت مناسب نہ سمجھا ہو۔ مگر میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ اس قسم کے ابہام حکومت کے قانون کو ناقص اور سقیم بنا دیتے ہیں اور ان کی interpretation میں بڑی دقتیں پیش آتی ہیں۔ یہ ایک ایسی لچر definition ہے جو قانون کو ناقص اور مشکل بنا دیتی ہے۔ اس لئے قانون میں اس قسم کے flaws اور خامیاں نہ ہونے چاہیئیں۔ کیونکہ ان سے قانون کے نفاذ میں بھی دقتوں کا سامنا ہوتا ہے۔ لہذا میری گذارش ہے کہ حکومت کی مجوزہ definition

میں جو رقبہ جات شامل کئے جانے ھیں وہ اسی قسم کی اراضی تک ھی محدود ھونے چاھیئیں تھے ۔ اور ان کا ذکر وضاحت سے اس مسودہ قانون میں کیا جانا ضروری تھا ۔ میں سمجھتا ھوں کہ ایسا نہ کرنے کی صرف ایک ھی بڑی وجہ ھو سکتی ھے اور وہ اس حکومت کی آمرانہ ذھنیت ھے ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is.—

That in clause 2, sub-clause (xxii), the words, "on the abovementioned grounds" be added at the end and the semicolon after the word "time" be deleted.

وزیر مال (عزت مآب چودھری محمد حسین چٹھہ) — جناب والا ۔ اس مرحلے پر میں نہایت اختصار کے ساتھ اس امر کی وضاحت کر دوں کہ اس بل کا بنیادی تخیل آمرانہ نہیں بلکہ طبیبانہ ذھنیت کا اظہار کرتا ھے ۔ اس صوبے میں جیسا کہ اس ایوان کے معزز اراکین کو علم ھے سیم کی وجہ سے بہت سے علاقے ۔ اراضیات اور رقبہ جات خراب ھو گئے ھیں اور آئندہ اور زیادہ خراب ھونے کا اندیشہ ھے ۔ اس کا سد باب کرنے کیلئے زیر غور مسودہ قانون پیش کیا گیا ھے ۔ میں اس مرحلے پر یہ بھی عرض کر دوں کہ معزز ممبر نے اس کے بنیادی تخیل سے واقف نہ ھونے کی وجہ سے اسے وسعت دینے کی بجائے محدود کرنے کی کوشش کی ھے ۔ اس مسئلے کے پیش نظر ھماری حکومت ھو یا کوئی اور ۔ وہ بلا وجہ کسی قسم کے مصارف کی متحمل نہیں ھو سکتی ۔ میں ان کی تسلی کیلئے اتنا ضرور عرض کرونگا کہ ھم پہلے وہ رقبے بحال کرنے کی غرض سے لینگے جو فی الواقع سیم زدہ ھیں ۔ انہیں یہ بھولنا نہ چاھئے کہ سیم اور تھور والی اراضی کسی قلعہ میں محصور نہیں ھوتی ۔ اس کے ارد گرد کوئی فصیل نہیں ھوتی اور نہ ھی غیر متاثرہ اور متاثرہ اراضی کے درمیان کوئی حد فاصل ھوتی ھے ۔ اسلئے سیم زدگی کے تدارک اور سیم زدہ اراضی کی بحالی کے کام کیلئے یہ لازم ھے کہ ایک خاص علاقے کو سیم زدہ قرار دے دیا جائے اگرچہ اس میں بعض قطعات سر دست سیم سے متاثر نہ ھوئے ھوں مگر جو سیم کی زد میں آنا چاھتے ھوں ۔ سیم زدہ قطعہ اراضی کے ساتھ ملحقہ اراضی کا بچاؤ بھی حکومت پر فرض ھے اس اراضی کا تحفظ اور بچاؤ بھی حکومت کے فرائض میں داخل ھوگا ۔ کسی واضح حد فاصل کی عدم موجودگی میں عام عقل و شعور سے کام لینا پڑیگا ۔ اگر حزب الاختلاف کے دلائل کی سختی سے پیروی کی جائے اور سیم سے تباہ شدہ رقبے ھی کی اصلاح کا کام کیا جائے تو ایک طرف ھم ایسے رقبے کو بچاتے چلے جائینگے اور اسکے ساتھ ساتھ ملحقہ علاقوں میں سیم پھیلتی چلی جائے گی لہذا قرین دانش یہی ھوگا کہ سیم کی زد میں آئے ھوئے علاقے کے ساتھ ساتھ اس علاقے میں بھی حفاظتی تدابیر اختیار کی جائیں جس کو سیم زدگی کا خطرہ لاحق ھو ۔

میں سردست اس مختصر گذارش کو ہی کافی سمجھتا ہوں۔ اگر ضرورت ہوئی تو میں اپنی آخری جوابی تقریر میں اس مسئلے پر مزید روشنی ڈالنے کی کوشش کرونگا۔

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔ مجھے یقین ہے کہ آنریبل وزیر اعلیٰ اور وزیر مال میرے دلائل سنکر قائل ہو جائینگے کہ کسی علاقے کو محض سیم زدہ قرار دے دینا کافی نہیں ہوگا جبتک اس علاقے میں سیم زدگی کی جملہ خصوصیات نہ پائی جائیں۔ اگر کسی اراضی میں سے زیر زمین پانی خود بخود اوپر آ کر اراضی کو مرطوب کرنے لگ جائے اور اس علاقے کو حکومت سیم زدہ قرار دے دے تو اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا مگر سیم زدہ اراضی کی جو Definition اس بل میں دی گئی ہے اس میں محض حکومت کا اعلان کر دینا ہی اراضی کی سیم زدگی کیلئے کافی سمجھا گیا ہے مگر ہم چاہتے ہیں کہ وہ اعلان ان خصوصیات کی بنا پر ہی کیا جائے جو سیم اور تھور سے مختص ہیں۔ کسی چیز کی Definition کا واضح صاف اور غیر مبہم ہونا لازمی ہے کیونکہ اگر تعریف غلط ہو تو اسکے نتائج و عواقب بھی خطرناک طرز پر غلط ثابت ہوتے ہیں اسلئے ہم چاہتے ہیں کہ کلاز ۲ کی تحتی شق (۲۲) میں انگریزی الفاظ on the above mentioned grounds ضرور درج کئے جائیں۔ اس سے ہمارا مقصد یہی ہے کہ definition بالکل definite ہو اور اسکے معانی خاص طور پر متعین کر دیئے جائیں ورنہ حکومت کا یہ طبیبانہ نسخہ آمرانہ ضرب بنکر رہ جائیگا۔ اور ایک اچھے بھلے خطہ اراضی کو بھی محض بذریعہ اعلان سیم زدہ قرار دیکر زمینداروں سے چھینا جا سکتا ہے اگر حکومت واقعی کاشتکاروں کے کسی مرض کا طبیبانہ علاج کرنا چاہتی ہے تو پھر اسکو آمرانہ تصرف اور آمرانہ آزار دہی سے باز رہنا چاہئے۔ حکومت اپنی جیب سے تو ایک حبہ تک خرچ نہیں کرنا چاہتی بلکہ ایک ایک کوڑی غریب زمینداروں سے ہی وصول کرے گی اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ بعض آمریت پسند افسر خواہ مخواہ زمینداروں کی اراضی پر دست تصرف دراز نہ کریں۔ لہذا Defintion کو Definite کر لیجئے۔

جناب والا۔ میں ان الفاظ کے ساتھ معزز رکن چوہدری محمد افضل چیمہ کی پیش کردہ ترمیم کی تائید کرتا ہوں۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 2, sub-clause (xxii) the words "on the abovementioned grounds" be added at the end and the semicolon after the word "time" be deleted.

The motion was lost.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔ میں نے مندرجہ ذیل ترمیم کا نوٹس دیا ہوا تھا :—

That in clause 2, sub-clause (xxvi) for the words "and includes such land or area as may by notification be declared as 'thur' from time to time" the following be substituted :—

"In consequence of that be declared by a notification of the Government as 'thur' from time to time".

مگر جناب والا۔ یہ بھی اس قسم کی ترمیم ہے جس کا نوٹس چوہدری محمد افضل چیمہ نے دیا ہوا ہے اور چونکہ ان کی ترمیم موزوں تر الفاظ میں ہے اس لئے میں اپنی ترمیم پیش نہیں کرتا تا کہ وہ اپنی ترمیم پیش کر سکیں۔

چوہدری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم)

Sir, I beg to move—

That in clause 2, sub-clause (xxvi) the semicolon after the last word "time" be deleted and the words "in consequence thereof"; be added.

جناب والا۔ اس ترمیم کا مقصد صرف یہ ہے کہ حکومت کی تجویز کردہ تعریف جامع اور واضح ہو جائے اور اس میں کوئی ابہام باقی نہ رہے امید ہے ہمارے محترم وزیر مال اس کو قبول کر لینگے تا کہ سیم اور تھور سے صرف متاثرہ رقبے کو ہی زیر عمل لایا جائے۔

ہر چیز کا انسانی دماغ میں ایک بڑا واضح قسم کا تصور ہونا چاہئے اور اسکے پیش نظر ضروری خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے اسکی تعریف کر دی جانی چاہئے۔ آسوقت وزیر مال نے یہ فرمایا کہ ہو سکتا ہے کہ بعض رقبہ جات اور علاقہ جات ایسے ہوں جو شاید strictly سیم کی تعریف میں نہ آ سکیں۔ لیکن وہ سیم کے اثرات سے متاثر ہوں اور اسلئے بحالی کی سکیموں میں انکو حاصل کرنا ضروری اور لازمی ہو۔ جناب والا! مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ محترم وزیر مال ایک متاثرہ اور سیم زدہ علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں اور انکا ذاتی مشاہدہ اور تجربہ مجھ سے زیادہ ہے۔ لیکن میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ آخر زمین کی سطح کے نیچے جو پانی موجود ہے اسکی movement اس قسم کی کیسے ہو سکتی ہے کہ فوری طور پر ایک جگہ ایک بند قائم ہو سکے اور وہاں water-level زمین تک پہنچ جائے اور پانی زمین سے خارج ہونا شروع ہو جائے۔ بہرحال جو علاقے متاثرہ ہوتے ہیں وہاں بتدریج یہ عمل جاری رہتا ہے۔ اور اگر فرق ہو سکتا ہے تو پانی کی سطح میں چند انچوں کی کمی بیشی یا نشیب و فراز کا ہو سکتا ہے۔ آپ نے سیم کے معاملہ میں یہ فرمایا کہ ایسے رقبے جو مرطوب رہتے ہیں۔ اسی طرح سے میں سمجھتا ہوں کہ آپ ایسے رقبہ کو شامل کر سکتے ہیں جس میں اگرچہ بالکل واضح طرز پر زمین کی سطح

سے آپ پانی کو نہیں دیکھ سکتے لیکن وہ اثرات کی وجہ سے مرطوب رہتی ہے اس لئے میں انکی دلیل کا جواب انکے اپنے الفاظ میں دیتا ہوں کہ کوئی ایسی حد فاصل قائم نہیں ہو سکتی کہ اس جگہ پر سیم اور تھور کا اثر بالکل واضح ہے اور دکھائی دیتا ہے اور اسکے ساتھ ملحقہ علاقہ میں نہیں ہے ممکن ہے وہ اثرات اس قسم کے ہوں کہ ان کو معلوم کرنے کیلئے غیر معمولی تحقیق اور تجسس کی ضرورت ہو۔ تو پھر آپ آسانی کے ساتھ اس متاثرہ رقبہ کو جہاں آپ مرئی طور پر نہیں دیکھ سکتے لیکن اثرات موجود ہیں شامل کر سکتے ہیں جیسا کہ آپنے شامل کیا ہے۔ تو اسی طرح سے جہاں تک تھور کا تعلق ہے زمین کے نیچے اس قسم کے کیمیاوی نمک ہو سکتے ہیں جو زمین کی سطح پر نمودار نہ ہوں۔ جو آنکھوں سے نہ دیکھے جا سکیں آپ اسکو بھی تھور سے متاثر علاقہ قرار دے سکتے ہیں۔ جب کہ اسکی خصوصیات واضح ہیں۔ آثار واضح ہیں اسکے symptoms واضح ہیں اور پھر یہ movement ایسی نہیں ہے کہ ایک مقام پر حد فاصل قائم کر دی جائے کہ اس سے آگے علاقہ تھور سے محفوظ ہے۔ آپ ایسے علاقوں کو سیم زدہ اور تھور زدہ قرار دے سکتے ہیں۔ جن میں یہ خصوصیات پائی جاتی ہوں آخر اس ابہام کی کیا ضرورت ہے۔کیوں نہ تعریف واضح اور بین ہو جس سے غلط فہمی کا امکان پیدا نہ ہو۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 2 sub-clause (xxvi) the semicolon after the last word "time" be deleted and the words "in consequence thereof" be added.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 3 and 4

Mr. Speaker : The question is—

That Clauses 3 and 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 5

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I move—

That in clause 5, the fullstop after the word "notification" be deleted and the words "when there are reasonable grounds for doing so" be added at the end.

Minister of Revenue : I accept the amendment.

Mr. Speaker : The question is —

That in clause 5, the fullstop after the word "notification" be deleted and the words "when there are reasonable grounds for doing so" be added at the end.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 5, as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 6 to 15

Mr. Speaker : The question is—

That Clauses 6 to 15 both inclusive stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 16

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) —

Sir, I beg to move—

That in clause 16, the fullstop after the word "departments" be deleted and the words "and shall have a workshop of its own" be added at the end.

جناب والا ۔ کلاز ۱۶ کا اصل متن یہ ہے :—

"The Board shall be provided, subject to any rules that may be framed by the Government, if necessary, mechanical plants belonging to the various departments."

سیم زدہ اور تھور زدہ علاقوں کی بحالی کیلئے جو بورڈ قائم کیا جائیگا اسکو ان رولز اور قواعد و ضوابط کے ماتحت جو گورنمنٹ اس مقصد کیلئے وضع کرے گی اس قسم کے آلات جو دوسرے محکموں کی ملکیت ہونگے ضرورت ہونے پر دئے جائینگے ۔ اور انکے استعمال کی اجازت دی جائیگی ۔ جناب والا میں نے یہ محسوس کیا کہ یہ بورڈ ایک مستقل ادارہ ہوگا اور اسکے فرائض اس نوعیت کے ہونگے کہ اسے بے اندازہ مشینیں اور کئی قسم کے آلات مستقل طرز پر بحالی کے کام کیلئے اپنی تحویل میں رکھنے پڑینگے ۔ ممکن ہے اسکے علاوہ کسی اور موقع پر کسی جنرل کلاز میں اس بات کا اہتمام کر دیا گیا ہو جو میں نے نظر انداز کر دیا ہو ۔ لیکن میں نے اس خیال کے پیش نظر کہ شاید اسکا اہتمام نہیں کیا گیا یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اس مستقل ادارہ کی اپنی مستقل ورکشاپ ہونی ضروری ہے ۔ بجائے اسکے کہ دوسرے محکموں سے پلانٹ وغیرہ مستعار لے کر دئے جائیں ۔

یہ محکمہ بجائے خود اتنا اہم محکمہ ہے ۔ کہ اس کی بعض ضروری مشینری کافی تعداد میں موجود ہے ۔ ہر قسم کی مشینری لازماً اس کے قیام کے لئے غیر ممالک سے منگوانے کی ضرورت ہوگی اور اس کا اپنے پاس ہونا ضروری ہوگا ۔ چنانچہ اس خیال کے پیش نظر میں نے ان الفاظ کو شامل کرنے کی درخواست کی ہے ۔ جہاں آپ کو اس بات کا اہتمام کرنا ہے کہ دوسرے محکموں سے plants یا engines یا اس قسم کی مشینری اور دیگر آلات استعمال کرنے کے لئے حاصل کئے جائیں وہاں اس مشکل کے لئے ایک ورکشاپ ہونی چاہئے ۔ اس کا اہتمام کیوں نہ کیا جائے میں وزیر موصوف سے کہونگا کہ وہ اسے منظور فرمائیں تا کہ دوسرے محکموں کی خدمات کی ضرورت نہ رہے اس لئے ان الفاظ کا ہونا مناسب معلوم ہوتا ہے مگر چونکہ انہوں نے کسی اور محکمہ میں مشینری وغیرہ حاصل

کرنے کا اہتمام فرمایا ہے تو بجائے خود میں محسوس کرتا ہوں کہ پھر ترمیم غیر ضروری بن کر رہ جائے گی اور اگر وہ محسوس کرتے ہیں کہ یہ صحیح ہے تو اسے شامل کرلیں۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 16, the fullstop after the word "departments" be deleted and the words "and shall have a workshop of its own" be added at the end.

وزیر مال (آنریبل چودھری محمد حسین) — جناب والا یہ شق محض اس لئے پیش کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی کہ کسی محکمہ سے اگر عارضی طرز پر آلات حاصل کرنا مقصود ہو۔

Mr. Speaker : A bit louder please.

وزیر مال — جناب والا ۔ یہ شق محض ہنگامی ضروریات کو پورا کرنے کے پیش نظر رکھی گئی ہے تا کہ کسی محکمہ سے فوری طور پر آلات لئے جا سکیں۔ یہ ایک بہت بڑا کام ہے اور یہ تب ہی ہو سکتا ہے جب ہم ایک بہت بڑی ورکشاپ بنا لیں مگر فوری طور پر آلات وغیرہ عاریتاً کسی اور محکمہ سے حاصل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے اس لئے یہ شق رکھی گئی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں محسوس کرتا ہوں کہ وہ اپنی ترمیم واپس لے لیں گے ۔

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا ۔ وزیر مال صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ شق صرف اس لئے ہے کہ دوسرے محکموں سے ضروری آلات مشینری حاصل کئے جا سکیں۔ تو یہ ترمیم جو آنریبل چودھری محمد افضل چیمہ نے پیش کی ہے ۔ اس ترمیم سے بھی حصول آلات میں کوئی چیز حارج نہیں ہوتی ۔ بلکہ اس شق کے شامل کرنے سے گورنمنٹ کے قانون کے مطابق بورڈ کو جلد از جلد بہترین ورکشاپ قائم کرنی پڑے گی ۔ اور اس طرح وہ بڑی مستعدی سے کام کریگی ۔ قانون میں جب ایسی چیز موجود ہو تو بہتر ہوتی ہے ۔ اگر قانون میں ایسی چیز موجود نہ ہو تو تاخیر ہو جائیگی ۔ اگر ورکشاپ اپنی ہوگی تو ارد گرد سے مانگنے کی ضرورت نہ ہوگی ۔ اس لئے میں وزیر صاحب سے درخواست کرونگا کہ وہ اس ترمیم کو منظور کر لیں۔ جس میں فائدہ ہی فائدہ ہے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 16 the fullstop after the word "departments" be deleted and the words "and shall have a workshop of its own" be added at the end.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 16 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 17

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) —

Sir, I move—

That in clause 17, sub-clause (*ii*) the words "lease" and "or otherwise" be deleted and before the word "exchange" the word "or" be added.

جناب والا — سب سیکشن (۱۱) یہ ہے —

"The acquisition by purchase, lease, exchange or otherwise of such land or interest therein".

جناب والا ۔ یہ الفاظ مبہم ہیں یہ الفاظ ایسے ہیں جن سے کوئی افسر جس کی نیت میں فتور ہو نقصان پہنچا سکتا ہے اس آبادی کو جس کے ساتھ وہ اراضی نہ ہو یا جو آسے راضی کرنے کے لئے زحمت گوارا نہ کرے۔ یہاں یہ کیفیت موجود ہے ۔ جناب والا اگر یہ ترمیم منظور فرما لی جائے تو یہ شق اس طرح پڑھی جائے گی —

"The acquisition by purchase or exchange of such land or interest therein".

دوسرا طریقہ حکومت کے پاس purchase اور تبادلہ کا ہے ۔ اگر lease میں interest ہو تو اس شق کے interest کو یک جا کر دیں تو اس میں بہت ابہام پیدا ہوتا ہے اور اس سے ایسے دروازے کھل جائیں گے جن سے آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ نتیجہ یہ ہوگا کہ رشوت مقابلتاً بڑھ جائیگی ۔ اس کے آگے ترمیم نمبر ۹ ہے میں نے lease کے متعلق وضاحت کی ہے ۔ لیکن اس زمین کو صرف یہاں تک حکومت خرید سکے گی یا اسے exchange کر سکے گی ۔ کہ lease اس میں شامل کی جائے ۔ اس سے نقص ہی نقص پیدا ہونے کا اندیشہ ہے ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 17, sub-clause (*ii*) the words "lease" and "or otherwise" be deleted and before the word "exchange" the word "or" be added.

شیخ محمد سعید (پارلیمنٹری سیکرٹری) — اس ترمیم کے ذریعہ اس دفعہ کی جان نکال لینے کی کوشش کیگئی ہے lease کا ذکر زیادہ ضروری تھا ۔ دراصل ایک مالک زمین کو اپنی زمین سے محبت ہوتی ہے اور اگر گورنمنٹ کسی مجبوری کی بنا پر خرید کے ذریعہ acquire کرے تو اس سے مالک کو دکھ ہوتا ہے اس سلسلہ میں اس بات کی provision رکھنے کے لئے گورنمنٹ نے مناسب انتظام کیا کہ پٹہ یا ٹھیکہ پر وہ زمین لے لی جائیگی ۔ پھر گورنمنٹ ایسی زمین کو improve بھی کر سکتی ہے اس طرح کہ مالک کو کچھ نہ کچھ معاوضہ بھی پٹہ کا مل جائے اور وہ زمین کلیتاً حاصل بھی نہ کی جائے ۔ یہ اس لئے ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے ایسی زمین کی ترقی کی جائے اور پھر اس کی ترقی کا حقدار مالک بن سکے ۔ یہ ایسا proviso ہے ۔ جس سے مالک کو سہولت ہوگی اور اسے زیادہ آرام

ملیگا۔ چونکہ مالک کے مفاد کے پیش نظر یہ شق رکھی گئی ہے اس لئے میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں۔

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔ میرے دوست آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری شیخ محمد سعید صاحب نے lease کی جو تشریح فرمائی ہے اس سے یہ اندیشہ پیدا ہو جائے گا کہ یہ discretion یا اختیار کہ آیا کوئی زمین lease یا exchange یا خرید کے ذریعہ حاصل ہوگی۔ کسی زمیندار کو نہیں ہوگا۔ بلکہ acquire کرنے کے لئے یہ discretion یا اختیار صرف حکام کو حاصل ہوگا۔ اس سے زمیندار کو کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچے گا وہ یہ نہیں سوچ سکیگا کہ اس کو اپنی زمین کس طرح دینی چاہئے۔ اگر وہ State کے لئے یہ اختیار نہیں کرتے تو یہ بات محض غلط راہ پر لگانے کے لئے ہے۔ زمیندار کو یہ discretion کیوں نہیں دی جاتی۔ حالانکہ چاہئے تو یہ کہ جب تک مالک کی رضامندی نہ ہو کہ کس طریقہ پر حکومت لینا چاہتی ہے اس وقت تک زمین حاصل نہ کی جائے۔ اگر وہ اس ترمیم کو منظور کر لیں تو بہتر ہے کیونکہ اس ہاؤس کو غلط راہ پر لگانا ان کے شایان شان نہیں۔ کسی مسودہ کے متعلق اگر زیبائشی تقریریں کرنے لگیں۔ تو اس طرح ہاؤس کو صحیح راہ پر لگانے کی بجائے غلط راستہ پر لگائیں گے۔

جناب صدر میں عرض کرونگا کہ یہ ترمیم واپس لے لی جائیگی اگر حکومت اس چیز کی discretion مالک اراضی کو دے۔ کہ اس کی مرضی کے بغیر یہ فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔ یا اس کی اراضی exchange سے لی جائیگی۔ اب میں ہر بات واضح کر چکا ہوں اسے پھر دہرانے کی ضرورت نہیں۔

'or otherwise' کے کیا معنی ہیں۔ جو بل بھی آپ یہاں لاتے ہیں یا جہاں بھی کسی چیز کے حاصل کرنے کا تعلق ہوتا ہے اس میں اس قسم کی باتیں رکھی جاتی ہیں۔ پہلے تو آپ نے اس کلاز میں lease, purchase اور exchange لکھا اور اس کے ساتھ ہی آپ نے وہاں یہ بھی رکھ دیا or otherwise۔ یعنی جب اس طرح سے کام نہ چلے تو by force نکال دو۔ اس کا مطلب ہے کہ کسی طریق سے نکال دو۔ کسی طریق سے آپ کا کیا مطلب ہے اس کی آپ نے کوئی حد بندی نہیں کی۔ میری گذارش ہے کہ یہ طبیبانہ علاج نہیں۔ یہ تو آپ آمریت کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ or otherwise کو چھوڑو۔ آخر کس چیز پر آپ آمریت کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ یہی چیز اس وقت سب سے بڑی مصیبت۔ سب سے

بڑا عذاب اور سب سے بڑا خطرہ ہے جو پاکستان کی granar کو لاحق ہو رہا ہے۔ آپ نے لوگوں سے اراضیات لینی ہیں تو کسی باقاعدہ طریق سے لیں نہ کہ or otherwise کے من مانے جملہ کے ماتحت جس طرح چاہیں ہتیا لیں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی ایک بورڈ بنانے کے متعلق بھی شق ہے اور پھر اس کو بہت وسیع اختیارات دئے جا رہے ہیں جن کے متعلق میں آگے چل کر اپنی ایک ترمیم کے سلسلہ میں عرض کروں گا۔ بہرحال مجھے یقین ہے کہ کم از کم چٹھہ صاحب نے یہ بل پڑھا ہوگا۔ کوئی اور وزیر ہوتا تو میں کہہ دیتا کہ انہوں نے اسے پڑھا ہی نہیں مگر مجھے چٹھہ صاحب سے ضرور توقع ہے کہ انہوں نے اسے ضرور پڑھا ہوگا۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ or otherwise کی وہ کیا توضیح کرتے ہیں۔ یعنی جس طرح بھی چاہے لے لو۔ یہ کہاں کا قانون ہے کہ جس طرح چاہو لے لو۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 17, sub-clause (ii) the words "lease" and "or otherwise" be deleted and before the word "exchange" the word "or" be added.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I beg to move—

Mr. Speaker: Under Rule 102 the honourable member should ask for leave of the House to propose his new clause.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Would it amount to a new clause if he wants to add or remove a fullstop, or comma, or add some words.

Mr. Speaker : The honourable member has forgotten the ruling that I gave during the last session. I pointed out that if an honourable member wanted to add a proviso that means addition of a new clause. The mere fact that punctuation is changed makes no matter. It is a new clause. The honourable member is quite right in asking for the leave of the House to move his amendment.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX Muslim) : Sir, I beg to move.—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 17, sub-clause (ii) the fullstop at the end be replaced by a colon and the following proviso be added :—

" Provided that acquisition by exchange shall be given priority as far as possible unless the owner of the land chooses otherwise, regard being had to the market value of the land in the locality while assessing cash remuneration".

جناب والا۔ کلاز ۱۷ میں حکومت نے متاثرہ اراضیات کی اصلاح اور بحالی کے لئے ایک سکیم اور جامع قسم کے منصوبے کی تیاری کا اہتمام کیا ہے اور اس میں حکومت کو اپنے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جن امور کی انجام دہی کی ضرورت ہوگی ان سب چیزوں کا اہتمام اس کلاز ۱۷ میں کیا گیا ہے اس کی شق ۲ میں یہ لکھا گیا ہے کہ اس بات کا اہتمام بورڈ کرے گا کہ ایسی متاثرہ اراضیات یا علاقے کی زمین کا خریدنا یا پٹہ پر لینا یا تبادلہ کرنا وغیرہ وہ کرے یعنی ان چیزوں کے کرنے کا اسے اختیار ہوگا۔ جناب والا میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اگر حکومت

کو کوئی علاقہ یا کوئی رقبہ اس طرح سے حاصل کرنے کی ضرورت محسوس ہو یا وہ کسی سکیم کے اندر شامل کرنا پڑے تو ایسی حالت میں حکومت کو یہ چاہئے کہ حتی الامکان مالک اراضی کی خواہشات کا احترام کرے۔ جناب والا اکثر حالات میں مالکان اراضی کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کو زمین سے محروم نہ کیا جائے اور وہ اپنی اراضیات قیمتاً دینے کے لئے خوشی سے اور بطیب خاطر امادہ نہیں ہوتے اس لئے میری گذارش ہے کہ اگر کوئی رقبہ ناقص ہے یا کسی اصلاحی پروگرام کے ماتحت حکومت کو اس پر قبضہ کرنے کی ضرورت ہے تو اس کے عوض میں کوئی متبادل اراضیات جس پر وہ اپنا گذارہ کر سکے اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پال سکے مہیا کرنے کا انتظام کیا جائے۔ میں نے یہ درخواست کی ہے کہ جب حکومت کسی آدمی یا کسی مالک زمین سے اس منصوبہ کے سلسلہ میں زمین حاصل کرے تو وہ اس میں حتی الامکان مالک اراضی کی خواہشات کا احترام کرتے ہوئے متبادل اراضیات اس کو دے سکے تا کہ اس سے وہ اپنا گذارہ کر سکے۔ جو لوگ زمینوں سے تعلق رکھتے ہیں ان کو اس بات کا پورا پورا احساس ہے کہ یہ لوگ سالہا سال سے کچھ اس پیشے سے اس حد تک مانوس ہو چکے ہیں یا شاید اس وجہ سے کہ وہ کوئی اور کام کرنے کے اہل نہیں ہیں یا کوئی اور کار و بار کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور اور ان کی زندگی کا انحصار صرف اسی ایک پیشہ پر ہے۔ حتی الامکان وہ خوشی سے اپنی زمین کو چھوڑنے پر رضامند نہیں ہوتے۔ ان کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ ان کو نقد معاوضہ دینے کی بجائے آراضیات دی جائیں—جناب والا میری درخواست صرف یہ ہے کہ ایسے مالکان اراضی کی خواہشات کا احترام کرتے ہوئے ان کو اور اراضیات دی جائیں۔ ہاں اگر وہ بطیب خاطر متبادل اراضیات کی خواہش نہ کریں تو اس صورت میں جیسا حکومت مناسب سمجھے پٹے پر یا نقد معاوضہ ان کو دیکر یا کسی مناسب طریق سے وہ اراضیات حاصل کرے۔

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 17 sub-clause (ii) the fullstop at the end be replaced by a colon and the following proviso be added :—

"Provided that acquisition by exchange shall be given priority as far as possible unless the owner of the land chooses otherwise, regard being had to the market value of the land in the locality while assessing cash remuneration".

The motion was lost.

میاں عبدالباری — جناب صدر۔ میری یہ ترمیم نمبر ۹ پہلی ترمیم کے ساتھ ہی مفید ثابت ہو سکتی تھی۔ چونکہ میری پہلی ترمیم منظور نہیں فرمائی گئی اسلئے میں ہاؤس کی اجازت چاہتا ہوں کہ اسے پیش نہ کروں۔

Mr. Speaker The question is—

That sub-clauses (i), (ii) and (iii) of clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Sub-clauses (*iv*) and (*v*) of Clause 17.

میاں عبدالباری — جناب صدر۔ کلاز ۱۷ کی سب کلاز چار اور پانچ ایسی ہیں جو اس بل کو طبیبانہ نہیں رہنے دیتیں بلکہ آمرانہ بنا دیتی ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ان میں جن چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے انکا سیم اور تھور سے دور کا بھی تعلق نہیں۔ میں حیران ہوں کہ ایسی چیزوں کو اس بل میں شامل کرنے کا مقصد کیا ہے۔ کیا سیم اور تھور کا نام ۔ صرف نام ہی کافی ہے۔ اس کیفیت کی موجودگی بھی ضروری نہیں۔ اگر حکومت صرف یہ کہہ دینے سے کہ یہ زمین تھور زدہ ہے اس پر یہ تمام اختیارات برت سکتی ہے تو پھر اس بل کی کیا ضرورت تھی۔ پھر تو سارے پنجاب کے دیہات کی زمین انکے قبضہ میں آگئی۔ جس زمین کے متعلق آنریبل وزیر مال کی رائے عالی ہو کہ وہ علاقہ تھور زدہ ہے وہاں یہ اختیارات عائد ہوگئے۔ اس سکیم کیلئے دو شرطیں رکھی گئی ہیں۔

"The relaying of any land comprised in the scheme and reservation of any part thereof not exceeding one fifth of the total area for the common purposes of the village or villages comprised totally or partially in the scheme, and the redistribution of the rest of the land among the owners of the property comprised in the scheme".

یعنی گورنمنٹ کا ساری کیفیت کو نئے سرے سے تیار کرنا اور پانچواں حصہ مشترکہ کاموں کیلئے مخصوص کرنا۔ اس سے اگلی شق میں ہے —

"The layout and construction of villages including the demolition of the existing buildings.".

پھر مالکان اراضی میں باقیماندہ حصہ کو دوبارہ تقسیم کرنا ہے انکے افسران مجاز وہاں جا کر یہ کہیں گے کہ یہ پانچواں حصہ مشترکہ کاموں کیلئے ہے اور پھر **layout** کرینگے ۔ چاہے مکان گرا دیں ۔ چاہے کچھ گرا دیں۔ اسے کیا واسطہ ہے reclamation سے۔

پھر جناب والا۔ محکمہ اس کام کیلئے ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کریگا۔ اس کام کیلئے اس علاقہ پر ہی فیس لگا دی جائیگی۔ جتنی فیس وہ چاہینگے لگائینگے اور جس طریق سے چاہینگے اسے وصول کرینگے۔ پھر وہ جسے چاہینگے اس علاقہ سے نکال دینگے اور جسے چاہینگے وہاں رہنے

دینگے۔ انہیں اختیار ہوگا۔کیا اس غرض کیلئے حکومت کے افسروں کو یہ اختیارات دینا ضروری ہے؟ اس سے رشوت زیادہ ہوگی اور انتہائی تباہی اور بربادی آئیگی۔ میں آنریبل وزیر مال کی خدمت میں قسم کھا کر عرض کرتا ہوں۔ انہیں مجھ پر اتنا تو یقین ہوگا کہ میں جھوٹی قسم نہیں کھاتا۔ کہ اگر وہ ان باتوں کے حق میں کوئی معقول دلائل بیان فرما دیں کہ reclamation کے کام کیلئے یہ ضروری ہے کہ حکومت کے افسروں کو یہ اختیارات دئے جائیں کہ وہ جس مکان کو چاہیں گرا دیں اور جسکو چاہیں تباہ کر دیں اور اسکی ملکیت میں ادل بدل کر دیں۔ پانچواں حصہ مشترکہ کاموں کیلئے مخصوص کر دیں اور باقیماندہ اراضی کو از سر نو تقسیم کر دیں۔ تو میں اپنی ترمیم واپس لے لونگا۔ اگر نہیں تو پھر میں نے اپنا فرض ادا کر دیا ہے کہ وہ اس طریق سے صوبہ پنجاب کے اندر تباہی اور بربادی لا رہے ہیں۔

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا۔ یہ بل ہماری حکومت کے تعمیری پروگرام کی طرف پہلا قدم ہے اور میں اسکے لئے آنریبل وزیر مال کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اسکے بعد میں انکی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ وہ یہ نہ سمجھیں کہ اگر اس بل کے اندر کوئی خامی ہو تو اسے اس ایوان کے اندر تسلیم کر لینا ایک گناہ کبیرہ ہے۔ ان دو کلازوں کے ذریعہ وہ اس بل کی سکیم سے باہر جانے کی کوشش کر رہے ہیں اور اس اچھے اقدام کو خواہ مخواہ مشکوک بنا رہے ہیں۔ میں انکے سامنے وہ دفعہ پڑھ دیتا ہوں جسکے ماتحت یہ سارے اختیارات حاصل کئے جا رہے ہیں—

"The Board may on its own motion or on the application of any owner or any person interested in land withi a local area frame or require a department to frame, a scheme for reclamation of the local area or part thereof."

یہ وہ مقصد ہے جسکے لئے یہ تمام کلازیں لائی جا رہی ہیں۔

میں آنریبل وزیر مال سے عرض کرونگا کہ اگر ان دو کلازوں کو (جن کے متعلق میاں صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ انہیں حذف کیا جائے) وہ پڑھیں تو انہیں یہ ظاہر ہوگا کہ جنکی زمینوں کو بحال کرنے کے لئے یہ قانون بنایا جا رہا ہے۔ اس کو بحال کرنے کے بعد پھر اس میں سے وہ lion's share لینا چاہتے ہیں۔ ہمارے دلوں میں یہ وسوسہ پیدا ہو رہا ہے کہ اگر اس بورڈ کو اتنے وسیع اختیارات دے دیئے گئے تو وہ بورڈ ان اختیارات کو سیاسی مصلحتوں کے لئے استعمال کریگا۔ اور زمین کی تقسیم کے وقت وہ بورڈ اپنی من مانی کارروائی کریگا۔ پھر Model Village بنانے

کے لئے اچھے بھلے مکانوں کو گرا دیا جائیگا۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ آپ ان دو کلازوں کو پڑھنے کے بعد دیکھیں کہ آیا انکا Soil Reclamation کے ساتھ کوئی تعلق ہے بھی یا نہیں۔

وزیر بحالیات (عزت مآب شیخ فضل الہی پراچہ) — حضور والا۔ میرے خیال میں ان کلازوں کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ ان میں بورڈ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کسی سیم زدہ رقبہ کو درست کرنے کے لئے سکیم مرتب کرے۔ اور اگر وہ تباہ شدہ رقبہ اتنا بڑا ہو کہ اس میں دو گاؤں یا تین گاؤں آتے ہوں اور وہ بے آباد ہوں تو اس صورت میں اسے اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ان معاملات پر بھی غور کر لے۔ اور اس رقبہ کی consolidation کر کے گاؤں کو نئی شکل دینے کے متعلق بھی تجاویز دے۔ اور باقی دیگر ضروریات کے لئے بھی مثلاً قبرستان وغیرہ کے لئے رقبہ علیحدہ کر دے۔ مگر یہ وسیع رقبہ کے لئے ہے۔ ہر سیم زدہ علاقے کے لئے نہیں ہے۔ میرے خیال میں ان کی غلط فہمی دور ہوگئی ہوگی اور انہیں اب اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clauses (*iv*) and (*v*) of clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (vi) of clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. I would refer you to Rule 71. It says :—

"Provided that nothing in this paragraph shall be deemed to give any right of reply on an amendment except in the case of amendments proposed to bills and in the case of motions relating to supplies".

The amendment was proposed.

Mr. Speaker: It was not.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Your honour allowed him to oppose.

Mr. Speaker: I have decided in this House that an amendment to the effect that certain clause be deleted, according to Parliamentary Practice, amounts to opposition and the honourable member proposing such an amendment can only be allowed to oppose the original motion and not to propose deletion.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — میں ترمیم پیش کرتا ہوں۔

جناب والا۔ میری ترمیم یہ ہے۔

That in clause 17, sub-clause (*vii*), the following words be deleted :—
"the cost being recoverable from the owner in the latter case if considered justified by the Board".

جناب والا ۔ سارا ضمن صاف پڑھنے کی ضرورت ہے تا کہ اس ترمیم کی کچھ وضاحت کر سکوں ۔ وہ ضمن یہ ہے —

"The breaking up, cultivation, afforestation or plantation of lands, and the raising, lowering or reclamation of any land for the production of foodgrains fruit, vegetables, fuel, fodder and the like and the provision of means of irrigation and irrigation channels by the Board or by the owners and the Board in default of owners, the cost being recoverable by the owners in the latter case, if considered justified by the Board".

یعنی زمین کی کاشت کرنا ۔ اس پر درخت لگانا ۔ اسکی سطح کو اونچا یا نیچا کرنا تا کہ اس میں غلہ پیدا کیا جا سکے ۔ پھل پیدا کیا جا سکے ۔ سبزیاں پیدا کی جا سکیں چارہ پیدا کیا جا سکے ۔

"and the provision of means of irrigation".

اور آبپاشی کے ذرائع کا وہاں تعمیر کرنا ۔ یعنی نہریں کھودنا اور نہروں کا بنانا جنہیں یا تو مالکان اراضی بنائینگے اور اگر وہ نہیں بنائے تو پھر انہیں بورڈ بنائیگا ۔

"the cost being recoverable from the owners.....".

مالکان اراضی سے سارے کاموں کے لئے اس کا خرچ وصول کر لیا جائیگا ۔ یہ ہیں ہماری گورنمنٹ کے مصارف جو ہمارے آنریبل وزیر مال صاحب نے فرمایا تھا کہ ہمیں اسپر مصارف برداشت کرنے پڑینگے ۔ اور پھر یہ ہے کہ اگر بورڈ اس چیز کو مناسب سمجھے اسکے معنی ہیں وہ خود ہی جج ہوگا ۔ خود ہی قاتل ۔ خود طبیب ۔ خود ہی زہر دینے والے اور خود ہی معالج ۔ اور وہی بورڈ اس بات کا فیصلہ کریگا کہ کس مالک اراضی سے یہ وصول کرے اور کس سے نہ کرے ۔

جس وقت ٹیکس لگانے کا وقت آتا ہے تو کہتے ہیں بہت سی سکیموں پر عمل کرنا ہے اور پاکستان کو گلزار بنانا ہے اسلئے ٹیکس لگا رہے ہیں ۔ اور جب کوئی ترقی کا مسئلہ آتا ہے تو پھر بھی عوام سے روپیہ کی وصولی کے تمام پہلو قانون میں رکھ لیتے ہیں ۔ ترقی کی سکیمیں محض بہانہ بنائی جاتی ہیں ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ عوام سے کوئی چیز وصول نہ کی جائے بلکہ حکومت اپنی سکیموں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے خود تمام اخراجات برداشت کرے ۔ میں تو انگریز کی ذہنیت سے آپکو نجات دلانا چاہتا ہوں ۔ جس طرح اس نے ملک کو چوسا تھا اسطرح آپ بھی عوام کا خون چوس رہے ہیں ۔ میں اپنا فریضہ ادا کر رہا ہوں ۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ میری اس ترمیم کو منظور کر لیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in Clause 17, sub-clause (*viii*), the following words be deleted :—
"the cost being recoverable from the owner in the latter case, if considered justified by the Board".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*vii*) of Clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clauses (*viii*) and (*ix*) of Clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر۔ میں نے ترمیم پیش کی ہے کہ کلاز نمبر ۱۷ کی سب کلاز ۱۰ کو حذف کر دیا جائے۔

میرے فاضل دوست نے جنہیں ایڈمنسٹریشن کا بہت تجربہ ہے فرمایا تھا کہ ہم ہر جگہ تو نہیں البتہ کہیں کہیں جہاں موزوں سمجھینگے یہ فارم بنائینگے۔ میں جناب کی وساطت سے مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بہت اہم بل ہے لیکن حزب حکومت کی طرف سے کوئی اسپر غور فرمانے کیلئے تیار نہیں بلکہ وہ اسے آمریت کا بدترین کلہاڑا بنانا چاہتے ہیں۔ آپ کسی ایکسپرٹ سے پوچھ لیں وہ آپکو یہی بتائے گا کہ سیم کے ساتھ ان فارموں کا کوئی تعلق نہیں۔ ماہی گاہوں۔ مرغی خانوں۔ مویشیوں کے فارموں۔ ڈیری فارموں۔ بھیڑوں کے فارموں۔ شہد کی مکھی کے فارموں اور ریشم کے کیڑوں کی پرورش کے فارموں کی سیم کے ساتھ کیا وابستگی ہے۔ یہ سب چیزیں انکو کس طبیب نے بتائی ہیں۔ یہ بورڈ کسی علاقے کو لوکل ایریا قرار دیکر وہاں کے زمینداروں کو نکل جانے کا حکم دیدے اور پھر جسکو چاہے وہ علاقہ تفویض کر دے۔ یہ ایک بدترین آمرانہ حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ کلاز نمبر ۱۷ کی کلاز ۱۰ کو حذف کر دیا جائے۔

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*x*) of Clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*xi*) of clause 17 stand part of the Bill.

The motion was Carried

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر۔ میں کلاز ۱۷ کی سب کلاز ۱۲ کی مخالفت اسلئے کرتا ہوں کہ اسکا بھی سیم کے ساتھ قطعی طور پر کوئی تعلق نہیں۔ میری صرف یہ عرض ہے کہ اس ایکٹ کے تحت آپ بورڈ کو ایسے اختیارات دے رہے ہیں جو آجتک اس ملک میں تو کم از کم کسی ادارے کو نہیں دیئے گئے تھے۔

میری یہ گذارش ہے کہ اس بورڈ کو اراضیات کے متعلق۔ ملکیت کے متعلق اور دیگر امور کے متعلق اتنے وسیع اختیارات دئے گئے ہیں جو

آج تک کسی نے حاصل کرنے کی کوشش نہ کی تھی۔ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ آپ اس مسودہ قانون میں ایسی شقیں شامل نہ کریں جن کو سیم سے دور کا بھی واسطہ نہ ہو۔ یہ وہی لہریں گننے والا معاملہ معلوم ہوتا ہے۔ جس طرح اس بادشاہ نے ایک شخص کو مخلوق خدا کو تنگ کرنے کیلئے بہانہ ڈھونڈ کر دریا پر لہریں گننے کیلئے بھیج دیا تھا یہ بھی کچھ ویسا ہی اقدام معلوم ہوتا ہے۔ یہ ضمن میں آپ کے سامنے پڑھتا ہوں۔

"The doing of all acts intended to promote the health, well being and prosperity of the residents of a local area, including the soil conservation and preservation from injury or pollution of rivers and other sources and means of water supply".

ان الفاظ کو بغور پڑھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان میں بھی وہی آمریت موجود ہے جو اس بل کا خاصہ ہے۔ خدا کیلئے اس کو بھی دیکھیئے۔ میرا دعوے ہے کہ آج تک کسی آمر نے بھی خواہ وہ کتنا ہی ظالم اور جابر کیوں نہ ہو ایسا آمرانہ۔ متشددانہ اور ظالمانہ قانون نہیں بنایا جیسا کہ آپ ان الفاظ کی اوٹ میں بنا رہے ہیں۔ آپ کا مقصد و مدعا یہی معلوم ہوتا ہے کہ خوبصورت الفاظ کا جامہ پہنا کر اپنی آمریت قائم رکھنے کیلئے اس قسم کے قانون منظور کرائیں اور ان پر عملدرآمد کرائیں۔ مگر میں ایک چیز کی وضاحت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ وہ یہ کہ چٹھہ صاحب آنریبل وزیر مال کی طرح میں بھی ان بد قسمت اشخاص میں سے ہوں جن کے علاقے اور رقبے سارے کے سارے سیم خوردہ ہیں اور وہاں پر جو مکانات ہیں ان کی مرمت تین مہینے تک بھی کافی نہیں ہوتی۔ اس مسودہ قانون کی غیر متعلقہ شقوں کو پڑھنے کے بعد میں نے محسوس کیا کہ یہ تو لوگوں کو تنگ کرنے کے بہانے تجویز کئے جا رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ آنریبل وزیر مال صاحب نے اسے بغور نہیں پڑھا۔ اگر پڑھا ہوتا تو سیم کو دور کرنے کے متعلق وہ تجاویز جو دراصل مخلوق خدا کو تنگ کرنے کے بہانے ہیں اس طرح اس بل میں موجود نہ ہوتیں۔ پھر اس کے آخر میں ایک عجیب لطیفہ ہے۔

"The soil conservation and preservation from injury or pollution of rivers and other sources and means of water supply."

لہریں گننے والا قصہ تو میں پہلے ہی بیان کر چکا ہوں۔ اب

"pollution of rivers and other sources and means of water supply."

بھلا ان کو سیم سے کیا تعلق۔ میں کہتا ہوں کہ اس ایکٹ میں سے وہ سب چیزیں جو سیم سے متعلق نہیں ہیں۔ خارج کر دینی چاہیئیں۔

"The doing of all acts intended to promote the health, well being and prosperity of the residents of a local area".

کو سیم سے قطعی طور پر کوئی تعلق نہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ سیم کو دور کرنے کیلئے مناسب ذرائع مہیا کر کے اس سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں اور مخلوق خدا کو فارغ البال کرائیں۔ خدا را ان چیزوں اور تراکیب سے اس جماعت کے نام پر جس پر آپ بڑا ناز کرتے ہیں خواہ مخواہ بہانے بنا کر مصیبت زدہ لوگوں پر آمریت کا کلہاڑا نہ چلائیے۔

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*xii*) of clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 17 sub-clause (*xiii*) the full-stop at the end be replaced by a colon and the following proviso be added :—

"provided that no interest shall be charged on such advances or loans."

جناب والا۔ کلاز نمبر ۱۷ کے جز ۱۳ میں اس امر کا اہتمام کیا گیا ہے کہ حکومت اس بورڈ کے ذریعہ ان مالکان اراضی کو جن کے رقبہ جات اور اراضیات بحالی کی سکیم میں شامل کئے جائینگے کچھ پیشگی رقوم بطور قرضہ طے شدہ اصولوں اور قواعد کے مطابق دیگی۔ یہ تو بجائے خود ایک بڑا کار خیر ہے اور واقعی یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ ایسے تعمیری اور اصلاحی معاملات میں اپنی محتاج رعایا اور ضرورت مند لوگوں کی امداد کرے۔ چنانچہ یہاں لکھا ہے۔ کہ

"upon such terms and conditions as may be prescribed under the scheme"

یعنی اس سکیم میں طے شدہ ضروری شرائط اور کوائف کو ملحوظ رکھتے ہوئے کچھ رقوم بطور پیشگی اور قرضہ جات ان لوگوں کو دی جائینگی جن کی اراضیات ان سکیموں میں شامل کی جائینگی۔ جہانتک اس سے پیشتر ہمیں حکومت کی شرائط اور اس نوعیت کے قوانین کا علم ہے۔ ان سے یہ بات صاف طور پر عیاں ہے کہ حکومت کی شرائط اپنی رعایا کو قرضہ جات اور advances دینے کے متعلق یہی ہوا کرتی ہیں کہ وہ یہ رقوم اپنی رعایا کو سود کے بغیر کبھی نہیں دیا کرتی۔ چنانچہ اسی بات کا یہاں پر بھی قوی احتمال ہے۔ بلکہ بہت حد تک یہ بات وثوق اور یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ حکومت پیشگی کی یہ متعدد رقوم جو بطور قرضہ جات ضرورت مند لوگوں کو دیگی وہ لازماً اور یقیناً کسی شرح سود پر دیگی۔ بلکہ جہانتک مجھے یاد ہے۔ اس قانون کے اندر ایک اور مقام پر سود کا لفظ بھی استعمال کیا گیا ہے جو اس گمان کو یقین میں بدل دیتا

ہے ۔ چنانچہ خود سود کا ذکر کلاز ۲۸ کے جز (جے) میں موجود ہے ۔ جس کے الفاظ یہ ہیں ۔۔

"advance money either by way of grant or by way of loan, or partly in one way and partly in the other to any person for the purpose of furthering any of the objects of this Act on such terms and conditions as to recovery of interest and subject to such terms and conditions as may be prescribed by the Government."

جناب والا ۔ یہاں اب اس بات میں کوئی شک و شبہ باقی نہیں رہ جاتا کہ حکومت کی پیشکردہ شرائط یقیناً سود پر مبنی ہونگی۔ اور حکومت یقیناً ضرورت مند لوگوں سے سود وصول کریگی ۔ جہانتک حرمت ربوا کا تعلق ہے ۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں ذرہ بھر شک و شبہ نہیں ہو سکتا ۔ (ایک معزز ممبر ۔ یہ حرام ہے) زیر بحث کلاز میں اگرچہ سود کا ذکر نہیں کیا گیا تا ہم میں نے گمان کا اظہار کیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ حکومت کسی قسم کی شرائط پیش کریگی ۔ لہذا میں نے احتیاط سے کام لیتے ہوئے ان شرائط پر پابندی عائد کرنے کیلئے یہ ترمیم پیش کی ہے ، تا کہ ان مزارعان ۔ مالکان اور قابضان کو جن کی اراضیات اس سکیم میں شامل کی جائینگی ایسی شرائط پر رقوم بطور قرضہ دی جائیں جن پر انہیں سود ادا نہ کرنا پڑے اور جن سے سود کی ادائیگی کا مضائقہ نہ ہو ۔ میں نے یہ proviso جس کا مفہوم یہ ہے کہ ایسی رقوم پر کوئی سود وصول نہ کیا جائے محض اسی مقصد کیلئے پیش کی ہے ۔ اس کے علاوہ اور کوئی مقصد و مدعا نہیں ۔

جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک سود کی وصولی کا تعلق ہے اگرچہ ہماری حکومت مجبور ہے کہ ساری دنیا سے الگ تھلگ ہو کر ایک نئی fiscal policy evolve کرے اور جبتک ایسا نہیں ہو سکتا وہ سود کو بین الاقوامی معاملات میں چھوڑ نہیں سکتی مگر افسوس ہے کہ اپنی غریب اور محتاج رعایا کو قرض دیتے وقت بھی یہ ان سے سود وصول کرتے ہیں۔ مثلاً جس بد نصیب کسان کی زمین سیم اور تھور کی زد میں آ جائے گی اسکی زمین کی اصلاح کیلئے حکومت جو کچھ کریگی اسکو مع سود کسان سے وصول کر لے گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے غریب کی امداد نہیں ہوگی بلکہ اس کا خون بھی چوس لیا جائیگا اور اسکی غریبی سے ناجائز فائدہ اٹھایا جائیگا اسلئے میں چاہتا ہوں کہ زمین کے بدلے میں زمین دی جائے اور روپے کے لین دین میں سود نہ لیا جائے جو اسلام میں حرام ہے ہر مسلمان کو شریعت کا پاس لازمی ہے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the following—

That in Clause 17, Sub-clause (*xiii*) the fullstop at the end be replaced by a colon and the following proviso be addded :—

"provided that no interest shall be charged on such advances or loans."

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*xiii*) of clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clauses (*xiv*) to (*xix*) of clause 17, both inclusive stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mian Abdul Bari : Sir, I move—

That in clause 17 sub-clause (*xx*), the following words be deleted :—

"Notwithstanding anything contained in the Canal and Drainage Act, VIII of 1873".

جناب والا ۔ یہ ترمیم بھی اس چیز کا ثبوت بہم پہنچاتی ہے کہ جو قوانین گورنمنٹ یکے بعد دیگرے پیش کر رہی ہے وہ عوام کو حکومت کے پنجہ میں گرفتار کر رہے ہیں اور مختلف شکنجوں میں کس رہے ہیں۔ جن قوانین کو انگریز اپنے عہد حکومت میں پیش کرنے سے گریز کرتے رہے اور جن قوانین کو غیر ملکی اور اجنبی حکومت بھی ظالمانہ اور متشددانہ سمجھتی تھی ان کو ہماری رحمدل اور ہمدرد وزارت نافذ کر رہی ہے۔ آنریبل وزیر مال کو اس چیز کا علم ہے کہ جو حضرات ان کی پشت پر بیٹھے ہوئے ہیں.....

(Proceedings were stopped for 2 minutes as there was no quorum)

میاں عبد الباری — جناب والا ۔ Canal and Drainage Act ۱۰ ریزوں کی یادگار ہے جس میں انہوں نے کاشتکاروں اور زمینداروں کو اپنے شکنجے میں کسنے کی کوشش کی تھی۔ آنریبل وزیر مال کو اس چیز کا اچھی طرح علم ہے کیونکہ وہ اس علاقے کے رہنے والے ہیں جہاں سیم اور تھور زوروں پر ہے اور جو ایک نہری علاقہ ہے۔ یہ عاجز بھی نہری علاقے کا باشندہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایکٹ انہار افسران انہار کو آمرانہ اختیارات دیتا ہے جنکے مقابلے میں غریب زمینداروں کی کوئی شنوائی نہیں ہوتی ۔ اب آنریبل وزیر مال ان اختیارات کو وسیع کر رہے ہیں اس شق میں میں خاص کر

(*a*) The improvement, alteration, extension or curtailment of any water-course ;

(*b*) the amalgamation or separation of any irrigation chak ;

(*c*) the transfer of any area from one source of irrigation to another ;

(*d*) the temporary increase or decrease of water allowance to any area or total curtailment of water-supply.

(*e*) the alteration, amendment or cancellation of any order already in force regarding the distribution of water on any watercourse or the mutual rights or liabilities in respect of the use, construction or maintenance of a watercourse or the issue of a fresh order superseding any existing order or mutual agreement;

(*f*) the prohibition of growing of any crops, or laying down any specific crop rotation;

(*g*) the application of any type and quantity of manuring whether green, artificial or farm yard; and

(*h*) the construction of any field drains and drainage works.

"Notwithstanding anything contained in the Canal and Drainage Act, VIII of 1873".

اس قسم کے تمام کاموں کے سلسلے میں افسران نہر زمینداروں کے ساتھ اکثر ظلم کرتے رہتے ہیں اور موجودہ وزارت ان زیادتیوں کے راستے سے وہ معمولی رکاوٹیں بھی ہٹا کر دور کر دینا چاہتی ہے جو ایکٹ انہار میں زمینداروں کیلئے بطور رعایات درج ہیں۔ اب ظلم کا راستہ بالکل صاف کیا جا رہا ہے۔ تا کہ آپ ہر کام کر سکیں۔ لیکن اس کینال اینڈ ڈرینیج ایکٹ میں جو تھوڑے بہت حقوق عوام کو دیئے گئے ہیں کہ انکا پانی چلتا رہیگا اور جب انکی فصل خراب ہوئی تو انکو ہرجانہ لینے کا حق ہوگا۔ ان حقوق کو آپ کیوں تلف کرتے ہیں انکو ضائع کیوں کرتے ہیں۔ اس آمریت کی بھی کوئی حد ہونی چاہئے۔ جنہوں نے یہ ایکٹ بنایا وہ تو غیر تھے لیکن اگر آپ اپنے بھائیوں کے ساتھ یہ سلوک کرینگے تو وہ اسے کبھی برداشت نہیں کرینگے خواہ آپ سیم چھوڑ خدا کے نام پر بھی کریں۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 17, sub-clause (*xx*), the following words be deleted :—

"Notwithstanding anything contained in the Canal and Drainage Act, VIII of 1873".

The motion was lost.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) —

Sir, I beg to move—

That in clause 17, sub-clause (*xx*) (*f*) the semi-colon after the last word "rotation" be deleted and the words "in consultation with the Agricultural Department" be added.

جناب والا۔ اس کلاز میں درج ہے کہ بورڈ ایسے اقدام کریگا جن کے ذریعہ سے اس امر کا فیصلہ کیا جائے کہ کسی خاص رقبہ میں ایسے متاثرہ علاقہ میں جو سکیم میں شامل کر لیا جائے اس میں کون کونسی فصلات کاشت کی جائینگی اور انکا طریق کاشت کیا ہوگا۔ اور پھر انکی کاشت کی ترتیب کیا ہوگی۔

"The prohibition of growing any crops or laying down any specific crop rotation".

یعنی متاثرہ علاقہ میں خاص فصلات کی کاشت کی ممانعت کر دی جائیگی اور خاص فصلات کی کاشت لازمی قرار دی جائیگی اور جن فصلات کی کاشت کی اجازت ہوگی انکا طریق کاشت اور rotation of crops یعنی ترتیب کاشت بھی مخصوص کر دی جائیگی۔

جناب والا۔ میں نے اس میں یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اس امر کا فیصلہ کرتے وقت کہ کونسی فصلات کی ممانعت کی جائے اور کونسی فصلات کی اجازت دی جائے۔ اور اس امر کا فیصلہ کرتے وقت کہ فصلات کس طریقے سے کاشت کی جائیں۔ محکمہ زراعت کے ساتھ مشورہ کر لیا جائے۔ اور ان چیزوں کا فیصلہ انکی مشاورت کے بغیر نہ کیا جائے۔

جناب والا۔ جہاں تک سیم اور تھور سے زمین کی بحالی کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ تنہا محکمہ انہار سے متعلق نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک Irrigation-cum-Agricultural پرابلم problem ہے۔ اور اسکا جسقدر تعلق محکمہ انہار کے ساتھ ہے اسی قدر محکمہ زراعت کے ساتھ بھی ہے۔

جناب والا۔ اس سے پہلے شق ۱۸ میں جب بعض نہروں کی لائننگ کرنے کا سوال درپیش تھا تو وہاں خاص طور پر اسکا ذکر کیا گیا ہے کہ اگر بورڈ انہار کی لائیننگ کرنا ضروری سمجھے تو اس معاملہ کا فیصلہ محکمہ انہار کی مشاورت کے ساتھ کیا جائے۔ جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ فصلات کی کاشت کے مسئلے کا تعلق محکمہ زراعت سے بالکل اسی طرح ہے جس طرح نہروں کی لائیننگ کا تعلق محکمہ انہار سے ہے مجھے یقین ہے کہ بحالی کا کوئی منصوبہ اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس معاملہ میں محکمہ زراعت کا پورا پورا تعاون حاصل نہ کیا جائے۔ چنانچہ یہ بات قابل اطمینان ہے کہ بحالی کے اس بورڈ کا ایک رکن ڈائرکٹر ایگریکلچر کو بھی بنا دیا گیا ہے دراصل محکمہ زراعت ہی یہ بتا سکتا ہے کہ کسی خاص علاقہ میں جہاں پانی کی کثرت ہے یا زمین سیم زدہ ہے یا مسلسل مرطوب رہتا ہے وہاں کونسی فصل کامیابی سے کاشت کی جا سکتی ہے محکمہ زراعت ہی ہمیں بتا سکتا ہے کہ ان زمینوں میں جہاں کیماوی اجزا پائے جاتے ہیں کونسی فصلات سے ہم پیداوار حاصل کر سکتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اس بیماری کا علاج بھی کر سکتے ہیں۔ محکمہ زراعت ہمیں بتا سکتا ہے کہ کونسے درخت ایسے ہیں جن میں رطوبت کو جذب کرنے کی صلاحیت زیادہ ہے اور ہم ان درختوں کو اگا کر زمین کی فاضلہ رطوبت خارج کر سکتے ہیں۔ ان چیزوں

کے پیش نظر میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے۔ کہ اس کلاز میں ان الفاظ کا اضافہ کر دیا جائے کہ جب فصلات کی ممانعت یا اجازت کا اہتمام کیا جائے تو یہ کام محکمہ زراعت سے مشاورت کے بعد طے پائے محترم وزیر مال اس چیز کو تسلیم بھی فرما چکے ہیں اور میرے خیال میں انہوں نے ایک دفعہ اپنے سر مبارک کو جنبش بھی دی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس تجویز سے متفق ہیں۔ میں درخواست کرونگا کہ اس ترمیم کو منظور کر لیا جائے۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 17, sub-clause (xx) (f) the semi-colon after the last word "rotation" be deleted and the words "in consultation with the Agricultural Department" be added.

وزیر مال (آنریبل چودھری محمد حسین) — جناب والا۔ مجھے توقع ہے کہ میرے معزز دوست چودھری محمد افضل کو جنہوں نے اس مسودہ قانون کا بغور مطالعہ کیا ہے اس امر کا علم ہوگا کہ ڈائرکٹر ایگریکلچر کو اسی احساس کی بنا پر اس بورڈ کا رکن بنایا جائے گا کیونکہ میں اس بات کو شدت سے محسوس کرتا ہوں کہ سیم زدہ علاقہ کی بحالی میں محکمہ زراعت کا اتنا ہی دخل ہوگا جتنا محکمہ انہار کا اور اسی غرض سے ڈائرکٹر ایگریکلچر کو بورڈ میں رکھا گیا ہے وہ وہاں film censoring کے لئے نہیں ہونگے۔ وہ اسی سلسلہ میں مشورہ دینگے۔ اور ایسے مشورے جو دئے جائینگے ان کو ہر وقت قبول کیا جائے گا ان الفاظ کے ساتھ میں ان کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ اطمینان رکھیں کہ ڈائرکٹر ایگریکلچر کو بورڈ کا رکن رکھنے کی غرض و غایت یہی ہے اس لئے انہیں اس ترمیم پر زیادہ زور نہیں دینا چاہئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) — جناب والا۔ عزت مآب وزیر مال نے اطمینان دلایا ہے کہ چونکہ بحالیات کے بورڈ کے ایک ممبر ڈائرکٹر زراعت ہونگے۔ اور وہ اپنے فرائض انجام دینگے ان حالات میں اس بورڈ کی غرض و غایت یہ ہے کہ ان کی فنی قابلیت اور علمیت سے استفادہ کیا جائے۔ اس لئے مجھے مطمئن ہو جانا چاہئے۔ لیکن ان کی توجہ کلاز ۱۸ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

اس طرح سے میں یہ عرض کرونگا کہ اس بورڈ کے اہم رکن انجنیئر انہار ہونگے جو خاص طور پر اور خصوصیت سے اس ڈیپارٹمنٹ سے تعلق رکھتے ہیں۔ میں یہ بھی وضاحت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ان امور کو واضح طور پر b'ack and white میں لے آنا چاہئے۔

اب میں یہ دریافت کرونگا۔ کہ یہ الفاظ

in respect of which it is proposed to charge a reclamation fee.

بالکل زائد فاضلہ اور غیر ضروری
قسم کے ہیں۔ اس لئے گورنمنٹ کو اپنے خیال کے مطابق فوری طور پر
اُن کو حذف کر دینا چاہئے۔ اگر انہوں نے

in consultation with sub-clause (xviii).

Mr. Speaker: That sub-clause has been passed.

چودھری محمد افضل چیمہ — اگر یہ کلاز پاس ہو چکی ہے
تو اپنے دلائل کی مظبوطی اور صحت کے جواب میں عرض کرنا ضروری
سمجھتا ہوں کہ چونکہ یہ کلاز اس نتیجہ کے مطابق پاس کر دی گئی ہے
اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ بعینیہ یہ تجویز انہی خطوط پر پیش کی جائے۔
اس میں کسی ایسی مشکل، خوفناک صراحت یا کسی غلط فہمی کا امکان
نہیں کہ اسے ان لائنز پر قبول نہ کیا جائے۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 17, sub-clauses (xx) (f) the semi-colon after the last word "rotation" be deleted and the words "in consultation with the Agricultural Department" be added

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (xx) of clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 18

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clauses (*i*) and (*ii*) of clause 18(1) stand part of the Bill.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I beg to move—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 18, sub-clause (1) (*iii*) the fullstop after the word "hours" be replaced by a colon and the following proviso be added :—

"provided that no Reclamation Fee shall be charged from owners or occupiers of land not exceeding 50 acres."

جناب والا۔ کلاز ۱۸ میں اس امر کی وضاحت کی گئی ہے کہ اس
کی مناسب بحالی اور تکمیل کے لئے کیا procedure اختیار کیا جائے گا۔
جناب والا۔ جہاں تک یہ بیان کیا گیا ہے کہ منصوبہ کی تمام تفاصیل
اور اس کی ضروریات کی تمام تفاصیل جو اس منصوبہ کے متعلق ہونگی اسے
شائع کر دیا جائے اور اس کے بعد ان کے حدود اربعہ سے متعلق نقشہ جات
تیار کئے جائیں۔ جہاں پر یہ ذکر کیا گیا ہے کہ جو Reclamation fee
یعنی اراضیات کی بحالی کے لئے وصول کرنے کے متعلق ہے جب حکومت
لوگوں سے کوئی فیس یا معاوضہ وصول کریگی تو میں یہ دریافت کرتا ہوں

کہ جہاں تک بڑے زمینداروں کا تعلق ہے وہ بآسانی حکومت کو معاوضہ ادا کر سکتے ہیں لیکن جہاں چھوٹے زمینداروں کا تعلق ہے ان کی اراضیات غیر اقتصادی حصوں میں تقسیم ہوگئی ہیں اور پھر تقسیم در تقسیم ہو کر کئی چھوٹے چھوٹے units میں بدل چکی ہیں جن کے چھوٹے چھوٹے رقبہ جات ان کو سیم اور تھور سے متاثر ہو چکے ہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ ایسے لوگوں کی حالت مالی لحاظ سے کمزور ہے۔ چنانچہ یقینی طور پر یہ ان کی طاقت سے زیادہ ہے اور مالی استطاعت سے باہر ہے۔ انہیں اس Reclomotion fee سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ خصوصاً چھوٹے مالکان اراضی کو جن کی زمین ۵۰ ایکڑ تک ہے انہیں اس فیس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ جناب والا۔ یہ ترمیم بالکل اسی نوعیت کی ہے جو اس معزز ایوان میں پاس ہو چکی ہے میں آنریبل وزیر مال سے درخواست کرتا ہوں کہ جب taxation عائد کرتے وقت چھوٹے مالکان سے رعایت کی گئی تھی تو اگر انہیں اس فیس سے مستثنیٰ قرار دیں۔ تو کیا حرج ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس صورت میں اختلاف یہ ہے کہ آج وہ لوگ زیر بحث ہیں جن کے رقبہ جات سیم اور تھور سے ناکارہ اور بے کار ہو چکے ہیں جن سے اب وہ زیادہ فائدہ حاصل نہیں کر سکتے۔ مگر چونکہ اسی نوعیت کی ترمیم کو کل ٹھکرا دیا گیا تھا لہذا اس طرح یہ معاملہ بھی ٹھکرا دیا جائے گا۔ میرے خیال میں یہ درست طریق کار نہیں ہوگا اس لئے میں درخواست کرتا ہوں کہ ہماری ملکی ہمدرد حکومت کو غریبوں کی مشکلات کا احساس ہونا چاہئے اور ان کی بہبودی کے لئے اہتمام کرنا چاہئے وہ لوگ جو بچارے غریب ہیں اور فیس ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتے انہیں مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ میں نے اس غرض کے لئے اس proviso کو بطور ترمیم کے پیش کیا ہے۔

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 18, sub-clause (1) (*iii*) the fullstop after the word "hours" be replaced by a colon and the following proviso be added :—

"provided that no Reclamation Fee shall be charged from owners or occupiers of land of not exceeding 50 acres."

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That sub-clause (*iii*) of clause 18(1) stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*i*) of clause 18(2) stand part of the Bill.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I beg to move—

That in clause 18, sub-clause (2) (*ii*) after the word "the" in the first line and before the word "Chairman" in the second line the words "Deputy Commissioner of the District and " be inserted.

Minister of Revenue : I accept the amendment.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 18, sub-clause (2) (*ii*) after the word "the" in the first line and before the word "Chairman" in the second line the words "Deputy Commissioner of the District and" be inserted.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I beg to move—

That in clause 18, sub-clause (2) (*ii*) the word "him" in the fifth line, the word "representation" and the word "he" in the sixth line be replaced by the words "them" , "representations" and "they" respectively.

Minister of Revenue : I accept the amendment.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 18, sub-clause (2) (*ii*) the word "him" in the fifth line, the word "representation" and the word "he" in the sixth line be replaced by the words "them" "representations" and "they" respectively.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (*ii*) of Clause 18(2) as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (3) of clause 18 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 19

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) — جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں ۔

That in clause 19, sub-clause (1) (*i*) the words "in respect of which it is proposed to charge a reclamation fee" be deleted and semi colon be inserted after the word "scheme" in the fifth line.

جناب والا ۔ اس کلاز نمبر ۱۹ میں اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ وہ لوگ جن کی اراضیات کو حاصل کرنا ضروری ہوگا ان کو یہ نوٹس دیا جائیگا ۔ چنانچہ کلاز مذکور میں یہ درج ہے کہ —

"The Board shall serve a notice on :—

(*i*) every person whom the Board has reason to believe after due inquiry to be the owner of any immovable property which it proposes to acquire for executing the scheme in respect of which it is proposed to charge a reclamation fee".

جناب والا ۔ مجھے یہ خدشہ محسوس ہوا کہ جہاں تک نوٹس جاری کرنے کا تعلق ہے شاید یہ نوٹس صرف ان لوگوں کے نام جاری ہونگے جن کی اراضیات حاصل کرنی ضروری ہوں اور ساتھ ہی ساتھ جن سے reclamation fee کا وصول کرنا بھی ضروری ہے خیال یہ تھا کہ شاید وزیر موصوف میری پہلی ترمیم کو منظور فرمائینگے اور شاید ایک جماعت اس قسم کے مالکان اراضی یا مزارعان کی پیدا ہو جائیگی جن کو reclamation fee سے

مستثنیٰ کر دیا جائیگا ۔ اب چونکہ وہ مسترد ہو چکی ہے اور ان سے فیس وصول کی جائیگی اس لئے میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ مجھے یہ ترمیم واپس لینے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker : Has the honourable member leave of the House to withdraw his amendment ? (Voices : Yes).

The amendment was by leave withdrawn.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 19 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 20

سید شمیم حسین قادری (کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں ۔

That in clause 20, sub-clause (*i*) for the word "representative" the words "authorised counsel" be substituted.

جناب صدر ۔ میں پہلے section ۲۰ آپ کے سامنے پڑھوں گا اور پھر یہ بیان کرونگا کہ اس ترمیم کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ہے ۔ وہ یہ ہے ۔

"After the expiry of the period respectively prescribed in (i) and (ii) of subsection (2) of section 18 and clause (b) of subsection (2) of section, 19, the Board shall consider any objection or representation received in response to the notice and after hearing all persons making any such objection or representation who may desire to be heard in person or through representative, the Board may either abandon the scheme or apply to the Government for sanction of the scheme as originally framed or with such modifications as the Board may deem necessary.

حضور والا ۔ اس بورڈ کو قریباً قریباً وہی اختیارات تفویض کئے گئے ہیں جو ہمارے ایک بورڈ کے لئے already موجود ہیں ۔ یہ بورڈ ویسا ہی ہے جیسا کہ صنعتی بحالیاتی بورڈ ہے کیونکہ اس کا کام بھی بحالیات کا ہے اور اس بورڈ کا بھی قریباً قریباً زمین کو بہتر بنانے کا کام ہے ۔ اگرچہ اس آرڈیننس میں جس کے تحت وہ بورڈ بنایا گیا ہے اس چیز کی ممانعت نہیں کی گئی کہ وہاں پر وہ لوگ جو اپنی درخواست allotments کے لئے دیتے ہیں ان کو یہ مراعات نہ دی جائیں کہ وہ اپنا نقطہ نظر یا اپنا مطالبہ اس بورڈ کے سامنے کونسل کے ذریعہ سے پیش کر سکیں تا ہم ان کو ایسا کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی ۔ جناب والا ۔ عام طور پر اس بورڈ کے سامنے وہ لوگ پیش ہونگے جو بالکل ناخواندہ ہوں گے اور جن کو یہ سمجھ نہیں ہوگی کہ اس قسم کی سکیموں سے ان کی ذات اور ان کی جائیداد پر کیا اثر پڑے گا اور کونسی چیز ان کی بہتری کے لئے ہو سکتی ہے اور کونسی چیز ان کے لئے مضرت رساں ہو سکتی ہے ۔ جناب والا اس بورڈ کی

حیثیت کو مانتے ہوئے سب سے بری بات یہ ہے کہ اس بورڈ کے فیصلہ کے خلاف کوئی اپیل نہیں ہو سکے گی۔ اس قسم کا کوئی **provision** نہیں رکھا گیا۔ اس قسم کا کوئی طریقہ نہیں بتایا گیا کہ اگر وہ بورڈ کوئی فیصلہ کرے اور لوگ اس سے غیر مطمئن ہوں تو وہ اس کے ذریعہ اس کے خلاف آواز بلند کر سکتے ہوں اور اپنی ضرورت کے مطابق مناسب فیصلہ حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے ہوں اس بورڈ کو آخری اور قطعی فیصلہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے ماسوائے اس کے کہ وہ گورنمنٹ کو کوئی سکیم بھیجے اور وہ اگر چاہے تو اسے مسترد کر دے۔ میرے نقطہ نظر سے یہ صرف الفاظ کا فرق ہوگا کیونکہ representative میں authorised counsel بھی شامل ہو سکتا ہے۔ میں نے تو صرف اس ابہام کو دور کرنے کے لئے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اگر کسی شخص کو واقعی یہ ضرورت ہو کہ وہ اپنا نقطہ نظر اس بورڈ کے سامنے کسی authorised counsel کے ذریعہ سے پیش کرنا چاہے تو بورڈ جس کو بہت بڑی powers ہیں وہ اس بنا پر رد نہ کر سکے کہ ایکٹ میں ایسی کوئی گنجائش نہیں ہے اور ہم عدالت نہیں ہیں۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ اگر بحالیات بورڈ کے سامنے کوئی وکیل جائے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم آپ کی بات سننے کے لئے تیار نہیں ہیں اور ناخواندہ اور سیدھے سادھے لوگ جن کو قانون سے واقفیت نہیں ہوتی کی ناخواندگی کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اور اپنی من مانی کرتے ہیں۔ مجھے خدشہ ہے کہ اس بورڈ میں بھی ان کا وہی حال نہ ہو جو بحالیاتی بورڈ میں ہو رہا ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں امید کرتا ہوں کہ اس ابہام کو دور کرنے کے لئے یہ ترمیم منظور کر لی جائیگی۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 20 sub-clause (1) for the word "representative", the words "authorised counsel" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 20 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 21

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم)—

Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 21, sub-clause (1), the fullstop after the figure "20" be replaced by a colon and the following proviso be added :—

"Provided that in case of refusal Government shall give reasons for doing so".

جناب والا ۔ کلاز ۲۱ جس میں میں نے یہ ترمیم پیش کرنے کی اجازت طلب کی ہے اس میں حکومت کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ حکومت اگر چاہے تو کسی مجوزہ منصوبہ کو جو اسکے پاس بغرض منظوری پیش کیا جائے بعینہ قبول کر لے ۔ یا اگر چاہے تو مناسب ترمیم کے ساتھ اسکی منظوری دے دے ۔ یا اگر چاہے تو دوبارہ غور کیلئے اسے بھیج دے ۔ یا چاہے تو قطعی طور پر اسکی منظوری دینے سے انکار کر دے ۔ جناب والا ۔ میں نے اس ترمیم کے ذریعہ یہ درخواست کی ہے کہ جب حکومت یہ مناسب خیال کرے کہ کسی تجویز ۔ سکیم یا منصوبہ کی نامنظوری ہی بہتر ہے تو اسکو نامنظور کرتے ہوئے اسکے ساتھ وہ اسباب و وجوہ درج کر دے جن کی بنا پر اسے نامنظور کیا گیا ہے ۔ جناب والا اس ترمیم کو منظور کر لینے سے حکومت کے غیر محدود اور وسیع اختیارات پر قطعاً کوئی اثر نہیں پڑتا ۔ اور حکومت کے اپنی من مانی کارروائیاں کرنے پر کوئی قدغن عائد نہیں ہوتی ۔ عرض کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ وہ اہل فن اور اہل الرائے لوگ جنہوں نے اس منصوبہ کو پیش کیا ہو انہیں یہ معلوم ہو سکے کہ وہ کیا خامیاں اور کمزوریاں تھیں جن کی بنا پر حکومت نے اسے رد کرنا مناسب سمجھا ہے ۔ اس طرح وہ اپنی سکیم کا بنظر غائر مطالعہ کر سکینگے اور اسکی خامیوں کو رفع کر سکینگے ۔ میری ترمیم کا صرف یہی مقصد ہے کہ کسی سکیم کو نامنظور کرتے ہوئے ایک بیان جو وجوہات استرداد پر مبنی ہو اسکے ساتھ شامل کر دیا جائے ۔ اس سے حکومت کے اختیارات میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی اور نہ ان وجوہات کو بیان کرنے سے حکومت پر یہ مجبوری ہو جاتی ہے کہ وہ اس سکیم کو ضرور منظور کرے ۔ اس سے اہل فن اور اہل الرائے حضرات کے علاوہ ان لوگوں کو بھی جو براہ راست اس سکیم سے متاثر ہوتے ہیں یہ پتہ چل جائیگا کہ وہ سکیم کن وجوہات کی بنا پر مسترد کی گئی ہے ۔ کیا وہ استرداد آمرانہ ذہنیت پر مبنی ہے یا ٹھوس دلائل پر ۔ تا کہ اسے آئندہ پیش کرنے کیلئے اس میں مناسب ترمیم کی جا سکے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 21, sub clause (1), the fullstop after the figure "20" be replaced by a colon and the following proviso be added :—

"Provided that in case of refusal Government shall give reasons for doing so".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 21 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 22

میاں عبدالباری(لائلپور نمبر ۷ مسلم) —

Sir, I beg to move—

That in clause 22, sub-clause (2), the following words be deleted :—
"and shall not be called into question by or before any court".

جناب والا ۔ سیکشن ۲۲ یہ ہے —

Whenever the Government sanctions any scheme under this act, it shall announce the fact by notification, and the Board shall forthwith proceed to execute the Scheme".

اور شق (۲) جس میں میں نے یہ ترمیم تجویز کی ہے ۔ وہ یہ ہے —

"A notification under subsection (1), in respect of any scheme shall be conclusive evidence that the scheme has been duly framed and sanctioned and shall not be called into question by or before any court".

جناب والا ۔ یہ شق جسکے آخری حصہ کو حذف کرنے کیلئے میں نے جناب کی وساطت سے ایوان کے سامنے یہ ترمیم پیش کی ہے یہ ہے کہ جب حکومت اس ایکٹ کے تحت کسی سکیم کی منظوری دے دے اور ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعہ اسکا اعلان کر دے تو اسکے بعد بورڈ فوراً اس سکیم پر عملدرآمد کریگا ۔ اور یہ نوٹیفیکیشن کسی سکیم کے متعلق آخری ثبوت ہوگا کہ وہ سکیم باقاعدہ طور پر تشکیل ہو گئی ہے اور منظور ہو چکی ہے ۔ اور کسی عدالت کو یہ اختیار نہیں ہوگا کہ حکومت کے اس اعلان کو زیر بحث لائے ۔ یا یہ امر اسکے سامنے پیش ہو سکے ۔

جناب والا ۔ ایک ایسے قانون کے متعلق جسکے ماتحت بورڈ کو وسیع اختیارات ہونگے ۔ وہ دیہات کی ترتیب بدل سکیگا ۔ اراضی کا پانچواں حصہ مشترکہ اغراض کیلئے مخصوص کر سکیگا ۔ باقیماندہ اراضی کو دوبارہ تقسیم کر سکیگا ۔

اور اسکے لئے شق ۲ زیر دفعہ ۲۷ جو آئندہ بھی آئیگی اسکا مختصراً ذکر کرنا یہاں ضروری ہے ۔ اسکی شق نمبر ۲ میں یہ ہے ۔

"If in the whole or any part of the area mentioned in subsection (1) the Board is of the opinion that the measures mentioned in section 17 for soil reclamation are necessary and are in view of the extent of cost beyond the resources of the individual owners or occupiers, or that the individual owners or occupiers neglect or refuse to carry out the measures required under section 28(3) (e) the Government on being moved by the Board may by notification declare that the whole or any part of that area shall vest in the Board for the purposes of this Act for a period which shall be specified in the notification and which may be extended by Government from time to time by notification. Whenever any such notification is issued all private rights of whatever kind existing in respect of any and comprising the area specified in the notification shall be suspended".

جناب والا ۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ وہ شق جو پہلے منظور ہو چکی ہے اور اس کے بعد یہ شق جو زیر بحث ہے ان کی بنا پر اس بورڈ کو مکانات

گرانے کے وسیع اختیارات ہونگے ۔ اور اس سے لوگوں کے ہر قسم کے پرائیویٹ حقوق ختم ہو جائینگے ۔ جو شخص پہلے ہی خانماں برباد ہو چکا ہو اور اسکی اراضی سیم زدہ ہوگئی ہو اسکا یہ علاج کیا جاتا ہے ؟ بجائے اسکے کہ وہاں حکومت ٹیوب ویل لگاتی یا اس چیز کے روکنے کے لئے کوئی اور انتظام کرتی ۔ یہ ہیں وہ کارنامے جن کے روز گانے گائے جاتے ہیں ۔ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ کوئی ایسی سکیم مکمل نہیں کی گئی کہ جس سے ہم حتمی طور پر یہ کہہ سکیں کہ یہ بلا اتنے عرصہ میں ٹل جائیگی ۔ ابھی تجربات ہی ہو رہے ہیں ۔ اور کوئی سامان مہیا نہیں کیا گیا یا کوئی ایسی کارروائی سامنے نہیں آئی جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ اس چیز کی روک تھام بڑی سرعت سے کی جا رہی ہے ۔ ایک بورڈ بنا دیا گیا ہے اور یہ ایسا بورڈ بنیگا جو کامل طور پر وزارت کے تعصب کے نیچے ہوگا ۔ میں کسی کو قصوروار ٹھہرانا نہیں چاہتا لیکن اس حقیت کو وہ مانینگے کہ ایک جماعتی تعصب پیدا ہو گیا ہے ۔ ایک تو ان زمینوں کے مالک پہلے ہی تباہ ہو چکے ہیں اور پھر ان کے تمام پرائیویٹ حقوق ختم کر دیئے گئے ہیں ۔ کوئی تو دروازہ ان کے لئے رکھا جائے جہاں وہ جا کر اپنی آہ و پکار کر سکیں ۔ پھر اس میں یہ بھی لکھدیا ہے ۔

"and shall not be called into question by or before any court".

اور کسی عدالت میں اس کی شنوائی نہیں ہوگی ۔ کیا یہ آمریت کی بنیادیں نہیں رکھی جا رہیں ؟ کیا یہ وہ آمریت نہیں جس کے متعلق ہمارے آنریبل وزیر مال انکار کر چکے ہیں ؟

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 22, sub-clause (2), the following words be deleted :—

"and shall not be called into question by or before any court".

وزیر مال (عزت مآب چودھری محمد حسین چٹھہ) — جناب والا ۔ میرا ارادہ تھا کہ میں اختتام پر اپنے خیالات کا اظہار کرتا ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq:—On a point of Order, Sir. Members not in their seats do not form a quorum.

Mr. Speaker : That does not make any difference.

وزیر مال — جناب والا ۔ مجھے نائب راہنمائے حزب اختلاف کے اس احساس سے کلی طور پر اتفاق ہے کہ اس مرض کے سد باب کی خاطر وہ تمام ایسی تجاویز جو کہ اسکا کلی طور پر قلع قمع کر سکیں اختیار نہیں کی گئیں ۔ اور اب بھی جتنی سرعت کے ساتھ اور جتنے موثر طریقے پر اس کا سدباب کرنا چاہئیے تھا وہ نہیں ہو رہا ۔ مجھے اسکا ان سے بھی زیادہ احساس ہے اور اسی احساس کی بنا پر اس مرض کی روک تھام کے لئے میں اس مسودہ

قانون کو آج اس ایوان میں پیش کر رہا ہوں۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ چونکہ حکومت نے نہریں بنا دی ہیں۔ اس لئے وہاں سیم ہوگئی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ نہ وہاں نہریں بنتیں نہ وہاں سیم اور تھور ہوتا۔ اس کے متعلق میں کیا عرض کروں۔

میاں عبدالباری — On a point of order, Sir, میں نے جناب والا۔ ٹیوب ویل کے متعلق ابھی کہا ہے کہ اس چیز کی روک تھام کے لئے وہاں ٹیوب ویلز لگائے جائیں۔

Mr. Speaker : That is no point of order.

وزیر مال — ہم یہ چاہتے ہیں کہ ان امراض کا سدباب سختی سے کیا جائے اور موثر طریقہ سے کیا جائے اور جلد از جلد کیا جائے۔ اس لئے اگر ہم ان کی اس تجویز کو پورا کرنیکی کوشش نہ کریں تو ہم اپنی ذمہ داری سے غافل ہونگے اور اگر ہم ان کی اس تجویز کو پورا کرنیکے لئے کوئی قدم اٹھاتے ہیں تو اسے معرض التوا میں رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے جسطرح یہ آج تک معرض التوا میں پڑی رہی ہے۔

حکومت اس چیز کی ذمہدار ہے۔ وہ اپنی ذمہداریوں کا احساس رکھتے ہوئے اس بورڈ سے بھی اس مسلمہ اصول کے تحت کام کرائے گی۔ وہ پاگلوں کا بورڈ نہیں ہوگا۔ بلکہ وہ ماہرین کا بورڈ ہوگا جنہیں ہم سے بھی کہیں زیادہ احساس ہوگا۔ انکا یہ خیال غلط ہے کہ یہ وزارت آمرانہ اختیارات لینا چاہتی ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ انکے ذہن میں کیوں ایسے خیالات جاگزین ہوتے ہیں کہ یہ وزارت ابدالاباد تک رہنی ہے۔ اگر انکی یہ تمنا ہے تو میں انکا ممنون ہوں مگر حقائق کو نہیں بھولا جا سکتا۔ جمہوریت میں وزارتیں بدلا کرتی ہیں۔ اگر انکی وزارت کا منشا اور نصب العین یہ ہو کہ اس مرض پر قابو پانے کی خاطر پوری کوشش سے زیادہ سے زیادہ اقدامات کریں تو مجھے یقینی طور پر ان پر پورا اعتماد ہوگا۔ اس میں کسی آمرانہ ذہنیت کا مظاہرہ نہیں۔ ہم مزید ایسے اقدامات کرینگے جن سے سرعت کے ساتھ اس مرض پر قابو پایا جا سکے اور لوگوں کو کسی قسم کے حیلے تراشنے کا موقع نہ دیا جائے کہ وہ اس میں مزید التوا کر سکیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں۔

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر۔ عدالتوں کے دروازے بند کرنے کیلئے جناب آنریبل وزیر مال نے یہ پہلی بار ہی تکلیف گوارا نہیں فرمائی بلکہ جو پہلے ترامیم پیش کی گئی تھیں۔ . . . .

Mr. Speaker : They are not before us

میاں عبدالباری — انہوں نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے میں اسکے متعلق عرض کر رہا ہوں۔ انہوں نے عدالتوں کے دروازے بند کرنے میں چند ایک دلیلیں دی ہیں جو بالکل کمزور ہیں اور کسی شخص کو convince نہیں کر سکیں۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ بورڈ ایکسپرٹس کا ہوگا۔ یقیناً آپکے پاس اچھے اچھے ایکسپرٹس بھی ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کون کہتا ہے کہ بورڈ نہ بناؤ۔ موضوع بحث تو یہ ہے کہ آپ بورڈ کو آمرانہ اختیارات دے رہے ہیں۔ کاشتکار پہلے ہی مفلوک الحال ہیں۔ ان میں اتنی طاقت نہیں کہ وہ آپکو فیس دے سکیں۔ آپ بورڈ کو یہ اختیارات دیتے ہیں کہ جسکو وہ چاہے وہاں سے نکالدے اور جسکو چاہے وہاں رہنے دے۔ اسکی ہر چیز پر قبضہ کر لے۔ میں چیلنج کرتا ہوں کہ آج تک ہند و پاکستان یا دنیا کے کسی خطے میں آمر سے آمر حکمران نے بھی اپنی کسی سکیم کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ایسا قانون نہیں بنایا۔ اگر کوئی ایسا ہے تو مجھے دکھائیے۔ میں نے کہا تھا کہ ترقی یافتہ ممالک میں یہ طریقہ ہوتا ہے کہ نہروں کے ساتھ Drainage channels بنائے جاتے ہیں تا کہ سیم کا خطرہ باقی نہ رہے جسکا جواب callousness سے دیا جاتا ہے۔ اس حزب حکومت کی کیفیت یہ ہے کہ جب ہم تھل کے متعلق انکی توجہ دلاتے ہیں کہ وہاں Drainage channels simultaneously بنائیے جسطرح امریکہ اور دوسرے ممالک میں ہیں تو ہماری اس تجویز کو قابل غور نہیں سمجھا جاتا۔ جناب والا۔ یہ فرمایا گیا ہے کہ وزارتیں ہمیشہ نہیں رہتیں۔ یہ تو سوال ہی نہیں۔ کسی وزارت یا کسی حکمران کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی مصلحت کی بنا پر ایسے اختیارات اپنے پاس رکھے جن سے عدالت کے دروازوں پر قفل لگ جائیں۔ آپ بورڈ کے ہاتھ میں ایسی تلوار دے رہے ہیں جس سے وہ جس شخص کی چاہے گردن اڑا دے۔

Mr. Speaker : Please do not repeat the same argument.

Mian Abuld Bari : I am sorry Sir, I am very sorry.

میاں عبدالباری — میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ انکے دلائل میں کوئی وزن نہیں۔ انکا سب سے پہلا قدم یہ ہونا چاہیئے تھا کہ عوام کو حقوق ملکیت دیئے جائیں عدالتوں کے دروازے اس لئے بند کر دینا کہ التوا نہ ہو یہ جواز آجتک کسی اصول میں نہیں دیکھا۔

Mr. Speaker : Do not repeat your arguments.

Mian Abdul Bari : If you do not want me to speak I am prepared to sit down.

Mr. Speaker : The same argument can be repeated in half a dozen ways.

میاں عبدالباری — یہ کہنا کہ چونکہ ہمیں التوا کا ڈر ہے اسلئے عدالت کے دروازے بند کر رہے ہیں کسقدر غلط نقطہ نگاہ ہے۔ جناب وکیل ہیں اور آپکے علاوہ اور بھی بہت سے وکیل حضرات یہاں تشریف فرما ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ یہ دلیل کسقدر غلط ہے۔ جہاں عدالت کے دروازے بند کر دیئے جائیں وہاں پر explosion ہوا کرتا ہے۔ کوئی حکمران عوام پر احسان نہیں کیا کرتا۔ اسکا فرض منصبی ہوتا ہے کہ اپنی رعایا کے ساتھ انصاف کرے۔ آپ اس اصول کے خلاف اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ اسکے نتائج بہت برے ہونگے۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 22, Sub-clause (2), the following words be deleted :—

"and shall not be called into question by or before any court".

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is —

That Clause 22 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 23 and 24

Mr. Speaker : The question is—

That Clauses 23 and 24 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 25

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I beg to move--

That in the last line of clause 25, the word "not" be inserted between the words "shall" and "be".

جناب والا۔ کلاز ۲۵ کی رو سے اس امر کی تشریح کی گئی ہے کہ متاثر علاقے کی بحالی اور اصلاح کا کوئی منصوبہ مختلف منازل طے کرنے کے بعد پایہ تکمیل کو پہنچ جائے تو ایسے حالات میں اگر بورڈ مناسب سمجھے تو کیا ایک تحریری مطالبے کی رو سے ان مالکان اراضی کو جن کے رقبہ جات اس منصوبے میں شامل کئے گئے ہوں اس بات پر مجبور کر سکے کہ وہ اصلاح کی تمام تعمیرات اور Services قائم رکھیں اور ان کے اخراجات برداشت کریں۔ اور وہ شرائط جو حکومت اس سلسلے میں ان پر لگانا مناسب سمجھے قبول کریں اور ان کو ہر حالت میں پورا کریں۔ چونکہ اس کلاز کے مطابق اس امر کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ مالکان اراضی اس بات پر مجبور ہونگے کہ حکومت کے اس تحریری مطالبے کو پورا کریں اور اس تحریری حکم کی تعمیل کریں۔ اس لئے میں نے اس میں صرف یہ ترمیم پیش کی ہے کہ ان کو ایسا کرنے پر مجبور نہ کیا جائے۔ اس ترمیم کی رو سے اس کلاز کے مفہوم میں کوئی لمبا چوڑا فرق نہیں پڑتا بلکہ صرف یہ تبدیلی واقع ہوتی ہے کہ وہ مالکان

اراضی حکومت کے اس تحریری حکم کی تعمیل کیلئے مجبور نہ ہونگے۔ اس لئے میں نے اپنی ترمیم الفاظ shall اور be کے درمیان لفظ not لکھنے کے متعلق پیش کی ہے۔ میرا یہ ترمیم پیش کرنے سے مقصد صرف اتنا ہے کہ بعض ایسی امکانی صورتیں ہو سکتی ہیں جہاں حکومت بصرف زر کثیر بحالی۔ اصلاح اور ترقی کے کسی منصوبے کو عملی جامہ پہنائے اور اس کے ماتحت طرح طرح کی تعمیرات کی تکمیل کرے۔ عین ممکن ہے کہ بعض مالکان پہلے ہی اپنی اراضیات لمبے عرصے کیلئے پٹے پر دے چکے ہوں اور مالی استعداد کے لحاظ سے یا دیگر وجوہ کی بنا پر ان کے حالات اس امر کی اجازت نہ دیں کہ وہ ایسی وسیع تعمیرات کے اخراجات برداشت کر سکیں۔ میں سمجھتا ہوں ان کیلئے ایسی تعمیرات بمنزلہ سفید ہاتھی کے ہونگی۔ ان حالات میں ممکن ہے وہ محسوس کریں۔ جیسا کہ انگریزی میں کہا جاتا ہے کہ Remedy is worse than disease. اور علاج بجائے خود ان کے لئے مضر اور نقصان دہ ثابت ہو۔ میں سمجھتا ہوں اس حد تک مالکان۔ قابضان اور مزارعان سے ان کے حقوق چھیننا ناجائز اور سراسر زیادتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ حکومت اپنی مرضی سے یہ کہہ دے کہ ایک خاص رقبہ مکمل طور پر reclaim ہو چکا ہے اور اس کے مرض کا مکمل طرز پر علاج ہو چکا ہے اور وہ رقبہ سیم زدہ یا تھور زدہ ہونے سے قبل نارمل حالات اختیار کر چکا ہے اور پیداوار دے رہا ہے۔ مگر دراصل اس کا یہ دعوے حقائق اور واقعات پر مبنی نہ ہو۔ ہو سکتا ہے کہ حکومت اپنی طرف سے اس عبوری دور میں یہ دعوے کرے کہ فلاں سکیم مکمل طور پر کامیاب ہو چکی ہے۔ مگر درحقیقت مرض کا وہ علاج متعلقہ اراضی کی تخفیف تک ہی محدود ہو۔ میں سمجھتا ہوں۔ ان لوگوں پر اس قسم کی شرائط ٹھونسنا جو حقیقت پر مبنی نہ ہوں۔ ان سے عام اختیارات چھیننا اور ان پر ایسے مصارف اور اخراجات ڈالنا جن کو برداشت کرنے کی وہ حیثیت نہ رکھتے ہوں اور جو ان کی استطاعت سے بالاتر ہوں ان سے بڑی زیادتی کرنا ہے۔ ان حالات میں حکومت کو چاہیئے کہ وہ ان مالکان۔ قابضان یا مزارعان اراضی کو جن کی اراضی ان سکیموں میں شامل کی جائینگی مناسب شرائط کے ماتحت معاوضہ کے عوض اس بات پر آمادہ کرے تا کہ وہ اپنی اراضی چھوڑنے کیلئے تیار ہو جائیں۔ میں سمجھتا ہوں۔ ان پر معاوضہ کے بغیر اس قسم کی کڑی شرائط لگانا اور اتنے بڑے اخراجات ڈالنا بڑی بے انصافی ہے۔ ایسے حالات میں حکومت کا مالکان اراضی کو مجبور کرنا کہ نہ تو زمین سے نجات حاصل کر سکیں اور نہ

ھی اس سے کوئی فائدہ اٹھا سکیں۔ ان کیلئے ایک دائمی مصیبت کا باعث ھوگا۔ میں سمجھتا ھوں کہ جو صورتیں میں نے پیش کی ھیں وہ بعید از قیاس یا ناممکن نہیں۔ بہتر یہ ھے کہ حکومت وہ تمام امکانی حالات پیش نظر رکھے اور اس قانون میں اس قسم کی کوئی کلاز شامل نہ کرے جس کے متعلق بعد میں پچھتانا پڑے اور جو درحقیقت مفید ھونے کی بجائے مضر ثابت ھو اور ایک متشددانہ اقدام تصور کیا جائے۔ یہ بلا خوف تردید کہا جا سکتا ھے کہ ایسی وسیع تعمیرات کا مفید ثابت ھونا ناممکن ھے۔ چونکہ ان تعمیرات پر اور ان کے قیام پر کثیر اخراجات برداشت کرنے پڑینگے۔ اس لئے ان لوگوں کو ان کی ادائیگی پر مجبور نہ کرنا چاھیئے بلکہ ان کو یہ اختیار دینا چاھیئے کہ اگر وہ مناسب سمجھیں تو اس زمین پر دوبارہ قابض ھو کر کاشت کریں اور اگر نہ سمجھیں تو اسے مناسب شرائط پر فروخت کر دیں یا چھوڑ دیں۔ ان کو اس بات پر مجبور کرنا کہ وہ ایسی اراضی پر قابض رھیں جن سے انہیں کوئی فائدہ حاصل نہ ھوتا ھو۔ میں سمجھتا ھوں ایک نامناسب قسم کا اقدام ھے۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in the last line of clause 25 the word "not" be inserted between the words "shall" and "be".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 25 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 26

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX, Muslim) : I beg to move—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 26, sub-clause (3) the words from "such rates" to "the collector" be deleted and the following proviso be adeded :—

"Provided that Government may refuse the grant of a license if in the opinion of an expert to whom the case shall be referred by Government the proposed appliance is likely to affect any existing use of underground waters".

جناب والا۔ اصل کلاز (۲۶) کی رو سے اس امر کا اھتمام کیا گیا ھے کہ جب گورنمنٹ سب کلاز ۲۲ کے تحت کسی منصوبہ کی منظوری دیدے تو اسوقت زیر زمین آب حکومت کے قبضہ اور تصرف میں آجائیگا اور لوگ اس پانی سے استفادہ کرنے کے مجاز نہیں رھینگے۔ بجز پانی پینے کے یا حیوانات کو پانی پلانے کے۔

خان افتخار حسین خان — پہلے آپ نے نہیں فرمایا تھا کہ ساری کلاز حذف کر دی جائے۔

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کلاز ۲۶ کی رو سے اس امر کا اہتمام کیا گیا ہے کہ جب سب کلاز ۲۲ کے تحت سیم زدہ علاقے کی اصلاح کا کوئی منصوبہ منظور کر لیا جائے اور اسکی مشتہری کر دی جائے تو متاثرہ رقبے کے سارے زیر زمین پانی پر حکومت کا قبضہ ہو جائیگا جن لوگوں نے ٹیوب ویلز لگائے ہوئے ہیں خواہ وہ ٹیوب ویل بجلی سے یا بھاپ سے یا تیل یا قوت باد سے چلتے ہوں ۔ انکو یہ ٹیوب ویل ۔ کنوئیں اور دیگر آلات کلکٹر یا ایس۔ڈی۔او انہار کے پاس رجسٹر کرانے پڑیں گے اور حکومت کے زیر فرمان ٹیوب ویل کے لائسنس سے یا کنوئیں کے استعمال کے حق سے دست بردار ہونا پڑیگا ۔ اور حکومت کنوئیں یا ٹیوب ویل کو بند کر دینے کا بھی حکم نافذ کر سکیگی ۔ اسطرح زمیندار اپنی کسی مشین آلات یا ٹیوب ویل پر مضر اثر پڑنے کیلئے ہر جانے کا دعوی یا مقدمہ بھی دائر نہیں کر سکے گا اور حکومت سے کوئی compensation بھی طلب نہیں کر سکے گا ۔

جناب والا ۔ اس ضمن میں میری گذارش یہ ہے کہ پہلے کسی زمیندار کو لائسنس عطا کر دینا اور بعد میں زمیندار کے ہزارہا روپے کے مصارف کی مشینری اور ٹیوب ویل بند کر دینا یا تباہ کر دینا ایک ایسا فعل ہے جسکو میں trial and error method کہونگا یعنی غلطیوں کا ارتکاب کر کے اصلاح حال کی کوشش کرنا ۔ میری گذارش ہے کہ حکومت اپنے ماہرین کی رائے لینے کے بعد لائسنس دے اور اگر سرکاری ماہرین کے خیال میں کسی رقبہ زمین کے سیم اور تھور کی زد میں آنے کا احتمال ہو اور یہ خطرہ بھی ہو کہ ٹیوب ویل کا اثر زیر زمین پانی پر برا پڑیگا تو شروع میں ہی لائسنس دینے سے انکار کر دے ورنہ learning by doing کا قیمتی اور خطرناک طریقہ زمینداروں کی تباہی پر منتج ہوگا جہاں سیم اور تھور تیزی سے آ رہی ہو اور جہاں احتمال ہو کہ زمین اسکی زد میں آ جائیگی وہاں سرے سے لائسنس نہ دیا جائے اور جہاں ماہرین کی رائے کے مطابق خطرہ نہ ہو وہاں لائسنس دینا چاہئے اور اگر اس علاقے میں بعد ازاں سیم یا تھور کی مصیبت آ جائے اور حکومت اس رقبے کا حصول عمل میں لائے تو اسے چاہئے کہ زمیندار کو compensation بھی عطا کرے learning by doing a thing ایک مہنگا طریقہ ہے ٹھوکر کھا کر جاگنے میں یہ خطرہ بھی ہے کہ ٹھوکر کھا کر انسان اپنے دانت یا ٹانگ ہی توڑ بیٹھے اسلئے حکومت کو حفاظتی تدابیر اختیار کر لینی چاہئیں ۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 26, sub-clause (3) the words from "such rates" to "the collector" be deleted and the following proviso be added :—

"Provided that Government may refuse the grant of a license if in the opinion of an expert to whom the case shall be referred by Government the proposed appliance is likely to affect any existing use of underground waters".

The motion was lost.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) —

جناب والا ۔ میں اس کلاز کی مخالفت کرتا ہوں یہ ساری کلاز زمینداروں کے مفاد کے خلاف ہے ۔ اسکے بموجب گورنمنٹ ان کے ٹیوب ویلز ۔ کنوؤں اور آلات کو ناکارہ کر دینے اور ان پر تصرف و قبضہ کر لینے کی مجاز ہو جائیگی اور زمینداروں کو معاوضہ سے محروم کر دیگی اسلئے میں چاہتا ہوں کہ اس کلاز کو حذف کر دیا جائے امید ہے کہ آنریبل وزیر مال condscend کر کے میری ترمیم کو شرف قبولیت بخشیں گے ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. Mian Abdual Bari has been allowed to oppose the clause as a whole. When the decision of the House has been given that will mean.....

Mr. Speaker : How does the honourable member know that I am asking for a decision ?

Chaudhri Muhammad Shafiq : Amendments, have not been moved. Mian Abdul Bari is opposing the clause as a whole. There are other amendments which cannot be moved because the clause is opposed.

Mr. Speaker : Chaudhri Muhammad Afzal Cheema may move his amendment.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I beg to move—

That in clause 26, sub-clause (5) for the word "may" occurring in line 12 the word "shall" be substituted.

Minister of Revenue : I accept it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 26, sub-clause (5) for the word "may" occurring in line 12 the word "shall" be substituted.

The motion was carried.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) —

Sir, I beg to move—

That in clause 26, sub-clause (5) the words "which shall also be awarded in case of temporary closing down" be added after the words "reasonable compensation" occurring in line 13, deleting the fullstop after "compensation".

جناب والا ۔ کلاز ۲۶ کی سب کلاز ۵ میں اس امر کا اہتمام کیا گیا ہے کہ جب حکومت اصلاح و بحالی کے کسی منصوبہ کو منظور کر لے تو اسوقت بورڈ کو یہ اختیار ہوگا کہ اس رقبہ میں کسی ٹیوب ویل یا اس قسم کی کسی مشینری کو عارضی طور پر بند کرنے کے احکام صادر کر دے اور بورڈ اگر چاہے تو عارضی طور پر اسے بند کرنے کا حکم دیدے

اور چاہے تو مستقل طور پر بند کرنے کا حکم صادر کر دے۔ جناب والا مستقل طور پر کسی ٹیوب ویل یا مشینری کے استعمال پر ممانعت عائد کرنے کی صورت میں حکومت کو پہلے الفاظ کی رو سے اختیار تھا کہ چاہے تو کوئی متبادل ذریعہ آبرسانی مہیا کرے اور چاہے تو معقول معاوضہ ادا کرے۔ مگر اب محترم وزیر مال صاحب نے میری اس تجویز کو قبول فرمایا ہے کہ حکومت کو یہ اختیار نہیں ہوگا کیونکہ حکومت کو لازماً اور مجبوراً ایسا کرنا پڑیگا۔ کہ وہ ذریعہ آبپاشی مہیا کرے یا اسکے عوض میں معقول معاوضہ ادا کرے۔ جناب والا۔ جہاں تک اس معاوضہ کی ادائیگی کا تعلق ہے اسکا اطلاق صرف اس صورت میں ہوتا ہے جبکہ ان appliances یا ٹیوب ویل وغیرہ کو مستقل طور پر بند کیا جائے۔ جیسا کہ ان الفاظ سے واضح ہے۔

"In cases where permanent closing down is ordered, the Board may either provide some alternative source of water-supply or award reasonable compensation".

یعنی جہاں تک ادائیگی معاوضہ کا تعلق ہے یا متبادل ذریعہ آبرسانی مہیا کرنے کا تعلق ہے یہ صرف اسی صورت میں ہوگا جبکہ مستقل طور پر آبرسانی کو بند کیا جائے۔

جناب والا۔ میں نے اس ترمیم کی رو سے درخواست کی ہے کہ اگر حکومت کسی مشین کو۔کسی ذریعہ آبپاشی یا آبرسانی کو عارضی طور پر بھی بند کرنے پر مجبور ہو یا مناسب سمجھے یا قرین مصلحت قرار دے تو اس صورت میں بھی مناسب معاوضہ دینا ضروری ہے یا اسکی بجائے کوئی متبادل ذریعہ آبرسانی مہیا کرنا ضروری ہے۔ جناب والا عارضی طور پر بند کرنے کی میعاد پر کوئی پابندی عائد نہیں کیگئی اور ہو سکتا ہے کہ یہ عارضی ممانعت ایک اچھے خاصے لمبے عرصے کیلئے ہو۔ تو ایسی صورت میں ان لوگوں کو ذریعہ آبرسانی سے اور ذریعہ آبپاشی سے محروم کرنا میں سمجھتا ہوں کہ کسی طرح بھی قرین مصلحت نہیں ہے۔ جب آپ مستقل ممانعت کی صورت میں معاوضہ دینے پر تیار ہیں تو کیا وجہ ہے کہ عارضی ممانعت میں معاوضہ دینے پر تیار نہیں؟ یعنی اگر ایک آدمی کو ہزاروں روپیہ کا نقصان ہوتا ہے تو اسکی تلافی پر آمادہ ہیں لیکن اگر پچاس یا سو روپیہ کا نقصان ہوتا ہے تو اسکی تلافی پر آمادہ نہیں۔ یہ کسی لحاظ سے جائز اور مناسب نہیں ہے۔ جناب والا! کوئی آدمی ایک ٹیوب ویل اچھی خاصی محنت کے بعد اور سرمایہ کے خرچ کے بعد لگاتا ہے اور پھر جب حکومت کسی بغض یا عناد کی بنا پر نہیں بلکہ in the wider interest of the people وسیع مفاد عامہ کے پیش نظر اسکو اس ٹیوب ویل سے

محروم کرنے پر مجبور ہوتی ہے تو جہاں تک اس فرد کا تعلق ہے ' اسکے ذاتی نقصان کا تعلق ہے ، اسکی تلافی ہونی لازمی ہے ۔ جب آپ ایک آدمی کے ۔ ' عارضی طور پر ہی سہی ، ۔ منصوبہ پر پانی پھیر دیتے ہیں اسکی تجویز کالعدم کر دیتے ہیں اسکا بنا بنایا کھیل بگاڑ دیتے ہیں تو اس صورت میں اسے معاوضہ کا حقدار کیوں نہیں ٹھہراتے ۔ قطع نظر اسکے کہ وہ معاوضہ ایک قلیل رقم ہو یا ایک معقول رقم ہو ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اصولی طور پر جب آپ مستقل ممانعت کی صورت میں معاوضہ دینے پر تیار ہیں اور متبادل ذرائع آبرسانی مہیا کرنے پر تیار ہیں تو عارضی ممانعت کی صورت میں بھی جائز ہے کہ معاوضہ دیا جائے ۔ آخر رعایا کے ایک فرد کو یہ سزا کیوں بھگتنی پڑے جبکہ اس نے جرم کوئی نہیں کیا ۔ اس نے سینکڑوں اور ہزاروں روپیہ ٹیوب ویل پر خرچ کیا ۔ اور بجلی کی سکیموں پر صرف کیا ۔ اور اس طریق سے اس نے پانی کی بہم رسانی کا اہتمام کیا ۔ اور وہ کچھ رقبہ آبپاشی کرتا ہے اور اس سے فائدہ اٹھاتا ہے ۔ آخر اسکو اس ذریعہ سے کیوں محروم کر دیا جائے اور پھر بلا معاوضہ اور بغیر متبادل ذریعہ آبرسانی مہیا کرنے کے؟ جناب والا میں درخواست کرونگا کہ اس ترمیم کو منظور کیا جائے یا نہ کیا جائے لیکن عزت مآب وزیر مال اسکے جواب میں اپنے ارشادات گرامی سے ضرور مستفید فرمائیں ۔ ہمیں یہ سننے کا اشتیاق ہے کہ وہ اس کے جواب میں کیا فرماتے ہیں ۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 26, sub-clause (5) the words "which shall also be awarded in case of temporary closing down" be added after the words "reasonable compensation" occurring in line 13, deleting the fullstop after "compensation.".

The motion was lost.

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Wednesday, the 7th May 1952.

124 PLA—450—25-10-52—SGPP, Lahore.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

FOURTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Wednesday, 7th May 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker (The Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

ALLOWANCES DRAWN BY COMMISSIONER, LAHORE DIVISION

***1036. Mian Manzoor Hassan** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the Commissioner, Lahore Division is functioning as Rehabilitation Commissioner, besides his other duties;

(*b*) what is the total amount of various allowances drawn by the said officer besides his basic pay?

Parliamentary Secretary (Ma'ik Qadir Bakhsh): (*a*) Yes.

(*b*) Rs. 400 per mensem is allowed as additional pay for holding dual charge.

AREA ALLOWED FOR THE CULTIVATION OF DESI COTTON IN THE LYALLPUR DISTRICT UNDER THE COTTON CONTROL ACT, 1949

***754. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the area allowed for the cultivation of Desi cotton in the Lyallpur district under the Cotton Control Act, 1949, is only 2 kanals per square;

(*b*) whether the average produce of Desi Cotton from two kanals is adequate to cope with the requirements of an average family for domestic consumption; if not, the action Government intend to take in the matter?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) and (*b*) Yes.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon : Is it a fact that the Cotton Control Act was meant to check the cultivation of Desi cotton?

Mr. Speaker : Disallowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : When the answer to part (*b*) is in the affirmative, what is the average yield of cotton from two kanals?

Minister : I require notice.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon : Is it a fact that the only people who have been inconvenienced by the Cotton Control Act are the cultivators and the factory owners have gone unpunished so far?

Minister: Factory owners, whenever they commit any offence, are also punished.

INDIGENOUS BREED OF COWS

*887. **Mian Abdul Haq :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(*a*) whether Government have ascertained the best indigenous breed of cows;

(*i*) giving the largest quantity of milk;

(*ii*) producing the best breed of bullocks;

(*b*) the largest quantity of milk that any cow has so far yielded in the province;

(*c*) the name of the breeder;

(*d*) the measures taken to encourage the breeding of that particular breed of cow and similar breeds of cows?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) (*i*) Sahiwal breed.

(*ii*) Dajal, Dhanni and Hariana breeds.

(*b*) 66 lbs. of milk daily.

(*c*) Khan Bahadur Sardar Dost Muhammad Khan Watto, Lessee of the Jahangirabad Cattle Farm, District Multan.

(*d*) *Sahiwal breed of cows.*—Land grants have been given in the home tract of this breed to maintain and breed cows and to issue pedigreed stock to interested breeders. Cash prizes have been awarded to the best animals of the breed in specially arranged shows.

Dhanni and Dajal cows, heifers and bulls—Liberal subsidies are paid to the breeders of these cattle.

Hissar-Hariana breed—The breeding tract of this breed having gone to Punjab (India), ways and means are being explored to preserve this breed, which was very popular before the partition.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکتے ہیں کہ cow breeding کو encourage کرنے کے لئے حکومت اراضیات دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔ یا نہیں۔

وزیر زراعت—ایک کمیٹی set up کی گئی ہے تا کہ وہ اسکو consider کرے اس کی recommendation آ جائیں تو پھر معلوم ہو سکے گا۔

چودھری محمد شفیق—اس کمیٹی کے کون کون سے ممبران ہیں؟

Mr. Speaker : It is irrelevant.

چودھری محمد شفیق—وہ کمیٹی کب تک اس معاملہ کو consider کریگی؟

وزیر زراعت— یہ سوال تو آپ کا ہمیشہ ہی ہوتا ہے۔

چودھری محمد شفیق — میرے سوال کا جواب نہیں دیا گیا۔ یہ ان کی پرانی چیز ہے کہ اس طرح کہہ کر ٹالنے کی کوشش کرتے ہیں۔

وزیر زراعت—جتنی جلدی ہو سکے گا وہ کمیٹی اس معاملہ کو consider کرے گی۔

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکینگے کہ اسے کتنا عرصہ لگ جائیگا۔

Mr. Speaker : Disallowed. He cannot give any definite date. No cross-examination can be allowed.

***888. Mian Abdul Haq :** I do not want to ask question No. *888 as it does not represent what I wanted to ask.

Mr. Speaker : Since the question, as printed, does not represent the correct state of facts, the honourable member does not want to ask the question as put.

DAMAGE TO COTTON BY TELA.

***889. Mian Abdul Haq :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state.—

(*a*) whether it is a fact that thousands of acres of cotton crop in the cotton growing districts of the Punjab were badly affected by Tela, in the year 1951; if so,

(*i*) the measures, if any, taken to cope with the calamity; and

(*ii*) the places where remedial measures were adopted and with what results?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) Yes, Sir: the damage is estimated at between 10 and 20 per cent.

(*i*) The attack of this pest is serious only in drought years when there is no rain. No requests were made by the cultivators to protect their crops against the disease. As the cost of such operations is paid by the cultivators, the Department of Agriculture could not take any measures on its own initiative.

(*ii*) Does not arise.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر زراعت بتا سکینگے کہ آیا ان کا محکمہ صرف request کرنے پر ہی کسی disease کا علاج کر سکتا ہے ؟

وزیر زراعت — یہ جواب تو ہوگیا ہے ۔

چودھری محمد شفیق — میرے سوال کو سن لیا جائے ۔ وہ یہ ہے کہ بغیر request کے محکمہ زراعت....

Mr. Speaker : The answer is there.

چودھری محمد شفیق — کیا وزیر زراعت بتا سکیں گے کہ حکومت اس قسم کی بیماری کا مقابلہ کرنے کے لئے بغیر request کے خود بخود initiative لے سکتی ہے یا نہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

مسٹر محمد امین — کیا آنریبل وزیر زراعت بتائیں گے کہ تیلے کے انسداد کے لئے کوئی اقدام کیا گیا ہے ؟

وزیرزراعت — اس کا جواب دیا جا چکا ہے ۔

مسٹر محمد امین — میرے سوال کا جواب نہیں ہے ۔

وزیر زراعت— کہا تو ہے کہ جس طرح سے locust کے لئے poison استعمال ہوتی ہے اسی طرح تیلے کے لئے انتظام ہوتا ہے۔ اس کا خرچ cultivators کو خود برداشت کرنا پڑتا ہے اب تک گورنمنٹ اس کی ذمہ دار نہیں۔ cultivators اپنی طرف سے درخواست کرتے ہیں اور پھر انتظام کیا جاتا ہے۔

چودھری محمد شفیق —کیا حکومت اس بیماری کو رفع کرنے کی ذمہ داری لینے کے لئے تیار ہے یا نہیں؟

Mr. Speaker : It is a matter for a resolution.

GRANT RECEIVED FROM CENTRAL GOVERNMENT FOR DEVELOPMENT OF AGRICULTURE

***1011. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(*a*) whether any grant has been received from the Central Government for the development of Agriculture; if so, the amount of the grant;

(*b*) how this amount has been spent or proposed to be spent and when?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) Yes, a number of such grants has been received from the Central Government for the development of Agriculture by way of 50 per cent financial assistance. Two of the more important of these are—

(1) Rs. 4,50,000 for the purification of Pak-American Cotton in the Punjab by supplying pure seed to cultivators, and

(2) Rs. 10,18,500 for the sinking of 100 tube-wells in the Punjab.

(*b*) The grant of Rs. 4,50,000 has already been spent, the grant of Rs. 10,18,500 for the installation of 100 tube-wells will be utilized as soon as the required machinery and stores become available. Indents have already been placed.

چودھری محمد شفیق —کیا آنریبل وزیر زراعت یہ بتلا سکتے ہیں کہ آیا یہ چیز درست ہے کہ محکمہ زراعت beneficient ہونے کے بجائے منافع پیدا کرنے کا ڈیپارٹمنٹ ہے؟

Mr. Speaker : Disallowed.

SLAUGHTER OF USEFUL CATTLE

***1013. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the steps being taken by him to stop the slaughter of useful cattle in the Province;

(*b*) what success has been achieved by those methods so far?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) The District Magistrates in the Punjab have already been authorised to ban the slaughter of certain categories of cattle in their respective jurisdictions under section 144, Criminal Procedure Code. Government have under consideration the question of introducing legislation to control the slaughter of useful cattle in the province.

(*b*) Exact figures are not available, but it can be said that the incidence of indiscriminate slaughter of certain categories of useful cattle has been considerably reduced.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت بتلا سکتے ہیں کہ دفعہ ۱۴۴ کی کس شق کے ماتحت slaughter کو بند کیا جا سکتا ہے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

شیخ محمد امین—کیا ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کی اس کارروائی کی وجہ سے live stock کی position بہتر ہو گئی ہے ؟

Mr. Speaker : The answer has already been given.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر بتلا سکتے ہیں کہ slaughter کو بند کرنے کے لئے پنجاب کے کس کس ضلع میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کیا گیا ہے ؟

Minister : I want notice for that question.

SCHOOLS IN MONTGOMERY DISTRICT

*914. **Rana Ghulam Sabir Khan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the present population of the Montgomery district;

(*b*) the number of Government District Board and Private Schools of the Middle and High Standard in the district?

(*c*) whether it is a fact that the Government intend opening new schools at central places in the district; if so, when, if not, why not?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) 1,331, 361: according to the recent census.

	Number of High Schools	*Number of Middle Schools*
(*b*) (*i*) Government Schools	7	*Nil.*
(*ii*) Local Body Schools ..	9	53
(*iii*) Privately managed schools ..	6	1

(*c*) There is no proposal with the Department to open new schools at the central places of Montgomery district particularly, but while selecting places for locating new schools to be opened in the year 1952-53, the case of Montgomery district will be considered along with other cases.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر تعلیم بتلا سکتے ہیں کہ آیا سکولوں کی جو تعداد انہوں نے بتائی ہے وہ آبادی کے لحاظ سے کافی ہے ؟

Mr. Speaker : Matter of opinion. Disllowed.

رانا غلام صابر خاں—کیا وزیر متعلقہ از راہ کرم بیان فرمائینگے کہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے مڈل سکول کو ہائی سکول بنانے کے لئے پبلک کو کتنا پیسہ دینا پڑتا ہے ؟

Mr. Speaker : Does not arise out of the answer given. Disallowed.

رانا غلام صابر خاں —کیا وزیر متعلقہ از راہ کرم بیان فرما سکتے ہیں کہ اگر پبلک کسی جگہ عمارات وغیرہ مہیا کر دے تو پھر وہ اس بات پر غور کرنے کے لئے تیار ہیں کہ وہاں ہائی سکول کھول دیا جائے ؟

Mr. Speaker : Does not arise out of the answer given. Disallowed. Supplementary questions must be for the elucidation of the answer given. The information given by the Honourable Minister does not require any elucidation.

HOSPITALS AND DISPENSARIES IN THE MONTGOMERY DISTRICT

***915. Rana Ghulam Sabir Khan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the number of Government Hospitals and Dispensaries in the Montgomery district;

(*b*) whether the Government intend to increase their number; if so, when ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) 11.

(*b*) Yes, as soon as the scheme for opening of new dispensaries during the next 3 years in the Province, which is under contemplation of Government, is sanctioned, the Montgomery district will get its quota which has not yet been fixed.

چودھری محمد شفیق —کیا آنریبل وزیر تعلیم بتلا سکتے ہیں کہ آیا اس قسم کی کوئی سکیم ان کے زیر غور ہے کہ یونانی ڈسپنسریاں کھول دی جائیں ؟

Mr. Speaker : Fresh question. Disllowed.

PERIODICALS, JOURNALS AND NEWSPAPERS SUBSCRIBED BY DISTRICT BOARD, RAWALPINDI FOR SCHOOLS

***1031. Raja Ahmad Ali :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state—

(*a*) the names of periodicals, journals and newspapers, subscribed by District Board, Rawalpindi for schools in the district, and the amount spent in each individual case during the year 1951-52;

(*b*) the total amount spent on advertisements by the said District Board during the financial year ending the 31st March 1952;

(*c*) the names of newspapers, etc., in which the advertisements were inserted and the amount paid to each newspaper for this purpose during the year 1951-52?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti :—

	Rs.	A.	P.
(*a*) *Jadid Parwaz*, Rawalpindi	745	9	6
Akhbar Talim, Lahore	240	0	0
(*b*) Rs. 694-14-0			
(*c*) *The Basant*, Rawalpindi	165	14	0
The Tamir, Rawalpindi	170	2	0
The Jadid Parwaz, Rawalpindi	279	0	0
The Pakistan Times, *Lahore*	29	7	0
The Zamindar, Lahore	50	7	0

AID TO MIDDLE SCHOOL AT 97/6-R IN MONTGOMERY DISTRICT

*1043. **Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state—

(a) whether the Government has granted aid to the Middle School at 97/6-R in Montgomery district; if so, when;

(b) whether any teacher for imparting religious instruction to students has been appointed in that school during the last two years; if not, why not, and what steps the Government intend to take in the matter;

(c) whether necessary Science appartus and a library have been provided in the school; if not, why not, and when do the Government intend to do the needful in the matter;

(d) what was the total number of students in the middle classes and the total fee realised from them in 1951-52;

(e) what categories of furniture are supplied in the school and the total amount spent on furniture in the year 1951-52;

(h) whether the furniture is sufficient for the requirements of the students in this school, if not, what steps the Government intend to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (a) This is a District Board School. The Government aid for expenditure on all District Board Schools is received by the District Board.

(b) The existing staff is being utilized for the purpose.

(c) Necessary arrangements are being made.

(d) 133 and fee realised from them is Rs. 2,046-6-0.

(e) The necessary school furniture has been supplied and the total amount spent on it, during 1951-52, is Rs. 700.

(h) Yes.

STAFF OF MIDDLE SCHOOL, 97/6-R, MONTGOMERY DISTRICT

*1044. **Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state—

(a) whether the staff in the Middle School at 97/6-R, Montgomery district is sufficient to cope with the number of students studying there. If not, what steps have the Government taken in the matter;

(b) what arrangements for the supply of drinking water to students have been made in this school;

(c) whether the allowance sanctioned for the supply of drinking water to students in this school is adequate; if not, what steps the Government intend to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (a) Yes.

(b) Water allowance has been sanctioned for the school according to the existing rate in the Montgomery district.

(c) Yes.

BUILDING OF THE SCHOOL AT CHAK NO. 97/6-R IN MONTGOMERY DISTRICT

*1045. **Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state—

(a) whether it is a fact that the public of Chak No. 97/6-R have built the building of the school at their own expense and nothing was granted for this purpose by the District Board or the Government;

(b) whether it is a fact that the school is situated at a central place in the midst of 6-R, villages and the people of the ilaqa have made repeated requests to Government for raising it to the High Standard; if so, the action Government intend to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (a) The public of Chak No. 97/6-R have extended the School building by adding two rooms and a verandah. They had agreed to make this extension, if their school was raised to the Upper Middle Status.

(b) Yes. It is being considered along with others.

ANGLO-VERNACULAR MIDDLE SCHOOLS.

***1055. Chaudhri Mehtab Khan:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether the Government have opened any Anglo-Vernacular Middle Schools, after partition for providing educational facilities to the children of persons living in the border areas of the Lahore district. If so, where these schools have been located?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : No. However, the following schools are within easy reach of the border villages of the Lahore District:—

(1) Government High School, Baghbanpura.
(2) Government Girls High School, Baghbanpura.
(3) Government High School, Kasur.
(4) Government Girls High School, Kasur.
(5) Akbar High School, Batapur, Jallo.
(6) District Board High School, Lulliani.
(7) District Board High School, Kanganpur.
(8) District Board High School, Khudian.
(9) District Board Middle School, Bedian.
(10) District Board Middle School, Chithianwala.
(11) District Board Middle School, Hadiara.
(12) District Board Middle School, Sehjra.
(13) District Board Middle School, Jhaman.

If the honourable member thinks that a particular place necessarily needs a school, the proposal can be examined.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: Whether it is a fact that there is no primary school in Baghbanpura and the people are clamouring for it?

وزیر تعلیم— میں دریافت کر کے بتاونگا۔

جہاں آرا بیگم شاہنواز— اگر ایسا ہو تو مہربانی کر کے اس پر غور فرمائیے کہ وہاں جلد از جلد ایک پرائمری سکول کھول دیا جائے۔

وزیر تعلیم— لازمی طور پر۔

KHARABA REMISSION

***755. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state whether it is a fact that rules and regulations governing the grant of kharaba remission are not uniform in the province; if so, the reasons therefor and the action, if any, Government propose to take in the matter?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chatha : Rules and regulations governing the grant of kharaba remission are not uniform throughout the province. In the non-nahri areas or the areas irrigated by inundation canals the kharaba remissions are given according to the Revenue Department system as laid down in the Dastur-ul-Amls of the districts concerned, according to which generally full, half or quarter remission is given depending upon the various limits of yield. In certain localities, slightly different rates prevail in view of local circumstances. On the other hand, in the areas where assured supply is given through weir controlled canals the kharaba remission is granted according to the rules issued under the Canal and Drainage Act (VIII) of 1873, which ordinarily provide for full remission if yield in a field is less than 4-anna crop. Reasons for disparity between the land revenue and water rate remissions are that land revenue is a sovereign right of the State and the State can forego its dues rather liberally when circumstances so require, while abiana is the cost of the water supplied, on which the State has to spend a very huge amount in making arrangements for irrigation. The expenditure thus incurred has, therefore, to be re-imbursed to the State, if the canal system has to be kept going and the State cannot be too much liberal in this case. It is, therefore, obvious that the two set of rules cannot be uniform, nor is it advisable to do so.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema The Honourable Minister has stated that in certain localities, slightly different rates prevail in view of local circumstances. May I know what are those local circumstances.

Parliamentary Secretary : (Sheikh Zafar Hussain): That is the quality of the land.

LAND GIVEN TO PROPRIETORS OF AREAS AFFECTED BY SEM AND THUR

***1033. Rana Ghulam Sabir Khan :** Will the Honourable Minister of Resettlement and Colonies be pleased to state—

(*a*) whether any land has been given to the proprietors of the areas affected by sem and thur in the Province; if so, will he be pleased to lay on the table a statement giving particulars in this respect;

(*b*) how many families of Kimma Islampura, Thana Renala Khurd, Montgomery district whose land had been affected by sem and thur have been granted land in the Province with their location;

(*c*) how many cases of a similar nature are under the consideration of Government at present?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : It is regretted that reply is not ready. Information is being collected and the Assembly Question will be answered when complete information is available.

SCHEME FOR CONSTRUCTING A DAM ON THE CHACHALI STREAM

***1103. Khan Abdus Sattar Khan Niazi :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state whether it is a fact that the Punjab Government had prepared a scheme for constructing a dam on the Chachali stream to irrigate the Police Station area of Kaman Muchani in Tehsil Isakhel; if so, when the scheme is likely to be implemented?

Parliamentary Secretary (Sheikh Z far Hussain): No detailed scheme has so far been prepared by the Punjab Government for constructing dam at Chachali stream. A preliminary survey done in 1945, however, shows that a suitable dam site is available at Kotki, but preliminary investigations showed that the Scheme was uneconomical and, therefore, not pursued further. The revision of the Scheme is in hand and the question of its implementation will be decided on merits.

خان عبدالستار خان نیازی — کیا وزیر متعلقہ یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ رپورٹ کہ یہ نفع رساں نہیں ہے کیا یہ پہلی حکومتوں کا opinion ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ ایکسپرٹس کا opinion ہے۔

IRRIGATION OF DAUD KHEL ZAIL

*1104. **Khan Abdus Sattar Khan Niazi :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state—

(a) whether it is a fact that the area left dry by the Thal Project in Daud Khel Zail can be irrigated. If so, how;

(b) whether it is a fact that Irrigation authorities have surveyed the ilaqa mentioned in (a) above and worked out details in this connection; if so, when will the scheme be given a practical shape and if not, why not?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chatha : (a) The area in question can be brought under irrigation only by either lifting canal water or by pumping from tube-wells.

(b) Preliminary survey done in connection with Mianwali Hydel Scheme shows that there is an area of approximately one lac acres lying on both sides of the Thal Main Line which could be brought under irrigation by lifting water. The scheme cannot be taken up till (i) cheap hydel power is available which will be possible after Mianwali Hydel Scheme is commissioned and (ii) more supplies are allocated to the Punjab from the Indus River. At present the Thal Canal is allocated 6,000 cusecs which is already committed for the area lying within the irrigation boundary fixed for the Project.

خان عبدالستار خان نیازی — کیا وزیر متعلقہ بتا سکتے ہیں کہ ہائیڈل سکیم پر کب تک عملدرآمد ہو جائیگا ؟

وزیر مال — ہم کوشش کرینگے کہ چار سال میں مکمل ہو جائے۔

خان عبدالستار خان نیازی — کیا وزیر مال یہ محسوس نہیں کرتے کہ جب تک ہائیڈل سکیم مکمل نہیں ہوتی ٹیوب ویل لگا کر اس علاقے کو آباد کیا جائے ؟

وزیر مال — میں محسوس کرتا ہوں کہ اس رقبہ کو ذرائع آبپاشی مہیا کرنے چاہئیں مگر ہماری مالی استعداد کے پیش نظر میری رائے میں اس کام کو اس وقت شروع کرنا ممکن نہ ہوگا۔

خان عبدالستار خان نیازی — کیا وزیر مال اسکی وجہ بتا سکتے ہیں کہ اس زرخیز زمین کے متعلق تو اقتصادی مسئلہ آپکے سامنے آ گیا لیکن ریت کا علاقہ آباد کرتے ہوئے یہ مسئلہ آپکے سامنے نہ آیا ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

SCHEME FOR CONSTRUCTING A DAM UPON THE GAMBIR STREAM

*1105. **Khan Abdus Sattar Khan Niazi :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state—

(a) whether it is a fact that the Punjab Government have prepared a scheme for constructing a dam upon the Gambir Stream to irrigate a considerable area in Campbellpur as well as the adjoining areas in Police Station Chikrala, Mianwali district;

(b) whether it is a fact that the land-holders of the ilaqa mentioned in (a) above have offered to contribute towards the expenditure required for the construction of the said dam and to give their landed property for the pond area; if so, the action Government intend to take in the matter?

Parliamentary Secretary (Sheikh Za'ar Hussain): No detailed scheme regarding the construction of a dam on Gambir Stream has been prepared so far. Preliminary surveys carried out in 1945 showed that a suitable dam site near village Changa is available. The cost of the dam being very high rendering the scheme uneconomical the idea was dropped.

(b) The offer of the land-holders of the ilaqa regarding the contribution towards the expenditure is not known. The scheme is, however, under review and its implementation will be decided on merits.

خان عبدالستار خان نیازی —کیا آنریبل وزیر مال نے کہتے ہوئے اس چیز کو پیش نظر رکھا کہ نجی طور پر جو بند uneconomical آن لوگوں نے بنائے وہ economical ہیں یا uneconomical?

وزیر مال—میرا جواب ایسے ماہرین کی رائے پر مبنی ہے جنہوں نے تھل جیسے صحرا کو بھی زر خیز بنا دیا ہے۔

Khan Abdus Sattar Khan Niazi : You are living in a fool's paradise. You have made a mess of everything.

REPRESENTATIONS TO MAKE THE JAGU KOTLA ARBILA KAHN KACHA ROAD IN THE GUJRAT DISTRICT, A "B CLASS" ROAD

*831. **Chaudhri Gul Nawaz Khan :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state—

(a) whether the Government has received representations from the local people to make the Jagu Kotla Arbila Khan Kacha road in the Gujrat district a "B" Class road, if so, what action has been taken or is intended to be taken in the matter?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari : (a) No.

FARE CHARGED BY TRANSPORT COMPANIES ON JHELUM-MIRPUR ROAD

*832. **Chaudhri Gul Nawaz Khan :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state—

(a) the fare rate charged by the Transport Companies on Jhelum-Mirpur road;

(b) whether Government have received representations against the charge of Rs. 1-8-0 per passenger for a distance of only 12 miles on the pacca road;

(c) whether this fare rate is in conformity with the rate fixed by Government; if so, the action Government intends taking in the matter?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari : (a) This information is not available because under the agreement between this Government

and Azad Kashmir Government, the Jhelum-Mirpur route is under the exclusive charge of the Azad Kashmir Transport Authorities and this Government have no jurisdiction in the matter at all.

(b) No such representation has been received by this Government.

(c) In view of (a) and (b) above this question does not arise.

TENDER FOR CONSTRUCTION OF GIRLS SCHOOL, KAHUTA, RAWALPINDI DISTRICT

***1032. Raja Ahmad Ali :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state—

(a) whether any tenders were called for during the year 1951-52 for the construction of Girls School at Kahuta in the Rawalpindi district; if so, on what rates, if not, why not;

(b) whether it is a fact that the construction of the School mentioned in (a) above has not been taken in hand so far; if so, the reasons therefor and when is a beginning to be made?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari : (a) Tenders for the construction of Government Girls High School were called in March 1951, June 1951, and February 1952.

(b) Yes. The reasons for not starting the work are:—

(1) The rates received in the first two attempts were prohibitive.

(2) The site originally selected was later changed by the Education Department to meet local objections.

The new site selected in consultation with the local Education Officers is an evacuee property and steps are being taken to acquire it. The work will be taken in hand immediately on taking the possession of land.

VILLAGES FOR ALLOTMENT OF PETTY LAND-HOLDERS IN THAL AREA

***753. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Government has earmarked 130 villages in the Thal area for allotment to petty land-holders; if so, how does the Government propose to select deserving suitable persons for the allotment of land in these 130 villages;

(b) the date on which the Government propose to take up this work;

(c) whether the Government propose to give special consideration to the case of villages situated upstream near the head-reaches of the Khanki Head-works; if not, the reasons therefor?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : (a) 130 chaks in the Thal have been reserved for allotment to petty local peasant proprietors whose holdings of culturable land have been reduced to less than 5 acres in each case on account of damage by *sem*, *thur*, or river action. The selection of the colonists will be made on merit from this class of persons by the Deputy Commissioners/Colonization Officers.

(b) No date can be fixed at this stage. Statistics pertaining to the aforementioned class of persons are being collected and the work of the selection of the colonists will be taken up as soon as statistics have been collected.

(c) The selection of colonists will be made by local officers on merit. The question of giving special consideration to any particular locality does not arise.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر مہاجرین بتلا سکتے ہیں کہ انتخاب کرتے وقت محاسن دیکھنے کیلئے کس قسم کی سفارش کی ضرورت ہوتی ہے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: What will be the area in a chak?

Minister : Nearly 50 families will be settled in a chak and one family will be given 15 acres. It comes to 750 acres.

RENT OF EVACUEE HOUSES IN GUJRANWALA TOWN

***946. Mian Manzoor Hassan :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that rent of evacuee houses in Gujranwala town has been assessed at a higher rate as compared with that of other towns in the Province;

(*b*) whether it is a fact that the rent of evacuee houses in Gujranwala town has been assessed on the basis of the assessment made by the Taxation Department before partition for the purpose of levying property tax; if so, whether the Government is prepared to re-assess the rents of evacuee houses; if not, why not?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : (*a*) The rent of evacuee houses in the town of Gujranwala has been assessed on the basis of the assessment of the Taxation Department. It is presumed that the Taxation Department has followed the same procedure and principles in the assessment of immovable property in the different towns of the Province.

(*b*) The assessment is of prepartition period and the grant of liberal general rebate (33⅓ per cent in all property and 40 per cent in houses occupied by refugees) is intended to bring it in conformity with the prevailing market value.

EJECTMENT OF REFUGEES FROM HOUSES IN GUJRANWALA FOR INABILITY TO PAY ARREARS OF RENT.

***1035. Mian Manzoor Hassan :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that those refugees and locals are being ejected from the houses allotted to them in Gujranwala town, who express their inability to make payment of the arrears of the rent due from them in a lump sum;

(*b*) whether it is also a fact that the above mentioned allottees have been refused permission to make payment of the arrears of rent in monthly instalments?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : (*a* and *b*) No such instance has come to the notice of the Government. Clear instructions have already been issued to the effect that the occupants of evacuee houses should pay 15 days rent by way of clearance of arrears in addition to the current month's rent demand.

Syed Shamim Husain Qadri : Is it a fact that when a person is ejected from a house and when he wants to file an appeal to A. R. C. M., he is asked to deposit the entire rent before his appeal can be considered?

Minister : That was the previous practice but now A. R. Cs. have been asked to act according to the changed rules.

Syed Shamim Husain Qadri : Is it a fact that this practice is even now resorted to?

Minister : I will make inquiries about it.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر متعلقہ کے علم میں ہے کہ جو ہدایات ان کی طرف سے ان معاملات پر جاری ہوتی ہیں ان پر D. R. C. صاحبان عمل پیرا نہیں ہو رہے ؟

وزیر—عمل پیرا ہو رہے ہیں۔ اگر ان کے علم میں کوئی بات ہو تو وہ میرے نوٹس میں لا سکتے ہیں۔

مسٹر محمد امین—آنریبل منسٹر صاحب نے پچھلے کرایہ کی وصولی کے لئے کیا ارشاد فرمایا ہے ؟

وزیر—اسکے متعلق یہ ہدایات ہیں کہ ہر ماہ کے کرائے کے ساتھ پندرہ دن کا بقایا کرایہ وصول کیا جائے۔

Syed Shamim Husain Qadri : Will the Honourable Minister take any action against the infringement of these rules?

Minister : If anything is brought to my notice I will certainly take action.

EXPERIMENTAL FRUIT ORCHARDS IN THAL AREA.

***1012. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state if the Agriculture Department has established any experimental fruit orchards in Thal area; if so, (*i*) the area of such fruit orchards,

(*ii*) the varieties of fruits which are under experiment in those orchards,
(*iii*) the area under each variety?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : (*i*) The Thal Development Authority has earmarked an area of 2, 790 acres for fruit orchards in the Thal Project Colony.

(*ii*) Citrus, mango, guava, falsa, hilawi, dates, beri and pomegranate are being tried.

		Per cent.
(*iii*)	Citrus ..	25
	Mango ..	15
	Dates ..	35
	Guava ..	10
	Pomegranate ..	10
	Falsa, beri and miscellaneous ..	5

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon : It is not in answer to my question. I have not asked how much area has been earmarked. I have asked how much area has actually been put under fruit orchards.

Minister : I have said that so many acres have been reserved for this purpose and are being utilised.

Mr. Speaker : The honourable member can put in a fresh question if he wants a detailed information.

REHABILITATION COMMITTEE.

***1056. Chaudhri Mehtab Khan :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state —

(*a*) the number of meetings held so far by the Rehabilitation Committee constituted from among the Punjab M. L. A.'s;

(*b*) whether any action has so far been taken on the recommendations of the Committee with regard to the Rehabilitation work: if not, the reasons therefor?

The Honourable Sheikh Fazal Ilahi Piracha : (*a*) No Rehabilitation Committee was ever constituted. The Honourable Member perhaps refers to the meetings of the Rehabilitation Consultative Committee of the Muslim League M. L. A.'s, which was called twice to discuss certain matters of policy regarding rehabilitation.

(*b*) The policy matters were discussed and the results of the discussions are being implemented.

Syed Shamim Husain Qadri : Is the Honourable Minister prepared to constitute such a committee of M. L. A.'s,

Minister : If considered necessary.

چودھری مہتاب خان — کیا آنریبل وزیر بحالیات یہ بتلا سکتے ہیں کہ اس کمیٹی کی آخری میٹنگ کب ہوئی تھی ؟

وزیر اعلیٰ — دراصل یہ معاملہ مسلم لیگ کے نجی معاملات میں سے ہے - یہاں پر اس بارے میں بحث مباحثہ نہیں ہو سکتا -

---

CLOTH MILL FOR KALA IN JHELUM DISTRICT

***833. Chaudhri Gul Nawaz Khan :** Will the Hon'ble Minister of Development be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that Government intends to establish a cloth mill at Kala in the Jhelum district ;

(*b*) whether it is a fact that the sole object of establishing this mill is to find work for ex-servicemen;

(*c*) whether it is a fact that at first it was intended to establish the mill at Sarai Alamgir; if so, the reasons abandoning the idea?

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi : (*a*) No. A cloth mill at Kala is, however, being set up by the Punjab Post War Services Reconstruction Fund which is an Endowment settled under the Charitable Endowment Act. This Fund has an independent Committee of Administration which does not form part of the Punjab Government.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes, but it was given up as suitable area was not available and a railway siding could not be arranged.

SHORT NOTICE QUESTION

MIDDLE SCHOOL EXAMINATION

***1125. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that only 47 per cent boys have passed the Middle School Examination held this year; if so, the reasons therefor?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : Pass percentage of the result of the Middle School Examination for Boys, 1952, is 47·9 and not 47.

Reasons for this low pass percentage are :—

(*i*) General Knowledge which was an optional subject in the past years was made compulsory this year under the New Scheme of Studies. A large number of candidates have failed in this subject.

(*ii*) Improvem nt in the system of supervision of the examination centres has reduced the chances of the use of unfair means by the candidates.

(*iii*) The Local Body Teachers remained on strike for about a month just before the examination. This adversely affected the studies of the students.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Why the reasons are conjectural? Is the Minister not sure about the reasons?

Minister : I said I would find out the reasons. As to what is the cause that can only be conjectured. Nobody can with authenticity say that this was the cause which resulted in low percentage. It is only so far that I can help the hon'ble member.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is it not a fact that one of the main causes of low percentage is the deterioration in the standard of instruction in our schools?

Minister : That may be your opinion.

Begum Zeenat Jahan : Also due to mushroom growth of privats schools (*laughter*).

***Mian Abdul Bari :** Is it not the duty of the Government to assess the real reasons and to find out the real reasons of low percentage?

وزیر اعلیٰ— اس چیز کی اصل وجوہات تو بتلائی نہیں جا سکتیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس سال ناقابل طلباء کی زیادہ تعداد ہو گئی ہو۔ یا کوئی اور وجہ ہو۔ اس لئے بغیر conjecture کے کچھ کہا نہیں جا سکتا۔

میاں عبدالباری— میں نے تو یہ سوال کیا تھا کہ کیا یہ حکام کا فرض نہیں ہے کہ وہ اس چیز کی اصل وجہ دریافت کریں کہ اس کی اصل حقیقت کیا ہے ؟

Mr. Speaker : "Asl haqiqat" cannot be found.

Mian Abdul Bari : If it is not found, it can be found.

وزیر — حکومت کا اتنا ہی فرض ہے کہ دماغ کو صحیح طور پر استعمال کرے جتنا کہ آپ کا بھی فرض ہے۔

میاں عبدالباری — دماغ صحیح طور پر استعمال نہیں کیا جاتا۔ (قطع کلامیاں)۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین—کیا اسکی وجہ طریقہ تعلیم میں خامی نہیں ہے ؟

صادب سپیکر— یہ انفرادی رائے کا معاملہ ہے۔

چودھری محمد شفیع —کیا آنریبل وزیر تعلیم اسکی وجوہات معلوم کرنے کے واسطے انکوائری کرنے کے لئے تیار ہیں ؟

وزیر — میں نے واضح طور پر اس چیز کا جواب دیدیا ہے کہ اسکی جتنی بھی وجوہات ہو سکتی ہیں وہ سب کی سب قیاسی ہیں۔ اور یہ تو ناممکن ہے کہ میں اسکی وجہ معلوم کرنے کے لئے ہر لڑکے کا ہسٹری شیٹ کھلواؤں اور دیکھوں کہ یہ کس جگہ کا رہنے والا ہے۔ اسکے والدین کی کیا کیفیت ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ (قطع کلامیاں۔)

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : What measures do Government propose to take to obviate the recurrence of similar results?

Mr. Speaker : It is a matter of opinion. Disallowed. On the contrary the question is about the raising of the standard.

EXEMPTION FROM THE RLUE "SITTING OF THE ASSEMBLY"

Chief Minister : Sir, under Rule 12 (c) of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure I beg to move—

> That the proceedings on the consideration of the Punjab Soil Reclamation Bill be exempted at this day's sitting from the provisions of the rule "Sitting of the Assembly".

The motion was carried.

PUNJAB SOIL RECLAMATION

Mr. Speaker : We were considering clause 26 of the Punjab Soil Reclamation Bill yesterday. Mian Abdul Bari has given notice for deletion of this clause. He can oppose it, if he likes.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر۔ کلاز ۲۶ اس بل میں ایسی کلاز ہے جو اس مقصد کیلئے نہایت مضر ہے جس کیلئے یہ بل منظور کیا جا رہا ہے۔ کل جناب وزیر مال نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ مسودہ قانون طبیبانہ ہے۔ میں جناب کی وساطت سے انکی اور اس معزز ایوان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ نسخہ بجائے فائدہ دینے کے مریض کیلئے نہایت نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اب میں وہ نسخہ آپکے سامنے پڑھے دیتا ہوں —

"جونہی کہ کسی مقامی رقبہ یا اس کے کسی حصہ کے لئے کوئی اسکیم منظور کی جائے جیسا کہ دفعہ ۲۲ کی تحتی دفعہ (۱) میں اعلان کیا گیا ہے اس رقبہ میں زیر زمین پانی کا استعمال ماسوائے خانگی مقاصد کے یا مویشیوں کو پانی پلانے کیلئے بورڈ کے کنٹرول میں آ جائیگا۔ بورڈ مختلف رقبہ جات کے لئے وقتاً فوقتاً ان طریق ہائے استعمال کی تعریف کیلئے قواعد مرتب کرے گا جو اصطلاح "خانگی مقاصد یا مویشیوں کو پانی پلانے" میں شامل ہیں"۔

اس کے بعد شق نمبر ۲ ہے۔ جس میں لکھا ہے —

"دفعہ ۲۲ کی تحتی دفعہ (۱) کے تحت اعلان جاری کرنے کے بعد جس قدر جلد ممکن العمل ہو۔ کلکٹر متعلقہ رقبہ کے سہل مقامات پر عام نوٹس دلائیگا جس میں یہ مذکور ہوگا کہ مذکورہ علاقہ میں زیر زمین پانی کے استعمال پر کنٹرول عائد کیا جاتا ہے۔ اور تمام اشخاص جو زیر زمین پانی کو خانگی مقاصد یا مویشیوں کو پانی پلانے کے مقصد کے لئے بجلی۔ بھاپ۔ تیل یا قوت باد سے چلنے والے ٹیوب ویلز۔ کنوؤں یا دیگر آلات کے ذریعہ استعمال کر رہے ہوں۔ کو ایسے ایسے ٹیوب ویلز۔ کوئیں یا دیگر طریقے کو جو اعلان کی تاریخ پر موجود ہوں کا کلکٹر یا ڈویژنل کینال افسر کے دفتر میں جس طرح کہ ہدایت کی جائے۔ ایسے عرصہ کے اندر رجسٹر کرا لینے چاہیئیں جو ایسی اطلاع عام کے اجرا کی تاریخ کے بعد تین ماہ سے زائد نہ ہو"۔

جناب والا۔ پھر شق نمبر ۳ ملاحظہ ہو۔ اس میں لکھا ہے —

"اس دفعہ کی تحتی دفعہ (۲) کے تحت نوٹس کی اشاعت کے بعد زمین کا قابض یا مالک جو زیر زمین پانیوں کو خانگی مقاصد یا مویشیوں کو پانی پلانے کے مقصد کے علاوہ دیگر مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی خاطر بجلی۔ بھاپ۔ تیل یا قوت باد سے چلنے والا نیا ٹیوب ویل یا کنواں لگانا چاہتا ہو۔ لائسنس کے لئے بورڈ کو درخواست دیگا۔ بورڈ حکومت کی منظوری سے لائسنس کی فارم۔ اس کی شرائط اور ان افسران جو اس کے عطا کرنے کے مجاز ہوں گے کی تشخیص کا فیصلہ کرنے کیلئے قواعد مرتب کریگا۔ یہ قواعد لائسنس کے اجرا سے پیشتر درخواست دہندہ سے اس امر کی گارنٹی حاصل کئے جانے کا بھی اہتمام کرینگے کہ اگر بورڈ کی رائے میں اس کی مشین نصب ہونے کے چھ ماہ کے اندر زیر زمین پانیوں کے موجودہ استعمال پر بری طرح اثر انداز ہو رہی ہو تو وہ یا تو لائسنس سے دستبردار ہو جائیگا۔ یا زر معاوضہ ادا کریگا جس طرح کہ کلکٹر اس کی تشخیص کرے"۔

آگے چوتھی شق آتی ہے۔ اس میں لکھا ہے —

''کسی ٹیوب ویل کی تعمیر یا زیر زمین پانی کے استعمال یا اخراج کیلئے لگائی گئی کسی مشین۔ اگر مذکورہ بورڈ کے مجوزہ طریق کے مطابق نصب یا استعمال کی گئی ہو۔ کے چلنے سے لائسنس یافتہ شخص کی مشین پر برے اثرات پڑنے کی وجہ سے بورڈ حکومت یا کسی اور شخص کے خلاف ہرجانہ کا دعوے یا مقدمہ دائر نہیں ہو سکیگا''۔

پانچویں شق یہ ہے —

''اس علاقہ میں جس کے لئے اسکیم منظور کی گئی ہو۔ بورڈ زیر زمین پانیوں کے استعمال کے لئے بھاپ۔ تیل یا قوت باد سے چلنے والے کسی ٹیوب ویل یا کوئیں کو عارضی طور پر بند کرنے کا حکم دینے کا مجاز ہوگا۔ مگر شرط یہ ہے کہ ایسے حکم کی رو سے زمین کے کسی قابض یا مالک کو خانگی مقاصد کے لئے یا مویشیوں کو پانی پلانے کے مقصد کیلئے زیر زمین پانیوں کے استعمال کی ممانعت نہیں کی جائیگی۔ ان صورتوں میں جب کہ مستقل طور پر بند کئے جانے کا حکم دیا جائے۔ بورڈ یا تو پانی کی بہم رسانی کا کوئی متبادل ذریعہ مہیا کرنے یا معقول زر معاوضہ دینے کا مجاز ہو گا۔ ایسے زر معاوضہ کا تعین کرنے کیلئے۔ بند کئے جانے کے حکم کے اجرا کے وقت اس جائداد جس کیلئے زر معاوضہ کا مطالبہ کیا جائے۔ کے بازاری نرخ کی کمی کو ملحوظ رکھا جائیگا۔ اور اس صورت میں جب کہ بازاری نرخ معلوم نہ ہو سکے یہ رقم مذکورہ طریق پر بند کئے جانے کی وجہ سے ایسی جائداد کے کل سالانہ منافع میں کمی کی رقم کا بارہ گنا شمار کی جائیگی''۔

جناب والا۔ اب میں آپ کے سامنے چھٹی شق پڑھتا ہوں —

''کلکٹر جو درخواستیں وصول کریگا۔ کسی ایسے مطالبہ کی تحقیقات کرنے کیلئے اور معاوضہ کی رقم۔ اگر کوئی ہو جو مدعی کو دی جانی چاہیئے۔ کے تعین کیلئے کارروائی کریگا اور ایکٹ حصول اراضی مصدرہ ۱۸۹۴ء جیسا کہ اس میں ایکٹ ھذا کے ذریعے رد و بدل کیا گیا ہے کی دفعات ۸

سے ۱۱ (بشمول ہر دو) ۲۵ سے ۳۹ (بشمول ہر دو) ۵۰ سے ۵۶ (بشمول ہر دو) ایسی تحقیقات پر اطلاق پذیر ہونگی''۔

جناب والا۔ دفعہ ۲۶ کی تحتی شق نمبر (۷) میں یہ حکم درج ہے —

''مشینوں وغیرہ کے اس طرح مستقل طور پر بند کئے جانے کے لئے زر معاوضہ کا کوئی مطالبہ حکم کی تاریخ سے ایک سال کے اختتام کے بعد نہیں کیا جا سکیگا تاوقتیکہ کلکٹر کو یہ اطمینان نہ ہو جائے کہ ایسے عرصے کے اندر مطالبہ پیش نہ کرنے کے لئے مدعی کے پاس کافی وجہ موجود تھی''۔

اسکے علاوہ تحتی شق نمبر (۴) کے الفاظ ملاحظہ فرمائیے —

''کسی ٹیوب ویل کی تعمیر یا زیر زمین پانی کے استعمال یا اخراج کیلئے لگائی گئی کسی مشین اگر مذکورہ مشین بورڈ کے مجوزہ طریق کے مطابق نصب یا استعمال کی گئی ہو۔ چلنے سے لائسنس یافتہ شخص کی مشین پر برے اثرات پڑنے کی وجہ سے بورڈ حکومت یا کسی اور شخص کے خلاف ہرجانہ کا دعویٰ یا مقدمہ دائر نہیں ہو سکے گا''۔

اسی طرح تحتی شق نمبر (۵) میں بھی درج ہے کہ —

''اس علاقہ میں جس کیلئے اسکیم منظور کی گئی ہو بورڈ زیر زمین پانی کے استعمال کیلئے بھاپ۔ بجلی یا قوت باد سے چلنے والی کسی ٹیوب ویل یا کنوئیں کو عارضی طور پر ایک سال کے مخصوص وقفوں میں یا مستقل طور پر بند کرنے کا حکم دینے کا مجاز ہوگا مگر شرط یہ ہے کہ ایسے حکم کی رو سے زمین کے کسی قابض یا مالک کو خانگی مقاصد کیلئے یا مویشیوں کو پانی پلانے کے مقصد کے لئے زیر زمین پانیوں کے استعمال کی ممانعت نہیں کی جائیگی''۔

جناب والا۔ میں نے یہ شقیں اسلئے تفصیل کے ساتھ پڑھکر سنائی ہیں کہ سارا نسخہ جو مریض کیلئے تجویز کیا گیا ہے ایوان کے سامنے آ جائے۔ بحالی اراضی کے بورڈ کو وسیع اختیار دیئے گئے ہیں۔ زمینداروں کو اپنے خرچ پر لگائے ہوئے ٹیوب ویلز سے پانی نکالنے کا اختیار بھی نہیں رہیگا بجز پانی پینے یا مویشیوں کو پلانے کے۔ جناب والا میرے خیال میں سیم زدہ علاقہ کے اندر زیر زمین پانی کا زیادہ سے زیادہ اخراج لازم ہوتا ہے۔

مگر حکومت کا یہ حکم ہے کہ وہاں کم سے کم پانی خارج کیا جائے۔ حکومت کی یہ سکیم مضر ہوگی۔ مفید نہیں ہوگی۔ دوسرے یہ حکم بھی تکلیف دہ ہے کہ کوئی زمیندار صاحب استطاعت ہونے کے باوجود بھاپ یا بجلی سے زیر زمین پانی کا اخراج نہ کر سکے اور اپنی زمین کی آبپاشی بھی نہ کر سکے۔

حکومت کا فرض تھا کہ صاحب استطاعت لوگوں کی امداد سے زیادہ سے زیادہ ٹیوب ویل لگوا کر سیم زدہ علاقہ کے زیر زمین پانی کا اخراج کراتی۔ زمینداروں کو تقاوی دیتی ان کو معافی عطا کرتی اور دیگر طریقوں سے encourage کرتی کہ وہ اپنا سرمایہ لگا کر زیادہ سے زیادہ ٹیوب ویلز لگائیں اور بحالی اراضی کا کام کریں۔ بلکہ چھوٹے چھوٹے مالکان اراضی کے combines بنا کر ان کو بھی زیادہ سے زیادہ ٹیوب ویل لگانے کی ترغیب دیتی اور اگر کسی سیم زدہ علاقے میں ۱۰۰۰ ٹیوب ویل لگانے لازمی ہوتے تو ان میں ۵۰۰ ٹیوب ویل حکومت زمینداروں کے خرچ سے لگواتی اور ۵۰۰ ٹیوب ویل سرکاری خرچ سے لگواتی۔ مگر حکومت کی کوتاہ اندیشی ملاحظہ ہو کہ اس نے ایسے کاموں کے خلاف سزائیں تجویز کر دی ہیں۔ اسکے ماہروں نے اور ایکسپرٹ ملازموں نے غلط نسخے تجویز کر دیئے ہیں۔ حکومت کی افلاطونی تجاویز سے میری تسلی نہیں ہوتی بلکہ میں تو حکومت کے طریقوں کو خطرناک سمجھتا ہوں۔ ان سے سیم اور تھور پھیلے گی کم نہیں ہوگی۔ حکومت کی نیت غلط معلوم ہوتی ہے اور مجھے اندیشہ ہے کہ حکومت نے محکمہ نہر سے لوگوں کو مستغنی ہوتے دیکھکر غلط قدم اٹھایا ہے اور ٹیوب ویلز لگانے کے خلاف اس لئے مہم جاری کر دی ہے کہ مبادا زمیندار اپنی اراضی میں ٹیوب لگا کر نہر کا پانی لینا بند کر دیں اور حکومت کی آبیانہ کی آمدنی کم ہو جائے۔ حکومت کو اپنی آمدنی اور اپنے آبیانے کی فکر ہے۔ اراضی کی اصلاح اور بحالی کا خیال کم ہے۔ اس لئے میں ایوان ہذا کو اور حکومت کو متنبہ کرتا ہوں کہ حکومت کی مجوزہ کارروائیوں سے سیم اور تھور کے بڑھ جانے کا امکان ہے۔

Mr. Speaker: Chaudhri Muhammad Afzal Cheema has put in an amendment which in effect amounts to an opposition of sub-clause (4). If he wants to say anything against it he can do so.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم)— جناب والا۔ کلاز ۲۶ کی سب کلاز ۴ کے الفاظ یہ ہیں—

"No claim or suit shall lie for damages against the Board, Government or any other person, on account of any ill-effects on the appliances of the licensee caused by the construction of a tubewell or the working of any appliance for the removal of use of under ground water if the said appliance is erected or used in the manner prescribed by the Board."

جناب والا ۔ میں نے یہ درخواست کی ہے کہ اس سب کلاز نمبر ۲ کو حذف کر دیا جائے۔ شروع سے لیکر اب تک حزب اقتدار سے ہمارا جس بات پر اصولی اختلاف چلا آ رہا ہے وہ یہ ہے کہ حزب اقتدار نے حکومت کو مسلمہ طور پر ایک اعلیٰ حیثیت عطا کی ہے اور اس نے جمہوریت کے اصول مساوات کو نظر انداز کر دیا ہے ۔ حزب اقتدار نے بارہا مختلف طریقوں سے اور مختلف کلازوں اور قواعد و ضوابط سے اس بات کا تقاضا کیا ہے کہ اسکے ساتھ ہر معاملہ میں ایک امتیازی سلوک روا رکھا جائے۔ حالانکہ اگر strictly جمہوری نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے یا اسلامی نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے تو حکومت کا منصب اور اسکا status بحیثیت مدعی کے یا مدعا علیہ کے بالکل مساوی ہے اور اسکو عام شہریوں کے حقوق پر کسی لحاظ سے اور کسی اعتبار سے کوئی فوقیت حاصل نہیں ہونی چاہئے۔ یہاں پھر اس بات کا تقاضا کیا گیا ہے کہ حکومت کی کسی لغزش یا کسی غلطی یا کسی غلط اقدام کی وجہ سے اگر کوئی آدمی مظلوم یا ستم رسیدہ ہو تو وہ حکومت سے تلافیٔ مافات نہیں کرا سکتا۔ اور معاوضہ نہیں لے سکتا۔ اور یہ حق جو اسکو بہ تقاضائے انصاف اور تمام جمہوری اصولوں کی بنا پر اور عدل و انصاف کی بنا پر۔ قانونی اور اخلاقی اعتبار سے حاصل ہونا چاہئے اس حق سے اسے عمداً اور قصداً محروم کیا گیا ہے ۔ جناب والا میں یہ درخواست کرونگا کہ حکومت کو جو کہ بالکل ہمارے جیسے کمزور اور ناقص انسانوں پر مشتمل ہے اور جن سے خطا و نسیان کا احتمال ہے اور جو خطا و نسیان کے مرتکب ہوتے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ اس حکومت کو قانونی گرفت سے بالاتر قرار دینا اور انکو اس سے آزادی اور immunity عطا کرنا جائز اور مناسب نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ حکومت کسی معصوم قسم کی۔ ملائکہ کی قسم کی مخلوق پر مشتمل نہیں ہے اور نہ ہو سکتی ہے اس سے غلطیاں ہوئی ہیں۔ ہو رہی ہیں اور ہو سکتی ہیں۔ لہذا جب ہم اس مفروضہ کو تسلیم کرتے ہیں اور بطور ایک حقیقت کے تسلیم کرتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ حکومت کو قانونی گرفت سے immunity عطا کی جائے ۔ میں اس چیز کی بنا پر درخواست کرونگا کہ اس سب کلاز کو حذف کر دیا جائے اور حکومت کو ایک عام شہری کی طرح جہاں اس سے کسی غلطی کا ارتکاب ہو یا اسکے کسی فعل سے کسی آدمی کو نقصان پہنچے تو اسکو کوئی خاص مراعات حاصل نہیں ہونی چاہئیں۔ اور قانون کی نگاہ

میں حکومت اور عام شہری کا درجہ برابر ہونا چاہئے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں پھر درخواست کرونگا کہ اس سب کلاز کو حذف کر دیا جائے۔

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 26 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 27

Mr. Speaker : The question is—

That Sub-clause (1) of Clause 27 stand part of the Bill.

The motion was carried.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم)— جناب صدر۔ میں دفعہ ۲۷ (۲) کے متعلق یہ عرض کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں کہ اس کو اس ایکٹ میں شامل نہ کیا جائے۔

جناب والا۔ یہ شق اسقدر خطرناک ہے اور ایسی بری ہے کہ میں پھر دہراؤں گا کہ گذشتہ دو سو سال کی غلامی میں کسی غیر حکمران نے اسے ہم پر عائد کرنے کی جرأت نہ کی۔ مگر یہ حکومت جس سے خدا ہمیں محفوظ رکھے اور نجات دلائے اس حکومت نے جو نسخہ تجویز کیا ہے اسکی نوعیت کے متعلق میں عرض کر چکا ہوں۔ اور پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ کبھی کامیاب نہ ہوگا۔ باوجود اس اصرار خاموشی کے جو وزیر مال استعمال کر رہے ہیں۔ میں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ آج کھڑے ہو کر کہدیں کہ جو کچھ علاج وہ کرنا چاہتے ہیں وہ experimental stage سے ایک قدم آگے نہیں بڑھا۔ اور اس درجہ تک نہیں پہنچا کہ وہ کہہ سکیں کہ یہ حتمی علاج ہے۔ یا ایک ایسا علاج ہے جس سے توقع ہو کہ مریض شفایاب ہو جائے گا۔ یہ experiment اس experiment کی طرح ہے جسکے متعلق وزیر زراعت نے فرمایا ہے کہ دوائی چھڑک کر تیلے کو بند کرنے کے متعلق تجربات ہو رہے ہیں۔ اس experiment کو چلانے کیلئے جو اختیارات ایک آفیشل بورڈ کو دئے جا رہے ہیں اس بورڈ کو جسکے متعلق جناب چیف منسٹر نے ایک افتتاحیہ تقریر میں فرمایا تھا کہ یہ چیز ہم کو انگریز سے ورثہ میں ملی ہے اور اسکی درستی آہستہ آہستہ ہوگی۔ اس آفیشل بورڈ کو یہ اختیارات دئے جا رہے ہیں جو شق ۲ میں درج ہیں۔ جناب والا اس شق کو سمجھنے کیلئے شق نمبر ۱ کا بیان ضروری ہے۔

"جونہی کسی مقامی رقبہ یا اس کے کسی حصہ کے لئے کوئی سکیم منظور کی جائے۔ جیسا کہ دفعہ ۲۲ کی تحتی دفعہ (۱)

میں اعلان کیا گیا ہے اس رقبہ میں زیر زمین پانی کے استعمال ماسوائے خانگی مقاصد کے یا مویشیوں کو پانی پلانے کے لئے بورڈ کے کنٹرول میں آ جائے گا۔ بورڈ مختلف رقبہ جات کو وقتاً فوقتاً ان کے طریقہ ہائے استعمال کی تعریف کے لئے قواعد مرتب کرے گا جو اصطلاح خانگی مقاصد یا مویشی کو پانی پلانے میں شامل ہے''۔

جناب والا۔ اب دوسری شق یہ ہے کہ اگر ان رقبہ جات کے کسی حصہ یا سالم رقبہ میں جس کا شق نمبر ۱ میں تذکرہ ہے کے متعلق بورڈ کی یہ رائے ہے تو جناب والا میں ایوان کی توجہ نہایت ادب کے ساتھ ان الفاظ کی طرف مبذول کراؤنگا کہ وہ اسباب جن کا ذکر پچھلی شق نمبر ۱۷ میں ہے وہ مکھیاں پالنا۔ مرغی خانہ بنانا اور شہد کی مکھیاں پالنا ہے۔ اس میں ایسی ضمنیں موجود ہیں جن کا سیم کے ساتھ قطعاً کوئی تعلق نہیں۔ دفعہ نمبر ۱۷ میں for soil reclamation are necessary. یعنی زمین کی بازیابی کے لئے ضروری ہے کہ بورڈ کی رائے میں بمطابق and in view of the extent of cost beyond the resources of the individual owners or occupiers. بحالی اراضی کا خرچ اس شخص کی استطاعت سے زیادہ ہے جو وہاں بستا ہے یا جو وہاں قابض ہے یا بورڈ یہ سمجھے کہ قبضہ نہیں ہوا پھر ان کا کوئی گناہ نہیں ہے۔ صرف بورڈ یہ سمجھے کہ ان لوگوں میں اس قسم کی سکیم کے لئے مالی استطاعت نہیں ہے کہ خود چلا سکیں اور بورڈ کی رائے میں وہ انکار کریں۔ اس لئے To carry out the measures وہ روتے ہیں کہ وہ اس چیز کو عمل میں نہیں لا سکتے۔ جب تک بورڈ حکم نہ دے اور پھر کیا ہوگا۔ Government on being moved حکومت بورڈ کی طرف سے ایک اعلان کر سکے کہ وہ سارے کا سارا حصہ زمین یا رقبہ زمین یا اس کا کوئی حصہ shall vest in the Board یعنی بورڈ کے قبضہ میں آ جائے گا۔ اس ایکٹ کے مقاصد کے لئے for a period ایک عرصہ کے لئے which will be specified in the notification جس کے نتیجہ پر حکومت اعلان کر دیگی کہ کتنے عرصہ کے لئے یہ رقبہ بورڈ کے حیطۂ اختیار و تصرف میں رہے گا and which may be extended from time to time پھر ایک دفعہ اعلان ہونے پر گورنمنٹ کو حق ہوگا کہ اگر میعاد کو بڑھانا چاہے تو بڑھا دے۔ اس مقصد کے لئے بورڈ اعلان کر دے یعنی ایک notification جاری کر دے تو اس اراضی پر

All kinds of private rights of whatever kind existing in respect of any land comprising the area specified in the notification shall be suspended.

جب ایک دفعہ اعلان ہوگا تو ذاتی حقوق ان مالکان کے جو اس اراضی پر ہوں وہ سارے کے سارے معطل ہو جائینگے اور جتنی اراضی کے لئے بورڈ چاہے گا notification جاری کر دے گا اس کے بعد

The Government may lay down the terms and conditions on which the said area shall vest in the Board.

گورنمنٹ ایسی شرائط بنا سکے گی جن کے ماتحت وہ رقبہ بورڈ کی تحویل میں آ جائیگا۔

جناب والا۔ یہ ہے وہ شق جس کو حذف کرانے کے لئے میں اس مقتدر ایوان کی خدمت میں جناب کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں۔ جناب والا ایک ایسے مرض کے لئے جس کا اب آخری علاج نہیں ہو سکتا کسی ترغیب کے بغیر یا کسی تبلیغ کے بغیر اس سکیم کو چلانے کے لئے اتنے اختیارات بورڈ کو دئے ہیں۔ جتنے آج تک کسی غیر حکومت نے نہیں دیئے تھے نہ کبھی ایسا official بورڈ مقرر کیا۔ اس سے صاف ظاہر ہے۔ خدا رحم کرے۔ یہ لوگ مرض کو بڑھانا چاہتے ہیں۔ غلامی کے مرض کو لانا چاہتے ہیں وہ ملک میں سیم کا علاج نہیں کرنا چاہتے بلکہ وہ تباہی کا مرض لانا چاہتے ہیں۔ تاکہ پنجاب کے ایک ایک زمیندار اور کاشتکار میں اٹھنے کی طاقت ہی نہ رہے اور اتنی ہمت نہ ہو کہ وہ کبھی ان کے آگے سیاسیات پر صحیح رائے زنی کر سکے یا صحیح راستہ دکھانے کی ان میں کوئی ہمت باقی ہو۔

چودھری فیض احمد (شاہ پور نمبر ۹ مسلم) — حضور والا۔ میں آنریبل میاں صاحب کی خدمت میں التماس کرونگا کہ اس سب کلاز کی جو منشا ہے وہ ——

صادب سپیکر — صرف کلاز نمبر ۲ زیر بحث ہے۔

چودھری فیض احمد— اگر کلاز نمبر ۱۷ کو دیکھیں تو ان لوگوں کو ایسے اختیارات دئے گئے ہیں جن کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کلاز کی جس قدر چیزیں ہوں تمام اس میں ہونی چاہئیں آپ الفاظ کو دیکھیں۔

"The Board is of the opinion that the measure mentioned in section 17 for soil reclamation."

جہاں تک کسی زمین کو soil reclamation کے لئے بورڈ کے ماتحت لانے کا تعلق ہے کلاز ۱۷ کا وہ حصہ apply نہیں کرے گا۔ اس کے سوائے اور کچھ نہیں اگر سیم ہے تو مالک اراضی میں یہ ہمت ہی نہیں ہے۔

میاں عبدالباری — Don't mislead

چودھری فیض احمد — ایسی صورت میں بورڈ کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ مناسب طریقہ سے اپنے قبضہ میں لے لے۔ دراصل میاں صاحب نے الفاظ کو دیکھا ہی نہیں ورنہ وہ اسکی مخالفت نہ کرتے۔

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (2) of Clause 27 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 28

Mr. Speaker: The question is—

That Sub-clauses (1) and (2) of Clause 28 stand part of the Bill.

The motion was carried.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) — جناب والا۔ میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں —

"That in clause 28, Sub-clause (3) (*b*) for the words "any person on any condition it thinks fit" the words "suitable persons on reasonable conditions" be substituted."

جناب والا۔ میں نے یہ ترمیم کلاز ۲۸ کی سب کلاز ۳ کی جز (ب) کے بارہ میں پیش کی ہے اس کے اصل الفاظ یہ ہیں—

"The Board may grant land vested in the Board to any person on any condition it thinks fit and for this purpose issue a statement or statements of conditions on which the Board is willing to grant land to tenants;"

جناب والا۔ اس شق میں بورڈ کے اس اختیار کی تصریح کی گئی ہے جس کے ماتحت وہ اپنی مفوضہ اراضیات بعض شرائط پر لوگوں کو عطا کرے گا۔ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ بورڈ کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ اپنی مفوضہ اراضیات any person یعنی جس آدمی کو چاہے اور on any condition یعنی جن شرائط پر چاہے عطا کر سکتا ہے۔ جناب والا میں نے اس وسیع اختیار کو ایک طریق سے ذرا محدود کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں نے یہ درخواست کی ہے کہ جہاں person یعنی کسی شخص کو یہ زمین عطا کی جا سکتی ہے وہاں یہ کہا جائے کہ صرف موزوں اشخاص کو یہ اراضیات دی جائیں اور پھر جہاں یہ فرمایا گیا ہے کہ کسی شرط پر جو حکومت مناسب خیال کرے یہ اراضیات دی جا سکتی ہیں وہاں میں نے یہ درخواست کی ہے کہ reasonable condition پر یہ اراضیات دی جائیں۔ جناب والا بظاہر یہ حکومت کو بڑی شدید اور سخت قسم کی پابندی معلوم ہوتی ہے لیکن در حقیقت اس بات کا فیصلہ کرنا کہ وہ suitable person کون ہونگے اور reasonable condition کیا ہونگی حکومت کے اختیار میں ہوگا (وزیر مال۔ اس لئے آپ کی ترمیم غیر ضروری ہے) اور کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ آپ کے اس اختیار اور غیر محدود قسم کے اختیار میں مداخلت کرے۔ حکومت اگر چاہے تو غیر معقول چیز کو معقول کہہ

سکتی ہے۔ حکومت اگر چاہے تو وہ غیر موزوں اور غیر مناسب کو موزوں اور مناسب کہہ سکتی ہے اور کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ حکومت کے اس قسم کے فیصلہ پر نکتہ چینی کر سکے۔ اگرچہ بظاہر یہ الفاظ ایسے کھٹکنے والے معلوم ہوتے ہیں لیکن درحقیقت ان سے اس تحتی کلاز کے اصل مفہوم پر یا اصل صورت حالات میں کوئی تغیر یا تبدیلی واقع ہونے کا امکان نہیں۔ (وزیر مال۔ اس لئے اس ترمیم کا کیا فائدہ) جناب والا اس ترمیم کی تحریک پیش کرنے کے بعد میں کچھ دیر تک اس بات کا منتظر تھا کہ شاید محترم وزیر مال میری اس ترمیم کو جو لفظاً اور معناً ہر لحاظ سے معقول ہے فوراً قبول فرما لیں گے لیکن مجھے مایوسی ہوئی۔ میں نے قصداً اور عمداً کچھ عرض کرنے سے پیشتر اس بات کا انتظار کیا کہ وہ اٹھ کر یہ کہیں گے کہ وہ اسے قبول کرتے ہیں۔ جناب والا میں حکومت کی حسن نیت پر کوئی شبہ نہیں کرنا چاہتا لیکن تجربہ اور مشاہدہ سے اس بات کا علم ہے کہ ایسے وسیع اختیارات کو بسا اوقات سیاسی اغراض کا آلہ کار بنایا جاتا ہے اور بعض خاص لوگوں کو مشکور کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ پھر اس کے علاوہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے اور اس کا اعتراف آنریبل ملک قادر بخش اپنی اس مشہور و معروف رپورٹ میں کر چکے ہیں کہ ہمارے ملک کے عوام کے اندر یہ خیال مستحکم ہو چکا ہے کہ اس حکومت اور اس کے نظم و نسق کے اندر کوئی کام خواہ وہ کس قدر جائز ہو خواہ وہ کام کتنا ہی مناسب اور موزوں ہو ماسوائے سفارش کے طے نہیں پا سکتا اور کوئی آدمی سفارش کے بغیر اپنے حقوق کے حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ "The impression has gained ground" جہاں تک مجھے یاد ہے۔ یہ ان کے الفاظ ہیں۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس حکومت کے نظم و نسق کی کیفیت اتنی بگڑ چکی ہے اور عوام کے دلوں میں یہ چیزیں مستحکم ہو چکی ہیں اور انہیں یقین ہو چکا ہے کہ کوئی کام خواہ وہ کتنا ہی جائز کیوں نہ ہو سفارش کے بغیر انجام نہیں پاتا۔ ان حالات میں یہ ضروری ہے کہ ہمیں اتنے وسیع اختیارات کے استعمال میں کچھ احتیاط سے کام لینا چاہئے۔ ہم مجبوراً اس امر کی ضرورت محسوس کرتے ہیں کہ حکومت کے ان اختیارات کے استعمال کرنے کے طریق پر کچھ تھوڑی سی ۔ معمولی سی اور جائز قسم کی پابندی عائد کر دی جائے۔ جناب والا اس معزز ایوان کے ممبران کو علم ہے کہ آج سے کچھ عرصہ پیشتر ہماری حکومت نے اس امر کا اعلان کیا تھا کہ بعض اضلاع میں بنجر رقبہ جات۔ ایسی بنجر اور غیر

مزروعہ اراضیات جو uncommanded ہیں یعنی جن میں نہروں کے ذریعہ آبپاشی نہیں ہوتی ان کو آباد کرنے کے لئے بعض شرائط پر زمینداروں کو دی جائینگی۔ اس نے یہ پیش کش کی تھی کہ یہ اراضیات بعض شرائط کے ماتحت ان لوگوں کو عطا کی جا سکتی ہیں جو اپنے خرچ پر ایسے بنجر۔ مزروعہ اور uncommanded رقبہ جات میں ٹیوب ویل لگا کر دیکھیں اور اگر یہ طریق کامیاب ہو سکتا ہو تو ان کو بعض شرائط پر اراضیات عطا کی جائیں۔ جناب والا ہم لوگ جو مفصل سے آئے ہیں کم از کم میں اپنے ذاتی مشاہدہ اور علم کی بنا پر یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ سب سے پہلے درخواستیں ان حضرات اور ان بزرگوں نے دیں جو اپنے آپ کو با اثر سمجھتے تھے اور کئی لوگوں نے جو خواہش مند تھے اور نسبتاً زیادہ محتاج اور ضرورت مند تھے انہوں نے محض اس خیال سے ایسی درخواستیں دینے کی جرات نہ کی کہ ان کی سعی وہاں تک نہ ہوگی اور کہ ان کی کون سفارش کرے گا اور کہ اس مقصد کے حصول میں وہ کس طرح کامیاب ہوں گے چنانچہ اس کے علاوہ بعض دیگر معاملات میں ہم دیکھتے ہیں مثلاً allotment کے معاملات میں ہم دیکھتے ہیں اور اس طرح سے ملازمتوں کے معاملات میں ہم دیکھتے ہیں کہ اس صوبہ کے اندر کوئی کام سفارش کے بغیر طے نہیں پاتا۔ جناب والا یہ عرض کرنے سے میری مراد کسی خاص محکمہ پر اعتراض کرنے کی نہیں اور کسی خاص واجب احترام وزیر کی ذات کی طرف میرا اشارہ نہیں بلکہ میں عام نظم و نسق کی کیفیت اور عام فطری کمزوری کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں۔ لیکن جہاں قانون کے اندر اس قسم کی گنجائش موجود ہو اور اس قسم کے شگاف موجود ہوں تو لامحالہ ہمارے وزراء کرام بسا اوقات مجبور ہو جاتے ہیں کہ وہ ایسے ناجائز اور نامناسب تقاضوں کو پورا کریں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کے اپنے حق میں یہ چیز بڑی مفید ہوگی کہ قانون میں اس قسم کے سقم اور اس قسم کی خامیاں اور شگاف موجود نہ ہوں کیونکہ اگر ایسا ہو تو شاید وہ زیادہ دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض کی انجام دہی کی طرف مائل ہو سکتے ہیں اور ان مجبوریوں سے بالکل بے نیاز ہو سکتے ہیں۔ اسی لئے میں نے یہ درخواست کی تھی کہ جہاں بورڈ کے اختیارات کا تعلق ہے وہ جس کو چاہے اور جن شرائط پر چاہے یہ اراضیات تفویض کر سکتا ہے اور اگر میری ترمیم مان لی جائے اور وہاں یہ شرط لازمی طور پر اس کے ساتھ لگا دی جائے کہ وہ آدمی مناسب قسم کے آدمی ہوں اور وہ شرائط بالکل معقول اور جائز قسم کی ہوں تو یہ بہت بہتر ہوگا بصورت دیگر ایسا نہ

ہو کہ ایک آدمی جو پہلے ہی لینڈ لارڈ ہے اس کو اثر و رسوخ اور صاحب اختیار اور اچھی خاصی حیثیت رکھنے کی وجہ سے دوسرے مستحقین پر جو اس سے نسبتاً زیادہ محتاج ہوں ترجیح دیدی جائے ۔ اور اسطرح سے انکے تقاضوں کو پورا کرنے کی بجائے یہ چیز بجائے مفید کے مضر ہو۔ لہذا میں نے یہ درخواست پیش کی ہے کہ الفاظ کسی شخص کی بجائے الفاظ "موزوں شخص" اور الفاظ "کسی شرائط" کی بجائے الفاظ "معقول شرائط" ثبت کر دئے جائیں۔ پھر بھی موزونیت اور معقولیت کا فیصلہ کرنا حکومت ہی کے اختیار میں ہوگا۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 28, sub-clause (3) (*b*) for the words "any person on any condition it thinks fit" the words "suitable persons on reasonable conditions" be substituted.

The motion was lost.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) —

Sir, I beg to move—

That in clause 28, sub-clause (3) (*b*) the semicolon after the word "tenants" in the fifth line be replaced by a comma and the following words be added:—
"notwithstanding anything contained in any other law in force at the time".

جناب والا ۔ جہاں تک اس ترمیم کا تعلق ہے مجھے اس سے کوئی اصولی اختلاف نہیں۔ صرف اسکی بندش کچھ غلط معلوم ہوتی ہے ۔ مثلاً پہلے یہ کہا گیا ہے کہ بورڈ کسی شخص کو زمین دے سکتا ہے ۔ اور آگے یہ کہا گیا ہے کہ

"Grant land vested in the Board to any person on any condition it thinks fit, and for this purpose issue a statement or statements of conditions on which the Board is willing to grant land to tenants."

یعنی پہلے عمومیت ہے جس میں مزارعین کا خاص طور پر ذکر نہیں کیا گیا ۔ صرف ایک عمومی تذکرہ کر دیا گیا ہے کہ وہ جسے چاہیں زمین دے دیں ۔ بعد میں مزارعین کے ساتھ اسکی تخصیص کر دی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ترکیب کے لحاظ سے اور فقرے کی بندش کے لحاظ سے اس سے مفہوم اور معنی میں کچھ ابہام پیدا ہوتا ہے ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کر کے ان الفاظ کا اضافہ کر دیا ہے ۔

اس سے میرا مقصد یہ ہے کہ ہماری حکومت اس سے پہلے مالکان اراضی اور مزارعین کے تعلقات کو بعض قوانین کے ذریعہ ۔ جو یہ ایوان پاس کر چکا ہے ۔ تعین کر چکی ہے ۔ اور اگر بورڈ اور مزارعین کے درمیان کوئی ایک بھی ایسی شرط ہو جو زرعی قوانین یا قانون تحفظ مزارعت یا قانون (ترمیم) مزارعین کے خلاف ہو تو کسی ابہام یا غلط فہمی کا موقع

باقی نہ رہے۔ درحقیقت میں نے اس سے کوئی نئی چیز پیدا نہیں کی بلکہ ایک امکانی ابہام کی اصلاح کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس معاملہ میں بورڈ کی حیثیت مالکان اراضی کی سی ہوگی۔ اسلئے ہو سکتا ہے کہ بورڈ مزارعین سے کوئی ایسی شرائط طے کرنا چاہے جو پہلے پاس کئے گئے قانونوں میں طے شدہ شرائط کے متضاد اور متناقض ہوں۔ اس بات کے پیش نظر میں نے یہ الفاظ ایزاد کرانے کی کوشش کی ہے۔ تا کہ بورڈ جو شرائط چاہے مزارعین کے ساتھ طے کر لے

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 28, sub-clause (3) (*b*) the semicolon after the word "tenants", in the fifth line be replaced by a comma and the following words be added:—
"notwithstanding anything contained in any other law in force at the time".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 28, sub-clause (3) parts (*a*), (*b*) and (*c*) stand part of the Bill.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔ میں آپکی وساطت سے سیکشن ۲۸ (۳) کی جزئیات (الف) (ب) اور (ج) حذف کرنے کیلئے اس ایوان کے روبرو دلائل پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اس سے پہلے میں شق ۲۷ کے ضمن میں یہاں معروضات پیش کر چکا ہوں کہ یہ حکومت بورڈ کو کس قسم کے اختیارات تفویض کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ انہوں نے سیم کی تعریف میں یہ شرط بھی شامل کرنے کی اجازت نہیں دی کہ جو اراضی سیم کی وجہ سے خراب ہو اسی کو حکومت سیم زدہ قرار دے۔ وہاں یہ الفاظ ہیں کہ جس زمین کے متعلق وہ اعلان کر دیں کہ وہ سیم زدہ ہے چاہے اسکی کیفیت صحیح ہو وہ اس قانون کے تحت آ جائیگی۔ اسکے بعد حکومت دفعہ ۲۷ میں پرائیویٹ حقوق بھی ختم کر چکی ہے۔ اسکے بعد جناب جو اختیارات یہ اپنے آفیشل بورڈ کو دے رہے ہیں اسکی مثال نہیں ملتی۔ جناب پھر کہینگے کہ میں اسی چیز کو دہرا رہا ہوں لیکن یہ ایک نئی کلاز کے سلسلہ میں ہے۔ یہ اختیارات کسی ظالم سے ظالم اور قاتل سے قاتل حکمران نے استعمال نہیں کئے۔ میرا خیال ہے کہ ملکیت کے متعلق۔ اس چیز کے متعلق جس پر کسی کا حق ہے شاید شداد اور نمرود نے بھی ایسے اختیارات استعمال نہ کئے ہوں۔

خان عبدالستار خان نیازی— لفظ قاتل unparliamentary ہے۔ جناب والا۔ میرا مطلب انصاف کے قتل کرنے والوں سے ہے۔

Mr. Speaker : Obviously that word cannot be used.

میاں عبدالباری— جناب والا ۔ دفعہ ۲۸ کی شق (۳) حسب ذیل ہے —

"Without prejudice to the generality of the powers conferred by the preceding subsection the Board may—

(a) exercise powers in respect of the measures stated in section 17 of this Act for any scheme".

سب کلاز ۳ کی شق (الف) میں کلاز ۱۷ کا ذکر کر کے پھر ہاؤس کو mislead کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اسمیں ہے کہ "without prejudice. وہ سب اختیارات جو سابقہ سیکشنوں میں بورڈ کو عطا کئے گئے ہیں۔ ان اختیارات کو وہ بورڈ جسطرح چاہیگا اپنی مرضی سے استعمال کریگا ۔ جتنی شقیں سیکشن ۱۷ میں بنائی گئی ہیں ان سب کے لئے یہ اختیارات استعمال ہو سکتے ہیں۔ اراضی کو ٹھیکہ یا کرایہ پر دینا پیداوار کا حصہ لینا ۔ اراضی کا ۱/۵ حصہ لیکر اسے گاؤں میں تقسیم کرنا اور اغراض مشترکہ کے لئے مخصوص کرنا ۔ پھر مکانوں کا گرانا یا اپنی مرضی سے بنانا ۔ سلسلہ رسل و رسائل کے اسباب مہیا کرنا ۔ زمینوں پر کاشت کرنا ۔ درخت لگانا ۔ مچھلیاں پالنا ۔ زمین کو اونچا یا نیچا کرنا وغیرہ وغیرہ ۔ اس قسم کے وہ سب کام بورڈ خود کریگا ۔ یہ سب کام دفعہ ۱۷ میں آتے ہیں۔ پھر اس میں یہ بھی ہے کہ اگر مالک خود نہ کرے تو اس سے سارا خرچ وصول کیا جا سکتا ہے ۔ پھر اسکی شق (ب) میں ہے —

"grant land vested in the Board to any person on any condition it thinks fit".

اس کی چیمہ صاحب وضاحت فرما چکے ہیں کہ بورڈ جسکو چاہے اور جتنے عرصہ کے لئے چاہے وہ اراضی دے سکتا ہے ۔ یہ اس بیماری کا علاج ہو رہا ہے ۔ یہ زمینیں ان کی ہیں جن کی یہ ملکیتیں ہیں جو ان پر بستے ہیں۔ مالک تو کوئی ہو اور آپ تقسیم کسی اور میں کر دیں ۔ یاد رکھیئے آپ انشا اللہ ایسا نہیں کر سکینگے ۔ اللہ ہم سب کو ان فتنوں سے محفوظ رکھے ۔ باتیں تو ہم سب سنتے ہیں لیکن عمل کوئی نہیں۔ اور بورڈ کو یہ اختیارات ہیں کہ چھین لو سب کچھ اور جسکو چاہو دیدو ۔ اور جو تمارے پاس آئیگا وہ مزارع کی حیثیت سے رہیگا ۔ ایک تو پہلے ہی تباہ حال ہیں۔ پھر آپ ان سے یہ سلوک کر رہے ہیں —

"Provided that no land which has been vested in the Board for management on behalf of the Government shall be granted to any person without the statement of conditions having been approved by the Government".

اور پھر یہ شرط رکھی ہے کہ جب تک گورنمنٹ ان شرائط کو منظور نہ کر لے ۔ خود ہی گورنمنٹ خود ہی بورڈ ۔ مقرر کرنے والی گورنمنٹ ۔ مقرر ہونے والا بورڈ ۔ اور گورنمنٹ جسوقت چاہے کسی ممبر کو اس بورڈ

سے ہٹا سکتی ہے نہ کوئی اسپر حاکم۔ نہ کوئی انصاف کرنیوالا۔ نہ کسی عدالت کا دروازہ کٹھکھٹایا جا سکے۔ اور ملکیتیں سب ختم۔ یہ سیم کا علاج ہو رہا ہے —

"If satisfied that a tenant has committed a breach of any condition of the tenancy, after giving the tenants an opportunity to appear and state this objections impose on him a penalty not exceeding five hundred rupees or resume the land so granted".

پھر اگر کوئی مزارع ایسا ہو جو بیچارہ ان شرائط کو پورا نہ کر سکے تو اسپر جرمانہ کیا جائے۔ وہ لوگ جو سالہا سال سے ان زمینوں پر آباد تھے۔ ان کو نکال کر اختیارات حاصل کرنے کے لئے بیک جنبش قلم اسے سیم زدہ علاقہ قرار دیکر ان کے سب حقوق ضبط۔ ظاہر ہے کہ ان شرطوں کو پورا کرنا ان کے لئے کسقدر دشوار ہوگا۔ اور اگر وہ ان شرائط کو پورا نہ کرینگے تو ۵۰۰ روپیہ جرمانہ ہوگا۔ آپ کو کوئی ایسا زمیندار نہیں ملیگا جس نے آج تک کسی مزارع پر ۵۰۰ روپیہ جرمانہ کیا ہو۔

وزیر مال صاحب اختیارات کا ڈنڈا ہاتھ میں لیتے ہی مزارعین کیلئے ۵۰۰ روپے جرمانہ مقرر کرتے ہیں جو آج تک سخت سے سخت حکمران نے بھی نہیں کیا تھا اور پھر جب وہ ان کڑی شرائط کو پورا نہ کرے تو اسے اراضی سے نکالدیا جائے۔ اسکے بعد لکھا ہے —

"مگر شرط یہ ہے کہ اگر غلطی قابل تلافی ہو تو مزارع کو متعلقہ نوٹس کی وصولی کے ۳۰ دن کے اندر اس کی تلافی کا موقع دئے بغیر نہ تو ہرجانہ عائد کیا جائیگا اور نہ ہی اراضی کے واپس لینے کا حکم صادر کیا جائے گا حالانکہ دریافت کئے جانے والے اسباب کی بنا پر بورڈ کی یہ رائے ہو کہ ایسی تاخیر سے اسکیم ناکام ہو جائیگی"۔

اس میں بھی بورڈ کو اختیار ہوگا کہ جسکو چاہے زمین سے نکالدے اور جسکو چاہے رکھ لے۔ اسکے بعد لکھا ہے —

"مزید شرط یہ ہے کہ جب کوئی اراضی اس طرح سے واپس لے لی جائے تو مزارع ایستادہ فصلوں اور دوران مزارعت میں انجام دی گئی اصلاحات کے لئے ایسے معاوضہ کا حقدار ہوگا جو بورڈ مقرر کرے باوجودیکہ ایکٹ مزارعت پنجاب مصدرہ ۱۸۸۷ء میں کوئی امر مندرج ہو"۔

جناب والا۔ جب حکومت نے قانون زرعی اصلاحات میں ترمیم پیش کی تھی تو میں نے ایک شعر عرض کیا تھا جس پر شاید آنریبل وزیر مال ناراض ہوئے یا خوش ہوئے وہ میری باتوں کو سن بھی نہیں رہے۔ اگر وہ

کوئی جواب نہ دیں تو کم از کم میری معروضات تو سن تو لیں۔ یہ تو بھینس کے آگے بین بجانے والا معاملہ ہے۔ ان کا فرض ہے کہ وہ ہماری باتوں کو سنیں اور اگر وہ نہیں سنتے تو اپنے فرض سے کوتاہی کر رہے ہیں۔

یہ کیسی منطق ہے کہ خود ہی مالک ہیں خود ہی جج ہیں۔ سب کچھ خود ہی ہیں۔ یہ نظریہ صرف غیر اسلامی نہیں بلکہ اخلاقی۔ پولیٹیکل اور سوشل morality کے خلاف بھی ہے اور اس کا خمیازہ آپکو بھگتنا پڑے گا۔

چوہدری فیض احمد (شاہ پور نمبر ۹ مسلم) — جناب والا۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس ایکٹ کو پڑھیں تو واضح ہو جاتا ہے کہ Statement of conditions مختلف اراضی کیلئے مختلف ہوگی جنکو بورڈ مقرر کرے گا۔ میں ان الفاظ کو واضح کر دوں —

"Grant land vested in the Board to any person on any condition it thinks fit, and for this purpose issue a statement or statements of conditions on which the Board is willing to grant land to tenants."

یعنی بورڈ کو تفویض کیگئی اراضی بورڈ کسی ایسے شخص کو ان شرائط پر جو وہ مناسب سمجھے دیدے یا اس مقصد کیلئے بیان شرائط یا بیانات شرائط جاری کرے جن پر وہ مزارعین کو دینے کا ارادہ رکھتا ہو۔ اگر یہ صورت مولانا صاحب کے ذہن میں آ جائے تو میرا خیال ہے کہ انہیں کوئی اعتراض نہیں کرنا چاہیئے۔

Mr. Speaker : The question is :—

That in clause 28, sub-clause (3) parts (*a*), (*b*) and (*c*) stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That in caluse 28, sub-clause (3) parts (*d*), (*e*), (*f*), (*g*), (*h*) and (*i*) stand part of the Bill.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I beg to move :—

"That in caluse 28, sub-caluse (3) (*j*) the words" such terms and conditions as to recovery of interest and subject to" be deleted and the following proviso be added at the end :—

"Provided that no interest shall be charged on any such advance or loan".

جناب والا۔ کلاز نمبر ۲۸ کی شق (جے) میں بورڈ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ لوگوں کو کچھ رقوم بطور قرضہ یا پیشگی زراعتی ترقی اور زرعی علاقے کی نشو و نما کیلئے بعض شرائط سود پر دے تا کہ ان کی مالی مشکلات حل ہو سکیں اور اس مالی اعانت سے وہ مجوزہ ہدایات کو عملی جامہ پہنانے کے قابل ہو سکیں۔ یہاں خصوصیت کے ساتھ اس امر کا انتظام بھی کیا گیا ہے کہ بورڈ ایسی شرائط کے ماتحت ایسی شرح سود پر جو

وہ مناسب سمجھے یا جو حکومت prescribe کرے مذکورہ رقوم بطور قرضہ یا پیشگی دیگا۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی ایک موقع پر جب کہ قرضے اور پیشگی سے متعلق کلاز زیر بحث آئی تھی عرض کیا تھا۔ اگرچہ وہاں سود کا ذکر نہیں تھا۔ تاہم میں نے اس گمان کا سدباب کرنے کیلئے حکومت کی خدمت میں یہ چیز پیش کی تھی کہ حکومت اپنی غریب رعایا کو قرضے یا پیشگی کی رقوم شرح سود پر نہ دے۔ مگر آج کلاز زیر غور میں سود کا لفظ خصوصیت سے استعمال کیا گیا ہے۔ اس سے پیشتر حکومت کے کئی ایک پاس شدہ قوانین میں سود کا ذکر آ چکا ہے جہاں سود کو عملاً ایک طرح سے جائز قرار دیا گیا ہے۔ میں اس سلسلے میں سابقہ دلائل کا اعادہ کرنا نہیں چاہتا۔ لیکن ایک بڑا اہم اور ضروری سوال اپنے محترم وزیر مال صاحب سے دریافت کرنا چاہتا ہوں اور ساتھ ہی یہ توقع اور استدعا کرتا ہوں کہ وہ اپنی طبیت پر جبر کر کے بھی اس کا جواب ضرور دیں۔ اگر ویسے بھی ان کا پروگرام اسے درست کرنے کا نہ ہو تو بھی میں امید کرتا ہوں کہ اس کا جواب ضرور دینگے۔ وہ سوال یہ ہے۔ ہم یہ فیصلہ کر چکے ہیں اور خصوصاً قرارداد مقاصد میں اس چیز کو صفحہ قرطاس پر لکھ چکے ہیں اور ضبط تحریر میں لا چکے ہیں کہ ہم اس ملک میں اسلامی معاشرے کی تشکیل کرینگے۔ ہم یہ بھی فیصلہ کر چکے ہیں کہ ہم اس ملک میں افراد کی انفرادی اور اجتماعی زندگیوں کو قرآن اور سنت کے اصولوں اور احکام کے مطابق بسر کرنے کی سہولتیں بہم پہنچائینگے اور ان کو اس قابل بنائینگے کہ وہ قرآن اور سنت کی روشنی میں اپنی انفرادی اور اجتمائی زندگیاں ڈھال سکیں۔

علاوہ ازیں مسلم لیگ نے اپنے منشور میں اس بات کا بڑی وضاحت سے ذکر کیا ہے۔ مگر حکومت نے اس منشور کو بھی نظر انداز کر رکھا ہے۔ میں اس کا متعلقہ اقتباس آپ کے سامنے پڑھتا ہوں۔ جہاں کہا گیا ہے کہ —

"اسلام آج بھی ایک چٹان ہے جس پر ہم اپنی مملکت کی تعمیر کی بنیاد رکھنے کا عزم کر چکے ہیں۔ اس طرح ہمارے پاس اسلام ہی وہ کسوٹی ہے جس پر ہم اپنی پالیسی اور لائحہ عمل کو پرکھینگے۔ جن چیزوں پر اسلام پابندی لگاتا ہے ہم انہیں ٹھکرا دینگے اور جن چیزوں کا اسلام نے تعین کیا ہے ان کا نفاذ ہمارا مقدس فریضہ ہوگا"۔

پھر جناب والا ۔ خود قرارداد مقاصد میں بھی اسی قسم کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ ہم ایک ایسے دستور کی بنیاد رکھ رہے ہیں اور ہم ایک ایسا دستور تیار کرینگے ۔

"Wherein the Muslims shall be enabled to order their lives in the individual and collective spheres in accord with the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and the Sunnat".

یعنی ہم انفرادی اور اجتماعی حیثیت سے قرآن اور حدیث کے مطابق ۔ اسلامی اصولوں اور احکام کے مطابق اپنی زندگیاں بسر کرینگے اور ایک ایسا دستور مرتب کرینگے جس پر عمل کرتے ہوئے ہم اپنی زندگیاں اسلامی احکام اور اصولوں کے مطابق بسر کر سکیں۔

جناب والا ۔ اگر ان چیزوں کو اس طرح ضبط تحریر میں نہ بھی لایا جاتا اگر مسلم لیگ کے منشور میں ایسی تجویز نہ بھی ہوتی اور قرارداد مقاصد میں اس کا ذکر نہ بھی ہوتا تو بھی میں سمجھتا ہوں ہم میں سے کوئی شخص اس حقیقت سے انکار نہ کر سکتا کہ ہم قرآن اور سنت کے اصولوں کو کسی قیمت پر اور کسی حالت میں ترک کرنے یا ان سے انحراف کرنے کیلئے تیار نہیں۔ میں اتمام حجت اور مزید وضاحت کیلئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگرچہ ہمارے پاس بجائے خود وہ اصول موجود ہیں۔ تاہم ہمارے لئے ایک لائحہ عمل ہونا چاہیئے ۔ اس کے علاوہ جب خصوصیت سے یہ حکومت اپنے منشور اور پروگرام کے متعلق ہمارے سامنے بارہا اظہار خیال کر چکی ہے ۔ تو اس کے بعد کسی قسم کی گنجائش نہیں رہ جاتی کہ اس کی خلاف ورزی کیلئے طرح طرح کے حیلے بہانے تلاش کرنے کی کوشش کی جائے۔

جناب والا ۔ میں یہ بھی محسوس کرتا ہوں کہ سود کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے قطعی طور پر نجات حاصل کرنا کسی قدر مشکل ہے ۔ یہ ایک بڑا پیچیدہ مسئلہ ہے اور اس کا تعلق بین الاقوامی نظام مالیات سے ہے ۔ لیکن جہانتک معاملہ زیر غور کا تعلق ہے جبکہ حکومت اپنی غریب رعایا کی مالی اعانت کیلئے کچھ رقوم بطور قرضہ دینے کی تجویز پر غور کر رہی ہے ۔ تو میں یہ چیز سمجھنے سے قاصر ہوں کہ یہاں سود کی تجویز پیش کر کے اسلامی اصولوں کا کہاں تک احترام کیا گیا ہے اور آیا سود کے بغیر یہ رقوم بطور پیشگی یا قرضہ دینا ناممکن ہے ۔ سود کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کے متعلق شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ اسے حرام قطعی قرار دیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ اس مسودہ قانون کے محرک اور مجوز یعنی Piloting Minister ہمارے وزیر مال خود قرآن اور سنت کے اصولوں پر حتی الامکان عمل پیرا ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ عقائد اور نظریات کے لحاظ سے انتہائی مذہبی خیالات کے آدمی ہیں۔ مگر ان کے اس بل میں سود کا لفظ دیکھکر مجھے انتہائی مایوسی ہوئی ہے کیونکہ

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

جناب وزیر موصوف صوفی منش اور درویش سیرت انسان ہیں۔ مگر خدا معلوم کن مصلحتوں کی بنا پر وہ سود کو اس بل میں رکھنے پر مجبور ہیں۔ حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بغیر بھی بڑی آسانی سے اس مقصد کو پورا کیا جا سکتا ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ وہ بار بار طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے اس کا ذکر کرنے پر مجبور ہیں۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک سود کے حرام ہونے کا تعلق ہے تمام مسلمان اس کے قائل ہیں۔ اس لئے میں کہونگا کہ پیش نظر مسودہ قانون کے تحت جن غریب زمینداروں کو حکومت قرض دیگی ان سے سود نہیں لینا چاہئے۔

جناب والا ۔ سود حرام ہونے کے باوجود ہمارے آنریبل وزیر مال نے اس بل میں زمینداروں کو سود پر قرضہ دینے کا اہتمام کیا ہے حالانکہ ان کو سودی لین دین سے گریز کرنا چاہئے جیسا کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ سودی لین دین سے گریز کیا اور قرآن شریف میں تو یہاں تک چیلنج کیا گیا ہے کہ جو لوگ سود کا کار و بار کرنا چاہتے ہیں انکو خدا اور رسول کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے تیار ہو جانا چاہئے —

"فاذنو بحرب من اللہ والرسول"

مجھے افسوس ہے کہ ہماری مسلم لیگی حکومت نے اور ہمارے آنریبل درویش صفت وزیر مال نے آج یہ جرأت کی ہے کہ خدا کے چیلنج کے خلاف اقدام اٹھانے کا اہتمام کیا ہے۔

جناب والا ۔ مجھے اعتراف ہے کہ سود کا مسئلہ بڑا مشکل مسئلہ ہے مگر یہ لاینحل نہیں ہے۔ آخر ہم کب تلک اس پر غور نہیں کرینگے اور اسکا حل تلاش کرنے کی کوشش نہیں کرینگے۔ اگر ہمارا مقصد یہ ہے کہ پاکستان میں اسلامی معاشرے کی تشکیل ہو تو ہمیں ضروری وسائل اختیار کرنے چاہئیں۔ مثلاً اگر بین الاقوامی لین دین میں کچھ مشکلات ہوں

تو ان کے سامنے پاکستان کسی حد تک معذرت خواہی کر سکتا ہے۔ مگر اپنی غریب رعایا اور مفلس زمینداروں کے ساتھ لین دین میں اسے کونسی چیز مانع ہے کہ وہ سود لینا دینا ترک کر دے؟ اس سلسلے میں مجھے پاکستان گورنمنٹ کے مسٹر زاہد حسین صاحب کے مندرجہ ذیل بیان کا حوالہ دینا ضروری معلوم ہوتا ہے —

There are clear injunctions in Islam against the interest but the method has not been.....

Mr. Speaker : That statement is not under discussion.

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا۔ مجھے زاہد حسین صاحب کے ان الفاظ سے حیرت ہوئی.....

میں آپکی وساطت سے حکومت پر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہم یورپ کی تقلید غلط طور پر کر رہے اور قرآن کے منصوص احکام کی خلاف ورزی کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ جس سے اجتناب لازمی ہے۔ ہمارے پاس ایک واضح اور بین شریعت موجود ہے جو ہم کو غیر ملکی اور غیر اسلامی نظام کی تقلید سے نجات دلانے کے لئے کافی ہے۔

Mr. Speaker Where is that provision in this Bill.

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا۔ میرا مقصد صرف اس قدر ہے کہ گو بین الاقوامی معاملات میں ہمیں کچھ مجبوریاں ہیں اور ان مشکلات کا حل بھی ہمیں جرآت اور تدبر سے تلاش کرنا ہے مگر غریب زمینداروں اور مفلس رعایا کو قرضہ دیتے وقت حکومت کو سود لینے کی کوئی مجبوری نہیں ہو سکتی۔

جناب والا۔ آخری چیز جو میں بیان کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس نوعیت کے مسائل کے حل کیلئے حکومت کو اس طرح کچھ نہ کچھ کرنا چاہئے جسطرح کہ prostitution کو بند کرنے کے سلسلے میں حکومت نے وعدہ کرتے ہوئے کہا تھا.....

Mr. Speaker : Wholly irrelevant

چودھری محمد افضل چیمہ — سود کی روک تھام کے سلسلے میں تو حکومت کوئی وعدہ تک بھی نہیں کرتی۔ ہمیں حکومت کی مجبوریوں کا احساس ہے مگر اس نوعیت کے مسائل کو حل کرنے کی بھی کوئی نہ کوئی کوشش تو ضرور ہونی چاہئے۔ آخر حکومت کی نیت تو نیک ہونی چاہئے اور اسے اس بات کی وضاحت بھی کرنی چاہئے کہ فلاں فلاں مجبوریوں کے باوجود وہ فلاں قدم اٹھانے کو تیار ہے۔ کم از کم آنریبل وزیر مال کو اپنے اس بل سے سودی لین دین کو اڑا دینا چاہئے تا کہ Right direction

میں ایک قدم تو اٹھایا جائے ۔ جناب والا میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی ترمیم بغرض منظوری ایوان کے روبرو پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is —

That in clause 28, sub-clause (3) (*j*) the words "such terms and conditions as to recovery of interest and subject to" be deleted and the following proviso be added at the end :—

"Provided that no interest shall be charged on any such advance or loan".

خان عبدالستار خان نیازی (میانوالی نمبر ۲ مسلم) — جناب والا ۔ جو شق سود پر قرضہ دینے کے متعلق اس مسودہ قانون میں درج ہے اسکا حذف کیا جانا ضروری ہے تا کہ زمینداروں کو جو قرضہ سیم زدہ ۔ دریا برد یا تباہ حال اراضی کو درست کرنے کے لئے یعنی ایک مریض کے معالجہ کیلئے دیا جائے اس پر کوئی سود نہ لیا جائے ۔ یہ رقم قرضۂ حسنہ کے طور پر دی جائے ۔

عرض یہ ہے چونکہ اس سے پہلے مسودہ قانون میں سود پر اعتراض کرنے کے باوجود حکومت اس نئے قانون میں پھر سود کی شق لے آئی ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اسے مرض کہنہ اور مہلک لگ چکا ہے ۔ حکومت کے اس ذہن کا علاج suggestions سے نہیں ہو سکتا بلکہ آپریشن کی ضرورت پیدا ہو چکی ہے ۔ حکومت کا تذبذب ختم ہونے میں نہیں آتا ۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کو قطعی طور پر حرام قرار دیا تھا ۔

وربا الجاهلیته موضوع و اول ربا اضع ربانا ربا عباس بن عبدالمطلب
(صحیح مسلم۔ ابو داؤد)

سود بہر حال حرام ہے اسلئے اسکو کسی صورت میں بھی برداشت نہیں کیا جا سکتا ۔ قرآن نے للکار کر کہا " احل اللہ البیع۔و حرم الربا "۔ اللہ تعالیٰ نے تجارت کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام ۔ آگے چلکر اسکو اور زیادہ واضح کر دیا اور فرمایا کہ جو لوگ باوجود اس اعلان کے پھر بھی سود کی حلت پر اصرار کرتے ہیں وہ اللہ اور اسکے رسول کے خلاف اعلان جنگ کا چیلنج قبول کریں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس شقی القلب حکومت نے دانستہ یا نادانستہ اس چیلنج کو قبول کر لیا ہے ۔ اور اسی لئے اپنی لیجسلیشن میں اسکو لازم قرار دے دیا ہے ۔

آنریبل ممبر چودھری محمد افضل چیمہ نے حکومت سے درخواست کی ہے اور ان کو مشورہ دینا چاہا ہے ۔ حالانکہ ایک مسلمان کیلئے سوائے تسلیم کرنے کے اور کوئی چارہ کار نہیں ہے ۔ مشورہ اور تجویز صرف کافر کے لئے کی جاتی ہے ۔

یہ سود در سود نہیں تو کیا ہے ؟ مگر آپ اسی پرانی ڈگر پر چل نکلے ہیں جس پر سکھا شاہی کے زمانے میں عمل ہوتا تھا۔ یعنی "اگر آپ قصور نہیں کرینگے تو کیا ہم جرمانہ بھی چھوڑ دینگے"۔ لوگوں سے جبراً روپیہ بٹورنے کیلئے رنجیت سنگھ مہاراج کا یہ مقولہ زبان زد خاص و عام ہے۔ آجکل کی جمہوریت ہو یا اشتراکیت ملوکیت ہو یا سرمایہ دارانہ دستوریت کوئی نظام بھی یوں اندھا دھند غریبوں کو کچلتا نہیں چلا جا رہا جیسا کہ ہماری وزارت بلا تخصیص نصاب ٹیکس عائد کئے چلی جا رہی ہے۔ یہ سب سے بڑی قباحت ہے جو مجھے اس بل میں نظر آتی ہے یعنی جن لوگوں میں ٹیکس ادا کرنے کی استطاعت ہی نہیں ہے ان پر نئے ٹیکس تشخیص کئے جا رہے ہیں۔ افسوس مجھے آنریبل وزیر مال سے بہتر attitude کی توقع تھی مگر وہ اپنے گرد و پیش کے ماتحت ایسے دبے ہوئے ہیں کہ کچھ بھی نہیں کر سکتے۔ کاش وہ خارجی اثرات بد سے آزاد ہوتے۔ ایسی صورت میں وہ کوشش کرتے تو اس بل کو قابل قبول بنا سکتے تھے۔

suggestions کوئی نہیں ہیں۔ اس موقعہ پرماننے یا نہ ماننے کا سوال ہے۔ میں اسکی طرف خاص طور پر توجہ اسلئے مبذول کراتا ہوں کہ اس بل کو کیسا اچھا نام دیا ہے The Punjab Soil Reclamation Bill اور ہو یہ رہا ہے کہ soil کو reclaim کر رہے ہیں اور ایمان کو درد برد کر رہے ہیں۔ میں اس ایوان میں اکثریت کی پارٹی کو کہونگا کہ soil کو reclaim کرنے سے قبل۔

Reclaim your *iman*, reclaim the Islamic values and reclaim yourself because you are lost in the western Paganism.

میں سمجھتا ہوں کہ اس دوغلے پن سے نکلنے کی صورت یہی ہے کہ suggestions نہ دی جائیں بلکہ واضح طور پر اور سختی سے انہیں جھنجھوڑا جائے۔ بقول اقبال ان کو کہا جائے—

حکم گر سخت است تاویلے مجو
جز بقلب خویش قندیلے مجو

یہاں دلائل نہیں دئے جا سکتے۔ ہم وحی کے ماننے والے ہیں واھمہ پر ایمان نہیں رکھتے۔ ہم ایمان بالغیب رکھنے والے ہیں۔ دلائل کی ضرورت کافر کیلئے ہے۔ جو اسلام کو نہ مانتا ہو۔ آپ اگر اس زمین کو reclaim کرنا چاہتے ہیں۔ اس زمین کو درست کرنا چاہتے ہیں جو برباد

ہو رہی ہے اور خاص طور پر اس مقصد کیلئے روپیہ دینا چاہتے ہیں تو اس پر سود وصول کرنا انتہائی درجہ کی درندگی ہے۔

از ربا آخر چہ می زاید ؟ فتن
کس نہ داند لذت قرض حسن

آپ کو حاجتمندوں کو قرضہ' حسنہ دینا چاہئے۔

تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ کے سامنے اس موقعہ پر جو ترمیم پیش کیگئی ہے۔ اسکو قبول کر لینا چاہئے۔ تا کہ فتح باب ہو نئے اصولوں کا اور نئے پروگرام کا

یہی دین محکم یہی فتح باب
کہ دنیا میں توحید ہو بے حجاب

یہ بل پاس ہو یا نہ ہو۔ یہ جائے بھاڑ میں۔ لیکن آپ کا فرض ہے کہ اپنی غیرت اور الوالعزمی کا ثبوت دیتے ہوئے یہ کہیں کہ ہم نے حماقت کی ہے۔ ہم نے سود کو جائز قرار دیکر جھک ماری ہے۔ ہم تائب ہوتے ہیں۔ یہ تجویز کرنے والا نئی امنگوں اور نئی آرزوؤں اور توقعات کا علمبردار ہے۔ اور ہم اب تک غفلت میں تھے —

مغرب ز تو بیگانہ۔ مشرق ہمہ افسانہ
وقت است کہ بر عالم نقش دگر انگیزی

ہمارے سامنے ہو۔

ہم ٹھوکر لگانا چاہتے ہیں۔ تا کہ تمہارے دماغ درست ہو جائیں۔ اور لوگوں کو پتہ چل جائے کہ یہ نمائندے ایمان اور غیرت کے نمائندے نہیں بلکہ اپنی اغراض کے نمائندے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں انہیں وارننگ دیتا ہوں اور تنبیہ کرتا ہوں کہ یہ حماقت کا اقدام نہ کریں۔ اور سود کو جائز قرار دیکر اللہ اور اس کے رسول کے سامنے مردود و مقہور نہ بنیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 28, sub-clause (3) (*j*) the words "such terms and conditions as to recovery of interest and subject to" be deleted and the following proviso be added at the end :—

"Provided that no interest shall be charged on any such advance or loan."

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 28, sub-clause (3) parts (*j*) (*k*) (*l*) and (*m*) and sub-caluse 4 stand part of the

The motion was carried.

Clause 29

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) —

Sir, I beg to move—

That in clause 29, sub-clause (3) the word "minimum" be inserted between the words "such" and "force" in the last but one line.

جناب والا ۔ اس کلاز ۲۹ میں بورڈ کو اس امر کا اختیار دیا گیا ہے کہ وہ حکومت کی منظوری کے ساتھ ایسے احکام صادر کرے کہ کسی ایسے علاقہ میں جو اس بحالی اور اصلاح کے منصوبے میں شامل ہو چکا ہو۔ اگر کسی آدمی کو جو قابض ہے ۔ بیدخل کرنے کی ضرورت محسوس ہو تو اس صورت میں بورڈ کو یہ حق ہوگا کہ وہ کسی مجسٹریٹ یا پولیس افسر کے پاس جسکے حلقہ اختیار میں وہ رقبہ ہو۔ ایک تحریری درخواست پیش کرے۔ اور اس درخواست پر بجائے اسکے کہ قانون کا لمبا چوڑا procedure حرکت میں لایا جائے فوری طور پر بلا تضیع اوقات کسی قابض کو وہاں سے بیدخل کیا جا سکے گا یا دوسرے آدمی کو قابض بنایا جا سکے گا۔ اور یہاں یہ کہا گیا ہے کہ وہ افسر

"Shall on similar application summarily restore possession to any person named in the application and for doing so may use such force as may be necessary for the purpose."

کہ وہ افسر اس مقصد کیلئے ۔ حصول قبضہ کیلئے یا قبضہ دلانے کیلئے اسقدر طاقت اور قوت کا استعمال کرے گا جسقدر اس کا استعمال حصول مقصد کیلئے لازمی سمجھا جائے۔

جناب والا ۔ میں نے اس سلسلے میں صرف یہ گذارش کرنی ہے کہ جہاں آپ طاقت کے استعمال کا ذکر کرتے ہیں وہاں minimum کا لفظ شامل کر دیا جائے اور طاقت کو محدود کر دیا جائے۔ اور اس لفظ کو qualify کر دیا جائے۔ کہ اگر طاقت کا استعمال ناگزیر اور لازمی ہو تو طاقت کا کم سے کم استعمال کیا جائے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگرچہ ظاہراً یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ کوئی آدمی ایسا سر پھرا نہیں ہو سکتا کہ وہ خواہ مخواہ اپنے اختیارات کا ناجائز اور بلاوجہ استعمال کرے اور حکومت شاید یہی قیاس کر رہی ہے کہ اس کے تمام افسران جن کو یہ فرائض تفویض کئے جائیں گے طاقت کا مناسب استعمال کرینگے۔ لیکن میں نے احتیاطاً اس لفظ کو شامل کرنے کی درخواست کی ہے تا کہ وہ کم سے کم طاقت کا استعمال کریں۔ اور اگر وہ اپنے اختیارات سے تجاوز کریں تو ان کے خلاف شکایت کی جا سکے۔ کہ انہوں نے قانون کے منشاء کے خلاف اپنے وسیع اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کیا ہے۔ جناب والا ! یہ واضح بات ہے کہ کوئی آدمی بلا وجہ ۔ بلا ضرورت اپنے اختیارات استعمال

نہیں کرتا ماسوائے پولیس افسران کے جنکی عادت اس قسم کی ہو جاتی ہے۔ اور ذہنیت اس قسم کی ہو جاتی ہے کہ وہ اپنے اختیارات کے استعمال میں لطف اٹھاتے ہیں۔ اور انکو ظالمانہ طریق پر استعمال کرتے ہیں۔ انکے سوا باقی لوگوں کے متعلق ہمیں کچھ ایسا خدشہ نہیں ہے اور چونکہ یہاں پولیس افسران کا ذکر ہے اسلئے یہ ضرورت محسوس ہوئی ہے کہ minimum کا لفظ شامل کر لیا جائے۔ تا کہ اختیارات کے غلط استعمال کو چیلنج کیا جا سکے۔

Minister of Revenue: I oppose it.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 29, sub-clause (3) the word "minimum" be inserted between the words "such" and "force" in the last but one line.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is —

That clause 29 stand part of the Bill.

Mian Abdul Bari (Lyallpur VII Muslim): I beg to oppose it.

اس کلاز میں درج ہے کہ —

"The Board may with the previous approval of the Government make orders—

(a) Providing for the terms and conditions on which—

(i) landholders or any class of landholder in a local area shall let land for reclamation;"

جناب والا۔ پہلی ضمن میں تین شقیں ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ مالک زمین landholders زمیندار یا زمینداروں کے کسی اور طبقہ کو کسی مخصوص area یا local areas میں بل کے الفاظ میں shall let land for reclamation کے مطابق مجبوراً اور لازمی طور پر اپنی زمین ٹھیکہ پر دینی ہو گی۔ یعنی shall let land for reclamation یہ وہ لوگ ہیں جو اس ایکٹ کی ابتدا میں (قطع کلامیاں)۔

جناب والا۔ بورڈ وہ شرائط بیان کرے گا یا وہ شرائط تجویز کرے گا جو زمیندار کو اپنی زمین ٹھیکہ پر دینے کے لئے ہونگی —

"Persons who at the commencement of this act were in cultivating possession of the agricultural land made continued in such possession to reclaim land"

یعنی بورڈ ایسی شرائط مقرر کرے گا کہ جہ لوگ اس زمین کو خود کاشت کر رہے ہیں وہ ان شرائط پر زمین کو reclaim کریں —

"Specifying the person or class of persons to whom agricultural land shall be let by the landholders."

اور بورڈ ایسی شرائط مقرر کرے گا جن کے تحت وہ آدمی پابند ہو جائیں گے اس طرح ایک class of persons یعنی کچھ آدمیوں کی ایک جماعت مخصوص ہو جائیگی جس پر زمیندار کو لازمی ہوگا کہ وہ اس زمین

کو بٹائی پر یا ٹھیکہ پر دے۔ جناب والا اس ضمن کے تحت بورڈ حکومت کی سابقہ منظوری کے بعد احکام جاری کرے گا اور ان شرائط کے مطابق جن کے لئے زمیندار مجبور ہونگے اور reclamation کے لئے زمین ٹھیکہ پر دے دیں گے اس کے یہ معنی ہیں کہ اگر کوئی مزدور علاقہ میں ان شرائط سے باہر جائینگے تو آن کو نکال کر ان کی جگہ اور tenants لا کر آباد نہیں کر دئے جائیں گے اور اگر رکھ لئے جائیں گے تو اس چیز پر کہ وہ کیا شرائط ہیں اور ان شرائط کے الفاظ زر ٹھیکہ کے متعلق کیا ہیں۔ یعنی جو آمدنی ہوگی وہ زمیندار لے سکیں گے۔ مانا۔ یہ شرائط بھی ہونگی کہ ان کو نالیاں بنانی ہیں۔ اور ان مزارعین نے یہ کام کرنا ہے۔ باقی reclamation کی یہ شرائط جو اس کے اندر ہیں ان کو بورڈ کم کر سکتا ہے۔ یعنی یہ ہوگا۔ کہ زر آمدنی یا آمدنیاں جن کو دینی ہیں۔ کہ

Specifying the person or class of persons to whom agricultural land shall be let by the landholders.

جن کے متعلق بورڈ کہہ سکتا ہے کہ الف کے علاوہ ب اور ب کے علاوہ ج وغیرہ اس کے حقدار ہیں۔ پھر بورڈ یہ فیصلہ کرے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ جہاں مالکان اراضی کے لئے آسان ہوتا ہے کہ یہ حکم صادر کر دیں کہ ان کو نکال دیا جائے۔ یا مزارعین کے آباد ہونے پر یہ حالت ہو کہ اپنی چیز کا مالک نہ ہو وہ یہ نہ کر سکے بلکہ مقابلہ کرے۔ دو چار یا پانچ ٹھیکہ لینے والے خواہ وہ ایک مربعہ کے مالک ہوں یا دو تین مربعہ کے۔ اس میں چھوٹے اور بڑے زمیندار کا سوال نہیں ہر اس شخص کو یہ حق ہے جو ٹھیکہ دے کہ زمین ان شرائط کے ماتحت دی جائے۔ وہ کسی آدمی کو مخصوص یا مقرر کر سکتے ہیں۔ میں تو اس کے معنی یہ سمجھا ہوں کہ ان پر کسی قسم کی سختی ناجائز ہے مگر صداقت کی بات یہ ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ مالک کو آزادی نہ رہے۔ وہ ہمیشہ غلامی میں رہے۔ چھوٹے یا بڑے زمیندار کو ایسا غلام بنائیں کہ وہ کبھی گردن نہ ہلا سکے۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 29 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 30

Mr. Speaker : To save time I suggest that the honourable member may oppose the adoption of sub-clauses (*a*)(*i*) and (*a*) (*ii*) at the same time.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) — جناب والا ۔ میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں —

That in clause 30, sub-clause (*a*) (*ii*) the word "said" and the comma after "funds" in the second line be deleted and the words "at its disposal" be inserted between the words "funds" and "by".

جناب والا ۔ کلاز ۳۰ کے حصہ (۱) میں اس امر کا اہتمام کیا گیا ہے کہ حکومت کسی مقامی رقبہ کے اندر آبادی کی نقل و حرکت کے سلسلہ میں سہولت بہم پہنچانے کے لئے بعض شرائط کے ماتحت کچھ رقوم کی ادائیگی کی کفالت کرے ۔ جناب والا جو کچھ میں اس سے سمجھ سکا ہوں اس سے مراد شاید یہ ہے کہ جہاں اس سے پہلے حکومت نے سود وصول کرنے کا ذکر کیا تھا یا اہتمام کیا تھا یہاں بھی شاید سود کی ادائیگی کا ذکر ہے اور اگر یہ درست ہے تو اس سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ سود کا لینا اور سود کا دینا یکساں طور پر ناجائز ۔ حرام اور ممنوع ہے ۔ اس کے لئے اب جواز کی کوئی وجہ ہمارے پاس موجود نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ میں اس سلسلہ میں مزید کچھ عرض کرنا ضروری نہیں سمجھتا ۔

اس کے بعد جہاں تک شق نمبر ۲ کا تعلق ہے وہاں صرف چند الفاظ جو شق نمبر ۱ میں استعمال کئے گئے تھے اور میری اس تجویز کے پیش نظر ترمیم ہونے لازم تھے ان کی ایزادی کی میں نے درخواست کی تھی ۔ اس کے علاوہ اور کوئی بات نہیں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 30, sub-clause (*a*) (*ii*) the word "said" and the comma after "funds" in the second line be deleted and the words "at its disposal" be in serted between the words "funds" and "by".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 30 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 31.

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 31 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 32

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) جناب والا میں یہ تحریک پیش کرنے کے لئے ایوان ھذا کی اجازت طلب کرتا ہوں —

That in clause 32, sub-clause (*i*) the following second proviso be added—

"Provided further that if any damage is done to the rights of an owner by such entry he shall be entitled to get compensation for such damage".

جناب والا ۔ کلاز ۳۲ میں بورڈ کے چیئرمین کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کسی علاقہ یا کسی رقبہ میں اس ایکٹ کی اغراض و مقاصد کی

تکمیل کے سلسلہ میں اگر وہ مناسب اور ضروری خیال فرمائے خود داخل ہو سکتا ہے مویشی ہمراہ لیجانے کا حکم صادر فرما سکتا ہے اور ایسی مشینیں اور ایسے الات۔ گاڑیاں اور باقی جن چیزوں کے وہاں پہنچنے اور لیجانے کی ضرورت ہو وہ وہاں لے جا سکتا ہے۔ اس کے بعد جملہ شرطیہ میں یہ فرمایا گیا ہے کہ ایسے رقبہ میں جو درحقیقت بورڈ کی تحویل میں نہیں دیا گیا وہاں بھی بورڈ کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ اپنے اختیارات کو ایسے طریق سے استعمال کرے کہ مالک زمین کو کم از کم نقصان پہنچنے کا احتمال ہو اور اس کے کام کاج میں کم از کم مداخلت اور حرج واقع ہو۔ جناب والا یہاں دو چیزوں کا ذکر ہے۔ سب سے پہلے اس جملہ شرطیہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں رقبہ جات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک وہ رقبہ جات یا اراضیات ہونگی جو بورڈ کی تحویل میں ہونگی اور دوسرے وہ رقبہ جات اور وہ اراضیات ہونگی جو باقاعدہ اور باضابطہ طور پر اس ایکٹ کی رو سے بورڈ کی تحویل میں نہیں ہوں گی۔ ان ہر دو قسم کے رقبہ جات میں چیئرمین صاحب کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ خود یا ان کے حکم کے تابع کوئی اور آدمی بعض ضروری چیزوں کو ہمراہ لے جا کر داخل ہو سکتا ہے اور پھر ساتھ ساتھ اس بات کا ذکر کیا گیا ہے اور یہ مہربانی اور شفقت فرمائی گئی ہے کہ ان اراضیات میں جو براہ راست بورڈ کی تحویل میں نہیں ہیں جہاں تک داخلہ کا تعلق ہے وہ ایسے طریق سے عمل میں لایا جائے کہ مالک اراضی کو کم سے کم نقصان پہنچے اور اس کے حقوق میں کم سے کم مداخلت ہو۔ جناب والا اس سے یہ چیز آپ ہی آپ ظاہر ہو رہی ہے کہ جہاں بورڈ کے چیئرمین کا کسی زمین پر داخلہ لازمی ہوگا وہ ایکٹ کی رو سے مناسب احکام کی تکمیل کے لئے یا بعض ضروری عمارات کی تعمیر کے لئے ٹیکس کی صورت میں یا کسی قسم کی تجویز پر عمل درآمد کرنے کے لئے یہ داخلہ ضروری ہوگا تو خواہ مخواہ۔ لامحالہ اس سے مالک اراضی کے کام کاج میں حرج واقع ہوگا اور جہاں تک ان کے اپنے حقوق ملکیت کا تعلق ہے ان میں بھی عارضی طور پر کچھ نہ کچھ کمی واقع ہو جائیگی اور وہ کسی خاص رقبہ کے آزادانہ استعمال سے محروم رہ جائینگے۔ اور عارضی طور پر خاص رقبہ جات ان کے قبضہ سے لے لئے جائینگے۔ صرف یہ مہربانی کی گئی ہے کہ یہ ہدایت جاری فرما دی گئی ہے کہ ایسے داخلہ کی صورت میں کم سے کم مداخلت کی کوشش کی جائے۔ جناب والا یہ چیز بالکل واضح اور بین ہے کہ ایسے داخلہ کی صورت میں کچھ نہ کچھ نقصان ضرور ہوگا خواہ وہ فصل کو قطع کرنے کی صورت میں ہو یا خواہ

وہ پیدا شدہ فصل کی تلفی کی صورت میں ہو یا خواہ وہ کسی رقبہ کے خراب ہونے کی صورت میں ہو بہر حال نقصان اور damage کا ہونا ایک لازمی امر ہے۔ تو جناب والا اس بات کا اہتمام کرنے کے لئے کہ ایسے لوگ کے مفاد جن کو ایسے داخلہ سے نقصان پہنچیگا ان کے اس نقصان کی تلافی کرنا حکومت کا فرض ہے اور ان کی مکافات اور تلافی مافات حکومت پر لازم ہے میں نے اس خیال کے پیش نظر ایک دوسرا جملہ شرطیہ شامل کرنے کی درخواست کی ہے کہ اگر ایسے داخلہ سے کسی آدمی کو نقصان پہنچے تو ایسے نقصان کا معاوضہ اور اس کی تلافی حکومت کا فرض ہوگا۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کوئی ایسی کھٹکنے والی چیز ہے جو حکومت کے اختیارات کو محدود کرتی ہو۔ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو اس کے حکم میں کسی قسم کا توقف یا تعویق پیدا کرتی ہو۔ اس لئے میں یہ درخواست کروں گا کہ اس جائز ترمیم کو منظور فرمایا جائے۔

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the following :—

That in clause 32, sub-clause (1) the following second proviso be added—

"Provided further that if any damage is done to the rights of an owner by such entry he shall be entitled to get compensation for such damage".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (1) of clause 32 stand part of the Bill.

The motion was carried.

سید شبیر حسین قادری (کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) —

Sir, I beg to move—

That in the proviso to sub-clause (2) of clause 32 for the word "Board whose decision shall be final" the word "Tribunal" be substituted.

جناب والا۔ میں یہ جملہ شرطیہ بھی پڑھے دیتا ہوں —

"Provided that the compensation shall be paid for the damage caused in such manner as the Board may prescribe by by-laws and in case of dispute as to its liability, the matter shall be referred to the Board whose decision shall be final."

جناب والا۔ اس میں بورڈ کو یہ اختیارات تفویض کئے گئے ہیں کہ اگر کسی کو معاوضہ دیا جانا ہو تو وہ اس بورڈ کی طرف ہی رجوع کرے۔ گویا یہ بورڈ خود ہی مدعی ہوگا اور خود ہی جج۔ اور یہ چیز انصاف کے قطعی منافی ہے۔ آج تک دنیا میں کبھی ایسا نہیں ہوا۔ اسکی ایک مثال ہماری حکومت نے پاکستان بننے کے بعد محکمہ بحالیات میں قائم فرمائی ہے اور اب اس ایکٹ میں بورڈ کو ایسے اختیارات دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کہ عوام اپنی تکالیف کو دور کرانے کیلئے عدالتوں کا دروازہ نہ کھٹکھٹا سکیں۔ اور حکومت کے افسر من مانی کارروائیاں کریں۔

میں یہ نہیں کہتا کہ انکی نیت بری ہوتی ہے یا وہ کسی قسم کی مصلحت کے پیش نظر ایسا کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے ایسا بھی ہو۔ اور اکثر ایسا ہوتا ہے۔ لیکن اس جملہ شرطیہ میں کوئی ایسی پروویژن نہیں رکھی گئی جس سے انکی غلطیوں کی تلافی یا سدباب ہو سکے۔ حالانکہ آگے چل کر آپ دیکھینگے کہ اس قسم کے معاوضہ کو تعین کرنے کیلئے ایک ٹریبونل بنایا گیا ہے۔ جناب والا جب وہ کلاز پیش ہوگی اس وقت میں عرض کرونگا کہ کیوں ٹریبونل بنائے جاتے ہیں اور کیوں دیوانی عدالتوں سے اختیار چھینے جاتے ہیں۔ جناب والا میں اس وقت عرض کرونگا کہ انہوں نے جو ٹریبونل بنایا ہے اس میں ایک جج ہوگا اور دو اسیسر ہونگے۔ اور اس جج کو قطعی اور وسیع اختیارات حاصل ہونگے۔ قانونی نکات کا فیصلہ وہ اکیلا ہی کر سکیگا۔ اسیسر محض ایسے ہونگےجو ہماری سٹن کی عدالتوں میں ہوتے ہیں۔ یعنی تعلیم سے بے بہرہ ان پڑھ اور جاہل لوگ۔ جن کو کرسیوں پر بیٹھا دیا جاتا ہے اور پھر انکی رائے پوچھی جاتی ہے کہ ملزم گنہگار ہے یا نہیں۔ یہ ایک ''ماک،، ڈراما ہوتا ہے جو عام طور پر کھیلا جاتا ہے۔ یہ ایک پرانی لعنت ہے اور میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اتنے بڑے جید قابل ماڈرن اور اپ ٹو ڈیٹ لوگ جو قانون سے واقفیت رکھتے ہیں۔ جو چاہتے ہیں کہ ہم آگے قدم بڑھائیں۔ جو قوم کو ترقی اور بہبودی کی طرف لے جانا چاہتے ہیں۔ وہ کیوں ان دقیانوسی چیزوں کو چھوڑنے کیلئے تیار نہیں ہوتے۔ جناب والا میں نے صرف یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اگر کسی فرد اور بورڈ کے درمیان تنازعہ ہو تو اسے اس بورڈ کی بجائے ٹریبونل کے سامنے پیش کیا جائے۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ وہ معاملہ دیوانی عدالت میں لے جایا جائے۔ یہ ٹریبونل انکا اپنا تخلیق کردہ ہوگا اور انکے اپنے بنائے ہوئے اور پروردہ لوگ اس میں ہونگے۔ جو انکے اشاروں پر کام کرینگے۔ باقی معاملات میں یہ کہا گیا ہے کہ بورڈ کے فیصلے گورنمنٹ کے سپرد کئے جائینگے اور وہ ان پر غور کریگی۔ مگر یہ معاوضہ دینے کے معاملہ میں بورڈ کو قطعی اختیار دے دیا گیا ہے۔ میں تو یہاں تک کہونگا کہ یہ ایک دو دھاری تلوار ہے۔ جو شاید کسی وقت آپ ہی کی گردن کاٹنا شروع کر دے۔ یہ بات آپکے اور ان لوگوں کے جن کے آپ نمائندہ ہیں۔ مفاد میں ہے کہ اس ترمیم کو مان لیا جائے۔ میں تمام عدالتی اور دیگر روایات کو چھوڑتے ہوئے یہاں تک جانے کو تیار ہوں کہ اگر یہاں یہ الفاظ ہی رکھ دئے جائیں کہ گورنمنٹ ہی اس پر غور کرے گی تو میں یہ ترمیم واپس لے لونگا۔ یہ جو یہاں پبلک کے نمائندے بیٹھے

ہوئے ہیں۔ جو کہتے ہیں کہ وہ ۸۸ فیصدی یا خدا جانے کتنے فیصدی کے نمائندہ ہیں۔ یہی اگر اس پر غور کر لیں کہ جو بورڈ کا فیصلہ ہے معاوضے کے متعلق اس میں وہ حق بجانب ہے پھر بھی کچھ بات تھی۔ اس صورت میں بھی اس بے چارے کیلئے جسکا بورڈ کے ساتھ تنازعہ ہو کچھ گنجائش ہے کہ وہ کم از کم وزیر متعلقہ کے پاس ہی فریاد لے جا سکیگا کہ حضور میرے ساتھ یہ ظلم اور زیادتی ہوئی ہے۔ حکومت کو معلوم ہے کہ افسران عام طور پر ایسے طریقہ سے معاوضہ تشخیص کرتے ہیں جس سے حکومت اور عوام دونوں کو نقصان ہو۔ ایکٹ حصول اراضی کے تحت جب معاوضہ تشخیص کیا جاتا ہے تو اراضی کے افسر کے سامنے۔ جو ایک قسم کی عدالت ہے۔ باقاعدہ بحث ہوتی ہے اور معاملہ کے ہر پہلو پر غور کیا جاتا ہے۔ اسکے بعد مدعی کو حق دیا جاتا ہے کہ وہ دیوانی عدالت میں جائے اور اس فیصلہ کے خلاف ڈگری حاصل کرے۔ اور اگر عدالت اسے غلط قرار دے تو اسے رد کر دیا جاتا ہے۔ خود اس قانون میں معاوضہ کی تشخیص کا فیصلہ ٹریبونل کے سپرد کیا گیا ہے۔ اور اسکے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل کیلئے گنجائش رکھی گئی ہے۔ اگرچہ اسکا کریڈٹ سید امیر حسین شاہ صاحب کو جاتا ہے۔ کیونکہ ان کی کوششوں سے ایسا ہوا ورنہ آپ نے تو راہ بند کر دی تھی۔ جب آپ نے خود ایسی چیز پیش کی ہے تو پھر میری اس ترمیم کو بھی مان لیجئے کیونکہ اصولی طور پر یہ بالکل جائز چیز ہے۔ اور وہ اکثر فرمایا کرتے ہیں کہ وہ جائز چیزوں کو مان لینگے۔ میں انکی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ دیگر ایسے اصحاب سے جو قانون کو جانتے ہیں اور جو دیکھ سکتے ہیں کہ اسکا کیا نتیجہ نکلیگا پوچھ لیں۔ اتفاق سے وہ اس وقت انکے پاس ہی بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر وہ اس ترمیم کو نہیں مان سکتے کہ بورڈ کا فیصلہ ٹریبونل کے پاس جائیگا تو پھر وہ یہ مان لیں کہ اسکے بعد گورنمنٹ لازمی طور پر اس پر غور کریگی۔ مجھے امید ہے کہ وہ اسے خاموشی سے مسترد نہیں کر دینگے بلکہ اس پر ضرور لب کشائی فرمائینگے۔

Mr. Speaker : The question is—

That in the proviso to sub-clause (2) of clause 32, for the words "Board whose decision shall be final", the word "Tribunal" be substituted.

The motion was carried.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر۔ میں آپ کی اجازت سے کلاز ۳۲ کی سب کلاز (۲) کی مخالفت کیلئے کھڑا ہوا ہوں میں اسکے لئے وجوہات پیش کرتا ہوں کہ اسے کیوں حذف کیا جائے۔

جناب والا ۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتا کہ جب اس کلاز کی پہلی شق موجود تھی تو پھر اس دوسری شق کے رکھنے کی انہیں کیا ضرورت محسوس ہوئی ۔ مجھے تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ مسودہ قانون بنانے والے کی پیاس آمریت ہی نہیں بجھتی ۔ کہ انہوں نے پہلے ایک شق کو قائم کر کے پھر یہ دوسری شق قائم کر دی ہے ۔ یہ چیز کسی سابقہ قانون میں نہیں ہے ۔

"32 (1) The Chairman or any person acting under the general or special order of the Chairman may enter upon any land with such men, animals, vehicles, appliances and instruments as necessary and undertake investigations, surveys or levels thereon, and dig and bore into the sub-soil, and make and set up suitable land marks, pillers, levels marks and water gauges, and do all acts required for the determination of areas and intended lines of works, construct channels and aqueduct or alter them for securing the flow of water, and do all other acts which may be necessary in order to carry out all or any of the objects of the Act".

اس میں یہ ہے کہ چیئرمین یا کوئی شخص جو اسکے ماتحت کام کرتا ہو وہ اسکے احکام کے تحت کسی رقبہ اراضی میں اتنے آدمیوں کے ساتھ ۔ جانوروں کے ساتھ ۔ گاڑیوں کے ساتھ اور اوزاروں کے ساتھ داخل ہو سکتا ہے جب ضرورت ہو ۔ اور وہ تحقیقات کر سکتا ہے ۔ پیمائش کر سکتا ہے ۔ نشانات لگا سکتا ہے ۔ پھر پانی نکالنے کے لئے نالیاں بنا سکتا ہے ۔ اور ہر وہ دوسرے کام بھی کر سکتا ہے جو ضروری ہوں ۔ اس ایکٹ کے ہر قسم کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے اس ضمن میں وہ سارے اختیارات اسے دے دیئے گئے ہیں ۔ تو پھر معلوم نہیں ہوتا کہ مسودہ قانون بنانے والے کی پیاس کیوں نہیں بجھتی ۔ آمریت کی تلوار سے ان کے حقوق ختم کرنے کے باوجود بھی ان کی پیاس نہیں بجھتی ۔ وہ دوسرا ضمن کیا ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں ۔ دوسرا ضمن یہ ہے ۔

"32 (2). It shall be lawful for any person authorised under subsection (1) to make an entry for the purpose of inspection or search, to open or caused to be opened a door, gate or other barrier."

یعنی سب سیکشن (۱) کے تحت جسکو اختیارات تفویض ہو چکے ہیں اسلئے لئے یہ چیز جائز ہوگی کہ وہ دروازہ توڑ کر اندر داخل ہو جائے ۔ کیا یہ آپ ڈاکہ مارنے کی تیاریاں کر رہے ہیں ۔ کیا یہ قوانین آپ اس رعایا کے لئے بنا رہے ہیں ۔ جو پہلے ہی بے قرار و بے تاب ہے ۔ کہ کبھی کوئی ایسا قانون بھی بنے جس سے ان کی آزادی برقرار ہو ۔ پہلی شق کے بعد یہ دوسری شق قائم کر دی ہے ۔ کیا آپ اپنے عوام الناس کو خدا نخواستہ اس قسم کے ذلیل انسان سمجھتے ہیں کہ جب آپکا کوئی افسر جائیگا تو وہ اپنے مکانوں کے دروازے بھی نہیں کھولینگے ۔ میں جناب وزیر مال صاحب سے پوچھتا ہوں کہ وہ دروازے تڑوا کر کس چیز کی تلاش کروانا چاہتے ہیں ۔ اس پانی کی جو اس بیچارے کے مکان کی زمین کے نیچے ہے ؟ جس سے ممکن ہے وہ لڑ پڑے ۔ کیا وہ چور ہے ؟ اسکی ساری

سیم زدہ اراضی باہر پڑی ہے کیا سارے water gauges مکانوں کے اندر ہی لگانے ہیں ؟ (قطع کلامیاں ۔)

پھر اسکی بھی دو شقیں ہیں —

(a) If he considers the opening thereof necessary for the purpose of such entry, inspection or search; and

(b) if the occupier or owner, as the case may be, is absent or being present, refuses to open such door, gate or barrier.

"is absent or being present".

شق (ب) میں یہ ہے کہ خواہ مالک مکان حاضر ہو خواہ غیر حاضر ہو۔ بس دروازے توڑ لو اور اندر گھس جاؤ اور اسکا جناب والا۔ قصور یہ ہے کہ اس نے پانی چرایا ہوا ہے اور کوئی قصور نہیں کیا۔ اس قسم کے قانون بنانے کے بعد آپ کا یہ حق نہیں ہے کہ آپ یہ کہیں کہ ہم عوام کے ہمدرد ہیں۔ میں اس ذہنیت کے متعلق کہ رہا ہوں جس ذہنیت کے تحت یہ شق رکھی گئی ہے۔ اور میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ مکانوں میں گھسنے کا جو سلسلہ ہے اسکو روکیں۔ اس چیز کو اسمیں سے ہٹا دیں۔ جسطرح سے آپ نے میری پہلی ترمیم منظور کی ہے اسی طرح آپ اسے بھی منظور کر لیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That Sub-clause (2) of Clause 32 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 33

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 38 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 34

سید امیر حسین شاہ (گجرات نمبر ۴ مسلم) —

Sir, I beg to move—

That in clause 34, sub-clause (2) after the words "subject only to" and before the words "Payment of" the following be added :—

"the tender for grant or grant of such other alternate locality at any place as to compensate the person or persons for the loss or damage sustained as a result of such acquisition or if the person affected wants compensation in cash, the".

جناب والا۔ اس ترمیم پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جو زمین acquire کی جائے اسکا عوضانہ نقد کی بجائے اراضی کی صورت میں دیا جائے۔ اگر ہم اس چھوٹے سے کاشتکار سے اسکی تھوڑی سی زمین جو سیم زدہ ہونے سے بچ گئی ہے اس سے لیکر قلیل سی رقم دیدیں تو یہ اس پر ظلم ہوگا۔ یہ قلیل رقم تو شاید اسکے قرضے کی ادائیگی میں صرف ہو جائیگی۔ اور اگر وہ روپیہ بچا کر بھی رکھے تو اس میں اتنی صلاحیت نہیں کہ وہ اسکو استعمال کر کے اپنے لئے کوئی دوسرا ذریعہ معاش ڈھونڈھ لے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسکی زمین چونکہ پہلے ہی سیم زدہ ہے اسلئے اسکی آمدنی میں

کوئی لمبا چوڑا فرق نہیں پڑیگا۔ جناب والا۔ یہ دلیل درست نہیں کیونکہ جب گورنمنٹ کسی area کو local area declare کریگی تو یقیناً اس local area میں سیم زدہ زمین کے ساتھ ہی ساتھ اچھی زمین بھی آ جائیگی۔ جیسا کہ عزت مآب وزیر مال نے خود اگلے روز اپنی تقریر میں فرمایا کہ سیم کسی Special Boundary کے اندر نہیں پائی جاتی بلکہ نہری علاقوں میں ہر گاؤں کی اچھی زمین کے ساتھ ساتھ سیم ہوتی ہے۔ اسلئے جب کسی area کو گورنمنٹ local area declare کریگی تو یقیناً اسکو اچھی زمین بھی acquire کرنی پڑے گی۔ اگر اسکی زمین سیم زدہ بھی ہو پھر بھی ہمیں کوئی حق نہیں کہ ہم اس کاشتکار کی زمین جو ایک عرصے سے اس میں ہل چلاتا رہا ہے سستے داموں acquire کر لیں اور وہ ادھر ادھر بھٹکتا پھرے اور بعد میں بورڈ اسکو reclaim کر کے بیچ ڈالے یا اپنی مرضی کے مطابق کسی کو پٹے پر دیدے یا اپنے کسی چاہیتے کو دیدے۔ اس لئے ضروری ہے کہ زمین کا عوضانہ اراضی کی صورت میں دیا جائے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ گورنمنٹ کے پاس اتنی زمین نہیں کہ وہ عوضانہ اراضی کی صورت میں دے سکے۔ یہ اسلئے درست نہیں کہ گورنمنٹ جب زمین کو local area declare کریگی تو تمام پنجاب کی سیم زدہ زمین ایک ساتھ reclaim نہیں کی جا سکے گی بلکہ گورنمنٹ تھوڑی تھوڑی کر کے reclaim کریگی۔ جیسا کہ محترم میاں عبدالباری صاحب نے فرمایا کہ یہ experimental ہے اور چھوٹے زمینداروں کو تختہ مشق بنایا جا رہا ہے۔ پہلی سٹیج میں ممکن ہے گورنمنٹ اراضی کی صورت میں عوضانہ نہ دے سکتی ہو لیکن بعد میں جو زمین پہلی سٹیج پر reclaim ہو چکی ہونگی ان سے عوضانہ دیا جا سکتا ہے۔ اس طرح گورنمنٹ کو زیادہ زمین عوضانہ کی صورت میں نہیں دینی پڑیگی۔ اراضی بھی reclaim ہوتی جائے گی اور ساتھ ساتھ عوضانہ بھی اراضی کی صورت میں دیا جائیگا۔ جناب والا۔ ایک اور نقطہ نگاہ سے بھی یہ ضروری ہے کہ بورڈ ساتھ ساتھ زمینیں reclaim کرے اور جب پہلی سٹیج پر کوئی زمین reclaim کرے اور وہ reclaim شدہ اراضی عوضانہ کے صورت میں نہ دے تو مزید reclamation نہ کرے اور یہ بھی ضروری ہے کہ reclaimation fee بھی نہ لے کیونکہ بورڈ کو اتنے اختیارات دیدیئے گئے ہیں کہ اگر اسکو ہماری حکومت منافع کمانے والا ڈیپارٹمنٹ بنا دیتی ہے تو یقیناً وہ اپنے اختیارات کو جائز استعمال نہیں کریگا۔ بورڈ کے اختیارات پر تو کافی بحث ہو چکی ہے اور میاں صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ یہ لوگ گاؤں میں گھس جائینگے۔ اسکے علاوہ بورڈ

جسکی زمین چاہے acquire کر سکتا ہے ۔ جتنا چاہے معاوضہ دے سکتا ہے اور پھر یہ کہ جس وقت چاہے کسی کو نکال دے اور جب مرضی ہو reclamation fee لے سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ جس بورڈ کے پاس اتنے اختیارات ہوں اسکو منافع کمانے والا محکمہ بنا دینا نہایت خطرناک ہے کیونکہ وہ یقیناً اپنے اختیارات کو منافع کمانے کیلئے ناجائز طور پر استعمال کریگا ۔ اسلئے ضروری ہے کہ بورڈ کو منافع کمانے والا ڈیپارٹمنٹ نہ بنایا جائے ۔ بورڈ کے پاس یہ موقع نہ ہو کہ اپنی صفائی کیلئے گورنمنٹ کو یہ کہہ سکے کہ میں نے اتنا منافع کما لیا ہے اسلئے میری existence بہت ضروری ہے ۔ بورڈ کا ایک یہ فائدہ ہونا چاہیئے کہ وہ زمین کو develop کرے اور اسے reclaim کرے ۔

جناب والا ۔ میں نے سیلیکٹ کمیٹی میں یہ تجویز پیش کی تھی لیکن مجھے افسوس ہے کہ میں وہاں اس کو پاس نہ کرا سکا ۔ ہمیں بتایا گیا تھا کہ تین روز میں یعنی ۱۱ ۔ فروری کو یہ بل واپس ایوان میں جانا ہے اسلئے ایک ہی نشست میں اسکو پاس کر دیا جائے ۔ چنانچہ ہم نے اس لمبے چوڑے بل کو ایک ہی نشست میں زیادہ سے زیادہ تین گھنٹوں میں پاس کر دیا اور سیلیکٹ کمیٹی کے ممبر صاحبان نے اسپر انگوٹھے لگا دیئے ۔ ہمارے پاس کوئی اعداد و شمار نہ تھے اور ہمیں یہ بھی پتہ نہ تھا کہ .....

Mr. Speaker : The honourable member should not forget that the proceedings of the Select Committee are confidential and should not be referred to.

Syed Amir Hussain Shah : I am merely making a point. I am not referring to anything confidential.

سید امیر حسین شاہ — میں سمجھا کرتا تھا کہ سیلیکٹ کمیٹیاں اس لئے بنائی جاتی ہیں ۔

Mr. Speaker : That cannot be stated on the floor of the House.

سید امیر حسین شاہ — جناب والا ۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Select Committees غالباً اس لئے بنائی جاتی ہیں کہ اسمبلی کے چند ممبران اسمبلی کے Procedure کی بندشوں سے آزاد ہو کر کسی بل کی ایک ایک شق کو اس طرح پرکھیں کہ اس میں کسی قسم کی خامی باقی نہ رہ جائے ۔

Mr. Speaker : Honourable member's reference to the Select Committee is wholly irrelevant. Kindly do not refer to anything that was done or said in the Select Committee.

Syed Amir Hussain Shah : I will say nothing more about that. Sir, I would only protest against such Select Committees.

Mr. Speaker : That protest is uncalled for and is out of place.

سید امیر حسین شاہ — جناب والا ۔ پھر میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اور تو اور اس دن وزیر مال صاحب نے ہمیں چائے خوب پلائی تھی ۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 34, sub-clause (2) after the words "subject only to" and before the words "payment of" the following be added :—

"the tender for grant or grant of such other alternate locality at any place as to compensate the person or persons for the loss or damage sustained as a result of such acquisition or if the person affected wants compensation in cash, the".

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I beg to move—

That in clause 34, sub-clause (2) the full-stop after the word "Act" be replaced by a semicolon and the following words be added "or to an alternative grant of land".

جناب والا ۔ مجھ سے پہلے اس موضوع پر بالتفصیل گفتگو ہو چکی ہے ۔ میں اس سلسلے میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر حکومت اپنے ان بحالی اور ترقی کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے فوری طور پر حصول اراضی پر مجبور ہے تو ایسی حالت میں حکومت کو نہ صرف اراضیات کے معاوضے تک اکتفا کرنی چاہیئے بلکہ اس کے مقابلے میں ان مالکان اراضی کو جن کی اراضیات سیم زدہ ہونے کے باعث بحالی کے منصوبوں میں شامل کر لی گئی ہوں ترجیحی متبادل زمینیں مہیا کی جائیں تا کہ وہ اپنے کاشتکاری کے پیشے پر قائم رہیں ۔

جناب والا ۔ یہ ایک واضح بات ہے کہ وہ کاشتکار اور چھوٹے چھوٹے زمیندار ایسے لوگ ہیں جن کا واحد ذریعہ معاش زراعت ہے ۔ جو زراعت کے علاوہ دنیا کا کوئی کار و بار کرنا نہیں جانتے ۔ جن کی زراعت کے علاوہ نہ کوئی تربیت ہے اور نہ ہی ان میں کسی ہنر یا فن کی صلاحیت موجود ہے ۔ ان حالات میں ایسے مالکان ۔ قابضان یا مزارعان کو کوئی متبادل رقبہ مہیا کئے بغیر اس طرح strand کرنا ۔ فاقہ کش بنانا اور بے وسیلہ بنا کر چھوڑ دینا ایک ظلم عظیم ہوگا ۔ یہ چیز بجائے خود حکومت کی پالیسی کا ایک حصہ ہے جس کے متعلق حکومت اس معزز ایوان میں اس قسم کے کئی اعلانات کر چکی ہے کہ وہ حتی الامکان ان لوگوں کو بیکار نہ ہونے دیگی ۔ لہذا میری گذارش ہے کہ متاثر لوگوں کو ان کی ضروریات کی کفالت کیلئے کاشت کے مناسب رقبے مستقل طور پر عطا کئے جائیں ۔

جناب والا۔ ہمیں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ بعض اراضیات ایسی ہیں جو حکومت کے پاس اس وقت تک unallotted یعنی فاضلہ پڑی ہیں اور جن کے اعداد و شمار فراہم کئے جا رہے ہیں۔ ایسے مزارعین کو جو اس سے قبل مالکان اراضی کے رحم و کرم پر تھے مستقل طور پر ان اراضیات کا مالک بنایا جائیگا چنانچہ حکومت نے اپنی زرعی اصلاحات کے ماتحت بعض مزارعین کو بمنزلہ مالک بنانے کی کوشش کی ہے۔ اگر حکومت نے حصول اراضیات کے اس طریق پر ہی اکتفا کیا اور متعلقہ لوگوں کو معاوضہ نہ دے کر ان سے زمینیں چھیننے کی کوشش کی تو اس سے غریب رعایا کے حقوق کو بہت زیادہ نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ لہذا حکومت کی خدمت میں میری یہ مودبانہ گذارش ہے کہ اپنے اعلانات کا احترام کرتے ہوئے اپنی وحدت۔ یگانگت اور طرز عمل کی یکسوئی کو ملحوظ رکھتے ہوئے لوگوں کی مشکلات کو محسوس کرے اور معاوضہ دینے کے سلسلے میں حتی الامکان متبادل اراضیات عطا کرنے کا اہتمام کرے۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 34, sub-clause (2) the full-stop after the word "Act" be replaced by a semicolon and the following words be added "or to an alternative grant of land".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 34 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 35

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I beg to move—

That in clause 35, sub-clause (10) for the word "subordinate" in the second line the word "civil" be substituted.

Minister of Revenue : I accept this amendment.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 35, sub-clause (10) for the word "subordinate" in the second line, the word "civil" be substituted.

The motion was carried.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر۔ میں آپ کی اجازت سے کلاز ۳۵ کی مخالفت اور اس کے اس مسودہ قانون میں شامل نہ کئے جانے کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔ یہ ضمن بھی حسب عادت ایک tribunal کے قیام کے متعلق ہے ۔ اس طرح اس حکومت کے سارے شاہکاروں میں tribunal مقرر کئے جاتے رہے ہیں۔ جن کی زندگی اور قیام کا انحصار حکومت اور وزراء پر ہے اور جو حقیقی معنوں میں ان کے رحم و کرم پر ہونگے۔ اس طرح یہ tribunal بھی مقرر کیا گیا ہے۔ قبل ازیں اس مسودہ قانون میں کئی مقامات پر یہ چیز واضح کی جا چکی ہے کہ عدالتوں

کے دروازے مختلف نوعیت کے کاموں کیلئے بند کئے جا چکے ہیں۔ اب یہ tribunal آیا ہے۔ اس کے متعلق یہ ارشادات ہیں—

"For the purpose of performing the functions of the Court in reference to the acquisition of land for the Board under the Land Acquisition Act I of 1894 as modified by this Act, the Government may by notification constitute one or more Tribunals, and may define the local limit of their jurisdiction."

یعنی حکومت ایک یا ایک سے زیادہ tribunal اور ان کا حیطہ اختیار مقرر کر سکتی ہے۔

ٹریبونل کے پریذیڈنٹ ایک ایسے بزرگ ہونگے جو ہائی کورٹ کے جج ہونے کے اہل ہونگے اور دو دوسرے رکن کوئی دو آدمی ہو سکینگے جنکو حکومت منتخب کرے۔ اب جناب والا دیکھنا یہ ہے کہ پریذیڈنٹ صاحب کی qualifications کیا ہونگی۔ ہر وکیل یا ایڈوکیٹ جو دس سال وکالت کا تجربہ رکھتا ہو وہ ہائی کورٹ کا جج ہونے کا اہل ہو سکتا ہے۔ اس لئے گو الفاظ پر شکوہ ہیں مگر کوئی خاص قابلیت اور اعلیٰ معیار ان سے ظاہر نہیں ہوتا جو پریذیڈنٹ کیلئے مقرر کیا گیا ہے۔ باقی رہے دو Assessors۔ تو حکومت جن دو آدمیوں کو چاہے کان سے پکڑ کر بورڈ میں بٹھا دے اور جب چاہے انکو کان سے پکڑ کر نکال باہر کرے۔ تحتی شق نمبر (۷) کے الفاظ یہ ہیں—

"حکومت ٹریبونل کے کسی رکن کو حسب منشا ہٹا سکتی ہے اور اسکی بجائے اور کسی شخص کو مقرر کر سکتی ہے"۔

اسکا مطلب صاف ہے کہ حکومت جسے چاہے کان سے پکڑ کر بورڈ میں بٹھا دے اور جسے چاہے کان سے پکڑ کر باہر نکال دے۔ کوئی شرط یا قابلیت یا خصوصیت ایسی مقرر نہیں کی گئی جس کی بنا پر کوئی ممبر مقرر یا برخواست کیا جا سکیگا۔ مگر بورڈ کے اختیارات بہت وسیع ہونگے۔ وہ اراضی کو lease پر دے سکیگا۔ فیس عائید کر سکے گا۔ ان ممبروں کی میعاد تین سال ہو گی مگر وہ دوبارہ بھی مقرر کئے جا سکینگے۔ یہ بورڈ حصول اراضی کے سلسلے میں دیوانی عدالت کا درجہ رکھے گا اور ایکٹ حصول اراضی مصدرہ ۱۸۹۴ء کے ماتحت کام کریگا جیسا کہ اسکی وضاحت ترمیم مسودہ قانون زیر بحث سے ہوتی ہے۔

جناب والا۔ یہ modification خاص طور پر قابل توجہ ہے۔ حکومت اپنی مرضی سے جب چاہے اس بورڈ کے کسی ممبر کو اپنی discretion سے remove کر سکیگی۔ میرے خیال میں ایسے بورڈ کی ضرورت ہی کیا ہے جسے محض ایک کٹھ پتلی کی حیثیت حاصل ہوگی۔

جب جھگڑا اس قسم کا ہوگا کہ زمین کی ملکیت کس کی ہے۔ معاوضہ اور فیس کس قدر مقرر ہو تو اسکا فیصلہ کرنے کے لئے ان پڑھ ممبر مامور ہونگے۔ محض پریذیڈنٹ ایک دس سالہ وکیل ہوگا۔ مگر دونوں ممبران بالکل ان پڑھ بھی ہو سکتے ہیں جو حصول اراضی کے بارہ میں عدالت کے جج کی حیثیت رکھیں گے۔ پریذیڈنٹ کا فیصلہ ضابطہ دیوانی کے بارہ میں ناطق ہوگا مگر حصول اراضی کے فیصلے میں دو ان پڑھ ممبروں کا ہاتھ ہوگا اور اگر دونوں ممبر متفق ہو جائیں تو دس سالہ وکیل پریذیڈنٹ صاحب ایک طرف بیٹھے کے بیٹھے رہ جائینگے۔

جناب والا۔ یہ ہے وہ ٹریبونل جو دفعہ ۳۵ کے تحت مقرر ہوگا۔

سید شمیم حسین قادری (کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۳ مسلم مخصوص) — جناب والا۔ میں سمجھتا ہوں کہ شق ۹ کی تحتی شق (بی) اور (سی) دونوں کو حذف کر دینا چاہئے کیونکہ یہ کلازیں حد سے زیادہ اختیارات پریذیڈنٹ کو دیتی ہیں اور ان سے ہائی کورٹ کے دروازے بھی بند ہو جاتے ہیں۔

جناب والا۔ اس deletion کا مقصد صرف اتنا ہے کہ جب آپ ایک ایسا بورڈ مقرر کرتے ہیں جسکا صدر ایک دس سالہ وکیل ہو گا یا جو ہائی کورٹ کا جج مقرر ہونے کی اہلیت رکھتا ہوگا۔ اور دو اسیسر اسکے ساتھ بورڈ میں بیٹھیں گے تو اگر آپکا منشا یہ ہے کہ وہ اسیسر ایسے ہی ہونگے جیسے آپ سیشن کورٹ میں بٹھایا کرتے ہیں۔ تو پھر اسکی deletion حق بجانب ہے۔ میں حکومت کا منشا جاننا چاہتا ہوں اگر مقصد یہ ہے کہ وہاں پر دو بودم بے دال بیٹھ جائیں تو پھر اسکی ضرورت ہوگی۔ کیونکہ انکو سمجھ نہیں آئیگی کہ قانون کیا ہوتا ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ دبی زبان سے یہ فرما دیں کہ وہ اسیسر.....

وزیر مال — جج کی شایان شان ہونگے۔

سید شمیم حسین قادری — اس ٹریبونل میں تین اشخاص ہونگے جن میں دو اسیسر ہونگے اور ایک جج ہوگا۔ لیکن کلاز کا مطلب یہ ہے کہ اسیسر مقرر کرتے وقت ایسے آدمی مقرر کر دئے جائیں جو question of fact پر تو رائے دیں لیکن question of law پر انکی رائے ضروری نہ ہوگی۔ اور اس پر آخری فیصلہ پریذیڈنٹ کا ہوگا۔ اگر وہ قانون کر سمجھ سکتے ہونگے تو اس کلاز کی deletion کی ضرورت نہیں۔ اس طرح کلاز (سی) یہ ہے —

"The President shall not be bound to consult the Assessors relating to the determination of persons to whom compensation is to be paid, or apportionment thereof and may in his discretion dispose of such question singly and in that case his decision shall be deemed to be a decision of the Tribunal."

میں جناب والا صرف اتنا عرض کرونگا کہ اس ٹریبونل کو آپ نے زیادہ سے زیادہ question of fact پر فیصلہ دینے کا اختیار دیا ہے ۔ کوشش یہ کی جائے کہ اس میں ایسے آدمی ہوں جو qusetion of law کو بھی سمجھ سکتے ہوں ۔ اور اگر وہ سمجھ سکتے ہوں تو پھر میری تحریک غیر ضروری ہو جاتی ہے ۔

Mr. Speaker : The question is—
That clause 35 as amended stand part of the Bill.
The motion was carried

Clause 36

Mr. Speaker : The question is—
That clause 36 stand part of the Bill.
The motion was carried

Classe 37

Mr. Speaker : The question is—
That clause 37 stand part of the Bill.
The motion was carried.

(اس مرحلہ پر اجلاس برائے نماز ظہر پون گھنٹے کیلئے ملتوی ہوا) ۔

(اسمبلی کا اجلاس دوبارہ ڈھائی بجے دن منعقد ہوا ۔ صاحب سپیکر کرسی صدارت پر جلوہ افروز تھے) ۔

Clause 38

میاں عبد الباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا ۔ کلاز نمبر ۳۸ یہ ہے —

"When by the execution of any scheme the value of the land included therein is expected to be increased the Board may at any time after the sanction of the scheme under section 21 proceed to levy and recover reclamation fee in respect of such land in accordance with the rules framed by Government under subsection (4)."

جناب والا ۔ یہ سیکشن ۳۸ اس چیز کے متعلق ہے کہ کسی سکیم کے اجرا کے لئے جب یہ توقع ہو کہ سکیم کے اجرا سے اس زمین کی قیمت بڑھ جائیگی ۔ تو اس صورت میں بورڈ کو یہ اختیار ہوگا کہ کسی سکیم کی sanction کے متعلق یہ کہے کہ یہ بات قابل غور ہے اور پھر Reclamation fee عائد کر سکیں یا وصول کر سکیں ۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ جب بورڈ کا صرف یہ طریقہ ہو جائے کہ جن زمینوں کی قیمت بڑھ جائیگی اس وقت اگرچہ یہ چیز بری نہ ہو صرف اس توقع کی بنا پر کہ مالک Fee عائد کرنے کے لئے بورڈ کو اختیار دے دیتا ہے تو اس کی قیمت فے الواقع

بڑھ جائیگی پھر جناب والا شق نمبر ۲ ھے بورڈ کی رائے میں اگر قیمت زیادہ ہوتی ہو تو جو سکیم گورنمنٹ کی ہو اس کے مطابق وہ واپس کی جائے گی۔ اس سے قبل کہ مزید فیس جو وہ مناسب سمجھیں لگا سکتے ہیں یہ شق نمبر ۲ ھے یہ ضمن اس دعویٰ کو باطل قرار دیتا ھے جو ابھی اس ایوان میں مختلف قسم کے ٹیکس عائد کرتے وقت وزرا کرام اور خصوصاً وزیر اعلیٰ نے ارشاد فرمایا تھا۔ کہ یہ جتنے ٹیکس ہم لگا رہے ہیں وہ غیر معمولی ٹیکس ہیں جو آج تک نہیں لگے تھے اس لئے ہم لگا رہے ہیں کیونکہ ہم development کی سکیموں پر خرچ کرنا چاہتے ہیں۔ جناب والا یہ سکیم ایک طبیبانہ سکیم ھے کسی بیماری کے معالجہ کے لئے ھے تا کہ یہ بیماری قطعی طور پر نہ رہے کیونکہ اندیشہ ھے کہ یہ صوبہ مفلوج ہو جائے گا اس کے اجرا کے لئے اس سے زیادہ ضروری کام کرنے کے لئے یہ جو ضمن شامل کی گئی ھے اس سے ان کے دعویٰ کا قطعی ابطال ہو جاتا ھے۔ یہ کسی نہایت ضروری کام کے لئے۔ کسی ایسے کام کے لئے بھی جس پر پنجاب کی زندگی اور موت کا سوال ھے اگر ضرورت پیش آئے تو چندہ جات کی صورت میں development کے کاموں کے لئے کوڑی کوڑی اور حبہ حبہ وصول کرنا چاہتے ہیں ان عوام الناس سے جن پر پہلے ہی جائز و ناجائز ٹیکس لگے ہوئے ہیں۔ یا ان میں ایزادی ہو چکی ھے اس میں بجائے اس کے کہ مالک اراضی کو خواہ چھوٹا ہو یا بڑ۔ اسکی زمین میں کچھ ترقی ہو جائے اور وہ بہتر حالت میں ہو جائے تا کہ اس نے جو ۸، ۱۰ یا ۱۵ سال مصیبت سے گزارے اور اپنی تباہی دیکھی ھے اسے کچھ فائدہ پہنچ سکے۔ مگر جب یہاں سیم کی زمین کا بھی قبضہ جائز ہو گیا ہو تو مشکل ہوگا۔ اسکی آمدنی پہلے ہی کم ھے اسکی کاشت وغیرہ بہت کم ھے اس کے مکانات گرے ہوئے ہیں۔ کیا اس وقت گورنمنٹ اس کا مالیہ چھوڑ دے گی اسکو حکومت رعایت دیگی۔ یا مہاجر ٹیکس چھوڑ دیگی؟ development سکیم کو خواہ دوسرے ٹیکس جو Agricultural Income tax کے نام سے موسوم ہیں۔ چھوڑ دیگی۔ تھوڑے رقبوں والے کئی زمیندار ہیں۔ یہ فیس اس وقت انہیں لگ جائیگی۔ جب بورڈ متوجہ ہوگا۔ چاھے فی الواقعہ ترقی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ پھر دوسری شق کے متعلق مختصراً عرض کی تھی۔ بورڈ کی رائے میں اگرچہ قیمت کی ایزادی ہو اور وہ قابل توجہ ہو یا بورڈ کی رائے میں اگرچہ قیمت میں ایزادی ضروری ہو تو سکیم بنانے وقت وہ زمین واپس کی جائے اور مزید خرچ پورا کرنے کے لئے دوسری فیس کا اطلاق کیا جائے اس سے صاف ظاہر ھے کہ یہ سکیم زمینداروں کو

حقیقت میں بچانے کے لئے نہیں کی گئی۔ اس کے نتیجہ کا اظہار باقی ذرائع سے ہوتا ہے۔ نمبر ۳ شق یہ ہے۔

"(3) In fixing the amount of reclamation fee to be charged in respect of any land or class of land, the Board shall also take into consideration the actual expenditure incurred or to be incurred on the execution of the scheme and the degree to which the land or any part of the land has or will be benefited thereby."

اب reclamation fee کے متعلق کیا کہوں یہ تقریباً وہی چیز ہے جو میں پہلے کہہ چکا ہوں۔ بورڈ ان تمام اخراجات کا خیال رکھے گا۔ پھر ان اخراجات میں بھڑوتی ہو سکیگی۔ یعنی جو اخراجات ہونے والے ہوں اس کا خیال رکھیگا۔ یہ نئی بات ہے کہ اخراجات کی جو بچت ہونی چاہئے اس کا خیال رکھ کر فیس میں ایزادی کی جا سکے۔ اس خیال کو بھی ملحوظ رکھے کہ زمین کو کیا فائدہ پہنچے گا۔ اور فائدہ پہنچاتے وقت یہ فیس لگے گی مگر میں یہ کہتا ہوں۔ کہ یہ کہاں کا قانون ہے یہ تو روپیہ بٹورنے یا حاصل کرنے کے لئے حکومت ایسا کر رہی ہے۔

صاحب سپیکر — اور کچھ۔

میاں عبدالباری — بس جناب میری یہی گذارش ہے۔

سید امیر حسین شاہ (گجرات نمبر ۴ مسلم) — جناب والا۔ Reclamation Fee لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یہ اصولی طور پر غلط ہے گورنمنٹ کوئی سکیم ترقی کے لئے چلائے اور immediate beneficiary سے ہی اس وقت اسکا خرچہ وصول کرے یہی بنیادی طور پر اقتصادی نقطہ نگاہ سے حکومت اور کار و باری اداروں میں فرق ہے کاروباری ادارے اس لئے چلائے جاتے ہیں کہ منافع حاصل کیا جائے۔ حکومت کا کام ملک کو ترقی کے راستوں پر ڈالنا ہوتا ہے۔ گورنمنٹ میں earning departments کے ساتھ ساتھ consuming departments ہوتے ہیں۔ اگر ان consuming departments کو بند کر دیا جائے تو لازم ہے کہ زیادہ earning ہوگی لیکن اس سے عوام کی بہتری اور ترقی نہ ہوگی۔ جناب والا۔ فیس لینا ایسا ہے جیسے پولیس کا سپاہی ہو جو آپ کی کوٹھی پر پہرہ دیتا ہے آپ سے ہی تنخواہ وصول کرے یا جسطرح لاہور چھاؤنی میں جو افواج ہیں وہ تنخواہ لاہور کے شہریوں سے وصول کریں لیکن ہمارے جو برسراقتدار حضرات ہیں۔ انکے ذہن کچھ اس طرح دھندلا گئے ہیں۔ کہ وہ ایسٹ انڈیا کمپنی کی طرح حکومت چلانا چاہتے ہیں اور ہر چیز یا ہر محکمہ میں منافع کو سامنے رکھا جاتا ہے۔ جناب والا اگر گورنمنٹ یہ چاہتی ہے کہ منافع کمانے والے departments اور create کئے جائیں تو وہ ایسا کر سکتی ہے

مثلاً transport کو nationalize کر دے اس سے ہی وہ reclamation کا تمام خرچ نکال سکتے ہیں۔ لیکن ایسا قدم جس سے سرمایہ داروں کو تکلیف پہنچے ہماری گورنمنٹ اٹھانا نہیں چاہتی۔

کیا یہ بہتر ہے کہ وہ reclamation کی ڈوپلیمنٹ سکیم کو چلائیں اور اس کا خرچہ immediate beneficiary سے وصول کریں یا یہ بہتر ہے کہ وہ یہ ٹیکس لگائیں اور ٹیکس بھی ایسا progressive قسم کا سرمایہداروں اور بڑے بڑے زمینداروں پر لگائیں اور ان سے اس چیز کا خرچہ وصول کریں۔

جناب والا۔ reclamation کے خلاف دوسری دلیل یہ ہے کہ گورنمنٹ ان زمینوں کو reclaim کر کے ان لوگوں پر کوئی نیا کرم نہیں کر رہی جس کی وجہ سے وہ یہ فیس لینا چاہتی ہے۔ یہ زمینیں جو آج سیم زدہ ہیں آج سے ۱۰ یا ۲۰ سال قبل اس صوبہ کی بہترین زمینیں تھیں۔ مثلاً جڑانوالہ کو لیجئے کہ وہاں ۱۰ یا ۱۲ کیلہ زمین کا مالک اچھا خاصہ خوش حال زمیندار ہوتا تھا۔ یہ زمینیں جو آج سیمزدہ ہیں وہ کاشتکاروں کی غلطی کی وجہ سے سیم زدہ نہیں ہوئیں یا یہ کسی خدائی قہر کی وجہ سے بھی ایسی نہیں ہو گئیں بلکہ اس کی وجہ act of state ہے۔ یہ تو نہریں کھودنے کی وجہ سے سیم زدہ ہوئی ہیں اس لئے یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ بغیر کسی معاوضہ کے ان کو reclaim کرے۔ پھر جناب والا گورنمنٹ نے آبیانہ کی شکل میں اب تک کروڑوں روپے کمائے ہیں۔ ان کا فرض ہے کہ جو زمینیں خراب ہو چکی ہیں ان کو اس روپے سے ٹھیک کر کے دیں۔ جناب والا یہ کہا جا سکتا ہے کہ گورنمنٹ کے پاس اتنا سرمایہ نہیں ہے کہ جس سے وہ reclamation کے اخراجات پورے کرے۔ میری گذارش ہے کہ سرمایہ تو اکٹھا ہو سکتا ہے بشرطیکہ ایسی نیت ہو۔ Muhajir Cess Bill اور Agriculture Income-tax Bill کے پاس ہو جانے کے بعد ہم پر یہ چیز واضح ہو گئی ہے کہ گورنمنٹ اس قسم کے ٹیکس۔ ترقی پسندانہ ٹیکس لگانے کے لئے تیار نہیں کہ جن سے سرمایہ داروں کی جیبوں پر اثر پڑے یا جن سے ان کو تکلیف پہنچے اور نہ ہی گورنمنٹ transport کو nationalize کرنا چاہتی ہے۔ اگر یہ ایسے ترقی پسندانہ ذرائع سے سرمایہ اکٹھا کرنا نہیں چاہتی تو نہ کرے جہاں تک reclamation کا تعلق ہے اس کا خرچہ ایک اور طریق پر بھی نکالا جا سکتا ہے اور وہ اس طرح کہ reclamation کرنے کے بعد آبیانہ اور مالیہ بلکہ حکومت کی طرف سے عائد کردہ تمام ٹیکسوں میں اضافہ ہوگا کیونکہ جہاں نئے

گاؤں آباد ہونگے ان سے ملک کی خوش حالی میں اضافہ ہوگا اور گورنمنٹ کی آمدنی ہر ٹیکس کے ذریعہ سے بڑھے گی اور گورنمنٹ کا خرچ اس بڑھی ہوئی آمدنی سے پورا ہو جائیگا۔ اگر وہ یہ کچھ نہیں کرنا چاہتے اور سرمایہ داروں پر بھی کوئی ٹیکس نہیں لگانا چاہتے اور transport کو بھی nationalize نہیں کرنا چاہتے اور کوئی اور ترقی پسندانہ طریق بھی اختیار کرنا نہیں چاہتے تو اس صورت میں وہ ایک public loan float کر سکتے ہیں اور اس loan کی ادائیگی بعد میں اپنی بڑھی ہوئی آمدنی سے کر سکتے ہیں۔

Mr. Speaker : The question is—
That clause 38 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 39

Mr. Speaker : The question is—
That clause 39 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 40

Mr. Speaker : The question is—
That clause 40 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 41

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ کلاز ۴۱ کو حذف کر دیا جائے۔

جناب والا۔ کلاز ۴۱ یہ ہے —

"The Board may, with the previous sanction of the Government levy on any local area or part thereof a tax to be known as "Land Improvement Tax" to implement various measures of reclamation"

جناب والا۔ reclamation-fee لگانے کا اختیار لینے کے بعد جس کی میں توضیح قبل ازیں کر چکا ہوں reclamation کی بنا پر دوبارہ فیس لگانے کا اختیار لینا ایک ایسی چیز ہے جس کے متعلق میں صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ حبہ حبہ اور کوڑی کوڑی وصول کرنے کے بعد بھی ان کے پیٹ کی بھوک نہیں مری اور ابھی ان کو اور خواہش اور کوشش ہے کہ وہ اسے پوری کر لیں اور اس لئے وہ چاہتے ہیں کہ اس ٹیکس کے علاوہ اور ٹیکس لگانے کا ان کو اختیار ہو جائے۔ وہ یہ کہ بورڈ حکومت سے اختیار حاصل کرنے کے بعد کسی لوکل ایریا پر یا اس کے کسی حصہ پر یہ ٹیکس لگا سکتا ہے جس کا نام land improvement Tax ہوگا to implement the various measures of reclamation یعنی reclamation سے متعلق اقدامات کو پورا کرنے کے لئے۔ میں حیران ہوں کہ reclamation fee لگانے کے بعد اب اس چیز کی کیا ضرورت رہ گئی تھی۔ ان اختیارات

کے ساتھ اور ان کیفیات اور ان فیسوں کے ساتھ یہ بورڈ بنایا گیا ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب سے زیادہ آسرانہ ہوگا کہ جس سے وہ پنجاب کی آبادی کو نہ کہ بنجر زمین کو سیم سے آزاد کرانے کے لئے بد ترین طریق پر مفلوج کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے میں ہاؤس سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ دفعہ ۱۰۴ کو حذف کر دے تا کہ یہ بار بار ٹیکس لگانے کا اختیار بالخصوص اس ٹیکس کے بعد جس کے متعلق انہوں نے کہا ہے کہ ہم ترقی کی سکیموں کے لئے یہ سارے ٹیکس لگا رہے ہیں بند ہو جائے۔ آخر وہ اس ٹیکس کا جواز کس صورت میں پیش کر سکتے ہیں۔ جواب کی مجھے توقع نہیں اور اپنی تجویز کے مانے جانے کی بھی مجھے توقع نہیں۔ ہم نے اپنی طرف سے یہ چیزیں واضح کر دی ہیں تا کہ عوام اور آپ کی نگاہ سے یہ چھپی نہ رہیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 41 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 42 to 53

Mr. Speaker : The question is—

That clauses 42 to 53 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 54

میاں عبد الباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے دفعہ ۵۴ میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں —

That in clause 54, sub-clause (2), the following words be deleted:—

"It shall not be necessary to name the owner, occupier or tenant therein".

جناب والا ۔ یہ دفعہ ان notices کے متعلق ہے جو بورڈ کی طرف سے ان لوگوں کو دئے جائیں گے جن سے کوئی اراضیات لی جائینگی یا کوئی اعلان ہوں گے جن کے مطابق اس ایکٹ کے تحت جاری کردہ سمن کے ذریعہ لوگوں کو طلب کیا جائیگا اس شق کے الفاظ یہ ہیں —

"When notice, summons, order or requisition is required or permitted under this Act to be served upon an owner, occupier or tenant, as the case may be, of a building or land, it shall not be necessary to name the owner, occupier or tenant therein, and the service thereof, in cases not otherwise specially provided for in this Act, shall be effected".

جناب والا ۔ وہ سمن سمن نہیں ہے جس پر اس شخص کا نام درج نہ ہو جس کے نام وہ جاری کیا گیا ہے ۔ اس چیز کے لئے کہ حکومت کا کوئی اعلان جو اس امر کے متعلق ہو یا جو general notice ہو جو کسی شخص کے حقوق کے متعلق استفسار کرنے کے لئے ہو یا قانونی کارروائی اس پر عائد کرنے کے لئے ہو وہ دفعہ ۵۲ میں آ چکا ہے —

"Subject to provisions of this Act, every public notice required to be given under this Act shall be deemed to have been duly given if it is published in some newspaper and pasted upon a notice board to be exhibited for public information at the building in which the meetings of the Board are ordinarily held".

اگر دفعہ ۵۲ نہ ہوتی تو دفعہ ۵۳ میں جو ہو چکا ہے وہ یہ ہے کہ اس ایکٹ کے ماتحت دیا گیا کوئی پبلک نوٹس باقاعدہ متصور ہوگا اگر وہ کسی اخبار میں شائع ہو جائے اور اس عمارت کے نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دیا جائے جہاں بورڈ بالعموم اپنے اجلاس منعقد کرتا ہے۔ لیکن جو نوٹس کسی شخص کے متعلق ہو۔ اسکے حقوق کے متعلق ہو۔ جس میں اس سے کوئی استفسار کیا گیا ہو۔ اسکی زمین کے متعلق یا اسکے رقبہ کے متعلق۔ اس پر اسکا نام نہ لکھنا اس قدر زیادتی ہے جس کی کوئی حد یا حساب نہیں۔ وہ نوٹس جس پر اس شخص کا نام تک نہ ہوگا کہیں پر چپکا دینا کافی ہوگا اور اس پر قانون کا حربہ چلایا جا سکیگا۔ اسلئے میں ملتمس ہوں کہ میری ترمیم منظور کی جائے اور اس بل میں یہ چیز شامل کی جائے کہ جس شخص کے نام نوٹس ہوگا اس شخص کا نام نوٹس میں ضرور درج ہوگا۔

Minister of Revenue : I oppose it.

Mr. Speaker : The question is—

That in clauses 54, sub-clause (2), the following words be deleted:—

"it shall not be necessary to name the owner, occupier or tenant therein".

The motion was lost.

میاں عبد الباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔ میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں—

That in clause 54, sub-clause (2) (*b*) for the words "or land to which it relates", the following words be substituted :—

"in which the person to whom the notice is to be served resides."

جناب والا۔ مجھے اب اس ترمیم کیلئے کسی لمبی چوڑی تقریر کی ضرورت نہیں۔ اس نوٹس میں کسی شخص کا نام نہیں ہوگا۔ اسکی تعمیل کسطرح ہوگی اسکی کیفیت سب کلاز (۲) میں بیان کی گئی ہے۔ اگر وہ مالک قابض یا مزارع نہ ملے تو اسکے کنبہ کے کسی ملازم یا کسی بالغ مرد کو جو عام طور پر اسکے ساتھ رہتا ہو وہ نوٹس دے دیا جائیگا۔ یعنی وہ نوٹس یا تو خود اسے یا اسکے کسی رشتہ‌دار کو یا کنبے کے آدمی کو دے دو۔ اور اگر وہ نہ ملے تو پھر کیا کرو۔ اسے چسپاں کر دو اس عمارت کے کسی نمایاں حصہ پر جس میں وہ رہتا ہے۔ یا عمارت بھی چھوڑ دو۔ اسے اس زمین کے کسی حصہ پر لگا آو جہاں وہ رہتا ہے۔ نوٹس پر اسکا نام بھی نہ ہو۔ اسکے مکان پر بھی نہ لگاؤ۔ اسکا نوکر نہ ملے۔ اسکا رشتہ‌دار بھی نہ ملے۔ اسکی زمین جو ایک دو یا تین مربعے ہو اسکی کسی اینٹ یا جھاڑی پر وہ نوٹس لگا آؤ۔ بس اسکی تعمیل ہو گئی۔ اب وہ ذمہ‌دار ہے اور گردن زدنی ہے۔ جناب والا۔ سنا تھا کہ کابل کے کسی حکمران نے

ایک پتھر پر یہ حکم لکھکر لگا دیا تھا کہ تمہارے نزدیک چوری ہو گئی ہے ۔ اگر وہ چوری برآمد نہ ہوئی تو بیس میل کا رقبہ بالکل تباہ و برباد کر دونگ ۔ وہ چوری برآمد نہ ہوئی اور اس نے بیس میل کے اندر کے سارے گاؤں اڑا دئے ۔ بالکل یہی کیفیت نوٹس تعمیل کرانے کی یہاں ہے ۔ نوٹس پر نام کسی کا نہیں ۔ دیا کسی کو نہیں جاتا ۔ مکان پر لگانے کی لازمی شرط نہیں ۔ اس رقبہ اراضی پر جہاں وہ رہتا ہے کسی جگہ لگا آؤ ۔ یہ نہایت زیادتی ہے ۔ آپ اس ایکٹ کے ذریعہ جن لوگوں کا معالجہ کرنا چاہتے ہیں انکو خدا کیلئے چور اور ڈاکو تو نہ سمجھئے ۔ اس اصلاح کے ساتھ انکی اپنی اغراض بھی وابستہ ہونگی ۔ یہ بھی خیال رکھئے کہ اس نوٹس کو سرو کرنے والا بورڈ کا چیئرمین یا اسکے دوسرے اشخاص ہی نہ ہونگے بلکہ انکا ماتحت عملہ ہوگا ۔ جن کی دیانتداری اور کارگذاری کے مختلف مدارج ہونگے ۔ انکو کون نہیں جانتا ۔ پبلک کو انکے ظلم اور تعدی سے بچانا ضروری ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اسکے مکان پر نوٹس نہ لگائیے ۔ میں صرف یہ کہتا ہوں کہ باقی ساری چیزیں رہنے دیجئے ۔ صرف وہ جو آخر میں الفاظ ہیں ۔ "or land to which it relates" انکی جگہ یہ الفاظ کر دیجئے —

"in which the person to whom the notice is to be served resides".

میرا خیال ہے کہ انریبل وزیر مال اس ترمیم کو منظور کر لینے میں کوئی حرج نہیں سمجھینگے ۔ اگر انہوں نے ضد نہیں باندھ لی کہ میں جو بھی تجویز پیش کروں وہ ضرور اسکی مخالفت کرینگے ۔

Minister of Revenue : I accept it

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 54, sub-clause (2) (*b*) for the words "or land to which it relates", the following words be substituted :—

"in which the person to whom the notice is to be served resides".

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 54 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 55 to 68

Mr. Speaker : The question is—

That clauses 55 to 68 stand part of the Bill.

The motion was carried

Clause 69

میاں عبدالباری (لائلپور بمبر ۷ مسلم) — جناب والا ۔ میں کلاز ۶۹ کی مخالفت کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔ یہ کلاز حسب ذیل ہے —

"No court shall take cognizance of any offence punishable under this Act, except on the complaint of the Chairman or some person authorised by the Board or by the Chairman by general or special order in this behalf."

جناب والا ۔ ان تمام وسیع اختیارات کے بعد جن کی بنا پر وہ جسکو چاہیں زمین سے نکال دیں اور جسکو چاہیں زمین پر رہنے دیں جتنی ریکلیمیشن فیس چاہیں لگا دیں ۔ جتنا امپروومنٹ ٹیکس چاہیں لگا دیں ۔ اتنی بڑی آبادی اتنے بڑے حقوق کے متعلق تنازعات پیدا ہونے یقینی ہیں ۔ اگر کوئی دعویٰ کرے کہ ایسا نہیں ہوگا تو وہ غلطی پر ہے ۔ میرا خیال ہے کہ خود جناب وزیر مال صاحب بھی یہ دعوے نہیں کرینگے ۔

اس کے باوجود انہوں نے اپنی عادات جو ہر بل میں پوری کی ہیں وہ اس بل میں بھی پوری کر دی ہیں ۔ کہ عدالتوں کے دروازے بند ۔ کہنے کو عوام الناس کے لئے مفید کام کئے جاتے ہیں ۔ ان کے لئے تو عدالتوں کے دروازے بند اور چیئرمین کے لئے وہ کھلے ہیں ۔

"No court shall take cognizance of any offence punishable under this Act, except on the complaint of the Chairman or some person authorised by the Board or by the Chairman by general or special order in this behalf".

جناب والا ۔ کسی زمیندار کو یہ اختیار نہیں ہوگا کہ اگر اسکے ساتھ کوئی قانون شکنی ہو تو وہ عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائے ۔ لیکن چیئرمین صاحب کو یہ اختیار ہے کہ وہ اس کے ساتھ انتہائی ظلم کرے ۔ اسکا دروازہ توڑ کر اندر گھس جائے ۔ اور اسکی بے عزتی کرے ۔ اور اگر وہ عدالت کا دروازہ کٹھکٹھائے تو اسکے لئے وہ دروازہ بند ۔ میں تو اس سے یہی سمجھا ہوں اگر آپ اسکا مطلب کچھ اور سمجھتے ہیں تو اسکی وضاحت کر دیں میں اپنی ترمیم واپس لے لونگا ۔

ملک قادر بخش (پارلیمنٹری سیکرٹری) — حضور والا ۔ آنریبل ممبر اگر اس کلاز کو غور سے پڑھتے تو انہیں معلوم ہوتا کہ یہ کلاز ان جرائم کے متعلق ہے جو اس ایکٹ کے تحت punishable قرار دیئے گئے ہیں ۔ وہ اگر اس ایکٹ کی غور سے ورق گردانی فرماتے اور انہیں معلوم ہو جاتا کہ وہ کونسے جرائم ہیں جو punishable قرار دیئے گئے ہیں تو پھر میرے خیال میں وہ یہ ترمیم پیش نہ کرتے ۔ چیئرمین کو صرف یہ اختیار ہے کہ وہ اس ایکٹ کے نفاذ کے سلسلہ میں کوئی چارہ جوئی کرنا چاہے تو کر سکتا ہے اور اگر بورڈ کا کوئی ملازم عوام الناس میں سے کسی شخص کے ساتھ غیر قانونی کارروائی کرتا ہے تو اسکے لئے ordinary law of land ہے ۔ اسکے ماتحت اس ملازم کو سزا مل سکتی ہے ۔ اس کلاز میں یہ ہے کہ کوئی ملازم بورڈ کی اجازت کے بغیر کسی شخص پر دعویٰ نہیں کر سکتا ۔ مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ لوگوں کے حقوق چھیننے کی

کوشش کی گئی ہے۔ آپ کا یہ خیال ٹھیک نہیں کہ اگر بورڈ کے ممبران قانون کی خلاف ورزی کرینگے یا عوام الناس میں سے کسی پر جبر و تشدد کرینگے تو اسکے خلاف کچھ نہیں کیا جا سکتا۔ اسکے لئے قانون مانع نہیں ہے۔ کہ وہ عدالت میں مروجہ قانون کے ماتحت چارہ جوئی نہیں کر سکتے۔ بلکہ اس سے تو لوگوں کو مزید حفاظت دی جا رہی ہے کہ اگر کوئی ملازم کسی شخص کے خلاف دعوی کرنا چاہے تو وہ اس ایکٹ کے تحت نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ چیئرمین کی اجازت حاصل نہ کرے۔ تا کہ اسے دوبارہ دیکھ بھال کا موقع مل جائے۔ امید ہے میری اس وضاحت کے بعد میاں عبدالباری صاحب اپنی ترمیم واپس لے لینگے۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 69 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 70 to 71

Mr. Speaker : The question is—

That Clauses 70 and 71 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 72

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔جناب کی اجازت سے میں اس کلاز کو حذف کرنے کی تائید میں معروضات پیش کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں۔ وہ کلاز یہ ہے —

"No criminal proceedings of any kind shall be maintainable against the Board or any member, officer, or servant thereof, or any other person in respect of anything done or purported to be done lawfully and in good faith and with due care and attention in exercise of powers under this Act on rules or by-laws framed thereunder or under the directions issued in the exercise of such powers."

اس جگہ تو آنریبل جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے چند گول مول باتیں کر کے میری اس ترمیم کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کی تھی لیکن یہ کلاز ایسی ہے کہ اس میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہ جاتی۔ جناب والا۔ اس کلاز کے تحت بورڈ کے خلاف یا اسکے کسی ممبر کے خلاف یا اسکے کسی افسر یا ملازم کے خلاف کسی کام کے متعلق کسی قسم کی فوجداری proceeding بھی maintainable نہیں ہونگی جو نیک نیتی سے اور جائز توجہ اور احتیاط کے ساتھ کیا گیا ہو یا جس کے بارے میں ایسا باور ہوتا ہو۔

جناب والا۔ جب کوئی چھوٹا یا بڑا افسر دیہات میں غریب زمینداروں پر ظلم کرتا ہے تو وہ اپنے اعلیٰ افسر کو یہ کہتا ہے کہ میں ایسا کرنے میں حق بجانب تھا اور قانون کے مطابق تھا۔ آپ میں ہمت ہے

حضرات گاؤں کے رہنے والے ہیں آپ بتائیے کہ جب کسی محکمہ کا کوئی افسر گاؤں میں جا کر سیدھے سادھے زمینداروں کو پیٹتا ہے اور انہیں تنگ کرتا ہے تو وہ اول تو اسکی شکایت نہیں کر سکتے اور اگر اسکے خلاف عدالتی کارروائی کریں تو وہ افسر یہ ثابت کرنے کی انتہائی کوشش کرتا ہے کہ وہ قانون کے عین مطابق تھا۔ آپ اس شق کو رکھکر ان مظلوم دیہاتیوں کیلئے Criminal Courts کے دروازے بالکل بند کر دینا چاہتے ہیں۔ اگر انکی کوئی بے آبروئی بھی کریگا تو وہ کچھ نہیں کر سکینگے اور آپ خوش ہونگے کہ ہماری حکومت کا ڈنڈا کسقدر مضبوط ہے۔ یاد رکھو اسطرح تمہارا ڈنڈا مضبوط نہیں ہوگا بلکہ خدا اسے توڑ دے گا۔

وزیر مال (عزت مآب چوہدری محمد حسین صاحب) — جناب والا۔ میں معزز نائب رہنمائے حزب الاختلاف کی طرح اتنی بلند بانگی کے ساتھ تو نہیں مگر بصد ادب انہیں چیلنج کروں گا کہ اگر دنیا میں کہیں بھی اس نوعیت کے مسودہ قانون پر ایسی کڑی شرائط لگائی گئی ہوں تو میں ان کے دلائل قبول کر لوں گا۔

جب کوئی حاکم قانونی طور پر اپنے فرائض انجام دے اور وہ بھی مجموعی افادیت کی خاطر تو میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کے اعمال پر اس سے زیادہ کڑی شرائط اور سخت پابندیاں عائد نہیں کی جا سکتیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 72 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 73

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب والا۔ اس ضمن میں مجھے کچھ زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اس میں بھی دوسری شقوں کی طرح عدالتوں کے دروازے بند کر دیئے ہیں۔ یہ شق میں آپکو پڑھ کر سناتا ہوں —

"No suit shall be instituted against the Board or any member, or any person associated with the Board under section 7 or any member of a committee appointed under section 8 or any officer or servant of the Board or of the Chairman or of any officer or servant of the Board, in respect of any act purported to be done within the scope of the functions under this, Act, until the expiration of two months next from the date on which a notice in writing has been in the case of the Board, left at its office, and in any other case delivered to or left at the office or place of abode of the person to be sued, explicitly stating the cause of action."

میں اسکی مخالفت اسلئے کر رہا ہوں کہ میں جناب کی وساطت سے اس ایوان پر یہ چیز واضح کر دوں کہ جس نسبت سے آپ حکومت اور رعایا کو لیتے ہیں دنیا کے کسی ملک میں اس نسبت سے نہیں لیا جاتا۔

جس آدمی کو نوٹس دینا ہو اسکے نام کی ضرورت نہیں اور نہ اسکے مکان کے پتے کی ضرورت ہے۔ بلکہ اسکے کسی پتھر پر نوٹس لگا دیں اور جب سرکاری اہلکار کسی پر زیادتی کرے اور وہ اسکے خلاف suit کرنا چاہے تو اسکے لئے دو مہینوں کی میعاد ہو۔ یہ سیکشن پورے طور پر آپکی اس ذہنیت کا انکشاف کر رہی ہے جس ذہنیت کی بنا پر آپ اسلامی حکومت بنانا چاہتے ہیں۔ حکومت کا کوئی کارندہ اور کمینے سے کمینہ ملازم بھی اگر زیادتی کرتا ہے تو دو مہینے گزرنے سے پہلے اس پر مقدمہ نہیں چلایا جا سکے گا۔ اور اگر وہ یہ نہیں لکھتا کہ نوٹس دیا جا چکا ہے یا کسی جگہ پر چھوڑا جا چکا ہے۔ تو چھٹی۔ کوئی مقدمہ نہیں چلایا جا سکے گا۔ کیا یہ انصاف ہے۔ آپ سرکاری طبقہ کے بل بوتے پر ناجائز طور پر اس صوبے پر قابض رہنا چاہتے ہیں۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ اس شق کو حذف کر دیں۔

وزیر مال (عزت مآب چوہدری محمد حسین صاحب) — میں اس وقت زیادہ مفصل جواب نہیں دینا چاہتا ماسوائے اس کے کہ آئندہ سے احتیاط کی جائے گی کہ کسی مسودہ قانون کی کوئی شق لفظ "No" سے شروع نہ ہو اور نہ ہی کوئی شق زیادہ لمبی ہو کہ اسکو سمجھنے میں دشواریاں پیش آئیں۔ وقت آنے پر انشا اللہ مفصل عرض کرونگا۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 73 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 74

Mr. Speaker : The question is—

That clause 74 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 75

Mr. Speaker : The question is—

That clause 75 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 76 and 77

Mr. Speaker : The question is

That clauses 76 and 77 stand part of the Bill.

The motion was carried

Clause 78

میاں عبدالباری — جناب والا۔ کلاز ۷۸ پر مجھے صرف ایک اعتراض ہے جو میں آنریبل وزیر مال کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اگر وہ

اسے قبول فرما لیں تو بہتر ورنہ میں اسے واپس لے لونگا۔

"(1) If on account of any act or omission, any person has been convicted of any offence under this Act, and by reason of such act or omission damage has occurred to any property of the Board, compensation shall be paid by the said person for the said damage notwithstanding any punishment to which he may have been sentenced for the said offence.

(2) In the event of dispute, the amount of compensation payable by the said person shall be determined by the court before whom he was convicted of the said offence.

(3) If the amount of any compensation due under this section be not paid, the same shall be recovered under a warrant from the said court, as if it were fine imposed by it on the person liable therefor."

جناب والا۔ یہ دوہری سزا آپ ان لوگوں کو دینگے جن کے معالجے کیلئے جن کی زمین کے معالجے کیلئے آپ یہ ایکٹ لا رہے ہیں۔ یہ دوہری سزا کا ڈنڈا بڑی زیادتی ہے۔ میں وکیل نہیں ہوں۔ لیکن مجھے قانون دان اصحاب سے اس سلسلے میں مشورہ کرنے کا اتفاق ہوا ہے۔ وہ بھی اسے صریحاً زیادتی سمجھتے ہیں۔ یہ دوہری سزا تو انگریز نے بھی اپنے عہد حکومت میں کبھی مناسب نہ سمجھی تھی۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ اگر آپ اس دوہری سزا کو ہٹا کر ایک سزا رکھ دیں تو یہ ان لوگوں کیلئے بہتر ہوگی جنہوں نے ان علاقوں میں بسنا ہے جن کو آپ Local Areas قرار دینگے۔

Mr. Speaker : The question is—
That clause 78 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 79

Mr. Speaker : The question is—
That clause 79 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Schedule

Mr. Speaker : The question is—

That paragraphs 1 to 5 of the Schedule stand part of the Bill.

The motion was carried.

میاں عبد الباری — جناب والا۔ Schedule کے پیرا نمبر ۶ کی Modification جو Land Acquisition Act 1894 میں پیش کی گئی ہے اور جس کی رو سے ایکٹ مذکور کی دفعہ ۱۷ کو حذف کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔ میں اسے حذف کرنے کے متعلق چند وجوہات پیش کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں۔ ایکٹ مذکور کی دفعہ ۱۷ کی جگہ یہ شق شامل کی گئی ہے —

"For section 17 of the said Act the following shall be deemed to have been substituted";

"17 (1) In cases where the Board considers it expedient to take possession of any land at any time before an award under section 11 has been made it shall notify this fact in writing to the Collector intimating in addition the date by which the land is required by it. The Collector shall after causing a notice to this effect to be served on the person or persons interested in the land take possession of the land and transfer it to the Board in whom it shall vest absolutely free from all encumbrances".

"Where the Board considers it expedient to take" یعنی ان حالات میں ان cases میں جہاں بورڈ expedient یعنی زیادہ مناسب سمجھے اور بعض اراضی کا قبضہ اس وقت لینا چاہے جب کہ ابھی اس کے متعلق دفعہ ۱۱ کے ماتحت award نہ دیا گیا ہو۔ یعنی اس کا فیصلہ ہونے سے پہلے ہی اس ایکٹ کے تحت بغیر اس چیز کو دیکھے ہوئے کہ آیا وہ award اس طریق سے ملا ہے جیسے کہ ملنا چاہیئے تھا اور آیا وہ درست ہے یا غلط۔ اس سے قبل ہی اگر بورڈ کلکٹر کو لکھ دے کہ ہمیں فلاں اراضی کی فلاں تاریخ کو ضرورت ہے تو کلکٹر کا یہ فرض ہوگا کہ "after causing a notice to this affect to be served on the person or persons intrested یعنی اس شخص یا اشخاص کو جو اس سے متعلق ہوں نوٹس دیگا اور کس طریق سے نوٹس دیگا۔ اسی طریق سے جس کے متعلق ابھی گفتگو ہو رہی تھی۔ اس کے بعد وہ زمین کا قبضہ لے کر بورڈ کو دیدیگا اور پھر یہ بورڈ کے پاس ہی رہیگا۔

جناب والا۔ میں اس کی مخالفت اس لئے کر رہا ہوں کہ Land Acquisition Act. اس لئے بنایا گیا تھا کہ کوئی زمین جس کی حکومت کو ضرورت ہو اور وہ اسے حاصل کرنا چاہے تو متعلقہ لوگوں کو خاص شرائط کے ماتحت طرفین کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے معقول معاوضہ دے کر حاصل کرے مگر یہاں فیصلہ ہو جانے سے پہلے ہی اس کا قبضہ حاصل کر لینا ایک عجیب چیز ہے۔ یہ صریحاً ایک برا فعل ہے اور انگریز جسے ہم ظالم اور جابر کہتے ہیں کے فعل سے بھی بدتر فعل ہے۔ میری گذارش صرف یہ ہے کہ وہ اراضیات جو حکومت نے حاصل کرنی ہیں۔ ان کے فیصلے ہو لینے دیجیئے اور ان کے بعد بڑی خوشی سے ان پر قابض ہو جائیے۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے تو میرے نزدیک آپ ایسی بندھنیں پیدا کر رہے ہیں جو کبھی کسی نے پیدا نہ کی ہونگی۔

Mr. Speaker : The question is—

That paragraph 6 of the Schedule stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That paragraphs 7 to 18, both inclusive, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is—

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried

Title

Mr. Speaker : The question is—

That Title be the Title of the Bill.

The motion was carried

Mr. Speaker : Certain amendments having been accepted I direct under Rule 103 (2) of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure, that the Bill be examined by a drafting committee consisting of the Honourable Minister of Revenue, Nawab Muhammad Jamal Khan Leghari and the Advocate-General. They will consider what amendments of a formal or consequential character should be made in the Bill as a matter of drafting and will submit their report within the next three days.

The Assembly then adjourned till 9 a.m., on Thursday, the 8th May 1952.

125—PLA—28-10-52—SGPP, Lahore.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

FOURTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Thursday, 8th May 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 9 a. m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly.)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

GOVERNMENT OFFICIALS TAKING PART IN COMMUNAL ORGANISATIONS

***1016. Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state the Government policy regarding Government Officials sponsoring or taking part in sectarian or communal organisations ?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): Government are pursuing the policy contained in the Government rules which prohibit Government servants from taking part or assisting, in any way, in political movements or activities which tend directly or indirectly to promote feelings of hatred or enmity between different classes of the public.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Is it a fact that very senior officers have been taking part in the Afghan Association?

Mr. Speaker : Disallowed.

SPECIAL SECURITY ARRANGEMENTS FOR PAKISTAN MINISTERS

***1061. Mr. Shamim Ahmad Khan :** Will the Hon'ble Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the number of Police Officers and Constables required to make security arrangements at the time of the visit of the Prime Minister of Pakistan and other Ministers of the Central Government to a particular town in the Province;

(*b*) whether there is any special Police Force reserved for this purpose; if not, the reasons therefor;

(*c*) the total average expenditure incurred by the Provincial Government on account of each such visit of the Minister of the Central Government;

(*d*) the number of such visits during the year 1951 and the total expenditure incurred on that account;

(*e*) whether the Punjab Government is prepared to suggest to the Central Government the advisibility of raising a special Police Force under Central Government for the purpose; if not, why not?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) The number of Police Officers and men on duty varies according to conditions and occasions on which arrangements have to be made. For an occasion such as a meeting addressed by the late Hon'ble Prime Minister on 21st August 1951, in the Minto Park, a police force consisting of 2 Superintendents of Police, 5 Deputy Superintendents of Police, 5 Inspectors, 5 Sergeants, 35 Upper Subordinates, 57 Head Constables, 708 Foot Constables and 43 Sowars (including traffic staff), in uniform and plain clothes was employed.

(*b*) No. A special staff for the protection of Hon'ble Ministers of the Central Government and other high personages does not exist. The practice is to draw the men required for this work from ordinary police duties.

(*c*) The total expenditure incurred by the Provincial Government is difficult to calculate as a separate accounts under this specific head is not maintained.

(*d*) A statement giving information about visits of the Hon'ble Prime Minister and other Ministers of the Central Government is enclosed. For reasons stated in the answer to question (c) above it is not possible to give the exact expenditure.

(*e*) The responsibility for maintenance of law and order is essentially that of the Provinces. Moreover the pre-requisite of protective arrangements is that the officer concerned should have local knowledge. A peripatetic central staff will therefore, not provide effective protection. Moreover questions of jurisdiction will arise. A Central Government Police force will have no power without a special enactment.

NUMBER OF VISITS PAID TO THE PUNJAB BY THE HON'BLE THE PRIME MINISTER AND MINISTERS OF THE GOVERNMENT OF PAKISTAN DURING THE YEAR 1951

Name of the Prime Minister and Ministers	*Number of visits*
1. Hon'ble Nawabzada Liaqat Ali Khan, H.P.M.	6
2. Hon'ble Khawaja Nazim-ud-Din, H.P.M.	3
3. Hon'ble Nawab Mushtaq Ahmed Gurmani	8
4. Hon'ble Sir Muhammad Zaffar Ullah Khan	4
5. Hon'ble Dr. I. H. Qureshi	5
6. Hon'ble Sardar Bahadur Khan	6
7. Hon'ble Mr. Fazal-ur-Rahman	2
8. Hon'ble Khawaja Shahab-ud-Din	4
9. Hon'ble Dr. A. M. Malik	1
10. Hon'ble Abdus Sattar Pirzada	5
11. Hon'ble Mr. Ghulam Muhammad	4
12. Hon'ble Ch. Nazir Ahmad Khan	5
13. Hon'ble Dr. Mahmood Hussain	4
14. Hon'ble Mr. Muhammad Ali	1
Total	58

Mr. Shamim Ahmad Khan : Is it a fact that these arrangements are made under the orders of the Central Government ?

Chief Minister : As it has been mentioned in the answer the responsibility for the maintenance of law and order and protection of Ministers is that of the Provincial Government. In this connection, however, the Central Government has also made certain suggestions and given certain instructions which we followed.

Mr. Shamim Ahmad Khan : Why should not the Central Government pay for this ?

Chief Minister : I do not think that is necessary.

COTTON GINNING FACTORIES

*756. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(a) the number of cotton ginning factories in the Punjab before partition and their annual out-turn from 1944 to 1946;

(b) the number of cotton ginning factories in Gojra, District Lyallpur before partition and their annual out-turn from 1944 to 1946 and their present number in Gojra with their average annual out-turn from 1947—51?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (a) 455. Their annual out-turn was :—

Year	*Bales*
1943-44	955,273
1944-45	982,047
1945-46	963,890

(b) The number of cotton ginning factories at Gojra before partition was eight out of which four were destroyed during the riots. Their annual out-turn was :—

Year	*Bales*
1944-45	23,550
1945-46	22,575
1946-47	19,250

The existing number of such factories at Gojra is seven. Their average annual out-turn from 1947-48 to 1950-51 was 10,117 bales.

RECEIPT OF COTTON IN GOJRA MANDI

*757. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state : whether it is a fact that the receipt of cotton in Gojra Mandi, District Lyallpur has considerably decreased; if so, the reasons therefor and the action the Government propose to take in the matter?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : Yes, Sir. The main reasons are :—

(a) Factors connected with partition such as the influx of refugees and smallness of holdings which have resulted in a decrease in production.

(b) Stoppage of the arrival of Desi and 4F Kapas due to the zoning system introduced under the Punjab Cotton Control Act.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - میں اسے حکومت کا بل نہیں کہتا - میں اسے صرف سردار ظفر اللہ صاحب کا بل کہتا ہوں - مگر چونکہ انہوں نے اپنی تقریر کے دوران میں اپنے لیڈر کو مبارکباد دی اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل انکے لیڈر کی ایما پر پیش کیا گیا ہے -

Mr. Speaker : Wholly wrong information.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - میں یہ عرض کر دوں کہ اس بل پر تقریر کے دوران میں آنریبل ممبر نے فرمایا کہ جمہوریت کی نشو و نما کیلئے اس قسم کی ترامیم نہایت ضروری ہیں - اگر ہم اس کے اصولوں کو دیکھیں تو اس میں صرف دو چیزوں کا اضافہ کیا گیا ہے - ایک تو reasonable کا لفظ بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے جسکا مطلب میں تو صرف یہ سمجھتا ہوں کہ آج سے پانچ سال قبل ہماری حکومت unreasonable رہی ہے اور اب reasonable ہونیکی کوشش کر رہی ہے -

Mr. Speaker : We do not know what the 'hakumat' will do. There is no 'hakumat' under discussion. That is wholly irrelevant.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - دوسری چیز جو اس بل میں رکھی گئی ہے - وہ چند وجوہات ہیں جنکی بنا پر کسی شخص کو گرفتار کیا گیا ہو اور جو اس شخص کو چودہ دن کے اندر اندر supply کی جائیں - اسکے بعد کیا ہوگا وہ خدا ہی بہتر جانتا ہے - اس بل کے مطابق

تو وہ شخص ان وجوہات کو چیلنج کرنیکے لئے پڑھیگا ۔ مگر ایسا کرنے کیلئے کوئی procedure بیان نہیں کیا گیا ۔

اسکے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے تو Servants of the Crown پر کسی قسم کی تنقید نہ ہو سکتی تھی مگر اس بل میں انہوں نے اسکے متعلق بھی equality کا اصول پیش کیا ہے جسکی رو سے تمام ملازمان کو تنقید کی زد سے بچانیکی کوشش کی گئی ہے اس بل کے پاس ہو جانیپر تمام ملازمان اس سے محفوظ ہو جائینگے اور ان میں سے کسی پر تنقید کرنا جرم قرار دیا جائیگا۔ چنانچہ ایسے مجرمین کے خلاف Public Safety Act کی رو سے کارروائی کی جائیگی ۔

Chaudhri Fazal Elahi : On a point of order. Is the honourable member opposing this measure ?

Mr. Speaker : I know what he is doing (*laughter*).

چودھری محمد شفیق — جناب والا ۔ میں آپ کے حکم کے تابع اپنی تقریر بہت ہی مختصر کر رہا ہوں ۔(قہقہہ) جو کچھ آنریبل ممبر نے اپنی تقریر میں کہا ہے ۔ میں اسکا اپنے استدلال کے مطابق مطلب پیش کرنیکی کوشش کرونگا انہوں نے Fundamental Rights کا حوالہ دیا ہے ۔ اگر آنریبل ممبر واقعی اپنی پارٹی پر کچھ اثر ڈال سکتے ہیں تو انہیں چاہئیے کہ اپنی پارٹی کو اس بات پر آمادہ کریں کہ آئندہ اس قسم کے ترمیمی بل نہ لائے جائیں ۔ کیونکہ اس قسم کے اقدام سے ان Fundamental Rights کی تکمیل نہیں ہو سکیگی ۔ جنکا انہوں نے اس بل میں ذکر کیا ہے اور اگر وہ اس سے بھی ایک قدم آگے جانا چاہتے ہیں تو پبلک سیفٹی ایکٹ کو تنسیخ کرا دیں ۔ مسلم لیگی ہونیکی حیثیت سے انہیں اپنی پارٹی پر زور دینا چاہئیے کہ وہ اپنی مرکزی مسلم لیگ سے بھی اس امر کا مطالبہ کرے کہ Fundamental Rights کو keep up کرنیکے لئے وہ Security Act کو بھی repeal کرانے کی کوشش کرے ۔ تب کہیں جا کر عوام satisfy ہو سکینگے ۔

جناب والا ۔ پھر اس بل میں عدالتوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ انہیں چاہئیے کہ اپنی پارٹی میٹنگ میں اپنی پارٹی پر یہ چیز impress کریں ۔

Mr. Speaker : The hon'ble member is wholly irrelevant. What he should do with regard to that party is wholly irrelevant. He should confine himself to the principles of the Bill. He should not give any advice to the Mover of the Bill.

Chaudhri Muhammad Shafiq : It will be no use giving any advice to the honourable Mover.

جناب والا - میں یہ عرض کر دوں کہ آنریبل ممبر نے عدالتوں پر بھروسہ کرنیکے متعلق بڑے زور سے خیالات کا اظہار فرمایا - ہم جانتے ہیں کہ ہم ان سے زیادہ عدالتوں پر بھروسہ کرتے ہیں - مگر شاید انہیں اس چیز کا علم نہیں کہ ان عدالتوں سے انکی پارٹی روزانہ کسطرح اختیارات چھینتی جا رہی ہے - اور حکومت کے اس اقدام سے ہماری Civil Liberties اور Civil Rights کسطرح پامال کئے جا رہے ہیں -

Mr. Speaker : Reference was made by the Mover only to the High Court and to no other court.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - میں ہائی کورٹ کے متعلق ہی عرض کر رہا ہوں جو دیوانی اور فوجداری دونوں قسم کے مقدمات کی سب سے بڑی عدالت ہے -

Sardar Muhammad Zafrullah : On a point of order. It appears that my learned friend does not understand the meaning of the word "reasonable" introduced in this Bill. The point of order is that he should be asked to confine himself to the principles.

Mr. Speaker : It is no point of order.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - آنریبل ممبر نے اس بل میں یہ بھی ذکر کیا ہے کہ انہوں نے Public Safety Act کو repeal کرانے کے متعلق جو عوام الناس کے جذبات تھے کہ یہ ایک انسانیت سوز ایکٹ ہے - ان کی صحیح معنوں میں ترجمانی کرنیکی کوشش کی ہے - یہ صحیح ہے کہ اس قسم کی چیزیں پبلک کے اندر واقعی موجود ہیں اور پبلک اب بے قرار ہو چکی ہے اور اس چیز کو دیکھنا چاہتی ہے کہ کب یہ ایکٹ ختم ہوتا ہے - اسکے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایکٹ خالی لفافوں سے repeal نہیں ہوگا -

Mr. Speaker : The question of repeal of the Safety Act is not before the House. The amendment does not call for the repeal of the Act. Do not be irrelevant.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ در اصل اس بل کے ذریعے Public Safety Act کو repeal یا amend کرنیکے لئے کوئی ایسی ترمیم نہیں لائی گئی جس سے جمہوریت یا Civil Liberties یا Fundamental Rights میں اضافہ ہو اور ان کو تقویت پہنچے - یہ تو محض پراپیگنڈے کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے -

Mr. Speaker : Question of propaganda is not before the House.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں - کہ یہ بہت ہی کم حقوق دے رہا ہے - مگر

میں اپنی پارٹی سے استدعا کرونگا کہ جو تھوڑے بہت حقوق آزادی یہ دے رہا ہے انکے پیش نظر اس بل کو پیش کرنے میں مزاحمت نہ کریں

Though it is bogus.

Mr. Speaker : It is only the inference of the honourable member. It may be wrong. Which principles of the Bill is he attacking ?

Chaudhri Muhammad Shafiq : All the principles of the Bill.

Mr. Speaker : If the honourable member has nothing more to say I may have to stop him.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Because of certain orders I have refrained from saying those things.

Mr. Speaker : The order is that the honourable member will confine himself to the principles of the Bill.

Chaudhri Muhammad Shafiq : That was my Leader's order. Accordingly I am saying that I have refrained from.....

Mr. Speaker : I am not concerned with your Leader's or der.

چودھری محمد شفیق—جناب والا ۔ میں قواعد کا حوالہ دونگا ....

Mr. Speaker: The rule is quite clear. When a motion for leave to introduce a bill is opposed the Speaker after permitting, if he deems fit, a brief explanatory statement from the member who moves it and from the member who opposes the motion, may put the question without further debate.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. Please refer to the proviso to rule 82 which says :—

> "Provided that where an important measure is offered by a Minister or member and it is expected that the motion will be negatived, the Speaker may allow a full exposition of the character and objects of the bill by the member who moves and the member who opposes the motion".

Mr. Speaker : How do I know that the motion will be negatived ? I have no reason to entertain that expectation.

Mr. C. E. Gibbon : Have you any reason to entertain it otherwise? You can use your discretion.

Mr. Speaker : In any case it is within the discretion of the Speaker. I do not choose to exercise that discretion.

The question is—

> That leave be granted to introduce the Punjab Public Safety Act (Amendment) Bill.

The motion was carried.

Sardar Muhammad Zafrullah : I beg to introduce the Punjab Public Safety Act (Amendment) Bill.

RESOLUTIONS

Abolition of Excise Tax on Tobacco

Chaudhri Muhammad Ahsan (Gujrat III, Muslim) : I beg to move—

> That this Assembly recommends to the Government to recommend to the Central Government immediately to abolish the Excise Tax levied on the cultivation of tobacco in the Province.

جناب والا ۔ میں مندرجہ ذیل قرار داد پیش کرتا ہوں :۔

''یہ اسمبلی اس حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ صوبہ ہذا میں تمباکو کی کاشت پر عاید کردہ محصول فی الفور ہٹا دیا جائے،،

جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں اپنی گذارشات پیش کروں میں اپنے اس اطمینان کا اظہار کرنا چاہتا ہوں جو مجھے آنریبل وزیر مال کے اس جواب سے حاصل ہوا تھا جو انہوں نے میرے ایک سوال کے سلسلے میں یہ کہکر دیا تھا کہ وہ پہلے ہی مرکزی حکومت سے اس سلسلے میں خط و کتابت کر رہے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت کو کاشتکاروں اور زمینداروں کے بچاؤ کا احساس ہے اور وہ اس سلسلے میں عملی اقدامات پر سوچ بچار کر رہی ہے مگر کہیں وہ بات نہ ہو کہ ''تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود،،

لہذا میں اس امر کی ضرورت سمجھتا ہوں کہ ایوان ہذا کی معرفت اسکی متفقہ رائے سے یہ بات مرکزی حکومت تک پہنچا دی جائے ۔ کہ ہمارے کاشتکار تمباکو ٹیکس کو بری طرح محسوس کرتے ہیں اور ان کو اس مصیبت سے فوراً نجات دلائی جائے ۔

جناب والا ۔ میں اپنی گذارشات پیش کرنے سے پہلے ایک واقعہ بیان کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ واقعہ فرنگی عہد حکومت کے ایک شرمناک باب کی تمہید کا درجہ رکھتا ہے ۔ جب انگریزوں نے دیکھا کہ ڈھاکہ میں کپڑے کی صنعت کو بڑا فروغ حاصل ہے اور خاص کر ڈھاکہ کی اعلیٰ ململ کے مقابلے میں انگریزوں کے کارخانہ مانچسٹر کی مصنوعات کی ہندوستان میں کھپت نہیں ہو سکتی تو جناب والا انگریزوں نے ہندوستان کی اس صنعت کو ختم کرنیکے لئے اور اپنی صنعت کو فروغ دینے کیلئے ایک شرمناک قدم اٹھایا اور ڈھاکہ کے بافندوں اور کاریگروں کے ہاتھ کٹوا دئے ۔ جناب والا اسکا نتیجہ یہی ہوا کہ مانچسٹر کے کپڑے کی مانگ پیدا ہو گئی اور ہندوستانی صنعت پارچہ بافی ختم ہو گئی ۔ مگر زیادہ تجربہ کار ہونیکے بعد انگریزوں نے ہمارے ملک کی صنعت تمباکو کو دبانے کیلئے اور اپنی صنعت تمباکو سازی کو فروغ دینے کیلئے انہوں نے ایک نیا حربہ استعمال کیا اور وہ یہ کہ تمباکو کی کاشت پر بھاری ٹیکس عاید کر دیا ۔ اور وہ مقصد جسکو حاصل کرنیکے لئے آج سے ڈیڑھ صدی پہلے انہوں نے ڈھاکہ کے بافندوں کے ہاتھ کٹوا کر ندامت و شرم حاصل کی تھی اب وہ مقصد اسطرح حاصل کر لیا ہے کہ ٹیکس کی چھری سے دیسی صنعت کا گلا کاٹ کر رکھ

دیا ہے اس سے ایک طرف تو انکی بد نامی نہ ہوئی اور دوسری طرف دیسی صنعت کو دبا دیا گیا اور اپنی صنعت کی کھپت کیلئے منڈی پیدا کر لی گئی ۔

یوں ''مقتل ڈھاکہ،، سے وہ بدنام نہ ہوتا
افسوس کہ انگریز کو ''ٹیکسوں،، کی نہ سوجھی !

خان عبدالستار خان نیازی— الا بن سرلابیہ ۔ بیٹا باپ کا مخفی راز ہوتا ہے ۔

چودھری محمد احسن : جناب والا ! تمباکو ٹیکس کی وجہ سے ہمارے ملک میں قسم قسم کے سگریٹ کامیاب ہونے لگے ہیں ۔ سرمایہ دار ''سٹیٹ ایکسپریس،، اڑائے پھرتا ہے تو غربا ''ریڈ لیمپ،، لئے پھرتے ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ سرمایہ دار کا ''سٹیٹ ایکسپریس،، بھی خطرناک ہے اور غریب کا 'ریڈ لیمپ، بھی ایک خطرے کی سرخ نشانی ہے ۔ اور اس خطرے سے اس ملک کو محفوظ کرنا نہایت ضروری ہے ۔ اگر تمباکو کی کاشت کو اسطرح بوجھ ڈالکر دبانے کی بجائے فروغ دینے کی کوشش کی جائے تو یقیناً ملک کی دولت میں اضافہ ہو جائیگا اور جو لاکھوں کروڑوں روپیہ کے غیر ملکی سگریٹ یہاں استعمال ہوتے ہیں انکی بھی بچت ہو جائیگی ۔ لیکن یہ اتنا بھاری ٹیکس ہے اور میں نے بجٹ کے دوران میں بھی عرض کیا تھا کہ کاشتکار اور زمیندار اسکو پھانسی کی سزا سے بھی زیادہ سخت سمجھتے ہیں اور یہ بالکل حقیقت ہے جو میں عرض کر رہا ہوں ۔

جناب والا ! اسکے علاوہ یہ عرض کرونگا کہ تمباکو لگانے پر یعنی ایک خام پیداوار پر جو اتنا بوجھل ٹیکس لگایا جا رہا ہے اسکے لگانے کا طریق نہایت ظالمانہ ہے ۔ بندوبست میں باقی معاملہ جسوقت تشخیص کیا جاتا تھا یا آئیندہ کیا جائیگا تو تشخیص کرنیکے لئے ایک نہایت اہم اور ذمہ دار افسر یعنی مہتمم بندوبست کو مقرر کیا جاتا تھا ۔ لیکن یہ ہر سال ، ہر فصل پر تشخیص ہونیوالا نہایت بوجھل ۔ نہایت بھاری ٹیکس کس کے ہاتھ میں ہے ؟ ایک چھوٹے سے افسر کے ہاتھ میں ہے ۔ جو وہاں بیٹھے بٹھائے جو جی چاہے لکھ دے ۔ کاشت کیا ہو یا نہ ۔ اگر وہ لکھدے تو اسے جھٹلانا نا ممکن ہے نہ کاغذات مال میں ہے نہ نہر میں یعنی پٹواری یا گرداور کے کاغذات میں درج نہ ہو ۔ اگر اس افسر نے لگا دیا ہے تو لگ گیا خواہ فی الواقع کاشت ہوئی ہو یا نہ ۔ محض اسلئے کہ وصولی کے وقت بڑی سختی سے وصولی کی جاتی ہے ۔ میں یہ صحیح عرض کرتا ہوں کہ جسوقت میں نے بجٹ

کے دوران میں اسطرف حکومت کی توجہ دلائی تو (بات آخر پہنچتی پہنچتی پہنچ جاتی ہے) مجھے ایک کاشتکار نے کہا کہ آپ نے تو وہاں کہہ دیا مگر ''ساڈا مکو ٹھپیا جائیگا،، - میں اپنے علاقہ کے متعلق مثالیں پیش کر سکتا ہوں لیکن اسکی ضرورت نہیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ تمام ایوان میرے ساتھ اس بات پر متفق ہوگا کہ یہ ٹیکس ایک ظالمانہ طریق سے لگایا جا رہا ہے اور یہ کاشتکار یا زمیندار کی طاقت سے باہر ہے کہ وہ اس بوجھ کو برداشت کر سکے-بہر حال اسوقت اس ٹیکس کے لگانے کا طریق زیر بحث نہیں - میں تو یہ گذارش کر رہا ہوں کہ یہ ٹیکس لگانا ہی نہیں چاہئیے - کیونکہ یہ نہایت بوجھل ٹیکس ہے اور کاشتکار کی کمر توڑ رہا ہے - دوسرے ٹیکس اتنے ہیں کہ ان کو گننے لگوں تو کتنا وقت لگ جائے - زمین سے ہونے والی پیداوار پر جتنے ٹیکس لگائے جا رہے ہیں وہ سب صوبہ کی حکومت کے کنٹرول میں ہیں لیکن معلوم نہیں کہ سنٹرل گورنمنٹ کا نام لیکر یہ اتنا بوجھل اور سخت ٹیکس کس انصاف کی رو سے لگا دیا گیا ہے - ہماری مرکزی حکومت کو یہ معلوم ہونا چاہئیے کہ عوام کی ضروریات زندگی میں جس طرح روٹی اور کپڑا ہیں اسی طرح تمباکو ہے اور کاشتکار جب محنت کرنیکے بعد اور مزید محنت کیلئے تیار ہونیکے واسطے حقہ کے چار کش لگانے بیٹھتا ہے تو یہ اسکے لئے ضرورت کا درجہ رکھتے ہیں - لیکن اس ٹیکس کے ذریعہ اسکے لئے یہ چار کش نا ممکن بنائے جا رہے ہیں - جسطرح وہ دوسروں کیلئے غلہ فراہم کرتا ہے مگر کاشتکار اور چھوٹے زمیندار سفید پوش زمیندار پر ایسا وقت بھی آ جاتا ہے کہ وہ خود بھوکا رہ جاتا ہے - اس طرح تمباکو کی حالت ہے کہ وہ تمباکو کاشت کرنے سے خائف ہے - جناب والا ! حکومت کے پاس جو دلائل ہیں ان میں سے بڑی دلیل یہ ہے کہ ہمیں نظام حکومت کیلئے - بہتری کی سکیمیں چلانے کیلئے روپیہ کی ضرورت ہے - مگر جناب والا یہ ٹیکس جو لگایا گیا ہے یہ کسی اصول کی بنا پر نہیں لگایا گیا - اس میں صرف یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ روپیہ بٹورنے کا پھندا کسکے گلے میں پورا آ سکتا ہے - جناب والا ! ملک کی بہتری کیلئے روپیہ لینا ہر ایک کا فرض ہے لیکن جس جس کے پاس جتنی استطاعت ہو اتنا اس سے لینا چاہئیے یہ روپیہ جسکو غریب ادا کرنیکی استطاعت نہیں رکھتا یہ سرمایہ دار سے لیا جاتا - ان کے عیش و آرام سے وصول کیا جاتا - اور غریبوں سے نہ لیا جاتا - سرمایہ دار پر ٹیکس لگایا جائے اور غریب پر نہ لگایا جائے - سرمایہ داروں کی بڑھتی ہوئی توندوں پر ٹیکس لگایا جائے - غریب کے خون اور پسینہ پر نہ لگایا جائے - سرمایہ دار کی چربی حکومت کے خزانہ میں جانی چاہئیے

نہ کہ غریب کا خون اور پسینہ ۔ غریب خون اور پسینہ سے محنت کرتا ہے اور اسکی محنت کا فائدہ سرمایہ دار کو پہنچتا ہے ۔ جناب والا ! میں عرض کرونگا کہ اگر مثال کے طور پر اس سگریٹ کے ٹیکس کو دوگنا کر دیا جائے تو ایک سرمایہ دار بجائے اسکے کہ مہینہ میں دو سو یا تین سو روپیہ کے سگریٹ لیکر پھونک ڈالے ۔ چار سو یا پانچ چھ سو کے خرید لیگا ۔ اسکو کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ لیکن جس آدمی کیلئے محنت کرنیکے بعد دو کش کیلئے تمباکو نہ رہے اس کے لئے کتنی مصیبت کی بات ہے اور اس مصیبت پہ سوائے اسکے کہ ''انا للہ و انا الیہ راجعون،، پڑھ دیا جائے اور کیا کہا جا سکتا ہے (قہقہہ) جناب والا ! میں اسکے بارے میں خاص طور پر اسلئے عرض کر رہا ہوں کہ ہمارے ملک کی دولت اس ٹیکس کی وجہ سے غیر ملکی سیگریٹ اور تمباکو کے ذریعہ باہر جارہی ہے ۔ میں اس موقعہ پر علامہ اقبال علیہ رحمتہ کے دو شعر عرض کرتا ہوں ۔

تاجران رنگ و بو بردند سود ما خریداران همه کو رو کبود
آنچه از خاک تو رست اے مردحر آن فروش و آن بنوش و آن بخور

جناب والا ! جہاں تک تمباکو کا تعلق ہے اس ضرورت زندگی کا تعلق ہے اس نصیحت پر عمل پیرا نہیں ہوتے ۔ تمباکو کے کش سے جو خائف ہیں انہوں نے خود کیا پینا ہے اور دوسروں کو کیا پلانا ہے جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس سوائے اسکے کہ دیہاتی لوگوں کی زرعی پیداوار کے راستہ میں حائل ہو اور کہیں اپنا کالا منہ نہیں دکھا سکتا ۔ اسوجہ سے سب سے زیادہ یہ ضروری ہے کہ ہم ملک کی دولت کو بچائیں اور غریب لوگوں کی مدد کریں ۔ اگر ٹیکس کی ضرورت ہے یعنی اگر گورنمنٹ کو کسی قسم کی ضرورت ہے تو وہ کارخانہ داروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں سے لے سکتی ہے جنکے پاس بہت دولت ہے ۔ جنکے پاس موٹریں ہیں اور موٹروں میں بیٹھنے والے کتنے ہیں ۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ ان کتوں پر ٹیکس لگا دیا جائے جنکو سرمایہ دار پالتے ہیں ۔ بجائے اسکے کہ کاشتکار پر جو شام تک محنت کرتے ہیں ان کی تمباکو کی کاشت پر ٹیکس لگا دیں ۔ ان بچاروں کو تو کوئی عیش نہیں ملتا ۔ ہاں آنریبل ممبر نے شاید یہ خیال فرمایا ہے کہ اسطرح وہ تمباکو بند کر دینگے ۔ میں کہتا ہوں کہ وہ کچھ بند نہیں کر سکتے ہیں ۔ نہ تمباکو بند کر سکتے ہیں اور نہ روزی بند کر سکتے ہیں ۔ اگر کچھ بند کر سکتے ہیں یا کچھ کر سکتے ہیں تو زبان بند کر سکتے ہیں اور کچھ نہیں ہو سکتا ۔ لیکن اب تو وہ بھی بند نہیں ہو سکتی ۔

جناب والا ۔ ان وجوہات کی بنا پر زیادہ وقت لینے کی بجائے میں اپنی گذارشات کو مختصر کرتا ہوں اور یہ تجویز پیش کرتا ہوں اور ہماری جو مسلم لیگ کی حکومت ہے اسکی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ کیا اس صوبہ کے کاشتکاروں اور زمینداروں پر جن کو ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے ٹیکس لگیگا ۔ ہم تو ٹیکسوں کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور یہ ٹیکس آہستہ آہستہ ختم ہو ہی جائینگے ۔ میرے خیال میں اگر ضروری ہو تو ٹیکس ان پر عائد کریں جنکی گردنیں بڑی موٹی ہو رہی ہیں ۔ جو بڑے بڑے سرمایہ دار ہیں اور بڑے بڑے کارخانہ دار ہیں ۔ نہ کہ ان بیچاروں پر جو مزدور اور کاشتکار ہیں یا چھوٹے زمیندار ہیں ۔ میں نوابوں کو نہیں کہتا کیونکہ میں نہ تو ان کے حق میں ہوں اور نہ میں ان کے خلاف ہوں ۔ لیکن میری گذارش اتنی ضرور ہے کہ اگر وہ حق دار ہیں تو ان پر ٹیکس لگائیں ۔ کیونکہ چھوٹے کاشتکاروں پر تو پہلے ہی بڑی مصیبتیں آرہی ہیں ۔ جناب والا ۔ جب پاکستان بنایا گیا تو غریب کی مدد کے لئے مزدور کے لئے اسلامی حکومت قائم کرنیکے لئے ۔ اخوت اسلامی اور مساوات کے لئے اور سب سے بڑھکر اسلامی شریعت نافذ کرنیکے لئے بنایا گیا تھا ۔ ہم نے یہ ملک اسلئے حاصل کیا تھا تا کہ ہم اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام بلند کر سکیں ۔ یہ ملک اسلئے نہیں بنایا گیا کہ امیر عیش کریں ۔ غریب بھی عیش کرنا چاہتے ہیں ۔ ان کے نزدیک عیش اسلامی روایات پر چلنے میں ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ تمباکو میں نقص بھی ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ اسپر ٹیکس نہ لگے ۔ ورنہ غریب حقہ نہیں پی سکینگے اور اس معمولی سے عیش سے بھی محروم ہو جائینگے ۔ تمباکو پیدا کرنیوالے بچاروں پر بڑی مشکل آ جائیگی ۔

ان گذارشات کے بعد جناب والا ۔ میں ہاؤس سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ میری پوری تائید کرینگے۔ پھر جو حکومت کی مرضی ہوگی۔ ویسے ہی ہوگا ۔

Mr. Speaker : The resolution moved is—

> That this Assembly recommends to the Government to recommend to the Central Government immediately to abolish the Excise-Tax levied on the cultivation of tobacco in the Province.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور نمبر ۹ مسلم) — جناب والا ۔ آنریبل ممبر نے بڑے رقت انگیز انداز میں تمباکو کے حق میں تقریر کی ہے اور فرمایا ہے کہ اسکی کاشت پر سے ٹیکس منسوخ کر دیا جائے ۔ اور اس سلسلہ میں انہوں نے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے افسوس

ہے کہ میں ان سے اتفاق نہیں کر سکتا اور ان کے ان جذبات کا احترام نہیں کر سکا ۔ بلکہ اسکی مخالفت کے لئے مجبور ہوں ۔ جناب والا مجھے اس امر کا پورا احساس ہے کہ چھوٹے کاشت کاروں اور زمینداروں کو تمام ممکن سہولتیں بہم پہنچائی جانی چاہئیں لیکن اس سلسلہ میں میں تمباکو کاشت کرنیوالوں تمباکو نوشوں اور بالخصوص واجب الاحترام نائب لیڈر حزب مخالف جو حقہ کے بہت دلدادہ ہیں (قہقہہ) کی خوشنودیٔ مزاج کا لحاظ نہیں رکھ سکا ۔ بہر حال ایک بات جو میں حق سمجھتا ہوں اسکے متعلق اظہار خیال کرونگا ۔

جناب والا ۔ مجھے یہ دیکھکر افسوس ہوا ہے کہ بسا اوقات جب ہم کسی مسئلہ پر اظہار خیال کرتے ہیں تو دلائل پیش کرتے وقت ایسا افراط و تفریط سے کام لیا جاتا ہے اور جذبات کی رو میں بہہ جاتے ہیں ۔ ہم توازن اور اعتدال کو بالکل نظر انداز کر دیتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں ایک مرتبہ پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ تمدن کی وسعت کے ساتھ حکومت کا دائرہ عمل بہت وسیع ہو جاتا ہے اور اُسکے فرائض اور ذمہ داریوں میں معتدبہ اضافہ ہو جاتا ہے ۔ ان سے کما حقہ عہدہ برآ ہونیکے لئے حکومت کو بڑے بڑے مصارف کی ضرورت ہوتی ہے اور ان مصارف کو پورا کرنیکے لئے ایک ملکی اور ہمدرد حکومت بھی جسکو کہ رعایا کے مفاد کا پورا خیال ہوتا ہے محاصل عائد کرنیپر مجبور ہوتی ہے ۔ جناب والا ۔ محاصل عائد کرنیکے لئے میں بعض مسلمات کا ذکر کر چکا ہوں ۔ ہمیں اس چیز کا خیال رکھنا چاہئیے کہ وہ عادلانہ ہوں منصفانہ ہوں اور وہ پیس ڈالنے والے نہ ہوں ۔ آنریبل چودھری صاحب وجود محاصل تمباکو کے خلاف معلوم ہوتے ہیں ۔ اسلئے میں یہ عرض کرونگا کہ سوال وجود محاصل کا نہیں بلکہ تخفیف محاصل کا ہے ۔ جہاں ٹیکس عائد کئے جائیں تو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ آیا اس قسم کی اشیاء بنیادی ضروریات زندگی سے تعلق رکھتی ہیں یا نہیں ۔ اس قسم کی اشیاء جو ضروریات زندگی سے ہوں ان پر ٹیکس نہیں ہونا چاہئے ۔ البتہ تمباکو جیسی چیزوں پر محاصل عائد کرنا موزوں او مناسب ہے ۔

جناب والا ۔ اشیاء مستعملہ تین قسم کی ہیں ۔ وہ جو بنیادی ضروریات زندگی ہیں ۔ مثلاً necessities of life جنکے بغیر کسی ایک بشر کا گذارا ناممکن ہے ۔ اسکے بعد دوسری چیزیں جنکو ہم comforts کہتے ہیں ۔ یعنی آسائش کی چیزیں یا سہولتیں ۔ اسکے بعد تیسری بات luxuries ہے یعنی سامان تعیش ۔ جناب والا ۔ سب

سے پہلے بنیادی ضروریات زندگی مثلاً کھانے کی چیزیں غلہ - کپڑا وغیرہ پر حکومت کو یہ کوشش کرنی چاہئیے کہ رعایا کو سستے داموں پر یہ چیزیں مہیا کی جائیں اس لئے ان پر کم از کم محصول عائد کیا جائے اگر یہ نا گزیر ہو - چنانچہ ایسی چیزوں کو اگر محاصل سے مستثنیٰ قرار دیا جائے تو بہت اچھا ہے - ان پر زیادہ بار نہ ہو تاکہ عوام آسانی سے حاصل کر سکیں - جناب والا - جہانتک محاصل عائد کرنیکا تعلق ہے taxation ایک انسدادی طاقت اور قوت بھی رکھتی ہے اور جہاں بعض ایسی چیزیں ہیں جن کے استعمال کو محدود کرنا اور متروک کرنا چاہئیے بجائے اسکے کہ حکماً ایسی چیزوں کا استعمال بند کر دیا جائے - تحدیبی طور پر اسکی روک تھام کو discourage کرنیکے لئے بعض انسدادی محاصل عائد کئے جاتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ایسی چیزیں جو سامان تعیش سے تعلق رکھتی ہیں یا جو منشی ہوں جنکا استعمال ہمارے لئے لازمی نہیں بلکہ ناجائز ہے - اس قسم کی چیزوں پر محصول عائد کرنا چاہئیے - اسلئے جہاں تک محصول عائد کرنیکا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اسکے levy کرنیسے کسی کو اختلاف رائے نہیں - اسلئے ایسی تمام اشیاء پر محصول عائد کرنا ضروری ہے - البتہ جہاں تک assessment یا تشخیص کا تعلق ہے یہ محاصل کاشتکار اور زمینداروں کی قوت برداشت سے کہیں زیادہ ہیں - جناب والا اس لئے بجائے اس کے یہ کہا جائے کہ تمباکو کی کاشت پر محصول منسوخ کر دیا جائے میں یہ استدعا کرونگا کہ موجودہ محصول کی شرح میں کافی اور معتدبہ تخفیف کی جائے کیونکہ اصل مرض جو ہے وہ وجود محصول نہیں ہے بلکہ شرح محاصل ہے -

Mr. Speaker : That should have been put as an amendment under Rule 121.

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اصل مشکل وجود محصول نہیں ہے بلکہ اسکی شرح ہے - levy نہیں بلکہ اسکی تشخیص اور تحصیل ہے - جہانتک اس ٹیکس کی تحصیل کا تعلق ہے موجودہ قانون اس معاملہ میں اسقدر ناقص اور سقیم ہے اور اسمیں اتنے شگاف اور loop-holes ہیں کہ ان کی وجہ سے وہ لوگ جن کے ذمہ اس ٹیکس کی collection کا کام ہے وہ من مانی کاروائی کرتے ہیں - جناب والا سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ان لوگوں کو یہ اختیار ہے کہ وہ اپنے خیال اور اپنے عندئے کے مطابق کسی فصل کو پہلے درجہ دوسرے درجہ یا تیسرے درجہ میں رکھ دیں - ان کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ ایک اچھی فصل کو تیسرے درجہ میں رکھ دیں اور ایک ناقص فصل کو پہلے

درجہ میں رکھ دیں ۔ وہ اپنی مرضی کے مطابق ایسا کر سکتے ہیں اور قانونی طور پر اس معاملہ میں ان کو وسیع اختیارات حاصل ہیں اور ان پر کوئی پابندی عائد نہیں کی گئی ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ قانون نے ان کو یہ اختیار بھی دیا ہے کہ وہ تمباکو کی ایک خاص مقدار کو جو کاشتکار کی personal consumption کے لئے ضروری ہو اس محصول سے مستثنیٰ قرار دیدیں ۔ لیکن اس بارے میں بھی وہ اپنی من مانی کرتے ہیں ۔ جناب والا میری گذارش ہے کہ اس ٹیکس کی تحصیل کا کام ایک ایسا کام ہے جو نہایت آسانی کے ساتھ ان نمبرداروں کے سپرد کیا جا سکتا ہے جو کہ زمینداروں سے مالیہ وصول کرتے ہیں ۔ ایسا کرنے سے حکومت کو ان مصارف کثیرہ سے بآسانی بچایا جا سکتا ہے جو کہ ایک علیحدہ محکمہ قائم کرنیکی صورت میں اس پر پڑ رہے ہیں ۔ اندریں حالات بجائے اسکے کہ چودھری محمد احسن صاحب کی طرف سے پیش کردہ قرار داد یعنی اس صوبہ میں کاشت شدہ تمباکو کو محصول کی وصولی سے قطعی طور پر مستثنیٰ قرار دیا جائے منظور کی جائے اس میں معتدبہ تخفیف کی جائے اور اس کی شرح جو ہے .....

Mr. Speaker : I have already said that an amendment should have been put forward by the honourable member in the beginning. He cannot take up that position now.

چودھری محمد افضل چیمہ— جناب والا چونکہ میں یہ ترمیم پیش کرنیسے قاصر رہا ہوں لہذا میں اب آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ اگر آپ اپنے بعض اختیارات خصوصی استعمال کر کے میری اس تجویز کو بطور ترمیم ہاؤس کے سامنے پیش کر سکتے ہوں تو اب میری ترمیم کو پیش کر دیں ۔

Mr. Speaker : I am afraid I cannot do so. Rule 121 says :—

> "If notice of an amendment has not been given two clear days before the day on which the resolution is moved, any member may object to the moving of the amendment; and such objection shall prevail unless the Speaker in the excercise of his power to suspend the rule allows the amendment to be moved."

چودھری محمد افضل چیمہ— جناب والا ۔ معزز ممبر نے پھر یہ بھی فرمایا کہ ہم تمباکو اور سگرٹ باہر سے در آمد کرتے ہیں ۔ لیکن میری عرض ہے کہ تمباکو اور سگرٹ ان ضروریات زندگی سے تعلق نہیں رکھتیں جو ہمارے لئے از بس ضروری ہوں ۔ ہمیں کسی حکیم نے نہیں بتایا کہ ہم ان کو ضرور استعمال کریں اور نہ قرآن و حدیث میں ان کا استعمال ضروری قرار دیا گیا ہے کہ ہم اس قسم کی چیزوں کو لا محالہ ترویج دیں ۔ میں تو شدت سے یہ محسوس کرتا ہوں کہ جہاں حکومت نے شراب کی قطعی طور پر بندش کردی ہے وہاں اسے چاہئے کہ وہ ایسے اقدامات اختیار کرے کہ جن سے اس چیز کو اگر روکا نہیں جا سکتا تو کم از کم اس لغویت کے استعمال کو

دن بدن discourage کیا جائے اور وہ دن آجائے کہ ہم اس منزل پر پہنچ جائیں کہ ہماری قوم کو اس لغویت سے مکمل نجات حاصل ہو جائے ۔

مولوی محمد اسلام الدین — (ملتان نمبر ۱۳ مسلم مخصوص نشست)— جناب والا ، میں چودھری محمد احسن صاحب کی طرفسے پیش کردہ قرار داد کے بارے میں کچھ تائیدی کلمات کہنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ لیکن قبل اسکے کہ میں ایسا کروں میں چند الفاظ چودھری محمد افضل صاحب چیمہ کی تقریر کے متعلق کہنا چاہتا ہوں جو کہ انہوں نے ابھی ہاؤس کے سامنے کی ہے ۔ جناب والا چونکہ وہ مخالف پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں اسلئے یہ ان کی عادت شریف میں داخل ہے کہ وہ ہر بات کی خواہ وہ جائز ہو یا ناجائز ضرور مخالفت کرتے ہیں ۔ اسی ٹیکس کی مثال لے لیجئے ۔ اس سے بیچارہ غریب طبقہ پسا جا رہا ہے لیکن انہوں نے چونکہ یہ طریق کار اختیار کر رکھا ہے کہ ہر بات کی مخالفت ضرور کرنی ہے خواہ وہ حق ہو یا نا حق اسلئے انہوں نے اسکی مخالفت کر دی ۔ لیکن میں یہ عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے قول میں خود تضاد پیدا کیا ہے اور زیادہ تر میں اسی چیز کے متعلق کچھ عرض کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ تمباکو کی کاشت پر جو ٹیکس عائد ہے اسمیں تخفیف ضرور کی جانی چاہئے ۔ پھر اپنے دوسرے جملہ میں انہوں نے یہ کہہ دیا کہ یہ سامان تعیش میں سے ہے اور یہ منشیات میں سے ہے اسلئے یہ ناجائز ہے ۔ جناب والا جب آپ اس چیز کو ناجائز قرار دے رہے ہیں ۔ جب آپ اس کو سامان تعیش میں سے قرار دے رہے ہیں ۔ جب آپ کا نظریہ یہ ہے کہ یہ شرعی طور پر ناجائز ہے اور قانونی طور سے ناجائز ہے تو پھر اسکے اندر تخفیف کا سوال پیدا نہیں ہوتا بلکہ میں کہتا ہوں کہ ایسا کر کے وہ خود ایک غلطی کا ارتکاب کر رہے ہیں ۔ جناب والا آج تک میں یہ دیکھتا رہا ہوں کہ مخالف پارٹی کے ارکان کو چونکہ بولنے کا موقع زیادہ دیا جاتا ہے اسلئے وہ زیادہ بولتے ہیں اور ہم لوگوں کو بولنے کا موقع کم دیا جاتا ہے اسلئے ——

Mr. Speaker : Order please.

مولوی محمد اسلام الدین — جناب والا میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ ٹیکس جو کاشتکاروں پر لگایا جاتا ہے وہ اپنی انتہا کو پہنچ چکا ہے حقہ پینے والے اور تمباکو پینے والے آدھی اتنے عام ہو چکے ہیں کہ ان کو اس بات سے روکا نہیں جا سکتا ۔ شرعی نقطہ نگاہ سے شراب پینا حرام ہے لیکن اس کے مقابلہ میں شرعی نقطہ نگاہ سے نسبتاً تمباکو کا پینا حرام نہیں لہذا اس پر ۲۰ روپے فی من تک ٹیکس لگانا ایک بار گراں ہے ۔ اگر پٹواری

کی کسی زمیندار یا کاشتکار سے عداوت ہو اور اسکے متعلق اگر وہ لکھ دے کہ اس کی اوسط پیداوار تخمیناً ایک من ہے خواہ اس کی پیداوار ایک سیر ہی کیوں نہ ہو تو اسپر ۴۰ روپیے جرمانہ کر دیا جاتا ہے ۔ ان چند کلمات کے ساتھ میں چودھری محمد احسن صاحب کی طرف سے پیش کردہ قرارداد کی تائید کرتا ہوں ۔

چودھری عبد الرحیم — (سیالکوٹ نمبر ۱۰ مسلم)—جناب والا مجھے یہ سن کر نہایت افسوس ہوا کہ اس ایوان کے ایک مولوی ممبر نے حقہ کی تائید کی ہے اور میں اسکی مخالفت کیلئے کھڑا ہوا ہوں (مولوی محمد اسلام الدین ۔ مینے حقہ کے متعلق کچھ نہیں کہا) جناب عالی عرض یہ ہے کہ تمباکو پر جو ٹیکس لگایا گیا ہے وہ بالکل جائز ہے ۔ اگر دیکھا جائے تو تمباکو ملک میں متعدی بیماریاں پھیلانے کا ایک ذریعہ ہے۔ (میر عبدالقیوم ۔ اس پر ban لگا دو) یہ حقیقت ہے کہ تمباکو کی وجہ سے ہمارے ملک میں آئے دن ٹی بی کے مریض ہزاروں کی تعداد میں مرتے رہتے ہیں ۔ آپ نے یہ کبھی نہیں دیکھا ہوگا کہ کوئی حقہ پینے والا دوسرے حقہ پینے والے سے پرہیز کرتا ہو ۔ اگرچہ میں سائینس کا ماہر نہیں ہوں مگر میں تجربہ کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ حقے اور تمباکو سے بیماری پیدا ہوتی ہے ۔ میرے خیال میں حقہ کی ایک چلم میں اتنی نکوٹین ہوتی ہے کہ اگر وہ کسی کتے کو ڈال دی جائے تو وہ کتا مر جاتا ہے ۔ چہ جائیکہ وہ کسی انسان کو دی جائے ۔ آجکل کی سوسائٹی میں حقہ سگرٹ عام ہے حالانکہ زر کو آگ لگانا اور پھر اسکے دھوئیں کو دیکھکر خوش ہونا کسی صحیح الدماغ انسان کا کام نہیں ۔ یہ انسانیت سے بعید ہے اور کوئی صحیح العقل شخص اسے برداشت نہیں کر سکتا ۔ میرے آنریبل دوست نے یہ کہا ہے کہ ایک غریب زمیندار دن بھر کام سے تھک کر حقے کا ایک کش لگا لیتا ہے تو اسے آرام آ جاتا ہے ۔ یہ تو ایسے ہی ہے جیسے کوئی ایک گھونٹ زہر کا پی لے ۔ آپ نے شاید کبھی یہ اندازہ نہیں لگایا ہے کہ ہر غریب آدمی جو ۴۰ یا ۵۰ سے اوپر ہوتا ہے ۔ میں اسیر کے متعلق نہیں کہتا ۔ وہ دمہ یا دق میں مبتلا ہوتا ہے ۔ چونکہ غریب آدمی کی خوراک اچھی نہیں ہوتی اسلئے وہ حقہ اور تمباکو کے باعث دمہ یا دق کا بیمار ہو جاتا ہے ۔ میری یہ گذارش ہے کہ تمباکو پر ٹیکس زیادہ کر دیا جائے اور اس سے دیہات میں رہنے والے غریب آدمیوں کیلئے خوراک کی آسانیاں بہم پہنچائی جائیں تو بہتر ہے ۔ میرے خیال میں تمباکو پر ٹیکس کم ہے ۔ اسے ویسا ہی کر دیا جائے جیسا کہ شراب افیون یا چرس پر ہے ۔ جو اسکی

کاشت کرے لائسنس سے کرے اسپر ٹیکس نہ لگانا صوبہ کیلئے مضر ثابت ہوگا ۔ اسطرح تمباکو پینے والوں کی تعداد زیادہ ہو جائیگی اور یہاں کے بسنے والوں کی صحت پر برا اثر پڑیگا ۔ اور اس وقت ہم کو صحت کی ضرورت ہے ۔ اسلئے میں اس قرار داد کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔ میری یہ استدعا ہے کہ اس ٹیکس کو زیادہ کیا جائے ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : I move—

That the question be now put.

Mr. Speaker : The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

چودھری محمد احسن — (گجرات نمبر ۳ مسلم) — جناب والا ۔ چودھری محمد افضل صاحب چیمہ نے اسلئے تقریر نہیں کی کہ انکے پاس کوئی دلائل تھے بلکہ انہوں نے محض اسلئے تقریر کی ہے کہ وہ ماشاء اللہ تقریر کے اچھے ماہر ہیں ۔ اگر انکی تقریر میں کوئی ٹوٹی پھوٹی دلیل تھی بھی تو اسکا جواب جناب مولانا صاحب نے دے دیا ہے ۔ میں صرف ایک بات کہنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ہمیں تمباکو کی ٹیکسیشن پر اعتراض نہیں ۔ نہ ہم اسے معاف کرانا چاہتے ہیں ۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ تمباکو پر ڈبل ٹیکسیشن اور ہیوی ٹیکسیشن (Heavy taxation) کو ختم کیا جائے ۔ ہمارے کاشتکار پر پہلے ہی آبیانہ اور مالیہ وغیرہ کافی ٹیکس ہیں اسلئے ہماری یہ گذارش ہے کہ مرکز نے جو یہ ٹیکس لگایا ہوا ہے وہ خدا کیلئے اسے واپس لے لے ۔ اسکے بعد ہماری صوبائی حکومت اس معاملہ پر غور کر کے تمباکو کی کاشت پر اتنا ٹیکس لگائے جسکی گنجائش ہو ۔

میرے دوسرے معزز مہربان نے یہ فرمایا ہے کہ تمباکو کی وجہ سے لوگوں کی صحت خراب ہو رہی ہے ۔ جناب والا ۔ میں انکو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ صحت کی خرابی اتنی تمباکو کی وجہ سے نہیں جتنی کہ سرمایہ دار کے خوراک میں اور چیزوں کی ملاوٹ کرنیکی وجہ سے ہے ۔ خوراک میں ملاوٹ کر کے ہماری قوم کی صحت کا ستیا ناس کیا جا رہا ہے اور جب تک ان لوگوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی نہ کی جائیگی انکا تمباکو پر اعتراض کبھی کارگر نہیں ہوگا ۔ (قطع کلامیاں) ۔ جناب والا گھی میں ڈالڈا ملانا کسکا کام ہے ؟ زمیندار اور کاشتکار تو گھی کو پیدا کرتے ہیں یہ جو گھی میں آئے دن ملاوٹ کے واقعات ہوتے رہتے ہیں یہ کسکا کام ہے ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. The honourable member is addressing another member. He is talking about ghee and milk. This means that being a gujjar he is interested in these things

Mr. Speaker : The point of order is frivolous and is over-ruled.

چودھری محمد احسن— جناب والا ۔ یہ کہ دینا نہایت آسان ہے کہ تمباکو کا پینا بند کر دیا جائے ۔ میں خود تمباکو نہیں پیتا ۔ سیگرٹ نہیں پیتا ۔ نہ میں پان کھاتا ہوں ۔ (قطع قلامیاں)

میں چاہتا ہوں کہ قوم کے بچے بچے کے چہرے پر وہ سرخی آ جائے جو قدرتی ہو نہ کہ وہ پان اور غازے کی سرخی ہو ۔ لیکن جناب والا ۔ یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے اگر لوگوں کو اچھی خوراک مہیا کی جائے تاکہ ان کی صحت بہتر ہو ۔ جیسا کہ میں نے بجٹ کے دوران میں عرض کیا تھا متوسط درجہ کے لوگوں کو اچھی خوراک اور صاف ستھرا کپڑا ملنا چاہئے ۔ یہ سمجھا جاتا ہے کہ غیر ممالک پر رعب ڈالنے کے لئے اگر ہم زیادہ قیمتی کپڑا پہن لیں اور نہایت شاندار ڈنر دیدیں تو ہمارا انپر رعب پڑ جائیگا ۔ لیکن ہم یہ بھول چکے ہیں ۔ کہ اگر خلیفۃالمسلمین نے کپڑوں کو پیوند لگا کرملک شام فتح کر لیا تھا تو کیا ہم ایسا نہیں کر سکتے ؟ (ایک آواز ۔ خفے کے ساتھ ؟) (قہقہہ) ۔

Mr. Speaker : The honourable member has been saying that for the last two minutes ; it is wholly irrelevant. The discussion should be limited strictly to the subject of the resolution. The honourable member is replying to the debate.

چودھری محمد احسن—میں نے جناب والا ۔ ان کی اس بات کا جواب دیا تھا کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ لوگوں کی صحت کیوں گر رہی ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے یہ تمباکو کی وجہ سے نہیں ہے ۔ کاشتکاروں کے لئے تو اس کا پینا ضروری ہو چکا ہے لیکن جب تک اسکی prohibition نہ کی جائے اسکا پینا بند نہیں ہو سکتا ۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ پاکستان میں شراب چل رہی ہے ۔ یہ تو ایک lesser evil ہے جسکے ایک دو گھونٹ پی لینے سے رگوں میں خون دوڑ آتا ہے ۔ ان گزارشات کے بعد میں کچھ اور کہنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا ۔

Mr. Speaker : The question is—

That this Assembly recommends to the Government to recommend to the Central Government immediately to abolish the excise tax levied on the cultivation of tobacco in the Province.

The motion was carried.

COMPLETION OF CONSTITUTION

بیگم جہاں آرا شاہ نواز —(بیرونی لاہور مسلم خواتین) صدر محترم ۔ مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس ایوان کے سامنے مندرجہ ذیل ریزولوشن پیش کروں

"یہ اسمبلی حکومت سے درخواست کرتی ہے کہ وہ صدر مجلس دستور ساز پاکستان کو بلا تاخیر آئین سازی کے کام کو مکمل کرنیکی فوری ضرورت سے مطلع کرے"۔

اس ریزولوشن کے آج پیش کرنے کی وجوہات کیا ہیں۔ مجھے اجازت دیجئے کہ میں انہیں اس معزز ایوان کے سامنے پیش کروں۔ سب سے پہلا سوال صدر محترم جو مجھ سے کیا جائیگا۔ اور میں جانتی ہوں کہ ممبر صاحبان ایسا سوال پوچھنے کیلئے مجاز ہونگے اور وہ حق پر ہونگے اگر وہ مجھ سے دریافت کریں کہ جب میں خود مرکزی اسمبلی کی کی ممبر ہوں اور اسکی اکثر کمیٹیز میں کام کر رہی ہوں تو ایسے ریزولیوشن کو یہاں پیش کرنیکی مجھے کیا ضرورت پیش آئی ؟ میں اسکی وجوہات یہاں بیان کرنا اپنا فرض سمجھتی ہوں۔

صدر محترم۔ اسوقت ملک کے کونے کونے سے یہ آواز بلند ہو رہی ہے کہ کیوں آج تک آئین سازی کے کام کو مکمل نہیں کیا گیا اور اگر یہ اب تک نہیں کیا جا سکا تو کیوں نہ اسے آئیندہ چند ماہ کے عرصہ میں مکمل کرکے جنرل الیکشنز کی جائیں تاکہ عوام کے صحیح نمائیندے کرسیٔ حکومت پر بیٹھیں۔ یہ آواز ممبران کے ذریعہ سے۔ اخباروں کے ذریعہ سے اور دیگر وسائل سے حکومت کو پہنچتی رہتی ہے۔ مگر میں سمجھتی ہوں کہ جب تک یہ آواز ان صوبائی اسمبلیوں میں بلند کر کے ایسے ریزولوشن تمام پارٹیوں کی طرف سے یک زبان ہو کر پاس کرا کر اگر ہمارے بازو مرکزی اسمبلی میں مضبوط نہ کئے گئے تو ہماری آواز کی شنوائی نہ ہوگی۔ اور اس پر عمل نہ ہوگا۔ دوسرے یہ اسمبلی جو پاکستان میں سب سے پہلی اسمبلی بالغ کے ووٹ سے منتخب ہو کر آئی ہے اگر اسکی سب پارٹیز ملکر یہ آواز مرکزی حکومت تک پہنچائینگی تو انشا اللہ اس پر مکمل غور و خوض ہوگا۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ آپ نے اخبارات میں دیکھا ہوگا کہ ۱۲ تاریخ سے تین بڑی آئین ساز کمیٹیز کی meetings ہو رہی ہیں۔ اور میں محسوس کرتی ہوں کہ اگر آج یہ آواز یک جہتی سے ملکر اٹھائی گئی تو یہ کمیٹیز مجبور ہو جائینگی کہ وہ اپنا کام جلد از جلد ختم کریں۔ زیادہ سے زیادہ ۶ ماہ میں یہ کام مکمل ہو سکتا ہے۔ یہ وجوہات ہیں جن کی بنا پر میں آج یہ ریزولوشن اس ایوان کے سامنے پیش کر رہی ہوں۔ اور میں امید کرتی ہوں کہ میری تمام بہنیں اور بھائی نہ صرف اس ریزولوشن کو یک جہتی اور اتفاق رائے سے پاس کرینگے بلکہ وہ اپنی تقاریر سے اس بات کا ثبوت دے دینگے کہ جو آواز اس وقت ملک کے کونے کونے سے

بلند ہو رہی ہے وہ آواز اس ایوان میں بھی اسی شد و مد اور اسی زور کے ساتھ بلند کی جا رہی ہے ۔

صدر محترم ۔ میں اس بات سے پردہ اٹھانا نہیں چاہتی کہ گذشتہ پونے پانچ سال میں سب کام کس طریق سے ہوئے کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ یہ مناسب نہیں ہوگا ۔ بجائے اسکے کہ ہم ماضی کی طرف دیکھیں ہمیں مستقبل کے بارے میں سوچنا چاہئیے ۔

صدر محترم ۔ آزادی حاصل کرتے ہی حکومت کا یہ فرض تھا اور ہے کہ جسقدر جلدی ممکن ہو سکے یہ آئین مرتب کیا جائے ۔ کیونکہ جو وزارت اسوقت ملک کی عنان حکومت ہاتھ میں لئے ہوئے ہے اور جو مرکزی اسمبلی قوانین وضع کر رہی ہے اسکے نمائیندہ ہونیکی حیثیت کیا ہے ۔ آٹھ کروڑ کے ۸۰ نمائیندے وہاں بیٹھے ہیں ۔ یعنی دس لاکھ کا ایک نمائیندہ ہے ۔ اگر ہم ایک لاکھ کو ایک نمائیندہ نہیں دے سکتے تھے تو کم از کم پونے دو لاکھ کو ایک نمائیندہ دیکر چار سو کا ہاؤس قائم ہو سکتا تھا تاکہ وہ تمام نمائیندے عوام الناس کی ان ضروریات کو اور تمام ان قوانین کو جن کی اپنے ملک کے اندر ضرورت ہے مرکزی اسمبلی میں پاس کرواتے اور عوام کے خیالات کی ترجمانی کرتے ۔ پانچ سال کا عرصہ ہو چلا مگر بد قسمتی سے آج بھی وہاں وہ اسمبلی بیٹھی ہوئی ہے جو British Made ہے ۔ اور اس میں یہ خاکسار بھی داخل ہے ۔ ہم کسی طرح بھی یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس موجودہ اسمبلی نے ہمیں وہاں بھیجا ہوا ہے ۔ ہمارا یہ فرض ہے اور ہمیں اب electorate کے سامنے آنا چاہئیے تاکہ وہ اس بات کا جائزہ لے سکیں آیا انکے نمائندوں نے اپنا فرض ادا کیا ہے اور آیا آئندہ وہ ان پر اعتماد کر سکتے ہیں ۔ آج ہماری electorate مصر ہو رہی ہے کہ دستور سازی کا کام بطریق احسن جلد انجام پائے ۔ اس ریزولیوشن کو ایوان میں پیش کرنیکی ایک وجہ اور بھی ہے کیونکہ میں جانتی ہوں کہ ہمارے گورنر جنرل نہایت ہی بیدار مغز انسان ہیں اور ہمارے وزیر اعظم جو بہت خدا شناس اور مخلص ہیں انکی بھی یہی رائے ہے کہ جلد از جلد قانون سازی کا کام پایۂ تکمیل کو پہنچے جیسا کہ سردار عبدالرب نشتر نے فرمایا ہے کہ آئین سازی کا کام جلد مکمل ہو جائیگا ۔ مگر میں اس معاملے میں کسی ایسے رکن سے اتفاق نہیں کرتی کہ ہمیں اس کے لئے کم از کم دو تین سال لگینگے کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ Basic Principles Committee, Franchise Committee, اور Fundamental Rights Committee,

(میں انکے متعلق کوئی انکشاف نہیں کرونگی) کے پاس اب اتنا کام باقی نہیں رہا ہے کہ بہت زیادہ وقت لگے - چاہے ان میں سے کسی کمیٹی کی سال سے زائد عرصہ میں میٹنگ نہیں ہوئی - یہ کمیٹیز چند دنوں میں اپنی رپورٹ مکمل کر لیں اور اسکے بعد وہ رپورٹ موسم خزاں میں مرکزی اسمبلی میں پاس کر کے Draftsman کو دیدی جائے - جسکو تین مہینے سے زیادہ عرصہ نہیں لگانا چاہئے - اسکے بعد موسم سرما میں دستور ساز اسمبلی کا اجلاس بلا کر آئین پر بحث مباحثہ ہو اور اسے پاس کیا جائے - اس طرح میں سمجھتی ہوں کہ نو دس مہینوں کے اندر آئین تیار ہو سکتا ہے پھر وہ Drafts Committee تین مہینوں کے اندر اس کام کو مکمل کر لیگی - آئندہ سال یعنی ۱۹۵۳ء کے وسط میں نہیں تو آخیر میں اگر انتخابات ہو جائیں تو آپ خیال فرمائیے کہ قوم میں ایک نئی روح پیدا ہو جائیگی - میں سمجھتی ہوں کہ اگر خواجہ ناظم الدین صاحب کی وزارت جلد آئین مرتب کر لے - تو یہ قوم پر اُن کا بڑا احسان ہوگا - اس حکومت کا جسکو Care-taker Government کہنا چاہئیے یہ فرض تھا کہ آئین کو جلد مرتب کرتی اور قانون سازی کے کام میں قوم کے ان افراد کو ٹریننگ دیا جاتا جسے وہ سب لوگ اپنا profession بنانا چاہتے ہیں - وزیر تعلیم اسوقت یہاں تشریف فرما ہیں میری ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ اگر پونے پانچ سال کے عرصے میں مرکز سے کوتاہی ہوئی ہے تو صوبے کی حکومت پر لازم تھا کہ اسوقت جب ہمیں آزادی نصیب ہوئی وہ جمہوری نظام جو کہ ایک غیر حکومت نے ہمیں سکھایا تھا اور جسمیں ہماری خاص نشوونما کا لحاظ رکھا گیا تھا کہ آزادانہ طور پر اپنی رائے کو استعمال کریں اور آزادانہ طور پر جمہوریت کی تنظیم کو سمجھیں - ایسے مناسب اقدامات کرتی کہ قانون دان - سیاست کو سمجھنے والے افراد قوم میں پیدا ہوتے - مثلاً ایک ایسا School of Legislators قائم ہوتا جہاں میرے عزیز بھائیوں اور محترم بہنوں کو Legislation کے متعلق قواعد سکھائے جاتے - انہیں بتایا جاتا کہ پارلیمنٹ میں جو وقت گزرتا ہے اسکا ایک ایک منٹ کسقدر قیمتی ہوتا ہے اور اسطرح صدر محترم - آپکو بھی زیادہ مشکلات پیش نہ آتیں - معاف کیجئے بد قسمتی سے مجھے نفس مضمون سے ہٹنا پڑا ہے - چونکہ یہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے اسلئے میں آپ سے یہ درخواست کرتی ہوں کہ مجھے اسپر تھوڑی سی روشنی ڈالنے دیجئے - ہماری قوم کی بد قسمتی ہے کہ ہمارے پاس سرمایہ نہیں - ہمارا ذریعہ معاش اس قسم کا ہے کہ سارا سال سوائے اپنی روزی کمانے کے اور کچھ سوجھتا ہی نہیں اور جب اسمبلی کے اجلاس ہوتے ہیں

تو ہم یہاں آکر تقریریں کرتے ہیں ۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں ہم اچھے ۔ Legislators نہیں ہو سکتے ۔ ہندو قوم سرمایہ دار تھی وہ کمپنیوں کے ڈائرکٹر بن جاتے تھے اور ہزاروں روپے وہاں تنخواہیں لیتے تھے اسلئے وہ Professional Legislators ہوتے تھے ۔ ہمیں ایسے اقدامات کرنے چاہئیں کہ ہمارے معزز ممبران اسمبلی Professional Legislators بن سکیں ۔ یہاں یہ حال ہے کہ میرے ایک بھائی نے تین سو روپے ماہوار لینے چھوڑ دئے ۔ صرف دکھاوے کی خاطر اور اصول کا خیال نہ کیا کہ سیاست دانوں کی تنخواہیں مقرر ہونی چاہئیں تاکہ وہ فراغت سے اپنے کام کو سر انجام دے سکیں ۔ میری آپ سے یہ گذارش ہے کہ Professional Legislators بنائیے ۔ اگر آج آپنے

Mr. Speaker : That is irrelevant.

جہاں آرا بیگم شاہنواز— صاحب صدر ۔ میں آپکے حکم پر سر تسلیم خم کرتی ہوں ۔ میں جانتی ہوں کہ میں نفس مضمون سے دور جا رہی ہوں ۔ میں آپکی وساطت سے اپنے بھائیوں سے اپیل کرونگی کہ وہ میرے اس ریزولیوشن کی تائید کریں ۔ یہ آواز یکجہتی اور اتفاق کے ساتھ مرکزی حکومت تک پہنچائی جائے کہ جسقدر جلد ممکن ہو سکے آئین سازی کا کام مکمل کیا جائے ۔ ہم electorate کے سامنے جائیں اور کہیں کہ اپنے نمائندے اسمبلی میں بھیجیں تا کہ صحیح طور پر جمہوری حکومت (مرکزی) معرض وجود میں آئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں یہ ریزولیوشن اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرتی ہوں ۔ (تالیاں) ۔

Mr. Speaker : The resolution moved is—

> That this Assembly recommends to the Government to convey to the Honourable President of the Constituent Assembly of Pakistan the immediate necessity of completing the task of constitution-making without the least possible delay.

مسٹر عبدالوحید خان —(لاہور کارپوریشن حلقہ نمبر ۴ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا ۔ میں محترمہ بیگم صاحبہ کے ریزولیوشن کی تائید کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ بیگم صاحبہ نے فرمایا کہ اگر مصلحت دامن گیر نہ ہوتی تو میں کچھ حجاب اٹھاتی جس سے معلوم ہوتا کہ آئین سازی سے متعلق کتنا کام ہوا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تجویز اس صوبے کے عوام کے احساسات اور جذبات کی صحیح معنوں میں آئینہ دار ہے اور اس ایوان کا ہر فرد خواہ وہ کسی جماعت سے تعلق رکھتا ہو اس کے مقصد سے متفق ہے ۔ اس لئے اگر وہ حجاب جس کا ذکر بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے اٹھا دیا جاتا تو میرے خیال میں اس مقصد کی تکمیل میں کافی مدد ملتی ۔

ویسے بھی اس مجلس میں سب اپنے ھی آدمی ھیں اور سب کا ایک ھی مقصد ھے ۔ حضرت اقبال کا یہ شعر مجھے اس وقت یاد آ رھا ھے

عروس لالہ مناسب نہیں ھے مجھ سے حجاب

کہ میں نسیم سحر کے سوا کچھ اور نہیں

(نعرہ ھائے تحسین)

اس لئے جناب والا اس حجاب کو اگر میں اٹھا دوں تو نامناسب نہ ھوگا ۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ھماری دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس ھوا اور چند ماہ میں اسے پانچ سال ھو جائینگے ۔ اس پانچ سال کے عرصے میں مجلس دستور ساز کی نشستوں کی کل تعداد تقریباً ۱۳۰ یا ۱۴۰ ھے ۔ تقریباً اس لئے عرض کر رھا ھوں کہ پچھلے بجٹ کے اجلاس کی نشستوں کی پوری تعداد مجھے صرف اخبارات سے معلوم ھوئی ھے ۔ ان نشستوں کی تعداد سے اگر وہ تعداد نکال دی جائے جس میں مجلس دستور ساز بحیثیت پارلیمنٹ کے بیٹھی جسکا تعلق آئین کی تشکیل سے کچھ نہیں تر پھر آئین ساز اسمبلی کی نشستوں کی تعداد کل ۲۷ رہ جاتی ھے ۔ یعنی پانچ برس میں آئین سازی کیلئے ھماری دستور ساز اسمبلی نے اگر کوئی اقدام کیا تو وہ ۲۷ دنوں کی نشستیں ھیں ۔ اور ان ۲۷ نشستوں میں سے بھی اگر وہ دن نکال دئے جائیں جو مجوزہ آئین کیلئے نہیں یا نئے آئین کیلئے نہیں بلکہ روز مرہ کے پیدا شدہ حالات کے پیش نظر گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں ترمیم کرنیکے لئے دستور ساز اسمبلی کے اجلاس ھوئے مثلاً پنجاب ، سندھ اور سرحد میں صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات وغیرہ کے لئے تو نئے آئین کیلئے صرف آٹھ دن باقی رہ جاتے ھیں ان آٹھ دنوں میں سے بھی صدر کے انتخاب اور Basic Principles اور Fundamental Rights اور بعض دوسری کمیٹیوں کے تقرر اور قرار داد مقاصد کے منظور کرنے پر بھی جو وقت لگا ۔ تو ان سب کو مد نظر رکھتے ھوئے صرف چار یا پانچ دن ایسے بچتے ھیں جو عرصہ پانچ سال میں ھماری دستور ساز اسمبلی نے آئین بنانے یا اس پر غور کرنے پر صرف کئے ۔ قرار داد مقاصد کی بحث کو میں نے اصل آئین سے اسلئے خارج کیا کہ یہ قرار داد اصل آئین کا جزو نہیں ھوگی جیسا کہ Basic Principles کمیٹی کی رپورٹ میں بیان کیا گیا ھے ۔ (ایک معزز ممبر — آپکو استعفے دے دینا چاھئے) میں نے شفیق صاحب کی نوا سنجی کو سنا ان کی اطلاع کے لئے میں یہ عرض کر دوں کہ میں اب دستور ساز اسمبلی کا ممبرنہیں ھوں ۔ اسلئے استعفے دینے کا مطالبہ ویسے ھی بے محل اور irrelevant ھے جیسے کہ ان کی اکثر باتیں ھوا کرتی ھیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس بے اعتنائی اور تغافل کی بنا پر مجھے نہایت افسوس کے ساتھ اس قابل عزت و احترام مجلس کے متعلق یہ الفاظ استعمال کرنے پڑے ہیں ۔ آج ہمارا ملک ایک ''سر زمین بے آئین،، ہے ۔ ''بے آئین،، کا لفظ میں لا قانونیت کے معنوں میں استعمال نہیں کر رہا ہوں ۔بلکہ بغیر آئین اور دستور کے معنوں میں استعمال کر رہا ہوں ۔ بے آئین صرف اسلئے نہیں کہ ہمارا اپنا بنایا ہوا آئین ہمارے ملک میں رائج نہیں ہے بلکہ اس لئے بھی کہ اسوقت جو آئین ہمارے ہاں نافذ ہے وہ Government of India Act کا ترمیم اور اصلاح شدہ چربہ ہے ۔ جو نہ صرف ہماری ملی اور قومی ضروریات کو پورا ہی نہیں کرتا بلکہ ان سے متضاد اور متصادم ہے ۔ خصوصاً اس نصب العین اور اس مقصد سے متصادم ہے جس کے حصول کے لئے ہم جد و جہد کرتے رہے ہیں اور جسکی تکمیل کیلئے ہم اعلانات بھی کرتے ہیں ۔ اس صورت حال کے پیش نظر اگر میں یہ کہوں تو بے جا نہ ہوگا کہ ہماری سیاسی زندگی کا ہر نفس دوسروں سے مستعار ہے ۔ ہماری مشینری کا ہر ایک پرزہ اس کار گاہ فکر سے ڈھلتا ہے ۔ جس کے موجد لارڈ میکالے جیسی شخصیتیں تھیں ۔ آج اگرچہ ہم آزاد ہونیکے مدعی ہیں اور اس چیز کو خود محسوس کرنے اور دوسروں کو محسوس کرانیکی کوشش بھی کرتے ہیں ۔ تا ہم ہمارا زاویہ نگاہ ۔ ہماری راہ عمل اور طریق فکر ان نقوش کے مطابق ہے جنکی بنیادیں عرصہ ہوا بیرونی حکمرانوں کے ہاتھوں سے رکھی گئی تھیں ۔

جناب والا ۔ اگر اس غیر معمولی التوا کی وجہ یہ ہوتی کہ چونکہ ہم آزاد ہیں ۔ اسلئے ہم اس آزاد ملک کیلئے ایک ایسا آئین بنا رہے ہیں جسکی مثال پہلے کہیں موجود نہیں تو یہ درست ہوتا اور ہم اسے تسلیم کرتے جیسا کہ کہا جاتا رہا اور یہ چیز بطور عذر پیش کی جاتی رہی کہ ہندوستان اور Ceylon دونوں ملکوں نے اگر اپنے آئین اتنے جلد بنا لئے ہیں تو اسکی وجہ صرف یہ تھی کہ ان دونوں ملکوں نے صرف اتنا کیا کہ امریکہ ۔ انگلستان یا دیگر ممالک کے آئینوں کو سامنے رکھا ۔ اپنا آئین ان سے اخذ کیا اور پیش کر دیا ۔ مگر ہمارا دعویٰ ہے کہ ہمارا آئین بالکل مختلف ہوگا وہ نہ روس کے آئین سے ملتا ہوگا اور نہ ہی اسے انگلستان یا مغربی ممالک میں سے کسی سے مطابقت ہو گی ۔ بلکہ اسکی بنیاد ان اصولوں پر رکھی جائیگی ۔ جنہیں ہم اسلام کے سنہری اصول کہتے ہیں ۔ چنانچہ یہ یقین اسوقت اور بھی پختہ ہو گیا ۔ جب پاکستان کی مجلس دستور ساز نے انیس ماہ کی مسلسل خاموشی کے بعد قرار داد مقاصد منظور کر لی ۔ لیکن اسوقت

ہماری حیرت اور مایوسی کی کوئی انتہا نہ رہی جب ہمارے سامنے Basic Principles Committee کی رپورٹ آئی اور میں جناب شفیق صاحب کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ جب میں اس اسمبلی کا ممبر تھا تو میں نے اس رپورٹ میں سترہ ترمیمات پیش کی تھیں - جن پر بحث کرنے کا موقع ہی نہ آیا - اور اب تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - کیونکہ اب تو میں اسکا ممبر ہی نہیں رہا -اس Basic Principles Committee کی کسی کارروائی پر تنقید کرنیکا اگرچہ مجھے حق نہیں پہنچتا اور نہ ہی میں یہ معروضات تنقید کی غرض سے پیش کر رہا ہوں - تاہم میں یہ ضرور عرض کرونگا کہ اس رپورٹ کے پیش ہو جانے سے ہماری وہ تمام توقعات اور امیدیں منقطع ہو گئیں جو ہم اس کمیٹی سے وابستہ کئے ہوئے تھے -اگر اسلامی جمہوریت امریکہ - انگلستان اور روس کی جمہوریت Democracy سے مختلف ہے جیسا کہ ہمارا دعویٰ ہے تو اسکے سانچے میں اس رپورٹ کو ڈھالا جاتا تاکہ اس غیر معمولی التوا کی کوئی معقول وجہ پیش کی جا سکتی - اس رپورٹ کے ایک سرسری جائزے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے آئین کے مصنفین کے دماغ میں جو خاکہ ہے وہ اس آئین کا چربہ ہے - جو اسوقت مغربی جمہوری ممالک میں نافذ ہے - حالانکہ اسلامی جمہوریت اور مغربی جمہوریت میں ایک بنیادی فرق ہے اور جب تک ہمارے آئین میں اس فرق کو ملحوظ نہیں رکھا جائیگا اسوقت تک ہمارا آئین اسلامی نہیں ہو سکتا - وہ فرق یہ ہے کہ مغربی جمہوریت میں آئین سازی اور قانون سازی کے آخری اختیارات عوام کے ہاتھوں میں ہیں - یعنی حقوق حاکمیت (Sovereignty) وہاں جمہوریت کو حاصل ہیں وہ جس قسم کا قانون چاہیں بنائیں وہاں کی عدالتوں کو یہ حق نہیں کہ ان قوانین کو مسترد کر سکیں - ان ممالک کے ایوان ہائے قانون ساز کو آخری اور قطعی اختیارات حاصل ہیں - لیکن اسلامی جمہوریت میں قانون سازی کے آخری اختیارات عوام کے ہاتھوں میں ہونیکی بجائے خدا کی ذات میں مرکوز ہیں - اسلام کا کوئی آئین یا قانون قابل تسلیم نہیں ہو سکتا اگر وہ خدا کے بنائے ہوئے احکام سے متصادم ہو - اس کا مطلب یہ ہے کہ اسلامی ملک کی مجلس آئین ساز یا قانون ساز اتنے وسیع اختیارات نہیں رکھتی جتنے کہ مغربی ممالک کی رکھتی ہیں - اسلام کا آئین ناقابل ترمیم اور حتمی ہے - اسکے ماتحت تحتی قوانین ((By-Laws) وضع کئے جا سکتے ہیں یا قرآن کریم کے مقرر کردہ احکام کی تفصیلات وضع کی جا سکتی ہیں - یا ایسے قوانین بنائے جا سکتے ہیں - جنکے متعلق قرآن میں کوئی ذکر نہیں ہے - اسلامی ملک میں عدالت عالیہ کو یہ حق ہوگا کہ اگر کوئی قانون مجلس قانون ساز نے ایسا بنایا

جو قرآن کریم کے صریح احکام کے خلاف ہو۔تو وہ اسکو ناجائز اور ناقابل قبول قرار دے ۔ اور اس معاملے میں عدالت عالیہ کا حکم قطعی ہوگا ۔

جناب والا ۔ جبتک ہمارے آئین میں اس امر کا واضح الفاظ میں ذکر نہیں کیا جاتا اسوقت تک وہ آئین اسلامی نہیں ہو سکتا ۔ اگر ایسا نہیں کیا گیا تو قرار داد مقاصد کے منظور کرنیکا کوئی فائدہ نہیں ہوا ۔ ویسے تو ہم بھی سیلون یا ہندوستان کیطرح مغربی ممالک کے آئین کی نقل کر کے اب تک کبھی کا آئین بنا سکتے تھے ۔ لیکن اب تک جو ہم نے دیر کی اسکی ایک وجہ یہ ہو سکتی تھی ۔ کہ ہم اپنے نصب العین اور اپنے ضروریات کے مطابق اپنا آئین وضع کر رہے ہیں ۔ جس میں دیرکا ہونا ناگزیر تھا ۔ کیونکہ بالکل نئی عمارت کا نقشہ بنانے اور اسکی بنیادیں تیار کرنے اور اصل عمارت کی تکمیل میں غیر معمولی وقت لگتا ہے ۔ مگر آج ہمارے علم میں ہے کہ ہماری دستور ساز اسمبلی ایسا نہیں کر رہی ۔ اگر یہ صورت حال ہے تو پھر یہ تعویق کیوں ؟

جناب والا ! میں اس سلسلے میں صرف ایک بات اور عرض کرونگا وہ یہ کہ اگر یہ تعویق اسلئے کی گئی کہ مختلف صوبوں کی نمائندگی کے تناسب میں اختلاف ہے ۔ اگر واقعی دو ایوانوں کے بنانے میں بعض صوبوں کی نمائیندگی کی اقلیت اور اکثریت کا سوال ہے تو میں اپنے رہنماؤں کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آپ کو جرات سے کام لینا چاہئے ۔ اگر آپ اسے حل کرنے میں خطرات محسوس کرتے ہیں تو خطرات کا مقابلہ جرأت سے کیجئے ۔ آپ ان کا مقابلہ ان سے بھاگ کر نہیں کر سکتے ۔ ایسی حالت میں تو آپ کیلئے اور بھی ضروری ہے ۔ کہ مزید وقت ضائع نہ ہونے دیں ۔ ورنہ اس سے آپکی پیچیدگیوں میں اور بھی اضافہ ہوگا ۔

من نمی گوئم زیان کن یا بفکر سود باش

اے ز فرصت بے خبر در ہر چہ باشی زود باش

ان الفاظ کے ساتھ میں بیگم صاحبہ کے ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

باجی رشیدہ لطیف— (مسلم زنانہ اندرون لاہور)— جناب صدر انجمن اس ریزولیشن کی بجائے بیگم شاہنواز صاحبہ سے استفسار کرنا چاہئے کہ انہوں نے یہ قرار داد مرکزی دستور ساز اسمبلی میں کیوں پیش نہیں کی اور وہ وہاں پانچ سال تک کیا کرتی رہیں ہیں ۔ کیا انہوں نے اپنے فرض کی سرانجام دہی میں کوتاہی نہیں کی ؟ وہاں پر محض خوشامد اور مدح سرائی میں چار پانچ سال ضائع کرنے کے بعد اب بیگم صاحبہ نے پنجاب اسمبلی میں یہ

ریزولیشن پیش کر کے قوم و ملک کی کوئی خدمت سر انجام نہیں دی بلکہ ایک قسم کا دھوکہ دینے کی کوشش کی ہے -

صاحب سپیکر -- اپنی تقریر کو صرف نفس مضمون تک محدود رکھئے اور ذاتی حملوں سے گریز کیجئے !

باجی رشید لطیف -- جناب والا مرکزی دستور ساز اسمبلی نے تشکیل آئین کے کام میں بے حد delay کر دی ہے اور پانچ سال کے عرصے میں کوئی اسلامی قانون نافذ نہیں کیا - میں سب سے پہلے مرکزی اسمبلی کے Basic کام اور فرض کی طرف آپکی توجہ مبذول کراؤنگی اس نے Franchise sub-Committee مقرر کرنے کے علاوہ چار پانچ سال میں کوئی خاص کام سر انجام نہیں دیا اور ہماری معزز بہن بیگم شاہنواز نے وہاں پر اپنی ڈیوٹی ادا کرنیکی بجائے آج پانچ سال کے بعد یہاں یہ ریزولیشن پیش کر دیا ہے - مگر وہاں مرکز میں کیوں انہوں نے کوئی ٹھوس کام نہیں کیا اور کیوں دستور ساز اسمبلی میں اس امر پر زور نہیں دیا کہ وہ آئین نو کی تشکیل کرے ؟ (حزب مخالف کی طرف سے (Shame, Shame) ہم نے انگریزی قانون کو رائج کرنیکے لئے پاکستان حاصل نہیں کیا تھا - بیگم صاحبہ کا ارادہ ہی نہیں ہوگا کہ اسلامی قانون بنے اور نافذ ہو - یہ دل میں اسلامی قانون کے تصور سے ہی ڈرتی ہونگی کیونکہ اگر اسلامی قانون نافذ ہو گیا تو ان کو موٹے کپڑے پہن کر آنا پڑیگا اور نرم و نازک نمائشی لباس ترک کرنا پڑ جائیگا - اسلئے بیگم صاحبہ تو چرچل کا آئین ہی مسلط کرنے پر رضامند ہونگی - (حزب مخالف کی طرف سے (Hear, hear) مگر افسوس کہ مسلمانوں نے ہزاروں قربانیاں محض اسلامی قانون نافذ کرنیکے لئے دی تھیں - اور اب تک وہی پرانا انگریزی قانون ہم پر مسلط ہے - وہی انگریزوں کا انداز فکر یہاں رائج ہے اور انہی انگریزوں کے نقش قدم پر ہماری حکومت چل رہی ہے حالانکہ ہم مسلمان کسی چیز کے لئے بھی غیروں کے محتاج نہیں ہیں - ہمارے پاس اسلام کا ایک مکمل دستور حیات موجود ہے ہمیں کسی چیز کی خاطر کسی غیر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں - آخر چار پانچ سال آئین سازی کی نذر کیوں کئے جائیں ؟ حرام حلال ظاہر ہیں - اسلامی قوانین واضح ہیں ان کو صاف طور پر اختیار کر لینا چاہئے - یہ مذہب اسلام ہندو مت کی طرح نہیں کہ شودر کو وید پڑھنے یا سننے کی بھی ممانعت ہو اور اگر وہ سن لے تو سیسہ پگھلا کر شودر کے کان میں ڈالنے کی ضرورت ہو - اسلام تو ایک بین اور واضح چیز ہے اسکو جوں کا توں

لے لینا چاہئے مگر افسوس کہ ہم انگریزی قانون کو جوں کا توں اختیار کر رہے ہیں ۔ اسلامی قانون مختصر ہے لا الہ الا اللہ کو اختیار کر لیجئے بھلا پانچ سال میں اتنا سا کام بھی دستور ساز اسمبلی نہیں کر سکی ۔ ہمارے پاس مکمل اور مستقل کتاب موجود ہے ۔ اس سے قوانین بنانے چاہئیں مگر میری محترمہ بہن بیگم شاہنواز کی طرح نئی روشنی والی عورتوں کو یہی ڈر ہوگا کہ کہیں اسلامی قانون نافذ ہو گیا تو انکی شامت آ جائیگی ۔ ان پر کئی پابندیاں عاید ہو جائینگی ۔ یہ خود شرع سے گبھرا گئی ہیں ۔ ہمیں تشکیل آئین اور دستور سازی کیلئے کسی انگریز یا امریکی کی محتاجی نہیں ہے ۔ مجھے معاف فرمایا جائے اگر میں کہوں کہ میری معزز بہن کو انگریز کا یہی اندھا دھند قانون پسند ہے ۔ لیکن اگر اسلامی قانون کے ماتحت عوام کی روٹی اور کپڑے کا انتظام کر دیا جائے ۔ ان کی بیماریوں کے علاج کیلئے مکمل تدابیر اختیار کی جائیں ۔ تعلیم کیلئے کافی اسکول اور کالج کھولے جائیں تو کام بن سکتا ہے ۔ ہمیں اپنے آپ میں اسلامی روح پھونکنی چاہئے ۔ مگر ہمارے بر سر اقتدار لوگ انگریزی قوانین کی تقلید کرتے ہیں ۔ صدر انجمن ! ہماری معزز بہن کو معلوم ہونا چاہئے کہ دستور سازی پر ہمارا روپیہ ضائع کیا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker : The speech should be strictly limited to the subject matter of the resolution.

باجی رشیدہ لطیف— میری معزز بہن بیگم شاہنواز

Mr. Speaker : I have told you that you cannot refer to her person.

باجی رشیدہ لطیف—یہ ریزولیشن محض پبلک کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کے لئے پیش کیا جا رہا ہے ۔ اور اگر صدر محترم معاف فرمائیں تو میں کہونگی کہ یہ ایک قسم کی ۴۲۰ ہے جو ہمارے ساتھ کی جا رہی ہے ۔

Mr. Speaker : Withdraw these words.

Baji Rashida Latif : I withdraw these words.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order, Sir, 420 is a clause in an act passed by the Central legislature. Is a reference to that section unparliamentary ?

Mr. Speaker : The point of order is over-ruled. It is frivolous.

باجی رشیدہ لطیف— جناب والا ۔ میں اسلامی قوانین کے سلسلے میں حضرت عمر فاروق کی مثال پیش کرونگی جو کہ رات کے وقت شہر کی گشت لگاتے تھے تا کہ رعایا کے صحیح حالات اور پبلک کی رائے معلوم کریں اور پھر اپنے نظم و نسق کی اصلاح کر سکیں ۔

Mr. Speaker : Administration of law is different from law-making.

باجی رشیدہ لطیف— جناب والا میں محض مثال پیش کر رہی ہوں کہ ہماری حالت کیا ہے اور ہمارے خلیفہ عمر . . . .

Mr. Speaker : I am not going to allow this.

باجی رشیدہ لطیف - جناب والا بیگم شاہنواز کی طرف سے یہ ریزولیشن محض ایک eye wash کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker : I have told the hon'ble lady member that she cannot refer to the actions or in-actions of the mover.

باجی رشیدہ لطیف — جناب والا ۔ انہوں نے کوئی وجہ نہیں بتائی کہ انہوں نے ۵ سال تک سنٹرل اسمبلی میں کیوں کوئی آواز بلند نہ کی اور انہوں نے آئین سازی میں اتنی دیر ہو جانے کے باوجود وہاں کیوں protest نہ کیا ؟

Mr. Speaker : That again is irrelevant.

باجی رشیدہ لطیف— در اصل مسلم لیگ حکومت یہی چاہتی ہے کہ اسلامی قانون نہ بنایا جائے ۔

(آپوزیشن کے نعرہ ہائے تحسین)

اسی لئے تو دستور سازی کا سارا معاملہ کھٹائی میں پڑا ہوا ہے ۔

Mr. Speaker : I have said that it is irrelevant and I am not going to allow it.

باجی رشیدہ لطیف— معلوم ہوتا ہے کہ میری معزز بہن بیگم شاہنواز بھی اسی پالیسی کے حق میں ہیں کہ انگریزی قانون ہی پاکستان میں رائج رہے ۔

Mr. Speaker : That is unnecessary and irrelevant again.

آپ صاف طور پر بتائیں کہ آیا آپ ریزولیشن کے خلاف ہیں یا اس کے حق میں ہیں ۔

باجی رشیدہ لطیف — جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ اگرچہ میں اس ریزولیشن کی تائید کرتی ہوں مگر تائید کے ساتھ ہی کہونگی کہ اگر انکی وہاں سنی نہیں جاتی تو انہیں چاہئیے کہ وہ استعفیٰ دیکر آ جائیں ۔

میاں عبدالباری (لائلپور ۔ نمبر ۷ ۔ مسلم)— جناب صدر ! کسی ملک کی اور کسی قوم کی آزادی کا انحصار اس آئین پر موقوف ہے جو اس ملک میں رائج ہو ۔ جناب والا ! اس مقتدر ایوان کے آنریبل ممبر یہ خوب جانتے ہیں کہ کسی ملک کا ایک نام رکھ دینے سے چاہے وہ کیسا ہی محبوب اور پیارا نام ہو وہ ملک آزاد نہیں ہو جاتا اور ایک ملک میں کسی خاص قومیت اور کسی خاص مذہب کے حکمران مقرر کر دینے سے آزادی حاصل نہیں ہو جاتی بلکہ اصل آزادی کے ابتدائی اور انتہائی درجے کا انحصار صرف

ایک چیز پر موقوف ہے جو میں نے پہلے عرض کی ہے کہ اس ملک کا آئین کس طرح کا ہے ۔ جناب والا مرکزی حکومت پاکستان کا فریضہ اول بحیثیت امین ہونیکے کیونکہ وہ کسی انتخاب سے اس مرکزی آئین ساز اسمبلی میں نہیں گئے بلکہ قوم نے ان کو بحیثیت امین اس مرکزی اسمبلی میں بھیجا ہے اور وہاں انہوں نے ایک مرکزی حکومت کی تشکیل کی ہے اس کم سے کم عرصے کیلئے جس میں وہ اپنا فریضہ اول ادا کرتے یعنی پاکستان کو آئین بنا کر دیتے ۔ جس پر پاکستان کی آزادی کا انحصار ہے ۔ جناب والا اگر کوئی شخص ۔ کوئی جماعت یا کوئی لیڈر کسی سٹیج پر کھڑا ہو کر قوم کو یہ دھوکا دے کہ اس ملک کو آزادی مل چکی ہے تو میں ببانگ دہل کہتا ہوں اور ایوان کے مقتدر ممبران کے سامنے کھڑا ہو کر کہتا ہوں کہ وہ قوم کو دھوکا دے رہا ہے ملت کو دھوکا دے رہا ہے اپنے نفس کو دھوکا دے رہا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگرچہ ایک قوم یہاں سے چلی گئی ہے جس کا نام انگریز ہے لیکن اس ملک پر وہی آئین اور وہی قانون آج پانچ سال کے بعد بھی نافذ ہے جو انگریز کے وقت میں نافذ تھا اور وہ آئین جس کے متعلق قوم کے مقتدر لیڈروں نے وعدہ کیا تھا آج تک تیار نہیں ہو سکا ۔ جناب عالی ۱۹۴۰ء میں جب لاہور میں مسلم لیگ کا اجلاس قائد اعظم کی قیادت میں منعقد ہوا تو اس میں پاکستان کا ریزولیوشن منظور کیا گیا اس ریزولیوشن میں یہ مذکور ہے کہ ملت اسلامیہ کو آپ کا آئین یعنی ۱۹۳۵ء کا قانون جسکی بنا پر یہاں حکومت چل رہی ہے منظور نہیں ہے اسلئے ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ہم کو پاکستان دیاجائے لیکن آج ہم دیکھتے ہیں کہ پانچ سال گذرنے کے بعد بھی وہی قانون نافذ ہے ۔ خدا جانے مرکز کے رہنما اور کتنا وقت گذارنا چاہتے ہیں کب تک نیا آئین نہیں دینا چاہتے اور ہمیں اس غلامی میں جکڑے رکھنا چاہتے ہیں جس میں ہم انگریز کے زمانے میں تھے ۔ انگریز کے وقت کے جو شکنجے تھے وہ ان سے بھی بڑے شکنجے بنا کر سینٹی ایکٹ ایسے بد تر قانون نافذ کرنا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ! اس ریزولیوشن کی تائید کیلئے میں آج مجبورا کھڑا ہوا ہوں ۔ اسلئے کہ اس ریزولیوشن کی تائید کے سوا اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا ۔ ہم لوگوں نے اس طرف بیٹھنے والوں نے اس ضمن میں جو ریزولیوشن بھیجے ، اتفاق کی بات ہے کہ وہ بیلٹ میں نہیں آئے ۔ اور اس دفعہ تو یہ کیفیت ہوئی کہ جس دن اس میں نشان لگائے تھے اس دن کے بعد ہمیں نوٹس ملا یعنی نشان لگ چکنے کے بعد ۔ لیکن ہے سیکرٹری صاحب نے خود لگا دئے ہوں ۔

بہر صورت ہمارے ریزولیوشن کا اس ریزولیوشن سے کچھ اختلاف تھا اس میں لازمی شرط یہ تھی -

Mr. Speaker : They are not before us. No reference should be made to them.

Mian Abdul Bari : No reference even ?

Mr. Speaker : The rule says "strictly limited to the subject".

میاں عبدالباری — میں اسکے متعلق یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چونکہ ہماری چیز موجود نہیں ہے اسلئے ہم اسی کی تائید کیلئے مجبور ہیں لیکن اس کے متعلق ہماری تشخیص یہ ہے کہ ہمارے مرکزی حکمران ان ریزولیوشنز Resolutions کو جو انفرادی طریق پر تجویز کئے جائیں - شاید در خور اعتنا نہ سمجھیں ہم جو مطالبہ کر رہے ہیں اسکو بر وقت پورا نہ کریں - اسلئے ان ریزولیوشنز Resolutions کی وہی کیفیت ہو کر نہ رہ جائے جسکے متعلق مولانا ظفر علیخان نے فرمایا ہے -

ریزولیوشن بد دعا کر دو پاس کہ اٹلی کی توپوں میں کیڑے پڑیں

مجھے یہ نظر آرہا ہے اور جناب والا اسی لئے ہم ان بنچوں پر بیٹھے ہیں اور آن بنچوں پر نہیں بیٹھے اور اس جماعت کو چھوڑا ہے جو خدا شاہد ہے ہم کو اسی قدر محبوب تھی جتنی کہ انکو ہے - اسلئے کہ ان کے حکمرانوں کے ارادے . . . . . .

Mr. Speaker : That is irrelevant.

Mian Abdul Bari : I am talking about the resolution.

Mr. Speaker : You are talking about the parties. No reference to that side or this side is necessary.

میاں عبدالباری — جناب والا -

Mr. Abdul Waheed Khan : On a point of order, Sir,. In the matter of constitution the Central Government does not come in. Every member is a member of the Constituent Assembly.

Mr. Speaker: I agree. Central Government as such cannot come under discussion.

Mian Abdul Bari : That is one and the same thing.

Mr. Speaker : That is not one and the same thing.

میاں عبدالباری—جناب والا - جو چیز میں بیان کرنے لگا ہوں - آنریبل عبدالوحید صاحب نے اسکی تصدیق کی ہے - یہ چیز تشخیص ہے کہ اس قسم کے ریزولیوشن جو انفرادی طریق پر پیش کئے جائیں - جن کے لئے جماعت کا حوصلہ نہ پڑے کہ وہ بحیثیت جماعت کے پیش کر سکیں - ایک فرد پیش کر دے - ممکن ہے ان لوگوں نے خاص کر جنہوں نے پانچ سال تک آئین نہ دینے کے بعد اب یہ پروگرام بنا لیا ہے کہ چند صوبوں میں انتخاب ۱۹۳۵ء کے ایکٹ کے تحت کرا دیا ہے - اور اس طرح چار پانچ سال

تک اور ان کو اقتدار حاصل رهیگا ۔ اسکے بعد دیکھا جائیگا ۔ اسوقت تک سارا ملک مغلوب هو جائیگا ۔ در اصل لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے ۔

اس قسم کے انفرادی ریزولیوشن ان کو ٹھیک نہیں کر سکتے جب تک یہ ذریعہ عوام کے مقتدر بزرگ حاصل نہ کریں اور اس چیز کا احساس نہ کریں اسوقت تک شاید اس سے وہ چیز حاصل نہ کر سکیں جو چیز میری بہن طلب کر رهی هے لیکن چونکہ یہ ریزولیوشن خوش قسمتی سے آ گیا هے اور ایک Legislator کی طرف سے هے ۔ اس لئے اس کا لازمی طور پر کچھ نہ کچھ اثر ضرور هوگا ۔ اسکی مخالفت کرنیکے معنی کچھ نہیں ۔ اسلئے میں اسکی تائید کرتا هوں ۔ جناب والا ۔ اس تائید کے ساتھ میں یہ عرض کرنا چاهتا هوں اور Constituent Assembly پر یہ چیز واضح کرنا چاهتا هوں کہ وہ مقتدر راهنمایان ۔ صاحب اقتدار شخصیتیں جو اب اسوقت صاحب اقتدار هیں ۔ چونکہ کوئی ایسی جماعت نہیں کوئی ایسا فرد نہیں ۔ ان کو یاد کرانا چاهتا هوں کہ همنے ۱۰ سال تک ملت اسلامی کے ساتھ یہ وعدہ کیا تھا کہ هم آئین اسلامی بنائینگے ۔ یہاں قرآن پاک کا قانون هوگا ۔ اور وہ قانون جو احکام خدا اور رسول کے مطابق هوگا ۔ وہ جاری کیا جائیگا ۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو جس طرح میری بہن نے کہا هے ۔ انگلستان سے موزوں هو کر جو قانون همارے لئے آئیگا هم هرگز اسے قبول نہیں کرینگے وہ پاکستان کو ختم کرنیکا سامان کرینگے ۔ جب صدیوں کے بعد ایسی مملکت حاصل کی هے ۔ لسان کی بنیاد پر نہیں ۔ قوموں کی بنیاد پر نہیں ۔ صوبوں کی بنیاد پر نہیں ۔ بلکہ مذهب کی بنا پر ۔ بجائے اسکے کہ provincial تعصب جو اس صوبہ میں موجود هے اور جو دوسرے اختلافات ایک جگہ والوں کو دوسری جگہ والوں کے ساتھ هیں انہیں دور کریں ۔ هم اسکی طرف کوئی توجہ نہیں دیتے۔ هم نے اسلام کے نام پر صدیوں کے بعد سلطنت بنائی هے اگر اب بھی کچھ لوگ کسی بنا پر اسکی مخالفت کرینگے تو وہ پاکستان کے ساتھ دشمنی کرینگے ۔ اور یہ ملک ٹکڑے ٹکڑے هو جائیگا ۔ اسلئے هماری درخواست هے کہ وہ اپنا وعدہ پورا کریں ۔ تیسری چیز جو میں بعد ازاں عرض کرنا چاهتا هوں ۔ وہ یہ هے کہ هندوستان آئین بنا چکا هے جب هم نے یہ کہا کہ آپ بھی جلدی بنائیں ۔ آپ کے تو ابھی تک ریزولیشن هی پاس نہیں هوتے ۔ تو اس کے لئے جواب یہ ملا ۔ کہ جناب پاکستان ابھی بچہ هے ۔ کام زیادہ تھا ۔ فراغت کم تھی ۔ میں ان لوگوں کو یہ یاد کرانا چاهتا هوں ۔ کہ وہ هندوستان بھی تو ایک بچہ هے جس نے اپنا آئین بنا لیا هے ۔ تعجب هے کہ هم اب تک کیوں نہیں بنا سکے ۔

مولانا داؤد غزنوی — (لاہور - ہ- مسلم مخصوص نشست) — جناب والا - جو تجویز محترمہ خاتون کی طرف سے پیش ہوئی ہے - اس تجویز کو پیش کرنے پر میں ان کو مبارکباد عرض کرتا ہوں اور اس تجویز کی تائید کرتا ہوں اور جو تقریر محترم ممبر عبدالوحید صاحب نے کی ہے اس تقریر میں دستور ساز اسمبلی کے کاروبار کے عرصہ کو جسطرح تحلیل و تجزیہ کر کے بیان کیا ہے - میں اسپر بھی انہیں مبارکباد عرض کرتا ہوں -

(نعرہ ہائے تحسین)

میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی معقول تجویز سرکاری بنچوں کی طرفسے ہو تو اسکی مخالفت اسلئے نہ کی جائے کہ وہ سرکاری بنچوں کی طرف سے ہے - اگر ایسا کیا جائے - تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم میں ایک ایسی عصبیت ہے جس کے لئے رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے -

لا عصبیتہ فی الا سلام

اسلام نے عصبیت کی اجازت نہیں دی - اسلئے جو معقول اور جائز بات ہو - میں اسکی تائید کرونگا- چنانچہ اب میں اس ریزولیوشن کی تائید کے لئے کھڑا ہوا ہوں - اس تجویز کے پیش کرنے پر محترمہ خاتون کو مبارکباد پیش کرتا ہوں - جناب والا وہ تمام حضرات جن کو اسلام کے صدر اول کی تاریخ کے مطالعہ کا شرف حاصل ہے وہ جانتے ہیں کہ رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم اور ان کے خلفاء راشدین نے کبھی بھی کسی دوسری قوم یا ملک کے قانون کی رہنمائی قبول نہیں کی - جسوقت اسلام دنیا میں ظہور پذیر ہوا اسوقت دنیا میں دو بڑی سلطنتیں تھیں - قیصر اور کسریٰ کی - ان کے پاس آئین تھا - ان کا دستور تھا اور یہ اسوقت کی ترقی یافتہ سلطنتیں سمجھی جاتی تھیں - لیکن یہ اسلام کو ہی فخر حاصل ہے کہ اسلام نے کبھی کسی حکومت کے آئین اور اس کا دستور طلب کر کے اس سے رہنمائی حاصل نہیں کی - بلکہ خود اس کو دستور بخشا ہے - رسول اکرم صل اللہ علیہ وسلم نے ایک عادلانہ نظام حکومت کے اصول بتائے اور خلفائے کرام نے اسکی تشریح کرکے اسکی تکمیل کی - یہ قانون آج بھی دنیا کے بڑے بڑے ہائی کورٹ اور بڑی بڑی عدالتوں اور مجلسوں کے لئے راہنمائی کا کام دے رہا ہے- اسلئے یہ نہ صرف انتہائی شرم کا مقام ہے- بلکہ آزاد ہونیکے بعد اپنے آپ کو یہ کہہ کر کہ ہم آزاد ہیں اور ایک اسلامی حکومت کے علمبردار ہیں اور یہی زیادہ افسوسناک امر ہے کہ ہم تو پانچ سال گذرنے کے بعد بھی آج اسی جگہ پر ہیں - جہاں پہلے تھے اور ایک بدیشی حکومت اور اجنبی حکومت جسکو

ہم نے ملک کا دشمن قرار دیا ہے اسکے قانون کے ماتحت زندگی بسر کر رہے ہیں - وہ حضرات جو دستور ساز اسمبلی کو چلا رہے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ سنٹرل گورنمنٹ کے جو لوگ ہیں - وہی دستور ساز اسمبلی کے لوگ ہیں ان میں ایک باریک سا پردہ ہے اگر اسے ہٹا دیں تو معلوم ہوگا کہ وہی پارٹی ہے جو سنٹرل گورنمنٹ کو چلا رہی ہے - اور اسمبلی کو بھی چلا رہی ہے - میرے فاضل دوست نے جب دستور ساز اسمبلی کا ذکر کیا اور اسکی کیفیت کو analyse کیا تو میرے خیال میں وہی بتا سکتے ہیں کہ کونسی طاقت ہے جو نئے دستور کے اجرا کو التوا میں پھینک رہی ہے - اور اس معاملہ میں بخواہ مخواہ ہیر پھیر کر رہی ہے -

Mr. Speaker : I will not allow this discussion.

Mian Abdul Bari : Who is responsible for that.

Mr. Speaker : Order, Order.

مولانا داود غزنوی - بہر حال ہمیں اسوقت جو چیز زیر بحث لانی چاہئیے وہ یہ ہے کہ اس ایوان کی رائے میں دستور ساز اسمبلی کے کاروبار میں جو تعویق اور التوا پر التوا ہو رہا ہے یہ ہاؤس اس کارروائی پر ناپسندیدگی کا اظہار کرتا ہے اور اس سے مطالبہ کرتا ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو وہ اس ملک کا آئین دستور ساز اسمبلی کے ذریعہ جلد از جلد لائے تاکہ ہمیں یہ مسرت حاصل ہو کہ ہم ایک آزاد قوم کی حیثیت سے اپنی زندگی اس کے مطابق بسر کر سکیں - میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ہماری حکومت اس قسم کے آرڈینینس جاری کر سکتی ہے کہ جس سے ہم مشرقی کو گرفتار کر سکیں - جس سے ہم مودودی کو گرفتار کر سکیں لیکن ہم اس قسم کا کوئی آرڈینینس نافذ نہیں کر سکتے کہ جس سے زناکاری بند ہو سکتی ہو یا جس سے شراب خوری بند ہو سکتی ہو یا جس سے جوئے بازی بند ہو سکتی ہو - ان کی بندش کے لئے ہمارے پاس کوئی آرڈینینس نہیں چند اشخاص کو گرفتار کرنے اور ان کو محبوس رکھنے کے لئے ہمارے پاس آرڈینینس موجود ہے - اس کے نتیجہ کے طور پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے - کہ آیا فی‌الواقع ہم اس ملک کی ضرورت کو محسوس کرتے ہیں - اگر ہم صحیح طور پر اس ملک کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوں اور جیسا کہ میں عرض کرتا ہوں کہ شاید ہی کوئی اخبار ایسا ہوگا - شائد ہی کوئی جماعت ایسی ہوگی اور شائد ہی کوئی مقتدر سے مقتدر لیڈر یا چھوٹے سے چھوٹا کوئی رکن ہوگا کہ جس نے یہ مطالبہ نہ کیا ہو لیکن اس قدر متفقہ اور اس قدر عظیم الشان مطالبہ کے ساتھ اتنی عظیم الشان بے اعتنائی برتی جائے کہ جسکی نظیر کہیں نہیں ملتی - جناب والا - مجھے یہ عرض کرنیکی اجازت دیجئیے اور مجھے نہایت افسوس

کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس ملک کا آئین تیار کرنے کے لئے اس قوم کی طرف سے غفلت ہو رہی ہے کہ جس کے لیڈر یہ کہتے کبھی نہیں تھکتے کہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے (ایک آواز - اکمل ضابطہ حیات ہے)- میں اس ترمیم کو قبول کرتا ہوں - آج کتنے افسوس کا مقام ہے کہ وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ اسلام ایک کامل - مکمل اور اکمل ضابطہ حیات ہے وہ پانچ برس تک اس قابل نہیں ہوئے کہ وہ ایک بہتر دستور حکومت مرتب کر کے دستور ساز اسمبلی کے سامنے پیش کرسکیں - اسکا مطلب سوائے دو باتوں کے اور کچھ نہیں یعنی یہ کہ یا تو ان کا یہ دعویٰ غلط ہے یا یہ دل سے نہیں اٹھتا - یہ دعویٰ ان کی زبان پر تو ہے لیکن دل کے اندر بالکل نہیں - مجھے اجازت دیجئے کہ میں صوفی صاحب سے معذرت کے ساتھ فیضی کا ایک شعر عرض کروں -

نیم آخر ازاں آلودہ صوفان
جگر بے آب لب بر موج طوفان

ایک طرف ہمارا کہنا کہ اسلام ایک مکمل اور اکمل نظام حیات ہے اور دوسری طرف یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ پانچ برس گذرنے کے بعد بھی ہم اس قابل نہیں ہوئے کہ ایک اسلامی آئین بنا کر قوم کے سامنے پیش کریں اور اپنی بے بسی کا اعتراف کریں اسطرح کریں کہ لندن سے ایک قانون دان انگریز کو بلائیں اور اس سے یہ کہیں کہ اسلام ہے تو ایک نظام حیات لیکن ہم کو یہ علم نہیں اس لئے خدا کے لئے آپ اس کو مکمل کر دیجئے - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ افسوسناک اور شرمناک بات ہمارے لئے کوئی نہیں - بنا بریں جو تجویز محترم خاتون نے پیش کی ہے میں اسکی تائید کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ اگر اس ہاؤس نے اس تجویز کو متفقہ طور پر پاس کیا تو اس کا ضرور اثر ہوگا ممکن ہے کہ اس اثر سے ہم یوں مستفید ہوں کہ آئین جلد از جلد تیار ہو جائے -

Begum J. A. Shahnawaz : Sir, The question be now put.

Mr. Speaker : The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

بیگم جہاں آرا شاہنواز — صدر محترم میں نے اس closure پر اس لئے زور دیا ہے کہ دوران بحث میں بعض نہایت اہم مسائل لائے گئے ہیں جو کاش اس ریزولیوشن میں نہ آتے - مگر پیشتر اس کے کہ میں ان کی بابت ذکر کروں میں اس معزز ایوان کے ڈپٹی لیڈر مخالف پارٹی - خاتون ممبر اور دوسرے independent ممبران کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں کہ

انہوں نے اس ریزولیوشن کی تائید کر کے میری اس آرزو کو پورا کر دیا ہے جس کے لئے میں ایوان کے سامنے یہ ریزولیوشن لائی تھی جو بالاتفاق رائے پاس ہو ۔ صدر محترم میرے بھائی عبدالوحید خان صاحب نے اپنی قابل اور دور رس تقریر میں ایک بنیادی اصول کا ذکر کیا ہے جس کے متعلق مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ کی وساطت سے ایوان میں جو غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے اسے دور کرنیکی کوشش کروں ۔ Objectives Resolution میں جسوقت قوم نے یہ بات مان لی کہ سلطنت اور زمین غرضیکہ جو کچھ پاکستان میں ہے وہ خدا تعالے کی ملکیت ہے تو اس کے ساتھ ساتھ میں ان کی توجہ ان الفاظ کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں اس میں یہ بھی درج تھا کہ وہ sovereignty جو اللہ تعالے کی طرف سے دی گئی ہے ۔ It is to be exercised through the people of Pakistan میں امید کرتی ہوں کہ آپ کو Objectives Resolation کے یہ الفاظ یاد ہونگے یعنی وہ sovereignty اللہ تعالے کی طرف سے ان لوگوں کو تفویض ہوئی ہے جو کہ اس وقت پاکستان کے رہنے والے ہیں اس چیز کو یاد رکھئے کہ It is to be exercised through the people of Pakistan یہ ہیں آپ کے Objectives Resolution کے الفاظ ۔

دوسری بات جو میرے محترم بزرگ نے فرمائی اور میں اسوقت ایوان کے تمام آنریبل ممبران سے دست بستہ عرض کرتی ہوں کہ یہ باتیں جو میں اسوقت کہنے والی ہوں یہ بہت اہم باتیں ہیں اسلئے وہ میرے ایک ایک لفظ پر غور کریں وہ یہ تھی کہ آئین کیا شے ہے ۔ آئین کیا شے ہے ۔ جسکے متعلق آج ہمارے ملک میں اتنا شور و غوغا ہو رہا ہے ۔ ہماری یہ بد قسمتی ہے کہ ہمارے بزرگان اور خصوصاً بزرگان دین اس بات پر غور نہیں کرتے کہ آئین کیا چیز ہے ۔ اسلامی یا غیر اسلامی آئین کا کوئی سوال اٹھتا ہی نہیں کیونکہ آئین وہ عمارت ہے جسمیں بیٹھکر بالغ کے ووٹ سے منتخب شدہ نمائندے وہ قوانین وضع کرینگے۔ جو کہ شریعت اسلامی کے مطابق ہوں ۔ آیا وہ عمارت دو منزلہ ہو یا مسجد نبوی کی طرح ہو یا اور کسی قسم کی ہو اسکے متعلق جہاں تک اسلام کا تعلق ہے اس نے کہیں ہمیں کچھ نہیں بتایا کہ ایسی عمارت کھڑی کرو اور ایسی کھڑی کرو ۔ ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ ہمارے بزرگان دین اور ہمارے ممبر اس بات پر غور و خوض نہیں کرتے کہ آئین تو صرف ایک عمارت کی تعمیر ہے ۔ میں عرض کرتی ہوں کہ جسوقت Objectives Resolution میں آپ نے یہ بات مان لی کہ جو اسلام کا بنیادی اصول ہے کہ سلطنت زمین اور جو کچھ ہے وہ اللہ تعالے کا ہے اور جو اسنے انسان کو اپنا نائب بنا کر تفویض کیا ہے تو

اعتراض کس بات پر ہے ۔ اسلام کا بنیادی اصول یہ ہے کہ بالغوں کے ووٹ سے جو نمائندے منتخب ہو کر جائیں وہ قوانین بنانے کیلئے اس عمارت میں بیٹھیں ۔ آیا وہ اسی قسم کی عمارت ہو جس میں ہم اسوقت بیٹھے ہیں یا وہ صرف ایک میدان ہو جس میں کھڑے ہو کر یا اس پر بیٹھ کر کام کیا جائے ۔ یہ تو حالات حاضرہ کو مد نظر رکھ کر طے ہونا چاہئے جہانتک اسلام کے اکمل نظام حیات ہونیکا تعلق ہے اسکے لئے بہت سے قوانین پاس کرنیکی ضرورت ہے ۔ محترم صدر صاحب ۔ میں اپنی قوم کے ہر فرد سے دست بستہ عرض کرتی ہوں کہ میرا اپنا عقیدہ یہ ہے کہ اسلام ایک اکمل نظام حیات ہے اور اسکے مطابق قوانین بنانا آپکے ہاتھ میں ہوگا ۔ آپکو اللہ تعالےٰ نے اپنا نائب چنا ہے ۔ آپ جا کر ان عمارات میں بیٹھینگے اور اس اکمل نظام حیات کے مطابق قوانین بنائینگے ۔

خان عبدالستار خان نیازی — On a point of information, Sir. پوائنٹ آف انفرمیشن یہ ہے کہ انسان خدا کا نائب تکوینی حیثیت سے ہے تشریعی حیثیت سے نہیں تشریعی حیثیت سے محمد الرسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) خدا کے نائب ہیں اور جو انکے سامنے سر تسلیم خم نہ کرے وہ خدا کا نائب نہیں ہو سکتا ۔

جہاں آرا بیگم شاہنواز — میں انکے ساتھ مکمل طور پر اتفاق کرتی ہوں میں آپکو سچ بتاتی ہوں کہ جہاں تک عورتوں کے حقوق کا تعلق ہے ہمیں شرع محمدی کے سوائے اور کوئی نئی چیز نہیں چاہئے ۔اور جہاں تک اکمل نظام حیات کا تعلق ہے ہمیں ما سوائے شریعت اسلامیہ کے اور کچھ نہیں چاہئے ۔ میں یہ عرض کر رہی تھی کہ جس عمارت میں آئین کے تحت قوانین وضع ہونگے وہ کیسی ہو ۔ اس وقت ہمارے سامنے تمام دنیا کے آئین ہیں ۔ ہمیں یہ موقع حاصل ہے کہ ہم ان تمام آئینوں کو دیکھنے کے بعد — حالات حاضرہ کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنا آئین تیار کریں جس کے ماتحت اس اکمل نظام حیات کے مطابق جو ہمیں دیا گیا ہے قوانین وضع ہو سکیں ۔ مثلاً اس وقت پاکستان میں جو کہ ایک اسلامی سلطنت ہے حالات ایسے ہیں کہ یہاں بمشکل دو فیصدی عورتیں تعلیم یافتہ ہیں یا الف بے کی شد بد رکھتی ہیں ۔ اور دس یا پندرہ فیصدی مرد سارے پاکستان میں خواندہ ہیں ۔ کیا یہ ہمارے لئے بہتر نہ ہوگا کہ ہم مرکز میں قوانین وضع کرنیکے لئے ایک کی بجائے دو منزلہ عمارتیں بنائیں ۔ تاکہ اگر عوام کے نمائندے پہلے ہاؤس میں جو چار پانچ سو نمائندوں پر مشتمل ہوگا کوئی ایسا قانون وضع کریں جو اسلام کے خلاف ہو یا ایسا ہو جسے frivolous legislation

کہتے ھیں تو اسکے اوپر ایک اور ھاؤس بیٹھا ھو جو اسکی تصحیح کر سکے ۔

مولانا داؤد غزنوی— جناب والا ۔ وہ جن تفصیلات میں جا رھی ھیں انکا زیر بحث قرار داد سے کیا تعلق ھے ؟

جہاں آرا بیگم شاھنواز— میں جواب دینے میں سب کچھ کہہ سکتی ھوں ۔

Mr. Speaker : It is irrelevant and need not be answered.

جہاں آرا بیگم شاھنواز— بہر حال میرے پاس ان تفصیلات میں جانے کیلئے وقت بھی نہیں ۔ جناب والا تین چار ممبران یہ کہہ چکے ھیں کہ انگریز ڈرافٹنگ کرنیوالے کی کیا ضرورت ھے کیا میں اپنی جوابی تقریر میں اس اعتراض کا جواب نہیں دے سکتی ؟ اسکے بعد جناب والا میں ایک لفظ میں اس بات کا جواب دینا چاھتی ھوں جو میری بہن نے میرے person کے متعلق فرمائی تھی ۔ جناب والا آپ یہ دریافت فرما سکتے ھیں کہ پنجاب کے جس ممبر نے سب سے زیادہ مجلس دستور ساز کے اجلاسوں میں شمولیت کی ھے وہ میں ھوں ۔ اسوقت میرے پاؤں میں زنجیر پڑی ھوئی ھے اور میرے لبوں پر مہر سکوت لگ رھی ھے جسکی وجہ سے میں انکی اس بات کا جواب نہیں دے سکتی ۔ کہ گزشتہ سال میں کیوں زیادہ اجلاس میں شریک نہیں ھو سکی ۔ صدر محترم میں یہ سمجھتی ھوں کہ ایک آئین بنانے میں بہترین دماغ کے لوگوں کے بھی ایک یا دو سال لگ جانے ضروری تھے ۔ اس میں کوئی بات نہ تھی اگر ھمارے اڑھائی یا تین سال لگ جاتے ۔ ھندوستان کو بھی اپنا آئین بنانے میں تین سال لگ گئے تھے ۔ مگر اب وہ وقت آ گیا ھے کہ آئین کی فوری تشکیل کی جائے ۔ کیونکہ اب تقریباً تمام معاملات حل ھو چکے ھیں صرف کچھ صوبجاتی کشمکش باقی ھے کہ کس صوبہ کے کتنے ممبران ھوں ۔ اسی لئے میں نے آج اس معزز ایوان میں یہ قرار داد پیش کی تھی جو آج متفقہ طور پر پاس ھو کر گورنمنٹ کی وساطت سے جا رھی ھے ۔

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order. The honourable member said that this resolution is going from the side of the Government. Is it from the House or from the Government ?

Sh. Muhammad Saeed : Going from the House.

جہاں آرا بیگم شاھنواز— صدر محترم — کاش میرے بھائی کو معلوم ھوتا کہ پرائیویٹ ممبرز ڈے کیا چیز ھوتا ھے ۔ مجھے پورا یقین ھے کہ جب ھم اس ریزولیوشن کو جسکی تمام پارٹیوں نے نہایت شد و مد سے حمایت کی ھے آپکی وساطت سے مرکزی حکومت کو بھیجینگے تو مرکزی حکومت کو اس پر فی الفور غور کرنا ھوگا ۔ انشاء اللہ تعالے وہ اسکو قبول

کریگی - ان چند الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کو ایوان کے سامنے پیش کرتی ہوں -

Mr. Speaker : The question is—

This Assembly recommends to the Government to convey to the Honourable President of the Constituent Assembly of Pakistan the immediate necessity of completing the task of constitution-making without the least possible delay.

The motion was carried.

UNANI SYSTEM OF MEDICINE

میاں منظور حسن — (گوجرانوالہ نمبر ۱ مسلم) — جناب والا میں حسب ذیل قرار داد پیش کرتا ہوں -

کہ یہ اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ صوبہ میں طب یونانی کی سر پرستی کرے اور فی الفور کم از کم پانچ صد یونانی شفاخانے قائم کرے - نیز ایلو پیتھک طب کی اردو میں تعلیم و تدریس کیلئے ایک تربیت گاہ قائم کرے -

جناب والا - اس صوبہ میں حکومت کی طرف سے جس قسم کی طبی امداد بہم پہنچائی جا رہی ہے وہ ایلو پیتھی پر مشتمل ہے اور وہ بھی صرف شہروں اور بڑے بڑے قصبات تک محدود ہے - یہ طبی امداد شہری آبادی کیلئے بھی کفیل نہیں - کیونکہ ڈاکٹر ناپید ہیں اور ادویات نایاب - بہت سے قصبات میں اس وقت ڈاکٹروں کے نہ ملنے کی وجہ سے شفاخانوں میں ڈسپنسرز متعین ہیں کہ وہ کام چلاتے جائیں - کئی ایک بڑے بڑے اہم قصبات میں بھی ڈاکٹر دستیاب نہیں ہوتے - چنانچہ آپ یہ سن کر تعجب فرمائینگے کہ اس وقت وزیر آباد جیسے بڑے قصبہ میں کوئی ڈاکٹر نہیں - اور وہاں ایک بہت بڑی ڈسپنسری بغیر ڈاکٹر کے چل رہی ہے اور جسطرح وہ چل رہی ہے آپ بخوبی سمجھ سکتے ہیں- جناب میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہماری عام آبادی کیلئے جو دیہات میں بستی ہے کوئی ایسا طبی انتظام نہیں ہے جس سے انکی صحت کا خیال رکھا جا سکے - ہمارے محکمہ ہیلتھ کے ایک سابق ڈائرکٹر کی رپورٹ کے مطابق اس صوبہ میں تقریباً ساڑھے تین لاکھ افراد ایسے ہیں جو طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے اپنی جانیں جان آفرین کے سپرد کر دیتے ہیں - آپ غور فرمائیں کہ ہمارے دیہاتی عوام کس بے بسی اور لاچاری کی حالت میں زندگی بسر کر رہے ہیں - ملیریا قریباً سارا سال ہمارے صوبہ میں سرگرم عمل رہتا ہے - اسی طرح تپ دق اس صوبہ کو اپنی گرفت میں لئے ہوئے ہے - ان حالات کے ماتحت کوئی صورت ایسی نظر نہیں آتی جس سے مریضوں کو فوری طور پر طبی

سہولتیں میسر آ سکیں ۔ ایلو پیتھک جسکی ہماری گورنمنٹ سر پرستی کر رہی ہے اسکا مستقبل میں اسقدر پھیل جانیکا امکان نہیں کہ تمام دیہاتی آبادی کو اس سے استفادہ حاصل کرنیکا موقع مل سکے ۔ ڈاکٹروں کی تعلیم کے لئے پاکستان بھر میں دو یا تین کالج ہیں اور یہ کالج اتنے ڈاکٹر مہیا نہیں کر سکتے جو ملک کی ضروریات کو پورا کر سکیں ۔ اسی طرح جہانتک انگریزی ادویات کا تعلق ہے اس بات کا کوئی امکان نہیں کہ اس صوبہ میں ان کی پیداوار اسقدر بڑھ سکے کہ تمام دواخانوں کی ضروریات کو پورا کرنیکی کفیل ہو سکیں ۔ اب ہمارے سامنے صرف ایک ہی چارہ کار ہے اور وہ یہ کہ حکومت یونانی طریق علاج کی سر پرستی کرے تاکہ وہ انسان جو زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہوں انہیں آسانی سے امداد بہم پہنچائی جا سکے ۔ اس طرح نہ صرف ہمیں یونانی ادویات کے حاصل کرنے میں دقت نہیں ہوگی بلکہ ہم اپنے طبیبوں کو بھی دیہاتوں میں یا ان مقامات پر جہاں معالجوں کی ضرورت ہو بھیج سکینگے ۔ لہذا اس چیز کی ضرورت ہے کہ حکومت یونانی طریقہ علاج کی سرپرستی کرے اور کم از کم ۵۰۰ شفاخانے مختلف مقامات پر جلد از جلد کھولنے کا انتظام کرے ۔ لیکن ساتھ ہی ہمیں یہ خیال رکھنا چاہئیے کہ ایلو پیتھک طریق علاج بھی تباہ و برباد نہ ہو جائے ۔ جو انگریز کے عہد حکومت سے ملک میں رائج ہے ۔ بلکہ ہمیں کوشش کرنی چاہئیے کہ اس طریق علاج میں بھی مزید ترقی کی جائے اور ہمیں اس طریق علاج کو زبان اردو میں پڑھانے کا بندوبست کرنا چاہئیے ۔اور ہمیں اس مقصد کیلئے درسگاہیں کھولنی چاہئیں ۔ تاکہ اردو خواندہ اصحاب بھی جو اس فن میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ آسانی سے اس تعلیم کو حاصل کر سکیں اور ملک بھر میں یہ تعلیم پھیل جائے تا کہ معالجوں کی موجودہ کمی دور ہو سکے ۔

Mr. Speaker : The resolution moved is—

> This Assembly recommends to the Government (*i*) to extend patronage to the Unani System of Medicine and immediately open at least five hundred Unani Dispensaries in the Province, (*ii*) to open a training institution for imparting instruction in the allopathic system of medicine in Urdu.

خان عبدالستار خان نیازی — (میانوالی نمبر ۲ مسلم) — جناب والا ۔ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔ یہ قرار داد جو اسوقت زیر بحث ہے یہ نہایت ہی مفید قرار داد ہے ۔ دراصل ایلو پیتھک طریق علاج جو اس وقت ہمارے ملک میں رائج ہے ۔ اگر اس کی تاریخ اور ماخذ کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ سب کا سب شیخ الرئیس بو علی سینا اور ابوبکر رازی سے انہیں حاصل ہوئی ہے ۔ تاریخ اسلامی بتاتی ہے کہ جب یورپ کے اندر تاریکی تھی اسلامی حکومتوں کے اندر علم کی شمع منور تھی ۔ اور جب

ہمارے ہاں اصول علاج کے مطابق بیماروں کی دیکھ بھال ہوتی تھی وہاں یورپ تعویذ گنڈے سے علاج کرتا تھا اور گرجاؤں میں پاگلوں کو نچا کر ان کی مرض کا علاج پوچھا جاتا تھا۔ پاکستان حاصل کرتے ہی ہمیں اس جانب توجہ مبذول کرنی چاہئے تھی ۔ علم کسی قوم کی میراث نہیں ہے ۔ علم نہ اسلامی ہے ، نہ یونانی ہے، نہ فرانسیسی ہے اور نہ پاکستانی ۔ یہ کسی کی ذاتی ملکیت نہیں ۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ دانائی کی بات مومن کی ہی گمشدہ دولت ہے اس لئے اسے بغیر ہچکچاہٹ کے قبول کر لینا چاہئے ۔ ''الحکمتہ ضالۃ المومنین،، حکمت مومن کا گم شدہ مال ہے ۔ جو قرار داد اسوقت زیر بحث ہے وہ یہ نہیں ہے کہ کس فن کو کس پر فضیلت دی جائے ۔ کیا یونانی طریق علاج افضل ہے یا ایلو پیتھک طریق علاج افضل ہے ۔ اسوقت محرک نے یہ چیز سامنے رکھدی ہے کہ یونانی طریق علاج کی سرپرستی کی جائے اور اسے عملی صورت دینے کے لئے کم از کم ۵۰۰ شفاخانے کھولے جائیں ۔ دوسرے اس اہم ضرورت کو پورا کرنیکے لئے ایلو پیتھک سسٹم کی تعلیم قومی زبان میں دی جائے اور اسے اردو زبان میں منتقل کیا جائے تاکہ اسے جو انگریزی زبان کا حجاب ہے وہ ہٹ جائے اور جن لوگوں کو اردو پر عبور حاصل ہے وہ بھی اس سے مستفید ہو سکیں ۔ تیسری چیز جو میں اس ریزولیوشن کی تائید میں پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہم محسوس کر رہے ہیں کہ یہ حد ہو گئی ہے کہ ایلو پیتھک طریق علاج کے لئے تو ادویات باہر سے آتی ہیں اور وہ ان کے بغیر بیکار ہیں لیکن بعض یونانی اطباء بھی انگریزی ادویات کا استعمال کر رہے ہیں اور خطرہ ہے کہ یہ قوم یورپی ادویات کی ایجنٹ بن کر نہ رہ جائے ۔ یورپ نے انگریزی ادویات کے لئے پاکستان کو منڈی بنایا تو ہندوستان نے دیسی ادویات کے لئے ان کو محتاج بنا دیا اور اب انکی ادویات کی کھپت پاکستان کی منڈیوں میں کی جا رہی ہے۔ حکومت کو اس جانب فوری توجہ مبذول کرنی چاہئے اندریں حالات جبکہ ہمیں قومی خزانے کا ایک ایک پیسہ بچانا ہے حکومت کا فرض ہے کہ وہ ملک کے لئے اس قسم کے وسائل و ذرائع مہیا کرے تا کہ ہم دوسروں کے محتاج نہ رہیں ۔ میں نے ایگریکلچر کے مطالبہ تخفیف زر کی تخفیف کے سلسلہ میں بھی عرض کیا تھا کہ ہمارے ملک میں جڑی بوٹیاں موجود ہیں ان سے استفادہ نہیں کیا جا رہا ۔ یہ ارکان حکومت قوم کے نوربصر جب سے پیدا ہوئے ہیں انہوں نے اس میں ایک دوا کا بھی اضافہ نہیں کیا ۔ بلکہ مربہ جات ۔ چٹنیاں ۔ اچار ۔ اور گلقند تک ہمیں ہندوستان سے منگوانی پڑتی ہے ۔ ڈاکٹر صاحبان نے بھی دوسروں کے نتائج فکر کی

دریوزہ گری کر رکھی ہے ۔ وہ آج تک یورپ کی ایجنٹی کرتے رہے ہیں ۔ ہندوستان والوں نے اس چیز کو محسوس کرتے ہوئے یہ کوشش کی ہے کہ جہانتک ہو سکے باہر سے ادویات کم منگوائی جائیں اور انہوں نے اپنے ملک میں ادویات بنانی شروع کر دی ہیں ۔ جو چیز آپ کا اپنا پیش کرے اسکی طرف آپ کا کم رجحان ہوتا ہے بمقابلہ اس چیز کے جو غیر آپ کو پیش کرتا ہے ۔ طب اور سرجری میں ہمارے علوم و معارف کے تراجم کر کے اہل یورپ نے فائدہ اٹھایا ہے ۔ بو علیٰ سینا کی القانون،، موجودہ طب کی بنیاد ہے اس کے علاوہ اور کئی علمی ذخائر ایسے تھے کہ جن سے استفادہ کر کے یورپ بام عروج پر پہنچ گیا اور ادھر ہمارا یہ حال ہے کہ اپنے بزرگوں کے کمالات سے بے خبر ہیں ۔ یہ نہایت ہی دردناک حقیقت ہے ۔اسی چیز کو علامہ اقبال نے پیش کیا ہے ۔

حکومت کا تو کیا رونا کہ وہ اک عارضی شے تھی
نہیں دنیا کے آئین مسلم سے کوئی چارہ
مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آبا کی
جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سی پارہ
غنی روز سیاہ پیر کنعاں را تماشا کن
کہ نور دیدہ اش روشن کند چشم زلیخا را

میں سمجھتا ہوں کہ استقلال ملی کے بعد ہمارا فرض منصبی ہے کہ ہم اپنے کلچر ، روایات اور طریق تمدن کی حفاظت کریں اور اپنے علوم و فنون سے سکولوں اور کالجوں کی نئی پود کو آگاہ کریں بالخصوص طب یونانی کی تعلیم کے سلسلے میں یہ بتائیں کہ غیروں کے آنے سے اس طریق علاج کی سرپرستی نہ رہی اور حکمران مغرب کا طریق علاج یہاں رائج ہو گیا ۔ ہمیں یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہئے کہ مغرب کا طریق علاج انسانی فطرت اور انسان کی طبیعت کے احساسات اور محسوسات کو مد نظر نہیں رکھتا ۔ جیسا کہ یونانی طریق علاج انہیں مد نظر رکھتا ہے ۔ اسنے طبائع اور مزاج قائم کئے ہیں ۔ جہاں ڈاکٹر صرف مرض کا علاج کرتا ہے اور حکیم مریض اور مرض دونوں کا علاج کرتا ہے علاوہ ازیں جب تک آپ کے طلبہ کو یہ معلوم نہ ہو کہ اس فن میں ان کے بزرگوں نے کیا کیا Contributions کی ہیں وہ تو یہ سمجھیں کہ شاید کہ ہمارے بزرگ بالکل جاہل تھے ۔ ان طلبہ کو بتایا جائے کہ موجودہ ڈاکٹری کی اساس ابوبکر رازی اور بو علی سینا کی فنی تحقیقات پر قائم کی گئی ہے ایسا معلوم کرنیکے بعد وہ بھی

فخر سے سر اونچا کر سکینگے ۔ان تمام چیزوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ اس ریزولیوشن کو منظور کر لینا چاہئیے ۔اور اب اس قومی حکومت کو طب یونانی کی ترویج و اشاعت کی طرف فوری توجہ مبذول کرنی چاہئیے ۔ اور صوبہ بھر میں کم از کم ۵۰۰ شفاخانے قائم کرے اور ڈاکٹری کی تعلیم اردو میں کر دے تا کہ اس سے بآسانی استفادہ کیا جا سکے میں ان الفاظ کے ساتھ اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں

مسٹر احمد سعید کرمانی— (لاہور کارپوریشن حلقہ نمبر ۵ مسلم) — جناب والا ۔ اس ریزولیوشن میں دو تین باتیں کہی گئی ہیں ۔ پہلی یہ کہ حکومت کو طب یونانی کی سرپرستی قبول کرنی چاہئیے ۔ اور دوسری بات یہ کہی گئی ہے کہ صوبے میں حکومت کم از کم ۵۰۰ یونانی دوائی خانے قائم کرے اور ساتھ ہی فاضل محرک نے اس میں یہ کہا ہے کہ اردو میں ایلو پیتھک کی تعلیم و تدریس کیلئے ایک Training Institution قائم کی جائے ۔ ریزولیوشن کے الفاظ در اصل صوبہ کی اس ضرورت کی طرف اشارہ کرتے ہیں جسکی ضرورت کی طرف فاضل محرک نے توجہ دلائی ہے ۔ یہ بات بالکل واضح ہے کہ اسوقت ہمارے صوبے میں لوگوں کو طبی امداد انکی ضروریات کے مطابق نہیں مل رہی ۔ اس لئے حکومت کو چاہئیے کہ کم از کم ایسے ذرائع اختیار کرے کہ آئندہ چند سالوں میں اس ضرورت کے بارے میں وہ خدشات اور وہ شکائتیں جو ابھی تک عوام کو ہیں انکا اعادہ نہ ہو ۔

جناب والا ۔ آپ جانتے ہیں کہ یونانی طبی علاج ہمارے صوبہ اور ہمارے ملک کے لئے اس لئے بھی مفید ہے اور پسند کیا جاتا ہے کہ یہ سستا طریق علاج ہے ۔ ہمارا ملک غریب ہے اور یہاں کے بسنے والے اس قابل نہیں کہ وہ قیمتی انگریزی ادویہ خرید کر اپنا علاج کر سکیں ۔ اس ریزولیوشن میں فاضل محرک نے نہایت دانشمندی سے کام لیتے ہوئے ایلوپیتھک طریق علاج کی اہمیت کا بھی اعتراف کیا ہے اور حکومت سے درخواست کی ہے کہ اردو میں اس طریق علاج کی تعلیم کا بندوبست کرے ۔ یعنی مطلب یہ ہے کہ دونوں طریقہائے علاج صوبے میں رائج ہونے چاہئیں ۔ ان دونوں طریقہائے علاج کو وسیع تر کرنا چاہئیے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سے مستفید ہو سکیں۔ میں لگے ہاتھوں یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ ابھی تک یونانی طبی علاج کے سلسلے میں وہ ریسرچ ورک (Research work) نہیں ہوا جو ہونا چاہئیے تھا ۔

جہاں حکومت اس طب کی سرپرستی کرے وہاں حکومت کو خیال رکھنا چاہئیے کہ وہ اسکی سرپرستی کرتے ہوئے وہ ذرائع عمل میں لائے جن سے اس میں ریسرچ ورک (Research work) ہو سکے تاکہ وقت کے تقاضوں کو پورا کیا جائے ۔ میں مانتا ہوں کہ اردو میں ایلو پیتھک کی تعلیم کا انتظام شاید حکومت جلد نہ کر سکے لیکن بہتر ہوگا کہ حکومت اس سلسلے میں کوئی نہ کوئی ٹھوس قدم اٹھائے ۔ اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے میں بہت سا وقت درکار ہے لیکن ابتدا ضرور کر دینی چاہئیے ۔

جناب والا ۔ آپکو معلوم ہوگا اور با خبر حلقے جانتے ہیں کہ ہمارے ہمسایہ ملک میں حکومت اس طریق علاج کی سرپرستی کر رہی ہے ۔ یو ۔ پی ۔ کی گورنمنٹ نے اپنے بجٹ میں اس مقصد کےلئے کافی روپیہ رکھا ہے ۔ یہ سب باتیں اس امر کی طرف دلالت کرتی ہیں کہ اس طریق علاج کی کسقدر اہمیت ہے ۔ یہاں کے بسنے والے اس علاج سے مستفید ہوتے آئے ہیں اور آئندہ بھی ہو سکتے ہیں ۔ ہماری حکومت کا فرض ہے کہ اس طریق علاج کو اور وسیع کرے اور اسکی سرپرستی کر کے وہ حالات پیدا کرے کہ ہم یہ کہہ سکیں کہ بہت حد تک ہمارے ملک میں بیماریوں پر قابو پا لیا گیا ہے ۔ خدا کا شکر ہے کہ انجمن حمایت اسلام اس سلسلے میں ٹھوس کام کر رہی ہے اور یہ بھی سنا گیا ہے کہ حکومت نے اسکو اس سلسلے میں کچھ امداد بھی دی ہے ۔ اگر حکومت انجمن کو اور امداد دے تو زیادہ بہتر ہوگا ۔ تاکہ وہ یونانی طب کے بارے میں مزید ریسرچ ورک (Research work) کرا کر بہتر نتائج پیدا کرے اور عوام کی بہتری کا سامان مہیا کرے ۔

انا لفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

سید غلام مصطفی شاہ خالد گیلانی ۔ (راولپنڈی نمبر ۳ مسلم) ۔ جناب والا ۔ میں اس وقت زیر بحث ریزولیوشن کی تائید کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ صوبہ پنجاب کی آبادی ۲ کروڑ کے قریب ہے اور ڈاکٹروں کی تعداد کوئی ۷۵۶ کے قریب ہے ۔ ۲۰ ہزار آدمیوں کے لئے ایک ڈاکٹر مہیا ہو سکتا ہے تو اسکے معنی یہ ہیں کہ صوبہ پنجاب کے اندر ۲ کروڑ کی آبادی ہزاروں اقسام کی بیماریوں میں مبتلا ہے ۔ گورنمنٹ یہ چاہتی ہے کہ بیماریوں کا انسداد کیاجائے لیکن وسائل موجود نہیں ۔ تو اسکا بہتر طریقہ یہی ہو سکتا ہے کہ طب یونانی جسکا موزوں نام طب اسلامی ہے ، کو فروغ دیا جائے اور اسکی سر پرستی کی جائے ۔ اسکو فروغ دینے کیلئے میں یہ تجویز پیش کرونگا کہ یونانی حکیم جو مستند نہیں ہیں اور جنہوں نے باقاعدہ تعلیم

حاصل نہیں کی اور وہ اپنا کاروبار چلانے کیلئے تیر تکے پر گذارا کرتے ہیں جو ہزاروں کی تعداد میں اس صوبے کے اندر کام کر رہے ہیں اور بعض نے بڑے بڑے مطب بھی کھول رکھے ہیں سب سے پہلے تو ان تمام یونانی طبیبوں کو رجسٹرڈ کیا جائے اور گورنمنٹ کی طرف سے انکو کام کرنے کی اہلیت کا سرٹیفیکیٹ دیا جائے ۔

Mr. Speaker : The resolution does not contain this.

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی— میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جسطرح فاضل محرک نے یہ کہا ہے کہ ۵۰۰ کی تعداد میں شفاخانے کھولے جائیں میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ اس اہم مسئلہ پر گہری توجہ فرمائی جائے اور اگر حکومت گہری توجہ فرمائے اور خلوص دل کے ساتھ موثر اقدام کرے تو مجھے کوئی وجہ نظرنہیں آتی کہ وہ مشکل جسکو ہم دور کرنا چاہتے ہیں بڑے قلیل عرصے کے اندر اندر دور نہ ہو جائے ۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ دیہات کے دور افتادہ لوگوں کو جو شہروں سے بہت دور ہوتے ہیں کسی قسم کی طبی امداد مہیا نہیں ہو سکتی اور خاص طور پر غربت کی وجہ سے وہ لوگ انگریزی ادویہ کی قیمتیں ادا نہیں کر سکتے۔ علاوہ ازیں ڈاکٹروں کی قلت کی وجہ سے وہ لوگ جو باوجود اس امر کے کہ ان کے پاس دولت تو موجود ہے اور وہ انگریزی ادویہ کے اخراجات بھی برداشت کر سکتے ہیں ۔ بر وقت ان کی خدمات حاصل نہیں کر سکتے ۔ جب ایسے دور افتادہ دیہات میں کوئی شخص اچانک کسی مہلک بیماری میں مبتلا ہو جائے جو چند لمحوں کی مہلت نہ دے تو اسے کوئی طبیب یا ڈاکٹر نظر نہیں آتا ۔ چنانچہ ایسی حالت میں اسے بعض اوقات بیس بیس میل کی مسافت طے کرنے کے بعد علاج کرانا پڑتا ہے اور یہ بھی وہ لوگ کر سکتے ہیں جنکی مالی حالت اچھی ہو ۔ مگر جن کی مالی حالت اسکے بر عکس ہو وہ بیماری کی حالت میں چاروں طرف نظر دوڑاتے ہیں مگر کوئی پرسان حال نہیں ہوتا ۔ اسلئے جب تک ہم طب یونانی اور در اصل طب اسلامی کو فروغ نہ دینگے ہم اپنی کروڑوں کی آبادی کو خوفناک قسم کی بیماریوں سے بچا نہیں سکتے ۔ ان حالات کے پیش نظر میں ان الفاظ کے ساتھ اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

سید شمیم حسین قادری—(کارپوریشن شہر لاہور ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب صدر اس ریزولیوشن کے پاس ہو جانے سے ایک ایسی امید بندھ گئی ہے جس کیلئے ہم عرصے سے نظر لگائے بیٹھے تھے ۔ ہم اس چیز کے منتظر تھے کہ دیکھیں حکومت کب اس نظر انداز کئے ہوئے مفید

کام کے سلسلے میں کوئی موثر قدم اٹھاتی ہے - اس ریزولیوشن میں اس امر کی سفارش کی گئی ہے کہ حکومت کم از کم پانچ سو Dispensaries اس صوبے میں ایسی قائم کرے جن میں حکیم مقرر کئے جائیں - مجھے اس تعداد سے اختلاف تو نہیں - مگر اتفاق بھی نہیں - کیونکہ ہمارے صوبے کو اس سے کہیں زیادہ Dispensaries کی ضرورت ہے - میں آپ کی وساطت سے عزت مآب جناب وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ یہ ضرورت ایسی ہے جسکے متعلق اس قسم کی پندش کو ہرگز سامنے نہ رکھنا چاہئیے -

جناب والا - جہانتک اس طریق علاج کا تعلق ہے - اس کیلئے ہمیں ماننا پڑیگا کہ ہمارے صوبے میں اس وقت نہ تو اتنے ڈاکٹر ہیں اور نہ ہی حکیم - جو ہمارے صوبے کی طبی ضروریات کے کفیل ہو سکیں - لہذا ہمارے صوبے میں ایسی Institutions ہونی چاہئیں جو نہ صرف طب یونانی کی تعلیم دیں بلکہ جیسا کہ محترم محرک نے فرمایا اردو میں Allopathic System of Medicine کی بھی تعلیم دے سکیں - اگرچہ طب یونانی کی تعلیم کیلئے ہمارے صوبے میں جو Institutions ہیں وہ نہ صرف ہمارے صوبے کے لوگوں کو تعلیم دیتے ہیں بلکہ میں آپ کی وساطت سے وزیر متعلقہ کی خدمت میں یہ بھی عرض کرونگا - کہ دیگر صوبوں کے بہت سے طلبا بھی ان سے استفادہ کر رہے ہیں - اگرچہ حکومت کی توجہ بارہا اس امر کی طرف منعطف کرائی گئی ہے - تاہم آج تک طب یونانی کیلئے کوئی ایسی بلڈنگ مہیا نہیں کی گئی جہاں ہم ایسا Institution قائم کرکے طلبا کی ضروریات پوری کر سکیں - اسوقت صوبہ کے سب سے بڑے ادارے میں اتنی جگہ نہیں کہ وہاں Dissection Hall بنایا جا سکے یا دوائیوں وغیرہ کا سامان رکھا جا سکے اس Institution میں ہمارے پاس اتنی جگہ نہیں کہ روزمرہ کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے مطابق طلبا کو داخل کیا جا سکے - میں آنریبل وزیر متعلقہ کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ وہ اس امر کی طرف پوری توجہ مبذول کریں اور طب یونانی کیلئے مناسب سہولتیں مہیا کرنیکا بیڑا اٹھائیں - انہیں چاہئیے کہ عزم صمیم کر کے اٹھیں اور وہ Institution جو آپ کے لئے کار عظیم سر انجام دے رہی ہے حکومت کو چاہئیے کہ اس کی معاون ہو - حکومت کو چاہئیے کہ وہ ایک نیا محکمہ قائم کرے - اس پر روپیہ خرچ کرے اور اس خدمت خلق میں حصہ لے جسکا بیڑا آج تک انجمن حمایت اسلام نے اٹھا رکھا ہے -

جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں صرف ایک اور تجویز آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جہانتک طبی تعلیم کا تعلق ہے ۔ انجمن حمایت اسلام کے طبیہ کالج میں دونوں قسم کی طب کی تعلیم دی جاتی ہے ۔ وہاں طب جدید اور طب قدیم دونوں موجود ہیں۔ اور وہ تمام چیزیں اور ضروریات جو اس سلسلے میں Practitioners کی ہو سکتی ہیں کماحقہ پوری کی جاتی ہیں ۔ حکومت کو چاہئیے کہ Medical College کی lines پر [طب] یونانی کیلئے بھی ایک ادارہ قائم کر کے اسکی سرپرستی کرے میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اس اقدام سے ڈاکٹروں کی وہ کمی جو آج بری طرح محسوس کی جاتی ہے بہت جلد دور ہو جائیگی ۔ اور ساتھ ہی آپ کے پاس ایسے قابل اور مستند حکیم بھی دستیاب ہو جائینگے جو جدید ادویات administer کر سکینگے ۔

جناب والا ۔ میں اپنے ہر دو آنریبل وزراء صاحبان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ اس پر پورے طور سے غور کریں اور طب یونانی کی نشوونما کے لئے سہولتیں بہم پہنچانے کی طرف پوری توجہ دیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا

Mr. Speaker : The question is—

> This Assembly recommends to the Government (*i*) to extend patronage to the Unani System of Medicine and immediately open at least five hundred Unani Dispensaries in the Province, (*ii*) to open a training institution for imparting instruction in the allopathic system of medicine in Urdu.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned till 9 a.m., on Saturday, the 10th May, 1952.

126 1LA—416—25-10-52—SCI P Lahore

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

FOURTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Saturday, 10th May 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 9 a. m. of the clock. Mr. Speaker (The Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly).

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

CORRUPT OFFICIALS

***1064. Mr. Shamim Ahmad Khan :** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the total number of cases so far examined by the Committee set up to examine the cases of those allegedly corrupt officials who have put in more than twenty-five years service;

(*b*) the total number of officials (department-wise) who have been punished or made to retire by the Government on the recommendations of the Committee?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) The Committee set up by Government to scrutinise the personal records of officers who have put in 25 years or more of qualifying service with a view to recommending for the compulsory retirement of the corrupt and dishonest among them have so far examined 287 cases of Gazetted Officers of the various Provincial Government departments. The cases of non-gazetted officials of these departments with similar length of service are being examined separately by the heads of departments with the help of *ad hoc* Committees set up by them under Government orders. It is not possible at this short notice to ascertain the number of non-gazetted officials whose cases have been scrutinised by these *ad hoc* Committees up-to-date.

(*b*) It is also not possible at this short notice to collect information regarding the action taken on the recommendations of these Committees.

Mr. Shamim Ahmad Khan : Will the information which is being collected be communicated to me?

Chief Minister : Yes of course.

سید محی الدین لال بادشاہ — کیا جو افسر اپنی میعاد ملازمت پوری کر چکے تھے اور انکی شکایت بھی بد دیانتی کی تھی انہیں دوبارہ ملازمت میں رکھا گیا ہے ۔ کیا ان کے بارہ میں گورنمنٹ اپنی پالسی واضح کریگی ؟

وزیر اعلیٰ — کسی الگ سوال کے سلسلے میں اسکا جواب دیا جا سکتا ہے ۔

Mr. C. E. Gibbon : Will the Chief Minister be pleased to state whether the complaints made against the Director of Health Services, now on leave, are being examined by this Committee ?

Chief Minister : I am not aware of that.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Chief Minister be pleased to state whether the complaints made against the District Health Officer, Lahore, are being examined by this Committee?

Chief Minister : This Committee is not for examining the complaints against individual officers.

Mr. Shamim Ahmad Khan : What is the purpose of this Committee?

Mr. Speaker : That question has been answered.

Mr. C. E. Gibbon : Are the public permitted to make complaints against officers who have over 25 years service?

Mr. Speaker : Does not arise.

چودھری عبدالرحیم — کیا ان افسران کی فہرست دفتر میں موجود ہے ؟

وزیراعلیٰ — یہ تو آپ مجھ پر چھوڑ دیں -

Mr. Speaker : Obviously.

GOVERNMENT CARS, JEEPS, ETC., IN POSSESSION OF OFFICERS

***1076. Mr. Ahmad Saeed Kirmani :** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the number of Government cars, jeeps, etc., in possession of officers of the Punjab Government on the 15th June 1947.

(*b*) the number of such cars, etc., on the 15th January 1952;

(*c*) the names of the officers concerned;

(*d*) the emoluments of the officers concerned;

(*e*) the reasons for the supply of such cars, etc., in each case;

(*f*) the monthly travelling allowance charged by such officers during the period from the 1st October 1951 to 31st March 1952?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): The time and labour involved in collecting the requisite information will not be commensurate with the result aimed to be achieved thereby.

Mr. C. E. Gibbon : Is it a fact that a large number of such vehicles are with police officers?

Mr. Speaker : How does it arise out of the answer given by the Honourable Minister.

CLASH BETWEEN THE PROVINCIAL BORDER POLICE AND THE INDIAN ARMY

***1124. Mr. Shamim Ahmad Khan :** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state whether it is a fact that recently there was a very serious clash between the Provincial Border Police and the Indian Army ; if so—

(*i*) the total number of casualties (dead and injured separately) on our side;

(*ii*) whether any rewards have been given to persons who acquitted themselves in a commendable manner during this engagement;

(*iii*) whether any compensation has been given to the dependents of those who were killed or seriously wounded in the clash?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): Yes.

(*i*) the total number of casulties were 2 killed and 9 injured.

(*ii*) Yes, suitable rewards have been given.

(*iii*) Yes.

COTTON PRICES

***809. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(*a*) whether he is aware of the fact that a sudden and steep fall in the price of cotton has hit hard the growers, commission agents and ginners alike;

(*b*) what action, if any, do the Government propose to take themselves or recommend to the Central Government in this connection?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) The fall in the price of cotton has affected only speculators and stockists. The small growers had disposed of their stocks already.

(*b*) The Central and the Provincial Governments are giving careful considerations to the question in all its aspects.

SURCHARGE LEVIED ON SUGAR

***960. Khan Abdus Sattar Khan Niazi :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(*a*) the rate of surcharge levied on sugar in the Punjab and the purpose on which this surcharge is utilized;

(*b*) the reasons for having an Enforcement Staff in Lahore, in addition to the regular Inspectorate staff functioning in the district;

(*c*) whether the Enforcement Staff checks up the work of the Civil Supplies staff, if so, the reasons for not entrusting this work to Gazetted and non-Gazetted Officers already working in the district;

(*d*) how far the Enforcement Staff has justified its existence and what are its achievements in the easing of the situation in the present food crisis?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (*a*) Annas 2 per maund to meet the expenditure on the staff employed throughout the Province.

(*b*) Super-inspection of the work connected with the distribution and sale of sugar not only in Lahore but throughout the Province.

(*c*) The Enforcement Staff is meant to super-check the sale and distribution of sugar from the wholesale and retail depots. The normal inspection of the work of the Civil Supplies is undertaken by the district staff already posted there.

ملک غلام نبی — میں گزارش کرونگا کہ اس سے پہلے کہ رولنگ دیا جائے ۔

Mr. Speaker : That I have already decided.

Malik Ghulam Nabi : You can re-consider it.

Mr. Speaker : I am not prepared to do so.

Malik Ghulam Nabi: But the people daily come to our doors and this is their right and just demand to know about this wheat crisis.

Mr. Speaker : A member has to put his motion in a manner which is in accordance with rules and if the motion which has come to me is not covered by the rules I am the only person to decide whether it is right or wrong and I have given my ruling.

ملک غلام نبی — مجھے امید ہے کہ معاملہ کی اہمیت کے پیش نظر پارلیمنٹری پریکٹس کو در خور اعتنا نہ سمجھ کر آپ اسکی اجازت دے دینگے -

Mr. Speaker : I am not going to allow the honourable member to do it at this stage.

Mr. C. E. Gibbon: Rule 43 is in a sense mandatary because it starts with the words : "Leave to make a motion for adjournment....must be asked for". Although we may have over-looked it in the past, nevertheless, I do feel if an honourable member draws attention to it, the Honourable Speaker may consider the implication of Rule 43 and permit him to do so. It would make no difference.

Mr. Speaker: The honourable member realises that even if the honourable mover reads the motion, he will be allowed to say nothing but read it and I would have to decide whether it is in order or not.

Mr. C. E. Gibbon : When it is the privilege of the members to exercise the right under Rule 43, we do not wish that we should in any way permit any right of a member to go by default merely because the Speaker or any other part of the House pre-supposes that something is not in order.

Mr. Speaker : Too literal an interpretation would certainly allow the mover only to read this motion do nothing else but read.The honourable member has to say that "I ask for leave to move the following motion" and that is all. *(Cheers)*

ملک غلام نبی — جناب والا - میں آپ کی وساطت سے وزیر اعلیٰ سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ غذائی پالیسی کی وضاحت فرما دیں - اگر ان کی پالیسی درست ہوئی تو وہ ہمیں اپنا ہمنوا پائینگے -

Mr. Speaker : The honourable member is not in order. He must put his motion before the House. I am not going to allow any speeches.

Malik Ghulam Nabi : I beg leave to move a motion for adjournment of the business of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of urgent public importance, namely, the wrong policy of the Government resulting in the near famine conditions in the Province and unbearably high prices of wheat at a moment of the season when the new crop has come in.

Mr. Speaker : The motion has been read and I declare it out of order for the reasons already given.

Malik Ghulam Nabi : Will your Honour give me a chance to explain how this is definite and of urgent public importance? Don't you feel, Sir, that it is indeed urgent ?

Mr. Speaker : I have given my ruling.

مسٹر محمد امین — جناب والا آنریبل ممبر کی طرفسے پیش کردہ تحریک التوا بہت اہم نوعیت کی ہے اسلئے آپ انکو اس کی وضاحت کے لئے وقت دیں -

Mr. Speaker : I am quite clear in my mind and I have given the ruling accordingly.

مسٹر محمد امین — جناب والا یہ تحریک التوا بہت اہم ہے آپ آنریبل ممبر کو وضاحت کیلئے وقت ضرور دیں -

Mr. Speaker : I am not prepared to give any time at this stage. Subsequently if any matter arises, I will see whether it is necessary for me to give any time to the honourable member. In questions which relate to the rulings of the Speaker, I myself go out of my way to call upon the members to express their opinion on them. With regard to this particular matter, the ruling I have given is in accordance with the Rules of Procedure and the Parliamentary practice.

Mr. C. E. Gibbon : Rule 43 does not prohibit a member who begs leave to make a motion from clarifying his motion. There is no prohibition against his speaking.

Mr. Speaker : Does the honourable member want to show to the House or to me that his motion is urgent and definite without discussing the merits of the case ?

ملک غلام نبی — حضور والا ۔ ہم سب جانتے ہیں کہ صوبہ پنجاب گندم کا ایک ایسا گھر ہے جو اسوقت بھی جبکہ ہندوستان ابھی تقسیم نہیں ہوا تھا سارے ملک کے لئے اناج مہیا کرنیکی استطاعت رکھتا تھا ۔

Mr. Speaker : Kindly confine yourself to the point.

ملک غلام نبی — حضور والا ۔ یہ بڑا ستم ہے کہ پنجاب کا صوبہ جسکی زمینیں سونا اگلتی ہیں اور یہاں اتنا غلہ پیدا ہوتا ہے کہ غیر ممالک کو بھی مہیا کیا جا سکتا ہے ۔ اب عین اسوقت جبکہ نئی فصل آئی ہے اور لوگوں کی نگاہیں اسطرف لگی ہوئی تھیں کہ نئی فصل کے آنیپر ہماری تکلیف دور ہو جائیگی ۔

Mr. Speaker : The hon'ble member is discussing the motion.

ملک غلام نبی — میں عرض کر رہا تھا کہ لوگوں کی نظریں نئی فصل پر تھیں اور ان کے دلوں میں یہ دیکھکر خوشی کی لہر دوڑ جاتی تھی کہ اب نئی فصل کے آنیپر اناج سستا مل سکیگا ۔

Mr. Speaker : Prove that your motion is urgent.

Chief Minister : On a point of order. I have kept quiet because I thought that it was a procedural point. I feel that the Honourable Speaker has given a certain ruling and if there is anything to be discussed it is the technical side of the ruling and not the merits of the case. If the merits of the case are discussed it will put me in an embarrassing position because while the mover will be discussing the legal technicalities of the question he will be dealing with the merits of the case. As the motion is not being allowed or if it is not allowed we shall not be in a position to place our point of view before the House. I therefore feel that he should not be allowed to discuss it.

Mr. Speaker : The honourable member should discuss only the technical side of the case.

ملک غلام نبی — حضور والا ۔ میرا مقصد یہ تھا کہ قوم بڑے اضطراب سے نئی فصل کی منتظر تھی ۔ اور لوگوں کا خیال تھا کہ نئی فصل کے آنیپر گندم کی قیمتیں گر جائینگی ۔ مگر اسوقت بھی جبکہ نئی فصل آ رہی ہے گندم کی قیمتوں میں کوئی نمایاں کمی نہیں ہوئی ۔ (قطع کلامیاں)۔

جناب والا ۔ اگر یہ اسوقت definite نہیں ہے تو اور کسوقت ہو سکتا ہے ۔ This is definite حضور والا ۔ میں یہ ثابت کر رہا ہوں نئی فصل ہی اس بات کی بڑی دلیل ہے کہ معاملہ definite ہے ۔ اور urgent ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Chief Minister : I protest.

Mr. Speaker : Does the honourable member find it impossible to confine himself to the technical side of the point? I will not allow any speeches on the merits of the case; that will amount to allowing the adjournment motion to be discussed. At this stage I allow the honourable member only to convince me that his motion is definite and urgent and no more.

ملک غلام نبی — حضور والا۔ آپ نے جو ارشاد فرمایا ہے ۔ میں اسکو سمجھ گیا ہوں اور میں یہ ثابت کر رہا ہوں کہ یہ definite اور urgent ہے ۔ مجھے یوں معلوم ہو رہا ہے جیسے کہ آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس بھی اس مسئلہ کے متعلق کچھ فرمانا چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The Honourable Leader of the House will only speak after the motion is admitted. Please confine yourself to the technical side of the question.

ملک غلام نبی — تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ جناب definiite بھی ہے اور urgent بھی ہے ۔ چونکہ یہ نئی فصل کا وقت ہے اور لوگوں کی اسطرف نگاہیں لگی ہوئی ہیں ۔

Mr. Speaker : I said that the motion dealt with two matters and not one that honourable member has also to deal with.

Malik Ghulam Nabi : You said that I need not discuss the food policy.

Mr. Speaker : I will not allow a single word about it.

ملک غلام نبی — جناب والا ۔ عوام کو اپنی اس نیکنام وزارت سے جسے انہوں نے اپنے ووٹوں سے اقتدار کی گدیوں پر بٹھلایا تھا یہ توقع تھی کہ نئی فصل کی آمد پر ان کی امیدیں بر آئینگی لیکن انہیں سخت مایوسی ہوئی اور قیمتیں بجائے گرنے کے بڑھتی گئیں اور یہ مسئلہ اسلئے بھی اہم ہے کہ آج اسمبلی کا اجلاس ختم ہو رہا ہے اور خدا معلوم پھر اجلاس کب ہو ۔ اس دوران میں لوگ اپنی مصیبتوں کے حل کیلئے کسکے پاس جائینگے ۔ قوم کسکا دروازہ کھٹکھٹائیگی ۔ اسلئے آج وقت ہے کہ ہم اپنی غذائی پالیسی کی وضاحت کر دیں وگرنہ مجھے ڈر ہے فاقہ مستی اور اقتصادی بد حالی سے تنگ آئے ہوئے انسان ایک ایسے سیلاب کی صورت اختیار نہ کر لیں جسے آپ اپنی توپوں اور مشین گنوں سے بھی نہ روک سکیں ۔ اسلئے یہ ضروری ہے کہ مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر اسے ابھی زیر بحث لایا جائے ۔

Mr. Speaker : That is not the point.

ملک غلام نبی —جناب والا میں یہی ثابت کر رہا ہوں کہ یہ معاملہ urgent ہے کیونکہ یہ گورنمنٹ کا فرض ہے اور اسکی ذمہ داری ہے کہ عوام کو اناج مہیا کرے ۔

Mr. Speaker : That is not the point under discussion. Please confine yourself to the point.

Malik Ghulam Nabi : I am clarifying the urgency and gravity of the situation.

حضور والا ۔ گزارش یہ ہے کہ اگر ہمنے اسوقت اس اہم مسئلہ سے تغافل برتا اور اپنی پالیسی تبدیل نہ کی اور ارباب اقتدار نے حکومت کے نشہ میں اس مسئلہ کو اہم نہ سمجھا تو اور بات ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ کوئی دل و دماغ رکھنے والا انسان اسکی اہمیت سے انکار نہیں کر سکتا ۔

Mr. Speaker : I cannot allow a speech.

Malik Ghulam Nabi : I am not making a speech. I am only pointing out the urgency of the matter. It is so urgent.

حضو ر والا ۔ اس urgency کا حکومت کی مشینری سے بھی تعلق ہے اور یہ حکومت کی ذمہ داری ہے ۔ اسلئے میں نے حکومت کا ذکر کیا ہے کہ یہ اہم مسئلہ ان کی نظروں سے اوجھل نہ ہو جائے ۔

Mr. Speaker : The honourable member is forgetting that urgency is not to be decided by Government. That remark is wholly irrelevant.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. Hitherto the policy with regard to adjournment motions had been that your honour has not been allowing any honourable member to read it out according to Rule 43. I would request you to let us know whether this departure from the previous policy is based on a reconsideration of the interpretation of Rule 43 or that has been allowed as a special case.

Mr. Speaker : That is no point of order.

ملک غلام نبی — جناب والا۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ اس اہم مسئلہ کے حل میں تغافل سے کام نہ لیں ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ چیز انکے کانوں تک پہنچا رہا ہوں تا کہ وہ صوبہ سے اس لعنت کو دور کریں ۔

Mr. Speaker : The honourable member can say all that after the adjournment motion is admitted.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. Your honour allowed the honourable member to discuss the urgency and importance of the adjournment motion. I want to know whether this motion is confined to the honourable member who is speaking or you will allow any other honourable member to speak.

Mr. Speaker : This is not a matter for ruling. I will decide as and when the occasion arises.

ملک غلام نبی — حضور والا ۔ حکومت کی ساری مشینری کا انحصار عوام پر ہے ۔ اگر عوام ہی کو رات کو پیٹ بھر کر کھانا میسر نہ

آئے تو یقیناً وہ پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ یہ حکومت کس مرض کی دوا ہے ۔

Mr. Speaker : If the honourable member makes an irrelevant speech I will not allow it. I have pointed out that Government at this stage is not concerned. All talk as to what Government should or should not do is wholly irrelevant. Why cannot the honourable member convince me that the ruling requires reconsideration.?

ملک غلام نبی — حضور والا ۔ میں آپکو یہی تسلیم کرا رہا ہوں ۔ میں گورنمنٹ کو مخاطب نہیں کر رہا بلکہ جناب کی وساطت سے یہ عرض کر رہا ہوں کہ کیا حکومت کا یہ فرض نہیں ہے کہ عوام کو روٹی اور کپڑا دے ؟ اس نقطۂ نظر سے بھی یہ مسئلہ بڑا اہم ہے ۔

Mr. Speaker : Again I must say that the honourable member is out of order. I have said that he has to convince me that the ruling I gave and the reasons given are wrong and require reconsideration. That is all that the honourable member can do. The honourable member in his desire to make a speech forgets the limits.

Syed Shamim Hussain Qadri : While discussing whether the matter is definite or not the honourable member must rely on some of the arguments and while giving those arguments he must refer to a definite matter of the adjournment motion otherwise he cannot convince your honour whether it is urgent or not.

Chief Minister : On a point of order.

مجھے شمیم حسین صاحب قادری سے مکمل اتفاق ہے اور یہی وجہ ہے کہ اسوقت تحریک التوا کے merits کو زیر بحث نہیں لایا جا سکتا ۔ اپوزیشن ناجائز فائدہ اٹھا رہی ہے ۔ اسلئے میں اس ایوان میں اس قسم کی بحث کے خلاف پروٹیسٹ کرتا ہوں ۔

ملک غلام نبی — جناب والا ۔ میں لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں نہایت مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ حزب اختلاف کوئی فائدہ نہیں اٹھا رہی اور نہ اسکو بطور سٹنٹ استعمال کر رہی ہے ۔

Mr. Speaker : Do not discuss the merits.

ملک غلام نبی — میں آپکی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نئی فصل کے آنے پر اس صوبے کا نظام کسطرح درہم برہم ہو گیا ہے ۔ اگر یہ قانون پاس کر دیا جائے کہ گندم صوبے سے باہر نہیں جا سکتی تو یقین جانئے گندم آٹھ روپے من ہو جائیگی ۔ یہ بہت ضروری مسئلہ ہے ۔ آپ لاہور ہی میں دیکھئیے کسقدر ایک خطرناک سیلاب نظر آرہا ہے ۔

Mr. Speaker : Wholly irrelevant.

ملک غلام نبی — جناب والا ۔ یہ Urgent public importance کا مسئلہ ہے ۔ اگر مناسب اقدامات کئے جائیں تو یقیناً بھاؤ گر جائینگے ۔

میری تجویز definite ہے ۔ گندم کے بھاؤ کو کم کیا جائے اور ہر گھر میں گندم پہنچائی جائے ۔ اسی صورت میں گورنمنٹ تباہی سے بچ سکتی ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : With your permission I should like to say a few words to prove that the motion is definite and it is of urgent public importance.

Mr. Speaker : I cannot allow a discussion on this point. I have already said that advocacy is not permitted in this House.

Chief Minister : A discussion will not be suitable.

Mr. Speaker : I allowed the honourable member to speak because he thought that my ruling was wrong and to show me that my ruling was wrong. As a matter of fact, according to the rules there is no provision for a debate at this stage. The honourable member under rule 43, on which he was relying, could only read the motion. In addition to that, however, I allowed him to show that it is definite and urgent and complied with the requirements of an adjournment motion. If I allow other members to speak that would not be consistent with the rules. I will not allow any further speeches on the point.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. Your honour ruled today that in case of such an adjournment motion as your honour finds quite in order your honour will allow brief explanatory speeches.

Mr. Speaker : I am going to reconsider my ruling at the request of the honourable member. The honourable member forgets that in compliance with the past practice I read out the adjournment motion and gave my ruling whether it was in order. The honourable mover wanted to give a different interpretation to rule 43. He also wanted an opportunity to show that my ruling was wrong. I allowed him to do so. Now further discussion can take place only if it is held in order and leave of the House is given.

سید شمیم حسین قادری — عام طور پر ایسا بھی ہوتا ہے کہ لیڈر آف دی ہاؤس مان لیتے ہیں ۔

Chief Minister : If it is in order.

سید شمیم حسین قادری—اگر لیڈر آف دی ہاؤس فراخدلی سے کام لیں تو انہیں چاہئیے کہ

Mr. Speaker : That is wholly irrelevant. (*Interruptions*) I am not going to allow speeches of that kind. What the Chief Minister should do or should not do cannot be discussed.

مسٹر محمد امین — On a Point of order جناب والا انہوں نے جو دلائل دئے ہیں اگر وہ صحیح ہیں تو بہتر ورنہ مہربانی فرما کر دوسرے ممبروں کو یہ موقع دیجئیے کہ وہ اس سلسلے میں اپنے خیالات پیش کر سکیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. I want to know if your honour had found this adjournment motion to be in order, whether in that case your honour straight away would put it to the House and allowed a brief speech to the honourable mover. I may be wrong.

What I understood was that your honour said that in case if it is found i order before putting it to the House you will allow him to make a speech.

Mr. Speaker : As I pointed out just now in answer to the honourable member's point of order, the point was that in accordance with my own past practice I read out the adjournment motion and gave my ruling about its being in order or not. The honourable Mover wanted to rely on a technical interpretarion of rule 43 and wanted to read it himself, and further the honourable mover made a request to me to let him convince me that the ruling given was wrong. As a special case I allowed him to read and to give his interpretation and I also allowed him to show why my ruling was wrong. Now if I find that it is in order. I will put the motion to the House and ask the gentlemen who are in favour to stand in their places. Until I decide that it is in order, that stage does not arrive.

Chaudhr Muhammad Afzal Cheema : Your honour said that as a special case your honour allowed him to read. I would like to know whether this special case means a departure from the rules or it will be a regular practice in future.

Mr. Speaker : Special case means a special case.

I have listened to the honourable member's speech wherein he has tried to show that the adjournment motion is both definite and urgent. In spite of my giving full latitude to him with regard to the scope of the speech which he wanted to make, and in spite of the fact that I invited his attention to one particular point, namely, that the motion as framed dealt with at least two matters and these were not of recent occurrence, the honourable member, while laying stress on the fact that the motion was definite and urgent, said nothing about either of these two points; and I do not see any reason to change the opinion that I expressed before. The motion is out of order.

Syed Shamim Hussain Qadri : On a point of order

Mr. Speaker : Please state your point of order briefly and succinctly.

Syed Shamim Hussain Qadri : Malik Ghulam Nabi has not satisfied your honour that the adjournment motion was definite. Your honour has said that despite the fact that you asked him to show and convince you that it was a definite matter, he could not convince you, is it possible for the honourable member to assure your honour that this can be considered?

Mr. Speaker : No point of order can be raised by the honourable member: it cannot be considered.

EXEMPTION FROM THE RULES "SITTING OF THE ASSEMBLY"

Chief Minister : I beg to move—

That the proceedings on the Murree Municipal Committee Constitution Bill be exempted at this day's sitting from the provisions of the rule 'Sitting of the Assembly.

The motion was carried.

ADJOURNMENT

Chief Minister : I beg to move—

That the Assembly at its rising today shall adjourn *sine die*.

The motion was carried.

PAPERS LAID ON THE TABLE

Chief Minister : Sir, as required by Section 169 of the Government of India Act, 1935 (as adapted) I lay on the table the *Appropriation Accounts and *Finance Accounts of the Province for the year 1948-49 and the *reports of the Auditor General of Pakistan thereon.

---

*Kept in the Library.

SOIL RECLAMATION BILL

REPORT OF DRAFTING COMMITTEE

Minister of Revenue : Sir, I beg to present the report of the drafting committee on the Punjab Soil Reclamation Bill.

Mr. Speaker : Under Rule 103 (2) when the report has been presented the Assembly is expected to adopt it. The question is—

That the report be adopted.

The motion was carried.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move—

That the Punjab Soil Reclamation Bill as amended by the Assembly and subsequently amended by the drafting committee be passed.

Mr. Speaker : The motion moved is —

That the Punjab Soil Reclamation Bill as amended by the Assembly and subsequently amended by the drafting committee be passed.

رانا عبدالحمید خان (منٹگمری نمبر ۸ مسلم) —

I rise to oppose this motion.

جناب والا ۔ اسمیں کوئی شک نہیں کہ اس صوبےکی اہم ترین ضروریات اور حالات کو دیکھتے ہوئے زراعت کے متعلق اور زرعی زمین کے متعلق اس سے اہم اور کوئی مسئلہ نہیں ہو سکتا ۔ اور اسمیں بھی کوئی شک نہیں کہ یہ موزی مرض جسے تھور اور سیم کہا جاتا ہے ۔ ہر سال اس صوبے کی چالیس ہزار ایکڑ زمین کو ختم کر رہی ہے ۔ اسلئے میں وزیر مال صاحب کو جنہوں نے فرصت نکالکر اس مرض کی طرف توجہ فرمائی اور صوبے کو اس مرض سے نجات دلانے کیلئے ایک نسخہ تجویز فرمایا ۔ مبارکباد کا مستحق سمجھتا ہوں ۔ لیکن اسکے ساتھ ہی اس مرض کے علاج کیلئے انہوں نے جو نسخہ تجویز کیا ہے مجھے اس سے اختلاف ہے ۔ کیونکہ حکیم یا ڈاکٹر لوگ جسوقت کسی مرض کے علاج کا کوئی نسخہ تجویز کرتے ہیں تو بہت سی چیزیں ایسی ہوتی ہیں جن کو لازمی طور پر مد نظر رکھا جاتا ہے ۔

حضور والا ۔ کسی نسخے کیلئے یہ ضروری ہے کہ اسکے اجزا مرتب کرتے وقت مریض کی حالت کو بھی مد نظر رکھا جائے اور اس امر کا لحاظ بھی لازماً رکھا جائے کہ مبادا دوائی کی dose کہیں زیادہ نہ دے دی جائے اور مریض صحت یاب ہونیکی بجائے کہیں چل نہ بسے اس سلسلے میں مجھے یہ تسلیم ہے کہ جو نسخہ حکومت نے تجویز کیا ہے یہ بالکل صحیح اجزائے ترکیبی پر مبنی ہے مگر اسکی جتنی زیادہ dose مریض کیلئے مقرر کی جا رہی ہے اس سے مجھے خطرہ ہے کہ وہ مریض کو لے ڈوبے گی وہ بجائے مفید ہونیکے مضر ہوگی ۔ مجھے خطرہ ہے

کہ جس کسان کے فائدے کے لئے یہ تجویزیں کی جا رہی ہیں وہ بے چارہ ان کے بوجھ تلے دب کر مر جائیگا ۔ (قطع کلامی) ۔

حضور والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر چہ یہ نسخہ بجائے خود اچھا ہے مگر اسکی dose اسقدر زیادہ تجویز کی جا رہی ہے کہ اس سے مریض صحت یاب ہونیکی بجائے جان بحق ہو جائیگا اگرچہ دوائی کے اجزا واقعی صحت بخش خاصیت رکھتے ہیں مگر دوائی ضرورت سے زیادہ تجویز کی جا رہی ہے ۔

جناب والا ۔ میری سب سے پہلے عرض یہ ہے کہ اس نسخے میں جو یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ ایک ڈویلپمنٹ بورڈ کا قیام عمل میں لایا جائیگا ۔ میں اس بورڈ کے قیام کے بالکل خلاف ہوں ۔ ہمیں تھل ڈویلپمنٹ بورڈ کا تجربہ ہے ۔ میں تھل کے بورڈ پر ایوان میں بحث نہیں کرنا چاہتا ۔ میں تو محض مثال کے طور پر عرض کر رہا ہوں کہ ایوان ہذا کے آنریبل ممبران اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ کس طرح کروڑوں روپے تھل بورڈ کے ذریعے خرچ کئے جا رہے ہیں اور اگرچہ اس سے فائدہ پہنچنے کی توقعات بھی وابستہ ہیں تاہم experts کی رائے میں اسکی کامیابی کا کوئی امکان نہیں اور اس سے نقصان کا خطرہ زیادہ ہے ۔ ایوان ہذا کے اکثر آنریبل ممبران کو علم ہے کہ علاقہ تھل کے افسران اور اہل کاروں کیلئے ایک سگریٹ کی ڈبیہ لینے کیلئے کسطرح دو دو سو میل کے سفر سرکاری موٹر میں سرگودھا تک یا دوسرے شہروں تک کئے جاتے ہیں ۔ اب جناب والا میں حیران ہوں کہ تھل ڈیویلپمنٹ بورڈ سے بھی زیادہ خطرناک بورڈ سیم اور تھوڑ کے سلسلے میں بنانے کی تجویز کی جا رہی ہے ۔ اس سیم اور تھور کے بورڈ کو نہایت وسیع اختیارات دئے جا رہے ہیں ۔ بلکہ میرے خیال میں تو اس مجوزہ بورڈ کو وہ اختیارات دئے جا رہے ہیں جو خود گورنمنٹ کو بھی حاصل نہیں ہیں ۔ اس ترقیاتی بورڈ کیلئے لا محدود اختیارات تجویز کئے گئے ہیں اور یہ لا محدود اختیارات دینا خطرے سے خالی نہیں ہوگا ۔ ترقیاتی بورڈ طاقت اور تشدد استعمال کریگا ۔ اور غریب کاشتکاروں کو ان کی اراضی سے بے دخل کر سکیگا ۔ میں کہونگا کہ اتنے اختیارات تو ہماری گورنمنٹ کو بھی حاصل نہیں ہیں کہ جسے چاہے اسکو اسکی اراضی سے بے دخل کر دے اور ایسا کرنیکے لئے طاقت اور تشدد عمل میں لائے ۔ میں عرض کرونگا کہ اس قسم کی طاقت اور تشدد عمل میں لانے سے پہلے بورڈ کو چاہئے کہ وہ ہر بار گورنمنٹ کی منظوری حاصل کرے ۔

جناب والا ۔ اس بورڈ میں جسکی تشکیل عمل میں دلائی جائیگی مختلف محکمہ جات کے نمائندگان لئے جائینگے ۔ مثلاً چیف انجینئر محکمہ انہار ۔ محکمہ جنگلات ۔ محکمہ زراعت ۔ محکمہ امداد باہمی اور محکمہ مال وغیرہ وغیرہ ۔ اگر یہ بورڈ چاہے تو نان افیشل ممبران کو بھی co-opt کر سکتا ہے ۔ ان ممبران کے عام اختیارات کے علاوہ بورڈ کے چیرمین chairman کو اتنے اختیارات دئے گئے ہیں کہ شاید ہٹلر کو بھی وہ اختیارات حاصل نہیں تھے ۔ جناب والا وہ اختیارات صرف اس قسم کے ہی نہیں کہ جنکے ذریعے کسی کی جائداد و املاک پر قبضہ کر لیا جائے یا انکے مکانوں پر قبضہ کر لیں یا کسی اراضی پر قبضہ کر لیں بلکہ کسی انسان کے جسم و جان کے خلاف تشدد اور طاقت استعمال کرنیکے اختیارات بھی بورڈ کو اور اسکے چیرمین کو حاصل ہونگے ۔ زیر غور مسودہ قانون کی دفعہ ۳۰ اور دفعہ ۳۲ میں جو اختیارات آنریبل ریونیو منسٹر نے بورڈ کو دئے ہیں ۔ وہ نہایت خطرناک ہیں انکی وضاحت کیلئے میں دفعہ ۳۲ پڑھکر سناتا ہوں :—

"The Chairman or any person acting under the general or special order of the Chairman may enter upon any land with such men, animals, vehicles, appliances and instruments as necessary and undertake investigations, surveys or levels thereon and dig and bore into the sub-soil, and make and set up suitable land marks, pillers levels marks and water gauges, and do all acts required for the determination of areas and intended lines of works, construct channels and acqueduct or alter them for securing the flow of water, and do all other acts which may be necessary in order to carry out all or any of the objects of the Act".

Minister of Revenue : For the objects of the Act!

رانا عبد الحمید خان — میں مانتا ہوں کہ ایمرجینسی emergency اختیارات جن کی رو سے کسی فرد کی جائیداد پر قبضہ کیا جا سکے اس صورت میں جائز ہو سکتے ہیں جبکہ emergent حالات ہوں مگر پھر بھی افراد کو اپیل یا شکایت کرنیکا حق ہونا چاہئیے اور دوسری شرط یہ ہونی چاہئیے کہ ان اختیارات کو استعمال کرنیسے پہلے افسر مذکور گورنمنٹ کی منظوری بالصراحت حاصل کرے مثلاً اگر کہیں کوئی bridge بنانا ہے تو واقعی کسی اراضی کے حصول کی ضرورت پڑیگی مگر ایسے ضروری مواقع پر بورڈ کو چاہئے کہ وہ حکومت کی منظوری حاصل کرے ۔ آخر یہ حکومت لوگوں کے elected اور منتخب کردہ اشخاص پر مبنی ہے انکی منظوری کے بغیر لوگوں کی جائیدادیں ضبط کرنا ٹھیک نہیں ہوگا ۔ حکومت جائیز اور ناجائز میں تمیز کریگی اور سوچ سمجھ کر فیصلہ کریگی مگر ہم نے دیکھا ہے کہ اگر کوئی معاملہ محض افسران کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے تو وہ ضرور جائز حدود سے تجاوز کر جایا کرتے ہیں ۔ بد قسمتی سے ہم کو ایسے مظالم کا کئی بار تجربہ ہو چکا ہے کہ افسران اس قسم کے اختیارات کو

بے حد callousness کے ساتھ استعمال کرتے ھیں - اسلئے حکومت کو چاھئے کہ ایسے لا محدود اختیارات بورڈ کے چیر مین کو delegate نہ کرے ورنہ بورڈ کا چیر مین تو ھٹلر سے بھی بڑھ جائیگا - اور ممکن ھے کہ بر سر اقتدار پارٹی کے سیاسی حریفوں کے خلاف بھی یہ اختیارات استعمال کئے جائیں - میری گذارش نمبر ۲ یہ ھے کہ جو طریق معاوضہ رکھا گیا ھے وہ سر اسر بے انصافی پر مبنی ھے - آپ ایک شخص کی جائیداد زبردستی acquire کر سکتے تھے کیونکہ آجکل بھی آپکے پاس Land Acquisition Act کے اختیارات موجود ھیں - مگر افسوس سے کہنا پڑتا ھے - کہ وہ ایکٹ اسوقت کا بنا ھوا ھے جب ھم غیر کے غلام تھے - لیکن اسکے ماتحت جہاں کسی شخص کی جائیداد اسکی مرضی کے خلاف acquire کی جاتی ھے تو اسکو مناسب compensation کےعلاوہ (جو منظور کی جائے) . پچیس فی صدی اور دینا پڑتا ھے تا کہ اسکی تسلی ھو جائے - اور اسکو کچھ معاوضہ ملجائے - لیکن یہاں پر معاوضہ کا طریق ھی اور ھے اس سے تو بہتر ھوتا کہ آپ کہہ دیتے کہ ھم بغیر معاوضہ کے لینا چاھتے ھیر اس معاوضہ کا نام ھی نہ لیتے - لیکن یہاں جو طریق بنایا گیا ھے وہ سب کیلئے قابل شرم ھے -

جناب والا ! ایکٹ کی دفعہ ۲۷ میں لکھا ھے کہ یہ ایکٹ کہاں اطلاق پذیر ھوگا - وہ یہ ھے کہ کسی رقبہ کو لوکل ایریا قرار دیدیا جائے ور جس رقبہ کو لوکل ایریا قرار دیدیا جائیگا وھاں پر یہ ایکٹ نافذ ھو جائیگا - کن وجوھات کی بنا پر کوئی رقبہ لوکل ایریا قرار دیا جائیگا - انکی طرف میں حضور کی توجہ مبذول کراؤں گا - حضور والا ! دفعہ ۲۷ یہ ھے :—

"Whenever it appears to the Board that measures should be taken in any area to reclaim any land affected by thur or sem under the provision of this Act or that preventive measures are necessary to stop spreading of thur or sem or both."

یہاں تک تو برداشت کیا جا سکتا تھا لیکن حکومت کی ستم ظریفی ملاحظہ ھو -

"or stopping or mitigating their appearance, it shall move Government to issue a notification specifying the area to be called local area to which the provisions.....

حضور والا ! مجھے جو اعتراض ھے وہ ان الفاظ پر ھے -

اب حضور والا ! جنھوں نے پنجاب کے کینال سسٹم کا مطالعہ کیا ھے وہ جانتے ھیں کہ پنجاب کی نہروں کاپانی‌عام طور پر بہت سی جگھوں پر ، زمین کی سطح سے اونچا ھے اور اونچا رکھنا پڑتا ھے - کیونکہ پانی کا بہاو flow نہر سے زمین میں ھوتا ھے - اور جب تک وہ پانی اونچا نہ ھو زمین کیطرف پانی نہیں آ سکتا - اور جہاں نہر کا پانی زمین سے اونچا ھے وھاں پر percolation لازمی طور پر ھوگی - اور جہاں زمین نرم ھے وھاں پر

سیم جلدی appear ہو جاتی ہے اور جہاں زمین سخت ہو وہاں دیر میں ہوتی ہے ۔ اسکا مقصد یہ ہے کہ جہاں کہیں بھی نہر کا پانی لگتا ہے ان تمام colonies کو اس ایکٹ کے ماتحت لوکل ایریا قرار دیدیا جائیگا ۔ خواہ آج سے ساٹھ ستر برس کے بعد خطرہ ہو ۔ اسکی ایک خاص وجہ ہے ۔ وہ یہ ہے جہاں کسی خاص علاقہ کو لوکل ایریا قرار دیا جائیگا وہاں حکومت یہ ٹیکس لگائیگی ۔ جسکا نام Land Improvement Tax ہے یہ ۔ ٹیکس ہر اس علاقہ سے وصول کیا جا سکتا ہے ۔ جسے لوکل ایریا قرار دیدیا جائے ۔ اسکا مقصد یہ ہے اور ہمارے وزیر مال کے دماغ میں یہ بات نہایت واضح طور پر ہے کہ جو ایریا سیم یا تھور زدہ ہو اسکی بحالی پر جو اخراجات آئینگے وہ اتنے زیادہ ہونگے کہ اس ایریا سے وصول شدہ ریکلیمیشن فیس کافی نہ ہو گی ۔ تو اس صورت میں روپیہ پنجاب میں کہیں سے وصول کیا جا سکتا ہے ۔ یعنی تھور تو ہو شیخوپورہ میں جہاں انکی اپنی زمین ہے اور وہاں یہ ریکلیمیشن فیس لگائیں اور وہ اخراجات کیلئے کافی نہ ہو تو میری زمین جو منٹگمری میں ہے اسے لوکل ایریا قرار دیکر وہاں ٹیکس لگا دیا جائیگا ۔

وزیر مال — وہاں نہیں لگیگا ۔

رانا عبدالحمید خان — مینے جان بوجھکر یہ پوائنٹ اٹھایا ہے تاکہ وزیر مال اسکے متعلق کچھ فرمائیں ۔ کہ انکے اختیارات کیا ہوتے ہیں اور انکی تعلیمی قابلیت کیا ہوتی ہے ۔ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ ان کی رائے کو کتنی اور کہانتک وقعت دیجاتی ہے اسلئے اگر آپ نے ٹریبونل بنانا تھا اور آپ کی نیت صاف تھی تو چاہئے تھا کہ وہاں پر لکھتے پریذیڈنٹ اور دو ممبر ہونگے مگر یہاں یہ اسیسر کا ایک نیا عجوبہ کہیں سے نکال لیا گیا ہے ۔ میں تو کہوں گا کہ دال میں کالا کالا معلوم ہوتا ہے کیونکہ اگر آپ کی نیت صاف اور نیک ہوتی اور جیسا کہ ہم سنتے تھے کہ صاف ہے ۔ تو لازم تھا کہ آپ ٹریبونل کے ساتھ ممبر کا لفظ استعمال کرتے ۔ آپ نے کہا ہے کہ چیئرمین اور دو assessor ہونگے ۔میں پوچھتا ہوں کہ ممبر کہاں گئے ؟ ممبر کہاں ہیں ممبران کا کوئی ذکر نہیں ۔ صرف Tribunal ہوگا ۔ ارے بھائی Tribunal میں چیئرمین ہوتا ہے اور دوممبر ۔ assessor کی تخلیق آپ نے کہاں سے کر لی ۔ معلوم نہیں اسمیں اور کیا کچھ ہے ۔ میرے دوست آپ کو معلوم ہونا چاہئیے کہ assessors کی فہرست کن لوگوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔ (قہقہہ) اگر یہ assessors اس قسم کے ہونگے جیسا کہ دوسرے assessors تو

خدا را ان کی ضرورت نہیں - جب ایک ڈسٹرکٹ جج ہے تو پھر حکومت کا روپیہ مت ضائع کیجئے - یہ تو تقویٰ کی بات ہے - ٹریبونل جو فیصلہ کریگا وہی ڈسٹرکٹ جج کا ہوگا - آپ کے پاس ڈسٹرکٹ جج موجود ہے وہ آپ کا مقتدر آدمی ہے - ہر ایک کو اسپر اعتماد ہوتا ہے دوسرے اسکا فیصلہ ناطق ہوگا - آپ خواہ مخواہ ایک نیا ڈھونگ نہ رچائیں - بلکہ اس امر پر مزید غور فرمائیں اور پھر اس کی وضاحت کریں کہ آپ کا اصل مقصد کیا ہے -

Malik Qadir Bukhsh : I move, Sir, that the question be now put.

رانا عبدالحمید خان — حضور والا اسکے بعد میں عرض کرونگا کہ اپیل کے متعلق ایک بات میری سمجھ میں نہیں آتی - اسکے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تیسری چیز جو اسوقت ظہور میں آ رہی ہے وہ حکومت کا عدالتہائے دیوانی سے فرار ہے - دیکھئے ہمارا یہ خیال ہے کہ بورڈ کے کام کی اپیل ہائی کورٹ میں ہوگی - یہ تو صرف لوگوں کو دکھانے کے لئے اسمیں اپیل کی دفعہ بھی رکھ دی ہے - وہ میں حضور کے سامنے پڑھکر سناتا ہوں - دفعہ ۳۶ میں لکھا ہے -

"An appeal shall lie to the High Court against the decision of the Tribunal which shall for that purpose be deemed to be a Civil Court subordinate to the High Court.."

آخر اپیل اس Tribunal کے فیصلہ پر ہوگی جو فیصلہ کریگا - آپ نے اسکے بعد دیکھنا ہے - ٹریبونل کے اختیارات بہت محدود ہیں - ٹریبونل کے پاس اگر کوئی شخص وضاحت کے متعلق چاہے تو درخواست کر سکتا ہے ٹریبونل اسکے متعلق فیصلہ کریگا - باقی تمام اختیارات حکومت کو حاصل ہونگے - اسطرح اپیل نہیں کی جا سکیگی - صرف اتنی بات تو ہونی چاہئے کہ اگر کوئی شخص Tribunal کے فیصلہ سے satisfy نہ ہو تو اسکی اپیل کرسکے - دفعہ میں Tribunal کا لفظ لکھا ہے اس سے تمام اختیارات بورڈ کو حاصل ہیں - اب دیکھنا یہ ہے کہ ٹریبونل کن آدمیوں پر قائم ہے دفعہ ۳۵ کے مطابق تمام اختیارات Tribunal کو ہونگے - حضور والا - اس سے ظاہر ہے کہ عدالت ہائے دیوانی یعنی عدلیہ سے فرار ہیں - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ عدالت ہائے دیوانی کو اس ایکٹ میں جو حقوق حاصل تھے وہ سلب ہو گئے ہیں - حضور والا آزادیٔ ملک کا اولین تقاضا ہے کہ ان بر سر اقتدار لوگوں کے اختیارات محدود ہوں اور وہ ہر وقت مواخذہ کے لئے تیار ہوں - یہ ضروری ہے کہ جو کام انتظامیہ کرتا ہے اسکا فیصلہ عدلیہ کرے کہ آیا وہ آئینی ہے یا غیر آئینی - اگر آپ اس ایکٹ میں انتظامیہ کے کام کے متعلق یہ چاہتے ہیں کہ اسکے خلاف اپیل نہ ہو سکے تو یہ سراسر جمہوریت کے خلاف ہے - سنٹرل اسمبلی میں قرار

داد مقاصد پیش کی گئی اور ببانگ دھل کہا گیا کہ یہ جمہوریت ھے ۔ جسکا پاس جتنا کسی حاکم کو ھے اتنا ھی حکومت کے کسی ادنیٰ ملازم کو ھے کیا آپ چاھتے ھیں کہ عدلیہ کو حکومت کے کاموں میں دخل نہ ھو اور حکومت کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جا سکے ۔ یہ ھے حضور والا Safety Act یہ کوئی habeas corpus نہیں ھے ۔ میں اسلئے یہ کہونگا کہ انہیں ھٹلر قرار دیا جائے ۔ میں اپنے معزز ممبر صاحبان سے پوچھتا ھوں کہ کیا آپ اس قسم کے ایکٹ لانا چاھتے ھیں ؟ کیا آپ اس قسم کا قانون لانا چاھتے ھیں جس سے جمہوریت کا خون ھو ؟ اگر آپ کا یہ خیال ھے تو آپ کیوں نہیں ببانگ دھل وزیر صاحب کو کہہ دیتے کہ

لما تقولون ما لا تفعلون

یعنی حکومت کے متعلق آپ وہ بات کیوں کہتے ھیں جسپر آپ عمل نہیں کر سکتے ۔ اسلئے اگر آپ جمہوریت میں رھنا چاھتے ھیں اگر آپ جمہوری حکومت چاھتے ھیں تو مجھے بتائیں کہ کیا یہ جمہوریت ھے کہ کسی حکومت کے انتظامیہ کو قطعی اور اٹل فیصلہ کرنیکا اختیار ھو اور عدلیہ اسے challenge نہ کر سکے یہ وہ کیفیت ھے جس کے متعلق طعنہ دیا جاتا ھے کہ حزب مخالف کی ذھنی کیفیت اور انداز فکر کیا ھے ۔ میں حضور والا کی وساطت سے پوچھونگا کہ ھمیں طعنہ کیوں دیا جاتا ھے مجھے افسوس ھے جسوقت یہ سیلیکٹ کمیٹی بنائی گئی تھی آپ نے جی حضوری اپنے ساتھ رکھے ۔ اسلئے یہ پارٹی جو بر سر اقتدار ھے یہ ایک گروہ ھے ۔ چوروں کا گروہ نہیں ۔ بلکہ آدمیوں کا گروہ ۔

(قہقہہ) اب انہوں نے حالات او واقعات ایسے سنا دئے ھیں کہ ھمیں معاً شک ھونے لگتا ھے ۔ کہ یہ کہیں چوروں کا گروہ نہ ھو۔

Mr. Speaker : Withdraw your words.

Rana Abdul Hamid Khan : I withdraw, Sir.

جناب والا مجھے افسوس ھے کہ اپنی arguments کے حق میں مثالیں پیش کرتے ھوئے مینے چند الفاظ ایسے بھی کہہ دئے جو میرے دوستوں کو برے معلوم ھوئے اسلئے میں ان سے معافی کا خواستگار ھوں ۔ بہر حال اگر حضور خود اس ایکٹ کو دیکھیں اور وہ دفعات پڑھیں جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کی ھیں تو آپ ھر گز ھرگز کسی اور نتیجہ پر نہیں پہنچینگے کہ اس ایکٹ میں جمہوریت کا خون کیا گیا ھے اور اس سے آمریت کی بو آتی ھے ۔ وہ اختیار تو ھٹلر کو نصیب نہیں ھوا ھوگا جو کہ اس ایکٹ میں رکھ دیا گیا ھے ۔ اس پر طرہ یہ ھے کہ اسکو ایک ایسے وزیر نے

پیش کیا ہے جنہیں درویش کہا جاتا ہے کہیں بقول حضرت علامہ اقبالؒ ۔ کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری والا معاملہ نہ ہو ۔ بہر کیف جب کوئی قانون بن جاتا ہے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ اسکا مفید یا غیر مفید ہونا زیادہ تر اسکے چلانے والے پر منحصر ہوتا ہے ۔ اسکے چلانے والے کے دماغ اور کردار پر اس چیز کا انحصار ہوتا ہے کہ وہ کیسے چلتا ہے ۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ قانون کے الفاظ کو توڑ مروڑ کر کچھ کے کچھ معنے کر لئے جاتے ہیں حضور والا اس زمانہ میں تو ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو نعوذ باللہ من ذالک قرآن کریم کے الفاظ توڑ کر معنے کر لیتے ہیں لیکن حضور والا آپ کی تو ایک ذمہ دار حکومت ہے اور آپ کا دھرا فرض ہے کہ آپ ایما ن کے مطابق جیسا کہ آپ خیال کرتے ہیں صحیح حکومت کریں اور اسکے مطابق قوانین بنائیں اور دوسری بات یہ ہے کہ آپ کو عوام کا بھی خیال رکھنا چاہئے ۔ آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ کوئی ایسا قانون نہ بنا دیں جس سے عوام کو بجائے فائدہ ہونے کے نقصان ہو ۔

ایک ضروری بات جو میں عرض کرنی بھول گیا یہ ہے کہ میرے معزز دوست سید امیر حسین شاہ نے ایک ترمیم پیش کی تھی کہ جن غریب آدمیوں کی چار چار پانچ پانچ ایکڑ زمین ہوگی ان کو نقد معاوضہ کی بجائے زمین دی جائے ۔ یہ بڑی معقول تجویز تھی اور اس سے دو فائدے ہو سکتے تھے ایک تو یہ کہ زمین تو آپ کے قبضے میں آجائیگی آپ اسکو reclaim کریں ۔ لوگوں کو دیدیں ۔ بیچ دیں یا جو چاہیں اسکے ساتھ کریں ۔ اسکے بارہ میں آپ پر کوئی قید نہ تھی اور دوسرے یہ کہ وہ لوگ جو بیکا اور بیروزگار ہو جائینگے ان کو اپنے روزگار کیلئے ایک جگہ ملجائیگی۔ وہاں وہ جا کر اطمینان سے بس جائینگے اور اس زمین کی کاشت پر اپنی زندگی کے دن بسر کر سکینگے ۔ یہ ایک نہایت معقول تجویز تھی جسے آپ نے مسترد کر دیا ۔

حضور والا ۔ میں اس بل کے متعلق بہت کچھ عرض کر چکا ہوں اور اب آخیر میں میں بر سراقتدار گروہ سے صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مجھے یقین ہے بلکہ میرا ایمان اور اعتقاد ہے کہ یہ خدا کی خدائی ہے نمرود اور فرعون کی خدائی نہیں ہے اسلئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک دن انصاف ضرور ہوگا ۔ اگرچہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ شیطان ۔ تاہم میں یہ سمجھتا ہوں کہ انصاف ضرور ہوگا اور ہو کر رہیگا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں وزیر مالی سے گذارش کرونگا کہ وہ اس بل پر بنظر تعمق غور کریں اور دیکھیں کہ اسمیں کیا خامیاں ہیں اور ان کو دور کریں اور اس کے بعد

ہم ان کے ساتھ ہیں ۔ جیسا کہ میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں کہ یہ موذی مرض ہے اور اسکا علاج فوری طور پر کرنا ضروری ہے ۔ اگر وہ اس کو نافذ کر بھی دیں تو بعد میں وہ ترمیمی بل لا سکتے ہیں ۔ اگر وہ اسوقت اسکی خامیوں کی طرف توجہ نہیں کر سکتے تومیں تو یہ کہونگا کہ اگر آپ اس ایکٹ کو اپنی بعض سکیموں کا اجرا کرنیکے لئے نافذ کرنا چاہتے ہیں تو کر لیں اور اسکے چلانے کے بارہ میں آپ کو جو دقتیں پیش آئیں ان کے بارہ میں آپ ایک ترمیمی بل پیش کریں تاکہ ان لوگوں کو جو وہاں بستے ہیں کوئی تکلیف نہ ہو ۔

چودھری محمد افضل چیمہ— (لائلپور نمبر ۹ مسلم) —
جناب والا میں مسودہ پیش نظر کے متعلق اپنی معروضات پیش کرنیسے پیشتر، دو چیزیں اس معزز ایوان کے سامنے عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ یہ مسئلہ ایک ٹیکنیکل اور فنی نوعیت کا ہے سیم اور تھور کا مسئلہ ایک خاص اہیت نوعیت کا مسئلہ ہے اور مجھے ذاتی حیثیت سے اس فن پر کسی خاص واقفیت یا علمیت کا دعویٰ نہیں لہذا اگر میں بعض چیزیں ایسی عرض کروں جو دلیلوں سے غلط ثابت کر دی جائیں تو میں مشکور ہونگا اور اپنے تمام اعتراضات واپس لے لونگا ۔ دوسری گذارش جو میں حضور کی وساطت سے پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہمیں ہمیشہ یہ طعنہ دیا جاتا ہے اور ہم پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ ہم ہر جائز و ناجائز چیز کی مخالفت کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بعض اقدامات حکومت کی طرفسے ایسے ہوتے ہیں مثلاً سیفٹی ایکٹ جس سے ہمیں اصولی اختلاف ہوتا ہے

Mr. Speaker : That is not before us now.

چودھری محمد افضل چیمہ— لیکن بعض اقدامات ایسے ہوتے ہیں کہ جن کے اصولوں سے تو ہمیں اتفاق ہوتا ہے مگر جنکی جزئیات و تفصیلات سے ہمیں اختلاف ہوتا ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کہ جہاں تک پیش نظر مسودہ قانون کا تعلق ہے ہمیں اس سے اختلاف اصولی طور پر نہیں بلکہ اسکی بناوٹ کو میں ناقص سمجھتا ہوں ۔ اسکے علاوہ میں اس میں اورکئی قسم کی خامیاں محسوس کرتا ہوں ۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اصل مسئلہ حل طلب کیا ہے اور پھر اس مسودہ قانون کی رو سے اس مسئلہ کو کس طریق پر حل کرنیکی کوشش کی گئی ہے۔ اور پھر کیا وہ مجوزہ حل اس مرض کا قلع قمع کر سکتا ہے ۔ ان تین چیزوں

کے متعلق میں کچھ عرض کرونگا ۔ جہاں تک اس مسئلہ کا تعلق ہے یہ معروف چیز ہے کہ ہمارے ملک میں ۹۰ فیصدی آبادی کا ذریعہ معاش جس میں ایک غالب اکثریت چھوٹے زمینداروں کی ہے زراعت ہے ۔ ہمارے ملک میں تقریباً ۲۳ لاکھ ایکڑ زمین سیم اور تھور کی وجہ سے بیکار ہو چکی ہے اور اسکے علاوہ ہر سال سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ۴۰ ہزار ایکڑ کا اس میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے ۔ جناب والا یہ مسئلہ ایک طرف سیم کا ہے یعنی زیر زمین پانی کی سطح زمین کے قریب آ رہی ہے ۔ اور دوسری طرف جہاں واٹر ٹیبل کی سطح بہت نیچی ہے وہاں زمین پر کچھ اس قسم کے املحہ ارضی نمودار ہو رہے ہیں جو زمین کو کاشت کے قابل نہیں رہنے دیتے ۔ جسے ہم تھور کہتے ہیں ۔ تیسری چیز یہ ہے کہ کئی ایسے رقبہ جات بھی ہیں جہاں یہ دونوں چیزیں یعنی سیم اور تھور بیک وقت موجود ہیں ۔ جہاں یہ املحہ ارضی زیر زمین بھی ہیں اور زمین سے باہر بھی نمودار ہو رہے ہیں ۔ جناب والا اس مسئلہ کی وضاحت کے بعد جب ہم اس مسودہ قانون کی طرف دیکھتے ہیں تو وہاں اسکا یہ حل بتایا گیا ہے کہ ماہرین پر مشتمل ایک بورڈ بنایا جائیگا جو ایسی زمین کی اصلاح اور بحالی کیلئے ایک جامع سکیم تیار کریگا اور اسے گورنمنٹ کی منظوری کے بعد عملی جامہ پہنائیگا ۔ اور اس بورڈ کو جیسا کہ رانا صاحب نے فرمایا ہے غیر معمولی طور پر وسیع اختیارات دئے گئے ہیں ۔ جناب والا ذاتی طور پر مجھے نہ تو بورڈ کے ان اختیارات کی وسعت پر اعتراض ہے ۔ اور نہ اس بات پر اعتراض ہے کہ ان سکیموں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ایکٹ حصول اراضی اور ناردرن انڈیا ڈرینیج ایکٹ کی پرانی خاص اور اہم مروجہ دفعات کو معطل کر کے رکھ دیا گیا ہے ۔ بلکہ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ایسے ہنگامی حالات میں جب ملک کے اندر زبردست آفات ارضی و سماوی ہوں اور ملک شدید اندرونی مصائب میں مبتلا ہو تو حکومت کو غیر معمولی اختیارات ہونے چاہئیں ۔ جناب والا اعتراض مجھے اس بات پر ہے کہ جو حل اسکا تلاش کیا گیا ہے وہ مجھے قابل اطمینان نظر نہیں آتا ۔ جناب والا مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہماری حکومت سیم اور تھور کو قانوناً اور حکماً ملک سے نکل جانے کا حکم صادر فرما رہی ہے ۔ اس مسودہ قانون کو پڑھنے سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ ہماری حکومت گویا سیفٹی ایکٹ کی رو سے سیم اور تھور کے نام ایک حکم نافذ کر رہی ہے کہ وہ بیک بینی و دو گوش اس ملک سے نکل جائیں ۔ جناب والا سب سے اہم چیز جو مجھے کھٹکتی ہے وہ یہ ہے کہ اتنے بڑے اہم معاملہ کیلئے چاہئے یہ تھا کہ

ایک بڑی thorough اور عمیق تحقیقات اور ریسرچ کے بعد کوئی تیر بہدف اور مجرب نسخہ تجویز کیا جاتا اور پھر اسے عملی جامہ پہنانے کیلئے چھوٹے زمینداروں کو وسیع پیمانے پر امداد دی جاتی ۔ مگر حکومت نے اس قسم کا کوئی اقدام نہیں کیا ۔ یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ جس چیز پر اس تمام مسئلہ کا حل منحصر ہے اسکے متعلق ہمارے پاس کوئی قابل اعتماد اور قابل اطمینان مواد نہیں ہے ۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ اس مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر حکومت اسکی ریسرچ کیلئے کوئی وسیع تجربہ گاہ قائم کرتی ۔ مگر ہماری حکومت ریسرچ کو جسقدر اہمیت دے رہی ہے وہ کلاز ۱۷ کی شق (۱۷) سے ظاہر ہے ۔ وہاں یہ درج ہے کہ حکومت علمی تحقیق کیلئے مناسب ذرائع اختیار کریگی ۔ یہ تو ایسے ہی ہے جیسے کسی تپ دق کے مریض کیلئے سینی ٹوریم کا ایک وارڈ تیار کر کے اسے وہاں داخل کر لیا جائے اور پھر اسکے بعد کہا جائے کہ اب ہم تمہارے علاج کے سلسلہ میں تحقیقات کرینگے کہ کس مناسب طریق پر علاج کیا جا سکتا ہے ۔ جناب والا ذاتی طور پر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہمارے پاس سیم اور تھور کا کوئی ایسا مستند علاج موجود نہیں جو تجربے کی بنا پر صحیح ثابت ہو چکا ہو ۔ نہ ہمارے پاس کوئی ایسا مستقل تحقیقاتی ادارہ ہے جس نے اس مسئلہ پر غور اور جستجو کرنے میں کچھ سال صرف کئے ہوں ۔ اب اس بل میں بھی اس اہم مسئلہ کو نظر انداز کر دیا گیا ہے ۔

میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سیم اور تھور کے مسائل صرف اریگیشن کے مسائل نہیں بلکہ اریگیشن اور ایگریکلچر دونوں محکموں کے مساوی مسائل ہیں اور انکے لئے ایک ایسا تحقیقاتی ادارہ ہونا چاہئیے۔ جسے ان دونوں محکموں کا تعاون حاصل ہو ۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ پہلے مختلف رقبہ جات کا کیمیاوی تجزیہ کیا جاتا ۔ اور ہر رقبہ میں جو سالٹ پائے جاتے ہیں مثلاً پوٹا شیم۔کیلشیم۔وغیرہ۔انکو دریافت کیا جاتا ۔ تاکہ معلوم ہو جاتا کہ کس رقبہ میں کس علاج کی ضرورت ہے ۔ کیونکہ موضع چاہل والا میں تجربہ کی بنا پر یہ ثابت کیا گیا ہے کہ تھور کا مرض الگ ہے اور سیم کا مرض الگ ہے ۔ ایک جگہ پانی کثرت تریاق ہے اور دوسری جگہ زہر ۔ ایک جگہ پانی کا استعمال اس مرض کیلئے پیرہن کی صورت رکھتا ہے اور دوسری جگہ کفن کی ۔ مگر ابھی تک ان امراض کا کوئی موثر اور مستند حل پیش نہیں کیا گیا۔ جس پر ہمیں اعتماد ہو سکے اور جسے صرف زر کثیر سے عملی جامہ پہنایا جائے ۔ بس ابھی تک صرف error aud trial method ہی پیش کئے گئے ہیں ۔

جناب والا سب سے پہلے تو ہم نے چالیس ہزار ایکڑ سالانہ کے ہونیوالے اضافہ کو روکنا ہے۔ پھر ان ۲۳ لاکھ ایکڑ کو جو بیکار ہوچکے ہیں اور قابل کاشت نہیں رہے ریکلیم کرنا ہے ۔ یہ ایک بڑا اہم اور پیچیدہ مسئلہ ہے ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہماری حکومت وسیع پیمانے پر تحقیقات کر کے ہمیں یہ بتائے کہ وہ کونسی خاص فصلیں ہیں جن کو خاص نوعیت کے املحہٗ ارضی سے خوراک بہم پہنچتی ہے تا کہ ایسے رقبے نہ صرف بحال ہو سکیں بلکہ وہاں ساتھ ساتھ فصلیں بھی اگ سکیں ۔ ہمارے پاس صرف سیم نالیوں اور ٹیوب ویلز وغیرہ کے مشورے ہیں ۔ کوئی حتمی علاج نہیں ۔ جہانتک ٹیوب ویلز کا تعلق ہے ہم یہ مشاہدہ کی بنا پر کہہ سکتے ہیں کہ یہ محض trial methods ہیں اور انکو ابھی تک قطعیت حاصل نہیں ۔ میں آنریبل وزیر مال کی خدمت میں عرض کرونگا کہ قرول باغ اور امرتسر ٹیوب ویل سکیمیں ایسی تھیں جنکے متعلق مستند طور پر یہ کہا گیا تھا کہ وہ کامیاب ہونگی ۔ مگر بالآخر وہ کامیاب نہ ہوئیں ۔ ان حالات کے پیش نظر ٹیوب ویلز پر جو کثیر مصارف آتے ہیں انکے متعلق اطمینان اور وثوق سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ جائز مصارف ہیں ۔ اسکے علاوہ ٹیوب ویلز میں ایک بڑا اہم مسئلہ انکی maintenance کا ہے ۔ اور یہ ایک اچھی خاصی سر دردی ہے ۔ چنانچہ جہانتک آپکی رسول ہائڈل سکیم کا تعلق ہے مجھے معلوم ہوا ہے کہ یو این او کے خاص ماہر مسٹر کارپوف نے کہا ہے کہ ——

''جہاں تک سول انجینرنگ کا تعلق ہے پاکستانی انجینرز کا کام تسلی بخش ہے،، ۔

لیکن جہانتک اسکو قائم اور بحال رکھنے کا تعلق ہے یہ تمام کاروبار ان انجینئرز کے سپرد ہے جو اسمیں کوئی دلچسپی نہیں لے رہے ۔ ٹیوب ویلزکا لگانا اور ان کو maintain کرنا ایک ایسا مشکل اور پیچیدہ مسئلہ ہے کہ ہمیں ایسا خطرناک قدم اٹھانے سے پہلے اسکے متعلق تجربہ کر لینا چاہئیے تھا۔ ذاتی طور پر میں اس معاملہ میں حکومت پر پورا اعتماد رکھتا ہوں اور اسکی وجہ یہ ہے کہ ہمارے وزیر مال خود ''سیم زدہ،، ہیں ۔ کیونکہ وہ خود ایک ایسے مقام سے تعلق رکھتے ہیں جو سیم زدہ ہے ۔اور مجھے ذاتی طور پر یقین ہے کہ اس قسم کے وسیع اختیارات کا ناجائز استعمال نہیں ہوگا ۔ اور میں نے اس سلسلہ میں جو ترامیم پیش کی تھیں وہ اس قسم کی تھیں کہ حکومت کو منصوبہ بندی میں بھی کوئی دقت پیش نہ آئے ۔ اور مفاد عامہ کو بھی قربان نہ کیا جائے ۔ لیکن مجھے خطرہ ہے کہ ہمارے سامنے

کوئی ایسا مجرب نسخه پیش نہیں کیا گیا اور کوئی ایسی سکیم بتلائی نہیں گئی جسکی وسیع پیمانه پر لٹریچر کے ذریعه نشر و اشاعت کی جا سکے ۔ تا که عوام خود بھی اسپر عمل کر کے مستفید ہوسکیں ۔

جناب والا ۔ مجھے اسکی مثال یوں معلوم ہوتی ہے جیسے ایک تپ دق کا مریض جو ایک امیر گھرانے سے تعلق رکھتا ہو وہ اس مرض کےازاله کے لئے مختلف قسم کے ٹیکے اور قیمتی ادویات کا استعمال کرتا ہے اور آٹھ دس سال تک وہ اپنے علاج پر اسی طرح روپیه خرچ کرتا ہے که اسکے گھر کا سارا اثاثه ختم ہو جاتا ہے ۔ لیکن مرض کو صرف عارضی طور پر فائده ہوتا ہے ۔ جناب والا ۔ تا وقتیکه ہمیں بالکل مطمعن نه کیا جائے که کتنے سال کا عرصه اس چیز کے لئے درکار ہوگا ہماری کسطرح تسلی ہو سکتی ہے کیونکه اس چیز کا ہمیں بارہا تجربه ہو چکا ہے اور ہمیں یه خطره محسوس ہو رہا ہے جسطرح سے گورنمنٹ کی مشینری چلتی ہے که پہلے نوٹس دئے جاتے ہیں ۔ اسکے بعد مقدمات کی سماعت ہوتی ہے اور پھر رپورٹ گورنمنٹ کے پاس بھیج دی جاتی ہے ۔ تو ہمیں خطره ہے که اس چیز میں بھی خواہ مخواہ توقف ہوگا اور صورت یه ہوگی که ایک عام اور معمولی سکیم کو عملی جامه پہنانے کے لئے کم از کم آپ کو ۲ سال کا عرصه درکار ہوگا ۔ تو بقول غالب کیفیت یه ہوگی—ع

کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

کیونکه آپ نے اسکے متعلق کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا جس سے یه معلوم ہو سکے که آپ اس مسئله کو جلد از جلد حل کرنے کا اراده رکھتے ہیں ۔ اس باره میں چند ایسی چیزیں ہیں جنکی طرف میں آنریبل وزیر مال کی توجه مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ کیونکه ہو سکتا ہے که کوئی چیز ان کی نظر سے اوجھل ہو گئی ہو ۔ ایک تو یه ہے که جہانتک فصلوں کی کاشت کا تعلق ہے ان کو ایک خاص ترتیب سے کاشت کرنیکے متعلق ڈائرکٹر آف ایگریکلچر آپ کو بہترین مشوره دے سکتے ہیں ۔ آپ کو لازماً اور لا محاله انہیں اس میں شامل کرنا چاہئیے ۔ میں سمجھتا ہوں که آپ نے ایسے ماہرین کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے ۔ پھر میں یه بھی عرض کرونگا که آپ یه دیکھیں که اس قسم یا نوعیت کے مسئلے دنیا کے کن ممالک کو در پیش ہیں اور آپ یه معلوم کریں که انہوں نے ایسے مسئلوں کو حل کرنیکے لئے کیا تدابیر اختیار کی ہیں ۔ جہانتک مجھے معلوم ہے سان فرانسیسکو میں اس قسم کے تجربات کئے گئے ہیں ۔ اور چند دیگر

ممالک میں بھی ماہرین نے ایسے امراض کا سدباب کرنیکے طریقے معلوم کئے ھیں ۔ آپ کو چاھئیے کہ آپ بھی اپنے ملک میں اس قسم کے تجربات کریں او آپ کے محکمہ زراعت کے افسر اس بارے میں عملی طور پر کچھ کرتں ۔ ورنہ اگر آپ خالی ایک قانون کے ذریعہ سے اس قسم کی بیماریوں کا حل تلاش کرنا چاھتے ھیں تو میں سمجھتا ھوں کہ آپ کے لئے یہ بہت مشکل ھوگا اور مرض کی وھی کیفیت ھوگی کہ — ع

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی ۔ اور اس طرح یہ مرض بد سے بد تر ھوتا جائیگا

شیخ محبوب الٰہی — (لائلپور نمبر ۱۱ مسلم ۔ مخصوص نشست)

جناب والا ۔ میرے آنریبل دوست رانا عبدالحمید خان اور محمد افضل چیمہ نے Punjab Soil Reclamation Bill کے متعلق ابھی ابھی بہت کچھ کہا ھے ۔میں نے خود اس بل کے متعلق چند ایک ترمیمیں بھیجی تھیں جو بوجہ اپنی Unavoidable absence کے پیش نہ کرسکا ۔ اب میں اس وقت ان کا ذکر نہیں کرونگا بلکہ وہ چند امور جو اس بل کیلئے ضروری ھیں عرض کرونگا ۔ اس میں شک نہیں کہ Punjab Soil Reclamation Bill جیسا کہ تمام تسلیم کر چکے ھیں ایک نہایت اعلیٰ بل ھے ۔ اور اس سے صوبہ کو بہت فائدہ ھو سکتا ھے ۔ اسوقت تھور و سیم نے صوبہ میں خاص طور پر تحصیل جڑانوالہ (ضلع لائلپور) و ضلع شیخوپورہ کی اکثر تحصیلوں کو بری طرح سے برباد کر دیا ھے ۔

Malik Qadir Bakhsh : I draw your attention to rule 62 (1) which says—

"At any time after a question has been proposed, a member rising in his place may claim to move 'That the question be now put' and unless it shall appear to the Chair that such motion is an abuse of the rules or an infringement of the rights of the minority the question 'That the question be now put' shall be put forthwith, and decided without amendment or debate."

I do not challenge the right of the Honourable Speaker. My point of order is that first it shall be held that the motion was an abuse of the rights of the minority and then the Speaker can put the motion.

Mr. Speaker : The motion was made at a time when only first speech was being made. In view of the importance of the Bill I thought that one more speech should be made by the Opposition. The right is conferred on me by the rules that if the Speaker thinks it is an infringement of the rights of the minority.....

Malik Qadir Bakhsh : With your permission I would say that as the provision now stands the ruling of the Honourable Speaker should precede.

Mr. Speaker : At the time it was made, I had not the slightest hesitation in saying that it was an abuse of the rights of the minority.

Malik Qadir Bakhsh : In such cases, Sir, when a motion is taken to be an abuse, then, there could be another motion.

Mr. Speaker : Another motion would be quite in order.

Malik Qadir Bakhsh : I should take it that the first motion does not satand now?

Mr. Speaker : Not that. But the second motion would be prefectly in order.

شیخ محبوب الٰہی—جناب والا ۔ اسوقت جو اعداد و شمار ہمارے پاس ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ تقریباً تئیس لاکھ (۲۳,۰۰,۰۰۰) ایکڑ اراضی تھور و سیم کی نذر ہو چکی ہے ۔ اسمیں سالانہ چالیس ہزار ایکڑ اراضی کا اضافہ ہو رہا ہے ۔ ہماری یہ حالت دس پندرہ سال سے ہو رہی ہے۔ کیونکہ سطح آب آہستہ آہستہ اوپر آ رہی ہے ۔ اسکی تفصیل کافی لمبی ہے اسلئے اس موقعہ پر اس کے بیان کی چنداں ضرورت نہیں ہے بلکہ یہی کہنا مناسب سمجھتا ہوں کہ یہ ایکٹ بہت پہلے اس اسمبلی کے سامنے آنا چاہئیے تھا اور اس کے علاوہ اس ایکٹ کو کسی بڑے اچھے بورڈ میں جس میں ماہرین کی زیادہ تعداد ہوتی زیادہ مناسب طریقہ سے discuss کرنا چاہئیے تھا جو نہیں کیا گیا ۔ مگر میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل وزیر مال اسپر غور کرینگے اور دیکھیں گے کہ جو خامیاں اس ایکٹ میں موجود ہوں وہ ضروری طور پر اس میں سے رفع کی جائیں اور اسپر جو مباحثہ اسمبلی میں ہوا ہے اس سے فائدہ اٹھایا جائے ۔

جناب والا ۔ میں کلاز نمبر ۳۸ کی طرف خاص طور پر توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ اس میں Reclamation Fee کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ۔ یہ فیس میرے خیال میں ۴۰ روپے فی ایکڑ سے تجاوز نہیں کرنی چاہئیے ۔ اس فیس کو محسوب کرتے وقت صرف Recurring expenditure شمار کیا جائے ۔ اور اس میں Capital Cost کو شمار نہ کیا جائے ۔ اور اتنی فیس عائد کی جائے جو اوسط درجہ کا زمیندار بھی ادا کر سکے ۔ اسکی حد مقرر کر دینی چاہئیے جس سے زیادہ فیس نہیں لی جائیگی خواہ گورنمنٹ کو خرچ زائد کرنا پڑے ۔

جناب والا۔ میں آپ کی توجہ کلاز ۷۸ کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ جو سب کمیٹی یا بورڈ مقرر ہو وہ اس بات کا ضرور خیال رکھے کہ جب زمین کسی زمیندار سے reclamation کیلئے لی جائے اگر اسکو اسکے عوض میں اور زمین نہ دی جا سکے تو کم از کم جو پیداوار اس عرصہ میں اس زمین سے ہو اس کا تین چوتھائی حصہ اس زمیندار کو دیا جائے ۔ گو میں اسکو زیادہ پسند کرونگا کہ جس زمیندار سے جتنی زمین لی جائے اسکا ¾ حصہ زمین اسکو اسکے چک سے نزدیک ترین جگہ پر دیدیا جائے تاکہ وہ اپنے بچوں کا پیٹ پال سکے ۔ مثال کے طور پر اگر کسی زمیندار سے ۲۰ ایکڑ

زمین reclamation کیلئے لے لی جائے تو اسکو ۱۵ ایکڑ زمین بلا کسی معاوضہ کے ضرور دی جائے تا کہ وہ گزر کر سکے ۔ اور یہ زمین اسکے پاس اسوقت تک رہے جبتہ ۔ اسکی اپنی زمین اسکو درست کر کے واپس نہ دی جائے ۔ مالک اراضی نصف مربع تک سے یہ فیس بھی نہ لی جائے ۔

میرے محترم بھائی مسٹر محمد افضل چیمہ نے ٹیوب ویلز (پمپ) کا بھی ذکر کیا ہے ۔ اسکے متعلق میں صرف اتنا ہی کہہ دینا چاہتا ہوں کہ ٹیوب ویلز مختلف کاموں کیلئے لگائے جاتے ہیں ۔ محکمہ انہار پنجاب والے یہ ٹیوب ویلز تھور و سیم سے نجات دلوانے کیلئے لگا رہے ہیں اور یہ اسکا ایک طریقہ ہے ۔

دوسرے ٹیوب ویلز آبپاشی کیلئے لگائے جاتے ہیں (الف) جو زمین بارانی ہو (ب) جس زمین کیلئے نہر کا پانی ناکافی ہو ۔

جن پراجیکٹ کا ذکر کیا گیا ہے وہ پراجیکٹ یہ ہیں ۔

۱ — کیرول پراجیکٹ ۔ ۲ — میونسپل کمیٹی امرتسر — یہ پراجیکٹ میں نے شروع کیں اور انکو پایہ تکمیل تک پہنچایا ۔ اول الذکر محکمہ انہار کے چیف انجینئر کی سکیم تھی ۔ اس میں بیس ٹیوب ویل $1\frac{1}{2}$ تا ۲ (cus.) کیوسک کے تھے ۔ اور ان سے وہ رقبہ آبپاشی کرنا منظور تھا جو شالا مار باغ کے متصل دریائے راوی کے کنارے کنارے واقع ہے ۔ یہ رقبہ ضلع لاہور و شیخوپورہ میں واقع ہے ۔ ٹیوب ویل نہایت کامیاب تھے اور انہوں نے تخمینہ کے مطابق پانی دیا — ۲ — آٹھ دس ٹیوب ویل امرتسر کی آبادی کے پانی کی کمی کو پورا کرنیکے لئے لگائے گئے تھے ۔ یہ سکیم نہایت کامیاب ہوئی ۔ پانی بہت بڑی مقدار میں ملا اور پینے کے قابل تھا ۔

جناب والا ۔ ان ہر دو پراجیکٹ کا سیم و تھور سے کوئی تعلق نہ تھا اور نہ ہی ایسے رقبہ میں لگائے گئے تھے ۔ البتہ میں نے محکمہ انہار کی سکیم کے مطابق چند ٹیوب ویلز چوہڑکانہ کے قریب ۴۶—۱۹۴۵ء میں لگوائے ۔ اس سکیم کے متعلق اسوقت میری محکمہ انہار کے انجینئرز سے کافی discussion رہی ۔ مینے اس بات پر زور دیاتھا کہ ان کی اس سکیم سے فائدہ اٹھانے کے لئے انکو یہ ٹیوب ویلز نہر کے کنارے سے کم از کم ۵۰۰ فٹ کے فاصلہ پر لگائے جائیں ۔ چونکہ وہ مالک تھے اسلئے انہوں نے اپنے خیال کے مطابق یہ ٹیوب ویلز نہر کے کنارے کے ساتھ ساتھ لگوائے جن سے بد قسمتی سے وہ فائدہ نہ ہو سکا ۔

جناب والا ۔ ٹیوب ویلز کی سکیمیں دوسرے پراجیکٹ کی طرح کافی سوچ بچار والی ہوتی ہیں۔ اسلئے ان سکیموں کے شروع کرنے سے پہلے کافی غور و خوض کی ضرورت ہے ۔ ضلع شیخوپورہ کا میں نے اپنے وقت میں بہت معائنہ کیا اور دیکھا کہ تھور و سیم وہاں پر کافی تسلط جما چکی ہے ۔ غالباً ننکانہ تحصیل میں تیزی پکڑ رہی ہے ۔ وہاں پر چند ٹیوب ویلز گوردوارہ پربندھک کمیٹی کیلئے محکمہ زراعت نے لگائے تھے ۔ اس جگہ پر ٹیوب ویلز کا پانی زمین کو نہر کے پانی سے ملا کر دیا جاتا تھا کیونکہ نیچے کا پانی کھاری تھا اس وجہ سے دو تین سال میں یہ پانی تمام سٹرینر strainer و پائپ کو کھا جاتا تھا اور ٹیوب ویلز ضائع ہو جاتے تھے ۔

جناب والا ۔ اس کے متعلق سر ولیم سٹیمر اور ایک امریکن ماہر موقعہ پر آئے ۔ ان سے بہت discussion ہوئی ۔ مگر وہ بھی کوئی تجویز نہ بتلا سکے ۔ جس سے پانی کی ہیئت کو بدلا جا سکے ۔ آخر انکو بھی یہی کہنا پڑا کہ قدرت ہر ایک چیز پر ہاوی ہے ۔

ویزمال (عزت مآب چودھری محمد حسین چھٹہ) — جناب والا !
آج میں ایک خاص مسرت محسوس کرتا ہوں کہ عزت مآب وزیر اعلیٰ کی کرم فرمائی اور اس معزز ایوان اور صوبہ کے مقتدر عوام کے اعتماد کی وجہ سے مجھے یہ موقع نصیب ہوا کہ میں اس مسودہ قانون کو اس ایوان میں پیش کروں ۔ جناب والا یہ تو بالکل واضح ہے کہ جہاں اس صوبے کی ۹۰ فیصدی سے زیادہ آبادی کی معشیت کا دارومدار زمین پر ہو وہاں اس مہلک مرض کا انسداد کرنا ہر حکومت کا فرض اولین ہے ۔جب کہ اسکے تباہ کن اثرات اتنے بین اور عیاں ہو چکے ہیں ۔ اس فرض کی ادائیگی میں بہت تاخیر ہو چکی ہے اور مزید تاخیر مہلک ہوگی ۔ اس مرحلے پر میں یہ بھی کہہ دینا چاہتا ہوں کہ یہ مسودہ قانون اسلئے پیش نہیں کیا گیا کہ میں خود سیم زدہ علاقے سے آیا ہوں ۔ یہ اس مسودہ کے محرکات نہیں تھے بلکہ مجموعی طور پر صوبے کی زمین کی حالت اسقدر نا گفتہ بہ ہو چکی ہے کہ اگر اس مرض کے بڑھنے کی رفتار پر قابو پانے کےلئے کوئی سعی نہ کیگئی تو میرے خیال میں چند سالوں میں یہ صوبہ زرعی طور پر بالکل ختم ہو جائیگا ۔ میں یہ دیکھکر حیران ہوا کہ چند معزز اراکین حزب الاختلاف نے اسکو سیفٹی ایکٹ سمجھتے ہوئے اس پر بحث کا آغاز کیا اور سیفٹی ایکٹ سمجھتے ہوئے اسکا اختتام بھی کیا حالانکہ کسی ملک کے تحفظ کی خاطر بعض حالات میں سیفٹی ایکٹ کا نفاذ بھی ضروری ہوتا ہے ۔

سیفٹی ایکٹ معزز قائد حزب الاختلاف کے وقت بھی ضروری سمجھا گیا ۔ اسکے بعد مشیران کرام کے وقت بھی ۔ اور آج بھی وہ نافذ ہے ۔ ہاں اگر انکا نقطہ نگاہ یہ ہوتا کہ یہ مسودہ قانون متعلقہ مہلک مرض کے لئے سیفٹی ایکٹ کی حیثیت رکھتا ہے تو میں انکی بصیرت کی داد دیتا ۔ میں گذارش کر رہا تھا کہ چند اغراض و مقاصد کے تحت یہ مسودہ قانون اس معزز ایوان کے روبرو پیش کیا گیا ہے میں ان کے حسن و قبح کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ حزب الاختلاف کے چند معزز اراکین نے بالخصوص چودھری محمد افضل صاحب چیمہ اور شیخ محبوب الہی صاحب نے بھی ان اغراض و مقاصد سے کلی طور پر اتفاق کیا ہے ۔ (حزب مخالف کی طرف سے آوازیں ۔ ''سب نے اتفاق کیا ہے،،) جناب والا ۔ میں گذارش کر رہا تھا کہ ان دو معزز اراکین نے کھلے طور پر اسکے اغراض و مقاصد سے اتفاق کیا ہے ۔ انہوں نے بحث کے دوران میں چند تعمیری تجاویز بھی اس ایوان کے سامنے پیش کیں اور فرمایا کہ اس بل کے پاس ہو جانے کے بعد بھی ممکن ہے ہمیں مختلف حالات کے پیش نظر اس کی مختلف شقوں پر پوری طرح غور و خوض کر کے ترامیم لانا پڑیں ۔ اور مجھے ان سے اتفاق ہے۔ معزز رکن رانا عبدالحمید خان صاحب نے اپنی تقریر کے دوران میں اس بل کے اغراض و مقاصد سے اتفاق کا اظہار تو کیا مگر جو تجاویز انہوں نے پیش کیں ان سے اس بل کے اغراض و مقاصد کا بنیادی تخیل سرے سے ہی مفقود ہو جاتا تھا ۔

جناب والا — جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں یہ مسودہ قانون اس مہلک اور تباہ کن مرض پر قابو پانے اور اس کی تباہ کاریوں کو بڑھنے سے روکنے کیلئے اس معزز ایوان میں پیش کیا گیا ہے اس مرحلے پر میرا یہ تسلیم کرنا بھی بہتر ہوگا جیسا کہ معزز اراکین حزب الاختلاف نے بھی ارشاد فرمایا کہ اسکا علاج ابھی تجرباتی مرحلے پر ہے ۔ مجھے اسکا بھی اعتراف ہے کہ اسمیں تاخیر ہوئی ۔ اسمیں کوتاہیاں ہوئیں اور اس مرض پر قابو پانیکے لئے میں تو یہاں تک کہونگا کہ بعض سیاسی رہنما نہ صرف تاخیر کا سبب بنے بلکہ انہوں نے اس مسئلے کی طرف کما حقہ توجہ نہ دے کر فعل مجرمانہ کا ارتکاب کیا ۔ خیر گذشت آنچہ گذشت ۔

جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حزب الاختلاف کو اس بل کے اغراض و مقاصد سے اتفاق ہے ایسی صورت میں حزب‌الحکومت اور حزب الاختلاف میں زیادہ سے زیادہ جو اختلاف ہو سکتا ہے وہ طریق کار سے متعلق ہوگا اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ اگر اسے Safety Act کی مبینہ قباحتوں کا حامل سمجھا جائے تو حزب الاختلاف کی تمام ترامیم

اسکے بنیادی تصور کے عین مطابق تھیں ۔ اور انہوں نے کوئی غلطی نہیں کی ۔ مگر میں یہ عرض کر دوں کہ ہمارا بنیادی تخیل جو اجتماعی افادیت کے اصول پر مبنی ہے تمام مناسب اور ضروری اقدامات میں کسی تاخیر اور اور التوا کو حائل نہ ہونے دیگا اس اصول کے پیش نظر میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کی ایک ایک شق بنیادی تخیل کے عین مطابق ہے ۔ بر عکس اسکے حزب الاختلاف کے معزز نائب رہنما نے اپنے خیال کے مطابق یہ مشورہ دیا کہ اس بل کی تمام شقوں یا کم از کم تین چوتھائی شقوں کو حذف کر دیا جائے اگر انکا مشورہ مان لیا جائے تو زیر غور مسودہ قانون کا وہ مقصد جو ہماری نگاہ میں ہے سرے سے ہی فوت ہو جاتا ہے۔ تو میں یہ عرض کرونگا کہ مسلمہ مقصد کے خلاف کوئی ترمیم قبول نہیں کیجا سکتی ۔ چنانچہ میں حزب الاختلاف کے معزز اراکین کی خدمت میں بصد ادب گذارش کرونگا کہ بنیادی نقطہ اور مقصد جب متعین کر لئے جائیں تو پھر انکے حصول کیلئے دیکھنا یہ ہوتا ہے کہ ایسا قانون بنایا جائے جو بنیادی تخیل کے عین مطابق ہو ۔ اور اس مقصد کے حصول کیلئے ممد و معاون ہو نہ کہ منافی و مانع ۔

جناب والا ! ان چند معروضات کے بعد میں اپنے ذاتی دوست اور اس ایوان کے معزز رکن سید امیر حسین شاہ صاحب کے اختلافی نوٹ کی طرف آتا ہوں ۔ میں انکے اس اعتراف کا شکر گزار ہوں کہ میں نے انکی پیش کردہ چند تجاویز مان لیں ۔ مگر اسکے ساتھ ہی ساتھ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ ان کی بعض تجاویز ایسی بھی تھیں جن پر زیادہ وقت نہ ملنے کی وجہ سے بحث و تمحیص نہ ہو سکی ۔ میں جناب والا کے توسل سے اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ میں نے پہلے ایک میٹنگ بلائی تھی جس میں یہ حضرت تشریف نہ لائے پھر دوسری میٹنگ بلائی تاکہ اس بل پر مکمل غور و فکر کرنے کے بعد بحث و تمحیص ہو سکے ۔ یہ دوسری میٹنگ پہلی میٹنگ سے پورے دس روز بعد بلائی گئی ۔ مگر میرے معزز دوست اس دس دن کے عرصہ میں بھی اس پر غور و خوض نہ کر سکے ۔ میں مانتا ہوں کہ وہ بڑے مصروف آدمی ہیں اور ایک بہت بڑے اخبار کو چلانے کا کام بھی انکے ذمہ ہے۔ مگر اسکے باوجود بھی میں محسوس کرتا ہوں کہ وہ اگر ایک چھوڑ دس اخبار چلائیں تو بھی انہیں اس قانون کو اسکی اہمیت کے پیش نظر دیگر مصروفیات پر یقیناً ترجیح دینا چاہئے تھی ۔ انہوں نے اپنے اختلافی نوٹ میں فرمایا ۔

"The second amendment sought to deprive the Board of the protection of section 73, afforded to the Board, from legal action. I had submitted that if anything was done lawfully by the Board, the suit instituted against it, would anyhow be dismissed etc., etc."

میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ بورڈ مذکور کو دیوانی دعویٰ سے کسی قسم کا فائدہ حاصل نہیں ہوگا ۔ اس مسودہ قانون میں اب بھی ہر شخص دو سال تک دیوانی عدالت میں اس بورڈ پر دعویٰ کر سکتا ہے اسمیں جو تحفظ دیا گیا ہے وہ صرف قانونی اہمیت کے متعلق ہے ۔

Syed Amir Hussain Shah: On a point of order, Sir. I want to explain something and also to ask something.

Mr. Speaker : I am afraid, I cannot allow any speeches at this stage.

Syed Amir Hussain Shah : It is to explain my "Minutes of Dissent". The Minister of Revenue has misunderstood me. The point is that I had asked that no protection at all be granted to the Board. The reply that was given was....

Mr. Speaker : That cannot be made the subject of discussion now.

Syed Amir Hussain Shah : But the Honourable Minister is referring to it.

Mr. Speaker : He is only dealing with the Minutes of Dissent. I am afraid, I cannot allow any discussion at this stage. The practice is well established by Parliamentary procedure and I cannot allow any contravention of that rule.

Syed Amir Hussain Shah : Supposing, Sir, he is misquoting. I had asked in the Select Committee that no protection be afforded to the Board. I was told that the practice was to afford wider protection to the servants and officers of the Board, and it was decided that we should extend the protection as far as the servants and officers of the Board were concerned. But while doing so, they have also extended the protection to the Board.

Mr. Speaker : You should have raised a point of personal explanation.

وزیر مال— جناب والا—اب میں اس معزز ایوان کی توجہ ان اعتراضات کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو حزب مخالف کی طرف سے پیش نظر مسودہ قانون کے خلاف کئے گئے ہیں ۔ ان میں سے اکثر معزز ارکان نے اور خاص کر معزز نائب راہنمائے حزب الاختلاف نے سب سے زیادہ زور اس امر پر دیا کہ جو اختیارات بورڈ کو دئے گئے ہیں وہ بہت وسیع اور لا محدود ہیں ۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی فرمایا گیا کہ غالباً یہ اختیارات سیاسی حریفوں کے خلاف استعمال کئے جائینگے ۔ (ایک آواز ۔ میاں عبدالباری موجودد نہیں ہیں) ۔ (قطع کلامی)

اعتراضات کا جواب دیتے وقت معترضین کی موجودگی ضروری نہیں ۔ معزز نائب راہنمائے حزب الاختلاف کے اعتراضات کا جواب دینا مجھ پر لازم آتا ہے خواہ وہ موجود ہوں یا نہ ہو ۔

خیر ۔ حزب الاختلاف کے کسی معزز رکن نے ضرور یہ فرمایا تھا کہ برسر اقتدار پارٹی اس بورڈ کے اختیارات کو اپنے سیاسی حریفوں کے خلاف استعمال کریگی اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اس بورڈ کو اتنے وسیع اختیارات دے دیئے گئے ہیں جو خود حکومت کو بھی حاصل نہیں ہیں ۔

میں گزارش کرونگا کہ وہ حکومت جسکا مسلمہ اصول یہ ہو کہ اس کے پاس ایسے اختیارات نہیں ہونے چاہئیں جو سیاسی اغراض کیلئے استعمال کئے جا سکیں ۔ وہ اس امر کی ضمانت بھی دے سکتی ہے کہ اسکے ماتحت افسران ان اختیارات کا ناجائز استعمال نہیں کریں گے جو محض صوبے کی فلاح و بہبود کی خاطر انہیں دئے گئے ہیں۔ ہمارا سیاسی مسلک اس سے کہیں بلند و بالا ہے کہ سیاسی اقتدار سے ناجائز فائدہ حاصل کیا جائے یا نا واجب ایذا رسانی عمل میں لائی جائے ۔ ہم نے صوبے کی بہبودی و بہتری کیلئے ان ماہرین فن کو اختیارات دے دئے ہیں جو مرض کی تشخیص اور علاج سے بخوبی واقف ہیں اور قوم کی بہتری کیلئے عملی اقدام کر سکیں گے ۔ تھور اور سیم جیسی آفتوں کیوجہ سے پیدا شدہ ہنگامی صورت حال کا مقابلہ کرنیکے لئے یہ لازمی خیال کیا گیا کہ بورڈ کے اختیارات وسیع ہوں کیونکہ کام کی مطلوبہ رفتار ترقی کی راہ میں تضیع وقت یا کسی اور قسم کی رخنہ اندازی کو برداشت نہیں کیا جا سکتا ۔

خان افتخار حسین خان — آپ دوسروں کے کندھوں پر رکھکر بندوق چلانا چاہتے ہیں ۔

وزیر مال — جناب والا — میری گذارش ہے کہ یہ بورڈ ماہرین کا بورڈ ہوگا جو مختلف محکموں سے چنے جائینگے ۔ یعنی محکمہ نہر سے محکمہ امداد باہمی سے محکمہ جنگلات سے اور محکمہ مال سے ۔ حکومت نے اس بورڈ کو واقعی بہت سے اختیارات دئے ہیں مگر ہم حزب الاختلاف کی ہر جائز ترمیم اور معقول تجویز کو ماننے کے لئے ہر وقت تیار رہے ہیں ۔ اور اب بھی تیار ہیں ۔ بشرطیکہ وہ کوئی وزنی تجویز پیش کریں ۔

Rana Abdul Hamid Khan : On a point of order, Sir. The Honourable Minister of Revenue has just said that he concedes to the request of the Opposition and that Government is prepared to take the responsibility. Does he accept the amendment?

Mr. Speaker : The honourable member knows that this is not the stage for accepting amendments. No amendment is before the House now.

Rana Abdul Hamid Khan : Then, there was no point in saying so.

وزیر مال — جناب والا — میں ان کے دلائل کے غیر وزنی ہونیکے متعلق عرض کر رہا تھا کہ انکے دلائل ہلکے ہیں ۔ باوجود اس امر کے وہ خود نہائیت ٹھوس ہیں

(قطع کلامی)

میں گذارش یہ کر رہا تھا کہ وہ بورڈ ماہرین کا بورڈ ہوگا جو مرض کی تشخیص کر سکیں گے اور تشخیص کے بعد کم سے کم عرصہ میں بہترین علاج تجویز کر سکیں گے۔

چودھری محمد افضل چیمہ — پوائنٹ آف آرڈر — جناب والا ۔ آنریبل وزیر نے فرمایا ہے کہ آنریبل ممبر رانا عبدالحمید خان خود تو ٹھوس ہیں مگر ان کے دلائل وزنی نہیں ہیں (آوازیں ۔ اپنی سیٹ سے بولئے ۔ چودھری محمد افضل چیمہ غیر نشست سے بھاگ کر اپنی نشست کی طرف گئے) ۔

وزیر مال — اسی طرح جسطرح کہ چوھدری محمد افضل چیمہ جسمانی طور پر خود ٹھوس نہیں ہیں مگر ان کے دلائل مقابلتاً ٹھوس ہوتے ہیں (قہقہہ) ۔ جناب والا میں گذارش کر رہا تھا کہ بورڈ کو اختیارات اسلئے زیادہ دیئے گئے ہیں کہ اسکے ارکان مرض کی تشخیص کر سکیں اور فوری طور پر اسکی روک تھام کیلئے عملی اقدام بھی کر سکیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا ۔ آنریبل وزیر مال خود مختصر ہیں مگر ان کا بل زیادہ لمبا ہے ۔

(آوازیں ۔ ہر کہ بقامت کہتر بقیمت بہتر والا معاملہ ہے) ۔

وزیر مال — میں عرض کر رہا تھا کہ مختلف محکموں کے ماہروں کو بورڈ میں جمع کر کے ان کو اسقدر وسیع اختیارات اس لئے تفویض کئے گئے ہیں کہ وہ بلا روک ٹوک کام کر سکیں ۔ ہم مختلف قوانین میں مناسب ترامیم بھی اسی مقصد وحید سے کر رہے ہیں کہ کم سے کم عرصہ میں زیادہ سے زیادہ مفید کام سر انجام دیا جا سکے ۔ مال اور نہر کے قوانین کے علاوہ ضابطہ دیوانی میں بھی کچھ ترامیم کی گئی ہیں ۔ مگر ہم نے اس امر کو بھی نگاہ میں رکھا ہے کہ لوگوں کے بنیادی حقوق پر کوئی زد نہ پڑے اور لوگوں کے حقوق کے تحفظ کا اہتمام کر دیا گیا ہے ۔ اس غرض سے حصول اراضی اور مستقل مفادات کے معاوضے کے کام کے لئے ایک ٹریبونل کا قیام عمل میں لایا جائیگا ۔ حصول اراضی کے سلسلے میں عدالتی کام اسی ٹریبونل کے سپرد ہوگا تاکہ جس کسی کو کوئی شکایت ہو اسے فوراً اس ٹریبونل کے روبرو پیش کر کے تدارک کرا سکے ۔ اس خود اختیار ادارے کا صدر عدالت عالیہ کے جج کی اہلیت اور لیاقت کا حامل ہوگا ۔ یعنی اس کو ان خصوصیات سے متصف ہونا اور ان لیاقتوں کا حامل ہونا لازمی ہے جنکی بنا

پر کسی شخص کو ھائی کورٹ کا جج مقرر کیا جا سکتا ھے ۔ صدر کے ساتھ دو اسیسر ھونگے ۔ حصول اراضی اور تعین معاوضہ کے عام طریق کار سے جس میں اعلان ۔ اعتراضات کی سماعت اور عدالت عالیہ میں اپیل کی اجازت کے حصول کے لئے کئی مہینے درکار ھوتے ھیں احتراز کیا گیا ھے ۔ اسکے برعکس عام عدالتوں میں تو دو دو تین تین سال تک بھی شنوائی اور داد رسی نہیں ھو سکتی ۔

بہر حال جناب والا — میں عرض کر رھا تھا کہ طریق کار میں آسانی پیدا کر دی گئی ھے۔ تاھم اس صورت میں بھی ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف عدالت عالیہ میں اپیل ھو سکے گی۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا تبدیلی صرف دفعات ۴ — ۶ اور ۷ کے ماتحت طریق کار کو مختصر کر دینے تک محدود ھے ۔ اگر اس کام کی بے پناہ مقدار کو پیش نظر رکھا جائے تو اسکی وجہ جواز اور اسکی معقولیت کا صحیح اندازہ کیا جا سکتا ھے ۔

پھر جناب والا ۔ اسیسروں کے بارے میں بھی معزز ارکان حزب الاختلاف کو کچھ غلط فہمی ھے ۔

جناب والا — ان اسیسروں کے اختیارات یہ ھونگے :—

"If there is disagreement between the members of the Tribunal regarding measurement of lands or the amount of compensation or costs, the opinion of majority shall prevail".

جیسا کہ میں نے گذارش کی ھے یہ اسیسرز۔ انہیں اسیسرز کہیں یا ممبر کہیں ۔ بنیادی امور جائیداد کے متعلق فیصلہ کرنیکے مجاز ھوں گے ۔ کیا اسکے بعد بھی میرے معزز دوست ان اسیسروں کو وھی اصطلاحی معنی دینا چاھتے ھیں جو کہ وہ سیشن کورٹ کے اسیسروں کو دیا کرتے ھیں ۔ ذاتی طور پر مجھے تو انکا بھی بہت احترام ھے وہ اسیسر بھی بڑے معزز لوگ ھوتے ھیں ۔ مگر اس ایکٹ کے تحت مقرر ھونیوالے اسیسروں کے اختیارات بڑی حد تک اور یقینی طور پر وسیع ھیں ۔

جناب والا ! چودھری محمد افضل چیمہ صاحب نے فرمایا ھے کہ سائینٹفک ریسرچ کے اعتبار سے ھم بہت پیچھے ھیں ۔ مجھے یہ ماننے میں کوئی تامل نہیں ۔ یہ حقیقت ھے اور میں سمجھتا ھوں کہ یہ ھماری بد نصیبی ھے ۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ ھم ھاتھ پر ھاتھ دھرے بیٹھے رھیں اور اس تئیس لاکھ ایکڑ میں جو پہلے ھی تباہ و برباد ھو چکے ھے۔ ھر سال چالیس ھزار ایکڑ کا اضافہ ھوتا دیکھتے رھیں اور اسکا کوئی تدارک نہ کریں ۔ محض اسلئے کہ ھم سائینٹفک ریسرچ میں دوسری دنیا سے پیچھے ھیں اس مسودہ قانون کو جو سیم زدہ اراضی کی بحالی کیلئے نہایت ضروری ھے

پیش نہ کریں - میں ایسی منطق کا قائل نہیں - انتہائی بد نصیبی یہ ہے کہ یہ مرض ہمارے ملک میں وسیع پیمانے پر ہے - لیکن دوسرے ممالک جو سائینٹفک ریسرچ کے بہت سے مراحل طے کر چکے ہیں اور جن کے تجربات سے ہم استفادہ کر سکتے ہیں - اس مرض سے دو چار نہیں ہوئے - کہا جائیگا کہ امریکہ اور مصر میں اس پر تجربات ہوئے ہیں - لیکن معزز معترضین کو یہ پتہ نہیں کہ امریکہ میں اس مسئلہ کی نوعیت کیا ہے - وہاں زمین کی حالت کیا ہے اور یہاں کیا ہے ؟ اگر انہوں نے مصر کے حالات کو دیکھا ہوتا - اسکی اراضی کا کیمیائی تجربہ کیا ہوتا تو وہ میرے ساتھ اتفاق کرتے کہ وہاں کے تجربات کے نتائج ہمارے لئے کلی طور پر قابل تقلید نہیں ہیں - وہاں جو تجربات کئے گئے ہیں مجھے ان کا زیادہ علم تو نہیں - مگر جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے ان کے تجربات کی بنا پر تدابیر وہاں موثر سمجھی گئیں - وہ قطعی طور پر اس ملک کیلئے اور یہاں کے خصوصی حالات کیلئے اتنی موثر نہیں ہیں - اس لئے یہ مزید بد نصیبی ہے کہ ان کے تجربات سے ہمیں یہ فائدہ نہیں پہنچ سکا کہ ہم مؤثر سے مؤثر طریق پر اور جلد سے جلد اس مرض پر قابو پا سکیں - مگر ان تمام امور کے باوجود میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارا یہ فرض اور زیادہ اہم ہو جاتا ہے - کہ ہم اس مرض پر قابو پانے کیلئے تجربات کرتے چلے جائیں - خواہ ہمیں اسمیں کثیر مصارف کا متحمل ہی کیوں نہ ہونا پڑے - یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہو سکتا ہے سارے صوبہ کی آمدنی اس پر ضائع کر دیجائے - میں بصد ادب گذارش کرونگا کہ اگر صوبہ میں یہ مرض اسی طرح بڑھتا چلا گیا جسطرح کہ اب بڑھ رہا ہے تو دس سال میں صوبہ ویسے ہی ختم ہو جائیگا - اس لئے ہمیں یہ کوشش کرنا ہے کہ خواہ غلطیاں ہوتی رہیں تو بھی - اگر ہمیں باہر سے ماہرین بلانے پڑیں تو بھی - اور اگر بھاری مصارف برداشت کرنا پڑیں تو بھی - جلد از جلد مؤثر سے مؤثر طریق پر اسکی بیخ کنی کی جائے - اسکے ساتھ ہی ساتھ مجھے یہ کہنے میں بھی جھجک نہیں کہ ہمارے صوبہ بلکہ پاکستان بھر میں مجموعی طور پر لوگوں کی حالت یہ ہے کہ وہ ہر کام میں حکومت ہی کی طرف دیکھتے ہیں - اور توقع رکھتے ہیں کہ وہی تمام تدابیر سوچے ، اور وہی تمام اقدامات کرے - ملک کیلئے یہ کوئی اچھا شگون نہیں بلکہ قطعی طور پر غلط رجحان ہے ، میں حزب الاختلاف سے بھی گذارش کرونگا کہ انہیں بھی اسکا احساس اسی شدت سے ہونا چاہئے جس طرح ہمیں ہے -

جناب والا ۔ لوگوں کی نکتہ چینی کی پرواہ نہ کرتے ہوئے میں بتانا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال جب اس صوبہ کو مکڑی کی آفت کا سامنا کرنا پڑا تو لوگوں نے بجائے اس کے کہ خود اس کا تدارک کرتے جیسا کہ ان کا فرض تھا حکومت ہی کی طرف دیکھا اور اسکے افسروں کی مدد سے اس پر قابو پایا ۔ حالانکہ کسی اور آزاد ملک میں ایسی ناگہانی آفتوں کا مقابلہ عامتہ الناس خود ہی مردانہ وار کرتے ہیں اور حکومت پر تکیہ نہیں رکھتے ۔ یہ کتنی شرمناک بات ہے ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر حکومت سے صرف یہ توقع کی جاتی کہ وہ ہدایات دے اور باقی تمام کام عوام خود ہی سر انجام دے لیتے ۔ اگر یوں ہوتا تو مجھ سے زیادہ کون خوش ہو سکتا تھا ۔ لیکن بد قسمتی سے حالات اس سے مختلف ہیں ۔ اور یہی صورت حال اس مسودہ قانون کو پیش کرنیکی وجہ جواز ہے ۔ جب ہم یہ مانتے ہیں کہ یہ مرض بہت بری ہے ۔ جب ہم مانتے ہیں کہ حالات ایسے ناگفتہ بہ ہیں ۔ جب ہم مانتے ہیں کہ بالاخر حکومت ہی کو اس کا سدباب کرنا ہے تو ہمیں یہ بھی ماننا پڑیگا کہ حکومت کو اسکے لئے وسائل بھی ڈھونڈنا ہونگے ۔ اسکے لئے پروگرام بنانا ہوگا اور اسکو عملی جامہ پہنانے کیلئے کسی قسم کا کوئی ٹیکس بھی عائد کرنا ہوگا ۔ مگر حزب الاختلاف کی طرف سے بہت زور دیا گیا ہے کہ یہ نہیں ہونا چاہئیے ۔ اگر انہوں نے فیس بحالی کی شقوں پر غور کیا ہوتا تو وہ یہ اعتراض نہ کرتے ہاں الفاظ ہیں Government may levy یعنی حکومت کو ایسی فیس عائد کرنے کے اختیارات ہیں یا ہو سکتے ہیں ۔ مگر انہیں اس سے یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ حکومت ضرور ایسا کریگی ۔ حکومت خواہ ہماری ہو یا کسی وقت حزب الاختلاف کی ہو اسے ان وسیع پروگراموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ایسی فیس یا ٹیکس عائد کرنے نہایت ضروری ہونگے ۔ حالات کا تقاضا انہیں اس قسم کے اختیارات حاصل کرنے پر مجبور کریگا ۔

صرف ٹیوب ویل کی تجویز پر ۴۰۴ کروڑ کی لاگت آئیگی ۔ بعد ازاں نظام اخراج آب پر ۴۰۳۷ کروڑ خرچ ہوگا ۔ اور اس میں بحالی اراضی کا خرچ بھی شامل کر لینا چاہئیے جو ۴۰ روپے فی ایکڑ کے قریب ہوگا ۔

صرف اتنا ہی نہیں ۔ صوبے بھر میں اس خطرہ کا سامنا کرنے کیلئے زائد ٹیوب ویل اور نالیاں بنائی جائینگی اور یہ زائد خرچ فیس بحالی اور محصول اصلاح کی صورت میں وصول کیا جائیگا ۔

اس مرحلے پر یہ بتانا ممکن نہیں کہ اور زیادہ نالیاں اور ٹیوب ویل بنانے پر کیا خرچ اٹھے گا ۔ چونکہ ابھی تک منصوبہ تیار نہیں کیا گیا اسلئے

اسکے قرار و قیام اور نگہداشت کی لاگت نہیں بتائی جا سکتی - اس وقت تو موجودہ محکمہ بحالی اراضی پر قریباً ۱,۶۲,۴۴۴ روپیے سالانہ خرچ آتا ہے -

تو جناب والا میں گذارش کر رہا تھا کہ وہاں الفاظ ہیں may levy یعنی حکومت کو عائد کرنیکے اختیارات ہونگے مگر ساتھ ہی ساتھ اس میں یہ بھی اہتمام کیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص فیس دینے کے قابل نہ ہو تو اسکی تسلی بخش اور معقول ضمانت بھی قبول کی جا سکتی ہے - اس وضاحت کے بعد حزب‌الاختلاف کا یہ اعتراض باطل ہو جاتا ہے کہ فیس بحالی کا عائد کیا جانا زمینداروں پر سختی کا باعث ہوگا

پھر جناب والا انہوں نے فرمایا کہ فیس بحالی کے علاوہ ٹیکس اصلاح اراضی Land Improvement Tax بھی عائد کیا جائیگا - جس سے غریب زمینداروں پر مزید بوجھ پڑیگا -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. I want your ruling. The Minister of Education is asleep, while the Minister of Revenue is speaking.

Mr. Speaker : The Minister is awake.

وزیر مال —جناب والا میں Land Improvement Tax کے متعلق گذارش کر رہا تھا - اگر معزز ارکان نے اس پر غور کرنیکی زحمت گوارا کی ہوتی تو وہ یہ اعتراض نہ فرماتے - جملہ شرطیہ میں وضاحت کے ساتھ درج ہے کہ :—

"بورڈ ایسے شخص یا ایسے اشخاص کی جماعت کو ایسے ٹیکس یا اسکا کوئی حصہ ان شرائط پر جو بورڈ عائد کرے ادا کرنے سے مستثنیٰ قرار دے سکتا ہے جو اس سے یا ان سے وصول کیا جانا تھا"

جب اس جملہ شرطیہ کے ذریعے مستثنیٰ قرار دینے کی گنجائش رکھی گئی ہے تو پھر میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ یہ ٹیکس کسطرح سختی کا باعث ہوگا - حزب‌الاختلاف کے معزز ارکان کے اعتراضات کا جواب خود مسودہ قانون میں موجود ہے - مگر اس پر بھی وہ کہہ دینگے کہ حکومت اس قانون کے مفوضہ اختیارات سیاسی حریفوں کے خلاف یا حلیفوں کے حق میں استعمال کریگی - خدا را اپنے اذہان کو ایسے شبہات سے پاک رکھئے گا -

معزز رہنمائے حزب الاختلاف نے کل مجھے نجی طور پر فرمایا کہ آپ بیشک ایسے قوانین بناتے چلے جائیں ان کا نفاذ تو ہم ہی کرینگے - جتنے وسیع اختیارات آج آپ حاصل کرینگے وہ بالاخر بر سر اقتدار آ کر ہم ہی استعمال کرینگے -

وہ جب بھی بر سر اقتدار آئیں بڑے شوق سے انکا استعمال کریں مجھے تو اسی میں مسرت ہے بلکہ مجھے اسکا فخر ہے کہ ایسے مسودہ ہائے قانون جنکو میں صوبے کی بہتری اور فلاح کیلئے ضروری سمجھتا ہوں اس معزز ایوان سے منظور کراؤں عام اس سے کہ میں خود انکے نفاذ تک رہوں یا نہ رہوں قطع نظر اس سے کہ انکے منظور یا نافذ کرانے سے میری ہر دلعزیزی پر کیا اثر پڑتا ہے - میرے لئے یہ امر کچھ کم خوشی کا باعث نہ ہوگا کہ میں ایک ایسا کام کر جاؤں جس کا اول تو انہیں خیال ہی نہیں آتا اور اگر آ بھی جائے تو وہ اسلئے پیش کرنیکی جسارت نہیں کر سکتے مبادا اس سے ان کی ہر دلعزیزی میں فرق آ جائے -

علاوہ ازیں میں انکی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ اس مسودہ قانون میں اس امر کا بھی انتظام کر دیا گیا ہے کہ اس ایکٹ کے تحت فرائض کی بجا آوری کے سلسلے میں حکومت بورڈ کو امدادی رقوم بھی دے سکتی ہے اور کسی لوکل باڈی سے بھی رقوم دلا سکتی ہے -

ایک معزز ممبر— سود پر

وزیر مال— میں نے اسکے متعلق عرض کرنیکا وعدہ کیا ہوا ہے -

جناب والا اس شق کے متعلق دو معزز اراکین یعنی خان عبدالستار خان نیازی اور چودھری محمد افضل چیمہ نے بحث کی - جہاں تک سود کے شرعاً ناجائیز ہونیکا تعلق ہے مجھے ان سے کلی طور پر اتفاق ہے اور جس حد تک چوھدری محمد افضل صاحب چیمہ نے ہماری عملی مشکلات کے احساس کا اظہار کیا ہے میں ان کا شکر گزار ہوں اگر آپ کی حکومت اس پوزیشن میں ہو کہ وہ کسی کو کوئی امدادی روپیہ اپنی گرہ سے دے سکے تو کسی قسم کا سود نہ لینا چاہئے مگر وہ حکومت جو خود اقتصادی حالات سے مجبور ہو کر قرضہ لے تو وہ بلا سود قرضہ کیسے دے سکے گی - اللہ کرے کہ صوبہ کے وسائل اتنے زیادہ ہو جائیں صوبہ کی اقتصادی حالت اتنی اچھی ہو جائے کہ لوگوں کو بغیر سود قرضہ دیا جا سکے -

ایک معزز ممبر— اگر مگر کچھ نہیں -

وزیر مال—دوران بحث معزز نائب رہنمائے حزب الاختلاف نے حکومت کی آمریت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ خود تو ٹیوب ویل ہی کو اس مرض پر قابو پانے کا موثر ذریعہ سمجھتے ہیں لیکن جب کوئی دوسرا شخص انفرادی طور پر ٹیوب ویل لگانا چاہے تو اسکی راہ میں حائل ہوتے ہیں -

میں مختصراً ان کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ عام افراد کو ٹیوب ویل لگانے کی اجازت نہ دینے کے حق میں فوری قومی دلائل ہیں اور وہ یہ کہ :-

(۱) ممکن ہے کئی علاقوں میں زیر زمین پانی آبپاشی کی اغراض کے لئے موزوں نہ ہو۔ اس قسم کا پانی بے روک ٹوک استعمال کر کے اراضیات کو اور خراب کرنیکی اجازت نہیں دی جا سکتی -

(۲) زیر زمین ذخیرہ آب غیر مختتم نہیں نہ ہی اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ کس قدر مقدار استعمال کیلئے دستیاب ہو سکتی ہے اسلئے ٹیوب ویل کی بے روک ٹوک تنصیب کی اجازت نہیں دی جا سکتی کیونکہ یہ صوبے کے مفاد کے منافی ہوگا -

بعض صورتوں میں ٹیوب ویل کا پانی آبپاشی کیلئے استعمال کئے جانے سے پہلے نہر کے پانی کی بہت بڑی مقدار میں ملانا پڑیگا اور وہ بھی ایک خاص وقت تک جب کہ زیر زمین سطح آب سطح زمین سے ۱۰ فٹ تک ہو -

(۲) زیر زمین سطح آب یکساں نہیں ہوتی بلکہ اس کا انحصار بارش پر ہوتا ہے جو گھٹتی بڑھتی رہتی ہے اندریں صورت اس پر ضبط کی ضرورت ہے اور اجازت نامہ صرف مناسب تحقیقات کے بعد ہی جاری کیا جا سکتا ہے -

انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ جب حکومت کے افسروں کے خلاف کوئی کارروائی کرنا مطلوب ہو تو حکومت اس پر پابندیاں عائد کرتی ہے یعنی یہ کہ اسکے متعلق افسر کو ایسا نوٹس دینا ضروری قرار دیتی ہے جس میں کہ تمام تفاصیل درج ہوں اور بر عکس اسکے عام افراد کیلئے جو متاثرہ علاقہ میں رہتے ہوں اس قسم کی رعایات ضروری نہیں سمجھی گئیں - ایسی تخصیص کیوں روا رکھی گئی - اسکے متعلق میں یہ گذارش کرونگا کہ جب ایک وسیع علاقے میں سیم زدگی کے انسداد کیلئے تجاویز بروئے کار لانا ہونگی تو اس میں ایسے دیہات بھی ہونگے جہاں چھوٹے چھوٹے مالکان اراضی کی کثیر تعداد ہوگی جن میں سے بعض بحالی اراضی کی سکیم کے نفاذ پر رضامند ہونگے اور بعض نہیں ہونگے اگر ان کی رضامندی کی شرط ضروری قرار دی جائے تو ہو سکتا ہے کہ سکیم پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکے - بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ انتقالات اراضی منظور ہوتے سال گذر جاتے ہیں اور چونکہ اس صورت میں ملکیت متنازعفیہ ہوتی ہے اسلئے حقیقی مالک کے متعلق تازہ ترین اطلاع حاصل نہیں ہو سکتی -

اگر اراضی کی ملکیت مشترکہ ہونیکی صورت میں بھی فرداً فرداً نوٹس دئے جانیکی شرط لازم کر دی جائے تو بحالی کی کارروائی میں ناواجب التوا پیدا ہوگا اور اس سے بورڈ بحالی اراضی کے کام پر برا اثر پڑے گا ۔ ان حالات میں اجتماعی فائدے کیلئے ہر فرد کو نوٹس دینا ضروری قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ انتقال کا فیصلہ ہو جانے پر کلکٹر اراضی کے جائز مالکوں کو معاوضہ کی رقم ادا کر دیگا ۔ اسوقت تک ٹریبیونل کی طرف سے مقرر کردہ رقم اسکے قبضے میں رہیگی اور اراضی تاریخ حصول سے بورڈ کے قبضے میں ہوگی ۔

معزز نائب رہنمائے حزب‌الاختلاف نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ شہد کی مکھیوں اور ڈیری فارموں کا بحالی اراضی کی سکیموں سے کیا تعلق ہے ۔ اراضی کو پانی کم ملنے کی وجہ سے تبخیر اور عمل شعری زمین کو بہت نقصان پہنچاتے ہیں اور یہی انحطاط اراضی کا باعث ہے ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اراضی سبزے سے ڈھکی رہے ۔ سارے رقبے کو زیر کاشت لانے کیلئے مسلسل بہمرسانی آب کے انتظامات کی عدم موجودگی میں یہی ایک علاج ہے کہ جو رقبہ زیر کاشت نہیں لایا جا سکتا اسے ایسے اوقات پر جب دریا میں پانی کی فراوانی ہو یعنی برسات کے موسم میں پانی مہیا کیا جائے اس سے یہ اراضی چراگاہ بن جائے گی اور مفید ترین طریقہ یہ ہوگا کہ ایسی اراضیات میں ڈیری فارم ۔ پولٹری فارم اور شہد کی مکھیوں کے فارم بنا لئے جائیں تاکہ مالکوں کو ان سے کچھ آمدنی ہو سکے ۔ مسودہ قانون میں ایسی صورتوں کیلئے مدات کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔

آخر میں میں حکومت کے منشا کے متعلق بھی گذارشات کر دوں چونکہ میرے معزز دوست رانا عبدالحمید خان نے یہ فرمایا تھا کہ میں اسکے متعلق بھی وضاحت کر دوں صوبہ بھر میں ۲۳ لاکھ ایکڑ اراضی شور زدہ ہے اس رقبہ میں ۴۰ لاکھ ایکڑ سالانہ کی شرح سے تشویش انگیز اضافہ ہو رہا ہے صوبہ میں سب سے زیادہ نقصان رسیدہ رقبہ رچنا اور چج دوآب کا علاقہ ہے جسکا مجموعی رقبہ ۱۰۴ لاکھ ایکڑ ہے اس میں سے ۳۲۴۶ لاکھ ایکڑ اراضی بری طرح ملوث ہے ۔ ۳۸۲۶۳۸ لاکھ ایکڑ پر خطر خطے میں واقع ہے اور جزوی طور پر شور زدہ ہے مزید ۱۵۶۲۶ لاکھ ایکڑ کے اثر پذیر ہونیکا احتمال ہے ابتدائی مراحل میں نقص یہ تھا کہ اراضی کی بحالی کا کوئی طریقہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے توجہ زیادہ اس آفت کو پھیلنے سے روکنے کی تدابیر پر مرکوز کی جاتی تھی ۔ دونوں دوآب پر کھلی نالیوں کا جال بچھا دیا گیا بحالی اراضی کے مختلف فارموں پر سائنٹفک تحقیق سے پہلی مرتبہ اس امر کا انکشاف ہوا کہ زمینوں کو بحال کیا جا سکتا ہے

چنانچہ اس وقت سے یہ تدابیر اختیار کی گئیں کہ حکومت کی فنی امداد سے زمیندار از خود بحالی اراضی کے کام میں پیش قدمی کریں مگر یہ طریقہ بہت کامیاب نہیں ہوا اور اس سے ہر سال صرف ۲۵ ہزار ایکڑ اراضی بحال ہوتی ہے اور بقیہ ۱۵ ہزار ایکڑ نقصان رسیدہ رقبے میں شامل ہو جاتی ہے -

اس مسئلے پر ہمارے نمائندوں نے ماہرین عالم سے تبادلہ خیالات کیا ہے اور وہ باہم دگر اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ :—

۱ — پنجاب میں جسقدر پانی دستیاب ہوتا ہے وہ زرعی اراضیات کی ضرورتوں کے صرف ایک تہائی حصے کیلئے کافی ہے اور اس میں اضافہ کیا جانا ضروری ہے -

۲ — انحطاط اراضی کا باعث یہ ہے کہ اراضی کو پانی کم مہیا ہوتا ہے جو تبخیر اور عمل شعری سے زمین کو بہت نقصان پہنچاتا ہے پس ضروری ہے کہ اراضی کو سال بھر سبزے سے ڈھانپے رکھا جائے -

۳ — زمین سے زائد پانی کا نکاس ، فصلوں کی بدل بدل کر کاشت اور پانی کی بہمرسانی اشد ضروری ہیں -

علاوہ ازیں ماہرین نے پانی کے بکفایت استعمال کی غرض سے اراضی کو ہموار رکھنے اور اس کے نشیب و فراز کم کرنے پر بہت زور دیا ہے- مسودہ قانون کی غایت یہ ہے کہ ہر سال جتنا رقبہ انحطاط پذیر ہو اس سے زیادہ رقبہ بحال کیا جائے زیر زمین مقدار آب میں اضافہ کیا جائے - اور جہاں تک ممکن ہو سکے اراضی کو ڈھانپے رکھا جائے - کھیتوں کی نالیوں کی داغ بیل میں زمینداروں کو مدد دی جائے اور اراضی کیلئے موزوں فصلوں اور میووں کے باغات کا انتخاب کرنے میں ان کی فنی مدد کی جائے انکی کھیت نالیوں کو پانی کے نکاس کے اصل سلسلے سے جوڑا جائے انہیں کافی پانی مہیا کیا جائے اور جہاں ضرورت ہو انہیں امدادی قرضے بھی دئے جائیں -

جب یہ سب کچھ کیا جانا ہو تو ایسے اشخاص کیلئے جو بحالی اراضی کا کام کا بیڑا خود اٹھانے کے قابل نہ ہوں اور سائینٹفک بنا پر دی گئی ہدایات کی تعمیل سے قاصر ہوں قانون بنانا ضروری ہو جاتا ہے - اسلئے حکومت نے ایسی صورتوں میں حصول اراضی کیلئے مناسب شقوں کی گنجائش رکھی ہے - جس کام کو اپنے ذمے لیا گیا ہے اسکی تکمیل اور دوسروں کے نیک کام میں رخنہ ڈالنے والی رکاوٹوں کے تدارک کیلئے یہ نہایت ضروری ہے - ہم ان طریقوں سے زمین کو بحال کرنیکی کوشش کرنا چاہتے ہیں حکومت

کسی کو بے دخل نہیں کرنا چاہتی قدرتی طور پر ان ذرائع سے زمین کی اصلاح اور بحالی کرنیکے لئے افراد کی ضرورت ہوگی یا تو آپ وہاں مزدور لگائیں اور یا پھر انہی لوگوں سے کام لیں ۔ ہم یہ زیادہ مناسب خیال کرتے ہیں کہ وہی لوگ ہماری ہدایات کے تحت وہاں کام کریں ۔ بحالی اراضی کے کام کیلئے یہ امر مفید نہیں کہ زرعی اراضی پر کام کرنے والوں کو بے دخل کیا جائے نہ ہی حکومت کا یہ منشا ہے کہ اراضی کاشت کرنے کیلئے زراعت پیشہ لوگوں کو نقصان پہنچا کر میکانی ذرائع کاشت استعمال میں لائے جائیں ۔ اراضی اور دیگر مفادات عامہ صرف اسی صورت میں حاصل کئے جائینگے جب منصوبے پر من حیث المجموع بطریق احسن عملدر آمد کی خاطر ایسا کرنا ضروری ہو ۔ بنیادی پالیسی (لائحہ عمل) یہی رہے گی ۔ کہ بحالی کا کام اس حد تک خود کاشتکاروں کو سونپا جائے ۔ جس حد تک کہ وہ اپنی استعداد اور وسائل پر انحصار رکھتے ہوئے اپنے ذمہ لے سکتے ہیں جناب والا ہم صرف ایسے لوگوں کو بے دخل کرنیکے لئے کم از کم اختیارات چاہتے ہیں جو ایک وسیع رقبہ میں اس سکیم کو کامیاب نہ ہونے دیں اور دوسرے لوگوں کے نقصان کا باعث ہوں اگر یہ لوگ ہماری ہدایات پر عمل نہ کریں تو ہم یہی مناسب سمجھینگے کہ ان کو دوسرے لوگوں کی زمین کی بحالی میں حائل نہ ہونے دیا جائے مگر ہماری کوشش یہی ہوگی کہ مزدوروں کی بجائے انہی لوگوں سے کام لیا جائے ہم کسی کو بے دخل نہیں کرنا چاہتے ۔ اگر حکومت کسی جگہ کسی قسم کا کوئی تجربہ کرنا چاہیگی تو بھی وہ وہاں سے مزارعین کو بے دخل کرنا پسند نہیں کریگی ۔ حکومت حصول اراضی کیلئے جو اختیارات لے رہی ہے وہ کسی ایک آدمی سے زمین لینے کیلئے نہیں بلکہ اسلئے ہیں کہ اگر کسی علاقہ میں لوگ مجموعی طور پر اصلاح کی راہ میں حائل ہوں اور حکومت کی ہدایات کی تعمیل نہ کریں تو وہ ان اختیارات کو انکے خلاف استعمال کر سکے ۔ میرے خیال میں ایسے حالات میں ان اختیارات کے استعمال پر شاید حزب الاختلاف کو بھی اعتراض نہیں ہوگا ۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے بحالی کی فیس اور امدادی رقوم کے متعلق قواعد بناتے وقت میں یہ کوشش کرونگا کہ انکو اتنا آسان کیا جائے کہ وہ کسی پر کوئی بار نہ ہوں ۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ تجربہ اتنا کامیاب نہیں ہم حالات سے اتنے آگاہ نہیں اسلئے ہو سکتا کہ ہمارا تخمینہ غلط ثابت ہو اور بعد میں اس میں اضافہ یا کمی کرنے کی ضرورت پیش آئے اگر ایسا ہو تو یقینی طور پر اس مسودہ قانون میں بھی ترمیم لائی جا سکتی ہے اور اسکے تحت مرتبہ

قواعد میں بھی تبدیلی کی جا سکتی ہے کیونکہ اس قانون کا منتہائے نظر لوگوں کی فلاح ہے بالخصوص ان لوگوں کی جو کسی وقت نہایت زرخیز زمینوں کے مالک تھے اور آپ لوگوں کو تمام چیزیں مہیا کرتے تھے -

آخر میں میں حزب الاختلاف کے معزز اراکین سے پھر یہ گذارش کرونگا کہ وہ اس مسئلہ کو اس نظر سے دیکھیں اور جب مجھے ان پر اس قدر اعتماد ہے تو وہ بھی مجھ پر اعتماد کریں - میں یہ دیانتداری سے سمجھتا ہوں کہ بورڈ کو جو یہ غیر معمولی اختیارات تفویض کئے گئے ہیں وہ اس سکیم کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ضروری ہیں - میں انکو یقین دلاتا ہوں کہ جن لوگوں کے پاس یہ اختیارات ہونگے وہ انہیں سیاسی اغراض کیلئے استعمال نہیں کرینگے -

صرف ایک بات اور کہہ دوں اور وہ یہ کہ متاثرہ علاقے صوبہ میں کچھ ایسی جگہ واقع ہوئے ہیں جیسے ہم پنجاب کا دل کہ سکتے ہیں- اور یہ بھی درست ہے کہ وہاں آبادی گنجان ہے پنجاب کا دل بھی ہو آبادی بھی گنجان ہو - پھر اگر اس علاقے کو اسکے حال پر چھوڑ دیا جائے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم اس تمام علاقے سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے - آباد زراعت پیشہ باشندوں کو بے خانماں کر دینگے اور انکی از سر نو آبادکاری کا مسئلہ پیدا کر لینگے - جس کا حل نا ممکن ہوگا - اگر ان اصلاحات پر عمل نہ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اپنے فرائض سے کوتاہی کرنا ہے میں اتنا عرض کر دوں کہ اگر میں رہا تو میں یہ کوشش کرونگا کہ اسپر جلد از جلد کام کیا جائے - گو مسودہ قانون کی دفعات سخت ہیں اور انکی رو سے بورڈ کو وسیع اختیارات حاصل ہوتے ہیں تاہم میں یقین دلاتا ہوں کہ انہیں بلا امتیاز اور بغیر رو رعایت استعمال کیا جائے گا - سختی نہیں کی جائیگی اور سیاسی اغراض کے قطع نظر مقصد کے حصول کیلئے موثر طریق پر استعمال کیا جائیگا -

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کو بالاتفاق رائے منظور فرمایا جائے -

Mr. C. E. Gibbon : On a point of privilege, Sir. According to a news item which has appeared in the Press the public are confused in their mind that the Honourable Leader of the House has set up a drafting committee which according to this note is supposed to be the drafting committee of the Punjab Legislative Assembly. As this Bill has gone to a drafting committee under rule 103, I would like the Honourable Speaker to please clear this point so that the public should not be confused that the privileges of this House have been in any way infringed by the Honourable Leader of the House.

Mr. Speaker : I will consider the point.

The question is—

That the Punjab Soil Reclamation Bill as amended be passed.

The motion was carried.

MURREE MUNICIPAL COMMITTEE CONSTITUTION BILL

Minister of Education :—(The Honorable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti): Sir, I beg to introduce the Murree Municipal Committee Constitution Bill.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. My point of order is that the Honourable Minister is debarred under Rule 80 to introduce the Murree Municipal Committee Constitution Bill, 1952. Rule 80 reads:

"Any member desiring to move for leave to introduce a bill shall give fifteen days' notice of his intention and shall, together with his notice submit a copy of the bill and a full statement of objects and reasons".

This Bill was circulated to members on the 8th of May 1952. A notice to move this Bill was, therefore, not received in accordance with this provision. This rule, Sir, is a mandatory rule. This Bill, as printed and circulated to members, is dated the 7th May 1952, and it was handed to members on the 8th of May 1952. I think, Sir, that under Rule 80 the Honourable Minister is debarred from moving—

"That the Murree Municipal Committee Constitution Bill, 1952, be introduced."

Mr. Speaker: Rule 80 obviously refers to a motion "for leave being given". The motion at present is not for "leave being given", but it is for "introducing, the Bill" itself. Moreover, a Government measure is printed in the *Government Gazette*. This 15 days notice under Rule 80 is necessary only for a motion for leave to introduce a private bill. Therefore, Rule 80 does not apply. The point of order is over-ruled.

Mr. C. E. Gibbon : Another point of order, Sir. Before a bill is published in the *Punjab Gazette* (Extraordinary), proviso to Rule 83 has no bearing whatsoever on Rule 80. Rule 80 is mandatory and whether or not a Government Bill is published under the proviso to Rule 83 has no bearing whatsoever on the time limit which is prescribed under Rule 80.

Mr. Speaker : I am afraid I did not follow the last portion.

Mr. C. E. Gibbon: Your Honour had observed that the Bill has also been published under the proviso to Rule 83.

Mr. Speaker : I did not say "under the proviso to Rule 83".

Mr. C. E. Gibbon : Your Honour said "A Government measure is printed in the Gazette".

Mr. Speaker : Yes, but I did not say "under the proviso to Rule 83". The Honourable member cannot read into my remarks what I did not say.

Mr. C. E. Gibbon : My point is that proviso to Rule 83 has no bearing whatsoever on the mandatory provisions of Rule 80 and no discretion is given to the Speaker to depart from the time limit prescribed in this rule.

Mr. Speaker : The honourable member is quite right that the provisions of Rule 80 are manadatory but as I pointed out they do not apply to this case. The motion is not "for leave to introduce the bill", it is "for introducing the bill" itself. I hope the honourable member realises the difference between the two.

Mr. C. E. Gibbon : Another point of order, Sir. The motion "for leave to introduce a bill" is its first stage, but before you come to the first stage there are certain manadatory provisions and the first mandatory provision is that any

member, whether he happens to be an Honourable Minister or not, must comply with this rule of 15 days notice. Only then, in case of Government measure the question of publishing it under proviso to Rule 83 comes. The Honourable Minister is debarred from introudcing the bill because he has not complied with the provisions of a mandatory rule.

Mr. Speaker : The honourable member has simply reiterated his previous point of order. No discussion would take place at the stage of introudction of a bill, obviously because I noticed the distinction between a motion "for leave to introduce a bill" and a motion "for introducing the bill" itself. This point of order, though differently worded, is over-ruled.

Mr. C. E. Gibbon : My point of order is.....

Mr. Speaker : Is it a fresh one ?

Mr. C. E. Gibbon : Yes, Sir. Fresh one. (*laughter*). My point of order is that the Honourable Minister is debarred from even reading this sentence in the House.

Mr. Speaker : I have already over-ruled it.

Mr. C. E. Gibbon : You have not over-ruled this.

Mr. Speaker : I have. This is the same point of order.

Mr. C. E. Gibbon : I say that Rule 80 debars him from reading the Bill.

Mr. Speaker : It is wrong in law and is over-ruled.

Malik Ghulam Nabi : I draw your attention to Rule 84. It says:—

"When a bill is introduced or on some subsequent occasion the member-in-charge may make one of the following motions in regard to his bill, namely : (*a*) that it be referred to a Select Committee... ....".

Mr. Speaker : The point of order is pre-mature.

Minister of Education : I beg to move—

That the Murree Municipal Committee Constitution Bill, be taken into consideration at once.

Mr. C. E. Gibbon: I had risen to say that I oppose the introduction of this Bill.

Mr. Speaker: I have already ruled the other day that the opposition of the Bill will come at its proper stage.

Mr. C. E. Gibbon : Rule 82 is clear on the point.

Mr. Speaker : Again rule 82 speaks of "leave to introduce a bill". It does not apply to this case.

Mr. C. E. Gibbon: But Your Honour said that Rule 82 does not apply—that he is not seeking "leave to introduce his bill". Rule 80, therefore, must apply and any member can oppose the introduction of the bill.

Mr. Speaker: In accordance with the practice which has been followed in this Assembly eversince it was constituted the Government bills have been introduced without any opposition and I do not propose to make any departure from this convention.

Mr. C. E. Gibbon: I certainly respect any previous convention that this House may have followed, but at the same time I consider that as practices change from time to time so also, we shall not allow the privilege of a member under any paragraph or section of these rules to be abrogated by previous practices. If any member feels that that was a bad practice or that, that practice was useful at that time but now it is out of date, we must insist on the application of the rules, and it is much easier to follow the rule to the letter than to follow the practice.

Mr. Speaker: The honourable member is obviously unaware that there is no motion. The Bill is being moved as a measure of Government and there is no question of getting leave. I, therefore, over-rule this point of order also.

وزیر تعلیم — جناب والا ۔

مسٹر محمد امین — On a point of order آپ نے فرمایا ہے ۔

Mr. Speaker: The Speaker refuses to hear the honourable member who is not in his place.

مسٹر محمد امین — آپ نے فرمایا ہے کہ ۔

Mr. Speaker: There is no question of discussion at this stage. What is the point of order?

مسٹر محمد امین — گذارش یہ ہے کہ آپنے ابھی فرمایا ہے کہ منسٹر صاحب کو introduction کیلئے ۱۵ دن کے نوٹس کی قید نہیں تو کیا رول نمبر ۸۰ کے تحت ان پر کوئی پابندی عائد نہیں ہوتی ؟

Mr. Speaker : Rule 80 does not apply to this.

Malik Ghulam Nabi: As the Bill has been introduced by the Honourable Minister and he does not seek permission. I draw your attention to Rule 84;

"Provided that no such motion shall be made until after copies of the bill have been made available for the use of members, and that any member may obje t to any such motion being made unless copies of the bill have been so made available for five clear days before the day on which the motion is made and such objection shall prevail unless the Speaker, in the exercise of his power to suspend this rule, allows the motion to be made."

Mr. Speaker : I suspend the rule and allows the motion to be made.

خان افتخار حسین خاں — جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ آپکے اس رولنگ سے اپوزیشن کے ساتھ کسی قدر نا انصافی ہوئی ہے ۔

Mr. Speaker : I will not allow that remark to be made.

خان افتخار حسین خاں — میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ۔ گذارش یہ ہے کہ اگر اس بل کے introduction کی اجازت دیدی جائے تو ترامیم کیلئے چونکہ دو دنوں کا نوٹس نہیں دیا گیا اسلئے وہ پیش نہ ہو سکینگی ۔

Mr. Speaker : I am allowing those amendments. I am not going to allow the Treasury Benches to raise an objection on the ground of the amendments not being received in time.

I have got the amendments before me and I am going to allow them. I am going to exercise my special powers in favour of the Opposition and allow the movers to move these amendments.

Malik Ghulam Nabi: It will be very kind of you to exercise your powers under Rule 84 also in favour of the Opposition.

Mr. Speaker : I am not going to change my decision.

وزیر تعلیم — (عزت مآب سردار عبدالحمید صاحب دستی) جناب والا ۔ اس بل کی ضرورت اسلئے محسوس ہوئی کہ ہمنے لوکل باڈیز کے انتخابات حال ہی میں کرنے ہیں ۔

ہمارے صوبے میں صرف ایک صحت افزا مقام (قصبہ مری) ہے اور اس مقام کی آبادی ایسے حضرات پر مشتمل ہے جو اپنی صحت کی بحالی کیلئے اور تبدیل آب و ہوا کی خاطر وہاں جایا کرتے ہیں - یہ وہ مقام ہے جہاں ہماری افواج کے بہترین جوان متمکن ہیں - یہی ایک مقام ہے جہاں لوگ جسمانی صحت کو امراض کے جراثیم سے نجات دلانے کیلئے موسم کے موسم جایا کرتے ہیں - اور اسی مقام پر ہمارے اکثر ادارے بھی موسم گرما میں ضرورتاً نقل مکانی کر جاتے ہیں - مثلاً محکمہ vaccine سازی وغیرہ - ان تمام امور کو مد نظر رکھتے ہوئے مناسب بلکہ لازمی سمجھا گیا کہ قصبہ مری - جسکی آبادی مقامی لوگوں کی نسبت - زائرین اور موسم پر تفریح اور صحت کیلئے آنے والوں لوگوں پر زیادہ مشتمل ہے - اسلئے وہاں کے میونسپل نظم و نسق میں ان کی نمائندگی کا شمول از حد ضروری ہے - تا کہ یہ لوگ جو کہ قصبہ کی آمدنی میں بیشتر اضافہ کا موجب ہوتے ہیں - اسکے انتظام آسائش و صفائی میں جمہوریت کے بنیادی اصول کے ماتحت دخل حاصل کر سکیں - اندریں حالات ہم نے یہ بل اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ہے کہ قصبہ مری کی میونسپل کمیٹی جسکے ممبران کی تعداد ۱۵ مقرر کی گئی ہے - ان میں ۱۰ منتخب شدہ ہوں اور پانچ نامزد کئے جائیں -

